میرے دل کا سکون ہو تم

تحریر زویا علی شاہ

ooooooo

موسم بہار کی آمد آمد تھی اور موسم بڑا خوشگوار تھا۔۔

دال آویز نیچے آجاؤ ٹھنڈ لگ

جائے گی۔اور پھر تم بیمار پڑ جاؤ گی آجاؤ میری جان شاباش۔۔

امی میں ابھی اور نہاؤں ہو گی ابھی مجھے نہیں نیچے آنا۔

دل آویز ایسی تھی بارش کی دیوانی جب بھی بارش ہوتی ہے وہ گھنٹوں بارش میں نہاتی۔اور پھر بیمار پڑ جاتی۔۔۔

دو آنکھیں جو دل آویز کا یہ

عمل بہت ہی دلکشی سے دیکھ رہی تھی۔اس مغرور چہرے پر انابی لبوں تلے مسکراہٹ تھی جس کو دیکھنے کیلئے لوگ ترستے تھے۔۔

۔ٹائیگر اپنی سگریٹ کو ہونٹوں میں دبائے بند ونڈو شیشے کے سامنے آکر کھڑا ہو گیا تھا۔وہ ابھی کچھ دیر میں دبئ جانے کے لیے ایئرپورٹ نکلنے والا تھا۔وہ جانے کے لئے ریڈی کھڑا تھا۔

وہ فل بلیک سوٹ پہنے ہوئے دوپٹے سے بے بے نیاز بارش میں نہار ہی تھی۔اس کے کالے گھنے ریشمی بال کمر سے بھی نیچے تک جھول رہے تھے

ان سے

ٹپکتا ہوا کا بارش کا پانی موٹی موٹی آنکھوں پر گہری کالی پلکوں کا سایہ اس کے ہونٹوں پر کھڑا بارش کا پانی جیسے گلاب کی پتیوں پر کھڑے شبنم کے پانے کے موتی۔

اس کے گیلے کپڑوں سے چھلکتا ہوا اسکا گورا رنگ کس کو بھی پاگل کر دینے والا اس کا حسن دیکھ کر کتنی دیر تک وہ دو آنکھیں دور کھڑکی سے اسکو دیکھتی رہی۔

اس نے کان لگا کر سننا چاہا وہ بارش میں نہاتے ہوئے کچھ گنگنا رہی تھی۔ دونوں پیر جوڑ کر بچوں کی طرح ہوا میں اوپر کی طرف اچھلتے ہوئے ہوئے شاید وہ کوئی سونگ گنگنا رہی تھی۔۔

میں ناچوں آج چم چم چم وہ یہ والا سونگ گنگنا رہی تھی۔ وہ بہت خوبصورت تھی۔ وہ بارش میں گول گول گھوم رہی تھی شاید وہ بارش کی

بہت دیوانی تھی۔۔اس بات سے بے نیاز کے کوئی اس کے اس حسن کو دیکھ کر اپنے ہوش کھو رہا ہے۔

ان دو آنکھوں نے پہلی بار کسی لڑکی کی قربت مانگی چاہی تھی۔ان دو آنکھوں کو آج پہلی بار یہ احساس ہوا تھا کہ اس کے اندر ایک جذبات سے بھرا ہوا دل موجود ہے۔۔اس کا دل کش حسن اس مغرور ہستی کو بہت بے چین کیے ہوئے تھا۔۔ کتنی دیر سے وہ کھڑکی پر کھڑا اس کا بارش میں بھیگنے والا عمل بہت دلکشی سے دیکھ رہا تھا۔۔۔

ٹائیگر موبائل کی رنگ سے ہوش کی دنیا میں واپس آیا۔موبائل سکرین پر اسد کا نمبر دیکھ کر ٹائیگر نے فون اپنے کان سے لگالیا۔۔ٹائیگر تمہارا شک ٹھیک نکلا اس سارے معاملے میں اس کمینے سر تاج کا ہی ہاتھ ہے۔۔۔

اسد خان نے اپڈیٹ کرتے ہوئے کہا۔

ٹائیگر کام شک سے نہیں یقین سے کرتا ہے۔ٹائیگر اپنے مغرور انداز سے پاس پڑے ہوئے صوفے پر بیٹھتے ہوئے بولا۔

ہاں ٹائیگر تمہارا یقین والا شک ٹھیک نکلا۔ لڑکیوں والے دھندے کے پیچھے سر تاج کا ہی ہاتھ ہے اسد نے اپنے فنی مزاج والے انداز سے اپڈیٹ کرتے ہوئے کہا۔۔مجھے پورا یقین تھا کہ اس سارے کام میں کمینہ سر تاج ہی ملوث ہے۔۔۔

اب آگے کیا کرنا ہے۔اسد خان نے ٹائیگر سے اگلا حکم چاہا تھا۔۔ کرنا کیا ہے اس کمینے کے ہر جرم کے بدلے اس کے گوشت کے بہترین ٹکڑے جیک کے آگے ڈالیں گے۔ویسے تو اس کتے کے اندر کچھ بھی بہترین نہیں ہے ٹائیگر نے ناگوار سے لہجے سے سر تاج کے لیے الفاظ بولے تھے۔۔

ٹائیگر کا اصل نام اسفند شہریار تھا۔ مگر جرم کی دنیا میں اسے ٹائگر کے نام کا ٹائٹل ملا تھا۔ وہ نام سے ہی نہیں کام سے بھی ٹائیگر تھا۔۔۔ وہ جنگلی ٹائیگر کی طرح دشمنوں کے سینے سے کلیجے نکالنے کا جگرار کھتا تھا۔۔ وہ چلتا تو اس کی آنکھوں کی دہشت سے لوگوں کی روحیں کانپ جاتی تھی۔۔

ooooooo

اچھو۔۔اچھوَ۔اچھو

امی میرے سر میں بہت درد ہو رہا ہے۔ دل آویز سوں سوں کر کے بوالی۔ دیکھا لگ گی نہ ٹھنڈ بولا بھی تھا کہ مت نہاؤ بارش میں ٹھنڈ لگ جائے گی مگر تم میری کوئی بات سنو تب نہ۔۔ دیکھو لگ گئی نہ ٹھنڈ دل آویز کی ماں پریشان ہوتے ہوئے بول رہی تھی۔۔ اب میں نے کوئی جان بوجھ کر ٹھنڈ تھوڑی لگوائی ہے۔۔ دل آویز بچوں کی طرح ہونٹ باہر کو نکال کر بول رہی تھی۔

نہیں ٹھنڈ تو تمہیں زبردستی اٹھا کر چھت پہ لے گئی تھی بارش میں نہانے کے لیے۔۔دل آویز کی ماں تولیے سے دل آویز کا سر پونچھتے ہوئے بول رہی تھی۔۔۔امی کیا ہے ہر وقت تانے دیتی رہتی ہیں دل آویز اپنی ماں کا ہاتھ جھٹکتے ہوئے جھنجھلا کر بول رہی تھی۔۔ کبھی کبھی خوش بھی ہو لیا کریں صحت کے لیے فائدہ مند ہوتا ہے وہ کمبل اپنے اوپر اوڑتے ہوئے لیٹ گئی تھی۔

مجھے بھی پتہ ہے کہ خوش ہونا صحت کے لیے فائدہ مند ہوتا ہے مگر گھر کے فاقوں سے جان چھوٹے تو میں خوش بھی ہو جاوں اور ہنسا بھی کروں تمہیں کیا پتہ کہ گھر میں راشن کیسے ڈلواتی ہوں میں۔ تم تو بس اپنا پیٹ بھر کے سو جاتی ہو آرام سے دل آویز کی ماں غریبی کے طانے دے رہی تھی۔۔

صرف ایک روٹی ہی کھانے کو ملتی ہے وہ بھی آپ بھی مجھ پر بند کر دیں باقی لڑکیوں کو دیکھیں ان کے پاس کتنے خوبصورت کپڑے ہوتے ہیں اور ان کے گھر میں طرح طرح کے کھانے بنتے ہیں۔

ہمارے گھر میں جو روکھی سوکھی روٹی بنتی ہے آپ اس کے بھی مجھے طعنے مارتی رہتی ہیں۔دل آویز روز کے تانوں سے تنگ آکر آج غصے سے بول رہے تھی۔

بس یہ زبان لڑانی آتی ہے ماں سے اس کے علاوہ تو اور کچھ تم نے سیکھا ہی کہا ہے۔۔خاک سیکھوں گی گھر سے باہر تو آپ مجھے جانے نہیں دیتی سکول میں پڑھتی تھی تو وہ بھی آپ سے برداشت نہیں ہوتا تھا چھڑوا کر گھر بٹھالیا ہے ۔۔پتہ نہیں کون سی قصیدہ کاری کروانی تھی مجھ سے آپ نے جو سکول چھڑوالیا ہے۔۔۔

ویسے بھی ہمارے گھر میں کوئی ایسی خاص غربت نہیں ہے بچی نہیں ہوں مجھے سب سمجھ میں آتا ہے ویسے ہی آپ کا خرچ کرنے کو دل نہیں کرتا اپنے لیے جو اتنے مہنگے مہنگے سوٹ لیتی ہیں وہ نہ لیا کریں تو گھر میں اچھا خاصا راشن آجایا کرے۔۔

اپنی بکواس بند کر اور سو جا آرام سے دل آویز کی باتوں سے اس کی ماں کو غصہ آنے لگا تھا۔

ooooooo

اسد اپنے فون گیلری سے پرانی فوٹو دیکھ رہا تھا اور ساتھ اپنے انابی لبوں سے مسکرا رہا تھا کے ایک دم وہ ہنستے ہنستے رک گیا۔اور ہاتھ اور آنکھیں دونو ایک تصویر پے رک گئے تھے؟؟

(ماضی)اسد کتنا خوش تھا اپنی پوری فیملی کے ساتھ 10 سال کا اسد اور دو سال کی نور اپنے موم ڈیڈ کے ساتھ 10 کشمیر گھومنے کے لیے جا رہے تھے۔

پاپا ہم لوگ یہاں پر اپنا گھر لیں گے۔اسد اس خوبصورت جگہ کو دیکھ کر بار بار ایک ہی بات بول رہا تھا۔ پاپا کی جان جہاں کہو گھر لے لینگے اسد ایک پٹھان فیملی سے تعلق رکھتا تھا۔ وہ بچپن سے ہی بہت خوبصورت تھا۔اسد نے آنکھیں کھولی تو سونے کا چمچ منہ میں لے کر پیدا ہوا تھا یہ مثال اس پر فٹ بیٹھتی تھی۔۔

وہ خاندانی امیر تھے اسد کے پاپا اور چاچو دو بھائی تھے اللہ کا شکر تھا کہ پیسے کی کوئی کمی نہیں تھی۔اپنا کپڑے کا بزنس تھا۔

اس کی ایک بہت خوشحال فیملی تھی مگر کچھ لوگوں کی وجہ سے ان کی خوشیوں میں گرہن لگا ہوا تھا۔ مگر آج وہ اپنے پاپا کے ساتھ گھومنے کے لیے باہر آیا تھا۔۔ تو اس وقت اس کے دماغ میں کچھ بھی اور نہیں تھا۔ وہ بہت خوش تھا کہ وہ اپنے پاپا کے ساتھ کشمیر گھومنے جا رہا ہے۔ اور بہت جلد وہ یہاں پر گھر لیں گے یہ بات اس نے اپنے ذہن میں بٹھالی تھی۔۔

دو سال کی نور کو کچھ سمجھ تو نہیں آ رہا تھا
وہ سب کو دیکھ کر بہت خوش تھی۔ اسد کو کیا پتا تھا
آج اس کی سب خوشیاں ختم ہونے والی تھی۔ آج اس کے ممی پاپا کے ساتھ اس کا یہ آخری خوشیوں بھرا سفر ہے وہ کہاں جانتا تھا کہ آج کے بعد وہ دنیا میں اکیلا رہ جائے گا۔۔۔
اسد کا پاپا کوئی جوک سنا رہا تھا جسے سن کر وہ سب ہنس رہے تھے تبھی ایک ٹرک نے آ کر گاڑی کو زور سے ٹکر ماری۔۔ ٹرک کے ساتھ ٹکرانے سے

گاڑی الٹ گئی۔اسد کے پاپا کی موقع پر ہی ڈیتھ ہو گئی تھی۔۔اسد کی ماں بہت زیادہ زخمی ہو گئی تھی وہ خون میں لت پت گاڑی کی فرنٹ سیٹ پر بیٹھی ہوئی تھی وہ اس قدر زخمی تھی کہ وہ گاڑی سے باہر نہیں نکل پا رہی تھی۔وہ نور اور اسد دونوں کو گلے لگائیں رو رہی تھی

اسد میرے بچے کسی سے مدد مانگو جلدی سیمابی بی اسد سے روتے ہوئے بول رہی تھی۔خود نور کو گلے لگائے اپنے شوہر کو دیکھ رہی تھی۔میر خان اٹھیں آنکھیں کھولیں ہمیں آپ کیسے بے آسرا چھوڑ کر جا سکتے ہیں۔۔

سیمابی بی اپنے شوہر میر خان کو ہاتھ سے ہلاتے ہوئے رو رو کر پکار رہی تھی سیمہ بی بی کا دل یہ گواہی دے رہا تھا کہ اس کا شوہر اب اس دنیا میں نہیں رہا۔۔میر خان کیسے ہمیں لاوارث چھوڑ کر جا سکتے ہو دیکھو ہمارے بچے رو رہے ہیں۔۔

اس بے رحم دنیا میں آپ کیسے ان کو چھوڑ کر جا سکتے ہیں۔آپ نے تو میرا ہاتھ تھامتے وقت یہ وعدہ کیا تھا نہ کہ آپ کبھی میرا ساتھ نہیں چھوڑیں گے تو کیسے یہ وعدہ توڑ کر آپ جا سکتے ہیں۔۔

اے اللہ تو میری حقیقت سے واقف ہے اگر میرے رب تو نے میر خان کو اپنے پاس بلا لیا ہے تو میری دعا کو بھی قبول کر لے میرے مالک میں نہیں جینا چاہتی۔میر خان کے بنا اس بھیڑیوں کی دنیا میں مجھے نہیں رہنا۔۔

میرے رب اگر تو دعائیں سنتا ہے تو آج میری بے آسرہ عورت کی دعا بھی سن لے اس سے پہلے کہ کوئی بھیڑیا مجھے اپنی درندگی کا نشانہ بنائے تو مجھے باحفاظت میرے شوہر کہ نکاح میں ہی مجھے اپنے پاس بلا لے۔وہ روتے ہوئے پاگلوں کی طرح اپنے رب سے دعائیں مانگ رہی تھی۔۔۔۔

سال کا اسد روتا ہوا گاڑی سے اترا اور سڑک پر بھاگتے ہوئے ہیلپ 10 ہیلپ چلانے لگا۔ دو سال کی معصوم سی نور ڈر کے مارے مسلسل روئے جا رہی تھی۔۔ اتنے میں ایک گاڑی آکر رکی اور اس گاڑی سے ایک عورت نیچے اتری اور اس نے اسد کی ماں کے سر پر کچھ زور سے مارا تھا جس سے سیمابی بی وہی بے ہوش ہو چکی تھی۔۔

پھر گاڑی سے ایک آدمی اترا جو شکل سے ہی بڑا عجیب لگ رہا تھا۔۔ کتنی پیاری بچی ہے وہ عورت عجیب سی نظروں سے نور کو دیکھ رہی تھی۔ اسد جو یہ سب دیکھ رہا تھا۔ بھاگتا ہوا گاڑی کے پاس آیا تھا۔۔۔

اسد بچپن سے ہی بہت نہ ڈر بچہ تھا۔اس نے اس آدمی کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالتے ہوئے نور کو اپنی طرف کھینچتے ہوئے کہا۔ چھوڑو میری بہن کو ہاتھ مت لگانا۔۔اتنے میں اس آدمی نے اسد کو دھکا دے دیا۔۔۔10 سال کا معصوم بچہ لمبے چوڑے بھیانک آدمی کا دھکہ برداشت نہ کرتے ہوئے بہت بری طرح سے گرا تھا۔۔

جس سے اسد کا سر پتھر سے ٹکرا گیا اور خون نکلنے لگا اور اسد کے آنکھوں کے سامنے دیکھتے ہی دیکھتے وہ اس اس کی بہن کو گاڑی میں بٹھا کر وہ دونوں بے رحم لے گئے۔اسد کو جب ہوش آیا تو اس نے خود کو ہوسپٹل کے بیڈ پر پایا۔

موم ڈیڈ نور کہاں ہو آپ سب لوگ پاپا کہا ہو۔

ایک مہربان انسان اسد چیخو پکار سن کے فورن سے پاس آیا۔۔اور اپنا شفقت بھرا مہربان ہاتھ اس کے سر پر رکھتے ہوئے بولا۔بیٹا چپ آپ کو بہت مضبوط بننا ہے۔۔میں آپ کے پاس ہوں۔

میرا بیٹا چپ اسد کو سینے سے لگائے اس کو دالسہ دے رہے تھے۔جب اس میربان شخص نے دیکھا کے اب تھوڑا ہچکیوں میں کمی آئی ہے تو بولے بیٹا اب میری بات بہادری کے ساتھ سنو آپ کے ممی پاپا کی ڈیتھ ہو گئی۔۔

اور نور نور کہا ہے اسد نے انکے بات مکمل ہونے پر پوچھا۔۔وہ مہربان انسان بولا بیٹا نور کون ہے۔میری چھوٹی سی بہن ہے نور اسد بڑا دکھی ہو کر بولا۔ میری جان سوری ہمیں وہ تو کہی بھی نہیں دیکھی۔۔شاید وہ۔وہ اغوا ہو گئی ہے۔اسد روتے ہوئے بولا۔۔۔کیا آپ نے نور کو کسی کو لے جاتے ہوئے دیکھا تھا۔۔جی ایک آدمی اور ایک عورت گاڑی میں آئے تھے۔۔

اور وہ نور کو اپنے ساتھ لے گئے۔۔بیٹا ہم پوری کوشش کریں گے کے ہم نور کو ڈھونڈ سکیں مگر بیٹا آپ کو فی الحال بہادری کے ساتھ جینا ہے کہ آپ نے اپنے پیاروں کو کھو دیا ہے اور اللہ تعالی کی اسی میں رضا تھی۔۔۔نہیں ایسا نہیں ہو سکتا اسد پھر سے روتے ہوئے بولا۔۔

پے بھروسہ رکھو اور مجھ پر یقین کرو ہم آپ کی بہن بیٹا صابر کرو اللہ کو ڈھونڈے کی پوری کوشش کریں گے۔۔اس مہربان شخص نے اسد کو پیار سے گلے لگاتے ہوئے کہا۔۔اسد اس مہربان شخص کے سینے سے لگتا ہوا روتے ہوئے بولا اب میں کہاں جاؤں گا۔۔

بیٹا آپ میرے ساتھ چلنا میرے گھر میرے گھر میں تمہارے جیسا میرا ایک اور بیٹا ہے اور ایک میری بیٹی ہے وہ آپ کا بھی گھر ہو گا۔اور آپ وہاں پر

آرام سے رہنا۔ میرے دوسرے دونوں بچوں کی طرح۔۔اسفند شہریار ایک بزنس مین تھا۔وہ ایک بہت اچھا انسان تھا۔ اس کے دو بچے تھے۔ اسفند یار اور دوسری بیٹی مسکان شہریار۔۔شہریار ایک مشہور بزنس ہونے کی وجہا سے اس کی پولیس میں کافی اچھی جان پہچان تھی۔۔

ایس ایچ او نے بتایا کہ بچے کی جان کو خطرہ ہے۔ایس ایچ او کا یہ کہنا تھا کہ۔ ایکسیڈنٹ جان بوجھ کر کروایا گیا ہے۔۔اس لیے ایس ایچ او یہ چاہتا تھا کہ۔جب تک کوئی مجرم سامنے نہیں آتا بہتر ہے کہ بچے کو اپنے ساتھ رکھے۔۔

اور ویسے بھی شہریار صاحب بہت ہی نرم دل کا اور مہربان شخص تھا اور اسد ایک بہت ہی پیارا بچہ تھا جو شہریار صاحب کو بہت ہی پیارا لگا تھا اس کے چہرے پر جو معصومیت تھی شہری یار کے دل کو وہ چھو گئی تھی۔۔۔۔

شہریار جب آفس سے اپنے گھر واپس آرہا تھا۔ تو اس نے راستے میں اسد کے ماں باپ کی گاڑی کا
ایکسیڈنٹ ہوا دیکھا۔ تو ان کو زخمی حالت میں وہ ہوسپیٹل لے کر آنے والا یہی مہربان تھا۔۔

اسد اس دن سے اسفند کے ساتھ اس کے گھر میں رہنے لگا۔ اسفند اسد سے دو سال بڑا تھا۔ اسفند کی بہن مسکان اسفند سے چھ سال چھوٹی تھی۔
اسفند شروع سے ہی اپنی عمر سے زیادہ میچورٹی رکھتا تھا۔ اس لیے جب اسفند کے پاپا (اسد) کو گھر لے کر آئے تو اسفند نے بڑی محبت سے اسد گلے لگایا۔

اسفند بیٹا یہ تمہارا بھائی ہے آج سے یہ تمہارے اور مسکان کے ساتھ رہے گا ہمیشہ۔۔جی پاپا اسفند نے بڑی خوش دلی کے ساتھ اسد کو گلے لگایا۔اسد نے نظر بھر کر اسود کی طرف دیکھا تھا جو اس سے تھوڑا سا ہی بڑا تھا مگر وہ دیکھنے میں بہت ڈیشنگ اور خوبصورت تھا اس کی پرسنلٹی اس عمر میں بھی بہت شاندار اور جاذب نظر تھی وہ اتنا جاذب نظر تھا کہ اسد خود ایک لڑکا ہو کر اسے سراہ بنا نہیں رہ سکا تھا۔۔

اسد بیٹا اس سے ملو یہ مسکان ہے میری پیاری بیٹی اور آپ کی بہن شہریار صاحب اپنی بیٹی کو محبت سے گلے لگاتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

ہائے آئی ایم مسکان اب ہم سب فرینڈ بن کر رہیں گے ۔مسکان نے ہاتھ بڑھا کر اسد کے آگے کیا اسد اس وقت اتنی تکلیف میں تھا۔مگر وہ چھوٹی سی جان اس کے چہرے پر خوشی آنے کی وجہ بن گئی۔

وقت تیز رفتار گھوڑے کی طرح بھاگتا چلا گیا اسفند اسد اور مسکان بچپن کی سیڑھیوں کو عبور کرتے ہوئے جوانی کی دہلیز پر قدم رکھ چکے تھے۔۔

میں پڑ رہی تھی۔اور اسفند اور اسد نے آگے کی پڑھائی کے لئے 9th مسکان یو کے جا رہے تھے۔آج ان کی 5 بجے فلائٹ تھی۔۔اسد یار اٹھو ہم نے اپنے کالج کے نام کے دوستوں کو ملنے جانا ہے۔تاکہ وہ کل کو شکوہ نہ کر سکیں کہ ہم جانے سے پہلے ان کو مل کر نہیں گئے ہیں۔۔

اسد اور اسفند آپس میں بہت اچھے دوست تھے اس لیے انہوں نے باہر کوئی خاص دوست نہیں بنائے تھے صرف کالج میں ہیلو ہائے والے ہی دوست تھے ان دونوں کے۔۔

اسد یار اٹھ جاؤ شام کو ہماری فلائٹ ہے اسفند اسد کو کب سے اٹھانے کی کوشش کر رہا تھا۔۔اور اسے باہر جانے کے لئے افورس کر رہا تھا۔اسفند یار تم چلے جاؤ مجھے نہیں جانا ہے۔

میں سیدھا ایئر پورٹ ہی چلوں گا۔پلیز جاؤ تم مجھے ابھی روم میں آرام کرنے دو اسد صبح سے روم میں لائٹ بند کر کے اوندھے منہ لیٹا ہوا تھا۔اسفند کو لگا شاید گھر سے دور جانے کی وجہ سے اسد اداس اور پریشان ہے۔۔

اوکے جیسے تمہاری مرضی کرو تم آرام یہ کہتے ہوئے اسفند اپنے کالج کے فرینڈ کو ملنے کے لیے اکیلا ہی چلا گیا تھا۔ تھوڑی دیر بعد دروازہ بھر سے کھلا تھا ۔تو اسد غصے سے بولا تھا۔اسفند یار پلیز چلے جاؤ مجھے نہیں جانا ہے۔۔۔کہا نہیں جانا ہے اور کیوں نہیں جانا ہے۔۔یہ شہریار انکل کی آواز تھی۔

شہر یار صاحب کی آواز آنے پر اسد جلدی سے اٹھ کر بیڈ پر سیدھا ہو کر بیٹھ گیا تھا۔ سوری انکل مجھے لگا کے اسفند ہے۔ اسد اپنے لہجے پر شرمندہ سا ہو کر بول رہا تھا۔۔

اسد یہ آپ نے اپنی کیا حالت بنائی ہوئی ہے۔
رو رو کر اسد کی آنکھیں لال سرخ ہو رہی تھی۔ اسد تمہاری آنکھیں کیوں سوجی ہوئی ہیں کیا آپ رو رہے تھے۔۔ نہیں انکل ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔ کیا سچ میں اسد بیٹا یہی بات ہے شہر یار صاحب نے ٹٹولتی ہوئی نظروں سے اسد کی طرف دیکھا تھا۔

انکل سچ میں یہی بات ہے۔ اسد یقین دالتے ہوئے بولا۔۔۔ سچ میں انکل میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے اس لیے میری آنکھیں سوجھی ہوئی ہیں۔ اور

اسی لیے میں روم میں لیٹ کر آرام کر رہا ہوں اسد اپنے چہرے کے زاویے چھپانے کے لیے ادھر ادھر دیکھ کر بات کر رہا تھا۔۔

اور خراب طبیعت کی وجہ مسکان ہے۔انکل کے ایک دم اس طرح سے کہنے پر اسد نے جلدی سے نظریں جھکالی تھی جیسے کسی چور کی چوری پکڑی گئی ہو۔ انکل مجھے سمجھ میں نہیں آرہا کہ آپ کیا کہنا چاہتے ہیں۔اسد نفی میں سر ہلاتے ہوئے جھوٹ بول رہا تھا۔۔

جھوٹ مت بولو اسد مجھے سب پتہ ہے۔میں نے تمہیں ہمیشہ اسفند سے پہلے ترجیح دی ہے۔میں نے تمہیں ہمیشہ اپنا بیٹا سمجھا ہے مگر شاید تم نے کبھی مجھے باپ والا رتبہ نہیں دیا اسی لیے اپنی دل کی بات مجھے بتانا گوارا نہیں کی۔۔

اٹھو منہ دھو کر میرے ساتھ باہر آؤں شہریار صاحب کی تجربہ کار نظروں سے کچھ چھپا ہوا نہیں تھا کہ اسد مسکان کے لیے بہت پوزیسف ہے وہ مسکان پر آنچ نہیں آنے دیتا تھا۔۔

بچپن میں مسکان سیڑھیوں سے نیچے گر کر بے ہوش ہو گئی تھی اسد ساری رات نہیں سویا تھا۔

اس نے رو رو کر خود کو ہلکان کر لیا تھا۔اس نے کھانا تک چھوڑ دیا تھا۔۔اسد نے بچپن میں مسکان کو بچاتے ہوئے کئی بار خود گر کر چوٹ لگوئی تھی۔

مسکان کو بچاتے ہوئے چوٹ لگانا ہو یا مسکان کی خوشی کے لئے پاستا بناتے ہوئے اپنا ہاتھ جلا لینا۔

یہ اس کو چھوڑ کر جانے پر رو رو کر اپنے آپ کو کمرے میں بند کر لینا ہو۔

اسد نے صبح سے کچھ بھی نہیں کھایا تھا۔ مسکان سے دور جانے کے غم سے اسد نے کھانا بھی چھوڑا ہوا تھا۔۔

یہ سب کچھ شہریار صاحب کی آنکھوں سے اوجھل نہیں تھا۔ اسد شہریار کو صاحب کو اسفند کی طرح ہی پیارا تھا۔ اور اسد بہت سلجھا ہوا خوبصورت نوجوان تھا۔ وہ پڑھائی میں بھی لائق تھا۔ اور اس کی پرورش خود شہریار صاحب نے اپنے ہاتھوں سے کی تھی۔

وہ ان کی نظروں کے سامنے ہی بڑا ہوا تھا اس لیے اس کی ہر اچھائی اور برائی سے شہریار صاحب واقف تھے۔ اور سب سے بڑی بات اسد انکی بیٹی کو بہت کو چاہتا تھا۔۔

شہریار کھلے ذہن کا مالک تھا اس لیے اپنی بیٹی کا ہاتھ اسد کے ہاتھ میں دینے سے ان کو کوئی مسئلہ نہیں تھا۔۔ شہریار صاحب سب کچھ دیکھ کر چپ صرف

کلاس کی سٹوڈنٹ 9th اسی لیے تھے کہ مسکان ابھی چھوٹی تھی۔وہ ابھی تھی۔اسد اور مسکان کی اتج میں پانچ سال کا فرق تھا شہریار چاہتا تھا کہ اسد کی پڑھائی کے بعد ان کی شادی کر دے گا۔۔

مگر اسد کو آج اس طرح سے بے حال دیکھ کر شہریار صاحب نے ایک اہم فیصلہ کیا تھا۔اسد شہریار کے ساتھ باہر آیا تو وہاں پر چوکیدار خان انکل اور کچھ گواہ اور مولوی صاحب بیٹھے تھے۔

انکل یہ سب کیا ہے اسد نے ستائشی نظروں سے دیکھ کر پوچھا۔تمہارا اور مسکان کا نکاح بیٹھوں یہاں میں آتا ہوں۔شہریار اسد کو بیٹھا کر سیدھا مسکان کے روم میں آیا تھ۔

مسکان روم میں بیٹھی ہوئی اپنا کل کے لیے ٹیسٹ تیار کر رہی تھی۔ مسکان اپنے پاپا کو اس وقت اپنے روم میں دیکھ کر تھوڑی حیران ہوئی تھی۔ مسکان بیٹا مجھے آپ سے کچھ پوچھنا ہے۔ یا پھر یوں کہیں کہ مجھے آپ کو کچھ بتانا ہے۔۔ وہ اپنی بیٹی کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے اس کے پاس بیٹھ گئے تھے۔

میں آپ کا نکاح اسد سے کروا رہا ہوں آپ کو کوئی اعتراض تو نہیں۔
مسکان جسے ابھی سہی طرح سے نکاح کا مطلب بھی نہیں پتا تھا وہ کیا بولتی۔ مگر اسد اس کے لیے بہت خاص تھا۔ ہر ٹینشن کے وقت مسکان کی نظر اسد کو ڈھونڈتی تھی۔ اس لیے اس نے ہاں میں سر کو ہلا دیا۔۔ شاباش آپ سے یہی امید تھی ۔بیٹا انشاءاللہ اسد خان آپ کے لیے ایک بہترین ہمسفر ثابت ہو گا اس کا مجھے پورا یقین ہے۔۔

شہریار صاحب اپنی بیٹی کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے مولوی صاحب کو لے کر روم میں داخل ہوئے۔اس طرح اسد اور موقع مسکان کا نکاح ہو گیا۔

وہ کچھ دیر پہلے مسکان شہریار تھی اب وہ مسکان اسد میر خان بن چکی تھی ۔مولوی اور گواہوں کے جانے کے بعد شہریار صاحب اسد سے بولے۔اسد بیٹا اسفند کو ابھی نکاح کا پتہ نہیں چلنا چاہیے۔

کیوں اسد نے جواب طلب نظروں سے دیکھا۔بیٹا مسکان ابھی چھوٹی ہے اسفند کی نظروں میں اس کی مسکان چھوٹی بچی ہے۔وہ مسکان کو اپنی بہن کم اور بیٹی زیادہ سمجھتا ہے۔اتنی کم عمر میں اسفند نکاح کے لیے نہیں مانتا۔

اس لیے میں نے بنا سے پوچھے چپ چاپ آپ کا نکاح کروا دیا ہے وقت آنے پر میں خود اسے بتا دوں گا۔اور مجھے پتہ ہے اسے کوئی اعتراض نہیں ہو گا

۔تمہارے مسکان کے نکاح سے مگر فی الحال ہمیں چپ رہنا پڑے گا یہی بہتر ہے۔

نہیں انکل یہ سب تو جلدی جلدی میں ہو گیا ہے ۔اور مجھے اسفند کو بتانے کا موقع ہی نہیں ملا۔ مگر ہم اسفند سے نہیں چھپا سکتے ہمیں اس کو اعتماد میں لے کر بتا دینا چاہیے۔۔ نہیں اسد آپ کو میری قسم آپ وعدہ کرو کہ آپ فلحال اسفند کو ابھی کچھ نہیں بتاؤ گے۔۔

پانچ بجے تم لوگوں کی فالئٹ ہے

صرف ایک گھنٹہ باقی ہے ہمارے پاس سمجھانے کا وقت نہیں ہے۔

وقت آنے پر میں خود اسفند کو ساری بات بتا دوں گا۔تب تک کے لئے آپ مجھ سے وعدہ کرو کہ آپ اسفند سے کچھ نہیں کہوں گے۔

شہریار کی بات پر اسد چپ تو ہو گیا مگر دل سے وہ اس بات پہ مطمئن نہیں تھا ۔اب آپ بے فکر ہو کے جاؤ اور اچھے سے پڑھائی کرنا۔ مسکان آپ کی امانت بن کر میرے پاس رہے گی۔ اور آپ کو کامیاب ہو کر اپنا مقام حاصل کرنا ہے ۔زندگی کے اس سفر میں آپ کو بہت کامیابیاں حاصل کرنی ہے۔

قابل بننا ہے وعدہ کرو مجھ سے میں نے ہمیشہ تمہیں اسفند کی طرح ہی پیار کیا ہے۔آپ کو اپنے جگر کا ٹکڑا دے کر اپنی محبت کا ثبوت بھی دے دیا ہے۔ اب آپ کی باری ہے کے آپ میرا بیٹا ہونے کا ثبوت دے۔ شہریار صاحب اسد کو گلے لگا کر پیٹھ تھپتھپاتے ہوئے بولے۔جی انکل میں وعدہ کرتا ہوں کہ میں مسکان کے قابل بنو گا۔اور اپنی قابلیت سے اپنا مقام حاصل کروں گا۔

اسد آپ مسکان کے قابل ہو تو تمہارے ہاتھ میں میں نے اپنی اکلوتی بیٹی کا ہاتھ دے دیا ہے۔ مقام تمہیں اپنے لئے حاصل کرنا ہے اور نور بیٹی کو بھی تو ڈھونڈا ہے نا شہریار صاحب نے جوش بھرے انداز سے اسد سے کہا تھا۔۔

oooooo

۔۔حال۔۔

اسد نور کی تصویر اپنے فون میں دیکھ کر ماضی میں چال گیا ہوش میں آیا تو اس کی دونوں آنکھیں نم تھی۔ نور کی تصویر اس نے اپنے فیملی فوٹو البم سے لی اس کا گھر اور پراپرٹی سب پولیس کسٹڈی میں آچکی تھی۔

اے سی پی شہریار کا بہت اچھا دوست تھا جو شروع میں رات کے اندھیرے میں اسے گھر جانے کی اجازت دے دی تھی۔ کہ وہ اپنا کچھ ضروری سامان لے آئے اس نے بس اپنا فوٹو البم اٹھایا اور کچھ نہیں کیونکہ اس کو سب سے ضروری یہیں لگا ماضی سے واپس آتے ہی اس کو سب سے پہلے سر تاج کا خیال آیا۔۔۔

اسد اپنی نم آنکھوں کو صاف کرتا ہوا ٹارچر روم کی طرف چل پڑا تھا جہاں پر اس نے سر تاج کو کتنے گھنٹوں سے الٹا لٹکا رکھا تھا۔۔اور مار مار کے مار اسکا حشر خراب کیا کر دیا تھا۔۔

سر تاج کا تعلق اس گروہ سے تھا جو لڑکیوں کو مختلف جگہوں سے اغوا کر کے یا غیر قانونی طریقے سے خرید کر دبئی میں آکر مختلف اڈوں پر سیل کرتا تھا۔اسد جب بھی اس طرح کے مجرم کو پکڑتا تو اسد کو نور کی یاد آتی تھی۔۔

اور اس کی روح کانپ جاتی تھی یہ سوچ کر کہ پتہ نہیں اس کی معصوم نور کن لوگوں کے پاس ہے اور وہ کس حالات میں ہے اور بے ساختہ اس کے لبوں سے اپنی بہن کے لیے دعا نکلتی کہ اے اللہ تو میری بہن کی حفاظت کرنا وہ جہاں پر بھی ہے اس سے اپنے حفظ و ایمان میں رکھنا۔۔۔

نور کی جدائی کا جو درد اسد کے دل کے اندر ہمیشہ موجود رہتا تھا وہ آہستہ آہستہ ناسور بن گیا تھا اس لیے جب بھی وہ اس طرح کے کسی مجرم کو پکڑتا تو اس پر گہر بن کر ٹوٹ پڑتا تھا۔ بظاہر خوش نظر آنے والا اسد خان اندر سے بے حد دکھی تھا۔۔

ماں باپ کو کھونے کے بعد اس کا اکلوتا رشتہ اس کی بہن نور جس کا اسے کوئی اتہ پتہ نہیں تھا۔ اتنے سال گزر جانے کے بعد بھی وہ نور کو ڈھونڈ نہیں پایا تھا۔ مگر آج بھی اس نے ہار نہیں مانی تھی آج بھی وہ ہر دن ایک نئی امید کے ساتھ نور کو ڈھونڈنے کی کوشش کرتا تھا۔۔

ٹائیگر کو اسد نے کب سے ٹارچر روم میں الٹا لٹکایا ہوا تھا۔ اور مار مار کے اس کو بے حال کیا ہوا تھا۔۔ اب اسے ٹائیگر کا انتظار تھا دیکھو مجھے چھوڑ دو میں تو بس ایک چھوٹا سا شطرنج کا مہرا ہوں اصل شطرنج کا راجہ تو کوئی اور ہے۔

سر تاج کب سے یہی بکواس کیے جا رہا تھا اتنے میں اتنے میں اسے باہر سے آتی بھاری قدموں کی چاپ سنائی دی۔ تو اس نے الٹے لٹکے ہوئے ہیں دروازے کی طرف دیکھا۔۔

رائل بلو تھری پیس میں گرے شرٹ پہنے ہوئے پیروں میں بلیک شوز ہاتھ میں قیمتی کھڑی برون سلکی بال جنہیں جل سے سیٹ کیا ہوا تھا۔ گورا رنگ دمکتا ہوا چہرہ۔ اس پر چھوٹی چھوٹی سی دڑھی جسے بڑے سلیقے سے فیشن کے متابک سیٹ کیا ہوا تھا۔ اور شیشے کی طرح چمکتی ہوئی اس کی پراسرار گہری آنکھیں۔ آنے والے کے حسن کو چار چاند لگا رہی تھے۔

کسرتی اور مضبوط جسم اس چیز کی ضمانت تھا کہ وہ انسان ریگولر جم جاتا چہرے پر اتنا غرور کے جس سے صاف پتا چلتا تھا۔ کہ سامنے والا خود بھی یہ اچھے سے جانتا تھا کہ وہ بہت خوبصورت ہے۔ اس پر اس کی دل دہالنے والی اور مغرور چال۔۔

ویلکم ٹائیگر۔ ٹائیگر نے روم میں ابھی قدم رکھا ہی تھا کہ اسد نے اپنے ہمیشہ والے انداز میں ٹیگر کو ویلکم کیا۔۔ سر تاج جو الٹا لٹکا ہوا ٹائیگر کی خوبصورتی اور مغرور چال کو دیکھ رہا تھا وہ ٹائیگر کا نام سنتے ہی بوکھلا گیا۔۔ ٹائیگر ٹائیگر یہ ٹائیگر ہے۔ ٹائیگر اپنی مغرور انداز میں چلتا ہوا آکر صوفے کے ساتھ پشت کے ساتھ ٹیک لگائے ٹانگ پر ٹانگ رکھے ہوئے بیٹھا تھا۔۔

یس میں ہوں ٹائیگر۔ سر تاج کے پوچھنے پر ٹائیگر کچھ اس طرح سے دھاڑا کے ٹاچر روم کی دیوارے بھی حل گئ تھی۔ ٹائیگر کا چہرہ بہت کم

لوگ مافیاں کی دنیا میں پہچانتے تھے۔۔ مگر ٹائیگر کا نام لیتے ہیں مافیاں کی دنیا میں تہلکہ مچ تھا۔۔

جیسے اس وقت ٹائیگر کا نام سنتے ہی سرتاج کی زندگی میں سنامی آگئ تھی۔ رہی سہی قصر ٹائیگر کی دھاڑنے پے پوری کر دی تھی۔۔۔ہاہاہاہا
سرتاج کی ڈر کے مارے شلوار گیلی ہو گئ جسے دیکھ کر اسد کی ہمیشہ والی بے وقت ہنسی چھوٹ گئ۔اسد قہقے لگاتا ہوا لوٹ پوٹ ہو رہا تھا۔۔۔

اسسسد ٹائیگر اسد پر چلایا تھا۔۔ سوری سوری
ٹائیگر ٹاچر روم کے اندر آتے ہوئے سرتاج کی بات سن چکا تھا کہ اس کے پیچھے کسی اور کا ہاتھ ہے۔اور وہ ایک چھوٹا سا مہرا ہے ۔اب بول جو میرے آنے سے پہلے بول رہا تھا۔

سر تاج کی ٹائیگر کو دیکھ کر ڈر اور خوف کے مارے آنکھیں پھٹی ہوئی تھی الٹا لٹکے صرف اور صرف پھٹی آنکھوں سے ٹائیگر کو ہی دیکھے جا رہا تھا۔ سر تاج کو اس طرح ٹائیگر کو تکتے ہوئے دیکھ کر اسد ایک بار پھر سے بے وقت مذاق سوجھا۔

سر تاج ٹائیگر کو ایسے مت دیکھو ٹائیگر کو مردوں میں کوئی انٹرسٹ نہیں ہے۔ ویسے تو اللہ کا شکر ہے کہ ہمارے ٹائیگر کو تو عورتوں میں بھی کوئی انٹرسٹ نہیں ہے۔ سر تاج کو ٹائیگر کی پرسنلٹی سے متاثر ہو کر دیکھتے ہوئے۔ ہنستے ہوئے مذاق اڑا ی رہا تھا۔

اسد کے مزاق پر ٹائیگر نے کھا جانے والی نظروں سے اسد کی طرف دیکھا تھا ۔اسد کسی دن تم ضائع ہو جاؤ گے میرے ہاتھوں سے اس طرح بے وقت

مذاق کرنے پر۔۔۔سوری سوری اسد کو اپنی غلطی کا احساس ہوا تو اس نے سر کو جھکاتے ہوئے اپنی ہنسی کو روک کر سوری کہا تھا۔

اسد کے سوری کہنے پر ٹائیگر پھر سے سر تاج کی طرف متوجہ ہو کر اپنے ایٹیٹیوڈ والے انداز سے ایڑیوں کے بل بیٹھ کر سر تاج کو بالوں سے پکڑ کر پیچھے کی طرف جھٹکا دیتے ہوئے بولا۔

اب بول کون ہے تیرے گھٹیا دماغ کے پیچھے۔اور کس کا کتا ہے تو۔۔میں اس کو نہیں جانتا کہ وہ کون ہیں۔۔مجھے تو بس وہ دونوں فون پر ہی کمان دیتے ہے کہ۔

لڑکیوں کو ایئرپورٹ سے لے کر کہاں پر چھوڑنا ہے۔میں نے کبھی ان دونوں کا چہرہ نہیں دیکھا پھر تو ہمارے کسی کام کا نہیں ہے۔ٹائیگر نے اپنا تیز دھار چاکو نکال کر بڑی بے دردی سے سر تاج کی دو انگلیاں کاٹی۔۔درد سے سر تاج کی چیخیں پورے ٹارچر روم میں گونج رہی تھی۔

وہ درد سے کرا رہا تھا۔ تجھے کیا لگتا ہے کہ ٹائیگر کوئی معصوم بچے کا نام ہے
جس کی آنکھوں میں تو دھول جھونک سکتا ہے۔ مجھے اچھی طرح سے پتہ ہے
کہ کتے تو جھوٹ بول رہا ہے۔

چل اب منہ کھواس سے پہلے کہ میں تیری زبان کا بھی یہی حشر کروں۔ ٹائیگر
نے زمین پر تڑپتی ہوئی سر تاج کی انگلیوں کی طرف دیکھ کر اشارہ کرتے
ہوئے کہا تھا۔

مجھے سچ میں صرف اتنا ہی پتہ ہے کہ پاکستان سے آنے اغواء ہو کر آنے والی
لڑکیاں یہاں پر پہنچ چکی ہیں۔ جن کو میں نے مختلف اڈوں پر بیچنا تھا۔ اس سے
زیادہ مجھے کچھ نہیں پتا مجھ پر رحم کھاؤ میری یہ بات کا یقین کرو ٹائیگر مجھے ان

دونوں کی کے بارے میں اور کچھ نہیں پاتا میں تو ان کے نام تک نہیں جانتا ہماری صرف فون پر ہی بات ہوتی ہے۔

تو جیسے کمینے رحم کے لائق نہیں ہوتے ٹائیگر نے اسے اپنے ٹانگ مارتے ہوئے کہا۔ٹائیگر اٹھ کر کھڑا ہوا اور ٹارچر روم سے باہر جاتے ہوئے اسد سے بولا اس سے باقی کی معلومات نکلواؤ اور مجھے آفس میں آکر ملو۔

ooooooo

اسلام علیکم کیسے ہیں شہریار صاحب۔۔وعلیکم اسلام زہے نصیب آج کیسے میرے بیٹے کو میری یاد آگئی۔آج سورج کس طرف سے نکلا ہے جو میرے بیٹے نے مجھے خود فون کر لیا ہے۔آپ کو کوئی غلط فہمی ہو گئی ہے۔مجھے آپ کی یاد نہیں آئی بلکہ مجھے آپ سے ضروری بات کرنی تھی اس لیے مجبوری میں فون کیا ہے۔

چلو کام کے بہانے صحیح تم نے اپنے باپ کو یاد تو کیا۔ شہریار صاحب نے شکر بجالاتے ہوئے کہا۔ بتاؤ میرے بیٹے کو کیا کام کیا ہے۔۔ اپنی بیٹی کی رخصتی کی تیاری کریں۔۔ کب۔۔ پرسوں۔۔۔ اتنی جلدی شادی کی تیاری کیسے ہو سکتی ہے۔۔۔ جیسے جلدی میں نکاح کیا تھا ویسے ہی شادی کی تیاری بھی کر لیں ۔اسفند تم ہمیشہ میرا خون جلانے کے لیے ہی فون کیوں کرتے ہو۔۔۔

معاف نہیں کر سکتے اپنے باپ کو۔۔ نہیں کر سکتا کیوں اسد کو تو معاف کر دیا ہے وہ تمہارا دوست ہے اس لیے۔۔۔ نہیں اس کی کوئی غلطی نہیں تھی اس لیے۔اسد کو قسموں اور وعدوں سے آپ نے روکا تھا اور میں اس حقیقت سے واقف ہوں۔

اس دن جب اسفند اپنے دوستوں سے کالج ملنے گیا تو وہ اپنا فون گھر بھول گیا تھا جس کو لینے کے لیے جب وہ واپس آیا تو اسفند کے پاپا اسد کے ساتھ باتیں کر رہے تھے۔ اور اس کو قسمیں دے رہے تھے کہ وہ ابھی اسفند کو اپنے نکاح کے بارے میں نہ بتائے۔۔

اسفند نے اپنے دل میں تب سے غصہ جمع کر کے رکھا ہوا تھا۔ اس نے اسد پر تو کبھی یہ ظاہر بھی نہیں ہونے دیا تھا کہ۔ اسے مسکان کے ساتھ اس کے نکاح کا پتہ ہے۔ مگر اپنے باپ پر وہ عیاں کر چکا تھا کہ اسے نکاح کا پتہ ہے۔۔

اس لیے ہر دو چار دن کے بعد جب بھی اسفند کے پاپا اسفند سے بات کرنے کے لیے فون کرتے تھے تو وہ اسی طرح کی تانہ کشی کرتا رہتا تھا۔ اور اوپر سے اس نے اپنے پاپا کو روکا ہوا تھا کہ۔ اسد کو اب آپ نہیں بتائیں گے کہ مجھے

اس کے نکاح کا پتہ ہے۔اسفند ایسا ہی تھا جب وہ کسی بات پر اڑ جاتا تو پھر وہ اپنی ضد سے پیچھے نہیں ہٹتا تھا۔۔

اسفند اس وقت جو اسد کی حالت تھی اس وقت یہی مناسب تھا میں تمہیں ہزار بار یہ بتا چکا ہوں۔کہ وہ مسکان کے لیے بہت زیادہ پوزیف ہو رہا تھا اس کی آنکھوں میں مسکان کو کھو دینے کا ڈر تھا وہ اسے اس کے مقصد سے ہٹا دیتا وہ اچھے سے پڑھائی نہیں کرتا اور نہ ہی وہ اپنا مقام حاصل کر پاتا اس لیے میں نے نکاح کی حامی بھری تھی۔۔

اور تمہیں نہ بتانے کا ریزن یہی تھا کہ تم اس وقت نکاح کے لیے نہیں مانتے تو کیوں کے مسکان کی ایج کم تھی۔اور میری آنکھوں سے یہ چھپا ہوا نہیں تھا کہ تم مسکان کو بہن نہیں اپنی بیٹی سمجھتے ہو۔

شاید مان جاتا اگر آپ مجھے اعتماد میں لے کر بتاتے تو۔ کم سے کم کوشش تو کرتے پھر اپ یہ ایکسپلین دیتے ہوئے اچھے بھی لگتے ہیں۔ اتنا بچہ نہیں تھا میں کہ آپ کی بات نہیں سمجھ سکتا تھا۔ آپ کو بھی پتہ تھا کہ مجھے اسد سے کوئی پرابلم نہیں ہو سکتی تھی۔

مجھے بھی پتہ تھا کہ اسد سے زیادہ اچھا ہم سفر میری بہن کو نہیں مل سکتا۔ مگر آپ نے اپنی جلد بازی میں مجھے میری ہی اکلوتی بہن کے نکاح میں نہیں بیٹھنے دیا۔

اس لیے اب آپ کی کوئی بھی دلیل اس بات کا ازالہ نہیں کر سکتی کہ آپ نے میری اکلوتی بہن کے نکاح میں بیٹھنے سے مجھے محروم رکھا۔ ٹھیک ہے میں اپنی غلطی کا ازالہ کرنے کے لیے تم جو بولو گے میں کر دوں گا۔

بتاؤ کیا کرنا ہے۔ اسفند کے پاپا نے ہار مانتے ہوئے کہا۔ کل اسد پاکستان پہنچ جائے گا پرسوں آپ اسد کے ساتھ مسکان کی رخصتی کر دینا۔ رخصتی کا تمہیں اسد نے بولا ہے۔ شہریار صاحب نے تفیشی انداز سے پوچھا۔

نہیں اس کمینے کو میری بہن کے رونے سے زیادہ اپنے سسر کے قسمیں اور وعدے عزیز ہے۔ اسفند نے جلے کٹے انداز سے جواب دیا۔ ٹھیک ہے میں اوپر والا پورشن ریڈی کروا دیتا ہوں مسکان اور اسد کے لیے۔

نہیں وہ مسکان کو لے کر اپنے اسلام آباد والے گھر ہی جائے گا اور آپ اس پر دباؤ نہیں ڈالیں گے۔اسفند اسد کے خود مختیاری والے مزاج سے بہت اچھی طرح سے واقف تھا۔

اور اسد جو کچھ بھی مسکان کے لیے اپنی طرف سے کرنا چاہے۔آپ اسے منع نہیں کریں گے اس سے وہ ہرٹ ہو گا۔جی میرے لائک اور کوئی حکم۔لائک اتنے فرمانبردار آپ لگتے تو نہیں ہیں۔اسفند نے پھر سے طنز کیا تھا۔

اسفند اپنی حد میں رہو یہ مت بولو کہ میں تمہارا باپ ہوں۔اسفند کے پاپا نے اب کی بار غصے سے کہا تھا۔تم اپنی بہن کی رخصتی میں شامل نہیں ہو گے اسفند نے صاف انکار کر دیا تھا۔۔

مگر کیوں کیونکہ تھوڑی سی سزا کیا حقدار تو میری پیاری بہن بھی ہے جس نے آپ کی باتوں میں آکر مجھے نکاح کے بارے میں نہیں بتایا۔ شرم کرو وہ چھوٹی ہے تم سے۔ اور اس نے صرف میری وجہ سے نہیں بتایا تھا کیونکہ میں نے اسے منع کیا ہوا تھا۔

ہاں جی مجھے پتہ ہے کہ سارے فساد کی جڑ تو آپ ہیں۔۔ اسفند بکواس بند کرو اور تمیز سے بات کیا کرو شہریار صاحب کے چلانے پر اسفند نے اللہ حافظ کہتے ہیں فون بند کر دیا تھا۔ اسفند چاہے جتنا بھی پاور فل ہو گیا ہو۔ جتنا بھی بڑا ہو گیا ہو اور وہ جتنا چاہے اپنے پاپا سے ناراض تھا۔ مگر وہ بد تمیز اور بد لحاظ بالکل نہیں تھا۔ وہ اپنے پاپا سے ناراض ضرور تھا مگر دل سے اپنے باپ کی بہت عزت اور احترام کرنے والا بیٹا تھا۔۔

ooooooooo

۔ٹائیگر فون بند کرتے ہوئے اپنے آفس ٹیبل پر آکر بیٹھ گیااور اچانک سے ٹائیگر کی سوچوں کا مرکز وہی لڑکی بنی ہوئی تھی ٹائیگر نے آج تک کسی لڑکی کو نظر تک اٹھا کر نہیں دیکھا تھا۔ٹائیگر بہت زیادہ خوبصورت پرسنلٹی کا مالک تھا۔

اس کی خوبصورتی اور اس کی مردانہ شخصیت پر ہزاروں لڑکیاں اس پر مرتی تھی۔وہ ہزاروں لڑکیوں کی آنکھوں کا خواب تھا۔مگر کوئی بھی لڑکی اسے اپنے معیار کی نہیں رکھتی تھی۔

اس نے اپنی 30 سالہ زندگی میں کبھی کسی لڑکی کو نظر بھر کر نہیں دیکھا تھا اور نہ ہی وہ کبھی پیار کے چکروں میں پڑا تھا۔۔اسے یہ پیار ویار کے چکر فضول

لگتے تھے۔۔وہ اپنے کام میں اس قدر منگن رہتا تھا کہ انڈر مافیا میں اس کا نام لیتے ہی تہلکہ مچ جاتا۔۔وہ اپنے ہر کام میں لوہا منوانے والا ٹائیگر تھا۔

مگر جب سے وہ پاکستان سے واپس آیا۔وہ بارش میں نہاتی ہوئی چھوٹی سی لڑکی اس کا خوبصورت سراپہ اس کا بچنا اس کی مسومیت ٹائیگر کے دماغ سے نکل نہیں رہی تھی۔۔وہ بنا دوپٹے کے بھیگنا اور اس کا بارش میں یوں اچھل اچھل کر سونگ گنگنانا۔

ٹائیگر جب سے پاکستان سے واپس آیا تھا اس لڑکی کو اپنے خیالوں سے نکال نہیں سکا ایسا نہیں تھا کہ ٹائیگر نے اس خیال کو جھٹکنے کی کوشش نہیں کی مگر کچھ تو خاص تھا اس لڑکی میں جو وہ ٹائیگر کے حواسوں پر چھائی ہوئی تھی۔۔

اس دن اس لڑکی کو دیکھ کر جو جذبہ ٹائیگر نے محسوس کیا تھا وہ بہت خوب تھا ۔ مگر ٹائیگر اس جذبے کو سمجھ کر بھی ماننے سے انکار کر رہا تھا۔ ٹائیگر کا دماغ ماننے کو تیار نہیں تھا کہ اس کا دل بھی کسی لڑکی کی طرف مائل ہو سکتا ہے اور وہ بھی کسی کے لیے خاص جذبہ محسوس کر سکتا ہے۔ مگر بہت ہی جلد اس کا یہ بھرم ٹوٹنے والا تھا۔

oooooooooo

ٹائیگر نے سر تاج کو پکڑ لیا ہے ہشمت نے روم میں آتے ہی صفدر کے سن سر پر بم توڑ دیا تھا۔ جس سے صفدر اپنی جگہ سے بکھلا کر اٹھ کھڑا ہوا۔ صفدر اور حشمت مختلف ملکوں سے لڑکیاں اغوا کر کے دبئ میں لا کر مختلف اڈوں پر بیچتے تھے۔۔

مگر وہ یہ کام ہمیشہ بیک گراؤنڈ میں ہی رہتے ہوئے کرتے تھے۔ان کا سارا کام سرتاج کرتا تھا۔صفدر اور حشمت ہمیشہ سرتاج سے فون پر ہی بات کر کے ڈیل کرتے تھے۔

صفدر سرتاج کا منہ کھلوانے کے لیے ٹائیگر کو دو منٹ بھی نہیں لگیں گے۔ حشمت نے ڈرے ہوئے انداز سے وہ پیشنگوئی کی تھی۔ مگر یار سرتاج کو کون سا ہمارا پتہ ہے وہ تو ہمارے چہروں تک سے واقف نہیں ہے تو پھر وہ ہمارا سچ ٹائیگر کو کیسے بتائے گا۔

ٹائیگر ہے وہ یوں ہی کڑیوں سے کڑیاں ملا لے گا۔اب ٹائیگر کو ہمارے گلے میں ہاتھ ڈالنے کے لیے زیادہ وقت نہیں لگے گا۔میرے خیال سے ہمیں

کچھ دن کے لیے انڈر گراؤنڈ ہو جانا چاہیے۔ حشمت نے ڈرے ہوئے انداز سے کہا تھا۔

تمہیں کیا لگتا ہے کہ ہمارے چھپنے کا کوئی فائدہ ہو گا وہ ٹائیگر ہے۔ اگر اس نے ہمیں ڈھونڈنا ہے تو وہ ہمیں پتال سے بھی ڈھونڈ کر لے آئے گا۔۔۔ ٹائیگر کی دہشت سے اس وقت ان دونوں کی روح پرواز کرنے کو تھی۔

ooooooo

وہ ٹائیگر سب لڑکیوں کو واپس پاکستان بھیجنے کی مکمل تیاری ہو گئی ہے ۔ اسد ٹائیگر کو فون ہر اپ ڈیٹ دے رہا تھا۔ گڈ مجھے تم سے یہی امید تھی ٹائیگر نے اسد کو شاباشی دی۔ اب سر تاج کا کیا کرنا ہے۔ اب وہ تو ہمارے کسی کام کا نہیں ہے۔ اسد ٹائیگر سے سر تاج کے بارے میں پوچھ رہا تھا جسے اس نے ابھی تک ٹارچر روم میں زخمی حالت میں لٹکا رکھا تھا۔۔

کرنا کیا ہے جیک کی دعوت کرو جیک ٹائیگر

کے کتے کا نام تھا۔ ویری انٹرسٹنگ کافی اچھا سوچتے ہو ٹائیگر۔ اسد نے ٹائگر کے جیک والی بات کو سراہا تھا۔ ٹائیگر ایک پرابلم ہے۔۔ وہ کیا۔۔۔ سب لڑکیاں پاکستان جا رہی ہیں مگر ایک نہیں۔۔ وجہ۔۔ لڑکی بے ہوش ہے۔۔۔ ہوش میں نہ آنے کی وجہ۔۔ بیہوشی کی دوا کو بار بار سونگھایا کیا ہے۔۔ کیا لڑکی کی جان کو خطرہ ہے۔ نہیں اوورڈوز کی وجہ سے بس بے ہوش ہے۔۔۔ تو پھر اسے اس کے گھر والوں تک پہنچا دو پرابلم کیا ہے۔۔ ٹائیگر کو اسد کی بات سمجھ میں نہیں تھی۔

ٹائیگر میں نے سب لڑکیوں کے ساتھ جب اس لڑکی کا ڈیٹا نکلوایا تو مجھے پتہ چلا کہ اسے اغوا کر کے نہیں لایا گیا بلکہ اس کے گھر والوں نے خود بیچا ہے۔ اسد ٹائیگر کا رائٹ ہینڈ تھا اور اس کا بیسٹ فرینڈ بھی تھا۔

اور اسفند کی اکلوتی بہن کا شوہر اس کا بہنوئی بھی تھا اسد کے بغیر اسفند نہ مکمل تھا۔ اور اسفند کے بغیر اسد نہ مکمل تھا۔ دونوں کی دوستی اتنی گہری تھی کہ بنا کہے ہی ایک دوسرے کی بات سمجھ جاتے تھے۔

انڈر مافیا میں ان کا اتنا کامیاب ہونا اور اتنی دہشت بنا کے رکھنے کی بہت بڑی وجہ اسد اور اسفند کی

گہری دوستی بھی تھی۔ اگر ان دونوں کے لیے یہ کہا جائے کہ یہ دونوں دو جسم اور ایک جان ہیں تو غلط نہ ہو گا۔۔

کون کون ہے لڑکی کی گھر میں۔ ٹائیگر نے اسد سے سوال کیا۔۔ ایک ماں اور دوسرا اس کا منگیتر ہے۔ مگر اس وقت وہ دونوں حرام کی کمائی سے جو پیسہ ملا ہے اس سے عیش کرنے گئے ہیں۔ لڑکی کو بیچ کر جو پیسا ملا ہے اس سے وہ لوگ گھومنے کے لیے گئے۔ گھر پہ تالا لگا ہوا۔ اب بتاؤ لڑکی کا کیا کرنا ہے۔ لے آؤ ہمارے آفس والے اپارٹمنٹ میں۔ ٹائیگر

کا ٹارچر روم اور آفس ایک ہی بلڈ نگ میں تھا۔سب
سے اوپر آفس اس سے نیچے دو والے مالے خالی اس سے نیچے بیس منٹ کے
اندر ٹاچر روم تھا جہاں پر اس وقت سر تاج کو اسد نے الٹا لٹکا رکھا تھا۔۔

ٹارچر روم ساؤنڈ پروف تھا اس لیے کسی قسم کی آواز نا باہر آسکتی تھی نہ اندر جا
سکتی تھی اس وقت
ٹائیگر اپنے آفس روم میں کھڑا تھا جب کہ اسد
ایئرپوٹ پر لڑکیوں کو واپس بھیجنے کی تیاری
کر رہا تھا ٹھیک ہے۔اسے ہمارے آفس والے اپارٹمنٹ میں لے آؤں۔۔

مگر اسد اس طرح تو تم لیٹ ہو جاؤ گے تمہاری

فلیٹ نکل جائے گی۔ٹائیگر میں آج کی فلائٹ سے نہیں جارہا۔میں کل کی فلائٹ سے پاکستان جاؤں گا۔۔۔آج امجد طوبااور سلیم ساتھ میں جائیں گے۔۔

تم کیوں نہیں جارہے ہو۔اسد تمہیں بہت اچھی طرح سے پتا ہے کہ میں اپنے سوااس طرح کے کام کے لیے صرف اور صرف تم پر یقین کرتا ہوں۔۔
پھر کیوں نہیں جارہے ہو۔تمہارے نا جانے کا میں کیا مطلب سمجھوں۔ ٹائیگر نے غصہ دیکھاتے ہوئے

کہا تھا۔ٹائیگر تم پریشان مت ہو میں نے سکیورٹی کا فل خیال رکھا ہے۔فل سکیورٹی میں سلیم طوبااور امجد سب لڑکیوں کے ساتھ جائے گے۔۔

اسد ٹائیگر کو مطمئن کرنے کے لیے بول رہاں

تھا۔ طوبا، سلیم اور امجد تینوں ٹائیگر کی ٹیم کا
بہت مین حصہ تھے۔ سلیم اور طوبا دونوں کزن تھے توبہ ٹائیگر کے لیے
ہیکنگ کا کام کرتی تھی۔ سلیم نے جاسوسی کا کام سمبھال رکھا تھا۔

جسے وہ بہت اچھی طرح سے کرتا تھا۔اور امجد مار
کٹائی اور لاشوں کو ٹھکانے لگانے کا کام کرتا تھا۔ سلیم طوبہ کو بہت پسند کرتا تھا
۔مگر طوبہ کی جان اسد میں اٹکی ہوئی تھی۔جب کہ اسد اسکو گھاس تک نہیں
ڈالتا تھا۔اس وقت بھی پاکستان ساتھ نہ جانے کی وجہ طوبا تھی۔جو اسد سے
بہت
چپکتی تھی۔۔

اسد یہ چکمے مجھے مت دیا کرو مجھے اچھی طرح سے پتہ ہے کہ تم آج کی فلائٹ
سے تم پاکستان کیوں نہیں جانا چاہتے ہو۔شرم کرو دنیا اسد میر خان کے نام

سے ڈرتی ہے۔اور تم ایک لڑکی سے ڈرتے پھرتے ہو۔ٹائیگر کو پتہ تھا کہ اسد توبہ کی چپکنے والی عادت سے بہت تنگ تھا اس نے کئی بار توبہ کو ڈانٹ کر بھی منع کیا تھا مگر وہ پھر بھی اپنا چپکنا بند نہیں کرتی تھی جس کی وجہ سے اسد اکثر توبہ سے دوری ہی بنا کر رکھتا تھا۔۔

ٹائیگر نے اسد کو شرم دالتے ہوئے کہا تھا۔

جب تمہیں سب پتہ ہے تو پھر کیوں ہر وقت میری ٹانگ کھینچتے رہتے ہو۔۔

اسد نے جان چھڑاتے ہوئے کہا۔۔چل نہیں کھینچتا تیری ٹانگ۔ان کو جلدی روانہ کر کے۔لڑکی کو باحفظت لے کر آؤ اور اپنا کام ختم کر کے آفس روم میں پہنچوں۔اسد کو فون پر آرڈر دینے کے بعد کان میں لگا بلوٹوتھ بند کر دیا۔۔

oooooooo

اسد کیوں آپ کو میری یاد نہیں آتی کیوں میرا دل ہی آپ کے لیے اتنا تڑپتا ہے۔ کیوں کیا تھا مجھ سے نکاح اگر میں آپ کو پسند نہیں تھی آج میری برتھ ڈے ہے اور مجھے پتہ ہے کہ آج بھی ہمیشہ کی طرح آپ مجھے فون نہیں کریں گے۔

مسکان کب سے اپنے روم میں بیٹھی ہوئی آنسوں بہا رہی تھی۔ مسکان کی کل سالگرہ تھی اور وہ ہمیشہ کی طرح آج کے دن وہ بہت اداس تھی۔ اسد کو پاکستان سے گئے 10 سال ہو گئے تھے۔ ان دس سالوں میں اسد کبھی لوٹ کر واپس مسکان کو ملنے نہیں آیا تھا آنا تو دور کی بات اس نے تو کبھی مسکان کا فون پر بھی حال چال پوچھنا گوارا نہیں کیا۔

جب کبھی مسکان خود سے فون کرتی تو وہ اٹھاتا ہی نہیں تھا۔ مسکان نے کئی بار وائس میسج بھیجے جن کو اسد نے سین کر کے بھی جواب نہیں دیے تھے۔۔

مسکان کو اپنے اتنے سالوں کے انتظار میں اگر کچھ بن مانگے ملتا تھا تو وہ تھی۔ اسد کے واٹس ایپ سٹیٹس پر لگی ہوئی کی ہر روز نئی پک۔ مسکان نے دس سالوں میں اسد کو) تصویروں میں ہی دیکھا تھا۔۔

جن کو سیف کر کے وہ اپنے موبائل کی گیلری میں رکھتی تھی۔ اور روز رات کو اسد کی تصویر سینے سے لگا کر اس سے باتیں کرتی تھی۔ اور اسد کی تصویر سے اسد کی ہی شکایتیں کرتی کرتی سو جاتی۔۔

مگر شرم کے مارے نہ کبھی اپنے پاپا سے پوچھنے کی ہمت ہوئی اور نہ بھائی سے کہ اسفند واپس کب آئے گا اور وہ اس سے فون پر بات کیوں نہیں کرتا

مسکان فطرتی طور پر بہت شرمانے والی لڑکی تھی۔ حالانکہ مسکان کی روز اسفند سے بات ہوتی تھی کوئی دن ایسا نہیں ہوتا تھا جب اسفند اپنی بہن کو فون نہیں کرتا تھا۔۔

کبھی کبھار اپنے بھائی سے بات کرتے ہوئے جب مسکان کے کانوں میں اسد کی آواز آتی تو مسکان کا دل ایک بیٹ کرتا تھا۔ آج بھی ایسا ہی ہوا تھا جب مسکان اپنے بھائی سے بات کر رہی تھی تو اسد شاید اسفند سے کوئی فائل لینے کے لیے آیا تھا تب ہی مسکان نے اسد کی فون پر آواز سنی تو مسکان بہت بے چین ہو گئی تھی۔۔

اور اس کی یہ بے چینی اس کے بھائی نے بھی محسوس کی تھی مگر مسکان نے یہ کہہ کر ڈال دیا کہ بھائی میرا گلا خراب ہے اس لیے میری آواز صحیح نہیں آ رہی حالانکہ سچ یہ تھا کہ مسکان اسد کی آواز سن کر رونے لگی تھی جس کی

وجہ سے آنسوں اس کے گلے میں اٹک گئے اور اس سے بات نہیں ہو رہی تھی۔

اب مسکان کو خود پر غصہ آرہا تھا کہ کیوں وہ صبح اسد کی آواز سن کر رو دی تھی اسے شرم آرہی تھی کہ اس کا بڑا بھائی کیا سوچ رہا ہو گا اس کے بارے میں۔۔ کیونکہ اسفند نے فورا سے پوچھا تھا کہ مسکان بیٹا آپ رو رو رہی ہو۔ مسکان نے جھوٹ تو بول دیا تھا مگر اسے پتہ تھا کہ اسفند بھائی سمجھ چکے ہیں کہ وہ رو رہی تھی چاہے ان کو میرے رونے کی وجہ پتہ ہو یا نہ ہو مگر مجھے تو خود پر کنڑول رکھنا چاہیے تھا مسکان خود پر ہی غصہ کیے جا رہے تھی۔

ooooooooo

اچھا نہیں کیا پاپا آپ نے میری معصوم کی سی بہن کو جدائی کا دکھ دے کر۔ اسے اسد خان کے ساتھ نکاح کر کے منسوب تو کر دیا مگر۔اب جب اس کی شادی کی صحیح عمر ہے تو آپ سکون سے بیٹھے ہوئے ہیں۔اسفند موبائل سکرین پر اپنی بہن کی تصویر دیکھتے ہوئے خود سے باتیں کر رہا تھا۔۔۔

آج صبح جب معمول کے مطابق اسفند نے مسکان کو فون کیا تو اسفند کو اچھے سے پتا تھا کہ مسکان اسد کی فون سے جاتی ہوئی آواز سن کر روئی تھی ہے ۔اسی لیے آج اس نے میرے پاپا کو رخصتی کے لیے فون کیا تھا وہ اپنی پیاری بہن کو روتا ہوا نہیں دیکھ سکتا تھا۔۔۔

ویسے بھی اب مسکان کی صحیح عمر تھی شادی کی ہے وہ پچیس سال کی ہو چکی تھی۔اس لیے اسفند نے ایک بڑے بھائی کا فرض نبھاتے ہوئے اپنے باپ سے اس کی رخصتی کی ڈیمانڈ کی تھی۔ ویسے بھی اب اسد خان اپنے قدم جما چکا تھا۔اس نے اپنا ایک الگ مقام بنا لیا تھا۔

آج اسد خان کو لوگ اسد خان کے نام سے ہی جانتے تھے۔اس کی خود کی ایک پہچان تھی آج وہ مسکان کو دنیا کی ہر خوشی دینے کے قابل تھا۔اب اسفند خود چاہتا تھا کہ مسکان اور اسد ایک ساتھ رہیں۔۔بس وہ مسکان کے ایگزام ہونے کا ویٹ کر رہا تھا۔کہ جلدی سے مسکان اپنے پیپر دے لے اس کے بعد رخصتی کروادے گا۔

مگر اسد کل پاکستان جارہا تھا اور آج جس طرح سے اسفند نے مسکان کو فون پر روتے ہوئے سنا اس لیے اسفند نے رخصتی کروانے کا فیصلہ کر لیا تھا۔۔

oooooooooo

اسد فلائٹ کو روانہ کر کے لڑکی کو لے کر اپنے آفس والے اپارٹمنٹ میں آیا۔اور لڑکی کو ایک روم میں لیٹا کر روم کا دروازہ بند کرنے کے بعد وہ سیدھا آفس میں ٹائیگر کے پاس آگیا۔۔لڑکی ابھی تک بے ہوش تھی۔۔ہائے

ٹائیگر۔۔اسد روم میں داخل اور ہائے بولتا ہوا بڑے تھکے سے انداز میں کرسی پر آکر بیٹھ گیا تھا۔

اسد سب کچھ صحیح طریقے سے ہو گیا ہے۔ٹائیگر اسد سے پوچھ رہا تھا۔ہاں اللہ کا شکر ہے سب کچھ ٹھیک ٹھاک ہو گیا ہے۔فلائٹ ٹائم پر روانہ ہو گئی تھی ہاں پورے ٹائم پر روانہ ہو گئی تھی۔ہاں اللہ کا شکر ہے سب ٹائم پر ہو گیا تھا۔اور وہ لڑکی کہاں ہے ٹائیگر اسد سے سوال کر رہا تھا۔

نیچے روم میں ہے وہ ابھی بے ہوش تھی تو میں اسے لیٹا کر آیا ہوں۔اوکے جیسے ہی وہ ہوش میں آئے اسے جا کر کھانا دیکھے آنا اور آتے ہوئے روم کا کیمرہ بی اوف کر دینا۔۔ٹائیگر نے اسد پر اگلا حکم صادر کیا۔۔ٹائیگر نے روم کا کیمرہ اوف کرنے کے لیے اس لیے کہا تھا کہ روم میں ایک لڑکی تھی اور

ٹائیگر کو یہ بالکل بھی ناپسند تھا کہ کوئی لڑکی فضول میں کیمرے کی آنکھ سے دیکھے۔

جاتا ہوں یار پہلے مجھے تو کوئی کافی وغیرہ پلا دو اسد تھکے ہوئے انداز میں اپنا سر کرسی کی پشت سے لگاتے ہوئے ایک ہاتھ سے اپنے سر کو دبا رہا تھا۔اسد سچ میں بہت تھک گیا تھا آج پورے دن کی بھاگ دوڑ کے بعد اب کہیں جا کر اسے بیٹھنا نصیب ہوا۔۔

ٹھیک ہے تم جا کر لڑکی کو دیکھو ہوش آگیا ہے تو اسے کچھ کھانے کو دو اور میں تب تک تمہارے لیے کافی منگواتا ہوں۔اور پھر تمہاری تھکاوٹ اتارنے کے لیے کرتے ہیں سنگنگ مقابلہ۔ٹائیگر اور اور اسد دونوں کی آواز بہت خوبصورت تھی۔اور ان دونوں کو سنگنگ کا بہت شوق تھا۔اگر وہ اس فیلڈ میں نہ آتے تو بے شک وہ دونوں بہت اچھے سنگر ہوتے۔

فارغ وقت میں یہ ان دونوں کا فیورٹ مشغلہ تھا۔ٹائیگر کے روپ میں اسفند جتنا خطرناک تھا مگر جب وہ اسفند بن کر اسد کے ساتھ بیٹھتا تو اتنا ہی سویٹ بھی تھا۔فارغ وقت میں ان دونوں کی دوستی کے چٹخلے سننے لائق ہوتے تھے۔ان دونوں کی دوستی اتنی بے مثال تھی کہ ان دونوں کو کسی تیسرے کی ضرورت نہیں تھی۔۔۔

دل آویز کو تھوڑا تھوڑا ہوش آنے لگا۔تو وہ اپنے سر پر ہاتھ رکھ کر چھت کو گھورنے لگی۔وہ یہ سمجھنے کی کوشش کر رہی تھی کہ وہ اس وقت کہاں ہے۔ہائے اللہ میاں کیا میں اغوا ہو گئی ہوں۔دل آویز بیچاری ابھی کسی نتیجے پر بھی پہنچ نہیں پائی تھی کہ باہر سے کسی کے بھاری قدموں کے چلنے کی آواز آئی وہ قدم چلتے ہوئے اس کے روم کی طرف ہی آ رہے تھے۔۔

دل آویز بیچاری بدحواس ہو کر ڈر کے مارے بیڈ کے اوپر اٹھ کر بیٹھ گئی تھی۔ہائے بہنا آپ کو ہوش آگیا ہے۔اسد روم میں داخل ہوا تھا۔آپ نے مجھے کیوں اغوا کیا ہے دل آویز نے پہلا سوال اسد کی طرف پھینکا تھا۔

لو جی اس باجی کو لگ رہا ہے کہ اس کو ہم نے اغوا کیا ہے لو کر لو بات۔اسد کو اس کی معصومیت پر ہنسی آرہی تھی۔وہ لڑکی دیکھنے میں بہت ہی معصوم اور کم عمر تھی۔اسد کا اس پر غصہ کرنے کو ذرا بھی دل نہیں کر رہا تھا۔

حالانکہ اسد ہر کسی سے اس انداز سے پیش نہیں آتا تھا۔دیکھو پیاری بہنا ہم نے آپ کو اغوا نہیں کیا آپ یہاں پر بالکل محفوظ ہیں۔اس لیے آپ یہ کھانا کھالیں۔لڑکی دیکھنے میں بامشکل 1817 سال کی تھی۔اوپر سے اس کے بولنے کا انداز اور حرکتیں بھی بچوں کے جیسی تھی۔۔ٹائیگر آفس میں بیٹھا ہوا مائک سے سب کچھ سن رہا تھا۔

اسداس کے زیادہ نخرے دیکھنے کی ضرورت نہیں ہے اس کو کھانا دو اور واپس آؤ کافی ٹھنڈی ہو رہی ہے ٹائیگر کی آواز روم میں مائک کے تھرو گونجی تھی۔ بہن آپ پلیز کھانا کھالو تاکہ میں بھی جا کر کچھ کھا سکوں۔

۔میں کھانا نہیں کھاؤں گی اور اپنے اس غنڈے کو بھی بتا دو۔ جو مائک سے چیخ رہا ہے۔ پلیز بہنا چپ کر جاؤ کیوں اپنی موت کو دعوت دے رہی ہو سد بچھارا دل اویز کو چپ کروا رہا تھا۔ کیا کر رہی ہے یہ لڑکی۔۔۔ٹائیگر کچھ نہیں کہہ رہی چھوڑو تم میں ڈیل کر رہا ہوں۔

اچھی بات ہے کہ تم ڈیل کر لو ورنہ اگر میں ڈیل کروں گا تو وہ یہ برداشت نہیں کر سکے گی ٹائیگر لڑکی کی بد تمیزی والی آواز سن کر غصے میں آ گیا۔ اس

بے وقوف کو بتاؤ کہ ہم نے اس کو اغوا نہیں کیا ہے اس لیے بنا نخرے دکھائے ہوئے کھانا کھالے۔

بہنا پلیز کھانا کھالو ورنہ میرا بوس مجھ پر بہت غصہ کرے گا۔۔میں نے کہا کہ میں کھانا نہیں کھاؤں گی تو مطلب نہیں کھاؤں گی۔ویسے بھی مجھے آپ لوگوں سے ڈر نہیں لگتا۔کیونکہ مجھے تو خود بھی بہت اچھی فائٹنگ کرنا آتی ہے۔۔اور آپ لوگوں کو مجھے اغوا کر کے کچھ بھی فائدہ نہیں ہونے والا نہیں ہے۔

کیونکہ میری امی کے پاس تو اچھا کھانے کے لیے پیسے نہیں ہیں تو وہ آپ کو کیا خاک دے گی دل آویز بچوں کی طرح اپنی ہی دھن میں بولے جا رہی تھی۔

اسدروم کا کیمرہ اون کرو میں بھی تو دیکھوں کہ یہ چیز کیا ہے۔ٹائیگر کی آواز روم میں ایک بار پھر سے گونجی۔ٹائیگر کے کہنے پر اسد نے روم میں آتے ہی کیمرہ اوف کر دیا تھا۔۔ چھوڑو ٹائیگر میں خود ہینڈل کر لوں گا اسد نہیں چاہتا تھا کہ یہ معصوم سی لڑکی ٹائیگر کا قہر برداشت کرے۔۔

اسد میں نے کہا کہ روم کا کیمرہ ان کرو ٹائیگر اسد پر چیخا۔۔ٹائیگر کے چیخنے پر اسد نے فوراسے کیمرہ ان کر دیا تھا۔۔ کیا تماشہ بنا کے رکھا ہوا ہے تم نے لڑکی اپنے گھر والوں کی تم لوگوں کو ہوش ہوتی نہیں ہے۔ٹائیگر اس کے آگے کچھ کہتے ہوئے رک گیا تھا۔

کیونکہ اس کی آنکھوں نے جو دیکھا تھا ٹائیگر کو اس پر یقین نہیں آیا تھا۔۔ اسدر کو میں آتا ہوں۔ٹائیگر اس کی ضرورت نہیں ہے میں خود ہینڈل کر لوں گا۔

اسد نہیں چاہتا تھا کہ یہ معصوم لڑکی ٹیگر کی کے غصے کا شکار بنے۔۔۔اسد کیا اب تم ٹائیگر کو تم بتاؤ گے کہ مجھے کہاں آنا چاہیے اور کہاں نہیں اسد شرمندہ ساہو کر چپ کر گیا تھا۔

ٹائیگر اپنے آفس لفٹ میں بیٹھ کر آدھے منٹ سے بھی کم ٹائم میں نیچے والے پورشن پر آگیا اور تیز تیز قدموں سے چلتا ہوا دل آویز والے کمرے میں داخل ہوا۔

۔دل آویز بچوں کی طرح روتے ہوئے بیڈ سے ٹانگیں نیچے لٹکا کر بیٹھی ہوئی تھی وہ اپنے دونوں ہاتھ اپنے منہ پر رکھے ہوئے رو رہے تھی۔اور روتے ہوئے بول رہی تھی کہ مجھے میرے گھر چھوڑ کر آئیں میں کھانا نہیں کھاؤں گی۔

وہ اتنی مست ہو کر رو رہی تھی کہ اس نے روم میں ٹائیگر کو بھی آتے ہوئے نہ دیکھا اور نہ سنا تھا۔۔ٹائیگر اپنی مغرور چال چلتا ہوا دل آویز کے سامنے صوفے پر آکر بیٹھ گیا۔اپنا ایک ہاتھ صفحے کی سائیڈ پہ رکھتے ہوئے ٹانگ پہ ٹانگ رکھ کر بیٹھا ہوا تھا۔۔دل آویز جو اپنے چہرے پر ہاتھ رکھے رو رہی تھی وہ ٹائیگر کو نہیں دیکھ پائی تھی۔۔

اب بولو لڑکی کیا بکواس کر رہی تھی کرخت کرخت آواز میں بولا۔ٹائیگر اسکا چہرہ دیکھنا چاہتا تھا اور اپنی شک کو جھٹلانا چاہتا تھا کہ اس کی آنکھوں نے جو دیکھا ہے وہ سچ ہے یا محض اس کا وہم۔

دل آویز بیچاری ٹائیگر کی دھاڑ سن کر ایک دم ڈر کے اچھل کر واپس اپنی جگہ پر بیٹھ گئی۔اس نے اور اپنے منہ سے ہاتھ ہٹھا کر ٹائیگر کی طرف دیکھ

میاں شکل اتنی خوبصورت کر گہری سانس لی تھی۔۔افف اللہ
ہے۔اور آواز اتنی بھیانک ٹائیگر اس وقت اتنا خوبصورت لگ رہا تھا کے دل
آویز کی
نظرے نہیں ہٹ رہی تھی۔۔۔

دل آویز نے زندگی میں پہلی بار اتنے خوبصورت شخص کو اتنے قریب
سے دیکھا تھا دل آیز کو تو ہمیشہ یہی لگتا تھا کہ صرف فلمی ہیرو ہی خوبصورت
ہوتے ہیں۔ٹائیگر فل بلیک کلر کا پینٹ کوٹ لائٹ اور گرے کلر کی شرٹ
کے ساتھ تھری پیس سوٹ پہنے ہوئے تھا۔

اس کا گورا رنگ چودویں کے چاند کی طرح دمک رہا تھا۔ گورے چہرے پر
چھوٹی چھوٹی داڑھی۔اور پر اسرار نشیلی آنکھیں۔جو کسی کو بھی اپنے سحر میں

جکڑنے کا حزر کھتی تھی۔اس کی گالوں پر گہرے ڈمپل جو بنا مسکرائے بھی
وازیاں ہو رہیں تھے۔

مضبوط کسرتی چھاتی اس پر اس کے چہرے پر غرور اور بیٹھنے کا انداز افففف
دل آویز کا تو منہ کھلے کا کھال رہ گیا ٹیگر کو دیکھ کر بیشک وقت وہ شخص
خوبصورتی کا مجسمہ لگ رہا تھا۔

ٹائیگر کا شک ٹھیک تھا یہ وہی لڑکی تھی جسے اس نے پاکستان میں دیکھا تھا
۔ چھت پر بارش میں نہاتے ہوئے۔اس وقت سے اس لڑکی نے ٹائیگر کے
دل کا سکون غارت کرر کھا تھا۔ جس جزبے کو ٹایگر ماننے کے تیار نہ تھا۔۔
مگر دل آویز کو دوبارہ اپنے سامنے دیکھ ٹائیگر کو اپنے سارے بھرم ٹوٹتے
ہوئے نظر آرہے تھے۔اس
لیے دل آویز کو دیکھتے ہی وہ اپنی جگہ سے اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔۔

ٹائیگر اپنے چہرے کے زاویے چھپاتے ہوئے۔روم سے جاتے ہوئے بولا اسد اس کا خیال رکھنا اور کیمرہ بند کے اوپر آفس میں جا کر سونا۔تم اس کو یہاں پر اکیلے چھوڑ کر نہیں جا سکتے۔۔

اور اس کو کھانا کھلاؤ میں کھانا نہیں کھاؤں گی میں

آپ کی نوکر نہیں ہوں جو آپ کے کہنے پر کھانا کھاؤں۔۔ٹائیگر کو جاتے ہوئے دیکھ کر دل آویز بچوں کی طرح چلا کر بولی۔

تو ٹائیگر جاتا ہوا دل آویز کی بات پر واپس مڑ کر آ گیا۔کھانا تو تمہارا باپ بھی کھائے گا دل آویز کو جبڑے سے پکڑ کر بولا غصے سے بولا۔ٹائیگر کیا کر رہے ہو یار چھوڑ دو میں اس کو کھانا کھلا دوں گا دل آویز رونے لگی تھی اور اسد کو اس پر بہت ترس آ رہا تھا۔

ٹائیگر نجانے کس بات کا غصہ اس پر نکال رہا تھا اسد کو سمجھ نہیں پا رہا تھا۔ کیونکہ ٹائیگر نارملی اس طرح کے چھوٹے موٹے کاموں میں ہاتھ نہیں ڈالتا تھا ایسے کام تو اس کی شان کے خلاف تھے۔ ٹائیگر پلیز چھوڑ دو میں کھانا کھلا دوں گا۔۔

تم مجھے مت بتاوں کہ مجھے کیا کرنا چاہیے ٹائیگر کو اپنے ہی دل کی کیفیت سمجھ نہیں آ رہی تھی۔ اور غصہ اس لڑکی پر آتار دہا تھا۔ منہ کھولو ٹائیگر نے بڑا سا نیوالہ بنا کر دل آویز کے منہ میں زبردستی ٹھونس دیا۔ دل آویز روتے روتے کھا رہی تھی۔ اتنا بڑا نوالہ منہ میں ڈال دیا میں کوئی بھینس ہوں ۔ہاہاہا۔ پاس کھڑے ہوئے اسد کو دل آویز کی بات سن پھر سے بے وقت کی ہنسی آ گئی۔

اگر تمہاری بے وقت کی ہنسی ختم ہو گئی ہو تو لڑکی کو کھانا کھلاؤں اور اوپر آفس روم میں ہی رہنا۔

لڑکی چپ چاپ کھانا کھالوں ورنہ مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا۔آپ سے برا کوئی ہو بھی نہیں سکتا دل آویز غصے سے روتے ہوئے بولی۔

ٹائیگر نے اس کی بات کا کوئی جواب دیا۔ایک تو مجھے میرے گھر سے اٹھا کر لے آئے ہو۔میں سو رہی تھی۔اس لیے اٹھا کر لے آئے اگر جاگتی ہوئے اٹھاتے نہ تو میں آپکا منہ توڑ دیتی۔

اسد کو دل آویز کی دھمکی سن کر ہنسی آگئی۔اسد کسی دن تم بے وقت ہنسنے کی وجہ سے میرے ہاتھ سے ضائع ہو جاؤ گے۔ٹائیگر نے غصے سے اسد کی طرف دیکھ کر کہا اور اور روم سے چلا گیا۔۔۔

ooooooooo

ٹائیگر جب اس لڑکی کو دیکھ کر گھر آیا تھا اسے کہیں سکون نہیں مل رہا تھا۔ وہ آج زندگی میں پہلی بار ایسی بے چین کو فیس کر رہا تھا۔ اس بے چینی کی وجہ دل آویز تھی۔

ٹائیگر پوری رات اپنی ہی سوچوں میں ہی گم تھا۔ ٹائیگر ڈرنک وغیرہ نہیں کرتا تھا۔ اسی لیے سارا غصہ سگریٹ دھوئیں میں ہی اڑا رہا تھا۔

صبح ہو چکی تھی مگر ٹائیگر کی آنکھوں میں نیند نام کی کوئی چیز نہیں تھی ساری رات سیگریٹ پی کر اور جاگ کر ٹائیگر کی آنکھوں میں لال ڈورے پڑے گئے تھے۔

جس سے ٹائگر کی نشیلی آنکھیں اور بھی خوبصورت لگ رہیں تھی۔ پوری رات اپنے آپ سے لڑتے ہوئے اب ٹائگر نے کچھ سوچتے ہوئے اسد کو فون کیا۔ اسد تم اپنی آج کی فلائٹ کینسل کر دو۔

ٹائیگر تم ٹھیک ہو اسد کو ٹینشن ہونے لگی کیونکہ ٹائیگر نارملی ایسا کبھی نہیں بول سکتا تھا۔ کیونکہ ٹائیگر وقت کا پابند تھا۔ وہ ہمیشہ ہر کام وقت پر ہی کرنے کو ترجیح دیتا۔

میرے گھر آؤ کہہ کر فون بند کر دیا۔ ٹائیگر کو اپنی ساری کیفیت سمجھ میں آ چکی تھی۔ اس زیادہ وہ خود سے نہیں لڑ سکتا تھا۔ اسے پتہ تھا کہ وہ اس لڑکی کے عشق میں میں گرفتار ہو چکا ہے ٹائیگر نے جب پہلی بار اس لڑکی کو دیکھا تھا اس وقت بھی اس نے اپنے اندر یہی جزبات محسوس کیے۔ مگر ماننے سے انکار کر دیا۔

مگر جب سے وہ پاکستان سے آیا تھا اسے کہیں سکون نہیں مل رہا تھا۔ ایک عجیب سی بے قراری بے چینی وہ ہر وقت محسوس کرتا تھا۔ ٹائیگر اب اپنے دل کو سکون دینا چاہتا تھا۔ اس سکون کے لئے اب اسے پتہ تھا اسے کیا کرنا ہے۔

تم ٹھیک ہو یار مجھے تمہاری فکر ہو رہی تھی اسد نے آتے ہی پوچھا۔اسد دس منٹ سے بھی کم وقت میں

اسفند کے گھر پہنچ گیا تھا۔اسد میں اس کے بغیر

نہیں رہ سکتا مجھے وہ چاہیے کس کی بات کر رہے ہو۔

وہ جو لڑکی ہمارے پاس ہے۔ وٹ کیا کہ رہے ہو اسفند۔۔شرم کرو میں

تمہیں ایسا نہیں سمجھتا تھا

تم تو میری سوچ کے برعکس نکلے۔اسد پتا نہیں کیا سمجھ رہا تھا۔بکواس بند کرو اپنی ٹائیگر دھاڑا۔نکاح کرنا چاہتا ہوں اس لڑکی سے ٹائیگر نے کلیئر اپنا فیصلہ سنا دیا۔

ٹائیگر بچی ہے وہ اور تم سے بہت چھوٹی ہے۔

اسد نے غصے سے چیخ کر ٹائیگر کو جوب دیا ۔

تو کہاں لکھا ہے کہ چھوٹی عمر میں نکاح نہیں ہو سکتا۔اسفند تم ایسا نہیں کر سکتے۔اسفند نہیں کر سکتا مگر ٹائیگر تو کر سکتا ہے۔اور ٹائیگر تمہارا جواب دیں نہیں۔

ٹائیگر نے اپنے مغرور انداز کہا۔مولوی کا انتظام کرو اور گواہ کو بھی ساتھ لے کر آنا۔اور ہاں اپنی کم عمر بہن کو بھی ساتھ لیتے آنا۔ٹائیگر مت کرو بہت معصوم ہے۔تمہاری اس معصوم نے جو میری راتوں کی نیند اڑا رکھی ہے وہ۔مطلب۔اسد نے ستائشی نظروں سے ٹائیگر کی طرف دیکھ کر پوچھا۔

سب بتانے والا تھا مگر اب جو تمہارے گھڑیاں دماغ میں جو چل رہا ہے۔اب تم وہی سوچوں اور جا کر مولوی کا انتظام کرو۔رائٹ ناؤ تمہیں اچھے سے پتا ہے کہ مجھے انتظار کرنا بالکل بھی پسند نہیں ہے۔ٹائیگر ایسا ہی

تھا اپنی ضد پر اڑ جانے والا اور اس وقت وہ لڑکی ٹائیگر کی ضد بنی ہوئی تھی۔۔اسد چپ چاپ چلا گیا تھا ٹائیگر کا حکم بجالانے کیونکہ اسد کو پتہ تھا کہ اس کے سوا اور کوئی چارہ نہیں ہے اس کے پاس ٹائیگر کے منہ سے جو الفاظ نکل چکے ہیں وہ ان کو پورا کر کے ہی دم لے گا۔۔

اسد کب سے روم میں کھڑا ہو کر دل آویز کو ٹائیگر کے ساتھ نکاح کے لیے منا رہا تھا۔اسد کو اچھی طرح سے پتہ تھا کہ ٹائیگر اپنی ضد سے کبھی پیچھے نہیں ہٹے گا۔اور اسد نہیں چاہتا تھا کہ ٹائیگر دل آویز کے ساتھ کسی طرح کی سختی کرے نہ جانے کیوں یہ لڑکی اسد کو بہت عزیز ہو گئی تھی۔

میں نکاح نہیں کروں گی میں ایسی لڑکی نہیں ہوں جو کسی بھی آتے جاتے سے نکاح کر لوں۔ ٹائیگر باہر ٹی وی لاؤنج میں بیٹھا ہوا دل آویز اور اسد کی

آوازیں صاف سن رہا تھا۔اور اس کے ماتھے پر غصے سے بل پڑ رہے تھے ٹائیگر کی زندگی میں یہ پہلی بار ہوا تھا۔ کہ کوئی اسے ریجکٹ کر رہا تھا۔

ٹائیگر سے یہ بات بالکل برداشت نہیں ہو رہی تھی ٹائیگر جھٹکے سے اپنی جگہ سے اٹھ کر روم میں آیا۔ باہر جاؤ اسد میں خود سمجھالوں گا روم میں جا کر ٹائیگر سمجھاتے ہوئے اسد سے کرخت آواز میں بولا۔

نہیں بھائی آپ مجھے چھوڑ کے مت جانا پلیز دل آویز نے آگے بڑھ کر اسد کا ہاتھ تھام کر روتی ہوئی آنکھوں سے التجا کی۔دل آویز اس وقت ٹائیگر سے بہت ڈری ہوئی تھی۔دل آویز کے ہاتھ پکڑنے پر ٹائیگر نے آئی بروا ٹھا کر۔اسد کی طرف دیکھا جس مطلب یہ تھا کہ بہن بھائی کا رشتہ کب اور کیسے جڑا۔

اسد اس وقت سچ میں اس کا لڑکی کا بھائی ہی لگ رہا تھا ٹائیگر پلیز
اسد کی آنکھو میں دل آویز کے لیے التجا تھی جسے دیکھ کر ٹائیگر بولا کچھ
نہیں کہوں گا اس کو بولو آرام سے میری بات سن لے۔اسد دل آویز کے سر
پر ہاتھ رکھ کر بولا۔بچے پلیز ایک بار اس بات سن لو میں وعدہ کرتا ہوں آپ
کو کچھ نہیں ہونے دوں گا۔۔

مجھے اس کی بات نہیں سننی مجھے اس سے ڈر لگ رہا ہے دل اوے بچوں کی
طرح طرح اسد کا ہاتھ تھام کر روتے ہوئے بولی۔اسد تم جاؤ میں خود ہینڈل
کرلوں گا ٹائیگر نے زبردستی اسد کو روم سے باہر بھیج دیا۔

اسد کے روم سے نکلتے ہی ٹائیگر نے روم کا دروازہ بند کر دیا دل ڈر کے مارے
دیوار کے ساتھ لگی ہوئی کھڑی تھی۔ٹائیگر نے محبت بھری نظروں سے

دل آیز کو دیکھا۔ ریلیکس ہو جاؤ میں آپ کو کوئی نقصان نہیں پہنچاؤں گا۔ آپ کا نام کیا ہے۔ دل آویز۔ وہ ڈر سے اٹک اٹک کر بول رہی تھی۔

آج سے آپ کا نام دل ہے۔۔ کیوں۔ دل آویز نے حیرت سے ٹائیگر کو دیکھتے ہوئے سوال کیا۔ کیوں کہ دل آویز مجھے پسند نہیں ہے۔ تو ناپسند ہو مجھے تو میرا نام پسند ہے۔ وہ سوسو کر کے روتی ہوئی بولی۔ دیکھو دل۔۔ دل آویز نام ہے میرا نام پر زور دیتے ہوئے ٹائیگر کی بات کو کاٹ کر بولی۔

ٹائیگر کے انابی لبوں کو دوپل کے لئے ہنسی چھو کر گزری تھی۔ مگر میں دل ہی بولوں گا۔ ٹائیگر تھوڑا سا نزدیک ہوتے ہوئے بولا۔ دل آویز گھبرا کر پیچھے ہو گئی۔۔

اگر میں کہوں کہ مجھے آپ کا نام پسند نہیں ہے تو کیا آپ اپنا نام میرے کہنے پر بدل دیں گے۔ دل آویز نے غصے سے ٹائگر سے سوال کیا۔ میری

جان جس نام سے مرضی بولا لینا جو نام مرضی رکھ لینا میں سارے حق آپ کو دیتا ہوں۔ بس اپنی رضامندی سے نکاح کر کے میری زندگی میں شامل ہے ہو جاؤ ۔ میں آپ کو کوئی نقصان نہیں پہنچاؤں گا۔ آپ بہت پیار کرتا ہوں آپ نے پہلی نظر میں میرا دل چرا لیا تھا۔ چھوٹی سی کانچ کی گڑیا اسفند نے انگلی سے اس کے ناک کو پیار سے چھوتے ہوئے کہا۔۔۔

پلیز آپ مجھے چھوڑ دے مجھے اپنی امی کے پاس جانا ہے۔ میری امی کے پاس سچ میں پیسے نہیں ہیں۔ مجھے بچانے کے لیے آپ کو پیسے نہیں دے سکتی ۔پلیز مجھے میرے گھر جانے دیں میں آپ کے سامنے ہاتھ جوڑتی ہوں وہ روتے ہوئے ٹائیگر کے آگے ہاتھ چھوڑ رہی تھی۔

میرے پاس یہ سونے کی بالیاں اور چین ہیں آپ یہ رکھ لو اور پلیز مجھے جانے دو۔ وہ روتے روتے

ٹائیگر کے ساتھ معصوم سی ڈیل کر رہی تھی۔ ٹائیگر کو اس کی معصوم سی ڈیل پر ہنسی آگئی۔ ہائے رے میری معصوم محبت دل آویز کی معصومیت پر اسفند کو اس وقت ٹوٹ کر پیار آرہا تھا۔

ٹھیک ہے میں آپ کو جانے دوں گا مگر۔ میری ایک شرط ہیں۔ کیا۔۔ ڈیل میری مرضی کی ہو گی پھر میں آپ اپنے گھر جا سکتی ہے۔ کیا شرط ہیں۔ آپ ایک بار مجھ سے نکاح کر لو پھر میں آپ کو آپ کے گھر چھوڑ دوں گا۔ پکا ہاں پکا وہ اتنی معصوم تھی کہ ایک پل میں ہی خوش ہو گئی۔

ٹائیگر کا اس کی معصومیت پر مر مٹنے کو دل کر رہا تھا۔ پاگل لڑکی نکاح کر کے اپنی عزت بنا کر میں تمہیں کیسے چھوڑ سکتا ہوں۔ اپنے دل میں سوچ کر

اپنے انابی لبوں سے مسکرایا دیا۔اب چلیں باہر اسفند نے دل کی رضامندی چاہیے۔جی چلے

دل آویز نے ہاں میں سر کو ہلا کر بولا۔

ایک منٹ رکو کہہ کر ٹائیگر نے اپنا کبرڈ کھول کر اس میں سے ایک شاپنگ بیگ نکال کر اس کے اندر سے ریڈ کلر کا دوپٹہ نکالا جس پر گولڈن کلر کے دھاگے سے بہت خوبصورتی کے ساتھ لکھا ہوا تھا(اسفند) کی دلہن اسفند نے

یہ دوپٹہ اس وقت منگوایا

جب اسد دل آویز اور مولوی کو لینے گیا ہوا تھا۔دبئ میں اس طرح کا دوپٹہ فورا ملنا بہت مشکل تھا کیونکہ اس طرح کے دوپٹے آرڈر پر تیار کروائے جاتے تھے مگر وہ ٹائیگر تھا جس کا سکہ ڈنگے کی چوٹ پر چلتا تھا اس لیے وہ کبھی بھی کچھ بھی کر سکتا تھا منگوا سکتا تھا۔

دوپٹہ کھول کر گھونگٹ کی طرح دل آویز کے سر پر اڑا کر اپنا ہاتھ دل آویز کے آگے کرتے ہوئے بولا

چلیے 💞اسفند شہریار کی دلہن💞 جب وہ دل آویز کو باہر لے کر آیا تو۔

باہر بیٹھا بچارا اسد بہت پریشان تھا کہ جو لڑکی تھوڑی دیر پہلے رو رو کر ہلکان ہو رہی تھی۔ وہ اتنے آسانی سے نکاح کے لیے کیسے مان گئی۔ پتا نہیں کون سی گولی کھلا کے لے آیا بچاری کو۔ اسد نے ٹھنڈی آہ بھر کر سوچا۔

مولوی نے نکاح کروانا شروع کر دیا۔ اسفند

شہریار ولد شہریار ریاض کیا آپ کو دل آویز ولد صفدر علی سے نکاح قبول ہے۔ اپنے دل و جان سے قبول ہے۔ قبول ہے کہ سوا باقی سارے الفاظ اسفند نے اپنے دل میں ہی کہے تھے۔ دل آویز ولد صفدر علی کیا آپ کو اسفند

شہریار ولد شہریار ریاض سے یہ نکاح قبول ہے قبول ہے دل آویز نے تین بار مولوی صاحب کے پوچھنے پر آہستہ آہستہ سے کہا کہ
قبول ہے۔

اسفند کا دل چاہ رہا تھا کہ سب کو یہاں سے نکال باہر کرے۔اور اپنی شریک حیات کو ایک بار اپنے سینے سے لگا کر خود کو یہ یقین دلوائے کہ اب وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اسفند شہریار کی ہے۔ جیسے ہی دل آویز کا اور اسفند کا نکاح ہوا۔ اسفند مولوی گواہوں اور اسد کے ساتھ ہی باہر آگیا۔ مولوی اور گواہوں کو رخصت کرنے کے بعد اسفند۔ اسد کے پاس آکر کھڑا ہو گیا جو گاڑی سے ٹیک لگائے دونوں ہاتھ سینے پر باندھ کر غصے سے کھڑا ہوا تھا۔

ناراض ہوا اسد کے ساتھ آکر کھڑے ہوتے ہوئے بولا۔اسفند اس وقت تم جاؤ میں تم سے کوئی بات نہیں کرنا چاہتا۔آج پہلی بار ہوا تھا کہ اسد کو ٹائیگر یا اسفند کی کسی بات سے اختلاف تھا۔اسد کی ناراضگی اسفند کے لئے بہت معنی رکھتی تھی وہ اس کا دوست تھا یار تھا۔رائٹ ہینڈ تھا اس کی بہن کا سہاگ تھا۔

مگر وہ اس وقت اسد یہ بات بتانا چاہتا تھا کہ وہ اپنے دل کے ہاتھوں سے کتنا مجبور تھا۔اسد میں اس سے پہلے مل چکا ہوں۔اسفند نے خد سے بات شروع کی تھی۔کہا اسد نے غصے بھری نظروں سے

دیکھ کر کہا۔جب میں پاکستان گیا تھا۔تو سرتاج کی فیکٹری کے پاس جس کالونی میں نے اپارٹمنٹ لیا تھا۔اس کے ساتھ میں اس کا گھر تھا ٹائیگر پاکستان

سرتاج کے خلاف ثبوت اکٹھے کرنے گیا تھا۔

اسد کو اس کی بات پر یقین آ گیا۔ کیونکہ اسد نے جب اس لڑکی کا ڈیٹا نکلوایا تھا اس میں بھی اس کا یہی ایڈریس تھا۔ اس لیے اسفند کی بات کو جھٹالنے کا کوئی مطلب تو نہیں تھا۔۔ اسد میں نے جب اس کو پہلی بار دیکھا تو میں نے جو اس کے لیے محسوس کیا اسد میں نے آج سے پہلے کبھی کسی لڑکی کے لئے محسوس نہیں کیا۔

اسد تم میرے بیسٹ فرینڈ ہو یار تم کو پتا ہے کہ میں نے کبھی کسی لڑکی میں انٹرسٹ نہیں لیا میری تیس سالہ زندگی مجھے کبھی کوئی لڑکی اچھی نہیں لگی۔ کبھی کوئی لڑکی میرے خاص نہیں ہوئی مگر اسد اس چھوٹی سی لڑکی نے میرے دماغ میرے دل میرے ہواسوں پر تہلکہ مچا رکھا تھا۔ میں نے اس کو

بھولنے کی کوشش کی۔مجھے اس لڑکی سے محبت ہو گئی ہے میں نے اس سچ کو بہت جھٹلایا۔

مگر جب قسمت اسے دوبارہ میرے سامنے لے آئی تو۔اس لڑکی کے لیے میری ساری فیلنگ کلیئر ہو گئی۔اس لیے میں نے تمہیں گھر پر بلایا تھا مگر تم نے آتے ہی میرا پارہ اتنا ہائی کر دیا تھا کہ مجھے کچھ بھولنے ہی نہیں دیا۔ورنہ میں تمہیں اس وقت بھی یہ سب بتانا چاہتا تھا۔

اسفند کی سچائی اس کی آنکھوں سے صاف نظر آ رہی تھی۔ویسے بھی اسفند شہریار کبھی جھوٹ نہیں بول سکتا تھا اسد کو اس بات کا اسد کو پورا یقین تھا۔

اسفند تم نے یہ بات مجھے پہلے کیوں نہیں بتائی۔اسد افسوس سے بول رہا تھا۔

اسد کو شرم آ رہی تھی

کے کس طرح اس نے اپنے دوست کے بارے میں غلط سوچ لیا جب کہ اسد کو پتا تھا۔ کہ اسفند کو کبھی لڑکیوں میں انٹرسٹڈ نہیں تھا وہ تو سکول اور کالج کے زمانے سے ہی ایسا تھا۔

اتنا ڈیشنگ تھا کے لڑکیاں مرتی تھی اس پر۔ مگر اسفند شہریار کے دل کو کبھی کوئی نہ بھائی اگر بھائی بھی تو یہ چھوٹی سی نازک سی لڑکی۔ بتانے والا تھا کمینے مگر تو نے پتہ نہیں میرے بارے میں کیا کیا سوچ لیا تھا۔ اس لیے میں نے بھی سوچا کہ یہ جتنا میرے بارے میں غلط سوچ سکتا ہے ایک بار سوچ ہی لے۔

اسفند مصنوعی غصے سے بول کر گاڑی میں آکر بیٹھ گیا۔ دوسری طرف کا گیٹ کھول کر اسد بھی آکر گاڑی میں بیٹھ گیا۔ سوری یار اصل میں وہ لڑکی بہت معصوم ہیں پتا نہیں اسے دیکھ کر مجھے کیوں نور کی یاد آتی ہے۔ اسد نور کا نام

لیتے ہوئے بہت رنجیدہ ہو گیا۔ڈونٹ وری پریشان مت ہو مجھے پتہ ہے کہ تمہارے اندر کا بھائی اس وقت جاگ گیا ہے دل آویز کو دیکھ کر اس لیے وعدہ کرتا ہوں کہ تمہاری اس بہن کو میں کوئی پریشانی اور دکھ نہیں دوں گا۔اسفند اسد کو پریشانی سے نکالنے کے لیے ریلیکس کر رہا تھا۔اسد بچپن سے لے کر اپنی بہن کے لیے کتنا پریشان رہتا تھا۔کتنا روتا تھا وہ راتوں کو اٹھ اٹھ کر نور کے لیے یہ سب کچھ اسفند کی آنکھوں سے چھپا ہوا نہیں تھا۔

تھوڑا دور آ کر اسفند۔نے گاڑی ایک فائو سٹار ریسٹورنٹ کے آگے روکی چل جا کر اچھا سا کھانا پارسل کروا کر لے کر آ تیری بہن گھر میں بھوکی ہے۔اسفند ہنستے ہوئے بولا۔اسفند اسد کا موڈ ٹھیک کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔کیونکہ اسد کا دماغ ابھی بھی نور کو ہی سوچ رہا تھا۔اسد اور اسفند کھانا لے کر آئے اور اسفند کے اپارٹمنٹ کے سامنے آ کر گاڑی روکی۔

او کے اب میں چلتا ہوں اسد نے اسفند سے کہا تھا۔ آجا اپنی بہن کے ساتھ کھانا کھا کر جانا۔ گاڑی سے اترتے ہوئے اسفند اسد کو چڑانے کے لیے بولا تھا۔ اپنا منہ بند کر اور دفع ہو جا کر خود بھی کھانا کھانا اسے بھی کھلا۔ اسد اسفند کے مزاق سے چڑ کر بولا ۔

اسفند یار پلیز دل آویز کو ٹائم دینا تا کہ وہ تجھے ایکسیپٹ کر سکے۔ تماری اور اس کی عمر میں بہت فرق ہے اسے اسفند کی طرح پیار سے سمجھانا۔ اسے اپنے ٹائیگر والے روپ سے پلیز دور رکھنا۔ تمہارا ٹائیگر والا روم وہ نہیں سہہ پائے گی۔ اسد دل آویز کے لیے بہت فکر مندی کے ساتھ اسفند کو سمجھا رہا تھا۔

بڑی فکر ہے اپنی کل بنی بہن کی اور میری بہن جو سالوں سے تمہارے لئے رو رہی ہے اس کا حساب

کون دے گا۔ تم نے تو کبھی فون پر بات کرنا بھی گوارا نہیں کیا۔اسفند نے چلتے چلتے کہا تو اسد جلدی سے گاڑی سے اتر کر اسفند کے سامنے آ گیا۔

اسفند تمہیں پتا تھا میرے اور مسکان نکاح کے بارے میں۔پتا ہے تو بتا دو یار میری اتنے سال کی

تکلیف کو کم کر دو۔اسد اسفند کو خاموش دیکھ کر پوچھ رہا تھا۔۔

اسفند کی گول گول باتوں سے اسد کو پہلے بھی کئی بار شک ہوا کہ اسفند کو نکاح کا پتا ہے۔ مگر آج تو اسفند کلیئر بول گیا۔کیوں جب مجھ سے چوری سسر اور دامادنیں کچھڑی پکائی تھی تب تکلیف نہیں ہوئی ۔سوری یار انکل نے اپنی قسم دی تھی۔

تم دونوں کی قسموں میں پساں کون میری معصوم بہن۔۔۔اب جاؤ صبح تمہاری فلائٹ ہے جا کر آرام کرو۔ٹائیگر غصے والی کیفیت سے جاتا ہوا بولا

تھا۔اپنی منہ بولی بہن کے لیے بے فکر رہنا۔بہت پیار کرتا ہوں اس سے۔
کبھی اس کی آنکھوں میں
میری وجہ سے آنسو نہیں آئیں گے۔یہ وعدہ ہے میرا کہتا ہوا اپنے
اپارٹمنٹ میں داخل ہو گیا۔

اسفند جب کھانا لے کر گھر کے اندر آیا تو دروازہ کھولتے ہی اس کی نظر سامنے صوفے پر پڑی ہوئی دل پر گئی ۔اسفند کا گھر بہت ہی خوبصورت تھا مگر دو صرف دو کمروں پر مشتمل تھا۔ایک روم اسفند نے آفس کی طرح سیٹ کیا ہوا تھا دوسرا اس کا بیڈ روم تھا۔بیچ میں چھوٹا سا لونج ایک چھوٹا سا اوپن کیچن ویسے تو ٹائیگر کی دبئ میں بہت ساری پراپرٹی تھی۔اپنا ایک خوبصورت بنگلہ تھا مگر ٹائیگر چھوٹے سے گھر میں رہنا چاہتا تھا۔

اس لیے اس نے اپنے لیے بہت ہی مہنگی جگہ پر یہ خوبصورت چھوٹا سا
اپارٹمنٹ خریدا تھا اسد کا اپارٹمنٹ بھی اسی ایریا میں تھا 10 منٹ کے سفر
پر۔ اسفند دروازہ بند کر کے اندر آ گیا دل آویز سامنے صوفے پر ہی لیٹی ہوئی
سو رہی تھی۔

اپنے آپ سے بے خبر دوپٹے سے بے نیاز کچھ ایسے لیٹی ہوئی تھی بال جو
کیچر سے نکل کر چہرے پر بکھر گئی ہوئے تھے وہ صوفے کی پشت پر سر
ٹکائے تھی ایک ہاتھ صوفے سے نیچے لٹکا ہوا تھا۔

یہ لڑکی میری جان لے کر ہی رہے گی۔ اسفند نے دل کو دیکھ کر ٹھنڈی آہ
بھرتے ہوئے کہا۔ کھانا وہی ٹیبل پر رکھ کر اسفند دل کے پاس آ کر اس
معصوم
چہرے کو نہارتے ہوئے اس کے پاس زمین پر ایڑیوں کے بل بیٹھ گیا۔۔

اس کے بالوں کی لٹوں کو چہرے سے ہٹاتے ہوئے سرگوشی میں بولا میری
چھوٹی سی جان صرف دو ملاقاتوں میں آپ نے مجھے مجنوں بنا دیا
ہے ۔میرے تیس سال سے سنبھالے ہوئے دل کو ت آپ نے
دو ملاقاتوں میں بے لگام اور باغی بنا دیا۔۔

میرا دل چرانے والی چھوٹی سی چور اسفند بڑے ہی محبت بھرے انداز سے
اس کے گال کو اپنے ہاتھ کے انگھوٹے سہالتے ہوئے کہا۔وہ آہستہ آہستہ
اپنے دل کی باتیں سوئی ہوئی دل آویز سے کر رہا تھا۔دل کی آنکھ اسفند
کے ہاتھوں کی حرارت سے کھل گئ۔

یہ یہ کیا کر رہے ہیں آپ دل آویز اسفند کے ہاتھ کو جھٹکتے ہوئے ہڑ بڑا کر اٹھ
کر بیٹھ گئ۔

فی الحال تو کچھ نہیں کر رہا تھا بس اپنی سوئی ہوئی بیوی کو کھانے کے لیے اٹھا رہا تھا۔ اسفند صوفے پر سیدھا ہو کر دل آویز کے پاس بیٹھ گیا۔ چلو اٹھو فریش ہو کر آؤ کھانا کھاتے ہیں۔ آپ مجھے میری امی کے پاس کب چھوڑ کر آئے گے۔

اسفند نے دل کے سوال کا کوئی جواب نہیں دیا۔ دل پہلے اٹھ کر کھانا کھاؤ میں نہیں کھاؤں گی۔ اور میں نے آپ سے پہلے بھی کہا تھا کہ میرا نام دل آویز ہے دل آویز مجھے دل مت بولا کریں۔ مگر میں تو دل ہی بولوں گا کیوں کہ مجھے دل ہی اچھا لگتا تم میرا دل ہو کانچ کی گڑیا۔ اسفند کی آنکھوں میں دل کے لیے پیار ہی پیار تھا۔

شاباش آکر کھانا کھالو۔ میں نہیں کھاؤں گی تو ٹھیک ہے میں زبردستی کھالوں گا۔ عجیب زبردستی ہے۔ آپ چپ کر کے کھانا کھالو مجھے کوئی

زبردستی کرنے کا شوق نہیں ہے۔دل پلیز اس طرح کے حالات ہی مت پیدا کرنا کہ میں آپ پر کوئی سختی یا زبردستی کروں۔

پلیز آپ مجھے یہ بتائیں آپ مجھے میری امی کے پاس کب چھوڑ کر آئیں گے۔ اسفند دل کے سوال سے اریٹیٹ ہونے لگا۔اسفند دل کو نہیں بتانا چاہتا تھا کہ اس کے اپنے گھر والوں نے اس کی عزت کا سودا کیا تھا۔۔

بتائے کب چھوڑ کے آئیں گے مجھے۔دل کی سوئی ایک ہی سوال پر اٹکی ہوئی تھی کبھی نہیں کبھی بھی نہیں جانے دوں گا اسفند دل کے سوال سے تنگ آکر سچ بول گیا۔تو کیا آپنے مجھ سے جھوٹ بولا تھا کہ نکاح کے بعد آپ مجھے چھوڑ آئیں گے۔

یہ تو میری جان آپ کو خود سوچنا چاہیے تھا نہ کے نکاح کے بعد اپنی عزت بنا کر میں آپ کو کیوں چھوڑوں گا۔اسفند نے پیار سے تھوڑا سا دل کے قریب ہو کر بولا۔

دل نے اسفند کو زور سے پیچھے کی طرف دھکا دے دیا۔دور رہیں مجھ سے اسفند نے غصے سے اپنی مٹھیاں بند کر کے اپنے غصے کو ضبط کرنے کی پوری کوشش کی تھی دل کے اس انداز سے ٹائیگر غصے آ گیا۔

ٹائیگر سے اپنی اتنی توہین برداشت نہیں ہو رہی تھی ۔جس کو دیکھ کر ہزاروں لڑکیاں اسے اپنی باہوں میں بھرنا چاہتی تھی۔جس کے ایک اشارے پر لڑکیاں اس پر مر مٹنے کو تیار تھی۔وہ اس طرح کسی لڑکی کے ہاتھوں ذلیل ہو یہ بات اس سے برداشت نہیں ہو رہی تھی۔

دل اسفند کو دھکادے کر دل خود صوفے سے اٹھ کر اسفند سے دور جا کر دیوار سے لگ کر کھڑی ہوئی ہو گئی۔ جھٹکے سے اٹھتا ہوا دل کے قریب آیا اور غصے سے دل کی آنکھوں میں دیکھ کر دل کی کمر میں ہاتھ ڈال کر کھینچ کر اسے اپنے قریب کیا۔

دل اس اچانک ہوئی آفات سے اسفند کے سینے سے آکر ٹکرائی۔ آہ آہ دل نے اپنے ماتھے پر ہاتھ رکھا تھا۔ ٹائیگر کے سخت سینے کے ساتھ دل کا ماتھا ٹکرایا تو دل کو ایسے لگا جیسے بیچاری کا سر کسی نے دیوار کے ساتھ مار دیا ہو۔

تم نے مجھے سمجھ کیا رکھا ہے ٹائیگر نے دل کے جبڑے کو زور سے پکڑ رکھا تھا اور ایک ہاتھ اس کی کمر میں ڈالے ہوئے اسے خود کے ساتھ لگائے کھڑا تھا۔ تو میں کیا لگتا ہے کہ میں کوئی سڑک چھاپ عاشق ہوں آوارہ ہوں۔

جوہر لڑکی کے ساتھ پیار محبت کے دعوے کرتا پھرتا ہوں۔ ویسے میں نے ایساں بھی کیا کر دیا جو آپ نے اتنا گھٹیا ریکشن دیا۔ ٹائیگر نے غصے سے ایک ایک لفظ کو چبا کر بولا۔ دل کی کمر پر اپنے ہاتھوں کا دباؤ بڑھاتے ہوئے بولا اگر مجھے آپ کے ساتھ کچھ کرنا ہوتا تو مجھے نکاح کرنے کی ضرورت نہیں تھی۔

کسی لڑکی کو اپنے بستر کی زینت بنانا میرے لیے کوئی مشکل کام نہیں ہے۔ پاگل لڑکی اگر کچھ نہیں کیا ہے تو اس کا مطلب ہے کے میں آپ کو اپنی عزت بنا کر رکھنا چاہتا ہوں۔ بہت پیار کرتا ہوں آپ سے دل کی آنکھوں میں ٹائیگر کے ڈر سے آنسوں جاری تھے۔۔

دل کے آنکھوں میں آنسوں دیکھ کر اسفند نرمی سے بولا پلیز اب رونا بند کرو دل میں آپ پر کوئی سختی نہیں کرنا چاہتا۔آپ کی آنکھوں میں آنسوں مجھے تکلیف دے رہے ہیں آپ نے جوری ایکٹ میرے ساتھ کیا ہے اگر آپ کی جگہ کوئی اور کرتا تو میں جان لے لیتا اس کی۔۔

اسفند شہریار کی دنیا دیوانی ہے ہزاروں لڑکیاں مجھ پر مرتی ہیں۔ہاں تو اسی دیوانی دنیا سے دو تین لڑکیاں پکڑ کر نکاح کر لے دل سوسو کر کے روتے ہوئے ٹائیگر کی بات کو بیچ میں ہی کاٹ کر بولی۔

اس کے معصوم سے غصے پر تو اسفند کے انابی لبوں پر مسکراہٹ بکھر گئی۔
اب میں کیا کروں جو میرا دل آپ پر مر مٹا ہے مجھے دو تین نہیں چاہیے مجھے تو

صرف ایک چاہیے وہ بھی آپ اور بس آپ اسفند دیوانوں کی طرح دل پر
اپنی نظرے جمائے ہوئے کھڑا دیکھ رہا تھا۔

یہ عاشقی تم سے شروع تم پہ ختم
یہ دل لگی تم سے شروع تم پہ ختم
اسفند نے دل کے پاس ہو کر سونگ کے دو
بول شاعری کے انداز سے اس کے کان میں کہے تھے۔۔
اسفند شہر یار کی دنیا دیوانی ہے اور اسفند شہر یار اس کانچ کی گڑیا کا دیوانہ ہو گیا
ہے اب تو دل آپ کو میری پناہوں میں ہی رہنا ہے چاہے پیار سے رہیں یا
زبردستی یہ آپ کی مرضی ہے۔اسفند دل کے قریب ہو کر دل کے ماتھے
سے اپنا ماتھا ٹکا کر آنکھیں بند کر کے اپنے آپ کو سکون دے رہا تھا۔

پیچھے ہٹے اس طرح سے میرے پاس مت آئیں۔اسفند کو پیچھے کر کے غصے سے چلائی۔میری جان آپ کے پاس نہ آؤں تو کہاں جاؤں جب سے آپ کو دیکھا ہے نہ دن کو سکون ہے نہ راتوں کو چین
میرے دل کا سکون ہو تم آپ کو میری اتنی سی بات کیوں نہیں سمجھ آ رہی۔

اسفند نے دل کی کمر میں ہاتھ ڈال کر پھر سے اسے اپنے قریب کر لیا۔اور اپنی مردانہ چھوٹی چھوٹی داڑھی والی چیکس کو دل کی نرم گلابی چیکس کے ساتھ رب کرتے ہوئے بڑا مدہوش سا ہو کر بول رہا تھا۔
پلیز دل اپنی مرضی سے اپنی خوشی کے ساتھ میری زندگی میں شامل ہو کر میری زندگی میں خوشیوں کے رنگ بھر دو میں وعدہ کرتا ہوں ہمیشہ آپ خوش رکھوں گا۔اپنی پلکوں پر بٹھا کے رکھوں گا کوئی غم آپ کے پاس نہیں آنے دوں گا۔

دل بنا اسفند کی کسی بات کو غور سے سنے ہوئے اس گرفت سے نکلنے کی مسلسل کوشش کر رہی تھی

دل اس طرح کی حرکت دوبارہ مت کرنا جو دل میں آئے وہ سب کرنا آپ کا ہر نخرہ ہر ادا ہر بچپنا سر آنکھوں پر مگر کبی میری محبت کو اگنور کر کے مجھ سے دور ہونے یا میری گرفت سے نکلنے کی کوشش بھی مت کرنا میری میری گرفت سے نکلنا اتنا آسان نہیں ہے۔

جتنا آپ سمجھ رہی ہو جو چیز میری ہوتی ہے۔

جب تک میں خود نا نہ چاہوں آپ میری گرفت سے نہیں نکل سکتی۔ یہ بات ہمیشہ ذہن نشین کر کے رکھنا۔

ٹائیگر نے دل کی کن پٹی پر دو انگلیوں کو دباتے ہوئے کہا۔ میں تو اپنی بے جان چیزوں کے لیے اتنا

پوزیسو ہوں تو پھر میں آپ کو کیسے جانے دوں گا۔آپ تو میری محبت ہو۔
اسفند شہریار کی محبت اور ٹائیگر جنون ہو آپ۔

پیار سے بول رہا ہوں میری زندگی میں شامل ہو جاؤ ساری دنیا کی خوشیاں لا کر آپ کے قدموں رکھ دوں گا۔اگر مجھ سے دور جانے کی کوشش کی تو یہی دنیا آپ پر اتنی تنگ کر دوں گا کہ آپ کا سانس لینا بھی مشکل ہو جائے گا۔

مجھے ٹائیگر بننے پر مجبور مت کرنا دل تمہاری نازک جان ٹائیگر کا غضب برداشت نہیں کر پائے گی۔پلیز اب رونا بند کرو دل میں آپ پر کوئی سختی نہیں کرنا چاہتا۔

دل کے آنسوں اسفند کو تڑپا رہے تھے۔ٹائیگر اتنا نرم دل تو کبھی بھی نہیں تھا جو کسی کے آنسوں دیکھ کر یوں پگھل جاتا مگر نہ جانے اس لڑکی میں ایسا کیا تھا کہ اس کے آنسوں ٹائیگر کو تکلیف دے رہے تھے۔

اگر مجھے آپ ساتھ کچھ کرنا ہوتا تو مجھے نکاح کرنے کی ضرورت نہیں تھی پاگل لڑکی اگر کچھ نہیں کیا ہے تو اس کا مطلب ہے کے آپ کو اپنی عزت بنا کر ہمیشہ اپنے ساتھ رکھنا چاہتا ہوں۔ مجھے آپ کا پیار چاہیے آپ کے جسم کی بھوکھ نہیں ہیں۔

بے وقوف لڑکی بہت پیار کرتا ہوں آپ سے

دل کی آنکھوں میں مسلسل آنسوں آنے کی وجہ سے اسفند کی گرفت ڈھیلی ہو گئی تھی۔ پلیز اب رونا بند کرو ویسے مجھے بہکانے میں بھی آپ ان آوارہ لٹوں کا زیادہ قصور ہے ان کو سنبھال کے رکھا کرو۔

دل کا ڈرا ہوا چہرہ دیکھ کر اسفند دل کو نورمل کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ چلو شاباش اب اچھے بچوں کی طرح منہ ہاتھ دھوں کر آؤ میں آپ کے لیے کھانا نکالتا ہوں۔

دل فریش ہو کر نکلی تو اسفند ٹیبل پر کھانا لگا چکا تھا آجاؤ شاباش ایک کرسی کو کھینچتے ہوئے اسفند نے اس پر بیٹھ نے کا اشارہ کیا۔ دل آکر چپ چاپ کھانے کی ٹیبل پر بیٹھ گئی دل اس وقت بہت ڈری ہوئی تھی۔

اسفند اسے کھانا کھاتے چھوڑ کر اپنے آفس روم میں آگیا تا کہ وہ نارمل ہو کر کھانا کھا سکے دل کو کافی بھوک لگی ہوئی تھی اسفند کے جانے کے باد جلدی جلدی کھانا کھانے لگی۔ ٹائیگر اپنے آفس روم کے
لیپ ٹاپ سے دل کو کھانا کھاتے ہوئے دیکھ کر مسکرایا میری بھکڑ بیوی ۔اپنے غریب شوہر کو بھی پوچھ لو کے اس نے بھی کھانا کھایا ہے کہ نہیں۔

بھوک تو مجھے بھی بہت لگی ہے۔ میڈم آپ کے عشق میں کل رات سے میں نے بھی کھانا نہیں کھایا وہ دل کو لیپ ٹاپ کی سکرین پر دیکھ کر خود سے ہی باتیں کر رہا تھا۔ وہ دل کو دیکھ کر مسکرا رہا تھا اتنے میں امجد کی کال آنے لگی تو وہ فون بات کرتے ہوئے مصروف ہو گیا۔۔

اسفند کافی دیر کے بادروم سے باہر آیا تو دیکھا کہ دل کھانا کھانے کے بعد صوفے پر ہی آلتی پالتی مار کر بیٹھی ہوئی تھی۔ اور اداس سی خالی خالی نظروں سے اپنے پیروں کو دیکھے رہی تھی ۔دل آپ ابھی تک سوئی نہیں۔

آپ نے بتایا ہی نہیں کہ کہاں سونا ہے۔ دل کی طرف سے معصوم سا جواب آیا۔ میری جان نورملی لوگ تو بیڈ روم میں ہی سوتے تھے۔ بیڈ روم تو ایک ہی ہے۔ اگر میں سو جاؤں گی تو آپ کہاں سوئے گے۔ میں بھی بیڈ روم میں ہی سوؤں گا۔

اسفند بات کرتے کرتے ہوئے بیڈ روم میں آگیا۔اور کبڑ سے اپنے لیے نائٹ سوٹ نکالنے لگا۔دل کچھ کہنا چاہتی ہو۔دل جو اسفند کے پیچھے پیچھے روم میں آکر اسفند سے تھوڑی دور کھڑی ہو کر اپنے ہاتھوں کو مروڑ رہی تھی۔

اور کنفیوز اور ڈری ہوئی اپنے ہونٹوں کو چبا رہی تھی۔جی کہنا ہے۔ مسلسل اپنے ہونٹوں کو چھپا رہی تھی۔

میری جان پلیز ان کو ہمارے لی لیے رہنے دو۔اپنے ہاتھ کے انگوٹھے سے دل کے ہونٹوں کو آزاد کرتے ہوئے بولا۔اسفند کے ہاتھ لگانے سے دل نے جلدی سے گھبرا کر دو قدم پیچھے لیے۔اسد نے اس سے بھی زیادہ تیزی کے ساتھ اس کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے اپنی طرف کھینچا اور گھومتے ہوئے کبڑ کے ساتھ لگا کر اسکے ہاتھ اوپر کی طرف کرتے ہوئے پن کر دیا۔

اس کی نظر دل کے ہونٹوں پر تھی۔ وہ بے اختیار ہو کر دل کے نازک سے لبوں پر جھکا اور اپنے انابی لبوں کی قید میں لے گیا۔ اسفند ابھی ایسا کچھ نہیں کرنا چاہتا تھا۔

وہ دل کو ٹائم دینا چاہتا تھا۔ تاکہ وہ خود سے اسفند کو ایکسیپٹ کر سکے۔ مگر جب جب دل اس کے سامنے آتی وقت کمزور پڑ جاتا۔ ابھی بھی یہی ہوا تھا وہ بنا ارادے کے ہی دل کے اتنے نزدیک ہو گیا تھا کہ اس کی سانسیں روکے میں کھڑا تھا۔

وہ اتنی شدت سے لبوں پر جھکا ہوا تھا کہ دل کی سانسیں گھٹنے لگی تھی۔ دل نے اپنے دونوں ہاتھ اس کے سینے پر رکھ کر اسے پیچھے کو دھکیلا۔

اسفند نے بڑی مشکل سے خود کو دل سے پیچھے کیا۔ یہ آپ کیا کر رہے تھے

اس بار دل کا لہجہ شرموں حیاں سے ڈوبا ہوا تھا۔ پتا نہیں میری جان کیا کر رہا

تھاپر جو بھی کر رہا ہوں یقین مانو دل کے ہاتھوں سے مجبور ہو کر رہا تھا۔ سچ میں میرا ایسا کرنے کا کوئی ارادہ نہیں تھا۔

دل یہ آپ نے مجھے کیا کر دیا ہے۔ میں ایسا تو کبھی بھی نہ تھا۔ اسفند اپنی نشیلی آنکھوں سے دل کو اس طرح دیکھ رہا تھا دل کو خوف آنے لگا۔ کیا آپ نے شراب پی ہے) ہاہاہاہا (ٹائیگر کا قہقہا پورے روم میں گونجا۔ وہ ہنستاں ہوا کتنا خوبصورت لگ رہا تھا۔

اس کی گالوں پڑے ڈمپلز جو ہنسنے کی وجہ سے اور بھی گہرے ہو گئے جن کو دیکھ کر دل جو تھوڑی دیر پہلے اتنی گھبرئی ہوئی تھی اسفند کھلکھلا کر ہنستے ہوئے دیکھ کر دل کا دل سو کی سپیڈ دھڑکا تھا۔

دل کے دماغ میں یہ بات آئی کہ یہ شخص کتنا خوبصورت ہے اس کو یوں
کھلکھلاتے ہوئے ہنستے دیکھ کر دل کے منہ سے بے اختیار ماشاءاللہ نکلا تھا۔

ایسے نہ مجھے تم دیکھو

سینے سے لگالوں گا۔

جس بات کا تم کو ڈر ہے

وہ کر کے دکھادوں گا۔

اسفند دل کو اپنی طرف غور سے دیکھتے ہوئے دل کے پاس جا کر اسکے کانوں
میں یہ سونگ گنگنا

رہا تھا۔

تیرے سامنے آجانے سے

میرا دل یہ دھڑکا ہے۔
غلطی نہیں ہے میری

قصور نظر کا ہے

جس بات کا تجھ کو ڈر ہے

وہ کر کے دکھادوں

گا ایسے نہ مجھے تم دیکھو

سینے سے لگالوں گا

تم تم کو میں چرالوں گا

سینے میں چھپالوں گا۔

میری جان میں شراب نہیں پیتا مجھے آپ نشہ ہے جو میرے سر چڑھ کر بول رہا ہے۔اسفند اپنے گالوں کو دل کی گال سے رپ کر رہاں تھا۔ دل پوری طرح سے اس کے کے سحر میں جکڑی ہوئی کھڑی تھی۔

اس وقت اسفند دل کو اپنی باہوں میں لے

کر کھڑا تھا مگر اس وقت وہ کوئی مزاحمت نہیں کر رہی تھی۔ بس اسفند کی آنکھوں میں دیکھے جا رہی تھی۔ دل کے لیے یہ احساس نیا تھا۔ جس سے وہ سمجھ نہیں پا رہی تھی۔

جب بھی علی دل کے پاس آتا دل کو اس کا پاس آنا بہت برا تھا۔ مگر اسفند کا قریب آنا دل کو اچھا لگ رہا تھا بس دل کو اغوا کر کے لے کے آیا تھا۔ اگر یہ سب نہ ہوتا تو شاید دل اپنی قسمت پر رشک کرتی۔

کہ اتنا پیارا شہزادہ اللہ نے دل جیسی لڑکی کی قسمت میں لکھ دیا۔ جس نے کبھی زندگی میں نا اچھا کھایا اور نا ہی اچھا پہنا تھا۔ کہا اس نے چھوٹی چھوٹی چیزوں کو ترستے ہوئے زندگی گزاری اور یہاں اسفند جیسا شہزادہ جو اس کو اتنا چاہتا تھا۔

تم سے پہلے تم سا کوئی ہم نے نہیں
دیکھا۔ تمے دیکھتے ہیں مر جائیں گے

یے نہیں تھا سوچا۔

دل کی گردن پر اپنے لبوں سے پیار کرتے ہوئے وہ بیچ بیچ میں اپنی خوبصورت آواز میں رومینٹک سونگ کے بول گنگنا رہا تھا۔ اسفند کی آواز بہت خوبصورت تھی جتنا خوبصورت ہے وہ خود تھا اس سے زیادہ خوبصورت اس کی آواز تھی۔

اس کی آواز ایسی تھی کہ جیسے وہ فل نشے میں ہو اسفند کی قربت دل کو سکون دے رہی تھی اسفند اور دل پتانی کب تک پیار کے حسین لمحوں میں کھوے رہتے۔

مگر اسفند کے فون پر آتی۔ کال کی رنگ ٹون نے ان کو حوش کی دنیا میں واپس لے آئی۔ اسفند کو اس وقت فون زہر لگ رہا تھا۔ غصے سے فون کو پینٹ کی پاکٹ سے نکال کر بنا دیکھے کہ کس کا فون ہے فون کو بیڈ پر اچھال دیا۔

میں باہر لاؤنج میں جا کر سو جاؤ۔ دل حیا کے رنگ سے بکھری شرم کے مارے گھبرائی ہوئی جلدی جلدی جان چھڑانے کے انداز میں بولی۔

نہیں آپ روم سے باہر نہیں سو سکتی میرے آنے سے پہلے پانچ منٹ کے اندر بیڈ پر سو جاؤ ورنہ میں باہر آ کر اپنے سینے سے لگا کر سلاؤں گا۔ اب چوائس آپ کی ہے۔ کہ آپ بیڈ پر سونا پسند کریں گی یا میرے سینے پر۔

کہتا ہوا قبر سے اپنا ٹراؤزر اور شرٹ لے کر باتھ روم میں چلا گیا۔ دس منٹ بعد جب باہر نکال تو اسفند کی امید کے عین مطابق دل بیڈ پر آنکھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے سونے کی مکمل ایکٹنگ کر رہی تھی۔

ڈرامے باز ڈرپوک چلو میری جان دیکھتا ہوں کب تک آپ میری قربتوں سے اس طرح دور بھاگتی ہے۔ وہ دن دور نہیں کہ جب آپ کو میری پناہوں سے زیادہ کہیں سکون نہیں لے گا ۔ایک بار میری باہوں میں آکر تو دیکھو میری جان کتنے خوبصورت جذبات اپنے دل کے اندر چھپائے ہوئے بیٹھا ہوں۔

کتنا تڑپایا ہے آپ نے مجھے ان دو مہینوں میں اپنی ایک ایک تڑپ کا آپ سے گن گن کر حساب لوں گا۔ بس میری جان تھوڑا سا آپ سنبھل جائیں۔

وہ مسکراتا ہوا اپنے دل میں سوچتا ہوا میر ر کے سامنے آکر کھڑا ہو کر بال ٹاون سے خشک کرنے لگا۔ دل جو جاگ رہی تھی بس اسفند کی باتوں کے ڈر سے سونے کی ایکٹنگ کر رہی ہ چور آنکھوں سے اپنی انکھوں سے تھوڑا سا بازو ہٹا کر اسفند کو ہی دیکھ رہی تھی۔

وہ لگا ہی اتنا خوبصورت رہا تھا دل سے اسے دیکھے بنا رہا ہی نہیں جا رہا تھا۔ کالے ٹروزر میں کالی سلیف لیس شرٹ پہنے ڈاک برون بکھرے گیلے بال گورے چہرے پر چھوٹی چھوٹی داڑی جس کو بڑی مہرت سے سیٹ کیا ہوا تھا ۔اس کی نشیلی آنکھیں جو بنا پیے ہی نشے میں رہتی تھی۔ ٹی شرٹ کے گول گلے سے اس کے سینے سے مردانہ مظبوت سینا نظر آرہا تھا۔

اس کے جم والے ڈولے اس پر اس کے بازوں پر مردانہ بال جو اس کی شخصیت اور بھی نیکھار رہے تھے اس پر گہرے ڈیمپل جو دل کی جان نکال رہے تھے۔ اسفند کب میرل سے دل کی چوری چوری دیکھنے والی حرکتیں نوٹ کر رہا تھا۔

میری جان اپنی ذاتی پراپرٹی کو چوری نہیں تاڑتے حکم کرو تو پاس آجاتا ہوں۔ پورے کا پورا آپ کا ہوں۔ اچھے دیکھ لو وہ میر رمیں آنکھ مارتے ہوئے بولا۔ مگر دل نے اس طرہاں سے پرزینٹ کروایا کے وہ گہری نید سو رہی ہے اور نہ تو اس نے آنکھ مارتے ہوئے دیکھا ہے اور نہ ہی اس نے اس کی کوئی بات سنی ہے۔ ڈرامے بازا چھی ایکٹینگ کر لیتی ہو وہ مسکراتا ہوا بیڈ کی دوسری طرف آکر لیٹ گیا۔

ooooooooo

اسد لڑکیوں کوان کے گھروں تک باحفاظت پہنچاتے پہنچاتے بہت تھک گیا تھا۔اپنے آپ کو کچھ دیر آرام دینے کے لئے گاڑی سے ٹیک لگا کر کھڑا ہوا تھا۔اور کسی گہری سوچ میں تھا کے کہ ہمیشہ سے اسفند کو میرے اور مسکان کے نکاح کا پتہ تھا تو اس کا مطلب میں ہر سال جب پاکستان آتا تھا تو یہ بات بھی ضرور اسفند کو پتہ ہو گی۔

اومائی گاڈ میں کیسے بھول گیا وہ ٹائیگر ہے جو جرم کی دنیا کی ہر خبر پر نظر رکھتا ہے۔تو وہ کیسے اپنی اکلوتی بہن سے بے خبر رہ سکتا تھا۔ٹائیگر کی کال پر اسد سوچوں گی دنیا سے باہر آیا ہائے ٹائیگر اگر خود سے باتیں کر لی ہو تو گھر دفع ہو جاؤ۔

ٹائیگر کو اسد نے کچھ دیر پہلے ہی میسج کر کے بتایا تھا کہ سب کام اوکے ہو گیا ہے سب لڑکیاں باحفاظت اپنے گھروں تک پہنچ گئی۔اس لیے ٹائیگر کو پتا تھا کہ اب اسد فری ہے۔

ویٹ ویٹ تمہیں کیسے پتا کہ میں خود سے باتیں کر رہا تھا آئی تھنک تم نے مجھ پر کیمرے لگا رکھے۔ بڑی خوش فہمی ہے تمہیں اپنے بارے میں۔ تم ایسی بھی کوئی عظیم ہستی نہیں ہو کہ میں تم پر کیمرے لگاؤں اسفند جان بوجھ کر اسد کو چڑاتے ہوئے بول رہا تھا۔

کمینے بیسٹ فرینڈ ہے تو میرا دو جسم ایک جان ہے ہم۔اس لئے تو کیا کرتا ہے کیا سوچتا ہے مجھے سب پتا ہوتا ہے۔اب ذرا گھر تشریف لے جا ابھی تو تیرے سسر سو گئے ہونگے صبح جا کر ملنا تمہارے لئے کچھ سرپرائز ہے ان کے پاس۔

کیا سرپرئز ہے اسد نے تجسس سے پوچھا۔مجھے کیا پتا صبح اپنے سسر سے پوچھ لینا ابھی گھر جا کر آرام کرو میں نے خان بابا کو فون کر دیا ہے وہ تمارا حافظ کہہ کر اسفند نے فون بند کر دیا۔روم فریش کروا چکے ہے۔اللہ

اتنے سالوں بات اسد آج پر سکون ہو کر گھر جا رہا تھا۔۔آج اس کے دل کو سکون تھا کہ اسفند کو اس کے اور مسکان کے نکاح کا پتا ہے۔آج وہ کافی حلقہ محسوس کر رہا تھا۔اسد ہر سال پاکستان آ کر مسکان کو برتھ ڈے گفٹ اور بوکے سوتی ہوئی مسکان کے روم میں رکھ کر ۔گھنٹوں صوفے پر بیٹھ کر مسکان کو دیکھتا رہتا۔پھر اپنی حسرتوں کو دل میں لئے واپس چالا آتا۔

خان بابا کو مسکان اور اسد کے نکاح کا پتا تھا اس لیے اسے گھر میں آنے کا جانے کا کوئی مسئلہ نہیں تھا شہریار صاحب کئی بار کہا کہ بیٹا تم مسکان سے مل

لو مگر اسد ہر بار یہ کہہ کر انکار کر دیتا کہ نہیں جب تک اسفند کو نکاح کا پتا نہیں چلے گا میں مسکان سے کبھی نہیں ملوں گا۔

وہ کتنے گھنٹوں مسکان کو کھڑے تکتا رہتا مگر آج وہ مسکان کو نید سے اٹھا کر ملنے کی تمنا دل میں لیے جا رہا تھا اس کے دماغ میں اچانک ایک بات آئی اس کا مطلب کے پورے گھر میں کیمرے ہے جس کی وجہ سے اسفند کی نظر ہمیشہ گھر میں ہوئی ہے۔افف میں کیسے بھول گیا کہ وہ ٹائیگر ہے جس کی سوچ

وہاں سے شروع ہوتی ہے جہاں پر ہماری ختم ہوتی ہے۔

اس مطلب مسکان اور انکل کے روم کے سوا پورے کر میں کیمرے نصب ہے۔اسی لیے ٹائیگر کو اسد کا ہمیشہ پاکستان آکر مسکان سے نہ ملنے کا پتہ تھا۔

اب اسد بات کو مسکان کے رونے کی وجہ بھی سمجھ آئی۔اسفند نے کل رات اس سے یہی تو کہا تھا کہ اس کی بہن جو سالوں سے رو رہی ہے اس کا حساب کون دے گا۔کمینے کو میرے ہر سال یہاں آنے کی خبر تھی اور مجھے بھنک تک نہیں لگنے دی کیا دماغ پایا ہے تو نے ٹائیگر۔ایسے ہی تو لوگ تجھے انڈر مافیا کا ٹائیگر نہیں بولتے کمینے تو ڈیزرو کرتا ہے۔

اسد نے ہنستے ہوئے خان بابا کو کال ملائی امید کے مطابق خان چاچا نے دوسری بیل پر ہی کال اٹھالیا السلام علیکم خان بابا۔وعلیکم السلام اسد بیٹا کیسا کا ہے آپ۔ٹھیک ہوں خان بابا آپ کیسے ہیں اللہ شکر ہے۔آپ سے ایک چھوٹا سا کام تھا۔جی جی حکم کرو بیٹا۔خان بابا رات بہت ہو چکی ہے پلیز مسکان کی گیلری کا کیمرا اوف کر دے۔خان بابا ایک سمجھ دار آدمی تھا۔فورن سے سمجھ گئے تھے۔

اور ہنستے ہوئے بولے ٹھیک ہے بیٹا ابھی کر دیتا ہوں۔ چلو میری
پرنسس تیار ہو جاؤ ہماری کو ملاقات کے لئے اسد اپنے انابی لبوں سے
مسکراتے ہوئے نچلے کنارے کو دانتوں تلے دبا کر گاڑی میں بیٹھ گیا۔

مسکان سونے کے لیے قبرڈ سے نائٹ ڈریس نکال کر واش روم میں چلی
گئی۔اسد جو گیلری کا کیمرہ بند کروا کے اندر آ چکا تھا۔ گیلری سے روم میں
داخل ہوا تھا۔واش روم سے گرتے پانی کی آواز سے سمجھ گیا کہ مسکان واش
روم میں ہے۔

رات بہت ہو چکی تھی اسد کو اچھا نہیں لگا یہ وہ مسکان کے روم کے ڈور سے
اندر آتا ہے اور اسفند ہمیشہ کی طرح اسے کیمرے دیکھتا۔پہلے اگر دیکھ بھی لیا
تو بات اور تھی کیونکہ اسد دور بیٹھ کر ہی مسکان کو دیکھتا تھا اور روم کا دروازہ
بھی ہمیشہ وہ کھلا ہی چھوڑ دیتا تھا۔

مگر آج اس کے ارادے کچھ اور تھے آج تو اپنی تڑپتے ہوئے دل کو بھی
پرنسس سے ملا کر سکوں دینے والا تھا۔ مسکان بڑے آرام سے ٹاول سے
گیلے بالوں کو صاف کرتے ہوئے میرل کے سامنے آکر کھڑی ہوئی تھی۔

بلیک کلر کی پیروں تک نائٹی پہنے ہوئے اس کا گورا رنگ نائٹی۔ میں چمک رہا
تھا گیلے بال نہا کے نکھرا ہوا چہرا اور نائٹی کے ڈیپ گلے سے نظر آتی ہوئی اس
کی گوری اور نازک سی گردن اسد جو پردے کے پیچھے کھڑا ٹھنڈی آہیں بھرتا
ہوا اسے دیکھ رہا تھا۔

مسکان کو محسوس ہوا کہ روم میں کوئی ہے۔ اس نے اس نے ادھر ادھر نظر
دوڑائی اور اپنا وہم سمجھ کر پھر سے ٹاول سے بال خشک کر کے برش سے

بنانے لگے۔دوبارا سے وہی احساس ہونے پر اس نے گھبرا کر دیکھا مگر کچھ نہ نظر آنے پر آکر بیٹھ پر لیٹ گئی۔

اور اپنا موبائل فون اٹھا کے اسد کی کی تصویر کو موبائل کی سکرین پر دیکھنے لگی جو اسد نے آج اپنے اسٹیٹس پر لگائی تھی۔مسکان تصویر کو کس کرتے ہوئے اپنے سینے سے لگا کر لیٹ گئی۔

اس رخسار پر آنسوں بہ نکلے تھے فون کو سینے سے لگا کر روتے ہوئے وہ سونے لگی۔اسد گیلری میں کھڑا یہ سب دیکھ رہا تھا۔اسد کے دل کو یہ بات سکون دے رہی تھی۔

کہ اتنے سال ہجر کی آگ میں صرف وہ اکیلا نہیں جلا اس کی پرنسس بھی اسے اتنا ہی پیار کرتی ہے اس کی جدائی اس کو بھی تڑپاتی تھی۔

یہ دیکھ کر اسد کے دل کو سکون مل رہا تھا اسد ہر روز آپنی تصویر اسٹیٹس پر صرف اپنی پرنسس کے لیے ہی تو لگاتا تھا۔ وہ چاہتا تھا کہ روز اس کو تیار ہوئے مسکان دیکھ لے۔ مگر مسکان اتنے اچھے سے دیکھتی تھی یہ اسد کو پتہ نہیں تھا۔

آئی لو یو مائی پرنسس مسکان جو آدھی سوئی اور آدھی جاگتی ہوئی حالت میں موبائل سینے سے لگائیں لیٹی تھی اسد مسکان کے پاس بیڈ پر بیٹھ گیا اور اس کے کان میں سرگوشی کرتے ہوئے آئی لو یو بولا تھا۔

آہ آہ ڈر کے مارے مسکان کی چیخ نکلی اسد نے مسکان کے منہ پر اپنا ہاتھ رکھ کر روک دی اسد نے پھر سے مسکان کے کان میں سرگوشی کرتے ہوئے کہا (آئی لو یو) مائی پرنسس اور آہستہ سے مسکان کے منہ سے اپنا ہاتھ ہٹا لیا ۔

اسد آپ ہاں میری پرنسس آپ کا اسد اسد بیڈ پر لیٹی ہوئی مسکان کے اوپر جھکا ہوا تھا۔ مسکان اپنے ہاتھ اسد کی کمر کے پیچھے ڈال کر اسد کے سینے سے لگ گئی۔ یہ سب کچھ مسکان سے بے اختیار ہو گیا تھا۔

مسکان کو اپنی آنکھوں پر یقین نہیں ہو رہا تھا اسد کیا آپ سچ میں آ گئے ہیں یا میرا خواب ہے پرنس سے چھوء کے دیکھ لو۔ مسکان کے گالوں پر اسد کس کرتے ہوئے بولا۔ کتنی ہی دیر اسد مسکان کو اپنی باہوں میں بھرے مسکان کو ساتھ لیے ہوئے لیٹا رہا۔ مسکان مسلسل اسد کے سینے میں سر چھپائے رو رہی۔

اسد کی جان چپ ہو جاؤ کتنا رو گی۔ پلیز چپ ہو جاؤ اسد۔ مسکان کے چہرے کو پیار سے اپنے ہاتھوں میں لے کر بولا۔۔ آپ کو میری یاد نہیں آتی تھی

مسکان کی طرف سے پہلا شکوہ کیا گیا۔بہت یاد آتی تھی میری جان اور یاد تو
ان کو کیا جاتا ہے جن کو
کبھی بھولا جائے۔

آپ تو ہمیشہ میرے دل میں میری نظر میں میرے آس پاس تھی۔۔
جھوٹ اگر یاد آتی تو ملنے آتے فون کرتے۔فون کرنا تو دور کی بات آپ تو
میرا فون اٹھاتے بھی نہیں تھے۔اسد کے جواب کو رد کر دیا گیا تھا۔

غصے سے اپنے چہرے کا رخ دوسری طرف پھیر۔پلیز پرنسس یوں مجھ سے
نظر مت پھیر واس کے منہ پھیرنے پر اسد نے تڑپ کر مسکان کے منہ کا
رخ اپنی طرف کرتے ہوئے کہا۔آپ کو نہیں پتہ میں اس چہرے کو نزدیک
سے دیکھنے اور پیار کرنے کے لئے ان دس سالوں میں کتنا تڑپا ہوں۔

اسد کی آنکھوں میں نمی اتر آئی۔ جھوٹ تڑپی تو میں ہوں آپ کے لئے ہر روز میں آپ کو کالز کرتی وائس میسج کرتی۔ مگر آپ اتنے پتھر دل تھے کہ آپ میرا وائس میسج سین کر کے بھی کوئی جواب نہیں دیتے تھے۔ میں پھر بھی ہر روز آپ کو وائس
میسج بھیجتی تھی۔اس امید پر کہ شائد آپ کو مجھ پر ترس آجائے۔اور آپ میرا جواب دے دیں۔

میں ایک بار آپ کی آواز سننا چاہتی تھی مسکان ہچکیاں لے کر رو رہی تھی کبھی بھائی سے بات کرتے ہوئے آپکی آواز فون سے آتی تو میرا دل

کرتا میں آپ سے بات کروں۔ مگر اسد آپ کبھی مجھ سے بات نہیں کرتے تھے۔

میں آپ کی آواز سننے کے لیے ترستی رہتی تھی آپ کو دیکھنے کے لیے تڑپتی تھی ہر روز آپ کا اسٹیٹس چیک کرتی تھی سرف اس لیے کہ آپ کی پیچر لگی ہو گی تو 10 سالوں میں نے آپ کو ان پیچر میں ہی دیکھا ہے۔

اور اپنے پاس محسوس کیا ہے میرے پاس آپ کو یاد کرنے کے لئے اور کچھ نہیں تھا۔ اب کیوں آئے ہے آپ جائے یہاں سے اسد کو اپنے اوپر سے دھکیلتے ہوئے مسکان غصے سے اٹھ کھڑی ہوئی تھی۔

جائے یہاں سے مجھے آپ کی ضرورت نہیں ہے جب اتنے سال میں نے آپ کے بغیر کاٹ لیے ہیں تو باکی کی زندگی بھی گزار لوں گی ویسے اگر آپ کی جدائی میں تڑپ کر میں مر بھی جاؤں گی تو آپ کو کیا فرق پڑنا ہے۔

پرنسس ایسا دوبارہ غلطی سے بھی مت کہنا میں مر جاؤ گی آپ کے بنا اسد مسکان کے قریب ہوتے ہوئے بولا پرنسس پلیز ایک بار سمجھانے کا موقع تو دو۔

آپ کی کوئی بھی دلیل میرے اتنے سال کے رونے کا ازالہ نہیں کر سکتی۔

روتے ہوئے اسد کا ہاتھ پکڑ کر روم سے باہر نکالنے کے لئے دروازے کا ہینڈل گھمانے لگی تھی کہ اسد نے اس کو بازو سے کھینچتے ہوئے دروازے کے ساتھ ہی پن کر دیا۔

میری قربت توازالہ کر سکتی ہے نہ اسد نے کہتے ہوئے مسکان کے ہاتھوں کو دروازے کے اوپر کو کر کے پن کر دیا۔ چھوڑے مجھے اور جائیں یہاں سے مسکان آنکھوں میں آنسوں لیے اپنا آپ اسد سے چھڑوا کی کوشش کر رہی تھی۔

اتنا غصہ میری پر نسس اتنی کڑوی تو آپ کبھی نہ تھی اسد اپنا چہرہ مسکان کے قریب کر کے مسکان کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بول رہا تھا۔

میرے اندر یہ کڑواہٹ بھرنے والے بھی آپ خود ہیں۔ مسکان غصے سے آنکھوں کو گوما کر بولی۔

تو پھر تو مٹھاس پھرنے کا کریڈٹ بھی مجھے ہی ملنا چاہیے اسد مسکان کے نیچرل پینک نازک گلاب کی پتیوں جیسے ہونٹوں پر نظر جمائے ہوئے

شرارت سے بولا۔ مسکان کے چہرے پر غصے اور شرم وحیا کے بکھرے رنگ اسے اور بھی خوبصورت بنا رہے تھے۔ اور اسد کو بہکانے میں اپنا اہم کردار ادا کر رہ تھے۔

oooooooooo

آدی رات کو ٹائیگر کی آنکھ غیر معمولی طور پر کھل گئی۔ اور اسے کچھ غلطت ہونے کا احساس ہوا ٹائگر نے نظرے گھما کر پورے کمرے میں دل کو دیکھا اور آواز دی۔ دل کہا ہو آپ اسفند آواز دیتے ہوئے۔ دل کو پورے گھر میں دیکھ چکا تھا۔

باہر کے ڈور کی چابی اپنی جگہ سے غائب تھی۔ اسفند کا شک یقین میں بدل گیا دل گھر سے بھاگ گئی تھی۔ آہ ہ دل کیوں کیوں کیا آپ نے ایسا۔

ٹائیگر غصے سے چلایا اور سامنے پڑی ٹیبل کو زور سے ٹھوکر مارتا ہوا ۔گھر سے نکل آیا۔

آدھی رات کا وقت تھا۔اور ٹائگر آدھی رات کو پاگلوں کی طرح سنسان سڑکوں پر گاڑی کو بھگا رہا تھا۔اس کے ماتھے پر غصے سے انگنت بل سے پڑ رہیں تھے۔

اور ٹیگر کے اندر اس بات کا خوف تھا کہ دل کسی خطرے میں نہ ہو۔یہ ڈر ٹائیگر کے چہرے کے زاویوں کو بگاڑ کر اور بی خوفناک بنا رہا تھا
دل آپ کو اس غلطی کی سزا ضرور ملے گی۔

میری جان آپ کو اندازہ بھی نہیں ہے کہ آپ کتنی بڑی مصیبت میں پڑ سکتی ہو۔ٹائیگر گاڑی کے سٹیر نگ فریم پر غصے سے مکہ مار کر دانتوں کو پیستے ہوئے گاڑی کے شیشے سے باہر متلاشتی ہوئی نظروں سے خالی سڑک کو گھورتے ہوئے۔ گاڑی کو فل سپیڈ سے بھگا رہا تھا۔

میرے دشمن چاروں طرف گھات لگا کر بیٹھے ہے دل اگر آپ کچھ ہوا تو میں ختم ہو جاؤں گا۔دل کیوں آپ کو میری محبت میرا عشق میرا جنون کچھ بی نظر نہیں آرہا۔ٹائیگر گاڑی چلاتے ہوئے خد سے ہی باتے کیے جارہا تھا۔

غصے اور دل کو کھو دینے کے ڈر سے ٹائیگر کی آنکھے اس وقت لال انگارا ہو رہی تھی۔دل مجھے آپ سے یہ امید نہیں تھی کہ آپ ایسا بھی کر سکتی۔

ٹائیگر سڑک پر نظرے دوڑاتے ہوئے پاگلوں کی طرح خود سے ہی باتیں کر کے اپنا غصہ کم کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔

دل ایک بار مل جاؤ قسم سے آپ کبھی کھلے دروازے سے بھی بھاگنے کی کوشش نی کرو گی ٹائگر کا غصہ کم نہی ہو رہا تھا۔ بلکہ بڑھتا ہی جا رہا تھا جیسے جیسے وقت گزر رہا تھا ٹائیگر اور بھی زیادہ پریشان ہو رہا تھا۔

oooooooooooo

دل کب سے ویران سڑک پر بھاگ رہی تھی۔ اسے سمجھ ہی نہیں آ رہی تھی کہ یہ کون سی جگہ ہے۔ گھر سے بھاگتے ہوئے اس نے جوتے بھی نہیں پہنے تھے۔ دل کے پیروں میں سڑک کی باریک پتھری چبھنے کی وجہ سے دل کے پیروں میں کافی زخم ہو گئے تھے۔ اور ان میں سے خون نکل رہا تھا۔

سامنے سے آتے دو لڑکوں کو دیکھ دل کو امید کی کرن نظر آئی پلیز بھائی آپ میری مدد کرے مجھے یہ سمجھ نہیں آرہا کہ یہ کون سی جگہ ہے۔ لڑکے قہقاں لگا ہنستے ہوئے بولے۔ جی ضرور بتا سکتے ہے ہماری جان یہ۔ دوبئ ہے اور آؤ ہم تمہیں دوبئ کی سیر کروائے وہ بھی اپنے خرچے پر۔ دل نے لڑکوں کی باتوں سے خطرہ محسوس کرتے ہوئے اپنے قدم پیچھے کو ہٹانے لگی تو ایک لڑکے آگے بڑ کر دل کو بازوں سے پکڑ کر اپنی طرف کھینچا اور دل کے گلے سے دوپٹہ اتار کہ ہوا میں اچھال دیاں۔

یہ کیا بد تمیزی ہے دل چلائی۔۔ ابھی ہماری جان نے ہماری بد تمیزی دیکھی کہاں ہے۔۔ دل اپنا ہاتھ چھڑا کر مخالف سمت بھاگنے لگی۔

دل کی نظرے دور سے آتی ہوئی گاڑی کی لائٹوں کی روشنی پر پڑی تو دل پاگلوں کی طرح بنا دوپٹے کہ بکھرے ہوئے بالوں سے گاڑی کی طرف بھاگی۔ اور بچاؤ بچاؤ کی آوازیں لگانے لگی۔ لڑکے بھی دل کے پیچھے ہی بھاگے

آرہے تھے۔ٹائیگر جو دل کو ہی ڈھونڈ رہا تھا اس کی تیز نظریں دور سے ہی دل کو دیکھ چکی تھی۔

دل کی حالت دیکھ کر ٹائیگر کا دماغ غصے پھٹنے لگا تھا۔ٹائیگر چلتی گاڑی سے بھاگ اترا تو لڑکے ٹائیگر کو دیکھ چکے تھے۔ٹائیگر کے غصے
والے چہرے اور دبنگ پرسنیلٹی دیکھ کر لڑکے ڈر کے مارے بھاگنے لگے۔

۔ٹھاٹھا کی زوردار آوز آئی۔ٹائیگر نے کسی فلمی ہیرو کی طرح بناڈرے اپنی گاڑی سے پیسٹل نکال کر کسی ہیرو کی طرح گولیاں چلائی تھی۔

دل ٹائیگر کی طرف بھاگی۔دل جو پہلے سے ہی ڈری ہوئی گاڑی کی طرف بھاگ رہی تھی گولی کی آواز منہ پر ہاتھ رکھ کر چیخے مارنے لگی۔دل اس قدر ڈری ہوئی تھی کہ سامنے سے آتے ہوئے ٹائیگر کو بھی نہیں دیکھ پائی۔

دل کی حالت دیکھ کر ٹائیگر کا دل کر رہا تھا کہ ان لڑکوں کو جان سے مار ڈالے۔ مگر اسے دل کی وجہ سے ٹانگوں پر گولی مار کر ہی صبر کرنا پڑا۔ٹائیگر دل کے سامنے خون خرابا کر کے اپنا اصلی روپ دکھانا نہیں چاہتا تھا۔ٹائیگر سمجھ چکا تھا کہ دل بظاہر جتنی بہادر دیکھتی ہے مگر اندر سے وہ اتنی ہی ڈرپوک ہے۔

وہ ٹائیگر کا اصلی روپ ہضم نہیں کر پائے گی۔ٹائیگر نے بھاگ کر دل کو اپنی باہوں کے گھیرے

میں لیتے ہوئے اسے آپنے گلے سے لگالیا۔ چھوڑوں مجھے دل نے روتے ہوئے۔ٹائیگر کو دھکے دے کر پیچھے کرنے لگی۔

میری جان میں ہوں اسفند۔دل ریلیکس ہو جاؤ۔اسفند کی آواز پر دل نے منہ اوپر کر کے دیکھا تھا۔سامنے اسفند کو دیکھ کر بچوں کی طرح اپنے ہونٹ باہر نکال کر اسفند کے گلے میں باہوں کا گھیرا

ڈال کر اس کے سینے میں منہ چھپائے ہوئے رو دی۔

اس پورا جسم ڈر سے کانپ رہا تھا اس وقت دل کو اسفند سچ میں اپنا محافظ لگا رہا تھا۔دل کی حالت دیکھ کر ٹائگر کا دل کر رہاں تھا کے وہ ان لڑکوں کے ٹکڑے کر کے چھیل کوے ڈال دے۔

oooooooo

اسد مسکان کو سینے لگا کر اپنی محبت کی پناہوں میں لیے ساری رات مسکان کے کمرے میں رہا مسکان اپنا سارا غصہ بھول کر اسد کے سینے سے لگی ہوئی تھی اسد کی باہوں میں پر سکون ہو کر سو رہی تھی۔

اس بات سے بات سے بے خبر کہ جہاں مسکان کے لیے اسد کی مجودگی سکون کا باحث بنی ہوئی تھی۔۔وہی مسکان کی قربت اسد کی بے چینی کے وجہ بنی ہوئی تھی اسد اپنے منہ توڑ جز باتوں کو بڑی مشکل سے
لگام ڈالے ہوئے تھا۔۔۔اور وہ دشمنے جان
آرام سے اسد کے کمر میں ہاتھ ڈال کر اس کے سینے میں منہ چھپائے اپنے دس سال کی جدائی سے تڑپتے ہوئے دل کو سکون پہنچا رہی تھی۔

اسد ساری رات سو نہیں سکا،،اسد کا دل سو

کی سپیڈ سے دوڑ رہا تھا۔اسد کا دل مسکان کو پوری طرح سے اپنی دسترت میں چاہتا تھا۔ مگر اسد
اپنے کو دل سمجھا رہا تھا کہ وہ اپنی پرنسس کو رخصت کر کے پورے حق سے اپنی دسترت میں لے گا۔

بیشک وہ اس کے نکاح میں تھی۔اس پورا حق رکھنے کے باوجود اسد اپنی حد سے نی بڑا وہ حد جس کو خود اسد نے اپنے لیے مکرر کر رکھا تھا۔

مسکان اسد کے یار کی بہن تھی اور اس انسان کی بیٹی جس نے اسے کو اس وقت سہارا دیا جس وقت دنیا میں اسد کا کوئی اپنا نہ تھا اس مہربان انسان نے اپنے بچوں کی طرح اسد کو پالا ۔

اس میں اور اپنے بیٹے اسفند میں کبھی کوئی فرق نہیں کیا اور اپنی پیاری بیٹی کا ہاتھ کتنی آسانی سے

انس انسان نے اپنی بیٹے کے خلاف جا کر اسد کے ہاتھ میں دے دیا تھا۔

ایسے میں اسد اس مان کو کیسے توڑ سکتا تھا۔ وہ اپنے جذباتوں کے سامنے کیسے ہار مان سکتا تھا۔ انکل نے جس مان سے اپنی بیٹی کا نکاح اسد سے کیا تھا ۔ اسد اس مان کو کس طرح سے ان کے دکھ کا باعث نہیں بننا چاہتا تھا۔

بے شک مسکا نن اسد کے نکاح میں تھی وہ اس پر پورا حق رکھتا تھا مگر وہ انکل کی دعاؤں سے اور اسد کی رضامندی کے ساتھ رخصت کر کے اپنے ساتھ لے کر جانا چاہتا تھا۔

اسد دس سال سال تک صرف اسی وجہ سے مسکان سے دور رہاں بس نکاح کے باد آخری ملاقات وہ تھی جب اسد دس سال پہلے دوبئ آرہا تھا تو روم میں مسکان سے الوداع کہنے گیا۔

اسد مسکان کا چہرہ دیکھ کر اس سے دور رہنا
برداشت نہیں کر سکتا تھا اتنے سال سامنے نہ جانے کی وجہ یہی تھی کہ
اسد کو اچھے سے پتا تھا جب وہ مسکان سے بات کرے گا وہ اپنے آپ کو اس کے پاس جانے سے نہیں روک سکے گا۔

پچھلے دس سالوں سے وہ چپ کر کے ہر سال مسکان کی برتھ ڈے کی رات آتا اور مسکان کے لئے گفٹ اور مسکان کی پسند کے گلاب کے پھولوں کے بکے لے کر آتا اور گھنٹوں سوتی ہوئی مسکان کا صوفے پر بیٹھ کر بڑی حسرت بھری نگاہوں سے دیدار کرتا رہتا۔

اور وہ دشمن جان آرام سے نیند کی آغوش میں سوئی رہتی پھر اس کے اٹھنے سے پہلے اسد گھر سے خان بابا کو بتا کے واپس آجاتا۔جب کہ مسکان کے پاپا اس بات سے غافل نہیں تھے کہ اسد ہر سال پاکستان مسکان اس کی برتھ ڈے والے دن مسکان سے ملنے آتا ہے۔

مگر ان کو اسد پر پورا یقین تھا کہ وہ کبھی ان کا یقین خراب نہیں کرے گا۔اور اس پر اس کے پاپا کو یہ بھی یقین تھا کہ وہ اسد کے نکاح میں ہیں وہ اسد مسکان کا مہرم ہے۔

ادھر اسفند جس نے گھر میں کیمرے سکیورٹی کی بنا پر نصب کیے ہوئے تھے۔اسے یہ سب پتا تھا کہ مسکان کی برتھ ڈے پر اسد ہمیشہ پاکستان جاتا ہے۔

اسفند نے کئی بار اسد کو مسکان کے روم سے آتے جاتے کیمرے پر دیکھا تھا۔

اسد ہمیشہ روم کا دروازہ کھلا چھوڑ کر سامنے صوفے پر بیٹھ کر دور سے ہی مسکان کو دیکھتا تھا۔ مسکان سے اسد کی بے پناہ محبت اسفند کی نگاہوں سے چھپی ہوئی نہیں تھی۔

اسفند کو اپنے یار کی یہ ادا دل سے بھاتی تھی اس کی بہن ایسے شخص کے نکاح میں تھی۔ جو رشتوں کے تقدس کا احترام کرنا جانتا ہے۔ مسکان کو اسفند کی عزت سمجھ کر دوری بنا کے رکھتا تھا۔

یہ سب اسد کے لیے آسان نہیں تھا۔اپنی اس محبت سے دور رہنا جو اس کی شریک حیات تھی وہ اس کے اوپر پورا حق رکھتے ہوئے بھی دوری بنا کے رکھنا اسد کے لیے بہت مشکل تھا۔

مگر اس نے ان دس سالوں میں اسد نے مشکل وقت کو پار کر کے اسفند اور شہریار صاحب کے دل میں اپنے لیے بے حد عزت کا مقام بنالیا تھا۔اب فجر ہونے میں کچھ دیر تھی آج 10 سالوں کے بعد وہ اپنی محبت کے قریب آکر بہت پر سکون محسوس کر رہا تھا۔

آج اس کے دل میں یہ سکون تھا کہ اسے خود اسفند نے کہا ہے کہ جا کر میری بہن کو رخصت کر کے اپنے ساتھ لے آؤ۔۔اسد مسکان کے روم میں آیا تو اس نیت سے تھا کہ وہ مسکان کو مل کر کچھ محبت بھرے لمحے کچھ حسین پل اس کے ساتھ گزار کر اپنے روم میں جا کر سوئے گا مگر مسکان کی حالت ایسی نہ تھی کہ اسد اسے چھوڑ کر اپنے روم میں جاتا۔

اسد مسکان کے پاپا کے اٹھنے سے پہلے مسکان کے روم میں جانا چاہتا تھا۔ کہاں جارہے ہیں آپ اسد کے بیڈ سے اٹھ کر جانے کی وجہ سے مسکان کی آنکھ کھل گئی۔ نیند کی خماری میں ہی اسد کا ہاتھ پکڑ کر جواب طلب کر رہی تھی ۔میری جان باہر جارہا ہوں صبح ہونے والی ہے آپ کے پاپا ابھی تھوڑی دیر میں اٹھ جائیں گے ،اور ان کو بالکل اچھا نہیں لگے گا کہ ان کی پیاری بیٹی کے کمرے سے کوئی لڑکا باہر آرہا ہے ہو۔

اسد شرارت سے مسکرا کر بول رہا تھا۔جی نہیں آپ کوئی لڑکے نہیں میرے شوہر ہے۔مسکان نے بیڈ پر لیٹے ہوئے ہی ہاتھ پکڑ کر شرم سے نظرے گھوما کر بولی۔

جی وہی شوہر جسے کورات میں دھکے دے کر روم سے باہر نکال رہی تھی مزاق سے کہتا ہوا واپس مسکان کے اوپر ڈھیر ہو گیا۔اور اس کے گالوں کو

سہالنے لگا۔ آپ جائیں اسد کے اوپر لیٹنے والی حرکت سے۔ مسکان کی سانسیں روکنے لگی مسکان شرم سے لال ہوتے ہوئے بولی۔

میری جان قریب آتا ہوں تو شرما جاتی ہو، تو دور جاؤ تو گھبرا جاتی ہو اور ہاتھ پکڑ لیتی ہو چاہتی کیا ہو پرنسس، کیا آپنے عاشق کی جان لینے کا ارادہ ہے۔ وہ شرارتی انداز سے ہنسا تھا۔

حرکتے تو آپ کی جان لینے والی ہے۔ مسکان شرم سے نظرے جھکا کر بولی۔ اسد مسکان کے نازک گلابی ہونٹوں کو حسرت بھری نگاہوں دیکھتے ہوئے اپنے ہاتھ کی انگلیوں سے اس کے ہونٹوں سے چھیڑ چھاڑ کر رہا تھا ۔

اسد معصوم سا منہ بنا کر بولا میں نے میں نے کونسی حرکت کی ہے پرنسس پہلے تو آپ رخصت ہو کر میری دسترت میں ہے آجائے۔ پھر آپ کو ایک

نئے اسد سے ملواں گا۔ آپ نے یہ جو رو رو کر میری جان کھائی ہے نہ کہ اتنے سالوں میں، میں نے آپ کو کبھی یاد نہیں کیا اپنے ہر ایک انداز سے آپ کو باور کرواؤں گا کہ میں نے آپ کو کتنا یاد کیا۔

وہ مسکان کے کانوں میں سرگوشیاں کرتے ہوئے مسجان کی گردن پر اپنے محبت کی لو میں سلگتے ہوئے ہونٹوں کو رکھے ہوئے سکون دے رہا تھا۔ آپ کے ارادے کیا ہیں۔ اسد نے مسکان کے گردن پر اپنے لب رکھے تو مسکان کے جسم میں بجلی سی دوڑ گئی شرم کے مارے تڑپ کر بولی یہ کیا کر رہیں ہے۔

آپ نے ابھی ابھی تو آپ نے بتایا کہ ہم آپ کے شوہر ہیں میں نے سوچا تھوڑا سا بیانہ ہی وسول کر لیتے ہیں۔ اور ہاں ارادے آپ کو کھانے کے ہیں۔ اسد

نے کہتے ہوئے مسکان کی بیوٹی بون پر اپنے

دانتوں کا زور بڑاتے ہوئے بائیٹ کیا تھا۔آآآہ

دانتوں کی چوبن سے مسکان کی ہلکی سی چیخ نکلی۔جسے اسد نے جلدی سے اپنے

ہاتھ سے دبا دیا۔

چپ کرو پاگل لڑکی مرواؤ دو گی۔لڑکی میری اتنے سالوں

کی شرافت کو زلیل کرواؤ گی کیا اپنے پاپا کے سامنے۔اسد نے اتنے فلمی

انداز سے بولا تھا کہ مسکان کی ہنسی نکل گئی۔اوکے میں چلتا ہوں ۔آپ کے

حسن کی تاب لانے کی ہمت اسد خان میں اس سے زیادہ نہیں ہے۔

اس لیے پرنسس میرا روم سے جانا ہی زیادہ بہتر ہے۔ ویسے بھی انکل اٹھنے والے ہوں گے، دوبارہ کب آئیں گے اسد بیڈ سے نیچے اتر کر صوفے پر بیٹھ کر اپنا منہ نیچے کو چکائے ہوئے شوز پہن رہا تھا۔

مسکان کی اداس آواز سن کر اسد نے چہرہ اوپر کر کے مسکان کی طرف دیکھا ۔مسکان کے چہرے پر جو چند منٹ پہلے خوشی تھی اس وقت وہ اداسی میں بدل چکی تھی۔ مسکان کو اداس دیکھ کر اسد شوز چھوڑ کر کھڑا ہو گیا اور اپنے دونوں بازو پھیلا کر مسکان کو اپنی آنکھوں کے اشارے سے اپنے پاس بلایا۔

مسکان نم آنکھوں کے ساتھ چھوٹے چھوٹے قدم لے کر اسد کے پاس آ کر کھڑی ہو گئی۔ مسکان کے پاس آنے پر اسد نے پیار اسے اپنے سینے لگا کر محبت بھرے انداز سے اس کا ماتھا چوما۔

اپ سیٹ ہونے کی ضرورت نہیں ہے میں اپنے روم میں جارہا ہوں۔سچ مسکان نے جلدی سے اسد کے سینے سے منہ نکال کر اسد کی آنکھوں میں دیکھ کر پوچھا۔

ہاں میری جان بالکل سچ کہتے ہوئے اسد نے اور بی کس کے مسکان کو اپنی باہوں میں میچ لیا۔آپ کے ایگزام کب ختم ہونے میں کتنا ٹائم رہ گیا ہے۔دو ماہ مسکان نے اسد کے گلے لگے ہوئے ہی جواب دیا۔آپ کیوں پوچھ رہے ہے۔کیوں کہ میں اپنی
پیاری بیوی کو اور روتا ہو نہیں دیکھ سکتا۔

انکل سے اپنی بیوی کی رخصتی چاہتا ہوں۔آپ جلدی پیپر زدے لے۔اور تیار کرے خود کو میری پناہوں میں لانے کے لئے۔بہت ٹف ٹائم دینے والا ہوں میں آپ کو کھایا پیا کرو پرنسس۔اس وقت مسکان کی خوشی کی کوئی حد نہیں تھی۔ مگر اسد کی بے باک سی سرگوشیاں۔مسکان کو شرم سے دوچار کیے ہوئے تھی۔آپ جائے روم میں پاپا ابھی تھوڑی دیر میں اوٹھ جائینگے

جارہا ہوں مگر اتنا شرمایا مت کریں خانم پلیز اس طرح کا تو آپ مجھے اور پیاری لگتی ہیں رخصتی

کے باد بھی اگر آپ ایسے،میشرمایا کرے گی تو میں تو آپ کی جان کا عذاب بن جاؤں گا اسد نے مسکان کے کان میں سرگوشی کرتے ہوئے کہا۔

آپ کو بے شرمی والی باتیں کرنے کے سوا کچھ نہیں آتا۔جی میری خانم بے فکر رہیں۔

آپ کی

امیدوں پر پورا اتروں گا۔ صرف بے شرمی کی باتیں نہیں باقی بھی سب آتا ہے اسد نے مسکان کی بات کو کوئی اور ہی رنگ دے دیا تھا۔

اسد پلیز جائے مسکان اسد کو اپنے ہاتھوں سے دھکیلتے ہوئے روم سے باہر کرنے لگی۔ مسکان

اسد کی باتوں سے شرم سے لال ہو رہی تھی۔ سنے ہ خانم کا مطلب کیا ہے مسکان نے اسد سے بڑے تجسس کے ساتھ پوچھا۔

جیسے محبوب کی محبوبہ ہوتی ہے رانجھے کی ہیر ہوتی ہے لیلہ کا مجنوں ہوتا ہے اسی طرح سے۔ خان کی خانم ہوتی ہے جیسے آپ میری خانم ہیں اور میں آپ کا خان۔۔ مسکان کی نکاح کے باد اسد سے آج تفصیلی ملاقات ہو رہی تھی مسکان کے ذہن میں تو بچپن والے معصوم سے اسد کا عکس تھا۔

۔ مگر آج کے اسد کی باتے افففففففف اسد پلیز جائے اچھا اچھا جا رہا ہوں مسکان کی شرم کے مارے اسد کو روم سے باہر کر رہی تھی۔ مسکان کی حالت خراب دیکھ کر اسد قہقا لگا کر ہنستے ہوئے بولا مسکان کو نورمل کرنے کے لیے بولا۔

کیا آپ میرے لئے اپنے ان خوبصورت ہاتھوں سے ناشتہ بنائے گی اسد مسکان کے ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں لیے سہلاتے ہوئے بولا۔

نہیں بالکل نہیں بناؤں گی۔ مسکان نے نفی میں سر کو ہلا کر اسد کو چڑاتے ہوئے کہا۔ کیوں اسد نے حیرانی سے اپنے سینے پر دونوں ہاتھ باندھ کر مسکان کے سامنے کھڑے ہو کر پوچھا۔

کیوں کے آپ ک حرکتے میرے ہاتھو سے ناشتہ کرنے والی تو بلکل بھی
نہیں ہیں۔اچھا جی تو یہ بات ہیں۔تو پھر ٹھیک ہے اپنی حرکتوں کے حساب
سے
میں آپ کو ہی کھالیتا ہوں۔اسد اپنے دلکش
انابی ہونٹوں سے مسکراتا ہوا بول کر مسکان کی
طرف قدم بڑانے لگا۔

۔مسکان اسد کے قدم اپنی طرف بڑھتے ہوئے دیکھ کر۔اپنے قدم پیچھے کو
لیجانے لگی۔اسد نے مسکان کو بازو سے پکڑ کر اپنی طرف کھینچ کر کمر پر ہاتھ
رکھ
کر اپنے پاس کر لیا۔جواب دیجے کھالوں آپ کو۔نہیں آپ جائیں میں آپ
کے لیے ناشتہ ہی

بنادوں گی۔۔۔ گڈ۔۔۔ گرل۔۔۔۔یہ ہوئی فرمانبردار بیویوں والی بات
۔۔۔اور پرنسس آپ کے پاس ریڈ
ڈریس ہے اسد نے مسکان کی جھکی ہوئی نظروں کو دیکھ کر پیار سے پوچھا
۔جی ہے۔ تو آپ
ناشتے پر ریڈ ڈریس پہن کے بہت اچھے سی تیار ہو کے آنا۔

میں دیکھنا چاہتا ہوں میری پرنسس میرے فیورٹ کلر میں کیسی لگتی ہے
جواب دے پرنسس پہنے گی نا میرے لیے۔۔ مسکان کو چپ دیکھ کر اسد
بولا نے سوال کیا۔۔ کیا آپ میری اتنی سی بات نہیں
مان سکتی۔ صرف اپنی بیوی سے چھوٹی سی فرمائش ہی تو کر رہا ہوں۔ اچھی
بیویاں اپنے شوہر کے لیے اچھے سے تیار ہوتی ہے۔ جی ہو جاؤں گے نظروں
کو نیچے کیے ہوئے شرما کر جواب دیا۔ گڈ میں ویٹ کروں گا آپ کا ڈائننگ
ٹیبل پر کہہ کے

اسد مسکان کے روم سے باہر نیکل گیا۔۔

oooooooooo

اسفند دل سے دل کی حالت دیکھی نہیں جاہی تھی۔
دل کے پیروں پر سڑک پر ننگے پاؤں بھاگنے کی وجہ سے زخموں سے خون نکل رہاں تھا۔

اسفند نے دل کو اپنی باہوں میں اوٹھا کے لا کر گاڑی میں بیٹھا دیا۔اور خد ڈرائیونگ سیٹ پر برجمان ہو کر بیٹھ گیا۔چہرے پر سخت ناگواری کے تاسرات لیے اسفند بار بار روتی ہوئی دل کی جانب دیکھ رہا تھا۔

۔کیوں کیا آپ نے ایساں اسفند نے دل کی حالت کو مدے نظر رکھتے ہوئے اپنا غصہ دبا کر نرم لہجے سے سوال کیا۔مجھے اپنی امی کے پاس جانا ہے اور آپ

مجھے جانے نہیں دے رہے تھے اس لیے میں۔ بڑی ہی ماصومیت سے جواب دیا گیا۔دل کے جواب سے اسفند اور غصہ دلا گیا۔

دل آپ کو تمہیں اندازہ ہے کہ آپ کے ساتھ کیا ہو سکتا تھا۔ کیا ہوتا زیادہ سے زیادہ مر جاتی اسے زیادہ اور کیا ہوتا۔۔۔۔یہ بول کر دل نے ٹائیگر کا پارا۔اور بھی ہائی کر دیا۔

میری جان اگر مرنے کا اتنا شوق ہے تو میں خد گھر لے جا کر اپنے ہاتھو سے تمارا شوق پورا کر دوں گا اسفند دل کی طرف دیکھ کر غصے سے ہوئے بولا۔

اسفند کو اتنا غصے میں دیکھ کر دل سچ میں بہت زیادہ ڈر گئی تھی۔ ویسے بھی آپ کو اسفند کی پیار والی زبان سمجھ میں نہیں آتی میری جان گھر چلو آپ کو ٹائیگر سے روبرو کروا کر واتا ہوں۔

ٹائیگر کی سزا کے باد آپ کبھی ایسی حرکت کرنے کا سوچے گی بھی نہیں کرانا تو دور کی بات ہیں۔ غصے

سے ٹائیگر کو اتنی ٹھنڈ میں پسینے آرہے تھے ٹائیگر دل کو گاڑی سے نکال کر اپنی گود میں اٹھا کر روم میں لے آیا۔

اب دل کی جان پر بن ہوئی تھی یہ سوچ سوچ کر کے ٹائیگر اسے کیا سزا دے گا۔ کیا ان لڑکوں کی طرح میری ٹانگوں میں بھی گولی مار دے گا۔ ٹائیگر فرسٹ ایڈ بوکس لے کر آیا اور دل کے پیروں کی نرمی کے ساتھ ڈریسن

کرنے لگا دل بہت حیران ہو رہی تھی کہ ٹائیگر نے ابھی تک اس پر غصہ کیوں نہیں کیا اور سزا کیوں نہیں دی۔

ڈریسنگ کرنے کے بعد فرسٹ ایڈ باکس واپس اپنی جگہ پر رکھنے کے بعد ٹائیگر دل کے پاس آکر بولا۔

اٹھو جا کر شاور لو اور کپڑے بدلو دل کی قمیض کا ایک بازو پھٹا ہوا تھا اور بال بنا کیچر سے نکل کر شانوں پر بکھرے ہوئے تھے۔

دوپٹے کا کوئی عطا پتہ نہ تھا۔ ٹائگر کو اس وقت دل کی حالت بہت ناگوار لگ رہی تھی۔ میرے پاس کپڑے نہیں ہے۔۔ دل نے آہستہ سے من منا کر جواب دیا۔ میرے پہن لو کل لے آؤں گا۔ ٹائیگر اس وقت اپنے غصے کو ضبط کرنے کے لیے روم کی

ونڈوں کھڑکی کی لوہے کی سلاخوں کو اپنے ہاتھوں سے زور سے پکڑ کر کھڑا ہوا ونڈوں کے میرل سے باہر دیکھ رہا تھا۔

اسفند اپنے اوپر ٹائیگر کے غصے کو حافی نہیں ہونے دینا چاہتا تھا۔ اگر اسفند پر ٹائیگر حاوی ہو جاتا تو اسفند کو پتہ تھا کہ وہ دل کو کوئی نہ کوئی نقصان ضرور پہنچائے گا اس لیے وہ اپنے غصے کو ضبط کرنے کی پوری کوشش کر رہا تھا۔

آپ کے کپڑے مجھے فٹ نہی آئے گے آپ

اتنے بڑے اور میں اتنی جھوٹی سی ہوں۔ دل نے اتنے کو بہت لمبا کھینچتے ہوئے معسوم بچے کی طرح اپنی باہوں کو پھیلا کر بتا رہی تھی۔ ٹائیگر نے دل کی اواز پر پلٹ کر دیکھا اور دل کے پاس آیا۔

تو دل آپ گھر کو گھر سے بھاگتے ہوئے یہ بات یاد کیوں نی آئی کے میں اتتنا بڑا اور آپ اتنی چوٹی سی ہے۔اور جب میں آپ سزا دوں گا تو آپ کیا حشر ہو گا۔ٹائیگر نے دل کو ہاتھ سے پکڑ کر اپنی طرف کھینچتے ہوئے بیڈ سے اٹھایا اور اس کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے اپنے ساتھ لگاتے ہوئے آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر غصے سے دل کو دیکھا۔

دل کو لگا کے اسفند اب اسے سزا نہیں دے گا۔اس لیے بیچاری تھوڑا ریلیکس ہو کر سوال پوچھ رہی تھی۔

دل کی نظرے ٹائیگر کی نظروں سے ٹکرائی۔دل نے گھبرا کر نظریں نیچے جھکالی اور دوبارہ دل کی ہمت نہ ہوئی ٹائیگر کی آنکھوں میں دیکھنے کی۔

اس وقت ٹائیگر کی آنکھوں میں ایک وہشت طاری تھی۔ سوری اب ایسی غلطی نہیں کروں گی۔ میں اسکی نوبت ہی نہیں آنے دوں گا۔

ٹائیگر نے نیچے جھک کر دل کو اپنی گود اٹھایا اور واش واش کے اندر جا کر کھڑا کر دیا دو منٹ لگاؤ اور نہا کر فریش ہو اس کے بعد آواز دینا میں لے جاؤں گا کہتا ہوا واش روم سے باہر آنے لگا۔ دل کے پیروں میں کافی زخم تھے جس کی وجہ سے اس سے چلا نہیں جا رہا تھا اس لیے ٹائیگر اسے خود اٹھا کر واش روم میں چھوڑ کر آیا۔۔۔ وہ۔۔ میں۔ وہ۔ کیا

ٹائیگر پلٹ کر واپس دل کے پاس آیا اور دل کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر غرایا۔ ٹائیگر نے تو بڑی مشکل سے خود کو چپ کروا رکھا تھا ورنہ دل کی جو اس وقت حالت تھی اسے دیکھ کر تو دل کو ایک منٹ سے بھی پہلے سزا دینے کا موڈ تھا ٹائیگر کا بس دل کی حالت دیکھ کر صبر کیے ہوئے کھڑا تھا۔

کیاوہ میں وہ میں لگا رکھی ہے میں نہالادوں کیا۔۔۔۔اسفند نے
دل کی۔وہ۔میں کا یہ مطلب یہ نکلا تھا۔۔ نہیں میں تو کپڑوں کا پوچھ رہی
تھی۔دل شرمندہ سی ہو گئی اپنے کپڑے لا کر کر دیتا ہوں آپ کے کپڑے
صبح آجائیے گے۔

ٹائیگر نے اپنا ایک ٹروزر اور اور شرٹ نکال کر دل کو تھما دیا۔اور واپس آکر
بیڈ پر بازو سر کے نیچے رکھ کر آنکھیں موند کر سیدھا لیٹ گیا۔وہ خود کو
ریلیکس کرانے کی پوری کوشش کر رہا تھا۔ مگر ٹائیگر کا غصہ تھا اتنی آسانی
سے تو نہیں اتر سکتا تھا۔

دل کو واش روم میں گئے ہوئے کافی ٹائم ہو چکا تھا۔اسفند کو پتا تھا کے وہ جان بوجھ کر واش روم سے باہر نہیں آ رہی تھی۔اور اسفند کو دل کے نہ آنے کی وجہ بھی اچھی طرح سے پتا تھی۔دل باہر آؤ جلدی ورنہ مجھے خد اندر آنے میں دیر نہیں لگے گی۔اور میرے خیال سے آپ کو میرا یہ عمل بالکل پسند نہیں آئے گا۔

میں باہر کیسے آؤں آپ نے جو شرٹ مجھے دی ہے وہ ٹھیک نہیں ہے۔دل کی دبی دبی سی آواز باہر آئی۔اسفند نے دل کو جان بوجھ کر دل کو سلیف لیس شرٹ دی تھی۔دل میں نے کہا باہر آؤ سنائی کم دیتا ہے کیا جلدی باہر آؤ۔

اس خراب شرٹ کو پہن کے میں کیسے باہر آؤں دل منمنائی۔۔۔تو ٹھیک ہے ایک کام کرو اتار کے

آجاؤ مجھے تو کوئی اعتراض نہیں ہے۔

بے شرم۔دل ٹائیگر کے جواب سے دل تلملا
کر اپنے منہ میں ہی بڑبڑائی۔دل میں آخری بار بول رہاں ہوں باہر آؤ ورنہ
سزا اور بڑا دوں گا۔

آپ کو سزا دینے سوا بھی کچھ آتا ہے۔دل نے واش روم میں کھڑے
ہوئے ہی جواب دیا۔میری جان سب آتا ہے ایک بار باہر تو آؤ اسفند شراتی
سے بولا۔

بڑے ہی بے ہودہ ہو آپ۔یہ اعزاز تھوڑی دیر کے باد دینا۔پہلے مجھے کچھ
بے ہودہ کر تو لینے دوں۔ٹائیگر بیڈ پر لیٹا ہوا دل کو اونچی اواز میں بول رہا تھا۔

میں اس شرٹ میں باہر نہیں آؤں گی۔دل باہر آؤ میرا صبر مت آزماؤں ورنہ آپ کے لیے ہی مشکل ہو گی۔آپ کیا کرنے والے ہے میرے ساتھ۔

۔دل نے ڈری ہوئی آواز میں کہا۔رکوں اندر آکر بتاتا ہوں۔

نئ نئ اندر مت آنا میں باہر آتی ہوں دل کی جان نکل گئ تھی۔اسفند کی اندر آنے والی بات سن کر۔۔۔دل کیا ضرورت تھی بھاگنے کی اب بھگتو دل کو خد پر غصہ آرہا تھا۔۔دل کو اپنا حلیہ دیکھ کر شرم آرہی تھی۔

اسفند کا ٹروزر دل کے لیے بہت بڑا تھا ۔کہا وہ چھ فٹکا لمبا چوڑا انسان اور کہا۔وہ نازک سی جان۔ٹروزر کو نیچے سے فولڈ کیے کاندھوں پر ٹاول ڈالے ہوئے چھوٹے چھوٹے قدم لیتے ہوئے نظروں کو شرم سے جھکائے ہاتھوں کی انگلیوں مروڑتے ہوئے اپنی عادت سے مجبور ہو کر اپنے ہونٹوں کو دانتوں سے چباتے ہوئے سراپائے قیامت لگ رہی تھی۔

گیلا ٹاول ہٹاؤ کاندھوں سے ٹھنڈ لگ جائے گی ٹائیگر نے سرد لہجے سے کہا۔ نہیں مجھے شرم آرہی ہے۔ نظروں کو جھکائے شرم سے اس کے گال لال ہو رہے تھے۔ کیوں آرہی ہے آپ کو شرم۔ ٹائیگر اپنے دونوں ہاتھ سر کے نیچے رکھ کر بیڈ پر سیدھا لیٹا ہوا پوچھ رہا تھا۔

دل نے غصے سے ٹائیگر کی طرف دیکھا۔ زبان سے جواب دو آنکھوں سے مجھے بادمیں تاڑ لینا۔

میری شرٹ ٹھیک نہیں اس لیے دل غصے سے منہ پھولا کر بولی۔ دل کو ٹائیگر پر بہت غصہ آرہاں تھا۔

جو سب کچھ جانتے ہوئے بھی انجان بن رہاں تھا

کوئی بات نہیں میاں بیوی کو ویسے بھی پاس آنے کے لیے کپڑوں کی
ضرورت نہیں ہوتی۔۔اسفند کو دل کی حالت پر رحم آرہا تھا۔۔۔ مگر وہ جان
بوجھ کر اسے ڈرا رہاں تھا۔تاکہ دل ایسی غلطی دوبارہ نہ کرے۔
اسفند دل پر کوئی سختی نہیں کرنا چاہتا تھا مگر
اسے ڈرانا ضروری تھا تاکہ وہ کبھی اپنے لئے ایسا خطرہ دوبارہ نہ پیدا
کرے۔بے ہودا انسان نظرے گھوما کر
غصے سے منہ میں بڑبڑاتے ہوئے بولی۔

دل کی بڑبڑاہٹ دیکھ کر اسفند کے چہرے پر ایک مسکراہٹ کی لہر آئی جسے
اس نے فورن روک لیا
جب کچھ بے ہودا کروں گا تو تب خوشی سے یہ لقب دینا مجھے میں خوشی خوشی
قبول کرلوں گا۔

آپ کے پاس کوئی ڈھنگ کی شرٹ نہیں تھی۔دل کو اپنی حالت پر غصہ آرہا تھا۔بہت ساری ہے۔پھر مجھے اس طرح کی بیہودہ اور خراب شرٹ کیوں دی۔۔دل منہ کو پھلا کر آنکھوں کو چھوٹا کر کے دونوں ہاتھ اپنی کمر پر رکھ کر لڑنے والے انداز سے

بولی۔۔

کیوں کے میں خود چاہتا تھا کہ آپ یہ والی شرٹ پہن کے میرے پاس آؤ ۔۔۔کیوں۔۔۔تاکہ آپ ہو دیکھو۔۔۔استغفر اللہ۔۔تسبیاں بعد میں پڑھ لینا پہلے میرے پاس آؤ۔۔۔کیوں۔۔۔کیوں کے میری جان آپ اس وقت سزا کی مستحق ہو ہیں۔یہ بھی آپ کی سزا کا حصہ ہے اسفند نے بڑے آرام سے

بیڈ پر لیٹے ہوئے جواب دیا۔۔کاندھوں سے گیلا ٹاول اتار میرے پاس آؤں۔۔ٹائگر نے انگلی کے

اشارے سے دل کو پاس بلایا نہیں میں نہیں آؤں گی۔

کوئی بات نہیں میں اٹھا کر لے آؤں گا۔۔میں بھاگ جاؤں گی۔۔تمہارا حلیا بھاگنے کی ہی سزا ہے۔۔میں مر جاؤں گی۔۔۔آج کے بعد یہ خواہش بھی نہیں

کروگے۔۔مجھے آپ سے ڈر لگ رہا۔۔۔ٹائگر اس کے پاس آکر اس کے کاندھوں سے ٹاول ہٹا رہا تھا۔دل کا شرم سے برا حال تھا۔

تب ڈر کیوں نہیں لگا تھا۔۔جب سوتے ہوئے شوہر کو چھوڑ کر گھر سے بھاگ گئی تھی۔دل کو بانہوں میں بھر کر اٹھاتے ہوئے ٹائیگر اس کے چہرے کو بڑے غور سے دیکھتے ہوئے بولا۔۔معاف کر دیں پلیز اس وقت دل ڈری ہوئی معسوم سی بچی لگ رہی تھی۔۔۔

جسے کو دیکھ کر ٹائیگر اور بھی بے قابو ہو رہاں تھا۔ٹائیگر کبھی کسی کو معاف نہیں کرتا۔۔تو اسفند کر دے۔۔یہ اسفند کی دی ہوئی ڈیل کا نتیجہ تھا جو آپ نے گھر سے باہر قدم رکھا وہ بھی آدھی رات کو۔۔۔

دل کو بیڈ پر لٹا کر اسکے اوپر ہی دراز ہو گیا۔اور اپنے انابی لب دل کی بیوٹی بون پر رکھ کر اپنے لمس چھوڑنے لگا۔

اسفند پلیز۔اسفند کے شدت والے لمس کو بیک ٹو بیک سہنا دل کی نازک سی جان لیے آسان نہیں تھا۔

۔اسفند کو اپنے اتنے زدیک پا کر دل کی سانسیں تھمنے لگی۔۔اسفند کی سلیف لیس شرٹ میں کھلے بازوں ڈھلکا ہوا ڈیپ گلہ دل کو چھپانے سے قاصر تھا۔اسی لیے تو دل میں اپنے کاندھوں پر ٹاول ڈال رکھا تھا تاکہ وہ خود کو نظروں سے بچا سکے۔

اوپر سے اسفند کا کے اتنا قریب ہونا دل کی حالت خراب کر رہا تھا۔۔بولو دل جب گھر سے آدھی رات کو بھاگ کر گئی تو ایک بار بھی یہ خیال نہیں آیا کہ آپ اسفند شہریار کی عزت ہے۔

میرے نکاح میں ہو میری بیوی ہو۔ایک بار بھی یہ نہیں سوچا کہ اگر آپ ساتھ کچھ غلط ہو جاتا تو میں جیتے جی مر جاتا۔۔۔

اسفند سوال پہ سوال کئے جا رہا تھا۔ مگر دل کے پاس اس وقت کوئی جواب نہیں تھا۔دل سے تو اپنا دل ہی نہیں سنبھالا جا رہا تھا جواب بیچاری کیا خاک دیتی۔دل بڑی ہمت جمع کر کے بولی۔ایک بار معاف کر دیں۔پلیز آئندہ کبھی نہیں کروں گی۔

ٹائیگر کا اتنا پاس آنا دل کی جان نکال رہاں تھا۔ کر دوں گا معاف مگر سزا دینے کے باد۔ ٹائیگر جو اسے سزا دینا چاہتا تھا۔۔ مگر اس وقت دل کا مدہوش کر دینے والا حسن ٹائیگر کی کھلی شرٹ سے چھلکتا ہوا اس کا سراپا ٹائیگر کے لیے سزا بنا ہوا تھا۔

ٹائیگر تھوڑا سا دل کے چہرے پر جھکا تو دل نے زور سے انکھے بند کر لی۔۔
دل آنکھے کھولو۔۔ اسفند غصے سے بولا۔۔ نہیں مجھے شرم آ رہی ہے دل کا رونا شروع ہو چکا تھا۔ اپنے شوہر کے پاس آنے سے
آپ کو شرم آ رہی ہے۔ مگر جب وہ آورالڑ کے کہتے ہوئے ٹائیگر کا خون کھول اٹھا اس لیے ٹائیگر نے بات ادھوری چھوڑ دی۔۔۔

اور غصے سے دل کو جبڑے سے پکڑ کر پوچھا
بولو دل تب آپ کو شرم کیوں نہیں آئی۔ جب

وہ آوارہ لڑکے گھور گھور کے آپ کو دیکھ رہیں تھے۔۔ٹائگر کو کے دل پھٹے ہوئے کپڑے اور بنا دوپٹے والا حلیا یاد آیا تھا۔۔۔دل آپ کی ہر غلطی ہر نادانی ماف کر سکتا ہوں مگر اپنی عزت پر آنچ آتے نہیں دیکھ سکتا۔۔

آپ اس وقت عزت ہیں اسفند شہریار کی بیوی ہیں میری اس بات کو ذہن نشین کر لے سب کچھ برداشت کر سکتا ہوں مگر آپ کی عزت پر حرف آئے ۔مجھ سے سہا نہیں جائے گا۔وہ سمجھانے والے انداز سے بول رہاں تھا۔۔۔۔جی نہیں ہر بات پر آپ مجھ پر غصہ کرتے ہو کوئی غلطی معاف نہیں کرتے اسفند کی آنکھوں میں آنکھے ڈال کر بولی دل نے نیا انکشاف کیا۔

دل کی روئی ہوئی آنکھے اور بھی خوبصورت لگ رہی

تھی۔ جسے دیکھ کر اسفند کو اس بہت پیار آرہا تھا۔سے پہلے میں نے کب کیا ہے آپ پر غصہ اسفند نے سوالیہ انداز نظروں پوچھا۔

جب میں نے آپ کو نکاح سے منع کیا تھا آپ نے غصہ کیا۔اور جب میں نے آپ کو پیچھے کیا تھا۔

اس دن بھی آپ نے میرا منہ زور سے

ہ پکڑا تھا۔اور مجھ پر غصہ کیا تھا اور چلائے بھی تھے۔

ایک ہی بار میں ایک ہی سانس میں دل نے اپنے سارے شکوے زاہر کر دیے۔ہاہاہا اسفند کا دلفریب قہقہ کمرے میں گونجا تھا۔اور اسفند کے قاتل ڈینپل اور بھی گہرے ہوئے گئے تھے۔جن کو دیکھ کر دل اپنا شکوہ ایک پل کے لیے بھول گئ۔

میری جان نکاح کے وقت غصہ اس لئے کیا تھا۔کیونکہ آپ پیار سے نکاح کے لیے مان ہی نہیں رہی تھی۔۔پہلے سوال کا جواب۔۔اور دوسرے سوال کا جواب ہے کہ آپ نے مجھے پیچھے نہیں کیا تھا۔آپ نے مجھے دھکا دیا تھا ۔۔۔

میں شوہر ہوں آپ کا حق ہے میرا نام پر وہ الگ بات ہے کہ میں ابھی آپ کو ٹائم دینا چاہتا ہوں تاکہ آپ اپنی مرضی سے مجھے خود میں شامل کریں۔میں آپ سے اتنی محبت کرتا ہوں۔۔اتنی محبت سے آپکے پاس آیا تھا۔۔اور آپ نے میرے جذبات
کی توہین کی۔جس پر مجھے غصہ آیا تھا ہاں اگر آئندہ بھی کبھی میرے حسین جذبات
کے ساتھ ایسا کرو گی۔تو میں غصہ کروں گا۔

اسفند نے دل کے ہر سوال کا حرف بہ حرف جواب دیتے ہوئے پیار بھری نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا۔اگر میری جان کا کوئی اور سوال رہ گیا ہو تو وہ بھی پوچھ سکتی ہے۔

اسفند ابھی تک دل کے اوپر ہی دراز ہوا پڑا تھا

اب تو دل کی سانس اسفند کے وزن سے گھٹنے لگی تھی۔پلیز سائیڈ پر ہو جائے مجھے سانس نہیں آ رہی۔کیوں سانس نہیں آ رہی آپ کو۔ٹائیگر نے انجان بنتے ہوئے پوچھا۔۔جیسے کہ آپ کو تو پتا ہی

نہیں ہے نہ۔۔دل منہ کو مروڑتے ہوئے آنکھیں گول کر کے چھوٹا کرتے ہوئے بولی۔۔

پتا ہے پر میں آپ کے منہ سے سننا چاہتا ہوں۔ٹائیگر نے اپنا چہرہ دل کے اور بھی قریب کرتے ہوئے کہا۔۔

آپ کا جو اتنا لمبا چوڑا بھاری شریر ہے نا اس

کی وجہ سے مجھے سانس نہیں آ رہی۔دل آنکھیں گھوما کر بچوں کی طرح سے منہ بناتے ہوئے بولی۔

مگر میری جان اس بھاری شریر کی عادت ڈال لو۔

اسکو تو آپ کو ہر روز برداشت کرنا پڑے گا۔ٹائیگر بے باک نظروں سے دل کے خوبصورت سراپے کو دیکھتا ہوا دل کے اوپر سے ہٹ کر دل پاس ہی بیڈ پر لیٹ گیا۔

دل آپ کی اتج کیا ہے۔اسے کی کمر سے پکڑ کر قریب کرتے ہوئے
پوچھا ۔۔کیوں آپ نے مجھے اسکول میں ایڈمیشن دلوانا ہے۔ٹائگر کا اسے پھر
سے اپنے قریب کرنا دل کو غصہ دلا گیا ۔

نہیں میری جان آپ کو اپنے اندر میں ایڈٹ کرنا ہے تو چیک کر رہا ہوں کے
آپ کی اتج ٹائیگر کو سہنے کے قابل ہے کہ نہیں۔وہ دل کی گردن پر اپنے
لب رکھتے ہوئے۔اپنا چہرہ دل کے بالوں میں چھپانے لگا۔

اسفند کے ہونٹ دل کی گردن پر لگنے سے دل پر کپکپی طاری ہو گئی۔۔دل
خد کو میری قربت کے تیار کرو پلیز مجھ سے دور اور دور نہیں جا رہاں۔۔
اسفند نے دل کے کانپتے ہوئے جسم کو محسوس کر کے کہا تھا

اور دونوں ہاتھوں سے دل کو کس کے اپنے ساتھ لگا لیا۔دل نے گبھرا کر
پیچے ہونا چاہا۔دل منا کیا ہے نا مجھے اس طرح سے خود سے دور مت کیا

کرو۔ میرے خوبصورت جذباتوں کی توہین مت کیا کرو۔ اسفند کی بھاری گھمبیر اور جذباتوں سے چور آواز دل کے کانوں میں گونجی تھی۔

آپ کی اس نشے والی آواز سے مجھے ڈر لگتا ہے۔ دل نے ڈرتے ہوئے اپنے ڈر کا اظہار کیا۔ میری جان آپ کو مجھ سے ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ دل آپ کی قسم میں شراب نہیں پیتا۔

میں نے اپنی 30 سالہ زندگی میں کبھی شراب کو ہاتھ تک نہیں لگایا ۔ میری جان مجھے نشہ آپ کو دیکھ کر ہوتا ہے۔ اور اس نشے کا علاج بھی آپ کے ہی پاس ہے۔

ٹائیگر دل کے اوپر جھکا ہوا پیار سے دل کے چہرے کو دیکھ کر اپنے حسین جذباتوں کے تقاضے بتانے

کی کوشش کر رہا تھا۔ میں آپ کا علاج کیسے کر سکتی ہوں ۔ میری جان
کر سکتی ہو۔ اگر تھوڑی سی اپنے اندر ہی ہمت پیدا کر لے تو۔

تو ہی تو عشق ہے میرا ذرا سا
پیار تو دے دے فلک قدموں میں
آ جھکے حسیں لمحات وہ دے دے۔

اسفند سونگ گنگناتے ہوئے اپن ہونٹوں سے دل کی
گالوں اور گردن پر
پر اپنا پیار نچھاور کر رہا تھا دل کے لیے یہ احساس بہت نیا تھا۔ پتا نہیں دل کو
کیوں اسفند کی قربت میں سکون مل رہاں تھا۔ اسفند سے پہلے دل کی زندگی
میں جو آدمی تھا وہ اس کا منگیتر تھا دل کو گھر سے نکلنے کی زیادہ اجازت نہ تھی۔

سکول بھی صرف پانچویں کلاس تک گئی تھی۔اس لئے دل کا زیادہ مردوں سے کبھی آمنا سامنا نہیں ہوا۔

دل چھوٹی سی عمر میں بھی یہ محسوس کر سکتی تھی
کہ علی کی آنکھوں میں ہمیشہ دل کے لیے ہوس نظر آتی تھی ۔

۔علی کو جب بھی موقع ملتا۔وہ دل کے پاس آنے کی کوشش کرتا۔علی جب بھی دل کے پاس آنے کی کوشش کرتا دل کو اس سے بے چینی گھبراہٹ نفرت محسوس ہوتی۔

مگر اسفند جب بھی دل کے قریب آتا دل کو اس کی قربت اچھی لگتی تھی۔ اسفند کے چھونے سے پیار کرنے سے قدرتی طور پر دل کو شرم تو بہت آتی

تھی۔ مگر سچ تو یہ تھا کہ اسفند کی قربت میں دل اپنے آپ کو محفوظ محسوس کرتی۔ اسفند کی قربت میں ہوس نہیں پیار نظر آتا تھا۔

اس وقت بھی وہ اسفند کی بانہوں میں پر سکون لیٹی
ہوئی تھی۔ بس دل کی دھڑکنیں جو بے قابو ہو رہی تھی۔ اسفند کی پناہوں میں بس دل اپنے دل کو نہیں کو سنبھال نہیں پا رہی تھی۔

تیرے سنگ بھیگ جاؤں میں

وہ برسات تو دے دے۔

مکمل عشق ہو میرا ذرا سا

ساتھ تو دے دے۔۔

وہ اسفند اسے دیوانہ وار پیار کر رہا تھا۔ لگ ہی نہیں رہا تھا کہ یہ وہی انسان ہے جس سے اپنی 30 سالہ

زندگی میں کبھی کسی لڑکی کی محبت کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی۔اس سے
آدھی عمر کے لڑکی نے
اسفند کی جذباتوں کی دنیا میں طوفان برپا کر دیا تھا۔

اسفند دل کے جتنا قریب ہو رہا تھا اسفند اتنا ہی بے قابو ہو رہا تھا۔وہ دل کو
جتنا پیار کرتا اسفند کا دل اس سے زیادہ کی بغاوت پر اتر رہا تھا۔اسی
دیوانگی میں اسفند کے لب دل کے دل والے
مقام پر جا رکے تھے۔

(اسفند) نہیں دل نے دبی سی آواز میں سسک کر انکار کیا جس پر اسفند
نے اپنی جذباتوں سے چور آنکھوں سے چہرہ اوپر کر کے دل کی طرف دیکھا۔
اسفند کو منہ اوپر کرتے دیکھ کر دل نے نفی میں سر کو ہلایا۔
اسفند مسکراتے ہوئے اپنی رومینٹک آواز میں پھر سے گنگنایا۔۔

تیرے بنا جینا پڑے

وہ پل مجھے نہ دے

تو اتنی خوبصورت ہے

فدا دیدار پے تیرے

اسفند ایک بار پھر سونگ کا سہارا لے کر اپنے جذبات دل تک پہنچا رہا تھا۔

اسفند کی آواز میں

جادو تھا دل پھر سے اسفند کی آنکھوں میں گم ہونے لگی تھی۔۔

دل آپ کو پتہ ہے کہ آپ کتنی خوبصورت ہے اسفند نے اپنی نشیلی آنکھوں سے دل کے چہرے اور اسکے لبوں کو دیکھتے ہوئے کہا تھا۔ وہ بڑا بے چین سا ہو کر بول رہا تھا ۔اسفند دل کو ابھی سنبھلنے کا ٹائم دینا چاہتا تھا۔

کیوں کہ جن حالات میں اسفند نے دل سے نکاح کیا تھا ایسے میں دل کا اتنی جلدی اسفند کو ایکسیپٹ کرنا مشکل تھا۔اوپر سے دل کی اتیج کو لے کر بھی

اسفند کافی فکر مند تھا۔اسفند ایک 30 سال کا میچور آدمی تھا اس لیے وہ ہر چیز کو مدِ نظر رکھ کر ہی اگلا قدم اٹھاتا تھا۔

مگر دل کے پاس آتے ہی وہ کمزور پڑ جاتا۔اس کی ساری میچورٹی اور عقلمندی دھری کی دھری رہ جاتی تھی۔اس وقت بھی اسفند جو دل کو سزا دینا چاہتا تھا۔سب کچھ بھول کر اسفند کا دل بس دل کی قربت چاہتا تھا۔

مگر دل کے انکار پر وہ سمجھ گیا کہ دل ابھی اس کی قربتوں کے لئے تیار نہیں ہے۔ سمجھنے کے باوجود بھی وہ اپنے بے لگام جذباتوں کو قابوں نہیں کر رہا تھا۔

دل آپ یہ چین اپنے گلے سے اتار دے۔اور دوبارہ مت پہنا۔۔کیوں۔۔

اتار دوں مجھے یہ بہت پسند ہیں۔۔

دل نے ٹکا کر جواب دیا۔۔ مگر مجھے پسند

نہیں ہیں۔۔میں نہیں اتاروں گی۔۔اتارنا تو پڑے گی۔۔

اسفند کے انداز میں حکم تھا۔۔کیوں کوئی

زبردستی ہیں کیا۔۔۔۔اگر آپ کو پیار سے

سمجھ میں نہیں آتی میری بات تو مجھے

تو زبردستی کرنے میں بھی کوئی مسئلہ

درپیش نہیں آئے گا۔۔

مگر میرے خیال سے آپ کو میرا زبردستی والا انداز پسند نہیں آئے گا۔۔آپ

کو مصلہ کیا ہے میری

چین سے کیوں اس بیچاری کے پیچھے

پڑ گئے ہیں۔دل وجہ جاننا چاہتی تھی۔دل مجھے اس سے بہت جلن ہوتی ہے۔

دل کے گلے میں پہنے ہوئے چین کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔دل کی نازک گوری

گردن پر گولڈن باریک

سونے کی باریک سی چین اس کی خوبصورتی کو
چار چاند لگا رہی تھی۔آپکے اتنے پاس رکھنے کا حق صرف مجھے ہے۔آپ
کو چھونے گا حق بس مجھے ہے۔

دل مجھے ان بے جان چیزوں سے بھی جلن محسوس ہوتی ہے آپ میری ہو
صرف میری دل میں آپ پر کبھی سختی نہیں کروں گا یہ وعدہ ہے میرا۔۔
کبھی میری پناہوں سے دور جانے کی یا بھاگنے
کی دوبارہ کوشش مت کرنا پلیز۔۔۔۔دل آپ کی
ہر غلطی آپ کی سب نادانیاں سر آنکھوں پر۔

آپ کے ہر نخرے اٹھانے کے لیے آپ کا یہ عشق شوہر ہر وقت تیار ملے گا
۔آپ زندگی میں کبھی بھی میری محبت میں کمی نہیں پائیں گی۔اور اپنی اہمیت

کو پہچانوں آپ میرے لیے کیا ہو اس بات کو سمجھو۔۔دل آپ میرا پہلا پیار ہو میرا عشق ہو۔

آپ کے عشق نے مجھے پورے کا پورا بدل دیا ہیں۔
آپ میرا جنون ہو اور یہ جو آپ مجھے چوری چوری دیکھتی ہو۔۔میری جان میں آپ کا ہوں حق سے پاس آکر دیکھوں مجھے محسوس کرو۔

میں کتنا بے قرار ہوں اس کے لئے کہ آپ مجھے اپنے اوپر حق دو۔اور میرے اوپر اپنا حق جتاو۔نہ خود پاس آتی ہو میری جان نہ مجھے پاس آنے دیتے ہو شرارتی اور شوخ انداز سے بولا۔۔
جس سے دل شرما کر چہرا گوما گئی۔

دل یہ چین آتا ردو پلیز اسفند کی سوئی پھر سے چین پر آکر اٹک گئی۔ پتا نہیں یہ چین اسفند کو کیوں

لاشعوری طور پر زہر لگ رہی تھی۔دل کو اسفند کو جلانے کے لئے ایک وجہ مل گئی تھی۔

دل اسفند کو جلانے کے لیے بولی۔ میں یہ نہیں اتار سکتی یہ کسی کے پیار کی نشانی ہے اس نے مجھے

بہت پیار سے دی ہے وہ مجھ سے بہت پیار کرتا ہے اور میں بھی اسے بہت پیار کرتی ہوں۔۔

دل اترا کر بولتی ہی چلی گئی۔وہ تو صرف صرف اسفند کو جلانے کی غرض سے بول رہی تھی۔بنا سمجھے کہ اس بات کا انجام کیا ہونے والا ہے۔دل کا یہ بولنا کہ وہ کسی سے پیار کرتی ہیں۔ٹائیگر کو

لگا کے اسے پورے جسم میں کسی نے آگ لگادی ہو۔۔

آہ آآآآآ۔دل نے درد سے کراہتے ہوئے چیخ ماری تھی۔۔ٹائیگر نے دل کے گلے سے چین کو اتنی زور سے کو کھینچا کر اتارا تھا کہ۔دل کے گلے پر ریڈ کلر کی خون کی لکیر بن گئ۔

اور لکیر سے خون کے چھوٹی چھوٹی بوندیں نمودار ہونے لگی تھی۔۔آپ پاگل ہے کیا۔دل نے اپنی گردن پر ہاتھ رکھ کر درد سے کراتے ہوئے غصے سے کہا تھا۔۔

دل تماری سوچ سے بھی کہی زیادہ پاگل ہوں میں۔ٹائیگر نے شعلے برساتی ہوئی نظروں سے دل کو کھا جانے والی نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔

دل آپ کی جرات بھی کیسے ہوئی میرے سامنے اپنی زبان سے کسی اور کا نام لینے کی۔اس وقت اسفند کے اندر چھپا ہوا بے رحم ٹائیگر صاف نظر آرہا تھا۔۔۔

ٹائگر کے اس بے رحم روپ سے تو ٹائیگر کے دشمن

بھی تھر تھر کانپ جاتے تھے۔۔۔دل نے تو صرف

اسفند کے پیار نیچھاور کرنے والے روپ کو ہی دیکھا تھا۔۔۔اسفند کے اس بدلے ہوئے روپ کو دیکھ کر ڈر کے مارے دل کو اپنی جان نیکلتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی۔۔

بولو دل کیسے آپ نے بے شرمی سے میرے سامنے کسی اور مرد سے اپنے پیار کا اعتراف کیا۔۔بوو ولووو۔نا دل کیوں لیا۔اپنی زبان سے میرے سوا کسی اور کا نام۔ٹائیگر زور سے چلایا تھا۔اس نے غصے سے دل کے جبڑے کو اتنی زور

سے دبایا ہوا تھا۔۔کہ دل بیچاری کو لگ رہا تھا کہ آج اس کا جبڑا ٹوٹ جائے گا۔۔

دل کو آج اپنی سانسیں رکتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی۔کیوں کے اب اسفند اپنے ہاتھ سے دل کی نازک سی گردن کو دبائے ہوئے کھڑا تھا۔۔۔اسفند۔۔ دل نے درد سے گھٹی گھٹی آواز میں اسفند کو پکارا تھا۔۔

نہیں میری جان اسفند نہیں ٹائیگر کیوں کے اسفند کے پیار والی زبان آپکی سمجھ میں نہیں آتی۔درد کے مارے دل آنکھوں سے آنسوں نکلنے شروع ہو گئے تھے۔۔۔۔دل کو سانس نہیں آرہی تھی۔۔۔وہ سانس رکنے کی وجہ سے اپنے ہاتھ ادھر ادھر مار رہی تھی۔۔

اسفند کو جب لگا کہ دل کی سانس رکنے لگی ہے تو اسفند نے ٹائیگر کو قابوں کر کے اپنی گرفت دل کی گردن پر ڈھیلی کر دی تھی۔۔۔دل مجھے مجبور سختی کرنے پر کیوں کرتی ہوں۔۔

کیوں آپ میرے اندر کا جانور جگاتی ہو کیوں کیوں کیوں۔۔۔۔وہ دل کو جبڑے سے پکڑ کر غصے سے چیخ رہا تھا۔۔۔۔آپ میری ہو صرف میری۔۔۔ آپ اسفند شہریار کی ملکیت ہو۔۔آپ پر آپ کے جسم پر آپ کی روح پر صرف اور صرف اسفند شہریار کا حق ہے۔۔

وہ اتنے جنون کے ساتھ بول رہا تھا کہ ۔دل کو اسفند کے جنونی پن سے خوف آرہا تھا۔۔دل کو میری سمجھ ارہی ہے میں کہہ رہا ہوں کہ ۔آپ پر صرف میرا حق ہے۔۔آپ کی روح آپ کے جسم اور پیار سب پر میرا حق

ہے۔۔۔صرف اور صرف میرا ہے۔۔وہ اپنے جنونی پن سے بار بار دل کو
دہرا کر بتا رہا تھا کہ وہ اس کی ملکیت ہے اور اس پر صرف اس کا حق ہے۔

اس وقت اسفند کے اندر کا ٹائیگر دیکھ کر دل کا ڈر کے مارے حلق خشک ہو رہا
تھا۔۔۔سہ سہ سسوری میں جھوٹ بول رہی تھی۔آئندہ ایسا کبھی نہیں
ہوں گی۔۔میں نے سب جھوٹ بولا ہے۔ایسا
کچھ بھی نہیں تھا۔۔۔

دل نے کانپتی ہوئی آواز سے اسفند کو یقین دلانے کی پوری کوشش کی
۔۔میری جان مجھے بہت اچھے سے
پتا ہے کہ۔۔میری جان جھوٹ بول رہی تھی۔۔

آہ آہ دل نے درد سے ایک بار پھر چیخ ماری تھی۔۔ کیا ہوا میری جان کو درد ہو رہا ہے۔۔۔ ٹائیگر نے اسفند پر ہاوی ہو کر دل کے نچلے ہونٹ کو اپنے دانتوں سے اذیت دیتے ہوئے کٹ لگا دیا تھا۔

میری جان مجھے اس سے کہی زیادہ درد ہو رہا ہے۔۔ آپ نے کس ہمت سے میری محبت پر کسی اور کو ترجیح دی ہے دل۔۔

دل کی نازک سی پنکھڑیوں پر اسفند کی دی گئی اذیت سے خون کی بوند نمودار ہو رہی تھی۔ دل ہچکیوں سے رو رہی تھی۔ میں نے کہا تو ہیں کہ میں جھوٹ بول رہی تھی۔ وہ روتے ہوئے سسکیاں لے کر اسفند کو اپنی سچائی بتانے کی کوشش کر رہی تھی۔

مجھے پتاہیں کہ آپ جھوٹ بول رہی تھی۔۔ مگر میں جھوٹ میں بھی کسی کا نام تمہارے منہ سے نہیں سن سکتا۔۔

آپ کو کیسے پتا کہ میں جھوٹ بول رہی تھی۔روتے روتے دل نے ایک بچوں کے جیسا معصوم سا سوال کیا تھا۔اسفند دل کے بالوں میں منہ چھپا کر سرگوشی میں بولا یہ جو میری قربت میں آپ سکون کو ملتا ہے۔یہ اس بات کی دلیل ہے کہ آپکے دل میں صرف اور صرف میں ہوں۔۔

اسفند دل کی حالت سے باخوبی واقف تھا۔۔۔ مگر وہ چاہتا تھا کہ دل اپنے منہ سے اعتراف کرے۔اور کہے کہ اس سے اسفند کی قربت میں سکون ملتا ہے۔

جی نہیں مجھے تو آپ کی قربت میں کوئی سکون نہیں ملتا۔دل اسفند کی بات کو رد کر رہی تھی۔۔ حقیقت سے تو دل بھی واقف تھی۔۔ مگر بس غصے میں جھوٹ پہ جھوٹ بولتے چلیجا رہی ہے۔

دل کے انکار نے ٹائیگر کو پھر سے تیش دلا دیا۔ مگر مجھے تو آپ کی قربت میں بہت سکون ملتا ہے۔

اور میں تو آج اپنا سکون حاصل کر کے ہی رہوں گا۔کہتے ہیں دل کی گردن پر جھک گیا۔اور پورے زور سے دل کی گردن پر اپنے دانت گاڑ دیے۔۔

آآآآہ آہ چھوڑے مجھے درد ہو رہا ہے۔

گردن پر درد اور چبھن کی وجہ سے دل نے اسفند کو کالر سے پکڑ کر پیچھے کی طرف دھکیل رہی تھی۔

دل مجھے بھی بہت درد ہوا تھا جب آپ مجھے
آدھی رات کو سوتا چھوڑ کر گھر سے بھاگ گئی تھی۔۔اوہوں ں ں اسفند
پلیز مجھے بہت درد ہو رہا ہے۔۔۔۔ نہیں میری جان اسفند نہیں ٹائیگر۔۔
اسفند کا پیار آپ کو راہیں راست پر نہیں لا سکتا۔اس لیے آپ کو ٹائیگر کی سزا
سے واقف کرانا ضروری ہے۔

آہ آہ دل اب آواز کے ساتھ رونے لگی تھی اور درد سے ٹائیگر کے گلے پر
اپنے ناخن مار رہی تھی۔
جس سے ٹائیگر کے گلے پر بہت ساری خراشیں آگئی مگر وہ ٹائیگر تھا۔اسے
اتنی سی خراشوں سے کیا فرق پڑنا تھا۔۔۔

ٹائیگر نے دل کی گردن کو اپنے غصے کا نشانہ بنایا ہوا تھا۔۔دل کی گردن پر
ایک تو چین کے کھینچے سے زخم زخم بن گیا تھا۔دل کو زخم پر بہت درد اور جلن

ہو رہی تھی۔۔اوپر سے ٹائیگر بار بار اپنے دانتوں کو دل کی گردن پر گاڑ کر اسے اذیت پہنچا رہا تھا۔۔

دل کی نازک سی جان سے ٹائیگر کا یہ تشدد برداشت نہیں ہو رہا تھا۔۔آخر دل ٹائیگر کی سزا کی تاب نہ لاتے ہوئے درد کی وجہ سے بے ہوش ہو گئی۔۔ مگر وہ ظالم اب بھی اس کی گردن کو اپنا نشانہ بنائے ہوئے تھا۔۔۔دل کی زبان سے کسی اور کے لیے پیار کا اعتراف سن کر ٹائیگر کے دل میں جو آگ لگی ہوئی تھی۔اسی کو ٹھنڈا کرنے کے لیے وہ دل کو اذیت پہ اذیت دیے جا رہا تھا۔۔

ٹائیگر نے جب محسوس کیا کہ دل نے جھٹپٹانا بند کر دیا ہے۔۔اور اس کے جسم میں کوئی حرکت نہیں ہو رہی تھی۔۔

توٹائیگر نے دل کی گردن سے منہ اٹھا کر دیکھا تھا۔دل کی بند آنکھیں اور بے جان جسم کو دیکھ کر اسفند شہریار کی تو جان نکل گئی تھی۔۔یہ دیکھ کر کہ دل بے ہوش ہو گئی ہے۔۔۔دل ہوش میں آؤ میری جان۔۔۔اسفند دل کی گالوں کو تھپتھپاتے ہوئے اسے ہوش میں لانے کی کوشش کر رہا تھا۔۔

اسفند نے سائیڈ ٹیبل پر رکھا ہوئے جگ سے پانی لے کر دل کے منہ پر چھینٹے مارے تھے۔ مگر دل کو پھر بھی ہوش میں نہیں آیا تھا۔۔تو اسفند کو دل کو لے بہت پریشانی ہونے لگی تھی۔۔ٹائیگر نے جلدی سے اپنا فون سائیڈ ٹیبل سے اٹھایا اور اس پر سلیم کا نمبر ڈائل کیا۔۔

سلیم ٹائیگر کی ٹیم کا بہت اہم حصہ تھا۔۔ویسے تو ٹائیگر کے سارے ضروری اور پرسنل کام اسد ہی ہینڈل کرتا تھا۔۔جبکہ اسد اس وقت پاکستان گیا ہوا تھا ۔۔۔تو اسی لیے ٹائیگر نے سلیم کو فون کیا تھا۔

یس ٹائیگر دوسری طرف سے فون اٹھالیا گیا تھا۔ سلیم ٹائیگر کا بناوقت کے فون کو دیکھ کر گبھرا گیا تھا۔اس وقت صبح کے تقریباً ساڑھے پانچ کا بجنے والے

تھے۔۔

سلیم پانچ منٹ کے اندر کسی لیڈی ڈاکٹر کو لے کر آؤ۔۔لیڈی ڈاکٹر۔۔۔ لیڈی ڈاکٹر کا سن کر سلیم بیچارہ پریشان ہو گیا تھا۔۔ سلیم بیچارے کو تو یہ پتہ ہی نہیں تھا کہ ۔ٹائیگر کا نکاح ہو گیا ہے۔

اس لیے بیچارا پریشانی سے سوچ رہا تھا۔اسے سچ میں سمجھ نہیں آرہا تھا کہ۔ آخر ٹائیگر نے لیڈی ڈاکٹر کا کیا کرنا ہے۔۔ سلیم بہرے ہو گئے ہو یا لیڈی ڈاکٹر زندگی میں کبھی دیکھی نہیں ہے۔۔

سلیم کے جواب نا آنے پر ٹائیگر غصے سے غرایا تھا۔ٹائیگر کے دھاڑ سے سلیم بچارہ بکھلا گیا تھا۔ جیجی ابھی آیا۔۔۔ٹائیگر نے فون بند کر کے بیڈ پر پٹخ کر رکھ دیا۔۔اور خود واپس بیڈ پر بیٹھ گیا۔۔اور دل کا
سر اپنی گود میں رکھتے ہوئے بہت پریشان ہو کر دل کے معصوم سے چہرے کو دیکھ رہا تھا۔

میری جان یہ آپ نے مجھ سے کیا کروادیا۔۔
اسفند دل کے چہرے کے قریب ہو کر اس کی
گردن کو دیکھ کر بول رہا تھا۔۔۔دل بے ہوش بیڈ پر پڑی ہوئی تھی۔۔دل کی گردن پر بہت ساری جگہ پر دانتوں کے نشان تھے۔۔اور چین کھینچنے سے کٹ نشان بھی بہت زیادہ واضح ہو رہا تھا۔

سب نشان مل کر دل پر ہوئے ظلم کی داستان سنا رہے تھے۔۔دل کا اس وقت جو حال تھا اسے دیکھ کر کوئی بھی اندازہ لگا سکتا تھا کہ دل کے ساتھ کچھ غلط ہو گیا ہے۔۔

مگر یہ تو صرف اسفند جانتا تھا کہ ایسا کچھ بھی نہیں ہوا۔۔ٹائیگر نے دل کے اوپر جھٹ سے کمبل ڈال کر اسے پوری طرح سے کور کر دیا تھا۔
اسے منظور نہیں تھا کہ اس کی بیوی کو کوئی عورت بھی اس حالت میں دیکھے۔۔۔

دل اس وقت ٹائیگر کے ٹراؤزر اور شرٹ میں بے حال پڑی تھی۔۔ سر آپ کو باہر جانا پڑے گا۔۔ڈاکٹر
آچکی تھی۔۔ٹائیگر ڈاکٹر کے پیچھے پیچھے روم میں آکر روم کا دروازہ بند کر رہا تھا۔۔

تولیڈی ڈاکٹر نے ٹائیگر کو روم سے باہر جانے کو کہا تھا۔۔۔مجھے کیوں باہر جانا پڑے گا۔۔ کیونکہ سر مجھے ان کو اچھی طرح سے چیک کرنا ہو گا۔۔ڈاکٹر نے روم کے اندر آتے ہی دل کی گردن پر دانتوں کے نشان جو کمبل سے کور کرنے باوجود نظر آرہے تھے۔ڈاکٹر وہ دیکھ چکی تھی۔۔۔ہاں تو کرو چیک منع کس نے کیا ہے۔۔۔۔سر آپ سمجھنے کی کوشش کریں مجھے ان کو اچھی طرح سے چیک کرنا ہو گا۔۔۔

دیکھنا پڑے گا کہ کہی ان کے ساتھ کچھ غلط تو نہی ہوا ہے۔۔اور اگر ہوا ہے تو سوری پھر آپ

کو ان کو لے کر ہوسپٹل جانا پڑے گا کیوں کہ یہ پولیس کیس ہے۔اوئے انسپکٹر کی بچی اسکے ساتھ کچھ بھی غلط نہیں ہوا۔۔۔اور تم انویسٹیگیشن کرنے کے بجائے اس کا علاج کرو جو تمہارا کام ہے۔۔

ٹائیگر پستول نکال کر لیڈی ڈاکٹر کی کنپٹی پر رکھتے ہوئے بولا۔۔ڈاکٹر کا تو پستول دیکھ کر ڈر کے مارے اپنا بی پی لو ہونے لگا تھا۔۔۔جج ج جی سر کرتی ہوں ڈاکٹر نے جلدی سے بی پی آپریٹر نکالا تھا۔

وہ دل کے بازو پر سیٹ کرنے لگی تھی کہ اسفند نے ہاتھ بڑھا کر ڈاکٹر سے بی پی اوپریٹر لے کر خود دل کے بازوں پر سیٹ کیا اور بولا۔۔اب چیک کرو ۔۔اسفند کو یہ بھی گوارا نہیں تھا کہ کوئی اس کی دل کو ہاتھ لگائے۔۔۔

سر میم کا بی پی بہت لو ہے۔۔تو۔۔۔ٹائیگر نے سوالیہ نظروں سے ڈاکٹر کو دیکھا۔۔۔سر ان کو
انجکشن لگانا پڑے گا۔۔تو لگاؤ کس چیز کا انتظار کر رہی ہوں۔۔ نہیں سر وہ مجھے پوچھنا تھا کہ وہ
بھی میں لگاؤں یا آپ خود لگائیں گے۔

ڈاکٹر کے طنز پر ٹائیگر نے غصے سے ڈاکٹر کی
جانب گھور کر دیکھا تھا۔۔۔ڈاکٹر نے دل کو انجکشن لگا یا دیا تھا۔۔۔ سر میم
کو تھوڑی دیر میں ہوش آجائیں گا۔۔پریشانی کی کوئی بات نہیں۔۔انجکشن
سے ان کا بی پی بھی ابھی تھوڑی دیر میں پورا ہو جائے۔۔

سر میم کی گردن کی ڈریسنگ کرنی پڑے
گی۔۔۔۔ڈاکٹر نے ڈرتے ڈرتے ٹائیگر سے
کہا۔۔آپ ڑریسنگ کا سامان دو۔میں خود کر لوں
گا۔۔کیسے کرنی ہے آپ مجھے بتاتی جاؤ۔۔۔ڈاکٹر نے ڈریسنگ کا سارا سامان
ٹائیگر کے پاس رکھ دیا تھا۔۔

سر پہلے روئی کو پایوڈین سے لگا کر ان کی گردن کے زخموں کے ساف
کریں۔۔ٹائیگر روئی کو پائیوڈین
لگا کر نرمی سے دل کی گردن پر اپنے ہی دیے ہوئے زخموں کو صاف کر رہاں
تھا۔۔

سوری میری جان اسفند کو اپنے اوپر
بہت غصہ آرہا تھا۔۔۔کیوں میں نے
اپنے اوپر ٹائیگر کو حاوی ہونے دیا۔۔میری جان میں تو بس آپ کو ڈرانا چاہتا
تھا۔تاکہ دوبارہ
کبھی آپ گھر سے بھاگ کر خود کو نقصان نہ پہنچائے۔۔۔

میں آپ کو ڈرانا چاہتا تھا کہ۔آپ کبھی مجھ سے دور جانے کی کوشش نہ کرے۔ مگر دل آپ کو اس طرح سے تکلیف دینا اسفند کبھی نہیں چاہتا تھا۔۔

اسفند کو پتہ تھا کہ دل بہت معصوم ہے۔۔اس کی اسی مصومیت کا ہی تو اسفند شہریار دیوانہ تھا۔۔ورنہ اسفند شہریار کو لڑکیوں کی کوئی کمی نہ تھی۔۔

جب مجھے پتہ تھا کہ وہ اپنے بچپنے میں مجھے جلانے کے لئے جھوٹ بول رہی تھی۔۔تو میں کیوں برداشت نہیں کر پایا کیوں۔۔کیسے ہو گیا مجھ سے یے سب۔اسفند اسفند دل ہی دل میں خود کو کوس رہا تھا۔۔

سر آریو شور کے ان کے ساتھ کچھ غلط نہیں ہوا ہے۔۔ورنہ ہمیں ان کا اچھے سے عالاج کرنا ہو گا میم کی صحت کے لیے یہ ضروری ہے۔۔ڈاکٹر کی بات پر ٹائیگر نے گھور کر دیکھا۔۔

سوری سر میں تو اس لیے پوچھ رہی تھی کہ ان کی
حالت سے تو یہی لگ رہا ہے کہ۔۔۔ تمہیں یہاں پر ان کا علاج کرنے کے
لئے بلوایا ہے۔۔

انویسٹیگیشن کرنے کے لئے نہیں۔۔۔ سوری سر سوری اب ان کے زخموں
پر یہ کریم لگا دیں۔۔ڈاکٹر نے ڈرتے ڈرتے ٹائیگر کے ہاتھ میں ایک ٹیوپ
تماتے ہوئے کہا۔۔۔دل کو ٹیوب لگنے کی وجہ سے اپنے زخموں پر جلن
محسوس ہو رہی تھی۔۔۔

اورا نجیکشن لگنے سے سے دل کا بی پی بھی پورا ہونے لگا تھا۔۔اس لیے دل کو
ہوش آنے لگا تھا۔۔ سر میں ان کے لیے کچھ میڈیسن لکھ کر دے رہی
ہوں۔۔آپ ان کو روٹین سے دیتے رہیے گا۔اور یہ بہت زیادہ ویک ہیں

اس لیے میں نے کچھ ملٹی وٹامن بھی لکھ دیے ہیں۔۔ جن کی ان کو بہت ضرورت ہے۔۔اوران کے زخموں کی ڈریسنگ آپ اسی طرح روز کرتے رہیے گاورنہ زخم خراب ہو جائیں گے۔۔۔

ڈاکٹر کی ساری ضروری ہدایت سن کراب ٹائیگر نے سلیم کو فون میں لایا تھا۔۔

سلیم ڈاکٹر کو جہاں سے لے کر آئے ہو وہی پر پھینک کر آؤ۔۔۔ڈاکٹر بیچاری اپنا میڈیکل باکس اٹھاتے ہوئے جلدی سے دروازہ کھول کر نو تو 11 ہو گئی۔۔۔

سلیم بیچارہ جو ڈاکٹر کا روم سے باہر آنے کا ویٹ کر رہا تھا۔ جس کو ابھی تک یہ سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ ۔۔کمرے میں کون ہے۔اور ٹائیگر کو لیڈی ڈاکٹر کی ضرورت کیوں پڑ تھی۔۔

ٹائیگر کا کردار شیشے کی طرح صاف تھا سب کو پتا تھا کہ ٹائیگر کو لڑکیوں میں کوئی انٹرسٹ نہیں ہے

اس کی پرسنلٹی پر تو ہزاروں لڑکیاں فدا ہو کر خود ٹائیگر پر مرتی تھی۔۔اس کے ایک اشارے

پر اس کے ساتھ رہنے کو خوشی خوشی تیار جاتی۔۔

سلیم کو کچھ سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ اخر ماجرہ کیا ہے۔۔ٹائیگر نے فون پر سلیم کو ڈاکٹر کو لے جانے کا انفارم کرتے ہوئے فون بند کر کے اپنی جیب میں رکھ لیا تھا۔۔اور ڈاکٹر کو آنکھ کے اشارے سے باہر جانے کو نہیں بلکہ دفع ہو جانے کو کہا تھا۔

7۔ oooooooooo

اسد ڈائننگ ٹیبل پر بیٹھا ہوا مسکان کے پاپا کے ساتھ ناشتہ رہا تھا۔ مگر وہ اپنے دماغ میں مسکان کو ہی سوچ رہا تھا۔

اسد کو مسکان کہیں پر نظر نہیں آ رہی تھی۔اسد کی نظریں اس کو ڈھونڈ رہی تھی۔اسد نے مسکان کو تیار ہو کر ڈائننگ ٹیبل پر آنے کو کہا تھا۔۔اسد آتے ہوئے مسکان کو اپنا من پسند ریڈ کلر کا ڈریس پہن کر آنے کا کہہ کر آیا تھا۔

اسد نے ڈائننگ ٹیبل پر بیٹھے ہوئے ادھر ادھر نظریں دوڑا کر دیکھا تھا مگر کے اسے مسکان کہی نظر نہیں آئی۔۔تو اسد نے خود سے ہی سوچا کہ شاید مسکان کچن ہو۔۔اور اپنے ہاتھوں سے میرے لیے ناشتہ بنا رہی ہو۔۔ وہ سوچ کر مسکرایا تھا۔۔

کچن سے کھانا نوکرانی لے کر آرہی تھی ۔وہ چاہتا تھا کہ مسکان اگر کچن میں ہے تو وہ خود ناشتہ لے کر باہر آئے۔اسد کی نظرے اپنی پرنسس کو اپنے فیورٹ کلر میں سجا ہوا دیکھنا چاہتی تھی۔

خان کی کی جان آجاو اپنے دیدار کے لیے خان کو اتنا مت تڑپاؤ۔ورنہ تمہاری نازک سی جان کے لیے مجھے جھیلنا بہت مشکل ہو جائے گا۔۔سوچتے ہوئے اسد کے انابی ہونٹوں پے گہری مسکراہٹ آئی تھی۔جس کو اسد نے مسکان کے پاپا کے لیحاظ کی وجہ سے جلدی سے روک لیا تھا۔

انکل میں آپ سے کچھ ضروری بات کرنا چاہتا ہوں۔اسد کب سے شہر صاحب کے ساتھ بیٹھا ہوا۔۔آپسی باتیں کر رہا تھا۔

مگر اب وہ اپنے دل کی بات کرنا چاہتا تھا۔۔اسد شہر یار صاحب سے مسکان کی رخصتی کی بات کرنا چاہتا تھا۔۔اسد نے یہ سوچ لیا تھا کہ مسکان کے ایگزام کے بعد مسکان کو رخصت کروا کے اپنے ساتھ لے جائے گا۔۔

وہ تو دبئی سے ہی یہ سوچ کر ہی آیا تھا کہ اب وہ مسکان سے اور دور نہیں رہے گا۔۔ مگر آج رات وہ جتنا مسکان کے قریب رہ کر اسے محسوس کر کے آیا تھا۔

اس کے بعد تو سوال ہی نہیں پیدا ہوتا تھا۔ کہ اسد میر خان مسکان سے دور رہتا۔اسی ڈر سے تو اس نے اتنے سال مسکان سے دور رہ کر گزار دیے تھے۔

وہ جانتا تھا کہ جب وہ مسکان کے نزدیک آئے گا۔ تو وہ پھر مسکان سے دور نہیں رہ سکے گا۔۔اسد میر خان کو اپنے بے پناہ خود سر عشق کا بڑی اچھی طرح

سے پتہ تھا۔۔اب اس نے مسکان کے وجود کو اتنے قریب سے محسوس کر لیا تھا تو اب رخصتی لازم ہو گئی تھی۔۔

اسد بیٹا بات تو مجھے بھی تم سے بہت ضروری کرنی ہے۔۔تو پہلے میرے خیال سے میں اپنی بات کر لیتا ہوں۔ شہریار صاحب نے سوچتی نظروں سے مسکرا کر کہا۔۔۔جی جی انکل پہلے آپ بتائیں۔۔اسد نے فرمانبرداری سے جواب دیا۔۔بیٹا میں نے آپ سے یہ کہنا ہے کہ اب آپ مسکان کو رخصت کروا کے اپنے ساتھ دبئی لے جائے۔۔

مسکان کے پاپا کے منہ سے یہ بات سن کر۔اسد کی خوشی کا تو کوئی ٹھکانا ہی نہیں تھا۔۔جو بات وہ خود مسکان کے پاپا سے کرنا چاہتا تھا۔۔

اسد سے پہلے انکل نے اس کے دل کی بات بول دی تو اسد کی خوشی کا سچ میں کوئی ٹھکانا نہیں تھا۔۔۔جی انکل میں بھی یہی چاہتا ہوں۔کہ آپ مسکان کے ایگزام کے بعد کی ڈیٹ فکس کر دیں۔۔

اسد بیٹا میں چاہتا ہوں کہ آپ کل ہی مسکان کو رخصت کروالیں۔۔اور ایک ماہ کے لیے آپ یہاں پر ہی سٹے کریں۔۔گھومے پھریں انجوائے کریں۔۔

اس کے بعد آپ واپس چلے جانا اور مسکان دو مہینے تک یہیں پر میرے پاس رہے گی۔۔اور جیسے ہی مسکان کے ایگزام ختم ہوں گے۔۔اس کے بعد آپ آکر اسے اپنے ساتھ لے جانا۔۔۔

مگر انکل اتنی جلدی کیا ہے۔میں دو مہینوں کے بعد ہی مسکان کو آرام سے رخصت کر کے اپنے ساتھ لے جاؤں گا۔۔ برخوردار کیسے بتاؤ جلدی مجھے نہیں تمہارے دوست کو ہیں۔ شہریار صاحب ہلکا سا اپنے منہ میں ہی بڑبڑیا تھا اور چائے پینے لگا۔ نہیں اسد بیٹا میں یہی چاہتا ہوں کہ تم۔ یہیں پر رک کر ہمارے ساتھ کچھ وقت گزارو۔۔۔

شہریار صاحب اسفند کی دی ہوئی دھمکی کی لاج رکھتے ہوئے اسد کو نہیں بتا رہے تھے کہ رخصتی کا اسفند نے کہا ہے۔۔۔

اسد شہریار صاحب کی بڑبڑاہٹ سن چکا تھا۔۔۔اور سمجھ گیا کے یہ اسفند شہر یار کا صادر ہوا حکم تھا۔۔ جو انکل اتنی جلدی رخصتی کر رہے ہیں۔۔ابھی وہ سوچ ہی رہا تھا۔ کہ اتنے میں اسد کے موبائل کی رنگ بجی۔۔

انکل ایکسکیوزمی انکل میں ایک منٹ میں آیا۔۔اسد کہتا ہوا ٹیبل سے اٹھ کر باہر کی گارڈن ایریا کی طرف چلا آیا تھا۔۔ہاں بولو سلیم سب خیریت ہے۔۔

خیریت سے پہنچ گئے ہو تم لوگ واپس۔۔

جی ہم لوگ خیریت سے پہنچ گئے ہیں۔ سلیم کچھ کہنا چاہتے ہو اسد نے محسوس کیا کہ سلیم کوئی بات اس سے پوچھنا چاہ رہا تھا۔۔۔۔جی مجھے امجد نے بتایا کہ ٹائیگر کو۔۔۔کیا ہوا ہے ٹائیگر اسد نے گھبرا کر بہت تیز آواز سے پوچھا تھا۔۔

ٹائیگر ٹھیک ہے اسے کچھ نہیں ہوا مجھے ٹائیگر کے بارے میں کچھ پوچھنا ہے۔۔ سلیم اسد کی پریشانی والی آواز سے گھبرا کر جلدی سے اپنی صفائی پیش کرنے لگا۔۔

تو جلدی پوچھو جو پوچھنا ہے سلیم تم سسپنس مت کریٹ کیا
کرو۔۔۔ سسپنس تو ٹائیگر نے گریٹ کرر کھا ہے۔۔ مطلب۔۔ مطلب یہ
کہ امجد مجھے بتا رہا تھا کہ ٹائیگر نے لیڈی ڈاکٹر کو اپنے گھر پر بلوایا تھا۔۔
ٹائیگر کو لیڈی ڈاکٹر کی کیا ضرورت تھی۔۔۔اور روم کے اندر ٹائیگر کے سوا
اور کون تھا۔۔ تو ٹائیگر سے پوچھ لیتے کہ روم میں کون تھا۔۔ آپ کیسی باتیں
کرر ہے ہیں ٹائیگر سے پوچھنے کا مطلب ہے اپنی موت کو دعوت دینا اسد کے
مشورے پر سلیم بکھلا کر بولا۔۔

امجد نے بتایا تھا کہ ٹائیگر کے روم میں کوئی لڑکی بھی تھی۔ ٹائیگر سے تو پوچھنے
کی میری ہمت نہیں تھی۔۔ مگر لیڈی ڈاکٹر سے راستے میں امجد نے پوچھا تھا
کہ اندر کون تھا۔۔ تو پتہ چالا کہ کوئی لڑکی اندر مجود تھی۔۔۔اور اسکی حالت
کافی خراب تھی۔۔

پتا نہیں اور کیا کیا بول رہی تھی۔۔ سلیم زیادہ دماغ مت لڑاؤ بیوی ہے وہ ٹائیگر کی۔۔۔ٹائیگر نے اس کے ساتھ نکاح کیا ہے۔۔

اسد نے جواب دے کر سلیم کی ٹینشن دور کر دیا تھا۔۔اب اگر ٹائیگر کے بارے میں جاننے کا تمہارا تجسس ختم ہو گیا ہو تو۔۔ فون بند کر دو مجھے کچھ ضروری کام ہے۔۔

اسد کو اب جلدی سے ٹائیگر سے بات کرنی تھی۔۔وہ جاننا چاہتا تھا کہ دل آویز کے ساتھ کیا ہوا تھا۔۔اسد ٹائیگر کا نمبر ملا کر فون اپنے کان کو لگائے کر رہا تھا کہ۔

اسی وقت مسکان کچن سے نکل کر اسد کی طرف آ رہی تھی۔۔وہ اسد کو اپنا ریڈ کلر کا سوٹ اور اپنی تیاری دکھانے کے لیے آئی تھی۔۔اسے اس طرح

سے اسد کے سامنے تیار ہو کر آنے میں بہت شرم آرہی تھی۔۔ بڑی مشکل سے اس نے خود کو تیار کیا تھا اسد کے سامنے آنے کے لیے۔

اسد فون پر کسی سے بات کر رہا تھا۔۔اس لیے پیچھے آ کھڑی ہوئی تھی۔۔اسد کی بات ختم ہونے کا ویٹ کرنے لگی۔۔

ٹائیگر کیا ہوا ہے دل آویز کو۔اسد کی آواز میں اس لڑکی کے لیے جو تڑپ تھی اسے دیکھ کر مسکان کا خون کھول اٹھا تھا۔

ٹائیگر مجھے جواب دو دل آویز کو کیا
ہوا ہے۔۔۔یار بات کو گھماؤ مت۔۔مسکان اسد کے لہجے میں کسی اور لڑکی کے لیے اتنی تڑپ اور ہمدردی دیکھ کر۔غصے سے روتی ہوئی اپنے روم کی طرف چلی گئی۔۔۔۔میں تمہارا جواب دے نہیں ہوں۔۔

ٹائیگر کو اسد کا دل کے لیے یوں جزباتی ہونا اچھا نہیں لگا تھا۔۔ٹائیگر میرا جواب دیں نہیں ہے۔۔ لیکن میرا یار اسفند تو میرا جواب دے ہے۔۔

اسفند

پلیز بتاؤ میں بہت پریشان ہوں۔۔دل آویز کو کیا ہوا ہے۔ تمہیں دل کی فکر کرنے کی ضرورت نہیں اسکی فکر

کرنے کے لئے اس کا شوہر ہے۔۔

ٹائیگر میں اسے اپنی بہن سمجھتا ہوں اور تمہارے رشتے سے وہ میری بھابھی ہے اس لیے میں فکر کر سکتا ہوں ۔۔۔

اسد نے اپنا رشتہ دل کے ساتھ کلیئر کرتے ہوئے کہا تھا۔۔

اسد اچھے طرح سے جانتا تھا کہ اسفند دل کے لیے کتنا زیادہ پوزیسو ہے۔۔

ٹائیگر۔۔۔ تمہیں دل کے بارے کس نے بتایا ہے۔۔ سلیم نے بتایا ہے ۔۔
ٹائیگر نے

خود سوال کیا اور خود سے ہی جواب دیا تھا۔۔۔

اب یہ میری باتیں باہر کرے گا۔اس
کی تو خبر لینی پڑے گی۔اس کی اتنی اوقات کب سے ہو گئی ہے کہ یہ ٹائیگر
کی باتیں باہر کرے۔۔ٹائیگر کو سلیم کے بتانے پر اچھی خاصی تپ چڑھ گئی
تھی۔

ٹائیگر پلیز اب اس کی جان کا عذاب مت بن جانا۔۔ٹائیگر اس بیچارے نے
تو صرف اس لئے مجھ سے پوچھا تھا کیونکہ
اسے تمہارے نکاح کے بارے میں
کچھ پتہ نہیں تھا۔۔وہ بیچارہ پریشان تھا۔

جاننا چاہتا تھا۔۔کہ وہ لڑکی کون ہے جو تمہارے ساتھ ہے۔۔کیونکہ تمہیں لڑکیوں میں کوئی انٹرسٹ نہیں ہے یہ بات توسب اچھی طرح سے جانتے ہیں۔ایسے میں دل کل اویز کا تمہارے پاس ہونااور لیڈی ڈاکٹر کا گھر آنا ۔سلیم کا تجسس کرنا غلط نہیں تھا۔۔

اسد نے سلیم کی جان چھڑوانے کے لئے سب کلیئر کر دیا تھا۔۔اسد ٹائیگر کے غصے سے اچھی طرح واقف تھا۔اسے پتہ تھا کہ اگر وہ سلیم کا مدعا کلیئر نہیں کرے گا تو ٹائیگر اس کے لیے عذاب بن جائے گا۔

اب پلیز بتادو کہ دل آویز کیسی ہے اور اسے کیا ہوا تھا پلیز یہ ایک بھائی کی ریکویسٹ ہے۔اسد نے بہت نرم لہجے سے ٹائیگر کو ریکویسٹ کی تھی۔۔ دل ٹھیک ہے پریشان مت ہو بس ویکنس تھی۔۔کھانا نہ کھانے کی وجہ سے چکر آگیا تھا ۔

اسفند اب اسد کو کیسے بتاتا کہ اس نے کون سا کارنامہ سرانجام دیا تھا جس کی وجہ سے دل بیچاری بے ہوش ہو گئی تھی۔اسی لیے اس نے جھوٹ کا سہارا لے کر بات کو رفع دفع کر دیا۔۔

۔اللہ تیرا شکر ہے پتہ ہے میں کتنا ڈر گیا تھا۔اسد نے دل پہ ہاتھ رکھتے ہوئے گہرا
سانس لیا تھا۔۔تمہارے سسر نے تمہیں خوشخبری سنادی ہے۔۔ٹائیگر نے اسد کا دھیان دل ہٹانے کے کے لئے پوچھا تھا۔

کیوں کے اسفند نہیں چاہتا تھا۔۔کہ اسد دل کے بارے میں کچھ اور پوچھے۔اسفند اسد سے زیادہ جھوٹ نہیں بول سکتا تھا۔کیونکہ اسد بہت جلدی اس کا جھوٹ پکڑ لیتا تھا۔۔اور نا ہی وہ اسد کو اپنی اتنی پرسنل بات بتا سکتا تھا۔۔۔

ہاں جناب میرے انکل نے مجھے خوشخبری دے دی ہے۔۔۔اسد نے سسر ہٹا کر انکل اس لیے لگایا تھا۔کہ اسے اسفند کا شہریار صاحب کو سسر کہنا اچھا نہیں لگا۔اسفند د کو سمجھ آ گیا تھا اس لیے وہ چپ کر گیا۔

انکل کو تم نے رخصتی کے لیے کہا ہے۔۔اسد نے اسفند سے سوال کیا تھا۔ کیوں کچھ غلط کہا ہے۔۔۔ٹائیگر نے اسد کے سوال پر سوال کیا تھا

مگر ٹائیگر میں چاہتا ہوں کہ دو مہینے کے
بعد آرام سے رخصتی کر لیں تب تک مسکان کے ایگزام بھی ختم ہو جائیں گے۔۔کیوں اس وقت مسکان کو رخصت کروانے میں تمہیں کیا دقت

ہے۔۔یاد قت کی بات نہیں ہے۔۔۔انکل نے کہا ہے کہ میں ایک مہینہ پاکستان میں ہی رکھ جاؤں۔۔۔۔ہاں تو رک جاؤاس میں مسئلہ کیا ہے

اسد۔۔۔مگر میں یہاں پر ایک مہینہ کیسے رک سکتا ہوں۔

ٹائیگر۔۔۔۔کیوں نہیں رک سکتے ہو۔مصلہ کیا ہے آرام سے رکو اور مسکان کو اپنے ساتھ گوماؤں پھیراؤں۔

اسد۔۔۔ٹائیگر میں تمہیں وہاں پر اکیلا نہیں چھوڑ سکتا۔۔

ٹائیگر۔۔۔کیوں تم نے میرے ڈائپرز چینج کرنے ہوتے ہیں۔۔

اسد۔۔۔ٹائیگر تمہیں اچھی طرح سے پتہ ہے کہ اس وقت تمہاری جان کو خطرہ ہے۔ سر تاج کی موت کے بعد وہ لوگ پاگل کتوں کی طرح تمہارے ارد گرد گھوم رہے ہیں۔۔

اسد کے لہجے میں ٹائیگر کے لئے بے حد فکر تھا۔۔۔

ٹائیگر اتنا کمزور نہیں جسے سکیورٹی کی ضرورت پڑے۔۔تم بے فکر ہو کر رہو۔میں اپنا خیال رکھ سکتا ہوں۔۔

ٹائیگر سمجھنے کی کوشش کرو اس وقت حالات بہت خراب ہیں انڈر مافیا سے جس طرح کی خبریں آرہی ہیں اس کے مطابق ہم دونوں کو ایک ساتھ ہونا چاہیے۔

اسد کوئی دلیل مت دینا۔بس میں نے جو کہا ہیں وہ کرو۔۔اور جا کر اپنے سسر کے پاس بیٹھو۔۔داماد جی آپ کے سسر جی آپ کا ویٹ کر رہے ہیں۔۔اسد ٹائیگر کے فیصلہ کن جواب کے آگے چپ کر گیا۔۔

کیونکہ ہونا تو وہی تھا جو ٹائیگر نے کہہ دیا پھر چاہے وہ صحیح ہو یا غلط حالانکہ اسد کو اس وقت اپنا یہاں رکھنا۔۔ٹائیگر کا غلط فیصلہ لگ رہا تھا۔۔

اور اسد میر خان۔میری بیوی سے دھیان ہٹا کر اپنی بیوی پر بھی دھیان دو۔۔اپنی بیوی کا خیال میں بہت اچھے رکھ سکتا ہوں۔۔فون بند ہو چکا ہے تھا ۔۔اب اسد کے پاس سوائے ٹائیگر کی بات ماننے کے اور کوئی چارہ نہیں تھا ۔۔اسد واپس شہریار صاحب کے پاس ڈائننگ ٹیبل پر
آکر بیٹھ گیا تھا۔۔

سوری انکل کال تھوڑی لمبی ہو گئی۔۔اسد نے کرسی پر بیٹھتے ہوئے مسکان کے پاپا کی طرف دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔

اسد اسفند سے فون پر کافی لمبی بات کر کے واپس آیا تو انکل کو ویٹ کرتے دیکھ کر معذرت کرتے ہوئے بولا۔۔

ہاں بیٹا میں نے آپ کو بلانے کے لیے مسکان کو بھی بھیجا تھا۔۔ لیکن آپ کا پر بزی تھے۔۔

اس لیے وہ اپنے روم میں چلی گئی۔

اسد کو بہت حیرانی ہوئی تھی۔ کہ مسکان آئی تھی۔۔اور اس سے ملے بنا ہی واپس کیوں چلی گئی تھی۔۔

چلو ٹھیک ہے بیٹا پھر آپ مجھے بتاؤ کہ آپ نے کیا سوچا ہے۔۔رخصتی کے
بارے میں۔ شہریار صاحب اسد کے
فیصلے کا انتظار کر رہے تھے۔

جی ٹھیک ہے جیسے آپ کی مرضی
اسفند سے بات ہونے کے بعد اب اسد
اپنا فیصلہ سنا رہا تھا۔۔

میں تمہارے اور مسکان کے لیے
اوپر والا پورشن سیٹ کروا دیتا ہوں۔
آپ لوگ وہاں پر آرام سے رہنا۔

نہیں انکل میں مسکان کو لے کر

اپنے اسلام آباد والے گھر میں ہی جاؤں گا۔ میں کچھ دن وہاں پر رہنا چاہتا ہوں۔

اسد کی بات سن کر شہریار صاحب مسکرا دیئے ان کو اسد کے جواب پتا تھا۔۔

اسفند پہلے ہی اپنے پاپا کو آگاہ کر
چکا تھا۔

کہ اسد رخصتی کے بعد مسکان کو لے کر اس گھر میں رہنے کے لیے نہیں مانے گا۔اس کی سیلف رسپیکٹ اسے یہاں پر رکنے کی اجازت نہیں دے گی
۔۔

شہریار صاحب کو اسد کی سیلف رسپیکٹ اچھی لگی ۔ان کو آج دل سے خوشی ہو رہی تھی۔۔اپنے فیصلے پر کہ انہوں نے اپنی بیٹی کا ہاتھ ایک ایسے مرد کے ہاتھ میں دیا ہے۔جو اپنے بل بوتے پر زندگی جینا جانتا ہے۔۔

اوکے بیٹا جیسے آپ کی مرضی کہتا۔رات کو ملتے ہیں۔شہریار صاحب اپنے آفس جانے کے لیے اٹھ کھڑے ہوئے تھے۔۔

انکل۔ میں۔۔جی بیٹا کچھ کہنا چاہتے ہو۔۔اسد کی چھچک دیکھ کر شہریار صاحب نے سوال کیا تھا۔۔

انکل اگر آپ کی اجازت ہو تو میں مسکان کو اپنے ساتھ شاپنگ کے لیے لے جاسکتا ہوں جی جی بیٹا لے جائے۔

تھینک یو تھینک یو سو مچ کہتا انکل۔۔اسد کے چہرے کی خوشی اس کے چہرے پر نظر آرہی تھی۔۔شہریار صاحب اپنے آفس کے لیے نکل گئے تھے۔۔اور اسد اپنے دلکش لبوں سے مسکراتا ہوا دونوں ہاتھ اپنی پینٹ کی

جیبوں کے اندر ڈالے ہوئے سیڑھیاں چڑھ کر مسکان کے روم کی طرف جا رہا تھا۔۔

8

دل کو حوش تو آ چکا تھا۔ مگر وہ اسفند کے
رویے سے اس وقت بہت ڈری اور سہمی ہوئی تھی۔۔
اس لیے آنکھیں بند کر کے چپ چاپ لیٹی ہوئی تھی۔۔۔

دل کو اس طرح دیکھ کر اسفند اپنے آپ میں ہی کافی شرمندہ تھا۔ اٹھو دل یہ جوس پی لو اس کے بعد دوائی کھانی ہے۔

دل نے اسفند کی توقع کے خلاف جلدی سے جوس کا اگلاس اسفند کے ہاتھ سے لے کر اپنے منہ کو لگایا۔اور ایک ہی سانس میں سارا اپنے گلے اندر انڈیل کر میڈیسن بھی کھالی۔۔

دل آرام سے لیٹ جاؤ ۔دل جوس اور دوائی کھا کر کافی دیر سے بیڈ گراؤن سے سر ٹکائے ہوئے بیٹھی تھی۔

دل کو کرؤن سے ٹیک لگا کر گھٹنوں میں سر دیئے ہوئے۔افسردہ سی بیٹھی ہوئی دیکھ کر اسفند کو اچھا نہیں لگ رہا تھا۔۔

اسفند جو صوفے پر بیٹھ کر اپنے لیپ ٹاپ پر کچھ ضروری انفرمیشن نکال کر میں کنوٹ کر رہا تھا۔۔وہ دل کو ایسے بیٹھا ہوا دیکھ کر بہت پیار usb سے بول رہا تھا۔

اسفند کے بولنے کی دیر تھی، کہ دل جلدی سے لیٹ گئی۔اور اپنی آنکھوں، پر بازو رکھ لیا۔دل کا راویہ کافی ابنارمل سا لگ رہا تھا۔

اسفند دل کا بیہیویر دیکھ کر اپنی جگہ سے اٹھ کر دل کے پاس آکر بیڈ پر بیٹھ گیا۔

دل سوری۔ مجھ سے غلطی ہو گئی مجھے آپ کے ساتھ ایسا سلوک نہیں کرنا چاہیے تھا۔

کیوں مجھے زندہ چھوڑ دیا۔اسفند کی بات کو بیچ میں ہی کاٹتے ہوئے اپنی آنکھوں سے

ہاتھ ہٹا کر بولی۔۔دل رو رہی تھی۔اس کی موٹی موٹی آنکھوں سے آنسوں موتی بن کر بہہ رہے تھے۔

دل ایسے مت بولو یار۔آئی ایم

سوری یار۔آپ کو سوری بولنے کی کوئی

ضرورت نہیں۔۔۔

بچپن سے لے کر آج تک زندگی میں بہت کچھ برداشت کیا ہے۔ اگر ایک ظلم آپ نے بھی کر لیا ہیں تو کوئی بات نہیں۔

دل کے چہرے پر اداسی اور دکھ دیکھ کر
اسفند کا دل تڑپ گیا تھا۔ وہ تو دل کو دنیا کی ہر خوشی دینا چاہتا تھا۔
اسفند کو احساس تھا کہ اس کے ہاتھوں بہت غلط ہو گیا ہے۔۔

دل بیڈ سے اٹھ کر واش روم میں
جانے لگی تو چکرا کر واپس بیڈ پر بیٹھ گئی۔ دل کے پیروں پر کافی زخم تھے
دوسرا انجکشن کا اثر تیسرا گلے پر چین کی تکلیف دل کی نازک سی جان یہ
سب تکلیفیں سہ نہیں پا رہی تھی۔
رکوں دل میں لے چلتا ہوں اسفند بیڈ کی
دوسری طرف سے ہوتا ہوا دل کے پاس آیا۔

نہیں مت کریں احسان میں خود چلی جاؤں گی دل نے ہاتھ کے اشارے سے
روک دیا۔
دل نے پھر سے اٹھنے کی کوشش کی اور
دوبارہ سے چکرا کر واپس بیڈ پر بیٹھ گئی۔
اسفند نے دل کو زبردستی اپنی باہوں میں
اٹھالیا اور اسے واش روم تک لے آیا۔
دل نے بنا جواب دیے۔ موقع کی
نزاکت کو سمجھتے ہوئے اندر جا کر دروازا
بند کر لیا۔ اسفند کے اٹھانے پر دل نے کوئی مزاہمت نہیں کی اسفند دو قدم
ہی آگے بڑھا تو ، دھڑام کی آواز پر واپس آیا۔

دل دل کیا ہوا ہے آپ ٹھیک ہو مگر

اندر سے کوئی آواز نہ آنے پر اسفند
بھاگ کر واش روم کی چابی لے کر آیا۔

دروازا کھولا تو اندر دل بے ہوش
ہو کر فرش پر پڑی تھی۔دل کیا ہوا۔
اسفند دل کو بے حوش دیکھ کر بہت پریشان ہو گیا، وہ دل کو لے
اٹھا کر واش روم سے باہر ہی لے کر آرہا تھا کہ جب اسفند کا پاؤں سلیپ
ہونے کی
وجہ سے دونوں باتھ ٹب کے اندر گر گئے، اور جب اسفند باہر نکلنے لگا تو
غلطی سے اسفند کا ہاتھ شاور کے ٹچ پر لگ گیا، جس سے شاور اون ہو گیا اور
دونوں پانی سے بھیگ گئے اور پانی گرنے کی وجہ سے دل کو بھی ہوش آ گیا،
یہاں کیسے آئے۔دل نے ہوش میں آتے ہی اپنے آپ کو اسفند کی باہوں
میں

گیلا دیکھ کر سوال کیا۔

کیا کیا ہے آپ نے میرے ساتھ۔ کچھ کیے بنا ہی بے چکرا کر یہاں وہاں گر کر بے ہوش ہو رہی ہو۔ اگر کچھ کر دیتا تو۔ آپ کا مرنا تو کنفرم تھا۔ کھانا اچھے سے کھایا کرو۔ اسفند دل کے اس طرح سے بار بار بے ہوش ہو جانے پر دل کی صحت کے لیے فکر مند ہو گیا۔

آپ باتوں کو گھمائیں مت مجھے بتائیں آپ نے میرے ساتھ کیا کیا ہے۔ کچھ نہیں کیا بے وقوف لڑکی بے ہوش ہو گئی تھی اور اوٹھاتے ہوئے میرا پاؤں سلپ ہو گیا تھا، اس لئے ہم بات ٹپ میں گر گئے تھے۔

چلو اب اگر آپ کی انویسٹیگیشن ختم

ہو گئی ہو تو فریش ہو جاؤ۔

میں واش روم کے باہر ہی کھڑا ہوں۔

آواز دے دینا فریش ہونے کے بعد

میں آپ کو اٹھا کے لے جاؤں گا۔

کوئی ضرورت نہیں میں خود آجاؤں گی۔

دل ہر بات کے پہ بحث کرنا ضروری ہے

چپ چاپ فریش ہو جاؤ میں۔ میں باہر ہی کھڑا ہوں، اسفند دروازے کے

باہر

ہی کھڑا ہو گیا تھا۔ اسفند دل کی صحت

کے ساتھ کوئی سمجھوتا نہیں کر

سکتا تھا دل کی اس وقت جو حالت تھی

وہ پھر سے بیوہوش ہو سکتی تھی۔

اس لیے اسفند نے رسک نہ لیتے ہوئے،

باہر کڑا رہنا ہی مناسب سمجھا،

دل دروازے کو لاک مت کرنا۔

اسفند دل کو دروازہ بند کرتے ہوئے

دیکھ کر جلدی سے کہا۔ میں تو لاک

کر کے ہی ناؤں گی۔ تو ٹھیک ہے میں

واش روم کے اندر ہی آجاتا ہوں،

اسفد ڈور کو دکا دیتے ہوئے واش روم کے اندر آکر کھڑا ہو گیا۔ آپ کو پتہ ہے کہ آپ کتنے بد تمیز اور بے شرم ہے۔ آپ کو پتہ ہے کہ آپ کتنی ضدی ہیں۔ شرم نہیں آتی اس طرح سے کسی لڑکی کے ساتھ باتھ روم میں کھڑے ہو کر یہ بولتے ہوئے کہ آپ واش روم میں میرے ساتھ رہیں گے

۔

۔۔ نہیں اگر کوئی لڑکی ہوتی تو ضرور شرم،

آتی مگر آپ میری بیوی ہو اس لیے مجھے شرم کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔اور جب بیوی ایسی بے لگام اور ضدی ہو تو یہ سب کرنا بہت ضروری ہو جاتا ہے۔

اسفند دیوار کے ساتھ ٹیک لگا کر سینے پر

دونوں ہاتھ باندھ کر ایک ٹانگ پیچھے کو

فولڈ کر کے دیوار کے ساتھ ٹیک لگا کر کھڑا ہوا تھا۔وہ دل اڑا ہوا رنگ دیکھ کر مسکرا رہا تھا۔میں آپ کو اپنا شوہر نہیں مانتی۔دل غصے سے لال ہوتی ہوئی بولی۔مجھے اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ مجھے شوہر مانتی ہیں یا نہیں میں آپ کو اپنی بیوی مانتا ہوں بس یہی کافی ہے ہمارے رشتے کے لیے۔ٹھیک ہے باہر جائیں جان چھوڑے میری نہیں کرتی دروازہ لاک۔ویری گڈ پہلے ہی مان جایا کرو تو مجھے اتنے کڑے فیصلے نہ لینے پڑے وہ ہنستا ہوا دروازہ کھول کر باہر جا رہا تھا۔مجھے کپڑے چاہیے (شوہر جی) دل اسفند کو جاتا دیکھ کر بولی، دل کے کپڑے گیلے ہو گئے تھے اس لیے اسفند سے اس کے کپڑے مانگ

رہی تھی دل کے پاس اپنے کپڑے تو تھے نہیں۔ ویسے بڑا پتہ ہے کہ میں شوہر ہوں میں شوہر ہوں اتنا پتہ نہیں ہے کہ بیوی کے پاس کپڑے بھی ہیں یا نہیں،

دل نے اسفند کو اچھا والا تنز مارا۔

بیوی جی یاد ہے مجھے کہ آپ کے پاس
کپڑے نہیں ہیں۔ اپنی اس غلطی
کے لیے معافی چاہتا ہوں ایک بار میرے
کپڑے پہن لو کل آپ کے کپڑے اور ضرورت کا باقی سامان بھی آجائے گا۔ لسٹ بنا دینا۔ (بیوی جی) اسفند دل کے نزدیک ہو کر اس کی نقل اتار رہا تھا۔ ابھی کے لیے بیوی جی میں اپنے کپڑے لے کر آتا ہوں ، پلیز اگر میری سزا ختم ہو گئی
ہو تو مجھے پوری آستین والی شرٹ دیجئے گا۔ مقبل بھی دل تھی وہ بھی کہا ہر ماننے والی تھی۔ دل نے پھر سے طنز کرتے ہوئے کہا۔

اسفند نے بنا کوئی جواب دیے۔ایک پوری آستینوالی شرٹ اور اپنا ایک سمارٹ

ٹروزر لا کر دل کو تما دیا۔ تھوڑی دیر بعد دل نہا کر باہر آگئی۔

اسفند نے دل کو اپنی باہوں میں

اٹھا کر بیڈ پر لیٹا دیا دل اسفند کی پورے

بازو والی شرٹ اور ٹراؤزر میں چھوٹی سی

نازک سی بچی لگ رہی تھی۔شرٹ کے بازو اس نے کافی فولڈ کیے ہوئے تھے۔اس کے باوجود بھی لٹک رہے تھے۔اسفند دل کو لیٹا کر کبڑ سے اپنا ٹراؤزر اور شرٹ لیکر واش روم میں چالا آیا۔

ٹپ میں گرنے کی وجہ سے

اسفند کے کپڑے بھی گیلے ہو گئے تھے۔

اسفند کافی پریشان تھا دل کے ساتھ جو اس نے کیا،اس وجہ سے وہ کافی دیر سے واش روم سے نہیں نکلا۔

اسفند جب واش روم سے باہر آیا تو دل سو چکی تھی۔ روم کی لائٹ بند کرتے
ہوئے اسفند دل کے ساتھ آ کر لیٹ گیا
تھوڑی دیر تو اسفند دل سے دور ہی بیڈ پر لیٹا رہا ں۔ مگر پھر تھوڑا سا آگے ہو
کر دل کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے اپنے
قریب کرتے ہوئے ساتھ لگا لیا، دل
جو اسفند کی طرف پشت کر کے لیٹی ہوئی
تھی۔ اسفند نے دل کی پشت پر اپنا سینا
لگا کر دل کے بالوں پر اپنے لب رکھ دیے،
دل میری جان آئی ایم سوری یار مجھے
پتا ہے میری غلطی معافی کے لائک نہیں ہے۔
پھر بھی سوری دل۔۔ پلیز مجھے معاف کر دو دل جو جاگ رہی تھی۔ بس
سونے کی
ایکٹنگ کر رہی تھی۔

مگر اسفند کی بات سن کر بھی اس نے
کوئی جواب نہیں دیا۔
اسفند دل کو اپنی باہوں میں بھرے
کے دل کی پشت سے اپنا سینا لگائے ہوئے سو گیا۔ دل جو جاگ رہی تھی
اسفند کی بات سن کر سوچنے لگی۔
کے غلطی تو میں نے بھی کی ہے۔
آدھی رات کو جب گھر سے بھاگی
تو وہ لڑکے میرے ساتھ کیا کر سکتے تھے
سوچ کر بی دل کی روح کانپ گئی
اگر اسفند ٹائم پر نہ آتا تو مجھے
بے آبرو بے ہونے میں کتنا ٹائم لگنا تھا۔
اگر اسفند میری عزت بچا کر مجھے گھر لے

آیا ہے تو کیا۔۔تو کیا میں اس احسان کے بدلے اسے معاف نہیں کر سکتی۔

کیا اس

کی غلطی اتنی بڑی ہے کہ میں اسے معاف نہیں کر سکتی۔

اصل میں دل اپنی چین ٹوٹنے کی

وجہ سے اپنے آپ کو کافی ہلکا

محسوس کر رہے تھے۔اسفند نے آج

انجانے میں ہی سہی مگر دل کے گلے سے وہ زنجیر توڑی جسے دیکھ کر دل کو

ہمیشہ کوفت ہوتی تھی۔

دل سوچوں کہ دنیا میں کافی آگے نکل گئی۔اس دن جب اس کی امی گھر پر

نہیں تھی تو علی زبردستی گھر میں آگیا۔

اور علی نے دل کے ساتھ زبردستی

کرنے کی کوشش کی۔ جس میں وہ بڑی حد تک کامیاب ہو جاتا اگر اس کی امی وقت پر گھر واپس نہ آتی تو۔ دل آویز کے ماں نے وقت پر آکر اس کی عزت کو تو بچالیا۔ مگر دل آویز کے اندر کی وہ معصوم سی بچی کو نا بچا سکی۔

جو اندر سے ڈر اور سہم گئی تھی۔

اسی ڈر کی وجہ سے دل نے علی کی

دی ہوئی چین اپنے گلے میں پہنی ہوئی تھی۔

علی نے کہا تھا کہ اگر تم میری محبت

کی نشانی کو اپنے گلے میں پہنوں گی تو میں

تمہارے نزدیک نہیں آؤں گا۔ میری

پٹاخہ منگیتر ایک دن تو تمہیں میں اپنا بنا کر رہوں گا علی کی گفتگو کا انداز انتہائی چاہلوں والا ہوتا تھا۔

مگر آج اسفند نے انجانے میں وہ زنجیر توڑی تو دل کو اندر سے بہت سکون ملا تھا۔ اب وہ سوچ رہی تھی کہ کہاں علی اور کہاں اسفند شہریار جن کا دور دور

تک کوئی مقابلہ نہیں تھا۔ یہ شخص میرا شوہر ہے جس نے مجھے پانے کے لیے جائز طریقہ اپنایا اس نے میرے ساتھ نکاح کیا۔

مجھ سے بے حد پیار کرتا ہے مگر میرے

ساتھ کچھ غلط نہیں کیا۔ جس کی نظروں میں میرے لیے پیار ہی پیار ہے اور ایسا پیار جس میں عزت بھی کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔

میں اگر واپس گئی تو امی میری شادی علی سے ہی کر دے گی۔ جس کی نہ تو صورت اچھی تھی نہ سیرت،

کہاں وہ آوارا علی اور کہاں یہ محلوں کا شہزادہ۔ دل تجھے تو اپنی قسمت پر رشک کرنا چاہیے۔ کتنا پیار کرتا ہے یہ شخص تم سے، اس کا سٹیٹس دیکھ کر کوئی بھی لڑکی جو مجھ سے ہزار گنا بہتر ہو گی اس سے شادی کرنے کے لیے تیار ہو جائے اور یہ مغرور شہزادہ جتنا خوبصورت ہے کوئی بھی اس پر اپنا دل ہار جائے تو پتہ نہیں خدا نے تمہاری کس نیکی کے بدلے اس کے دل میں تمہاری محبت اجاگر

کی ہے تو مجھے بھی اس کی قدر کرنی چاہیے۔ یہ سب سوچتے ہوئے دل کو اسفند پر بہت پیار آ رہا تھا۔

جو نیند میں بھی دل کو پوری سختی سے
اپنی گرفت لیے ہوئے تھا۔ دل کے
لبوں پر مسکراہٹ دوڑ گئی۔ شائد دل کو اپنی فیلنگ سمجھ مہیں آنے لگی تھی۔ اسے یہ سمجھ آنے لگا تھا کہ اس کے دل میں بھی اسفند کے لیے پیار چھپا ہوا ہے۔

اس کے لیے کروٹ لے کر بے اختیار
اسفند کے سینے جا لگی ور اپنا منہ اسفند کے سینے میں چھپا کا اپنا ہاتھ اسفند کی کمر پر
ڈال کر لیٹ گئی۔

اسفند کی آنکھ ابھی ابھی لگی تھی دل کے اس ردے عمل سے فورن اسفند کی

آنکھ فورن کھل گئی مگر اسفند کو لگا

کہ شاید دل نیند میں ہے لائٹ بند تھی

اس لیے اسفند کچھ دیکھنے سے قاصر تھا۔ مگر نیند میں بھی دل کا یوں اسفند

کے سینے سے لگ کر ھگ کرنا اسفند کو بہت اچھا لگا۔

اسفند کے دلکش عنابی ہونٹوں پر مسکراہٹ

پھیل گئی۔ اور اسفند نے بھی اپنی گرفت دل پر مضبوط کر لی اسے میچ

کر سینے سے لگا کر لیٹ گیا۔ کیونکہ نیند تو اسفند کی اوڑ چکی تھی۔ کیوں کہ

دل کچھ اس طرح سے اسفند کے ساتھ چپک کے سوئی ہوئی تھی کہ دل کی

گرم سانسیں اور

دل کے نرم ہونٹ اسفند کی گردن

کو چھوء رہے تھے۔

جو اسفند کو بہکا رہے تھے دل کا یو خد سے اسفند کے پاس ہو کر ہگ کرنا۔

اسفند کو خوشی پاگل کیے ہوئے تھا۔

آئی لو یو اسفند شہریار کی چھوٹی سی جان

اسفند نے دل کو سوتا ہوا سمجھ کر

آہستہ سے کہا۔

آئی لو یو ٹو میرے اڑیل خوبصورت شہزادے دل جو جاگ رہی تھی بنا آواز

بول کر مسکرا دی۔

دل تم مجھے یوں ہی تڑپا تڑپا کر پاگل کر دوں گی۔جب پاس نہیں آتی تو بے

سکون

کرتی ہو، جب پاس آتی ہو تو بے قرار

کر دیتی ہو، اسفند دل کو سویا ہوا سمجھ کر آہستہ آہستہ سے کچھ باتیں زبان

سے کہہ گیا جن کو دل نے سن لیا تھا۔

اب نہیں تڑپاؤں گی۔اسفند میں آپ کے ساتھ اپنی ایک نئی دنیا بناؤ گی،

مگر جب کبھی آپ کو میری

محبت پر یقین ہو جائے تو مجھے میری

امی سے ملوادینا پلیز۔دل یہ ساری باتیں

صرف اپنے دماغ میں ہی سوچ رہی تھی

سوچتے سوچتے نیند کی وادیوں میں گم ہوگئی

oooooooooooo

صفدر اور شمس بکھلائے ہوئے کتے بنے ہوئے تھے۔

اس وقت وہ انڈر گراؤنڈ رہ کر

ٹائیگر سے اپنا بدلہ لینا چاہتے تھے ان کو یہ اچھے سے پتا تھا کہ اگر وہ ٹائیگر تک نہیں پہنچے تو ٹائیگر ان تک پہنچ جائے گا۔صفدر اور شمس کو اس بات کی آگ لگی ہوئی تھی کہ ان کا کروڑوں

کا مال تھا۔۔ٹائیگر نے وہ لڑکیاں جو

پاکستان اپنے گھروں میں واپس پہنچادی ہے
وہ لڑکیاں کروڑوں میں بکنی تھی
ٹائیگر کی وجہ سے ان کا کروڑوں
کا نقصان ہو گیا تھا۔ صفدر اور نے شمس
نے اپنے جاسوس چاروں طرف پھیلا
رکھے تھے۔ اور خفیہ طریقے سے اتنی اطلاع بھی انھوں نے جمع کرلی تھی کہ
اسوقت ٹائیگر کا رائٹ ہینڈ اسد خان یہاں پر موجود نہیں ہے۔ ٹائیگر دوبئ
میں اکیلا ہے۔
اس بات کا وہ بھرپور فائدہ اٹھانا چاہتے تھے۔ ان کو پتا تھا کہ اسد کے ہوتے
ہوئے، وہ ٹائیگر تک آسانی سے نہیں پہنچ سکتے تھے۔ حالانکہ وہ اسد اور
ٹائیگر دونوں کے چہرے سے ناواقف تھے۔
مگر وہ ٹائیگر کے رائٹ ہینڈ کے یہاں
نہ ہونے کا بھرپور فائدہ اٹھانا چاہتے

ساتھ چلتا ہوا آیا اور دل کی طرف
سے گاڑی کا گیٹ کھول کر، دل آگے
اپنا مضبوط ہاتھ کیا تو دل نے مسکراتے ہوئے۔۔۔میری جان نارمل
پریزنٹ کرواؤ یہ اوور ایکٹنگ کرو گی تب بھی پتہ چل جائے گا کہ تم خوش
نہیں ہو صرف ایکٹنگ کر رہی ہو۔۔۔اسفند اسے تنگ کرنے کے لیے بول
رہا تھا۔۔

۔دل نے اپنا نازک سا ہاتھ اسفند کے مضبوط ہاتھ پہ رکھ دیا اسفند نے بھی
اپنے لبوں پر مسکراہٹ سجائے ہوئے دل کے
ہاتھ کو مضبوطی سے تھام کر اسے
گاڑی سے نیچے اتار لیا۔۔

اسد جو گیٹ پر لگے کیمرے سے سارا منظر دیکھ رہا تھا۔اپنے رب کا شکر ادا
کرتے ہوئے بولا اے اللہ تعالیٰ تو
بڑا بے نیاز ہے تیری کرامتے تو ہی جانے
اے میرے پروردگار میں تیرا جتنا بھی
شکر ادا کروں کم ہے۔۔۔

۔میری بہن کو اتنے سالوں بعد باعزت
اور باحفاظت محفوظ ہاتھوں تک پہنچا دیا اے میرے رب تیرا شکر ہے کہ
میری بہن ایک باکردار باعزت اور بے پناہ محبت کرنے والے شخص کے
نکاح
میں ہے۔۔۔۔۔۔

اسفند نے جس محبت کے ساتھ دل کو گاڑی سے نیچے اتارا تھا اسد کے لیے وہ ایک پل ہی کافی تھا یہ ماپنے کے لیے کہ وہ شخص اس کی بہن کے ساتھ کتنا پیار کرتا ہے اسفند شہریار وہ انسان تھا۔۔

۔جس نے کبھی خود اپنے لیے گاڑی کا دروازہ نہیں کھولا مگر آج اتنے گارڈز ہونے کے باوجود وہ اپنی بیوی کے لیے خود دروازہ کھولے ہوئے کھڑا تھا اس سے بڑا اس کے پیار کا ثبوت کیا

چاہیے تھا۔۔۔

۔دل اور اسفند جیسے ہی گھر کے اندر داخل ہوئے اسد خان سامنے کھڑا منتظر آنکھوں سے دیکھ رہا تھا۔۔

۔اسلام و علیکم۔۔۔۔"واعلیکم اسلام

اسفند کے سلام کا اسد نے پور جوشی

کے ساتھ جواب دیا اور آگے بڑھ کر دل کے سر پر ہاتھ رکھ کر نم آنکھوں

سے بولا تھا۔۔"نور میرا بچہ کیسی ہے آپ۔۔۔

۔میں ٹھیک ہوں آپ کیسے ہے۔۔۔"اسد کے نور کہنے پر دل نے اسفند کی

طرف دیکھا تو اسفند نے اشارے سے چپ رہنے کو کہا تھا۔وہ خاموشی سے

اسد کے ساتھ چلتی ہوئی اسد کے عالیشان گھر کے

ڈائننگ روم میں آگئی۔۔۔

۔جہاں پر مزیدار اور لذیذ کھانوں سے

ٹیبل سجا ہوا تھا ٹیبل چیخ چیخ کر

اس بات کی عکاسی کر رہا تھا کہ میزبان
نے بڑی چاہت سے آنے والے مہمانوں
کے لیے اسے سجایا ہے وہاں پر دل اور
اسفند کی پسند کی مناسبت سے ہر چیز رکھی گئی تھی اسد نے خود سے ایک
کرسی
کو پیچھے کھینچتے ہوئے دل کی طرف
دیکھ کر کہا نور آپ یہاں اپنے بھائی کے
پاس بیٹھیں گی۔

۔دل نے پھر سے اسفند کی طرف دیکھا
اسفند نے پھر اشارے سے دل کو اسد کے پاس بیٹھنے کو کہا۔۔دل اپنے دماغ
میں سوچ سوچ کر پریشان ہو رہی تھی کہ اسد کے بدلے ہوئے رویے کی وجہ
کیا ہے۔۔

۔رویہ تو اسفند کا بھی بدلا ہوا تھا جس کو یہ گوارا نہ تھا کہ اس کی بیوی کی گاڑی کا کوئی گیٹ کھولے وہ خود سے اسے اسد کے پاس بیٹھنے کو کہہ رہا تھا۔۔۔دل کافی پریشان تھی تو اسفند سے اس کی پریشانی دیکھی نہیں گئی۔۔۔

۔دل آرام سے کھانا کھاؤ اس کے بعد آپ کو آپ کے سارے سوالوں کے جواب مل جائیں گے۔اس کے بعد دل خاموش تو ہو گئی مگر اس کے دماغ میں مسسل یہ بات چل رہی تھی کہ کھانے کے بعد آخر کیا بات ہونے والی ہے

۔۔

۔نور یہ بریانی لو یہ تو آپ کی فیفرٹ ہے نا اسد نے خود سے دل کے پلیٹ میں بریانی ڈالتے ہوئے کہا۔۔۔

۔دل کو اس بات کی بھی حیرانی ہوئی

کے اسد بھائی کو کیسے پتا کہ

مجھے بریانی پسند ہے کیونکہ یہ بات تو ابھی تک اسفند کو بھی پتا نہیں تھی۔

۔مگر یہ بات تو سچ تھی کہ دل کو بچپن سے ہی بریانی بہت زیادہ پسند تھی۔

کھانا کھانے کے بعد اسفند اور دل دونوں

اسد کے ساتھ اس کے خوبصورت لاؤنج میں آکر صوفوں پر بیٹھ گئے۔

۔اب باری تھی دل کو سچ بتانے کی اسد کو سمجھ نہیں آرہا تھا کہ وہ کہاں سے

بات

شروع کرے اس کی پریشانی کو بھانپتے

ہوئے اسفند نے دل کے ساتھ بات شروع کی دل میں آپ کو ایک بہت بڑا سچ بتانے لگا ہوں۔۔

آپ کو مجھ پر یقین ہے۔۔اسفند کے پوچھنے پر دل نے فورن سے ہاں میں نے سر کو ہلایا۔۔"آپکو اسد پہلی نظر میں بڑے بھائی کے جیسے لگے تھے۔۔۔۔

۔دل نے ہاں میں سر کو ہلایا۔۔"آپ کو پتہ ہے آپ کو یہ فیلنگ کیوں آتی تھی۔"دل نے نفی میں سر کو ہلایا کیونکہ اسد سچ میں آپ کے بڑے بھائی ہیں۔۔

۔اسد سے آپ کا خون کا رشتہ ہے۔۔دل بہت پریشان سی ہو کر اسفند کی باتیں
سن رہی تھی اسے کچھ سمجھ میں نہیں آرہا تھا۔۔۔

۔اسد نے کچھ سوچتے ہوئے فون نکالا اور اور کال ملا کر کہا اس عورت سے بات کرواؤ جلدی۔۔۔

۔اسد کے کہنے پر اسد کے آدمی نے دل آویز کی نکلی ماں کے سامنے کیمرا کر دیا نور کو سب سچ بتاؤ کہ سچ کیا ہے۔۔

اسد نے فون دل کے آگے کر دیا دل سامنے کرسی پر اپنی ماں کو رسیوں میں باندے ہوئے دیکھ کہ تڑپ کئ تھی۔۔۔

۔امی آپ کو کس نے باندھا ہے۔۔دل آویز میری بات کو غور سے سنو میں تمہاری ماں نہیں ہوں نہ ہی میں نے کبھی تمہیں اپنی بیٹی نہیں سمجھا ہے تم ہمارے لیے صرف ایک پیسہ کمانے والی کی مشین تھی۔۔

۔ایسامت بولیں یہ سب آپ ان سے
ڈر کر بول رہی ہیں نا۔دل نے اسد کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔۔

۔نہیں میں ڈر کر نہیں بول رہی یہی سچ ہے کہ میں نے تمہاری پرورش سے اسی لیے کی کہ مجھے اس کے پیسے ملتے تھے بس اور میرا تمہارا کوئی ماں بیٹی والا رشتہ نہیں ہے۔۔۔

۔دل آویز کی ماں ابھی بات کر رہی تھی
کہ اس کی ماں کے ہاتھ سے علی نے فون چھین لیا تھا۔علی دل آویز کا نقلی منگیتر تھا جو اس وقت اس عورت کے ساتھ ہی بیسمینٹ میں بند تھا۔۔۔۔

۔اور دل آویز میری بھی یہاں سے جان چھڑاؤ پلے تو میرے کچھ پڑھا نہیں
خواہ مخہ میں مجھے بھی اس کیس میں پھنسا دیا
ہے۔۔

۔دل جو اس وقت اسفند کے ساتھ صوفے پر بیٹھی ہوئی تھی۔۔دل پر اس
طرح رعب ڈال کر بات کرنے پر اسفند نے کھا جانے والی نظروں سے
موبائل
سکرین پر دیکھا جہاں پر نورمل سی
شکل کا لڑکا دل پ اپنا رعب جھاڑ
رہا تھا۔۔۔۔۔

۔اور یہ کون ہے۔ تمہارا نیا عاشق علی نے اسفند کو دیکھ کر کہا دل نے علی کی باتوں سے گھبرا کر اسفند کے بازو کو پکڑ لیا۔۔۔

۔ٹائگر کی تیز نگاہیں ایک منٹ سے پہلے یہ سمجھ گئی تھی کہ دل اس انسان بہت ڈرتی ہے۔

۔اسفند جب بھی دل کے قریب آتا تھا
اسفند دل کی آنکھوں میں ایسا ہی ڈر دیکھتا تھا۔

۔اسفند نے غصے سے فون بند کر دیا اس
وقت صرف وہ یہی کر سکتا تھا کیونکہ
وہ اس وقت اپنا غصہ دیکھا کر
معاملے کو اور الجھنا نہیں چاہتا تھا۔۔

۔مگر اپنے دل میں تو ٹائیگر یہ عہد کر
چکا تھا کہ وہ اس آدمی کے چیتھڑے اڑا دے گا۔۔۔۔
جس کی وجہ سے اس دل کی آنکھوں
میں ڈر رر تھا۔اس کے ٹکڑے میں خود اپنے ہاتھوں کر کے جیک کے آگے
ڈالوں گا۔۔۔۔

28°°°°°°°

۔دل اسفند کو رات سے پتا نہیں کتنی بار کال کر چکی تھی۔ مگر اسفند ہر بار دل کی
ڈس کنیکٹ رہا تھا۔۔پوری رات میں اسفند پتا نہیں کتنی سگرٹ پی چکا
تھا۔۔۔

۔پوری رات نہ سونے کی وجہ سے اسفند
کی آنکھیں لال انگارہ لگ رہی تھی۔

۔میسج بیپ پر اسفند نے سامنے ٹیبل پر
رکھے ہوئے فون کی طرف دیکھا جہاں
سکرین پر میری جان کے نام سے سیف کیے ہوئے نمبر سے واٹس ایپ پر
وائس
میسج آیا تھا۔۔۔

۔دل کیوں میرے صبر کو توڑ رہی ہو مت کرو مجھے فون۔۔میں اس وقت
خود کتنی کشمکش میں ہوں یہ آپ کو کیسے
بتاؤں اسفند اس وقت اپنے منہ میں ہی بڑ بڑا رہا تھا۔۔۔

۔اسفند صوفے کی پشت سے اپنا سر ٹکھائے ہوئے اپنے غم کو دھوئیں میں اڑا
رہا تھا۔

۔اسفند کا فون بار بار بج رہا تھا جس کو
اسفند اگنور کیے جا رہا تھا۔۔

۔کیا مجھ وہ گناہ ہو گیا ہے جو گناہ
کرنے کا اسفند شہریار سوچ بھی نہیں
سکتا تھا۔وہ اسفند شہریار جو ہر عورت کو عزت کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔اس
سے اپنی محبت رسوا کیسے ہو گئی اسفند کے کانوں میں بار بار اسد کہے ہوئے
الفاظ گونج
رہیں تھیں۔۔۔۔۔۔

آپن کا نام دل آویز نہیں ہے آپ کا نام
نور میر خان ہے۔میر خان کی بیٹی
اور اسد میر خان کی بہن ہو۔

۔اسفند اس وقت سے اس کشمکش تھا

کہ کیا اس کا اور دل کا رشتہ جائز تھا

کیونکہ دل کے نکاح نامے پر نام دل آویز صفدر لکھا گیا تھا۔۔

۔اسفند رات بھر جاگنے کے بعد بھی کسی نتیجے پر نہیں پہنچ سکا تھا۔اسفند پوری رات سگریٹ نوشی کرتا رہا تھا۔

۔جس کی وجہ سے اسے کھانسی آنا شروع ہو گئی تھی۔اسفند نے کافی دن کے بعد سموکنگ کی تھی۔۔۔

۔

دل کے آنے کے بعد اسفند نے کبھی سگریٹ کو ہاتھ تک نہیں لگایا تھا۔۔اور نہ ہی دل کو پتا تھا کہ اسفند سگریٹ پیتا ہے۔اسفند کش پہ کش لگا کر دھواں

فضا میں چھوڑ رہا تھا۔اور صوفے کی پشت پر سر ٹکائے آنکھوں کو بند کر کے دل کے بارے میں ہی سوچ رہا تھا۔۔

۔اسفند کی آنکھوں کے سامنے وہ منظر تھا
جب وہ اسد کے گھر سے نکل رہا تھا تو دل کیسے تڑپ کر اس کے پیچھے آئی تھی

۔

۔وہ اسفند کے سینے کے اوپر ہاتھ رکھ کر اس کی شرٹ کو اپنی مٹیوں میں مینج کر کتنی تڑپ کے ساتھ بول رہی تھی
کہ آپ مجھے یہاں چھوڑ کر کیوں جا رہے ہیں۔۔۔

۔

اسفند۔۔۔"میری جان تم کچھ دن اپنے بھائی کے ساتھ رہو اتنے سالوں کے بعد آپ ملے ہو۔

دل۔۔۔"ہاں تو میں بھائی سے ملنے کے لیے صبح پھر آجاؤں گی۔

اسفند۔۔۔"نہیں آپ کچھ دن اسد کے ساتھ ہی رکو اسد کو آپ کی ضرورت ہے۔
مگر مجھے آپ کی ضرورت ہے دل کی
آنکھوں میں اتنی تڑپ تھی۔۔جو اسفند کو اس وقت بھی بے قرار کیے ہوئے تھی۔
وہ کس زبردستی سے دل کو وہاں چھوڑ آیا تھا وہ تو اسفند کا دل ہی جانتا تھا۔۔۔

۔مجھے یہاں پر نہیں رکنا۔۔اسد بھائی نے خود کہا ہے کہ مجھے آپ کے ساتھ جانا چاہیے۔۔۔۔

۔دل ضد مت کرو۔۔۔آپ ضد مت کرے نہ مجھے ساتھ لے چلیں نہ

۔۔۔

۔اسفند دل کی سوچوں میں گم تھا کہ اسفند موبائل کی رنگ ٹون سے حوش کی دنیا میں واپس آیا اسفند کی امید کے مطابق دل کا فون آرہا تھا۔۔

۔اب اسفند کا صبر بھی جواب دے چکا تھا۔وہ خود پر جبر کر کے تھک کا تھا۔اب تک اسفند نے خود کو کیسے روکا ہوا تھا یہ تو اسفند کا دل ہی جانتا تھا۔۔

۔اب اسفند دل کی آواز سننا چاہتا تھا

اسفند نے کل سے دل کی آواز نہیں سنی تھی۔اسے اپنے سینے سے لگا کر اس کے نازک سے وجودِ کو محسوس نہیں کیا تھا۔

۔اسفند کا ہاتھ بے اختیار فون کی طرف بڑھ گیا۔۔اس نے فون اون کر کے اپنے کان کو لگا لیا۔۔

۔اسفند۔اسفند۔آپ مجھے سن رہیں ہے

نہ اسفند آنکھوں کو بند کر کے صوفے کی پشت پر سر ٹکائے ہوئے دل آواز کو اپنی روح میں اتار رہا تھا۔۔۔

۔اسفند آپ کو میری آواز آرہی ہے "اسفند کی جان سن رہا ہوں بولتی جاؤ۔

اسفند آپ نے ڈرنک کی ہے۔۔دل نے

اسفند کی آواز پر بڑا غور کر کے یہ

سوال کیا تھا۔۔۔

۔اس وقت کوئی بھی اسفند کی آواز سنتا تو یہی سوال کرتا۔ میری جان اسفند بس ایک ہی نشہ کرتا ہے وہ ہے دل سے دل لگی کا نشہ مجھے تو بس میرے یار کا نشہ ہی کافی ہے۔

اسفند پلیز مجھے گھر آنا ہیں مجھے آپ کے بغیر نیند نہیں آتی۔۔۔۔اسفند کی جان
نید تو اسفند کو بھی نہیں آتی آپ کے بغیر۔

۔تو بھر مجھے لینے آجائے۔دل میں بہت کشمکش میں ہوں پہلے مجھے کسی نتیجے پر پہنچ لینے دو پھر لے جاؤں گا۔۔

ا۔سفند مجھے پتا ہے کہ آپ مجھے اب کبھی

بھی لینے نہیں آئیں گے۔آپ کو سب پتا چل گیا ہے نہ کہ میں کن لوگوں کے ساتھ رہتی تھی۔آپ کا مجھ سے دل بھر گیا ہے۔۔

اب آپ دل سے نفرت
کرنے لگے ہے۔۔اسفند خدا کی قسم میرے کردار پر کوئی داغ نہیں ہے ۔میں آپ کی قسم کھاتی ہوں میں آج بھی باکردار ہوں۔وہ روتے ہوئے بولتی جارہی تھی۔

۔بول دیا سب کچھ اب خاموشی سے
میری بات سنو۔میں نے آپ سے آپ کے کردار کی گواہی مانگی ہے۔آپ کے کردار کی گواہی اسفند شہریار خود ہے اسفند شہریار کا دل کبھی کسی بدکردار عورت کی طرف مائل نہیں ہو سکتا تھا۔

۔تم عشق ہو اسفند شہر یار کا

دوبارا کبھی میں تمارے منہ سے تمہارے کردار کیو ضاحت نہ سنو۔اسفند نے ایک ہی سانس میں دل کے سارے وسوسے دور کر دیے تھے۔۔

۔آپ کو میرے کردار پر یقین ہے۔ بڑی امید بھری اواز میں بولی تھی۔۔

۔اپنے آپ سے بھی زیادہ یقین ہے میری جان۔۔۔

۔تو مجھے خود سے دور کیوں کر دیا مجھے لے جاے پلیز وہ رو رہی تھی۔۔۔

۔اور اس کے آنسوں اسفند کے دل پر گر رہیں تھے۔۔دل بہت جلد لے آؤں گا بس مجھے تھوڑا سا ٹائم دو۔

۔تب تک آپ اسد کا خیال رکھیں آپ کے بھائی کو آپ کے ساتھ کی بہت ضرورت ہے اسد نے آپ ڈھونڈنے کے لیے اتنے سال لگا دیے۔۔اور کبھی امید کا دامن نہیں چھوڑا،اور آخر کار وہ آپ تک پہنچ ہی گئے۔۔

۔تو اب آپ کا بھی فرض بنتا ہے کہ آپ ان کے ساتھ کچھ دن رہ کر ان کا خیال رکھیں۔۔

کیونکہ اس کے بعد تو اگر آپ چاہیں بھی

تو میں آپ کو رکنے نہیں دوں گا۔

۔پکا آپ مجھے لینے آئیں گے نہ۔۔ہاں پکا ضرور آوں گا۔۔۔آپ نے کھانا کھایا

نہیں بری بات ہے اٹھو اور فاریش ہو

کر کھانا کھاؤ میں بعد میں فون کرتا ہوں۔۔۔

۔اسفند نے دل کو تو نورمل کر دیا تھا۔ مگر آگے کیا ہونے والا تھا یہ تو اسفند کو بھی پتا نہیں تھا

29 oooooooo

اسد کو پاکستان سے آئے ہوئے

دو دن ہو گئے تھے۔ مگر اس کی مسکان کے ساتھ کوئی بات نہیں ہوئی تھی۔

۔سوائے ایک ٹیکسٹ کے کہ وہ دوبئ

خیریت سے پہنچ گیا ہے۔۔۔

وہ خود سے فون نہیں کرے گی یہ اس نے اسد کو آنے سے پہلے بتا دیا تھا۔

کیوں کہ وہ اسد کے پیار کو پرکھنا چاہتی

تھی کہ اسد کو دوبئ جا کر مسکان کی
کتنی یاد آتی ہے۔

۔آج نور سے ملنے کے بعد اسد دماغی طور پر تھوڑا ریلیکس ہوا تو اسد کے دماغ نے کلک کیا کہ دو دن سے پرنسس کا فون نہیں آیا اس کا مطلب ہے۔

کہ تا تمان کافی گرم ہے اسد کو اپنی غلطی کا شدت کے ساتھ احساس ہوا تو اسد اپنے آفس روم سے نکل کر نور کے کمرے کی طرف آیا ہلکا سا دروازہ کھٹکھٹا کر آواز دی تھی۔۔

نور بیٹا آپ جاگ رہی ہو۔اندر سے نور کی آواز آئی جی بھائی میں جاگ رہی ہوں۔دل جو ابھی ابھی اسفند سے بات کر کے تھوڑا نورمل فیل کر رہی تھی

۔فون کو سائیڈ ٹیبل پر رکھتے ہوئے اسد کو دیکھ کر نور بیڈ سے احترامن کھڑی ہو گئی۔

نہیں نور بیٹا ریلیکس بیٹھی رہوں۔۔

کیسا ہے میرا بچہ اسد نور کے سر پر پیار سے ہاتھ رکھتے ہوئے شفقت بولا۔

اسد کی آنکھوں میں بڑے بھائی والا بے

پناہ پیار دیکھ کر دل کی آنکھوں میں آنسوں آ گئے۔۔۔

۔کیا ہوا نور بیٹا آپ رو کیوں رہی ہو

اسد نور کے آنسوں دیکھ کر پریشان ہو کر بولا تھا۔کچھ نہیں بھائی یہ تو خوشی کے

آنسوں ہیں جو اپنے بھائی کو دیکھ کر خوشی سے نکل آئے ہیں۔۔۔۔

نور نے اپنے ہاتھوں سے اپنے آنسو صاف
کرتے ہوئے کہا۔ بھائی بیٹھیے نہ پلیز۔
نور نے صوفے کی طرف اشارہ کیا اور خود بھی اسد کے ساتھ صوفے پر بیٹھ
گئی۔۔

نور بیٹا آپ کو کوئی پریشانی تو نہیں۔ اسد نے نور کا اداس چہرہ دیکھ کر سوال
کیا۔۔

۔ نہیں بھائی کوئی پریشانی نہیں ہیں
بھائی آپ کے پاس امی ابو کی کوئی
پیچرز ہے۔

۔ہاں موم اور پاپا کی پک ہے میرے پاس۔۔اسد یہ بتانا چاہتا تھا کہ ہم لوگ موم اور پاپا کہتے تھے۔جی بھائی میں
موم اور پاپا کی پیکس دیکھنا چاہتی ہوں۔

بھائی مجھے تو کچھ بھی یاد نہیں ہے۔ ممی پاپا کی شکل بھی یاد نہیں ہے نور بہت دکھ کے ساتھ بول رہی تھی۔۔

۔نور میرا بچہ دکھی مت ہو آپ کا بھائی ہے نہ آپ کو اپنی آنکھوں سے آپ کے اس دو سال کا بچپن دیکھائے گا جو آپ نے میرے اور موم پاپا کے ساتھ گزارا ہے۔۔

۔ابھی آپ آرام سے سو جائیں مجھے کچھ ضروری کام ہے میں وہ نپٹالوں پھر ہم دونوں بہن بھائی مل کر ڈنر کریں گے۔۔

۔ کہیں ضروری کام بھابھی سے بات کرنا تو نہیں ہے۔ نور نے اپنے بھائی کے ساتھ حق سے مزاق کیا تھا۔

منہ پر ہاتھ رکھ کر دبھی دبھی سی ہنسی ہنسے لگی۔۔

شیطان کہی کی بڑے بھائی کا مزاق اڑا رہی ہو۔

اسد نے مسکراتے ہوئے نور کے سر پر ہاتھ رکھا۔ آپ آرام کرو میں آپ سے بادمیں آکر ملتا ہوں

°°°°°°30

اسد اپنے روم آچکا تھا اسد مسکراتے ہوئے اپنے فون پر لگے ہوئے وال پیپر پر مسکان کی تصویر کو دیکھ کر مسکرا دیا تھا۔

اپنے دل کش لبوں کو مسکان کی تصویر

پر رکھ کر چومنے رہا تھا۔۔۔

۔مسکان تصویر میں دلہن بنی ہوئی تھی
ہائے رے میری قاتل حسینہ بیوی آپ
کی تصویر دیکھتے ہی میرا دل سو کی
سپیڈ دھڑکنا شروع ہو جاتا ہے۔

۔اسد نے پھر سے اپنے لب موبائل سکرین پر لگی مسکان کی تصویر پر رکھ دیے اور اپنی آنکھوں کو بند کر کے لبوں سے دوبارہ چومنے لگا۔ پھر آنکھیں کھول کر تصویر کو گہری نظروں سے دیکھتے ہوئے بول رہا تھا۔۔

۔آئی لو یو مائی بیوٹی فل وائف اسد میر خان کے بچپن کی محبت اسد مسکان کی تصویر کو محبت بھری نگاہوں سے دیکھتا مسکان کو ویڈیو کال ملانے لگا تھا۔۔

۔اسد کی امید کے مطابق مسکان نے کال نہیں اٹھائی اسد کو اچھے سے پتہ تھا کہ مسکان کال نہیں اٹھائے گی۔۔۔

۔وہ اپنے دل کش لبوں سے مسکراتا ہوا وائس میسج پر ریکارڈنگ کرنے لگا

اسلام علیکم پرنسس کیسی ہو فورن سے پہلے میری کال اٹھاؤ ورنہ اس بات کی سزا آپ کو میرے واپس آنے پر ضرور ملے گی۔۔اور یہ مت بھولیئے گا کہ

اسد میر خان

اپنے وعدے اور اپنی باتوں سے کبھی نہیں پلٹتا۔۔بہتری اسی میں ہے کہ آپ میری ویڈیو کال اٹھائیں اور مجھ سے بات کریں۔۔

۔وائس میسج بھیجنے کے بعد اسد مسکراتا

ہوا اپنی شرٹ کے بٹن کھول کر اسے اتارنے لگا۔شرٹ کو اتار کر صوفے
پر پھینکتے ہوئے اپنے فون کو لے
کر بیڈ پر آ گیا۔
۔وہ تکیے پر سر رکھ کر ایک ہاتھ اپنے سر
کے نیچے رکھے ہوئے فون کو اٹھا کر مسکرایا تھا۔۔۔
۔جس پر مسکان کی ویڈیو کال آ رہی تھی۔۔۔ہائے کیسی ہو پرنسس
۔جیسی بھی ہوں آپ کو اس سے کیا۔۔
اور یہ آپ ہر وقت مجھے دھمکیاں
کیوں دیتے رہتے ہے۔۔۔
۔مسکان کو اسد کی دھمکی پر غصہ
بھی آیا تھا۔۔۔اور ڈر بھی لگا

تھااس لیے اس نے جلدی سے
ویڈیو کال ملائی تھی۔

۔کیسی ہو میری ناراض بیوی۔۔

۔جیسی بھی ہوں آپ کو اس سے
مطلب۔۔۔۔

۔ہائے میری جان میرا تو ہر مطلب آپ سے ہی شروع ہوتا ہے اور آپ پر ہی
ختم ہوتا ہے۔اس نے آنکھ کو دباتے
ہوئے کہا تھا۔۔۔

۔تو مسکان نے شرما کا نظریں نیچے

کرلی تھی۔۔اگر اتنے دن کے بعد آپ کو میری یاد آ ہی گئی تھی تو کم سے کم ویڈیو کال پر آنے سے پہلے پورے کپڑے تو پہن لیتے۔۔

۔ہاہاہا۔۔اسد کا قہقہ کر پورے روم میں گونج اٹھا کیوں کہ اسد کو مسکان سے اس بات کی پوری امید تھی کہ وہ یہ ضرور بولے گی۔۔

۔اسی لیے اسد نے جان بوجھ کر اپنی شرٹ اتاری تھی۔۔۔میری جان پورے کپڑے پہن کر بیوی سے بات کرنے کی فیلنگ نہیں آتی اس لیے اتاری ہے۔

اسد فلائنگ کس کرتے ہوئے بولا۔۔۔

۔

اسد کم سے کم فون پر تو بے شرمی کی باتیں مت کیا کریں۔۔تو کیا آپ کو نعتیں پڑھ کر سناؤں۔۔۔

۔اب میں نے ایسا بھی نہیں کہا ہے۔۔۔تو پھر بتائیں آپ سے کیسی باتیں کیا کروں۔۔۔۔

۔نارملی میاں بیوی میں یا تو رومینس کی باتیں ہوتی ہیں یا لڑائی ہوتی ہے۔۔
لڑائی آپ بہت اچھے سے کر رہی ہیں تو میرے خیال سے مجھے جرنلی رومینس کی باتیں ہی کرنی چاہیے۔

۔آپ سے کوئی جیت نہیں سکتا مسکان نے ہار مانتے ہوئے کہا۔۔۔جب آپ کو پتہ ہے کہ آپ میرا اور میری باتوں کا مقابلہ نہیں کر سکتی تو خانم کوشش بھی مت کیا کرو۔۔۔۔

۔اسد اپنی جیت پر بہت خوش ہو رہا تھا۔

مجھے لپ کس دو۔۔ سوری میں اس وقت آپ کو کس دینے کے لی دبئ تو نہیں آسکتی مسکان نے چڑاتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔۔۔

آپکا یہ بہنا بہت جلد ختم ہونے
ختم کر دوں گا۔۔۔ میری نازک سی جان
پرنسس بس آپ زرا ایگزام فری ہو لیں۔۔

۔تو ٹھیک ہے جب آپ میرا بہنانہ
ختم کر دینگے تب آکر کس بھی لے
لیجئے گا۔ مسکان نے بڑی ہمت جمع کرتے ہوئے کے کونفیڈینٹ سے جواب دیا۔۔
۔بڑی ہمت آگئ میری بھیگی بلی میں۔

اب آپ اتنی بہادر ہو گئی ہیں۔ کہ اپنے شوہر کے ساتھ شرطیں رکھنے لگی ہے

۔آئی برو کو اٹھا کر رعب دار آواز سے بولا تو مسکان کی ایک منٹ سے پہلے ہوا نکل گئی۔ اسد کی اس رعبدار آواز سے تو اس کی جان نکل جاتی تھی۔

۔اس وقت بھی اس کی روح پرواز کرنے

کو تھی۔ نہیں میں آپ سے شرطیں تو نہیں لگا رہی ہوں گھبرائی ہوئی آواز

میں رک رک کر جواب دیا۔

۔اسد کے لبوں کو دو پل کے لیے ہنسی

چھوء کر گزری تھی۔ جس کو اسد نے بڑی مہارت کے ساتھ مسکان کی نظر

سے

چھپا لیا۔۔۔۔

۔اور اسے رعبدار دار آواز سے بولا تو پھر

ایک منٹ سے پہلے ثابت کرو کہ آپ

مجھ سے شرطیں نہیں لگا رہی تھی۔

۔میں کیسے ثابت کروں نظروں کو جھکائے

ہوئے کسی مجرم کی طرح بولی تھی۔۔

۔ سمپل مجھے کس دے کر سابت کرو

اسد پلیز مجھ سے نہیں ہو گا۔۔

۔آپ کو اچھی طرح پتہ ہے کہ مجھے

بہت شرم آتی ہے مسکان کے گلے

میں آنسوں اٹکنے لگے۔

۔تو پھر آپ ہی بتائیں کہ آپ کیسے ثابت کریں گی کہ آپ اپنے شوہر سے شرطیں نہیں لگا رہی تھی۔

۔یہ فیصلہ میں آپ پر ہی چھوڑتا ہوں کہ آپ مجھے کیسے مطمئن کریں گی۔۔۔

اسد جان بوجھ کر مسکان کو ستا رہا تھا

جبکہ اس سے اچھی طرح سے پتہ تھا۔

کہ مسکان سے تو سامنے بیٹھ کر اسد

کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات نہیں کی جاتی تھی۔اس نے ویڈیو کال پر کس کیا خاک کرنی تھی۔۔۔

۔آپ آنکھیں بند کر لیں پھر میں کر لوں گی مسکان کی آنکھوں سے برسات شروع ہو چکی تھی۔۔۔۔

۔میں تو آنکھیں بند نہیں کروں گا شرم آپ کو آ رہی ہے مجھے نہیں اسد نے صاف آنکھیں بند کرنے سے انکار کر دیا تھا۔

تو ٹھیک ہے پھر کس بھی آپ ہی کر لیں مسکان نے دوسرا آپشن دیا۔

۔ہائے میری جان کاش اس وقت آپ

میں ہے آپ میرے پاس ہوتی تو اور آپ مجھے یہ آفر دیتی تو اب تک

میں آپ کو آدھا کھا چکا بھی چکا ہوتا۔۔۔

۔اسد نے مسکان کی ہمت کی رہی صحیح بھی دھجیاں اڑا دی تھی یہ جملہ بول کر مسکان کے گال شرم سے لال ہو رہے تھے۔۔۔

۔اسد پلیز۔۔۔کوئی پلیز نہیں چلے گی مجھے کس چاہیے وہ بھی فورن سے پہلے ورنہ کوئی بات نہیں کچھ دنوں کی بات ہے۔اس کے بعد میں اپنے سارے حساب آکر پورے کرلوں گا۔۔۔

۔مسکان کی جان نکل رہی تھی اسد کی

باتوں سے کیونکہ اسد کا دو دن کا وہ

ساتھ جس نے مسکان کی جان کو ہلکا کر کے رکھا دیا تھا۔وہ بھولی نہیں تھی۔۔

۔

بے شک وہ اسد سے بہت پیار کرتی تھی

مگر مسکان جیسی نازک لڑکی کے لیے اسد جیسے مضبوط شخصیت کے مالک شخص کی شدتوں کو جھیلنا آسان نہیں تھا۔۔

۔وہ اسد کے ساتھ کوئی پنگا نہیں لینا چاہتی تھی۔اسد پلیز کوئی اور آپشن نہیں ہے وہ اتنی معصومیت سے سہمی ہوئی اسد سے پوچھ رہی تھی۔۔۔۔

۔کہ اسد کو اس پر ترس آنے لگا تو اسد

نے مسکان کو تنگ کرنے کا ارادہ ترک کر دیا۔ تیسرا آپشن یہ ہے کہ

ہمارے ولیمے

پر جب میں آپ کو لینے آؤں گا تو آپ یہ ادھار کس مجھے اس وقت دے دینا۔۔بولو منظور ہے۔

۔ہاں منظور ہے مسکان فورن سے بولی کیونکہ وہ اس وقت اس سچویشن سے نکلنا چاہتی تھی۔

۔مسکان نے یہ سوچتے ہوئے خود کو تسلی

دی کہ باد کی بعد میں دیکھی جائے گی اس لیے اس نے فورا حامی بھر لی۔

۔اسد کو تو یہ سودا بھی برا نہیں لگا تھا۔

ڈرپوک لڑکی یہ لو میری طرف سے کس اس نے اپنے ہونٹوں کو گول کر کے کس دی تھی۔۔۔۔وہ شرمائی تھی۔

۔اس کے بعد اسد اور مسکان کے درمیان کافی دیر تک نور کو لے کر باتیں ہوتی رہی تھی

°°°°°°°31

اسد کے پاس ہمیشہ اسفند کے کی ایکسٹرا چابی موجود ہوتی تھی۔

۔اسفند کے پاس اسد کے گھر کی

چابی ہوتی تھی۔اس لیے وہ خود
سے لوک کھول کر اندر آگیا اسے اسفند باہر کہیں نظر نہیں آیا تھا۔۔

تو وہ سیدھا اسفند کے روم میں آگیا۔اسفند سگریٹ پی پی کے اور جاگ کر بے
حال سی حالت میں بیڈ پر لیٹا ہوا تھا۔

۔اسفند کی آنکھ ابھی ابھی لگی تھی کہ
ٹائیگر کی چھٹی ہس نے اسے الرٹ کیا۔
۔کہ اس کے گھر اندر کوئی ہے۔

ٹائیگر نے فوراً سے آنکھیں کھولتے ہوئے اپنے تکیے کے نیچے پڑا ہوا پسٹل نکال
کر پاس کھڑے ہوئے شخص پر تان
دیا۔۔جو دبے پاؤں روم کے اندر داخل ہوا تھا۔۔۔

اسد اسفند کی حالت دیکھ کر پریشان ہو کر بیڈ کے پاس کھڑا ہوا تھا۔اسفند کے پسٹل تاننے پر مزاق سے بولا شرم کر اپنی ہی بہن کا گھر اجاڑنے لگے ہو سالے اسد بناڈرے سیناتان کر کھڑا ہوا تھا۔۔

۔حرکت تو تو نے مرنے والی ہی کی ہے اسفند بات کرتے ہوئے بیڈ پر اوٹھ کر بیٹھ گیا۔۔۔انسانوں کی طرح آنے سے پہلے بتا دیتے۔۔۔

۔جب میرا فون نہیں اٹھاؤ گے تو تم سے ملنے کے لیے تمہارے گھر تو آنا پڑے گانا اسد صوفے پر بیٹھتے ہوئے بولا۔۔۔۔

۔ہاں تو میرا موڈ نہیں تھا فون اٹھانے کا۔۔۔کیوں موڈ نہیں تھا۔۔۔میں تمہارا جواب دہ نہیں ہوں اور نا گوار سا منہ بنا

کربولا۔۔

۔خیریت ہے بناوجہ کہ کیوں بھڑک رہے ہو۔۔۔۔

۔میں اس وقت تم سے کوئی بات نہیں کرنا چاہتا اسفند نے دوٹوک جواب دیا۔

یار مسئلہ کیا ہے۔کوئی مسئلہ نہیں ہے اس وقت مسئلہ تم ہو جو غلط ٹائم پر آ ٹپکے ہو۔۔۔

۔۔تم دل کو لینے کیوں نہیں آئے۔۔۔

۔کیوں دو چار دن بہن تمہارے پاس رک گئی ہے تو بوجھ لگنے لگی ہے۔۔

۔بکواس بند کرو میری بہن اگر ساری زندگی بھی میرے پاس رہے تو میرے لیے وہ کبھی بھوج نہیں ہو سکتی۔۔ گھٹیا انسان وہ تمہاری وجہ سے بے حد پریشان ہے۔۔۔۔

اسفند۔۔۔"یہ بات دل نے کہی ہے تم سے۔

۔نہیں بھائی ہوں اس کا اس کی آنکھوں میں دیکھ کر سمجھ سکتا ہوں کہ اس کے بے غیرت شوہر کو اس کی فکر نہیں ہے۔ تیرے نہ آنے پر وہ اداس ہے دیکھ سکتا ہوں اس کی آنکھوں میں۔۔۔

دونوں کا بے تکلف ایک دوسرے کو جملوں سے وار کرنا دیکھ کر کوئی انجان بھی سمجھ سکتا تھا۔ کہ ان دونوں کی آپس میں کتنی گہری دوستی ہے۔

۔اسفند پلیز بتاؤ پرابلم کیا ہے اسد نے اب کی بار تھوڑا نرم لہجہ کر کے پوچھا۔

۔کوئی مسئلہ نہیں ہے میں چاہتا تھا کہ دل کچھ دن اپنے بھائی کے ساتھ گزارے۔اتنے سالوں کے بعد دونوں بہن بھائی ملے ہو۔۔۔وہ نظریں چراتے ہوئے بولا تھا۔۔۔

۔یہ والا لولی پوپ تم کسی اور کو دینا میں تمہاری رگ رگ سے واقف ہوں۔۔مجھے بتاؤ کہ مسئلہ کیا ہے۔اسد نے ایک اسفند کے چہرے پر شدید پریشانی کو آتے ہی دیکھ لیا تھا۔۔

۔اور کمرے میں پڑے ہوئے سگریٹ کے خالی پیک دیکھ کر اسد آتے ہی سمجھ گیا تھا کہ اسفند کسی زہنی پریشانی میں مبتلا ہے۔کیونکہ اسفند بہت زیادہ

سگریٹ نوشی تب ہی کرتا ہے جب وہ کسی کشمکش میں ہو۔یا ٹینشن میں ہوتا

۔جب جھوٹ بولنا نہیں آتا تو کوشش

بھی مت کیا کرو۔اب بتاؤ کہ مصلہ کیا ہے۔۔

۔اسفند کچھ دیر چپ رہا تھا۔اسد میں

بہت کشمکش میں ہوں کہ کیا دل سچ میں میرے نکاح میں ہے۔وہ میری شرعی

بیوی ہے بھی یا نہیں۔۔

۔کیا بکواس کر رہے ہو اسفند کی بات پر

اسد نے غصے سے بھری نگاہوں سے اسفند کی طرف دیکھا۔

آخر کار بات اس کی بہن کی عزت کی تھی تو اسد میر خان کا غیرت مند خون

گرم کیسے نہ ہوتا۔۔۔

اسد نکاح میں دل کا نام اور ولدیت غلط ہے۔اسد مجھے غلط مت سمجھو میں دل سے بہت پیار کرتا ہوں۔۔۔

۔یار ہر عورت کو عزت کو نگاہ سے دیکھنے والا ہے تحفظ دینے والا وہ کسی نتیجے پر نہیں پہنچ پا رہا تھا۔کہ ہمارا رشتہ جائز ہے بھی یا نہیں۔۔مجھے یہ بات اندر ہی اندر کھائے جا رہی تھی۔۔۔

۔اسفند کے دل کا درد اس کے چہرے پر
صاف نظر آ رہا تھا ڈیشنگ دکھنے والا
اسفند شہریار اس وقت ٹوٹا ہوا تھا۔۔

۔اٹھواور جاکر فریش ہو کر میرے ساتھ چلواسد نے کچھ سوچتے ہوئے اسفند کو کہا تھا۔۔۔۔۔

۔میں اس وقت کہیں جانے کے موڈ میں نہیں ہوں۔۔

۔ایک بار میرے ساتھ چلو تمہیں تمہارے سارے سوالوں کے جواب ملیں گے سب الجھنوں کے حل مل جائے گا۔

۔اسد کی بات پر اسفند نے کچھ دیر اس کے چہرے کی جانب دیکھا تھا۔ بھر ہاں میں سر کو ہلایااور اٹھ کر کبڑ سے اپنے کپڑے نکال کر واش روم میں فریش ہونے چلا گیا۔۔۔۔

۔اسد اسفند کو لے کر مولوی صاحب

کے پاس مسجد میں گیااور اپنا سارا مسئلہ

مولوی صاحب کے سامنے رکھ دیا۔

مولوی صاحب ساری بات سننے کے بعد بولے۔کہ بیٹا آپ کا نکاح جائز ہے۔۔
وہ بچی آپ کی بیوی ہے اور آپ کے نکاح میں ہے۔۔۔۔

۔بیٹا ہزاروں بچے بچیاں ایسے ہوتے ہیں جو بچپن میں کسی وجہ سے اپنے ماں باپ سے بچھڑ جاتے ہیں ان کو نہ تو خود کا نام پتہ ہوتا ہے۔نہ اپنے اصل ماں باپ کے نام کا پتہ ہوتا ہے۔۔۔۔

۔اسی طرح جو ان کو پالتے ہیں وہ

اپنانام دیکر کران کی شادیاں کر دیتے ہیں۔ایسی صورت میں نکاح بالکل جائزاور صحیح تھا جس وقت نکاح ہوااس وقت توآپ اس حقیقت سے واقف نہیں تھے۔۔

۔اس لیے آپ کا نکاح جائز ہے ہاں جب سب کچھ جانتے بوجھتے ہوئے آپ غلط نام لکھو تواس کی صورت میں معاملات الگ ہوتے ہیں۔۔۔

۔پھر بھی آپ اپنی تسلی کے لیے دوبارہ نکاح کرلیں اس سے آپ کے دل تسلی بھی ہو جائے گی۔۔

۔ثواب بھی ملے گااور سکون بھی مولوی صاحب کی ساری بات سن کر اسد اوراسفند دونوں مولوی صاحب سے سلام لے کر باہر آگے۔۔

۔اسفند نے شکر کا کلمہ پڑھا اور باہر آ کر اسد کو گلے لگا لیا تھینک یو یار میں
تمہیں
بتا نہیں سکتا۔ان چار دنوں میں میں
کتنی بار مرا ہوں۔۔۔

۔مرنے کی ضرورت ہی نہ پڑتی اگر اپنے دوست سے بات شیئر کر لیتے تو
۔۔۔مگر جناب تو جب سے بہنوئی بنے ہو۔تمہارے تو نکھرے اور ادائیں ہی
نرالی ہو گئی ہے۔۔

۔اسد نے مصنوعی غصہ دکھایا اور پھر دونوں اسد گھر آ گئے۔۔۔

۔دل اسفند کو سامنے دیکھ کر خوشی سے رو پڑی اسد دونوں کو روم میں اکیلا
چھوڑ کر دروازہ بند کر کے باہر نکل گیا۔۔

۔اسد کے لحاظ سے دونوں ایک دوسرے سے دور کھڑے ہوئے تھے اسد کے جاتے ہی اسفند نے دل کو کھینچتے ہوئے اپنے سینے سے لگالیا اور اپنی باہوں کا گھیرا تنگ کر لیا۔۔

۔حالت دل کی بھی یہی تھی وہ بھی اسفند کی کمر پر دونوں ہاتھ باندھے ہوئے اس کے سینے پر سر رکھ کر بن موسم کی بارش میں بھیگ رہی تھی۔۔

۔اسفند نے دل کی گردن پر اپنے گرم گرم لبوں کا لمس چھوڑا تو دل کے پورے بدن میں بجلی کی لہر سی دوڑ گئی۔

وہ دل چہرے کو اپنے ہاتھوں کے پیالے میں بھرتے ہوئے دل کے لبوں پر جھکا ہوا اس کی نازک سی پنکڑیوں کو اپنے لبوں میں قید کیے کھڑا تھا۔۔

وہ ہی پیچھے جانب ہوتا ہوا اسے بیڈ تک لے آیا تھا۔اسے بیڈ پر گرا کر خود دل کے اوپر برجمان ہو کر دل کے چہرے پر اپنے گرم گرم لمس چھوڑنے لگا تھا۔

دل آنکھیں بند کیے ہوئے اپنی اکھڑی ہوئی سانسوں کے سمیٹنے کی کوشش کرتے ہوئے اسفند کے نیچے لیٹی ہوئی اسفند کے لبوں کی گرمی میں اپنے جسم کو جلتا ہوا محسوس کر رہی تھی۔۔۔

۔مگر یہ سچ تھا کہ اسد کے گرم گرم لمس دل کے دل کو سکون دے رہے تھے۔

اسفند گالوں سے ہوتا ہوا دل کے لبوں

کو پھر سے اپنی قید میں لے گیا۔

دل کے لبوں کو اتنی شدت کے ساتھ اپنی لبوں میں قید کیے ہوئے اپنی پیاس

بجھا رہا تھا۔ کہ دل کو اپنی جان نکلتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی۔

۔ پتہ نہیں کتنی دیر تک وہ بنا کچھ بولے دل کو اپنے لبوں کو اپنی قید میں لیے ہوئے اپنی پیاس بجھاتا رہا۔۔ مگر جب دل کی سانسیں اکھڑنے لگی تو اپنا چہرہ اوپر اٹھا۔

۔دل کی طرف دیکھا دل کی آنکھوں میں آنسو تھے۔ وہ اپنے لب دل کی آنکھوں پر رکھتے ہوئے اس کے آنسوں چننے لگا تھا۔۔

۔اسفند کچھ زیادہ ہی بہکنے لگا تھا

دل۔۔۔جی۔۔دوبارہ کبھی مجھ سے دور مت ہونا تم سے یہ چار دنوں کی دوری میرے لیے چار صدیاں تھی۔۔۔

۔میں کہاں آپ سے کہا دور تھی۔آپ ہی مجھے یہاں چھوڑ کر چلے گئے تھے

۔دل نے بڑی معصومیت سے جواب دیا۔۔سوری

میری جان اب ایسا کبھی نہیں ہو گا

اسفند نے پھر سے دل کی لبوں کو

اپنی قید میں لے لیا۔۔۔

۔اسفند کو اس وقت دل کی اتنی طلب تھی کہ اگر وہ اسد کے گھر نہ ہوتا تو شاید ساری حدیں پار کر جاتا۔۔۔۔۔

۔چلو اٹھو تیاری کرو۔۔مگر بھائی سے تو

پوچھ لے۔۔۔اسفند غصے سے دل سے دور ہو کر کھڑا ہو گیا۔۔

۔وہ دل کو فورن سے پہلے اپنے گھر لے جانا چاہتا تھا۔جہاں جا کر وہ اپنی بے قرار محبت کو دل پر لٹا کر سکون اپنے آپ سکون پہنچانا چاہتا تھا۔۔۔۔

۔مگر دل کے بھائی والے جملے پر اسفند نے غصے سے دل کی طرف دیکھا۔۔۔۔

۔کیوں اب مجھے اپنی بیوی کو لے جانے کے لیے تمہارے بھائی کی اجازت کی ضرورت پڑے گی۔۔۔ نہیں میں نے ایسا تو نہیں کہا۔دل نے اسفند کی آواز سے گبھرا کر اپنے ہونٹوں کو چبانا شروع کر دیا۔۔۔۔۔

۔ان کو چھوڑو ان پر ظلم مت کیا

کرو کتنی بار سمجھایا ہے۔۔اسفند نے اپنے ہاتھ کے انگوٹھے سے دل کے ہونٹوں کو آزاد کرتے ہوئے اپنا انگوٹھا دل کے لبوں پر بھی حسرت سے پھیرتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

۔چلو فریش ہو کر باہر آؤ میں اسد کے روم میں جا رہا ہوں۔۔ کہہ کر اسد کے روم میں چلا گیا

۔دل کو اسفند کے ساتھ واپس بھیجنے سے پہلے اسد نے۔۔اسفند اور دل کا دوبارہ تجدید نکاح کروا کر بھیجا تھا۔۔۔

تاکہ اس کی بہن کی زندگی میں کسی
پریشانی کی گنجائش باکی نہ رہ جائے۔

اسد نے نور کو دلہن بنا کر بڑے بھائی کا
حق ادا کرتے ہوئے رخصت کیا۔۔۔

۔باہر پھولوں سے سجی ہوئی گاڑی
تیار کھڑی تھی۔۔۔۔جسے دیکھ کر اسفند نے حیران ہوتے دیکھا تھا۔۔۔

۔اگر سب تیاری تھی تو مجھے بھی بتا دیتے میں بھی دولہا بن کر آ جاتا۔۔۔۔۔

۔نہیں تیری شکل ایسی ہی ٹھیک ہے۔۔کمینے میری بہن کے ساتھ زبردستی
نکاح کیا تھا تو نے اس لیے اب میں اپنی بہن کو اچھی طرح سے رخصت کر رہا
ہوں۔۔۔۔

۔اگر میری بہن کو کوئی تکلیف ہوئی تو تمہارے دانت توڑ دوں گا۔۔۔۔

۔سلامت تو تمہارے بھی نہیں رہیں گے اگر میری بہن کو کوئی تکلیف ہوئی تو۔۔ایک سیر تھا تو دوسرا سوا سیر۔یہی تو ان دونوں کی دوستی کی خوبصورتی تھی۔۔۔

۔نور کو رخصت کرتے ہوئے اسد کی آنکھیں نم ہو گئی۔ غم سے نہیں بلکہ خوشی سے کہ آج خدا نے اسے یہ موقع
دیا ہے۔۔۔۔

۔کہ وہ اپنے ہاتھوں سے اپنی بہن کو
رخصت کر رہا تھا۔۔اب اسد کی امید تو دم توڑنے لگی تھی کہ دل کبھی اسے ملے گی بھی یا نہیں۔۔۔ مگر رب اپنے بندے کو اس کی ہمت سے زیادہ دکھ نہیں دیتا۔کے لیے اس بات پر آج اس کا یقین اور بھی پختہ ہو گیا تھا۔۔

دل۔۔۔جی۔۔۔ گونگھٹ اٹھاؤ۔۔۔۔۔گاڑی اسد کے گھر سے ابھی ایک سیکنڈ کا

سفر بھی تہہ نہیں کر پائی تھی۔کہ اسفند کے صبر کے پیمانے لبریز ہونے لگ گئے تھے۔۔۔

۔بیوٹیشن نے دل کو تیار کرنے کے بعد

اس کے چہرے پر ریڈ کلر کے الگ

دوپٹے سے بہت خوبصورت طریقے سے

گھونگٹ کر دیا تھا۔

۔اب دل پاس بیٹھی ہو اور اسفند دل کا

چہرہ نہ دیکھے۔یہ تو کسی کتاب میں

نہیں لکھا ہوا تھا۔۔

۔میں نے کہا گھونگھٹ

اٹھاؤ گاڑی چلاتے ہوئے اسفند نے دل

کو اب دوسری بار کہا تھا۔۔۔کیا بات ہے بھائی کے پاس جا کر بہری ہو گئی

ہو۔۔۔دل کے جواب نہ دینے پر اسفند

کے صبر جواب دینے لگا تھا۔

۔دل گھونگٹ اٹھا رہی ہو یا میں اٹھاؤں اور یہاں پر ہی تمہارے ہوش ٹھکانے

لگانہ شروع کر دوں۔۔میرے ضبط کو مت آزماؤ اسفند نے دانتوں کو پیستے

ہوئے بولا۔۔۔۔

کوئی اس طرح سے بھی اپنی دلہن کو گھونگٹ اٹھانے کے لیے بولتا ہے۔

۔دل نے گھونگٹ کو دونوں ہاتھوں سے اوپر کر کے غصے سے اپنی چھوٹی سی ناک کو سنگوڑتے ہوئے کہا تو اسفند قہقہ لگا کر ہنسا تھا۔۔۔

۔اچھا بتاؤ کیسے بولتے ہیں دلہن کو گھونگھٹ اٹھانے کے لیے اسفند کا دل کی معصوم ادا پر قربان ہونے کو دل کر رہا تھا۔۔۔

۔اتنے بڑے ہو گئے آپ کو نہیں پتہ آنکھوں کو چھوٹا کر کے غصے سے جھگڑے والے انداز سے بولی۔۔

۔اس نے اب بھی گھونگھٹ کو اسی طرح دونوں ہاتھوں سے اٹھا رکھا تھا۔۔۔

۔اچھا میری جان ناراض مت ہو مجھے سچ میں نہیں پتا کہ دلہن کا گھونگٹ کیسے اٹھاتے ہے۔اگر آپ کو پتہ ہے تو مجھے

بتادیں اسفند کو اس وقت اس کی معصوم
باتیں اور ادائیں بہت پیاری لگ رہی تھی۔۔۔۔

۔اسفند اس کی اسی کی بچکانہ اور معصوم
اداؤں کا ہی تو دیوانہ تھا اس وقت وہ اسے سننا چاہتا تھا۔اس لیے وہ
اسے باتوں
میں الجھا رہا تھا۔۔۔۔

بدھو دلہن کو گھونگھٹ اٹھانے کے لیے بولتے ہی نہیں ہیں۔خود دلہن کو بیڈ
پر
بیٹھا کر اس کے بعد گفٹ دیتے ہیں۔اور پھر پیار سے گھونگٹ اٹھاتے ہیں۔

۔دل نے اپنی ساری جنرل نالج اسفند کے

ساتھ شیئر کر دی۔اچھا تو اس کے بعد کیا کرتے ہیں اسفند کے خرافاتی دماغ
میں
کچھ اور ہی چل رہا تھا۔۔

۔دل کو جب اپنی بیوقوفی کا اندازہ ہوا تو
جلدی سے گھونگٹ نیچے کر کے بولی
مجھے نہیں پتہ آگے کیا ہوتا ہے۔۔

دل گھونگٹ اٹھاؤ اسفند جو اس کی
باتیں بڑے مزے سے سن رہا تھا۔۔۔
دل کے گھونگٹ نیچے کرنے پر
سرد لہجے میں بولا۔۔

۔مگر مقابل بھی دل تھی جس کا دماغ

کبھی بھی کسی بھی ٹریک پر جا سکتا

تھا۔گھر جا کر خود اٹھا لیجئے گا دل نے ٹکا کر جواب دیا۔۔

۔گھر جا کر صرف گھونگٹ نہیں اٹھاؤں

گا۔اور بھی بہت کچھ ہے میرے پاس کرنے کے لیے تم گھر چلو میں

تمہارے

ہوش ٹھکانے لگاتا ہوں۔

۔اسفند محسوس کر رہا تھا کہ اپنے خون کے رشتے سے ملنے کے بعد دل کے

اندر

ایک الگ نکھار اور کونفیڈنس تھا۔۔

وہ بہت مطمئن لگ رہی تھی جسے

دیکھ کر اسد دل ہی دل میں بہت خوش
تھا۔۔آج وہ دل کو مکمل محسوس کر رہا تھا۔۔آج سے پہلے وہ اسفند کے
سامنے تھوڑا دبی اور ڈری ڈری ہوتی تھی۔
مگر آج اس میں ایک الگ نکھار تھا جو اسفند کو بہت اچھا لگ رہا تھا۔

۔مگر اس سب میں اسے یہ منظور نہیں تھا کہ دونوں کے بیچ میں گھونگھٹ کو
حائل ہو۔۔اس وقت مسئلہ تو اس
گھونگٹ نے کھڑا کر رکھا تھا۔

۔اب آپ مجھے ڈرا نہیں سکتے مجھے اسد بھائی نے بول کر بھیجا ہے کہ اگر آپ
مجھ پر غصہ کریں گے۔۔یا کچھ غلط کہیں
گے تو میں انہیں فون کر دوں۔۔

بھائی نے مجھے اپنا فون نمبر بھی دے

دیا ہے۔اب میرے بھائی آپ سے نپٹ لیں گے۔۔۔وہ بڑے حق سے
اپنے بھائی کی دھمکی دے رہی تھی۔۔۔

تمہارے بھائی کی تو ایسی کی تیسی

نپٹے گا وہ بھی مجھ سے۔

تم میری بیوی ہو یہ مت بھولنا۔۔

یہ بھائی کا رعب میرے اوپر مت

چھاڑو۔۔۔

۔تمہارے بھائی نے تمہیں جو الٹی سیدھی

پٹیاں پڑھا کر بھیجی ہے نا۔۔اس کو تو

میں صبح آفس میں مل کر اس کا دماغ ٹھکانے لگاؤں گا۔۔۔۔۔

۔خبر دار اگر میرے بھائی کو کچھ کہا تو۔۔۔۔اس فورن اپنے بھائی کی سائڈ لی

۔۔

اس سالے سے تو میں صبح بات کروں گا میری بیوی کو کمینے نے میرے خلاف ہی بھڑکا کر بھیج دیا ہے۔۔

آپ ذرا گھر چل کر یہ بھائی نامہ بند کرنے کے بعد ذرا شوہر نامہ کھول کر مجھے پڑھ کر سنائیں کہ وہ آپ کو کتنی اچھی طرح سے یاد ہے۔

۔چار دن میں یہ بھائی نامہ تو بہت اچھا یاد کر لیا میری جان نے۔۔اسفند کو اس وقت دل کے سگے بھائی سے جیلسی ہو رہی تھی یہ کوئی سوچ سکتا تھا

۔ہنستے کھیلتے وقت کیسے گزر گیاان دو مہینوں کا پتہ ہی نہیں چلا۔۔۔
آخر کار وہ دن بھی آگیا کہ اسد اسفند اور دل پاکستان جا رہے تھے۔

۔کل ان چاروں کا ولیمہ تھا اسد مسکان اسفند اور دل سب ہی اپنی اپنی جگہ پر بہت خوش تھے۔۔
یہ ان کی شادی کا سب سے بڑا اور پہلا فنکشن تھا۔جہاں پر سب کو رشتہ داروں کو یہ پتہ چلنا تھا کہ ان کی شادیاں
ہو گئی ہیں۔

ادھر شہریار صاحب کے پاؤں زمین پر نہیں لگ رہے تھے۔۔آخر کار آج 10 سال

کے بعد ان کا اکلوتا جان سے پیارا بیٹا
گھر واپس آ رہا تھا۔

اسد جوان اسفند سے بھی زیادہ عزیز تھا۔اور ساتھ میں ان کی بہو آج شہر یار صاحب کو خدا نے چھپڑ پھاڑ کر خوشیاں دی تھی۔۔
پورے گھر کو پھولوں اور لائٹوں سے سجایا گیا تھا۔۔ محل نما گھر مہمانوں سے بھرا ہوا تھا گھر میں گہما گہمی کا عالم تھا کہیں مٹھائیاں اور کہیں چائے چل رہی تھی۔

کزنوں میں گپیں ماری جا رہی تھی ایک خاص روم میں جہاں پر بزرگ اکٹھے ہو کر بیٹھے ہوئے تھے۔
اور اپنی جوانی کی کہانیاں ایک دوسرے
کو سنا رہے تھے۔

ایک کمرے میں لڑکیاں ڈھیر ہوئی پڑی تھی کچھ مہندی لگا رہی تھی اور کچھ
گانے
گا رہی تھی۔

۔کچھ کزنز جیلس ہو کر آپس میں گوسپ کر رہی تھی۔۔۔

کہ اسفند اتنا ہینڈسم اور خوبصورت ہے
پتہ نہیں کس کو شادی کر کے لا رہا ہے۔۔ہم تو اس کی آس لگائے لگائے ہی
رہ گئے۔اسفند بچپن سے ہی بے حد خوبصورت اور جاذب نظر شخصیت کا
مالک تھا۔۔۔۔۔
کزنز تو اس وقت سے اسفند پر فدا تھی

جب وہ 1312 سال کا تھا۔اب جوان ہو کر وہ کیا کمال چیز بن گیا تھا یہ تو
اس کی پورے گھر میں لگی ہوئی پکچرز ہی
بتا رہی تھی۔۔۔۔

پورے گھر میں مسکان نے
اسفند اور اسد تصویریں
جگہ لگا رکھی تھی۔

جن کو دیکھ دیکھ کر لڑکیاں اپنا دل تھامے ہوئے تھی نہ چاہتے ہوئے بھی
اسفند
اور اسد کی پکچرز دیکھ دیکھ کر ان دونوں کی یو یوں سے جلس ہو رہی تھی۔۔۔

oooooooooo

۔آخر کار وہ وقت آ گیا گھر میں گاڑیاں آگے پیچھے گاڑیاں آ کر رکیں۔ان کی
آگے پیچھے فورس کی گاڑیاں تھیں اور بیچ

میں دل اور اسد کی گاڑی تھی۔۔۔۔

۔مسکان پھولوں سے بھرا ہوا تھال لے

کر ریڈ کلر کی شرارہ اور کرتی پہنے ہوئے اپنے بالوں کو ہائی پونی میں باندھ

کر لائٹ میک اپ کیے ہوئے کانوں

میں بڑے بڑے جھمکے پہن کر بے حد حسین لگ رہی تھی۔۔

بڑے بڑے جھمکے جو منستے

ہوئے گالوں سے ٹکرا رہے تھے۔

وہ قیامت بن کر مین گیٹ پر کھڑی ہوئی

تھی اسد کے دل پر بجلیاں گر رہی تھی۔۔۔

جیسے ہی گاڑی گیٹ سے اندر آئی سب

سے پہلا تھال لیے کھڑی ہوئی مسکان

اوراس کے پیچھے بے شمار کزنز جو
پھولوں کے تھال لیے ہوئے قطار
بنا کر کھڑی ہوئی تھی۔۔۔۔

گاڑی پر پھولوں کی برسات ہونے
لگی دل بہت خوش تھی۔۔۔۔اپنا اتنا اچھا استقبال دیکھ کر اسفند بہت خوش
تھا۔

۔اتنے سالوں بعد مسکان اور اپنے پاپا کو دیکھ کر کیونکہ یہ تو سچ تھا کہ اسفند بھی
اپنے پاپا اور بہن کے ساتھ بے حد پیار
کرتا تھا۔

اور اسد کی نظر تو جیسے ہی مسکان

پر پڑی اسد کا دل تو چاہا کہ کاش
کوئی ایسی جادو کی چھڑی ہو جس کو وہ گھمائے۔اور یہاں کے سب لوگ
غائب ہو جائیں اور وہ اپنی پرنسس
کو اپنی باہوں میں اٹھا کر اپنے سینے سے لگا لئے۔۔
۔اسفند سب سے پہلے گاڑی سے
نیچے اترا اور مسکان جو گیٹ کے سامنے
ہی تھال لیے کھڑی تھی۔۔

اس کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے اسے گلے لگا کر پیار سے دیکھ رہا تھا۔
میرا بچہ تو بہت بڑا ہو گیا ہے۔مسکان شرما گئی۔۔۔

۔کیسے ہیں بھائی۔۔۔۔۔میں ٹھیک ہوں۔۔بھابھی کیسی ہے۔۔
وہ رہی آپ کی بھابی ان سے آپ خود ہی پوچھ لیں کہ وہ کیسی ہیں۔۔

گاڑی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بولا

مسکان دل مل کر گاڑی سے اتارنے لگے۔۔۔

اسد جو گاڑی سے اتر رہا تھا اس کی

نظریں بار بار مسکان پر ہی جا کر رک رہی تھی۔ وہ میڈم اپنی بھابی کے ساتھ

گپے مارنے میں اتنی مصروف تھی کہ

اپنے شوہر کو لفٹ بھی نہیں کروا رہی تھی۔۔۔۔۔

اسفند جب اپنے پاپا سے ملا تو شہریار

صاحب کی آنکھیں نم ہو گئی۔۔۔۔

۔کیسے ہے پاپا۔۔۔ جس کا اکلوتا بیٹا اتنے سالوں تک اپنے باپ سے دور ہو

وہ باپ کیسا ہو سکتا ہے۔

باپ کو ایسے کام ہی نہیں کرنے چاہیے تھے جس سے جوان بیٹا
اپ سے دور ہو جائے۔۔۔

۔کتے کی دم سو سال بعد بھی ٹیڑھی کی
ٹیڑھی ہی رہی تھی اسفند کے تنز کرنے
پر شہریار صاحب تلملا کر بولے دونوں
نے اتنی آہستہ گفتگو کی تھی جو دونوں تک ہی محدود رہی تھی۔

۔مگر یہ باپ بیٹے کا مصنوعی غصہ تھا
دونوں کے دلوں کے اندر باپ بیٹے کی
محبت کا سمندر ٹھاٹھے مار رہا تھا۔۔۔

۔اسد اور اسفند سب سے ملنے کے بعد فل حال اپنی تھکاوٹ اتارنے کے لیے
روم میں فریش ہونے کے لیے آ گئے تھے۔۔
کیونکہ ان کی جو کزن عمر میں ان سے
سات اٹھ سال بڑی تھی۔وہ بڑی بہنوں والا حق جتاتے ہوئے ایک حکم
صادر کر چکی تھی۔جن کو نہ تو انکار کر
سکتے تھے اور نہ ہی ماننے کی ان میں
ہمت تھی۔

۔حکم یہ صادر کیا گیا تھا کہ ولیمے تک دل
اور مسکان اسد اور اسفند کے روم میں
نہیں جا سکتی اسد کو یہ غصہ تھا کہ وہ تو ابھی مسکان کو ملا بھی نہیں تھا۔۔

اور اسفند کا موڈ تو حد سے بھی زیادہ

خراب تھا وہ جو دل کے واش روم میں
نہانے تک کا ویٹ نہیں کرتا تھا۔

اور آوازیں لگانا شروع ہو جاتا کہ
دل جلدی روم میں آؤ ورنہ میں اندر
آجاؤں گا اسفند کی اس عادت کی وجہ
سے کبھی کبھی دل کو غصہ آنے لگتا تھا۔

گھر سے نکلتے ہی دل کے ساتھ ویڈیو کال
پر آن لائن ہو جاتا تھا۔۔
سارا راستہ دل سے باتیں کرتے ہوئے گزارتا اور جب دل تھک کر چھپ کر
جاتی اور کہتی اسفند اور کتنی باتیں کروں میں
تھک گئی ہوں۔۔

۔تواس کا جواب یہی ہوتا کہ میری
نظروں سے اوجھل ہونے کی اجازت
نہیں ہے۔ باتیں نہیں ہو رہی تو کوئی بات نہیں میرے سامنے بیٹھی رہو
آفس
میں جاتے ہی لیپ ٹاپ اون کر کے
اپنی نظریں کبھی کام والے لیپ ٹاپ
پر تو کبھی گھر میں لگے کیمروں
میں۔دل کو دیکھنے والے لیپ ٹاپ
پر گاڑے رکھتا تھا دن میں نہ جانے
کتنی بار دل کو فون کرتا تھا۔۔۔

وہ بھلا دل کی ایک دن اور ایک رات کی

دوری کیسے برداشت کر سکتا تھا۔۔۔

مگر دل بہت خوش تھی اسفند سے تھوڑی سی آزادی ملنے پر۔۔

۔اسفند گھر پہ ہوتا تو اپنے پاس سے

اٹھنے نہیں دیتا تھا چاہے دل کو کوئی

کام ہو یا نہ ہو یہ اس کا مسئلہ نہیں تھا۔

۔اسفند کے کہنے کے مطابق دل کا سب

سے ضروری کام ہے اپنے شوہر کو پیار کرنا۔۔اگر دل کچن میں تو اسفند بھی

کچن میں اگر دل روم میں تو اسفند بھی روم میں اگر دل ڈریسنگ پر کھڑی تیار

ہو ری ہے۔۔۔

تو اسفند بھی اس کے پاس اس

کی پشت پر اپنی سینا لگا کر دونوں

ہاتھ اس کے پیٹ پر اندھے ہوئے کھڑا رہتا چاہے دل تیار ہونے میں گھنٹہ ہی کیوں نہ لگادیں۔۔۔

۔وہ الگ بات تھی کہ دل کو تیار ہونے
میں گھنٹہ بھی اس کی وجہ سے ہی لگتا تھا۔۔۔کیونکہ نہ تو اسفند بے لگام ہاتھ رکھتے تھے نہ ہی لب دل کبھی تو شرما جاتی کبھی گھبرا جاتی اور کبھی لڑنا شروع ہو جاتی تھی۔۔۔

۔مگر تینوں باتوں میں سے اسفند پر
تو کسی بھی بات کا اثر نہیں
ہوتا تھا۔اس لیے آج اسے موقع ملا تھا سکون سے باتیں کرنے کا نیند پوری کرنے
کو جو کہ اس بیچاری کو نہیں پتہ تھا کہ ساری خوشی تھوڑی دیر میں ختم ہونے

والی ہے۔۔

گھر پر آ کر اسفند جب اپنے لیپ ٹاپ پر کام کرتا تو بھی دل کو اجازت نہیں تھی کہ وہ اسفند سے دور ہو کر بیٹھے سکے۔۔دل جب بیٹھ بیٹھ کر تھک جاتی تو اسفند کے کاندھے سے سر لگائے ہی سو جایا کرتی۔۔۔۔

۔سوئی ہوئی دل کو بڑے پیار سے اسفند اپنی گود میں سر رکھ کر سلا لیتا جیسے وہ کوئی بچی ہو۔۔۔

اگر اتیج کے حساب سے دیکھا جائے

تو وہ سچ میں اسفند سے عمر میں آدھی تھی۔۔

اوپر سے تھی اتنی نازک کے لمبے چوڑے

اسفند کے سامنے وہ بچی ہی لگتی تھی۔

۔مسکان اور دل سونے کے لیے ایک ہی روم میں رکی تھی۔۔دونوں مسکان کے روم میں تھی۔۔دونوں آپس میں بہت دیر تک باتیں کرتی رہی۔۔۔

دونوں ایک دوسرے کی تعریفیں کرنے
میں مصروف تھی کہ دل کا کہنا تھا
کہ آپ بہت پیاری ہیں اور مسکان
کا کہنا تھا کہ دل بہت پیاری ہیں۔۔۔

باتیں کرتے ہوئے مسکان کا سیل فون
بجا مسکان کو پتہ تھا کہ اس وقت
فون پر کون ہے۔

۔دل موبائل سکرین پر اسد کا نام دیکھ کر مسکرائی تھی۔بھائی فون کر رہے ہیں اٹھالیں مسکان نے تھوڑا شرماتے ہوئے فون اون کر کے بیڈ سے اٹھ کر ٹیرس پر چلی گئی۔۔۔

کیونکہ مسکان کو اچھے سے پتہ تھا کہ اسد جب باتیں کرتا ہے تو اسے خود بھی نہیں پتہ ہوتا کہ وہ کب اپنی لمٹس کراس کر لیتا ہے۔۔۔

اس لیے مسکان دل کے سامنے شرمندگی سے بچنے کے لیے باہر ٹیرس پر چلی آیئے تھی۔۔۔۔

اسلام علیکم۔۔وعلیکم السلامُ۔۔۔توفیق ہو گئی آپ کو اپنے شوہر کو سلام کرنے کی۔۔۔۔۔

اسد کی ناراضگی والی آواز مسکان کے

کانوں سے ٹکرائی تو مسکان کے آنسوں
شروع ہو گئے۔

شوہر جب گھر آتا ہے تو بیوی کا فرض
بنتا ہے کہ وہ اپنے شوہر کا حال چال
پوچھے۔۔ مگر یہاں تو میڈم کو سلام کرنے
تک کی فرصت نہیں تھی اور نہ ہی اپنی
شوہر کو دیکھنے کی فرصت دی۔۔۔۔

نہیں اصل میں میں بھابی کو دیکھنے میں اتنی خوش تھی کہ میرے ذہن سے نکل گیا۔۔۔۔۔۔ذرا بھابی سے نظریں ہٹا کر بھابی کے بھائی کو بھی دیکھ لیتی وہ بھی تو وہیں پر موجود تھا۔۔

۔اب نہیں دیکھا تو سزا

کے لیے تیار رہیے گا۔۔۔ایک منٹ سے پہلے میرے روم میں آؤ۔میں نہیں آسکتی۔

۔آپ انکار کا انجام جانتی ہیں۔۔۔

میں اور دل ایک ہی روم میں رکی ہوئی ہیں اب میں اس سے کیا بولوں۔

اور ویسے بھی سب بڑی آپیوں نے بولا ہے کہ میں آج رات آپ کے روم میں نہیں آسکتی۔۔۔

میں نے روم میں نا آنے کو کہا ہے وضاحت نہیں مانگی۔۔۔

اسد سمجھنے کی کوشش کریں میں دل کو چھوڑ کر نہیں آسکتی۔۔۔سوری کہہ کر مسکان نے ٹک سے فون بند کر دیا۔۔۔

کیونکہ اسے پتہ تھا کہ اس سے زیادہ وہ
اسد کو سوالوں کے جواب نہیں دے
سکتی تھی۔۔

اسد نے پاس پڑی ہوئی ٹیبل کو غصے
سے پاؤں مارا تھا مسکان کے یوں فون بند کرنے پر۔۔۔۔دیکھتا ہوں کب
تک نور کی سکیورٹی میں آپ سیف رہتی ہو۔

۔کیا کہہ رہے تھے بھائی مسکان آکر بیڈ پر لیٹ گئی تھی۔۔کیا کوئی پریشانی
ہیں۔۔۔مسکان کا اترا ہوا منہ
دیکھ کر دل نے پوچھا تھا۔۔۔

نہیں پریشانی کی تو کوئی بات نہیں ہے

بس اسد کہہ رہے تھے کہ میں آپ کا خیال رکھوں۔۔۔

۔سو سویٹ بھائی کتنے اچھے ہیں اور ان کو
میری کتنی فکر ہے آپی میں آپ سے ایک بات کہوں آپ غصہ تو نہیں
کریں گی۔۔۔

۔دل مسکان کو آپی کہہ کر ہی بلا رہی تھی ویسے بھی وہ اتیج میں مسکان سے
چھوٹی تھی۔ مگر مسکان دل کو اس کے
نام سے ہی بلا رہی تھی ہاں ہاں بولو دل۔۔۔۔

آپکو پتہ ہے کہ اسفند بلکل بھی اسد بھائی
کی طرح اچھے نہیں ہے۔
مسکان نے چونک کر دل کی طرف دیکھا

تھا۔۔مطلب یہ کہ اسد بھائی کتنے اچھے ہیں۔۔

دو مہینوں بعد وہ واپس آئے ہیں اور آپ میرے ساتھ سو رہی ہیں مگر وہ پھر بھی آپ سے ناراض نہیں ہوئے۔۔۔

مگر میں تو ہر وقت اسفند کے ساتھ ہی رہتی ہوں مگر پھر بھی آج میں ان کے روم میں نہیں ہوں تو وہ کب سے مجھے دھمکیوں والے میسج کیے جا رہے ہیں۔۔

۔دل کی معصومیت دیکھ کر مسکان ہنس پڑی جو اپنی بات چھپا رہی تھی دل سے۔اور دل خود ہی اپنی اور اسفند بھائی کی ساری باتیں بتائے جا رہی تھی۔۔

۔میرے بھائی بھی بہت اچھے ہیں ایسے نہیں بولتے دل۔۔۔۔

۔آپ کے بھائی کتنی بڑی توپ چیز ہے
یہ تمہیں کیسے بتاؤں مسکان دل میں سوچ
کر رہ گئے۔۔۔

دل اور مسکان کافی دیر تک آپس میں باتیں کرتی رہی دل کے نمبر پر مسلسل اسفند کے میسج آرہے تھے آخری میسج کا جواب دیتے ہوئے مسکرا رہی تھی۔۔

۔دل میں بول رہا ہوں کہ روم سے باہر آؤ میں آپ کے روم کے باہر آپ کا ویٹ کر رہا ہوں مجھے نیند آرہی ہے۔۔۔۔

کا جواب دے کر فون SMS ۔اور میں سوچ رہی ہوں دل اسفند کے

کو آف کر کے تکیے کے نیچے رکھ کر آرام سے مسکان سے باتیں کرتے کرتے نہ جانے کب دونوں سو گئی تھی۔۔۔۔۔

32°°°°°°°

پاپا آج تو آپ نے دل کے لیے یہ جملہ بول دیا پلیز دوبارہ کبھی مت بولیے گا ۔۔۔بولنے سے پہلے یہ ضرور سوچ لیجئے گا وہ لڑکی آپ کے بیٹے کو اپنی زندگی سے بھی زیادہ عزیز ہے۔۔۔

اور ویسے بھی اس کے کردار کی گواہی اسفند
شہریار خود ہے۔۔۔اسفند کے دماغ کی
نسیں غصے سے ابھری ہوئی تھی۔۔۔وہ جھٹکے سے صوفے سے اٹھ کھڑا ہوا

۔۔۔

بیٹھ جاؤ میرا وہ مطلب نہیں تھا اگر تمہیں برا لگا تو آئی ایم سوری۔۔۔۔

اب اس بات کو ایشو بنا کر دوبارہ سے دس سال کے لیے دور مت چلے جانا۔
یہ بات دوبارہ نہیں دہرائیے گا ورنہ یہ بات 10 سال کے بعد بھی ختم نہیں
ہو گی۔اوکے رلیکس ہو جاؤ

وہ بیٹی ہے میری مجھے مسکان کی طرح عزیز ہے۔۔۔

میرا وہ مطلب ہر گز نہیں تھا شہریار

صاحب اپنے بیٹے کو ہاتھ سے پکڑ کر بٹھاتے

ہوئے بولے تھے۔۔۔

روم کے پاس سے گزرتا ہوا اسد ساری بات سن
چکا تھا۔۔۔اسد کو زندگی میں پہلی بار شہریار
صاحب کی کوئی بات بری لگی تھی۔

جب اسفند کو اپنی بہن کے لیے اپنے باپ کے
سامنے سینہ تان کر کھڑے ہوئے دیکھا تو

اسد جو اندر جا کر کچھ بولنے والا تھا اس نے اپنا ارادہ ترک کر دیا اور واپس چلا گیا۔۔۔

بیٹا میرا مطلب صرف اتنا تھا کہ وہ بچی اتنے سال ایک الگ ماحول میں رہی ہے اور وہ ماحول بھی کچھ خاص اچھا نہیں تھا میری نالج کے مطابق
جس طرح سے مجھے پتہ چلا ہے۔
تو بس تھوڑا سا سیلفش ہو کر سوچ گیا آخر کار
وہ میرے اکلوتے بیٹے کی بیوی ہے۔۔۔

میرا اتنا حق تو بنتا ہے نہ پوچھنے کا ایک تو تم نے بنا بتائے شادی کر لی اور ولیمے سے ایک دن پہلے بتا رہے ہو کہ مسکان کے ساتھ تمہارا ابھی ولیمہ ہے۔۔

ورنہ ایسی کوئی بات نہیں تھی وہ بچی مجھے
مسکان کی طرح عزیز ہے۔
پاپا اس بات کا چھوڑ دے میں اس وقت کچھ

سننا نہیں چاہتا۔

اوکے تم جا کر آرام کرو۔۔۔

شہریار کو پتہ تھا کہ اس وقت اسفند کچھ سننے کی حالت میں نہیں ہے۔

شہریار صاحب کو خود پر غصہ بھی آرہا تھا کہ مجھے کیا ضرورت تھی غلط ٹائم پر غلط بات
کرنے کی۔

اسفند لمبے لمبے ڈگ بھرتا ہوا روم سے باہر آگیا اور سیڑھیوں پر کھڑے ہو کر دل کو میسج کیا دل

روم سے باہر آؤ۔۔۔

مگر وہ ٹھہری دل جو اپنی ہی مستی میں گم رہتی تھی۔

اس نے بڑے آرام سے جواب دیا کہ اسے بہت نیند
آ رہی ہے اور وہ سو چکی ہے۔۔۔

دل۔۔۔ میسج پڑھ کر اسفند نے غصے سے دیوار پر اپنا ہاتھ مارا اور دل کا نمبر
ڈائل کرنے لگا۔۔۔

آگے سے پاور اوف کی ریکارڈنگ نے کر اسفند کے غصے آگ کو اور بھی بھڑکا
دیا تھا۔

دل آپ ایک دن اپنی انہی حرکتوں کی وجہ سے
میرے میرے ھاتھ سے مرو گی۔۔۔

○○○○۔

مسکان گہری نیند میں سو رہی تھی جب اسے لگا کہ وہ ہوا میں لٹک رہی ہے

۔۔۔

اس کی ڈر سے چیخ نکلنے والی تھی کہ اسد نے اپنا ہاتھ مسکان کے لبوں پر رکھ کر اسے چپ کروا دیا۔

اسد کے ہاتھوں کا لمس محسوس کر کے مسکان نے آہستہ سے آنکھیں کھولی۔

سامنے اسد کو دیکھ کر وہ کچھ بولنے ہی والی تھی کہ اسد نے آنکھیں دکھا کر ہاں کا اشارہ دل کی طرف کرتے ہوئے خاموش رہنے کو کہا۔۔۔

اسد مسکان کو بچوں کی طرح گود میں اٹھا کر روم میں لے آیا۔۔۔

دل کی بچی اب اٹھ کر دیکھو آپ کا بھائی

کتنا شریف ہے۔۔۔

دل تو گدھے گھوڑے بیچ کر سو رہی تھی مسکان بس اپنے دل میں سوچ کر رہ گئی تھی۔۔۔

شریف تو میرا بھائی ہے اسی لیے آپ سکون سے

سو رہی ہیں۔

اور یہاں آپ کے بھائی صاحب مجھے اپنے روم میں اٹھا کر لے آئے ہیں ہلکان کرنے کے لیے۔۔۔

اسد مسکان کو بیڈ پر لیٹا کر روم کا دروازہ لوک کر کے واپس مسکان کے پاس آ کر بیٹھ گیا۔

اسد اس وقت فل بلیک کلر کے کرتا شلوار میں

ملبوس تھا۔

بازو کونیوں تک فولڈ کیے ہوئے اسد کا پٹھانوں

والا کورار نگ اور اس پر بلیک کلر کا کرتا شلوار اور اس وقت وہ اتنا خوبصورت

لگ رہا تھا کہ مسکان اپنی نظریں نہیں ہٹا پا رہی تھی۔۔۔

اگر اتنا ہی اچھا لگ رہا ہوں تو دور سے دیکھنے کے بجائے پاس آ کر اپنے ان

نازک لبوں سے میری نظر اتارو۔۔۔

مسکان کو یوں خود کو ٹک ٹکی باندھے ہوئے دیکھ کر مسکان کی آنکھوں کے

سامنے ہاتھ کو لہراتے

ہوئے بولا۔۔۔۔۔

اسد مسکان کے نازک سے ہونٹوں پر نظر جمائے ہونٹوں کو انگوٹھے سے

سہلا رہا تھا سہلاتے سہلاتے

مسکان کے لبوں پر جھکنے لگا تھا مسکان شرما کر تھوڑا پیچھے ہوئی۔۔۔

اسد نے اس کی کمر میں ہاتھ ڈال کر جھٹکے

سے اسے خود کے قریب کیا تو مسکان کو لگا کہ اس کی ریڈ کی ہڈی ٹوٹ جائے

گی۔۔۔

اسد کے کھینچنے سے اسد کے لب مسکان کے

لبوں سے ٹکرا گئے۔۔۔

مسکان کے نازک لب اسد کے انابی لبوں سے

ٹکرائے تو اسد کے من کی پیاس اور بھڑک اٹھی۔۔

اسد اپنا ایک ہاتھ مسکان کی گردن کے پیچھے
رکھے ہوئے اور دوسرا مسکان کی کمر میں ڈال
کر اسے اپنے بے حد قریب کر کے اس کے ہونٹوں پر
اپنے ہونٹ رکھ چکا تھا۔۔۔

مسکان کے پورے جسم میں بجلیاں سی دوڑ گئی۔

مسکان کے ہاتھ پیر ٹھنڈے ہونے لگ گئے۔۔۔

مسکان نے اپنی کمر پہ رکھے ہوئے اسد کے ہاتھ کو ہٹانے کی کوشش کی جس کو
اسد نے ناکام بنا دیا۔۔۔

مسکان کو پیچھے کی طرف دھکّا دے دیا خود اس کے اوپر گھٹا بن کر چھا گیا

مسکان کے لبوں کی

نمی کو قطرہ قطرہ پینے لگا پینے لگا۔۔۔

وہ اتنی شدت سے لبوں کی نمی کو پی رہا تھا کہ مسکان کی سانسیں گلے میں اٹکنے لگیں۔

مگر وہ کچھ کر نہیں سکتی تھی۔۔۔

جب شدت زیادہ ہوئی تو اسد کو کالر سے پکڑ کر پیچھے کی طرف دھکیلنے کی کوشش کی جو کہ ناکام ہی ہونی تھی اب چونٹی سے پہاڑ تو ہلنے سے رہا۔۔۔

میرے بلانے پر کیوں نہیں آئی۔۔۔

اب اس پر ترس کھا کر لبوں کو چھوڑ کر اس کی گردن پر اپنے لمس چھوڑ رہا تھا۔۔۔

دل کو چھوڑ کر کیسے آئی اور فون کیوں بند تھا تمہارا۔۔۔

اپنے گستاخ لبوں سے من مانیاں کرتے انویسٹیگیشن بھی جاری رکھے ہوئے تھا۔۔۔

میرے پاس آپ کے سوالوں کے جواب نہیں تھے۔

مسکان کی جان نکل رہی تھی اسد کے تیور دیکھ کر۔۔۔

پرینسس میں جانے سے پہلے بول کر گیا تھا

نہ کہ میری محبت کے لمحات میں رکاوٹیں
کھڑی مت کیا کرے۔۔۔
م م۔۔ مگر میں نے کک۔۔ کچھ بھی جان بوج کے نہیں کیا ہے۔۔۔

بڑی آپیوں نے ہی بولا ہے کہ آج کی رات ہم الگ الگ روم میں ہی سوئیں گے بس اسی لیے میں دل کے ساتھ سونے چلی گئی تھی۔

وہ ڈر سے کانپ رہی تھی۔۔۔

آپ کو برا لگا تو سوری مسکان کا رونا شروع ہو چکی تھی۔۔۔

پرینسس رونا بند کرو۔۔۔
میں جان بوجھ کر نہیں رو رہی ہوں مجھے خود سے

رونا آئے جارہا ہے میں کیا کروں۔۔۔

اسد کو اس وقت بے حد ہنسی آرہی
تھی۔۔۔
جس کو اسد نے بڑی مشکل سے روکا ہوا تھا کیوں کہ جب مسکان ڈر کر چپ
چاپ اسد کی منمانیوں کو جھیلتی تو اسد خوشی سے اندر تک سرشار ہو
جاتا تھا۔۔۔

برا تو مجھے لگا ہے مگر معافی صرف ایک صورت میں مل سکتی ہے۔۔۔
اسد اس کی حالت سے محفوظ ہو رہا تھا۔۔۔

بتائیں مجھے کیا کرنا ہو گا مسکان اپنی جان
چھڑوانے کے لیے جلدی سے بولی۔۔۔

بس کچھ زیادہ نہیں وعدے کے مطابق آج آپ کو مجھے خود سے کس کرنی ہو گی آپ کو وعدہ یاد ہے نہ۔۔۔

مسکان نے ہاں میں سر ہلایا۔۔۔

done تو چلیں شروع ہو جائیں

دل کا ایس ایم ایس پڑھ کر اسفند کا غصہ ساتویں آسمان کو چھوء رہا تھا

۔۔۔۔۔۔۔

وہ بار بار دل کا فون ٹرائی کر رہا تھا مگر دل میڈم فون اوف کر کے آرام فرما رہی تھی۔۔۔

پچھلے تین گھنٹوں سے اسفند دل کا نمبر ٹرائی کر رہا تھا۔۔۔۔۔

اب اسفند کا غصے سے سر میں درد شروع ہو گیا تھا اسفند کو دل ہر صورت میں
اپنے
روم میں چاہیے تھی۔۔۔۔

تین گھنٹے کے انتظار کے بعد اسفند اپنے روم سے نکل کر سیدھا دل کے روم
کی طرف آ گیا۔۔۔۔

جہاں پر دل اور مسکان دونوں سو رہی تھی یہ تو اسفند کا سوچنا تھا کہ دونوں سو
رہی ہیں۔۔۔۔۔
حالانکہ بیچاری مسکان کو تو اسد خان پہلے

ہی اٹھا کر لے جا چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اسفند بہن سے فطرتی جھجک اور شرم کی وجہ سے کچھ دیر تو باہر دروازے پر رکا پھر آہستہ سے دروازہ کھول کر جھانکا تو بیڈ پر صرف دل ہی سو رہی تھی۔۔۔۔۔۔

مدھم سی روشنی میں دل کو سوتے ہوئے دیکھ کر اسفند نے نفی میں سر کو ہلایا آپ کی نیند کی تو ایسی کی تیسی خود تو مزے سے سو رہی ہے۔۔۔۔۔۔۔
شوہر کا پتہ نہیں جس کی نیند حرام ہوئی پڑی ہے۔۔۔

وہ یہ بڑبڑاتے ہوئے آہستہ سے دل کے پاس جا کر کھڑا ہو گیا۔۔۔۔

اسفند کو یہ بھی ڈر تھا کہ مسکان کہیں پانی لینے نہ گئی ہو۔۔۔۔

کیونکہ وہ اپنی بہن کے سامنے شرمندہ نہیں
ہونا چاہتا تھا۔۔۔۔کوئی ایسی ویسی
حرکت کر کے بس اسے تو ہر صورت
دل کو اپنے روم میں لے کر جانا تھا۔۔۔۔

اس لیے وہ انتظام کر کے آیا تھا دل جو گدھے گھوڑے بیچ کر سوئی ہوئی
تھی۔۔۔۔۔۔۔

اسے تو اسفند کے آنے کی کوئی خبر نہ تھی

اسفد اپنے انابی لبوں سے مسکرایا اور اپنے

ٹراؤزر کی جیب سے سلوشن ٹیپ نکالی

اور دل کے منہ پر لگادی۔۔۔۔۔۔۔

اس کے بعد اس کے دونوں ہاتھ ایک دوسرے

کے اوپر رکھ کر اس پر بھی ٹیپ لگادی۔۔۔۔

دل اتنی بے خبری میں سو رہی تھی کہ

اسے اپنے ساتھ ہونے والی واردات کا کچھ

پتہ نہیں تھا۔۔۔۔

ٹیپ کو واپس ٹراؤزر کی جیب

میں ڈال کر ایک ہاتھ دل کے پیروں کے نیچے
سے گزار کر دوسرا گردن کے نیچے سے نکال
کر دل کو گود میں اٹھالیا۔۔۔۔۔۔۔۔

اور دبے پاؤں دل کو اپنے روم میں
لا کر بیڈ پر لٹا دیا دل باجی ابھی
تک آرام سے سو رہی تھی اس کے بعد
اسفند اپنے روم کا ڈور لوک کرنے کے
بعد ہاتھوں کو جھاڑتے ہوئے بڑی
فخریہ مسکراہٹ اپنے چہرے پر سجا
کر اپنی داڑھی کو سہلاتا ہوا دل کے
اوپر جھکا۔۔۔۔

اور دل کے چہرے پر اپنے سلگتے ہوئے
ہونٹوں کے گرم گرم لمس کی تپش چھوڑنے لگا۔۔۔۔

مسز اسفند شہریار اٹھ جایئے کافی آرام کر چکی ہیں آپ اسفند دل کے کان کے
پاس جا کر سرگوشی میں بولا اور اپنے
گستاخ لبوں کو دل کی بیوٹی بون پر رکھ
چکا تھا۔۔۔۔۔

دل کی گہری نیند میں ہی سانسیں تیز ہونے

لگے۔۔۔وہ نیند میں ہی اپنے سر کو دائیں
بائیں ہلا رہی تھی۔۔۔۔۔

اسفند دل کی نیند کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنی من مانیاں کیے جا رہا تھا
۔۔۔۔۔

دل کی نیند سے اسفند کافی فائدہ اٹھا
چکا تھا۔۔۔دل تھوڑا تھوڑا نید
سے بیدار ہو کر ہوش میں آنے لگی تو اس
سے اندازہ ہوا کہ وہ تو اپنے شوہر
صاحب کے ہاتھوں سے اغوا ہو چکی ہے۔۔۔

دل نے آنکھیں کھولی تو اسفند کو سامنے دیکھ کر غصے سے آنکھیں پھاڑے دیکھنے لگی۔۔۔۔۔بیچاری اس وقت بول نہیں سکتی تھی کیونکہ اسفندنی اس کا اچھا بندوبست کرر کھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اسفند کو دل کی عادت کا بہت اچھے سے پتہ تھا کہ جب اس کی مرضی کے خلاف جا کر اسفند اپنی من مانیاں کرتا ہے۔تو دل بہت ولولہ مچاتی تھی مگر وہاں پر تو اسفند کو دل کی آوازیں شور شرابہ کرنا چیخنا بہت اچھا لگتا تھا۔۔۔۔۔۔

اپنے گھر میں اسے کوئی مسئلہ نہیں تھا۔کیوں کہ وہ ان کا سیپریٹ گھر تھا مگر یہاں پر اس وقت بہت سارے مہمان موجود تھے۔۔۔۔۔۔

اسفند کا پاپا اسد اور مسکان ان سب کو مد نظر رکھتے ہوئے اسفند نے دل کے منہ پر ٹیپ لگا کر اسے مسکان کے روم سے
اٹھا کر لایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

دل کے ہاتھوں پر بھی ٹیپ
لگائی لگی ہوئی تھی اس وقت نہ تو دل زبان چلا سکتی تھی نہ ہاتھ مگر قسمت سے اس کے پاؤں کھلے ہوئے تھے
جن کا نینداٹھتے ہی ان کا وہ بہت اچھا استعمال کر رہی تھی۔۔ مگر مقابل بھی اسفند
شہریار تھا جس کو مشکل چیزوں کو
ہینڈل کرنا بہت انٹرسٹنگ لگتا تھا۔

اسفند نے اپنی ٹانگوں سے دل سے

دل کی ٹانگوں کو لاک کر کے رکھا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔اور اپنی من مانیا کرتے جا رہا تھا دل

کو اس وقت اتنا غصہ آ رہا تھا کہ اگر وہ ہاتھ چلا سکتی تو اسفند کا گلا دبا دیتی۔۔۔۔۔

دل کی حالت دیکھ دیکھ کر اسفند کو

بہت مزہ آ رہا تھا۔۔۔۔دل نے جتنا اسے انتظار

کرا کے ستایا تھا اسفند ایک ایک چیز کا حساب لے رہا تھا۔۔۔منہ پر ٹیپ لگنے کے

باوجود دل کی تیز سانسوں اور دبھی دبھی

سسکیوں کی آواز روم میں سنائی دے رہی

تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آپ مجھے کتنی بار شاپنگ کے لے کر گئے ہیں جو میں نے آپ کے لیے کبھی کچھ خریدا نہیں ہے دل کے پاس یہ اسفند کی ہر بات کا پر اپر جواب موجود تھا

اللہ اکبر شوہر کبھی بیویوں سے جیت نہیں سکتے یہ بات بالکل سچ ہے اسفند اپنی ہار کو قبول کرتے ہوئے بولا۔۔۔

ہاں تو جب پتہ ہے کہ آپ لوگ جیت نہیں سکتے تو بحث بھی مت کیا کریں چلے میں آپ کی ڈریسز لینے میں آپ کی مدد کرتی ہوں۔۔

جی نہیں مدد کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے آج میرے لیے سارے ڈریس آپ ہی سلیکٹ کریں گی۔۔

اسفند نے آرڈر دیتے ہوئے کہا یہ کیا بات ہوئی سارے میں کیسے سلیکٹ کر سکتی ہوں۔۔

جیسے پوری دنیا کی بیویاں اپنے شوہروں کے لیے سلیکٹ کرتے ہیں بالکل اسی طرح سے اور جس طرح سے میں نے اپ کے ڈریسز سلیکٹ کیے ہیں اسی طرح۔۔۔

اسفند دل کا ہاتھ پکڑ کر میل ڈریسز کی دکان اندر آ گیا دل نے اپنی پسند کے بہت ساری شرٹس تھری پیس اور نائٹ سوٹ وغیرہ سلیکٹ کیے دل کے ہر بار پوچھنے پر کہ یہ ٹھیک ہے اسفند ہاں میں سر کو ہلا دیتا۔۔

اسفند کی پوری شاپنگ دل نے اپنی پسند سے کی تھی اس کے دل اس کے لیے شاپنگ کر رہی تھی اسد کے تو پاؤں زمین پر نہیں لگ رہے تھے ہمیشہ اس نے اپنی پسند کی ہی تو چیزیں پہنی تھی۔۔

اور اپنی پسند سے اپنی مرضی کے مطابق اپنے اصولوں پر زندگی جیتا آیا تھا ۔۔ہمیشہ خود پر خود ہی حکومت کرنے والا آج خود چاہتا تھا اس پر اس کی دل حکومت کرے یہ بھی تو یار کے عشق میں فنا ہونے کے بعد ہی ہوتا ہے دنیا پر راج کرنے والا نہ میں آپ کو یہاں پر اکیلے چھوڑ کر ہر گز نہیں جاؤں گا۔۔

اسفند پلیز چلے جائیں نا کیا ہو گیا ہے آپ کو پوری دنیا یہاں پر پھر رہی ہے مجھے کوئی کھا تھوڑی جائے گا دو سیکنڈ کی تو بات ہے آپ جائیں اور فون لے کر آ جائیں۔۔

دل اٹرام سے گاڑی کی سیٹ پر سر ٹکائے ہوئے بول رہی تھی اس کا جانے کا بالکل موڈ نہیں تھا۔۔دل پلیز میرا بچہ ضد مت کرو اور چلو میرے ساتھ دو سیکنڈ کی بات ہے ہم فوراً واپس آ جائیں گے میں آپ کو اکیلے چھوڑ کر نہیں جا سکتا سمجھنے کی کوشش کیا کرو۔۔

یہ سارے نخرے اور ادائیں میری جان روم کے لیے بچا کر رکھو وہاں پر جا کر مجھے سارے نخرے دکھانا میں ہنس ہنس کر اٹھاؤں گا مگر اس وقت آپ میرے ساتھ چلو۔۔

اسفند اتنی محبت کے ساتھ بول رہا تھا مگر وہ دل تھی جو اپنی مرضی کی مالک تھی وہ کہاں سننے والی تھی اسفند کی پیار بھری زبان۔۔۔

اسفند پلیز آپ چلے جائیں اتنی مشکل سے تو میں نے آپ کو معاف کیا ہے اب آپ کیا چاہتے ہیں کہ میں پھر سے آپ سے ناراض ہو جاؤں وہ اسفند کو دھمکی دے رہی تھی۔۔

دل بہت ضدی ہو گئی ہو آپ میری جان ہر جگہ ضد کرنا اچھی بات نہیں ہوتی میرے چاروں طرف میرے دشمن گھات لگائے رکھتے ہیں اس لیے میں آپ کو کسی بھی ان سیف جگہ پر چھوڑ کر نہیں جا سکتا اتنی سی بات آپ کی سمجھ میں کیوں نہیں آ رہی۔۔۔ہاں تو اتنے لوگوں کے ساتھ دشمنیاں مول مت لیا کریں نا کہ بعد میں ارام سے اپنی بیوی کو گھر سے لے کر نکل بھی نہ سکیں دل بحث مت کرو غصے سے بولا اسود پلیز اس وقت اپ مجھ پر غصہ تو بالکل بھی مت کیجئے گا میں بالکل اس موڈ میں نہیں ہوں کہ اپ مجھ پر غصہ کریں دل نہیں اتنی ادا سے بولا تھا کہ اسود کے انابی لبوں پر مسکراہٹ اگئی اس کے ہلکا سے مسکرانے سے ہی اس کی گالوں کے ڈمپل گہرے ہوئے دل کی

بے ساختہ نظر اس کے ڈمپل پر چلی گئی ہنستے ہوئے قیامت ہی ڈھاتا ہے یہ بندہ کوئی اتنا خوبصورت کیسے ہو سکتا ہے ارے اللہ تیرا شکر ہے کہ اس کو تو نے میرے قسمت میں لکھا ہے دل کو بے اختیار اسپند پر بہت سا پیار ایا اور اس کی خوبصورتی پر رشک وہ خود پر اس وقت ناز کر رہی تھی کہ وہ اس کی بیوی ہے وہ غلط نہیں کہتا تھا کہ ہزاروں لڑکیاں اس پر مرتی تھی یار اس پر تو دن رات میں ہی مرتی رہتی ہوں جس کو وہ اتنا پیار کرتا ہے اپنے پلکوں پر بٹھا کر رکھتا ہے تو جس پر یہ ظالم نظر نہیں رکھتا اور نہ اسے پسند کرتا ہو ان بیچاریوں کی کیا حالت ہوتی ہو گی اسفند نے اس کی انکھوں کے سامنے چٹکی بجائی کہاں گم ہو کہیں بھی نہیں نظر اسود کے ڈمپل سے ہٹا کر سامنے مرر کی طرف دیکھتے ہوئے بولی اچھا زیادہ ہوشیار بننے کی ضرورت نہیں ہے میری جان مجھے اچھے سے پتہ ہے کہ اس وقت میری پیاری بیوی اپنے شوہر کے ڈمپلز کو تاڑ رہی تھی جی نہیں ایسا کچھ بھی نہیں ہے ہر وقت اپنی خوبصورتی کی نمائش کرتے رہتے ہیں اور اپ کو لگتا ہے کہ میں صرف اپ کو ہی دیکھتی

کے لیے وہ اتراتے ہوئے بولی ہوں دنیا میں اور بھی بہت کچھ ہے دیکھنے

ت۔۔

تمہارے دیکھنے کے لیے اس دنیا میں سوائے شہر یار کے اور کچھ نہیں ہے اس لیے تم مجھے ہی دیکھو تو زیادہ اچھا ہے حسن جو گاڑی کا گیٹ کھولے ہوئے دل پر جھکے کھڑا باتیں کر رہا تھا تھوڑا اور جوتے ہوئے دل کی گردن کے پیچھے سے ہار ڈالتے ہوئے اس کے چہرے کو خود کے بے حد نزدیک کرتے ہوئے انگار برساتی ہوئی نظروں سے بولا اب کیا ہو گیا اپ کو کوئی دیکھ لے گا تو دیکھ لے میں ڈرتا نہیں ہوں کسی سے بیوی ہو کہیں پر بھی اپنا حق جتا سکتا ہوں وہ اپنے لب دل کے لبوں سے ٹکراتے ہوئے ہلکی سی کس کرتے ہو پیچھے کو مڑا دل جو سے غصے سے انکھیں چھوٹی کیے ہوئے گھور رہی تھی اس کی حرکت پر دل دائیں بائیں دیکھ رہی تھی کہ کسی نے اسے دیکھا تو نہیں اسود نے انکھ تباہی اسود نے انکھ دباتے ہوئے کہا لگتا ہے کسی نے نہیں دیکھا اس دوبارہ سے کرنی

پڑے گی تو بہر حال سے دل کے تھوڑا نزدیک ہوا تو اسود کے سینے پر ہاتھ رکھ پیچھے کی طرف دھکیلا جائیں اور جا کر فون لے کر ائیں بے شرم می کی بھی کر حد ہوتی ہے کہیں پر بھی اپ شروع ہو جاتے ہیں۔

اسفند کے بار بار کہنے پر بھی دل ساتھ نہیں گئی تو اسود مجبور بال کے اندر سے فون لینی چلا گیا ہے مگر اس کی نظریں پیچھے دل پر ہی مرکوز تھی۔۔

اللہ کی پناہ کہیں پر بھی شروع ہو سکتا ہے یہ بندہ دل گاڑی میں بیٹھے ہوئے اسفند کے جانے کے بعد شرماتے ہوئے مسکراہٹ اپنے لبوں پر سجائے ہوئے بڑبڑا رہی تھی۔۔

اسفند فون لے کر دو سیکنڈ کے اندر واپس آ گیا مگر دور سے ہی آتے ہوئے اس کی نظر گاڑی پر پر گئی تو دل گاڑی میں موجود نہیں تھی۔۔

گبھراہٹ سے اسفند کے ہاتھ میں پکڑا ہوا فون بھی ہاتھ سے چھوٹ کر نیچے گر گیا وہ بھاگتا ہوا گاڑی کے پاس گیا۔۔

دل کہاں ہو تم اگر یہ مذاق ہے تو بے حد گھٹیا مذاق ہے بچوں جیسے مذاق مت کیا کرو کہاں ہو جلدی سے باہر آؤ اسفند اونچی آواز سے چلاتے ہوئے بول رہا تھا۔۔

مگر اسے نہ تو دل کہی نظر آئی نہ کہی سے دل کی آواز آواز آئی۔۔۔اسفند کے دل میں ایک اندیشہ بار بار سر اٹھا رہا تھا کہ دل کڈنیپ ہو چکی ہے مگر وہ اپنے اس اندیشے کو غلط ثابت کرنا چاہتا تھا۔۔

اسے پاگلوں کی طرح گاڑیوں میں ادھر ادھر بھاگ کر دیکھ رہا تھا مگر دل سے اسے کہی نظر نہیں آئی اتنے میں بلیک کلر کی گاڑی اسفند کے پاس سے شاں کر کر گزر گئی۔۔

اسفند کے دل نے ایک بیٹ مس کی اسفند کے دل نے یہ کہا کہ اس کی جان اسی گاڑی میں ہے تو اسفند گاڑی کے پیچھے بھاگا کافی دور تک وہ گاڑی کے پیچھے بھاگتا رہا مگر گاڑی کی رفتار اتنی تیز تھی کہ وہ ہوا سے باتیں کر رہی تھی۔۔

دیکھتے ہی دیکھتے گاڑی جنگل کی طرف نکل گئی اسفند اگر واپس گاڑی تک جاتا تو وہ گاڑی اور آگے نکل جاتی اسی لیے پاس کھڑی ہوئی گاڑی جس کا ڈرائیور گاڑی میں بیٹھنے کے لیے تیار کھڑا تھا اس کے ہاتھ سے چابی کو چھینتے ہوئے اسفن نے اسے زور سے دھکا دے کر گرا دیا اس وقت تو وہ کسی کی جان بھی لے سکتا تھا دھکا دے کر گرانا تو ایک معمولی سی بات تھی۔۔

اسفند گاڑی کے اندر بیٹھا اور گاڑی لے کر اس گاڑی کا پیچھا کرنے لگا تھوڑی دور تک اس گاڑی کا ڈرائیور اپنی گاڑی کے پیچھے بھاگا مگر اس کے بعد وہ ڈرائیور کہیں پیچھے ہی رہ گیا تھا۔۔۔

گاڑی کا پیچھا کرتے ہوئے اسود تقریبا گاڑی کے نزدیک ہی پہنچ گیا تھا کہ جنگل کے پاس جا کر گاڑی کے ٹائر پر کڈنیپروں نے گولیاں چلا کر گاڑی کو پنچر کر دیا اسفند کے پاس کوئی چارہ نہیں تھا وہ گاڑی سے اتر کر پیدل ہی جنگل ○○○○○○○○○○○ کی طرف بھاگنے لگا

دل گاڑی میں بیٹھی ہوئی اسفند کا انتظار کر رہی تھی اسفند جاتے ہوئے اپنی بلٹ پروف گاڑی کا دروازہ بند کر کے گیا تھا اور دل کو سمجھا کر گیا تھا کہ اس سے گاڑی سے باہر نہیں نکلنا اور چاہے کچھ بھی ہو جائے اور کسی کے کہنے پر بھی دروازہ نہیں کھولنا۔۔

دل اسفند کا ویٹ ہی کر رہی تھی کہ اس کی نظر سامنے گاڑی کے بونٹ کے اوپر رکھے ہوئے بکٹ پر گئی جہاں پر بکٹ کے اندر بہت ہی خوبصورت سا کیٹ کا بچہ بیٹھا ہوا ادھر ادھر دیکھ کر میاؤں میاؤں کر رہا تھا۔۔

دل کو بے ساختہ اس پر پیار آیا شاید اس کو پیاس لگی ہوئی ہے دل کے دل میں لالچ آیا کیوں نہ اسے ہم اپنے ساتھ لے جائیں میں اس کا بہت سارا خیال رکھوں گی اور میں بور بھی نہیں ہوا کروں گی۔۔

یہ سوچتے ہوئے دل نے گاڑی کا دروازہ آہستہ سے کھولا مگر اسفند خیال آیا
کہی اسفند مجھ سے ناراض ہی نہ ہو جائیں وہ مجھے منع کر کے گئے ہیں

کہ سے گاڑی کے باہر نہیں نکلنا مگر ایک سیکنڈ میں ایسا کیا ہو جائے گا وہ تو
ایسے ہی رائی کا پہاڑ بناتے رہتے ہیں میں جلدی سے جا کر اس کیٹ کو لے کر
گاڑی میں بیٹھ جاؤں گی تو پھر تو اسفند کچھ بھی نہیں جائیں گے اگر کہیں گے
بھی تو بعد کی بعد میں دیکھی جائے گی۔۔

دل جلدی سے گاڑی کا دروازہ کھولتی ہوئی گاڑی کی طرف بھاگ گئی تھی وہ بکٹ لے کر اپنی گاڑی کی طرف ہی بھاگتے ہوئے آرہی تھی تاکہ وہ اسد کے آنے سے پہلے گاڑی کے اندر بیٹھ جائے مگر اس سے پہلے ہی دو بڑے بڑے قد کے آدمی جنہوں نے چہرے پر ماسک پہنے ہوئے تھے۔۔

دل کے نزدیک آگئے اس سے پہلے کہ دل کچھ بولتی وہ دل کے منہ پر ایک رومال رکھ چکے تھے اس کے بعد دل کو پتہ نہیں چلا کہ وہ کب بے ہوش ہو گئی اور کب وہ لوگ اسے وہاں سے کڈنیپ کر کر لے آئے۔۔

دل کی جب انکھ کھلی تو۔۔وہ لوگ اسے جنگل کی طرف لے کر جا رہے تھے سائیڈوں پر گھنے درخت تھے جس سے دل نہ آئیڈیا لگایا کہ یہ کوئی جنگل جیسی جگہ ہے۔

وہ لوگ وہاں پر رکے ہوئے تھے شاید ان کی جیپ کا اینجن گرم ہو گا تھا تو وہ اس میں پانی ڈال رہے تھے۔

دل کو جیسے ہوش میں آیا موقع دیکھتے ہی گاڑی سے آہستہ سے اتری اور ایک سمت بھاگنے لگی تو وہ دونوں لمبے چوڑے آدمی دل کے پیچھے بھاگ اٹھے دل ایک نازک جان لڑکی تھی جسے اسفند نے اپنی پلکوں پہ بٹھار کھا تھا۔۔

اس سے اسے سختیوں کی عادت نہیں تھی تھوڑی دور ہی بھاگی تھی کہ دل یہ پیر میں کوئی چیز چبی اور وہ نیچے گر گئی۔۔

مگر دل نے ہمت نہیں ہاری پھر سے اٹھی اور بھاگنے لگی دل کا دوپٹہ پاس ایک جھاڑی سے اٹک گیا دل نے اسے کھینچا مگر وہ اسے نکال نہیں پا رہی تھی۔۔

اتنے میں وہ دونوں آدمی اس کے سر پہ پہنچ گئے دل دوپٹہ وہیں پر چھوڑ کر بھاگ گئی مگر پھر بھی انہوں نے اسے پکڑ لیا اور دل کی گال پر ایک تھپڑ زور سے رسید کیا۔۔

دل کی گال پر پوری انگلیوں کی چھاپ پڑ گئی دل سسکیاں لے کر رونے لگی آپ کی کیا دشمنی ہے میرے ساتھ اور مجھے کہاں لے کر جا رہے ہیں۔۔

ہماری دشمنی تمہارے ساتھ نہیں تمہارے شوہر کے ساتھ ہے اور تمہارے بھائی کے ساتھ بھی اس نے اپنے منہ سے ماسک ہٹایا تو دل حیرت سے اس آدمی کو دیکھنے لگی کیونکہ دل نے اس آدمی کو پہلی بار نہیں دیکھا تھا۔۔

یہ وہ انسان تھا جسے بچپن میں وہ ابو ابو کہتے نہیں تھکتی تھی یہ وہی انسان تھا۔۔

یہ صفدر تھا جو نقلی ہی صحیح مگر دل نے پورا بچپن اسے اپنا سگا باپ سمجھ کر گزارا تھا مگر اب دل اس حقیقت سے واقف تھی کہ یہ انسان اس کا کچھ نہیں لگتا اور یہ کتنا گھٹیا ہے اس کا باپ تو ایک غیرت مند پٹھان تھا اس انسان کا میرے باپ کے ساتھ کیا مقابلہ ہے۔۔

وہ غصے سے اس کے منہ پر تھوکتے ہوئے بولی گھٹیا انسان ہیں آپ کم سے کم اس الفاظ کی ہی لاج رکھ لیں جو میں بچپن میں آپ کو بولتی تھی اپ کا دل

کیسے مان گیا مجھے کڈنیپ کرنے کو پورا بچپن میں آپ کی بیٹی بن کر آپ کے ساتھ رہی۔۔

نہ تو تم میری بیٹی ہو اور نہ میں تمہیں بیٹی سمجھتا ہوں تم میرے لیے صرف ایک پیسہ آنے کا ذریعہ تھی اور بس اس لیے میرے ساتھ فضول کے رشتے مت جوڑوں اور اپنی اوقات میں رہو یہ جو بدتمیزی کر رہی ہو یہ تمہیں بہت مہنگی پڑے گی۔۔

استاد اس لڑکی کی عقل ٹھکانے لگانے کے لیے آپ کہیں تو ذرا میں اس کے ہوش ٹھکانے لگا دوں وہ ساتھ والا آدمی اتنی گھٹیا نظروں سے دل کو دیکھتے ہوئے یہ الفاظ بول رہا تھا کہ دل کو اپنے جسم سے روح نکلتی ہوئی محسوس ہوئی۔

اس کے دماغ میں فورن سے اسفند کی بات آئی تم اسفند شہریار کی عزت ہو میں گولی تو خوشی خوشی کھالوں گا مگر اگر میری عزت پہ بات آئی تو میں اس دنیا کو آگ لگادوں گا۔۔

اس لمحے دل کے منہ سے بے ساختہ دعا نکلی کہ اے میرے رب میری عزت پہ آنچ مت آنے دینا اس سے پہلے مجھے موت دے دینا۔۔

وہ شخص بار بار ایک ہی لفظ دہراتا ہے کہ اسے اپنی عزت ہر چیز سے زیادہ عزیز ہے اور میں اس کی عزت ہوں اس لیے اے میرے رب ان جنگلی بھیڑیوں سے میری عزت کی حفاظت کرنا یا مجھے موت دے دینا۔۔

دل کو اپنی غلطی کا شدت سے احساس ہو رہا تھا کہ کیوں وہ گاڑی سے باہر نکلی کیوں اسفند کے ساتھ نہیں گئی اس کی آنکھوں سے آنسوں نکل کر اس کی گالوں پر پھسل گئے۔۔

اس آدمی نے دل کے ہاتھ کو زور سے کھینچتے ہوئے واپس اسے اپنی جیب کے اندر ڈالا اور جنگل کی اندر کی طرف جیپ چل پڑی کافی طویل سفر طے کرنے کے بعد وہ ایک جگہ پر آ کر رکے جہاں پر ایک بڑا سخت خیمہ لگا ہوا تھا۔۔

اور وہاں پر ان کے دو بندے پہلے سے تعینات تھے رات کا اندھیرا چھانے لگا تھا دل کو بازو سے پکڑ کر خیمے کے اندر دھکیل کر وہ آدمی دروازے کے پاس ہی کھڑا تھا کہ دوسرا آدمی جو جیب میں ان کے ساتھ آیا تھا وہ صفدر سے بولا اب اس کا کیا کرنا ہے سر اس کے ہوش ٹھکانے لگانے ہوں تو مجھے بتانا کہ آپ خود لگائیں گے ساتھ میں وہ اپنی شیطانی مسکراہٹ سے ہنستے ہوئے اپنی مونچھوں کو تاؤ دے رہا تھا۔۔

نہیں اس کے ساتھ کچھ بھی کرنے کی ضرورت نہیں ہے اس کا شوہر تو یہ سوچ سوچ کر ہی مر رہا ہو گا کہ ہم اس کے ساتھ کیا کر رہے ہیں صفدر نے ایک دھتکار والی نظر دل پر ڈالتے ہوئے کہا اور آ کر آرام سے لگے ہوئے تخت پر بیٹھ گیا۔۔

دل ایک کونے میں بچھی ہوئی چٹائی پر گھٹنوں میں اپنا منہ دیے ہوئے بیٹھی رو رہی تھی۔

اسفند کہاں ہیں آپ اپ مجھے لے جائیں وہ روتے ہوئے اپنے دل میں سوچ رہے تھے نہ جانے اس کے دل کو کیوں یقین تھا کہ اسفند تک پہنچ جائے گا

ooooooo

اندھیری رات اور اوپر سے گھنا جنگل جہاں پر جنگلی جانوروں کی آوازیں آ رہی تھی ٹائیگر جنگل کا سینہ چیرتے ہوئے درختوں کے بیچ میں سے بھاگتا جا رہا تھا۔۔

اسے ہر صورت دل تک پہنچا تھا دل کو اسفند کے پاس سے غائب ہوئے پورے 15 منٹ گزر گئے تھے وہ ہر منٹ کے ساتھ ہزاروں موتیں مر رہا تھا۔۔

بھاگتے بھاگتے ایک درخت کے ساتھ کھڑا ہو کر آسماں کی طرف منہ کر کے پورے زور سے دل کا نام لے کر چیخا دل کہاں ہو تم مجھے کوئی اشارہ دو میری جان۔۔ جنگل میں ٹائیگر کی آواز اتنی زور سے گونجی تھی کے ہر جانور ایک بار ٹائیگر کی آواز پر چونک کر دیکھا تھا۔۔

اندھرا گہرا ہونے لگا تھا ٹائیگر کو اپنی جان کی بالکل پرواہ نہیں تھی اسے ہر صورت دل تک پہنچنا تھا ٹائیگر کے پاس اس وقت نہ تو فون تھا اور نہ ہی کوئی ایسا کلو جس سے اس کی ٹیم اسے ٹریک کر سکتی ٹائیگر کو اپنے غلطی پر کا غصہ آرہا تھا۔۔

کیوں میں نے جذبات میں آکر فون کو آوف کر دیا تھا کیوں میں نے اسد سے بات نہیں کی اگر شپ میں میرا فون اون رہتا تو اب تک اسد مجھے ٹریس کر کے مجھ تک پہنچ چکا ہوتا۔۔۔

ایک دو سیکنڈ کا سانس لینے کے بعد ٹائیگر پھر سے جنگل کے اندر کی طرف بھاگتے ہوئے ایک دم رکا ٹائیگر کو لگا کے کوئی چیز ہے سامنے جس کی دو آنکھیں اندھیرے میں چمک رہی ہیں ٹائیگر سمجھ چکا تھا کہ اس پر حملہ ہونے والا اتنے میں وہ چیز اس پر حملہ کر چکی تھی۔۔

ٹائیگر حملے کے لیے تیار تھا زندگی میں کوئی پہلی بار ٹائیگر نے ایسی سچویشن کا سامنا نہیں کیا تھا جب سے وہ اس فیلڈ میں آیا تھا جنگلی جانور اور جنگلی انسانوں سے اس کا سامنا آئے روز ہوتا رہتا تھا۔

اس کے دل میں ڈر تھا تو صرف دل کو کھو دینے کا ڈر تھا۔۔ باکی سوائے اللہ کی ذات سے ٹائیگر کسی چیز سے ڈرنے والی ہستی نہیں تھی۔۔

جیسے ہی اس نے اس پر حملہ کیا ٹائیگر پھرتی سے سائیڈ پہ ہو گیا اور وہ زور سے جا کر درخت کے ساتھ ٹکرایا چاند کی ہلکی سی روشنی میں اس نے دیکھا کہ وہ ایک چیتا تھا۔۔

اس کے نشان بتا رہے تھے کہ وہ ابھی بھرپور جوانی کے دور میں ہے چیتا درخت کے ساتھ ٹکرا کر فورن سے کھڑا ہو کر ٹائیگر کے اوپر پھر سے اٹیک کرنے کے لیے پلٹا اور ٹائیگر کے اوپر اٹیک کرنے لگا تھا ٹائیگر نے اپنی گن سے اس پر نشانہ کستے ہوئے اگلے چند سیکنڈ میں اس ٹائیگر کو ڈھیر کر دیا۔۔

اگر وہ ٹائیگر تھا تو سامنے بھی تو ٹائیگر ہی تھا جس کو اپنی قوت بہادری اور نشانے پر بہت غرور تھا۔

دو سیکنڈ کے لیے سانس کو بحال کرتے ہوئے ٹائیگر پھر سے بھاگنے لگا بھاگتے ہوئے اسے تھوڑی دور ایک خیمے سے روشنی نظر آئی جنگلی جانوروں کے ڈر سے خیمے چاروں طرف آگ جلا رکھی تھی۔۔

ٹائیگر کو ایک پل بھی نہیں لگا یہ سمجھنے میں کہ دل اسی جگہ پر موجود ہے کیونکہ وہ بلیک گاڑی اسی طرف کو لے کر آئے تھے۔۔۔

اور ویسے بھی کوئی عام انسان اس وقت جنگل کے بیچ بیچ نہیں رہ سکتا تھا یہ وہی لوگ تھے ٹائیگر بھاگتا ہوا خیمے کے پاس جا کے گھات لگا کر کھڑا ہو گیا۔۔

باہر تین چار آدمی کھڑے پہرا دے رہے تھے ٹائیگر نے بڑی پھرتی کے ساتھ ایک آدمی جو خیمے کے پیچھے کی طرف پہرہ دے رہا تھا اس کے منہ پر ہاتھ رکھ کر اس کے گردن مروڑ دی اور وہ آدمی وہیں ڈھیر ہو گیا۔۔

دوسرے آدمیوں کچھ غلط ہونے کا اندیشہ ہوا جو خیمے کی فرنٹ سائیڈ پر جو پہرہ دے رہے تھے وہ دونوں آدمی خیمے کے پیچھے کی طرف آئے ان کی گھات لگائے ہوئے ٹائیگر پہلے سے بیٹھا تھا۔۔

اس سے پہلے کہ وہ کچھ سمجھتے ٹائیگر ان دونوں کی گردنیں بھی توڑ چکا تھا اپنے اس کام میں وہ ماہر تھا گردن توڑنا تو اس کے لیے ایسے تھا جیسے کسی سبزی کو اس کی بیل سے توڑنا تین آدمیوں کا کام تمام کر کے ٹائیگر بڑی سمجھداری سے اپنے قدم اٹھاتا ہوا اپنی پسٹل کو ہاتھ میں لیے خیمے کے سامنے کی طرف گیا۔۔

جہاں پر وہ آدمی کافی پریشانی کے عالم میں دوسرے دونوں آدمیوں کے آنے کا انتظار کر رہا تھا اس نے ٹائیگر کو اپنی طرف آتے ہوئے دیکھ لیا تھا اس سے پہلے کہ وہ ٹائیگر پر وار کرتا ٹائگر اسے اپنی گولی کا نشانہ بنا چکا تھا۔۔

سب کو ڈھیر کرنے کے بعد ٹائیگر خیمے کا پردہ اٹھاتے ہوئے اندر داخل ہوا سامنے صفدر کو اپنی طرف بڑھتا ہوا دیکھ کر ٹائیگر اس پر چیٹا۔۔

گھٹیا انسان اتنے سال اس لڑکی کو پاپ بن کے تم نے پالا ہے کم سے کم اس نام کی ہی اج رکھ لے بے غیرت وہ تجھے اتنے سال اپنا باپ سمجھتی رہی ہے

۔۔

گھٹیا انسان تم جیسے انسان کسی کتے کی نسل پیدا ہوئے ہوتے ہو۔۔۔اس کو خود کا نام دیا چاہیے اپنے مفاد کے لیے ہی سہی مگر آج اس نام کی بھی لاج نہیں رکھی تم نے تو پھر تمہیں جینے کا بھی کوئی حق نہیں ہے تم جیسی گندگی کو اس زمین پر نہیں ہونا چاہیے۔۔

صفدر کی تصویریں اور فل ڈیٹا تو ٹائیگر اور اسد پہلے سے ہی تیار کروا چکے تھے ان کی گردن تک بہت جلد پہنچ جاتے اگر یہ دل والا معاملہ نہ ہوا ہوتا اور ٹائیگر دل کو لے کر گھر سے نہ نکلتا تو اسد صفدر کے چہرے سے بہت اچھی طرح سے ٹائیگر کو اشنا کروا چکا تھا وہ دونوں بہت جلد صفدر اور شمس کام تمام کر چکے ہوتے۔۔

اس لیے ٹائیگر کو اس کی بد شکل چہرے کو پہچاننے میں کوئی دیر نہیں لگی۔۔۔ سامنے بیٹھی ہوئی دل کو روتے ہوئے ٹائیگر دیکھ چکا تھا اس کے گلے میں دوپٹہ

نہیں تھااور بال بکھرے ہوئے تھے ایک لمحے میں اسفند کوایسالگا کے اس کو کوئی آگ میں جلسا گیاہے اس کی آنکھوں میں تیزاب کے قطرے پڑ گئے۔۔

وہی غصہ نکالنے کے لیے ٹائیگر نے چاکو نکالااور صفدر کی شہارگ پر رکھ کر ایک ہی وار سے وہ صفدر کی شہ رگ کاٹ دی صفدر کواپنی جان بچانے کاٹائیگر نے موقع تک نہیں کیا تھاٹائیگر کے دل میں اس وقت آگ لگی ہوئی تھی۔۔

اس کے بعد بنادل کی طرف دیکھے ہوئے اس کی دونوں کلائیاں کاٹ کر اس کے بعد وہی اس کا ہمیشہ والا انداز تھا کسی ماہر قصائی کی طرح اس کا سینہ چیختے ہوئے صفدر کادل کادل باہر نکالا تیز دار چاکو سے اس کے ٹکڑے کرنا شروع کر دیے۔۔

اس کے بعد اس کی کٹی باڈی کو ہاتھ سے گھسیٹتے کر خیمے سے باہر پھینک کر خون سے لتے ہوئے ہاتھوں سے دل کے قریب آ کے بیٹھ گیا دل یہ سب کچھ دیکھ رہی تھی وہ تو پہلے سے ہی بے حد ڈری ہوئی تھی اوپر سے یہ سب کچھ دیکھ کر وہ کانپ رہی تھی۔۔

ڈر اس کا پورا وجود کپکپا رہا تھا وہ دل سے جو پوچھنا چاہتا تھا اس لیے اسفند سے ہمت نہیں اکھٹی ہو رہی تھی۔۔

ٹائیگر کی آنکھوں میں آنسوں تھے دل نے پہلی بار ٹائیگر کو روتے ہوئے دیکھا۔۔

تمہارے ساتھ کچھ۔۔اسفند نے کتنی مشکل سے یہ لفظ اپنے منہ سے نکالے تھے یہ تو صرف اسفند کا دل ہی جانتا تھا اس سے آگے تو اس سے بولا ہی نہیں گیا بس اس کی آنکھوں سے زور قطار آنسو ہی ٹپ ٹپ تک کر کے گر رہے تھے جو اس کے دل کے درد کا حال بتا رہے تھے۔۔۔

کچھ نہیں ہوا میرے ساتھ میں بالکل پاک دامن ہوں اسفند کی بات کو سمجھتے ہوئے دل نے اپنے پاک دامن ہونے کی گواہی دی اسفند بے یقینی کے ساتھ دل کی طرف دیکھ رہا تھا اور اس کا چہرہ آنسوں سے بھیگا ہوا تھا۔۔

ایسے کیا دیکھ رہے ہیں آپ کیا آپ کو مجھ پر یقین نہیں ہے کہ آپ کو لگتا ہے کہ میں جھوٹ بول رہی ہوں۔۔

اسفند اپنے سر کو نفی میں ہلاتے ہوئے اور بولا نہیں مجھے اپنی جان پر خود سے بھی زیادہ یقین ہے مجھے پتہ ہے میری معصوم دل مجھ سے کبھی جھوٹ نہیں بول سکتے وہ دل کو کاندھے سے پکڑ کر جھٹکے اسے اپنے گلے لگاتے ہوئے بولا دل 15 منٹ میں میں ہزاروں موت مراہوں دل یہ سوچ سوچ کر میرے دماغ کی نسیں پھٹ رہی تھی کہ میرے دل کو اگر کسی نے چھوا تو کہتے ہوئے اسفند پھوٹ پھوٹ کر رونے لگا تھا۔۔

منع کیا تھا نہ دل کے تم گاڑی سے باہر نہیں نکلو گی مُجھ باہر کیوں نکلی تم۔۔

دل پیچھے کر کے آنکھوں میں انگارے لیے ہوئے سوال طلب نظروں سے پوچھ رہا تھا ہے پلیز مجھے معاف کر دیں مجھئ سے غلطی ہو گئی وہ ہاتھ جوڑ رہی تھی۔۔۔۔۔

ہاتھ نیچے کرو دل اور آج کے بعد میرے سامنے کبھی ہاتھ مت چھوڑنا یہ ہاتھ
جب بھی اٹھے صرف مجھے پیار کرنے کے لیے تو دوبارہ اس طرح سے
میرے سامنے ہاتھ مت جوڑنا اسفند کو دل کا اس طرح سے ڈر کر ہاتھ جوڑنا
بالکل اچھا نہیں لگا تھا۔۔

دل حیران تھی اس انسان کے لیے جو کسی کا سینہ چیرتے ہوئے دو سیکنڈ بھی
نہیں لگاتا تھا اور نہ اس کے چہرے پر کوئی ڈر اور خوف ہوتا تھا کسی انسان کو
مارنے کے لیے اسے ہمت کی ضرورت نہیں تھی۔۔

مگر آج اس کے لیے وہ کتنی بے بسی سے رو رہا تھا دل کو یقین نہیں آ رہا تھا کہ
یہ وہی اسفند شہریار ہے جس کی آنکھیں دل نے کبھی نم نہیں دیکھی تھی۔

لوگوں کو مارتے ہوئے اس کی آنکھوں میں کبھی خوف نظر نہیں آیا وہ اپنے اندر اتنا سوفٹ دل بھی رکھتا ہے یہ تو دل کو پتہ ہی نہیں تھا اسفند آپ مت روئیں مجھے اچھا نہیں لگ رہا۔۔

دل بھی بچوں کی طرح خود بھی رو رہی تھی میں بالکل ٹھیک مجھے آپ کے قسم مجھے صفدر نے کچھ بھی نہیں کہا وہ کسی کے ساتھ فون پر بات کر کے یہ بول رہا تھا کہ بس ٹائگر کو ایسا دکھانا ہے جیسے اس کی بیوی کے ساتھ کچھ غلط ہوا ہے بس اسے مارنے کے لیے اتنا ہی کافی ہے۔۔۔

تمہارا دوپٹہ کہاں ہے اور تمہارے بال اس طرح سے بکھرے ہوئے کیوں ہیں پوچھتے ہوئے ٹائیگر کی زبان لرز رہی تھی۔۔بھاگتے ہوئے میرا دوپٹہ گلے سے بھسل کر گر گیا تھا۔۔اور بال بھی اسی باغ دوڑ میں بکھر گئے ہے۔۔

اسفند کی نظروں میں بے یقینی سے دیکھ کر دل اپنی صفائی پیش کر رہی تھی
اسفند آپ اتنی بے یقینی کے ساتھ مجھے مت دیکھیں قسم سے میں مر جاؤں
گی آپ کے نظروں میں اتنی بے یقینی دیکھ کر وہ روتے ہوئے بول رہی۔۔

میرا بچہ میں آپ پر بہت یقین کرتا ہوں مگر میں اپنے دل کا کیا کروں جو
آپ کے لیے اتنا پوزیسف ہے بس اسی کے ہاتھوں سے مجبور ہو کر میں یہ
سوال کر رہا ہوں ہوں۔۔

سوری میری جان میں دوبارہ یہ سوال نہیں کروں گا رونا بند کرو دل ہچکیوں
کے ساتھ رو رہی تھی دوباہ اس طرح کا سوال کبھی مت پوچھنا جو بھی پوچھنا
ہے آج ہی پوچھ کر پوری تسلی کر لے کہ دل آپ کے قابل ہے بھی یا نہیں
اسفند کی آنکھوں کی بے یقینی نے دل کو اندر تک جھنجھوڑ کر رکھ دیا تھا۔۔۔

دل پلیز آئی ایم سوری یار آئندہ کبھی اس طرح کا گھٹیا سوال نہیں پوچھوں گا
۔۔

اگر دوبارہ کبھی پوچھا تو پھر مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا وہ انگلی اٹھا کر بچوں کی طرح دھمکی دے کر بولی۔۔

جی میری جان میں اپنی زبان سے ایسا لفظ کبھی نہیں بولوں گا جس سے میری دل کا دل دکھے آپ کو کیا پتہ میرے لیے کتنا مشکل تھا یہ سوال آپ سے پوچھنا۔۔

دل کا ماتھا چوم کر ہوا اسے اپنے سینے سے زور سے لگائے ہوئے بیٹھا تھا دل چلو اٹھو یہاں پر خطرہ ہے اسی وقت یہاں سے نکلنا ہے دل اس کے ساتھ کھڑی ہو گئی۔۔

دل نے اپنے بالوں کو ہلکا باندھ لیا تا کہ وہ بھاگنے میں ڈسٹرب نہ ہو دل کے پیروں میں اس وقت چپل نہیں تھے۔۔

اسفند نے اپنے شوز دل کے سامنے رکھتے ہوئے کہا یہ پہن لو مگر میں یہ نہیں پہنوں گی۔ یہ مجھے بہت بڑے ہے۔۔۔

اسفند ہلکا سا مسکرایا میرا بچہ اس وقت ہم پکننگ منانے نہیں آئے ہوئے ہم مشکل میں ہیں اور جنگل میں کھڑے ہوئے ہے۔۔

ہمارے پیچھے ہمارے دشمن لگے ہوئے ہیں اسی لیے آپ شوز پہن لے تاکہ آپ کے پیر میں کوئی چیز نہ لگ جائے مگر میں ان کو کیسے پہنوں یہ مجھے بڑے ہیں جب چلوں گی تو مجھ سے چلا نہیں جائے گا۔۔۔

اس کی بات اسفند کو بھی صحیح لگی کیونکہ واقعہ میں اس کے چھوٹے نازک سے پیر اسفند کے شوز کے اندر فٹ نہیں ہونے تھے۔۔۔

دل کو بھاگنے میں بہت پرابلم آنے والی تھی اس لیے اسفند نے پاس بڑا ہوا ایک کپڑا اٹھا کر اسے پھاڑ کر دل کے دونوں شوز کو اوپر سے باندھ دیا۔

اب چلے اسفند اپنا ہاتھ دل کے آگے کرتے ہوئے بولا دل نے سر کے ہلا کر اسفند کے ہاتھ میں اپنا ہاتھ تما دیا اسفند دل کو لے کر جنگل کے باہری راستے کی طرف تیز تیز قدم اٹھا کر جانے لگا دل نے چاروں طرف نظر دوڑائی ہر طرف اندھیرے کا راج تھا اوپر سے آتی ہوئی جنگلی جانوروں کی آوازیں جنگل کو اور بھی خوفناک بنا رہی تھی۔۔

دور سے آتی ہوئی گیدڑ کی آواز سن کر دل ڈر کے اسفند کے سینے سے آ لگی اسفند ہوں یہاں پر مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے میرا بچہ میں ہوں نا آپ کے ساتھ۔۔

میرے ہوتے ہوئے ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے جب تک اسفند کے جسم میں ایک بھی سانس باقی رہے گی میری دل کے اوپر میں کوئی خطرہ نہیں آنے دوں گا۔۔

آپ ڈرنا بند کریں اور چلیں میرے ساتھ وہ دل کا ہاتھ پکڑ کر جنگل سے باہر والی سمت بھاگنے لگا۔۔

دل اور اسفند بہت دیر تک بھاگتے رہے تھے۔دل بہت تھک چکی تھی اور اس سے چلا نہیں جا رہا تھا۔۔

اسفند مجھ سے چلا نہیں جا رہا ہے مگر چلنا پڑے گا میری جان ابھی راستہ کافی باقی ہے نہیں مجھ سے نہیں چلا جائے گا میرے پیروں میں بہت درد ہو رہا ہے

دل کی حالت دیکھ کر اسفند کو اندازہ تھا کہ اس میں سچ میں بھاگنے کی ہمت نہیں ہے دل کو ہلکا ہلکا بخار بھی تھا اوپر سے ٹھنڈا اتنی زیادہ تھی کہ خون جسم میں جمتا ہوا محسوس ہو رہا ہے۔۔

اسفند کو سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ وہ کیا کرے نہ تو وہ دل ل کو لے کر جنگل رک سکتا تھا نہ وہ ایسے میں دل کو لے کر بھاگ کر جنگل پار کر سکتا تھا۔۔

چلو تھوڑا سا اور چلو دیکھتے ہیں کہیں کوئی سیف جگہ مل جائے رکنے کے لیے تو۔۔ نہیں مجھ سے نہیں چلا جا رہا وہ رو رہی تھی اسفند نے نیچے جھک کر دل کو اپنے کاندھے پر اٹھا لیا۔۔

اور خود دل کو لے کر جنگل کے باہر راستے کی طرف چلنے لگا چلتے چلتے اسفند کو ایک درخت کے اوپر شکاریوں کا بنا ہوا اڈہ نظر آیا اسفند کو اسی کی تلاش تھی

شکاری اپنی حفاظت کے لیے اس طرح کے چھوٹے چھوٹے تختواں والے گھر اونچے درختوں کے اوپر بناتے ہیں تاکہ کبھی ان کو کسی جانوروں سے مشکل پیش آے تو وہ یہاں پر رک سکے۔۔

دل کو بخار کافی تیز ہو رہا تھا اور وہ ٹھنڈ سے کام بھی رہی تھی اوپر سے رات بھی کافی ہو رہی تھی اس لیے اسفند نے رکنا ہی مناسب سمجھا کیونکہ چاروں طرف جنگلی جانوروں کا بھی خطرہ تھا۔۔

اور آتے ہوئے اس پر ٹائیگر نے حملہ کیا تھا دل کے ساتھ وہ کوئی ایسا ریسک نہیں لے سکتا تھا۔۔

دل آپ درخت پر چڑھو میں آپ کے پیچھے پیچھے چڑھوں گا نہیں مجھ سے نہیں چڑھا جائے گا

میں کیسے چڑھوں میں تو آج تک کبھی درخت پر نہیں چڑھی ہاں میری جان میں ہی صبح شام بندروں کے ساتھ رہتا ہوں اور درخت پر چڑھتا ہوں میرا تو یہی کام ہے دل کی بات پر اسفند اس سے مزاق سے بولا۔۔

آپ میری بیک سائیڈ سے میرے گلے میں ہاتھ ڈال کر لٹک جائیں اور میں مجھے مضبوطی پکڑ لے اسفند دل کو بچے کی طرح سے لے کر درخت پر چڑھنے لگا اسفند کے ہاتھوں کی پکڑ بے حد مضبوط تھی وہ دل کو لے آسانی کے ساتھ درخت چڑھ گیا۔۔

شکاریوں نے خود کو جنگلی جانوروں سے محفوظ رکھنے کے لئے بہت اچھے طریقے محفوظ جگہ کو سیٹ کرر کھا تھا۔۔۔

تخت کے چاروں طرف جنگلی بیلوں کے باڑ کی ہوئی تھی جس کی وجہ سے اندر ٹھنڈ کافی کم تھی اسفند درخت کے ساتھ ٹیک لگا کر ٹانگیں زمین پر لمبی کر کے بیٹھ گیا۔۔

دن بھی اسفند کے پاس ہی درخت کے ساتھ سر ٹکائے بیٹھ گئی دل کو اس وقت بہت ٹھنڈ لگ رہی تھی وہ ہلکے ہلکے کانپ رہی تھی اور اس کا بخار بھی بہت ہو گیا تھا۔۔

اسفند نے جلدی سے اپنا کوٹ اتارا اور دل کو پہنا دیا اور اپنے سینے سے اس کی پشت لگا کر اسے اپنے ٹانگوں کے بیچ میں بٹھا لیا۔

اوراس کی پیٹ پر ہاتھ باندھ کراسے سونے کے لیے کہا۔۔میں کیسے سو جاؤں مجھے یہاں پر بہت ڈر لگ رہا ہے یہاں پر کوئی کیسے سو سکتا ہے دل اس وقت بہت ڈری ہوئی تھی۔۔

اس کا اندازہ اسفند کو اس کے کانپتے وجود سے ہو رہا تھا دل میری طرف دیکھو دل تھوڑا سا پیچھے کو ہو کر اسفند کے منہ کو دیکھتے ہوئے رونے لگی۔۔

دل آپ کو مجھ پر اتنا یقین ہے نا کہ میں آپ کی حفاظت کر سکتا ہوں۔۔

دل نے ہاں میں سر کو ہلایا تو پھر آپ میری باہوں میں پر سکون ہو کر سو جائے کچھ نہیں ہو گا۔

آپ کو دل کو اپنے سینے سے لگا اپنی باہوں کے گھیرے میں کستے ہوئے بولا
دل کا وجود ہولے ہولے ڈر ٹھنڈ اور بخار کی وجہ سے کانپے جا رہا تھا۔۔
اسفند اسے اپنے سینے سے لگا کر اسے اپنے جسم کی حرارت دے رہا تھا مگر دل
پھر بھی کانپ رہی تھی اسفند نے اپنی شرٹ کے بٹن کھول کر دل کو اپنے
سینے سلا لیا۔۔

اسفند اسے اپنے جسم کی حرارت دے رہا تھا وہ اپنے لبوں سے اس کے جسم
میں گرمی بھرنے لگا تھوڑی دیر بعد کانپنا بند ہو گئی اور گہری نیند میں سو گئی۔۔

اسد خان کہاں ہو تم پہنچ جاؤ مجھ تک تمہارے یار کو تمہاری ضرورت ہے
آسمان کی طرف منہ کرتے ہوئے ٹھنڈی آہ بھر کے سوچ رہا تھا۔۔

وہ دونوں ٹانکے زمین پر لمبی کیے ہوئے درمیان میں دل کو اپنے سینے میں لگا کر بیٹھا ہوا تھا اس کے ایک ہاتھ میں لوڈڈ گن تھی وہ حد سے زیادہ پریشان تھا۔۔

آج زندگی میں پہلی بار اسفند شہریار کا دل ڈر رہا تھا آج پہلی بار زندگی میں اسے موت سے خوف آرہا تھا ایسے حالات اس نے اپنے اس دھندے میں ہزاروں بار فیس کیے تھے مگر ہر بار وہ نہ ڈر ہو کر دشمنوں کا سینہ چیرتے ہوئے اپنی فتح کا جھنڈا لہراتا تھا۔۔

مگر آج اس کے دل میں جو ڈر تھا وہ اپنے لیے نہیں تھا وہ تھا دل کی عزت پر آنچ نہ آئے اس سے پہلے ٹائیگر ہمیشہ بے خوف گھومتا تھا مگر دل کے ساتھ ہوتے ہوئے اسے پتہ تھا کہ دشمن اس کی اس کمزوری سے اچھی طرح واقف ہے کہ اسفند شہریار اپنی عزت کے لیے کتنا پوزیسو ہے

اوراس کی بیوی اس کی عزت ہے اس لیے دل پر اٹیک ہو رہے تھے آج اسفند کو اپنی غلطی کا شدت سے احساس ہو رہا تھا۔۔

کیوں کیوں اسفند شہریار کیوں تم اتنے خراب حالات میں دل کو لے کر گھر سے نکلے اوپر سے اپنا فون بند کرنا اسد جس جس راستے سے مجھے ٹریک کر سکتا تھا ان سب راستوں کو اسفند اپنے ہاتھوں سے بند کر چکا تھا۔۔

یہ سب مصیبتیں اس نے خود ہی کھڑی کر لی تھی اب اس کی انکھوں میں ایک ہی خوف تھا وہ تھا دل کو باحفاظت رکھنا۔۔

کافی دیر کے بعد دل کی آنکھ کھلی تو اسفند دل کو جاگتا ہوا دیکھ کر بولا دل میری جان آپ جاگ رہی ہو۔۔

دل اسفند کے سینے سے پشت لگائے ہوئے بیٹھی تھی آنکھوں کو اوپر اٹھا کر بولی آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں۔۔

ہاں دل تمہیں پتہ ہے میں تم سے کتنا پیار کرتا ہوں جی پتہ ہے بتاؤ کتنا کرتا ہوں آپ اپنی جان سے بھی زیادہ مجھے پیار کرتے ہیں۔۔

دل آپ مجھ سے وعدہ کریں۔۔وہ بے حد سپاٹ لہجے سے بول رہا تھا۔۔
اسفند کیسا وعدہ وہ حیرانی سے پوچھ رہی تھی

اگر مجھے کچھ ہو گیا تو آپ خود کی عزت محفوظ کرنے کے لیے اپنے ہاتھوں سے اپنی جان لے لیں گے۔۔

اسفند کی آنکھوں میں آج پہلی بار دل نے اتنا ڈر دیکھا تھا اسفند ایسے مت بولیں خدا آپ کو میری بھی عمر لگا دے۔۔

نہیں دل ایسی زندگی کا میں کیا کروں گا جس میں تم نہیں ہو گی تمارے بنا اسفند شہریار خود کو مرا ہوا ہی سمجھے گا۔۔

اسفند بار بار اس طرح مت بولیں دل اسفند کے گال پر ہاتھ رکھ کر اپنا چہرہ اس کے قریب کرتے ہوئے بولی۔۔

یہ سچ ہے دل کہ تمہارے بنا جینا میرے لیے مرنے جیسا ہی ہے مگر دل تم میری عزت ہو اور اپنی عزت کی حفاظت کرنا دل تمہیں چھونے کا پیار کرنے کا حق اور صرف اسفند شہریار کو ہے۔۔

تم میری ہو صرف میری میرا عشق میرا جنون میرے دل کی ملکہ دل اپنی حفاظت کرنا اور جب نہ کر سکو تو اپنی جان لے لینا مگر دشمنوں کے ہاتھ مت لگنا۔۔۔

اسفند کی آنکھوں میں اس قدر خوف تھا کہ دل کو ڈر لگنے لگا سر ایسا مت بولیں آپ کو نہیں پتہ میں بھی آپ کو اپنی جان سے زیادہ پیار کرتی ہوں آپ کی طرح بول نہیں پاتی وہ اسفند کے چہروں کو دونوں ہاتھ سے پکڑے ہوئے بول رہی تھی۔۔

مجھے بتاؤ کتنا پیار کرتی ہو اسفند لبوں پر مسکراہٹ آگئی اتنا پیار کرتی ہوں کہ آپ کے بنا جینے کا تصور بھی نہیں کر سکتی۔۔

تو پھر ہر وقت جو تم کہتی ہو کہ آپ بھاگ جاؤ گی مجھے آپ کے ساتھ نہیں رہنا وہ کیا تھا ہاں کہتی تھی کہ میں بھاگ جاؤں گی میں آپ کے ساتھ رہ نہیں جا سکتی مگر اسفند آپ نے جو کیا اس وجہ سے وہ سب کچھ میرا دماغ سوچتا تھا اور مجھے کرنے کے لیے بولتا تھا مگر میرا دل کبھی آپ سے دور نہیں جانا چاہتا۔۔

مجھے تو آپ کے بنا نیند نہیں آتی

اسفند اس کی معصوم سے باتیں بڑے غور سے سن رہا تھا وہ اپنی جان کی اسی معصوم باتوں کا ہی تو دیوانہ تھا۔۔۔

دل میری ایک بات غور سے سنو اگر مجھے کچھ ہو گیا تو تم اپنے ہاتھوں سے
اپنی جان لے لینا یہ میرا آرڈر ہے مگر کسی کتے کو اپنے نزدیک مت آنے دینا

ورنہ میری روح بھی تڑپتی رہے گی آپ کس طرح کی باتیں کیے جا رہے
ہیں آپ کو کچھ نہیں ہو ہو گا اللہ نہ کرے کہ آپ کو کچھ ہو دل تڑپ کر اسفند
کے گلے میں بانہیں ڈال کر اس سے لپٹ گئی۔۔

امین اللہ تمہاری دعا قبول کرے میں بھی تو تمہارے ساتھ ہزاروں سال
خوشیوں بھرے جینا چاہتا ہوں

مگر دل تو خود کو ہر حالات کے لیے تیار رکھو اموشنل مت ہو کچھ بھی ہو سکتا ہے

oooooooooooooo__

اسفند کہاں ہو تم اسد کا پچھلے
دو دن سے اسفند کے ساتھ
کوئی رابطہ نہیں تھا جس کی
وجہ سے اسد بے حد پریشان
تھا اس وقت دشمن پوری
طرح سے ان دونوں پر
قابض ہونا چاہتے تھے۔۔

اسد اپنی ٹیم سے ہر طرح

کی خبریں اکٹھی کر کے رکھے
ہوا تھا ایسے میں ٹائیگر کا دل
کو یہاں سے لے کر چلے جانا
ایک انتہائی غلط فیصلہ تھا اس
سے بھی زیادہ غلط یہ کہ اس
نے اپنا موبائل بند کر کے
رکھا ہوا تھا۔۔

اور اپنی گھڑی کی چپ بھی
بند کی ہوئی تھی جس سے
وہ ٹائیگر کو ٹریک کر سکتا تھا
اسد کل پوری رات سے

سویا نہیں تھا اب تک

اسد بس اتنی ہی مالومات اکٹھی

کر سکا تھا کہ ٹائیگر اور نور

ترکی میں ہیں اسد اپنی ٹیم کو

لے کر ترکی پہنچ چکا تھا۔۔

اسد کے لیے یہ سب کچھ نیا نہیں

تھا کیونکہ ٹائیگر ہمیشہ سے ہی

اپنی ٹیم کے لیے اس طرح

کے مسائل ضرور کھڑے

کرتا رہتا تھا۔۔

مگر اس وقت فکر نور کی تھی

کیونکہ آج سے پہلے ٹائیگر

جب بھی اس طرح سے

چپ چاپ اپنے مشن پر

اکیلا نکلتا تھا اس وقت اس

کے ساتھ اس کی کوئی کمزوری

نہیں ہوا کرتی تھی۔۔

اور ٹائیگر بے شک اتنا پاور فل

اور دشمنوں پر قابض ہونے والا

جانباز تھا کہ وہ اکیلا ہی اپنی فتح

کے جھنڈے کئی بار لہرا چکا تھا۔۔

اسد کے دل میں الگ الگ طرح
کے وسوسے پیدا ہو رہیں تھے
وہ یہ ساری بات نہ تو مسکان
کو بتا سکتا تھا اور نہ ہی اس
سے چھپا سکتا تھا۔

سچویشن بے حد خراب تھی
اس وقت بھی اسد افس میں
بیٹھا ہوا توبہ کی مدد سے ٹائیگر
کو ٹریک کرنے کی کوشش
کر رہا تھا۔۔

سرسوری انہوں نے خود سے
ہی سب کچھ بند کرر کھا ہے
وہ نہیں چاہتے کہ ہم ان تک
پہنچے تو بانے بے حد تھکے
ہوئے انداز سے جواب دیا۔۔

جب سے اسد کی شادی ہوئی
تھی توبہ میں کافی میں بدلاؤ
آگیا تھا اب وہ پہلے کی
طرح اسد کے ساتھ چپکتی نہیں
تھی اور بے فضول کی
باتیں بھی نہیں کرتی تھی۔

ایک دم سے اسد کو کچھ

یاد آیا تو اس نے توبہ کو

جلدی سے کچھ کو ڈبتائے

جسے توبہ لیپ ٹاپ پر

سرچ کرنے لگی۔۔۔

نور بیٹا پلیز پلیز تم نے

وہ لاکٹ اپنے گلے میں

پہنا ہوا ے اللہ ہماری

مدد کرنا اسد اپنے رب

سے دعا کر رہا تھا۔۔

اسد نے ولیمے پر نور کو

ایک لاکٹ گفٹ کیا تھا

جو دیکھنے میں تو معمولی سا

تھا کسی عام لاکٹ کی

طرح جس پر ڈائمنڈ

لگا ہوا تھا۔۔

مگر اس لاکٹ کی

ایک خاصیت تھی کہ

اس میں ایک چپ لگی

ہوئی تھی جس سے اسے

جس نے پہنا ہوا سے

ٹریک کیا جا سکتا ہے اسد

کو جب یاد آیا تو وہ دعائیں
کر رہا تھا کہ وہ لاکٹ
نور کے گلے میں ہو۔۔۔

اور آخر کار اسد کی دعائیں
رنگ لے آئیں یس سر یہ
کوڈ کام کر رہے ہیں ہم
انہیں ٹریک کر سکتے ہیں۔
تو بانے امید کی کرن نظر
آنے پر خوش دلی سے کہا
جلدی کرو ٹریک کہاں پر
ہیں وہ لوگ اسد کو ایک

امید کی کرن نظر آئی تو
وہ اللہ کا شکر ادا کرنے لگا۔۔

سر ٹائیگر سر اور دل میم اس
وقت جنگل کے بیچوں بیچ ہیں
ان کی لوکیشن واضح شو ہو
رہی ہے۔۔

توبہ نے خوشی سے بتایا۔۔
اومائی گاڈ اسد نے اپنے
بالوں کو جکڑتے ہوئے
کہا رائٹ سلیم ٹیم

کو تیار کرو میرا شک درست

نکلا ٹائیگر اس وقت

کسی مصیبت میں ہے۔۔

توبہ تم ہمارے ساتھ

چلو گی یس سر اگلے 15

منٹ کے اندر اسد اپنی ٹیم

کے ساتھ جنگل کی طرف

رواں دواں تھا۔

ایک گاڑی میں اسد سلیم

اور توبہ تھے امجد ان کے

ساتھ نہیں تھا کیونکہ

وہ ٹائیگر کے ساتھ ہی گیا
ہوا تھا اور دو سکیورٹی کی
بھری ہوئی گاڑیاں اور حملے
کا پورا سامان لیے ہوئے اسد
جنگل کی طرف جا رہا تھا۔

رات کا سینہ چیرتے ہوئے
اسد اپنے یار اور اپنی جان
سے پیاری بہن کو ڈھونڈنے
کے لیے نکل پڑا تھا۔

اسد جنگل کی پاس تقریبا
پہنچ ہی چکا تھا کہ اس کے

فون پر مسکان کی کال آ رہی
تھی۔۔

اسد ساری پریشانی میں آفس
سے نکلتے ہوئے مسکان کو تو
بھول ہی گیا تھا یہ بتانا کہ
وہ ایک دو دن گھر نہیں
آئے گا وہ بے حد ڈرپوک
سی لڑکی تھی اسد کو پتہ تھا
کہ اس وقت وہ پریشان ہو
رہی ہو گی اسد نے جلدی
سے فون کا بلوٹوتھ
اون کیا۔۔۔۔۔۔

اسد کہاں ہیں آپ اتنی
رات ہو گئی ہے اور آپ
ابھی تک گھر نہیں آئے
میں کب سے آپ
کا فون ٹرائی کر رہی ہوں
آپ کا نمبر بھی نہیں مل رہا۔۔

مسکان نے ایک ہی سانس
میں ساری بات بول دی

شاید سگنل ڈراپ ہو
رہے تھے جنگل کی
وجہ سے اس لیے
مسکان کی کال نہیں
مل رہی تھی میری
جان آفس میں ایک
بہت ضروری کام ہے
اس لیے میں آج رات
نہیں آسکوں گا۔۔۔۔

اور ہو سکتا ہے کہ ایک
دو دن کے لیے مجھے اوٹ
اوف سٹی جانا پڑے تو میں
گھر نہیں آسکوں گا تو آپ
کو پریشان ہونے کی
ضرورت نہیں ہے آپ
آرام سے سو جائیں۔۔

اسد نے مسکان کو یہ بتانا
مناسب نہیں سمجھا کہ
وہ اس وقت سٹی میں
ہے ہی نہیں کیونکہ اگر

وہ مسکان کو یہ بتاتا کہ
وہ ترکی پہنچ چکا ہے تو
مسکان بہت پریشان ہو
جاتی اور بہت سے سوال
کرتی جن کا اس وقت اسد
کے پاس کوئی جواب
نہیں تھا۔۔

ایسا بھی کیا ضروری کام
ہے کہ آپ رات کو بھی
گھر نہیں آ سکتے اور میں ا
کیلی کیسے سو جاؤں مجھے
ڈر لگتا ہے اپٹ کو پتہ

ہے میں کبھی گھر میں
کا یلی نہیں رہی ہوں۔۔

پر نسس گھر میں ماریہ ہے
نا اس سے اپنے پاس بلا لو
ماریہ اسد کے گھر میں کام
کرنے والے عورت کا نام تھا
جس کو اسد بہت عرصے
سے جانتا تھا اس لیے اسد
کو اس سے کوئی ایسا
خطرہ لاحق نہیں تھا
اس لیے وہ رات دن
مسکان کے پاس

ہی رہتی تھی۔۔۔۔

وہ بے اولاد تھی اور

اس کے آگے پیچھے

کوئی نہ تھا مگر اسد

پرنسس پلیز اس وقت میں

بہت مصروف ہوں پلیز

آپ سمجھنے کی کوشش کرو

اور سو جاؤ میں آپ سے

بعد میں بات کرتا ہوں کہہ

کر اسد فون بند کر چکا تھا

کیونکہ اسد کی گاڑی جنگل
کے اندر داخل ہو چکا تھی۔۔

ooooooooo

صبح کی ہلکی ہلکی سفیدی
پھوٹنے لگی تھی

اسفند اب یہاں سے نکلنا
چاہتا تھا کیونکہ
خطرہ اب بھی ان کے
سر پر منڈلا رہا تھا

دل اٹھو میری جان ہمیں

یہاں

سے نکلنا ہو گا تل جو

بخار کی

تپش کی وجہ سے

اسفند کی

گود میں سمٹی ہوئی

سو رہی تھی۔

اسد اسے اٹھا رہا تھا اسے ہر

صورت یہاں سے نکلنا تھا

اسفند نے دل کو اپنی کمر پر

لٹکا کر درغت سے نیچے

اتار کر لے آیا اور اپنی گن

کو تانے ہوئے چوکنی نظروں

سے ادھر ادھر دیکھتے ہوئے

جنگل کے باہر کی طرف بھاگنے

لگا دل سے بھاگا نہیں جا رہا تھا۔۔

تو اسفند نے اسے

اپنے کاندھے

پر اٹھا لیا دل نے بھی چپ

چاپ کوئی مزاحمت نہیں کی

کیونکہ اس سے تو نہ چلا جا رہا تھا

نہ ہی بولا جا رہا تھا۔۔

اسفند جنگل میں کافی دور تک دل
کو اٹھا
کر لے کے آیا تھا اسفند کو دور
سے سڑک نظر آئی تو اس کی
آنکھیں خوشی خوشی سے چمک
اٹھیں۔۔

اس کا مطلب کہ ہم بہت جلد
جنگل سے باہر نکل جائیں اسفند
خود بھی بہت تھک چکا تھا مگر
ہار نہ مانتے ہوئے دل کو لے

کر تیز تیز بھاگتے ہوئے آخر کار
اسفند سڑک تک پہنچ ہی گیا

--

اسفند ایک گاڑی والے سے لفٹ
لیتے ہوئے وہی پر پہنچ گیا جہاں پر
پارکنگ ایریا میں اس کی گاڑی
کھڑی تھی۔۔

اسفند اس ضعیف ادمی کا تھینک یو
کرتے ہوئے گاڑی سے اترا جس
کی گاڑی میں وہ اور دل لفٹ
لے کر یہاں تک پہنچے تھے۔۔

اسفند کو پارکنگ ایریا میں
اپنی گاڑی
نظر آئی اسفند نے فورن
سے اپنی گاڑی کا گیٹ
کھول کر دل
کو اندر بٹھا دیا دل
آرام سے بیٹھ جاؤ
میری جان ہم جلد
ہی ہوٹل پہنچ ج
ائیں گے دل اس
وقت بخار کی
شدت سے تپ رہی
تھی سند کی

کہ ہاتھ پاؤں پھولے

ہوئے تھے

دل کی حالت دیکھ کر۔۔

اس سے پہلے کے

اسفند خود بھی

گاڑی میں بیٹھتا

اسفند پر پیچھے سے

کسی نے فائر کیا

جو آکر اسفند کے

بازو پر لگا اسفند کے

دشمن اس تک

پہنچ چکے تھے۔۔۔

اسفند کے منہ سے ایک

دردناک کی

آواز نکلی جس کو اس

نے فوراسے

روک لیا کیونکہ وہ ٹائیگر تھا

جو باہمت اور باحوصلہ

تھا چیخو پکار

اس کی فطرت میں شامل

نہیں تھا۔۔۔۔۔۔

اسفند کا بازو پہلے سے ہی زخمی

تھا ابھی تھوڑے دن پہلے ہی

اسفند کے بازو کو گولی چھو ک

ر گزری تھی دل کو بچاتے ہوئے

اس لیے اسفند کے بازو میں

درد کی شدت حد سے زیادہ

تھی جسے وہ برداشت کرنے

کی پوری کوشش کر رہا تھا۔۔

اسفند آپ اندر آجائیں

آپ کو لی

لگی ہیں دل چیختے ہوئے

اسفند

گاڑی کے اندر کی طرف
کھینچ رہی تھی
دل چھوڑو مجھے اسفند باہر
کی طرف
لپکا اور جس آدمی نے
اس پر
گولی چلائی تھی۔۔

اسفند گولیاں چلاتے
ہوئے اس تک
پہنچا اور اس کے گلے
پر چاقو چلا کر
اس کی شارگ کاٹ

دی چکا۔۔۔۔۔۔

اس کے بعد اسی آدمی
کی پینٹ کی
جیب سے موبائل نکالتے
ہوئے
واپس بھاگ کر دل کے
پاس
گاڑی آگیا اور فرنٹ
سیٹ پر
ٹانگیں باہر کو لٹکائے
ہوئے
بیٹھ گیا۔۔

اسد کا نمبر ڈائل کرنے

لگا اسد

کوئی بھی ان نون نمبر نہیں

اٹھاتا تھا

مگر آج نہ جانے کیوں

اسے لگا کہ

یہ فون اسفند کا ہے۔۔۔۔

فون اٹھاتے ہی اسد

بے اختیار

بولا ٹائیگر کہاں ہو تم

اسد خان

اپنی ٹیم میں چھپے ہوئے

بہروپیے

کو باہر نکالو آج سب کچ

ھ پلاننگ

کے تحت ہوا ہے بل سے

باہر

نکالو اس کیڈر کو جو ہم

نے رہ کر

ہم پر ہی وار کر رہا ہے

ٹائیگر

بنا اسد کی جواب دیے

ہوئے اپنی بات اس تک

پہنچا گیا۔۔۔۔

وقت سے پہلے یہاں پر پہنچ
جاؤا گر دل کو کچھ ہوا تو میں
اپنے ہاتھوں سے تم سب
کی جان لے لوں گا۔

میں راستے میں ہوں ٹائیگر
بہت جلد تم تک پہنچ
جاؤں گا کچھ نہیں ہو گ
اتم لوگوں کو اسد یقین
دلاتے ہوئے بولا۔۔۔

اپنی پرواہ نہیں ہے مجھے

اسد خان اگر دل کو ایک

خروج بھی آئی تو میں

اس دنیا کو آگ

لگادوں گا ٹائیگر

پورے زور سے دھاڑا تھا۔۔

اسد کو لگا کے اس کے

کان کا پردا پھٹ جائیں گے

ٹائیگر کی دھاڑ سے۔۔

ٹائیگر کے اندر دل کو کھو

دینے کا ڈر اس قدر حاوی

تھا کہ اس کے آواز

سے اس کا ڈر ظاہر ہو رہا تھا۔۔۔

دشمنوں نے اپنا گھیرا تنگ کر لیا تھا موت پل پل ٹائیگر کے قریب اتی جا رہی تھی ٹائیگر گاڑی سے ٹانگیں لٹکائے ہوئے بیٹھ کر باہر کی طرف اپنے گند تانے ہوئے کتنوں کی جان لے چکا تھا خون کو بند کر کے دل کے پاس رکھتے ہوئے دل کے ہاتھ میں تھما کر بولا میری جان کو بہت اچھے سے پتہ ہے کہ اس کا کب اور کیسے استعمال کرنا ہے۔۔

دل رو رہی تھی اسفنداپ بھی گاڑی کے اندر اجائیں اور گاڑی کو لاک کر دیں اسود اپنے انا بھی لبوں سے ہلکا سا مسکرایا کیا میری بیوی یہ چاہتی ہے کہ اس کا

شوہر بزدلی کی موت مر جائے دشمنوں سے چھپ کر نہیں میں ایسا کچھ بھی نہیں چاہتی مگر اصل مجھے اپ کی زندگی چاہیے اپ اندر اجائیں پلیز اپ کو میری قسم گاڑی لاک کر دے اسفر کی گاڑی بلٹ پروف تھی اس لیے اندر خطرہ نہیں تھا۔۔

دل میرے پاس وقت نہیں ہے دشمن مجھے چاروں طرف سے گھیرے ہوئے ہیں میری بات کو غور سے سنو وہ دل کے کی گردن میں ہاتھ ڈالتے ہوئے اسے اپنے نزدیک کر کے بولا چاہے کچھ بھی ہو جائے تو تم گاڑی سے باہر نہیں نکلو گی یہ میرا ارڈر ہے۔۔پہلے والی غلطی دہرانا مت دل کچھ بھی ہو جائے تم گاڑی سے باہر مت انا۔۔۔

اگر آپ کو کچھ ہوا تو میں

مر جاؤں گی اسفند دل اسفند کے
سینے کے ساتھ لگی ہوئی زور قطار
آنسوں سے روتی ہوئی بولی۔۔

اگر تم گاڑی سے باہر نکلی
اور کسی نے تمہیں چھوا تو میں
مر جاؤں گا۔۔اسفند آپ
جان ہیں میری۔۔

تم عزت ہو اسفند شہر یار کی
اور اگر تمہاری عزت پر
آنچ آئی تو میں خود کو شوٹ
کر لوں گا دل۔۔

وہ دل کے چہرے کو چومتا
ہوا گاڑی سے اترنے لگا
دل تم صرف اور صرف
اسفند شہریار کی ہو۔۔

جتنا پیار میں نے تم سے
کیا ہے اتنا کسی عشق نے
اپنے محبوب سے نہیں
کیا ہو گا دل اگر زندگی
نے ساتھ دیا تو میں
واپس لوٹا کر آیا تو
ضرور بتاؤں گا کہ اسفند

شہریار آپ سے
کتنا پیار کرتا ہے۔۔

دل گاڑی کے اندر تڑپ
اور رو رہی تھی مگر اسفند
دل کی گاڑی کو لاک کر
کے دشمنوں کا منہ توڑ جواب
دیتے ہوئے دھڑا دھڑ
گولیاں چلا رہا تھا۔۔

دل اندر گاڑی میں بیٹھے
ہوئے چیخ چیخ کر اسفند کو

آوازیں دے رہی تھی۔۔۔

اسفند پہلے سے ہی زخمی تھا
اوپر سے دشمن اس کے بے
حد نزدیک آچکے تھے دل کی
وجہ سے انہوں نے اسفند کو
تین چار گولیاں لگ چکی تھی۔۔

اور اسفند کا پورا وائٹ شرٹ
سے خون سے لت پت ہو گیا
تھا دل گاڑی میں بیٹھے ہوئے

اپنے بال نوچ نوچ کر چیخے
مار کر رو رہی تھی۔۔۔

چیخیں مارتے مارتے دل
ٹینشن سے ہوش ہو چکی
تھی جب اسے ہوش آیا
تو وہ ہاسپٹل کے بیڈ پر تھی۔

اور اس کے پاس کان اور
اسد کھڑے تھے مسکان کی
آنکھیں رو رو کر سوجی ہوئی تھی۔

اسد بھی بے حال تھا دل
نے ڈری ہوئی نظروں سے
دونوں کو دیکھا اور پوچھا
بھائی اسفند کہاں ہیں اسد
نے اپنی آنکھیں جھکالی۔

مسکان منہ پر ہاتھ رکھے
ہوئے سسکیاں لے لے
کر رونے لگی۔۔

دل کو آج تین دن کے بعد
ہوش آیا تھا ڈاکٹر نے کہا کہ
ان کو بہت بڑا دھچکا لگا ہے

جس سے ان کے دماغ پر
کافی گہرا اثر ہوا ہے۔۔

بھائی آپ کو اللہ کا واسطہ
ہے میں وہ نہیں سننا چاہتی
جو آپ اس وقت مجھے
سنانا چاہتے ہیں۔۔

خدا کا واسطہ ہے ایسا کوئ
ی الفاظ اپنے منہ سے
مت نکالیے گا جس کو
میں سن نہ پاؤں۔۔

دل اسد کا ہاتھ پکڑے
ہوئے رو رو کر التجا
کر رہی تھی

نور بیٹا اللہ تعالی جس حال
میں رکھے اس کی رضا میں
راضی رہنا چاہیے۔۔

ہم کون ہوتے ہیں اس کی
رضا پہ راضی نہ ہونے
والے اس لیے میرا بچہ
صبر سے کام لو۔۔

بھائی پلیز چپ ہو جائیں

میں نے پوچھا ہے کہ اسفند

کہاں ہیں بس مجھے اسفند سے

ملادے۔۔۔

نور اسفند اب اس دنیا میں

نہیں رہا جھوٹ بول رہے ہیں

آپ آپ کو شرم نہیں آتی

اپنی بہن سے اتنی گھٹیا بات

کرتے ہوئے۔۔

اسفند کو کچھ نہیں ہو سکتا

دل پاگلوں کی طرح اپنے

ہاتھ پہ لگی ہوئی ڈرپ کی

نالیوں کو کھینچنے لگی

دل بیٹا ایسے مت کرو آپ کو نقصان ہو سکتا ہے اسد روتی ہوئی آنکھوں سے

دل کا ہاتھ پکڑے ہوئے

بولا۔۔

چھوڑ دیں آپ مجھے میرا کیا نقصان ہو گا میرا تو سب سے بڑا نقصان ہو چکا ہے

میری تو دنیا ختم ہو گئی ہے۔۔

میری بلا سے اب پوری دنیا
میں آگ لگ جائے مجھے کچھ فرق نہیں پڑتا جو شخص میرے جینے کی وجہ
تھا۔۔۔۔

جب وہ نہیں رہا تو مجھے
کیا لینا ہے اس دنیا سے میں اپنی جان لے لوں گیو یسے بھی مجھے تو خود ہی اسفند
نے کہا تھا کہ جب اس کو کچھ ہو جائے تو میں اپنی جان لے لوں۔۔

اس لیے میں اپنے اسفند کا کہنا
ضرور مانوں گی اور میں اپنی
جان لے لوں گی ہاں میں

ایسے ہی کروں گی۔۔

دل خود سے ہی باتیں کیے
جا رہی تھی دل کا دماغی
سلطنت بگڑ رہا تھا وہ کبھی
روتے روتے ہنسنے لگتی اور
کبھی ہنستے ہنستے رونے لگ
جاتی تھی۔۔۔

مگر رونے اور ہنستے میں
صرف ایک ہی شخص تھا
جس کا نام اس کی زبان پر

تھا اسفند اسفند اور اسفند۔۔

اسد اپنی بہن کو اسفند کے
غم میں پل پل پاگل ہوتے
ہوئے دیکھ رہا تھا۔۔

دل
ڈپریشن میں جا چکی تھی
آج وہ خود کو کتنا بے
بس محسوس کر رہا تھا
انڈر مافیا پر راج کرنے
والا اسد میر خان آج
اپنی اکلوتی بہن کے لیے

کچھ نہیں کر سکتا تھا۔۔

اس کو ٹھیک کرنے کے
لیے اسفند کا ہونا
ضروری تھا۔۔ڈاکٹر صاف
جواب دے چکے تھے
کہ اگر کسی میں جینے
کی چاہ ہی نہ باقی رہے
تو ہم کیا کر سکتے ہیں۔۔

مریض میں جینے کی
چاہت ہونی چاہیے

دل جینے کی چاہت ہی
چھوڑ چکی تھی۔۔

وہ اس وقت بھی پاگلوں
کی طرح خود سے ہی
باتیں کر رہی تھی۔۔

اسد دروازے پر کھڑا
ہوا آنکھوں میں آنسوں
بھرے ہوئے اپنی اکلوتی
بہن کو پل پل پاگل
ہوتے ہوئے دیکھ رہا تھا۔۔

آپ سچ میں آ گئے ہیں
دل بیڈ سے اتر کر دیوار
کے پاس کھڑی ہو کر
اپنے تصور میں اسفند کو
دیکھ کر بول رہی تھی۔۔

کہاں چلے گئے تھے آپ
مجھے چھوڑ کر آپ کو
نہیں پتہ ہے سب لوگ
مجھے آپ کے بارے میں

کتنی غلط باتیں

بتا رہے تھے۔۔

مجھے تو پتہ تھا کہ آپ

واپس آجائیں گے آپ

اپنے دل کو اکیلا تھوڑی

چھوڑ کر جا سکتے تھے۔۔

دل دیوار کے ساتھ اپنا سر

ٹکائے ہوئے تصور میں

اسفند کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

دل ہوش میں آؤ اور خود

کو سنبھالو اسفند بھائی اس
دنیا میں نہیں رہے۔۔

مسکان دل کو کاندھوں
سے پکڑ کر جھنجھوڑتے
ہوئے بولی۔۔

دل مسکان کی آنکھوں
میں آنکھیں ڈال کر
کانپتے ہونٹوں سے
روتے ہوئے بولی

میں اس کے بغیر نہیں
جی سکتی اس نے اپنے بنا
جینا اس نے سکھایا ہی
نہیں ہے۔۔

دل بلک بلک کر روتے
ہوئے زمین پر بیٹھ گئی
مگر دل میری بہن جینا
تو پڑے گا نا اگر آپ
اس طرح سے کرو گی۔

تو اسد کو دلاسہ کون دے
اور مجھے دیکھو دل جس

کا اکلوتا بھائی اس دنیا میں

نہیں رہا میں بھی تو جی

رہی ہوں نامسکان کی

آنکھوں سے ٹپ ٹپ

آنسو گر رہے تھے۔۔

مسکان کو کتنی مشکل سے

اسد نے تھوڑا سنبھالا تھا

مگر دل کو دیکھ کر وہ پھر

سے بے قابو ہو کر رونے لگی

اس کی سوجی ہوئی آنکھیں

اس کے دل کا حال بیان

کر رہی تھی دل نے روتے

ہوئے مسکان کو اپنے گلے

لگا لیا بے شک مسکان کا

غم دل سے چھوٹا نہیں تھا۔۔

کیونکہ اس نے بھی اپنے

اکلوتے بھائی کو کھویا تھا

مگر دونوں کی نظر جب

سامنے دروازے سے

ٹیک لگائے ہوئے کھڑے

اسد پر گئی تو اسد کا غم

ان دونوں سے شاید بڑا تھا۔۔

اسد نے اپنے یار کو کھو

دیا تھا جو اس کا بازو تھا

ہنسنے کی وجہ وجہ تھا

اسد آہستہ آہستہ قدم اٹھاتے

ہوئے دل اور مسکان

کے پاس آیا ان کو زمین سے

کھڑا کر کے اپنے گلے سے

لگا لیا۔۔

آپ لوگ صبر سے کام لو
اللہ تعالی کی ہر کام میں
بھلائی ہوتی ہے اللہ کی
رضا میں جو راضی رہتا ہے
اللہ تعالی اس سے بہت
خوش ہوتا ہے۔۔

اور شاید آپ لوگوں کا
صبر اپث کے دکھوں کا
مداوا کر سکے دونوں کو
بیڈ پر بٹھا کر اسد

سمجھانے لگا۔۔

مگر اسد کے دل میں
اس وقت کیا کیا طوفان
اٹھ رہے تھے وہ کسی کو
نہیں بتا سکتا تھا جس کو
بتا سکتا تھا وہ اس وقت
اس کے ساتھ نہیں تھا

اسد کافی طویل سفر طے کر کے ایک آئی لینڈ پر پہنچ گیا اب وہ ایک غار کی اندر داخل ہو رہا تھا غار کے کافی اندر آ کر اس نے چٹکی بجا کر پیچھے کھڑے ہوئے کارڈز کو وہی رکنے کا حکم دیا۔۔

اور خود غار کے اندر داخل ہو گیا اسد آج پورے پانچ مہینوں کے بعد اسفند سے ملنے کے لیے آئی لینڈ پر آیا تھا۔۔

اسد غار کے اندر داخل ہوا تو سامنے ہی کرسی پر اپنا سر ٹکائے ہوئے اسفند بیٹھا تھا اس کی حالت اب پہلے سے بہت بہتر تھی باہر سے ایک تنگ نظر آنے والی جگہ تھی مگر اندر سے کافی وسیع اور کشادہ تھی۔

جہاں پر انسان آرام سے رہ سکتا تھا اسفند کو اس رات تین گولیاں لگی تھی ۔ایک بازو اور دو سینے میں اسفند کی حالت بہت خراب تھی۔

جس وقت اسد وہاں پر پہنچا تو اسفند وہاں پر نہیں تھا۔

وہ لوگ اسفند کو لے جا چکے تھے اور دل گاڑی کے اندر بے ہوش تھی گاڑی کو کافی نقصان پہنچایا گیا تھا دل کو گاڑی کے اندر سے نکالنے کے لیے۔

مگر گاڑی بلٹ پروف ہونے کی وجہ سے وہ لوگ دل کو نقصان نہیں پہنچا سکے تو وہ لوگ وہاں سے اسفند کو لے کر نکلے نکل گئے۔

اسد نے وقت پر دل کو گاڑی سے نکال کر ہاسپٹل پہنچا دیا تھا۔۔اسد کو اسفند کے بارے میں کچھ بھی پتہ نہیں تھا کہ وہ زندہ ہے یا مر چکا ہے مگر اس جگہ کے حالات دل کا گاڑی میں بے ہوش ہونا اسی بات کی دلیل تھا کہ ٹائیگر پر بہت بری طرح سے حملہ ہوا ہے ٹائیگر دل کو بچانے میں تو کامیاب رہا مگر شاید خود دشمنوں کے شکنجے میں آ گیا۔

اس لیے اسد نے دل اور مسکان پر یہ ظاہر کر دیا کہ اسفند اب اس دنیا میں نہیں رہا اور یہ بات انڈر مافیا کی دنیا میں بھی آگ کی طرح پھیل گئی کہ ٹائیگر مر چکا ہے۔۔

اسد کے لیے یہ وقت آسان نہیں تھا ایک طرف اپنی اکلوتی بہن جسے وہ پل پل پاگل ہوتے دیکھ رہا تھا دوسری طرف مسکان جو نہ اچھے سے کھاتی سی سوتی تھی اپنے بھائی کے غم میں ہر وقت نڈھال ہو کر روتی رہتی تھی۔

اوپر سے مسکان کا پریگنٹ ہونا اسد کے لیے اور بھی کڑا امتحان بن گیا تھا اسد خان کی زندگی کا وہ خوشگوار لمحہ جسے وہ کب سے جینے کی تمنا رکھتا تھا جس طرح سے اس نے اپنا بچپن گزارا تھا اپنے ماں باپ کے بنا وہ اس کمی کو پورا کرنے

کے لیے اپنی اولاد چاہتا تھا جس پر وہ دنیا کی ہر خوشی اور اپنی محبت نچھاور کر سکے

مگر اس وقت حالات ایسے تھے وہ تو اس لمحے کو بھی پوری طرح سے خوش ہو کر جی نہیں سکا اسد خان کا دل اس وقت غم سے لبریز تھا اس کا جگری یار اس سے دور ہو چکا تھا زندہ تھا یا نہیں وہ نہیں جانتا تھا۔۔

مگر اسد بھلا اپنے یار سے غافل کیسے رہ سکتا تھا اسد نے زمین آسمان ایک کر دیے تھے اسفند کو ڈھونڈنے کے لیے آخر کار اس کی محنت رنگ لے آئی اور ایک ہفتے کے اندر ہی اسد نے اسفند کو ڈھونڈ لیا تھا ان لوگوں نے اسفند کو گولیاں مارنے کے بعد اپنی قید میں رکھ لیا تھا۔۔

اسد اپنی باہمت ٹیم کے ساتھ حوصلہ نہ ہارتے ہوئے آخر کار ٹائیگر تک پہنچ گیا اور کیسے نہیں پہنچتا یہ ٹائیگر کی تیار کی ہوئی ہی ٹیم تھی جس پر اس نے اپنا دن رات وقف کر دیا تھا۔۔۔

آ گئے تم اسد خان آخر کار تمہیں میری یاد آ ہی گئی اسفند انتہائی غضب ناک موڑ میں بولا۔۔

یار پانچ مہینوں کے بعد مل رہے ہو کم سے کم گلے تو لگ جاؤ اسد اسفند کو گلے لگانے کے لیے آگے بڑھا تو اسفند نے اپنے ہاتھوں سے اسد کو دھکا دیتے ہوئے پیچھے کر دیا۔۔

مجھے کوئی محبت کا بخار نہیں چڑھا جو تمہیں گلے لگاتا پھیروں تم جیسا گھٹیا یار میں نے اپنی زندگی میں نہیں دیکھا اسفند اپنی زبان سے اور نظروں سے کہر ہی ڈھا رہا تھا۔۔

کیا ہو گیا یار کیوں منہ میں انگارے لیے ہوئے بیٹھے ہو کم سے کم مجھے صفائی کا موقع تو دو اسد اسفند کے پاس بیٹھتے ہوئے بولا۔۔

اسد خود کو ٹائیگر کے غصے کے لیے تیار کر کے آیا تھا اسے آئیڈیا تھا کہ ٹائیگر اس وقت ایک زخمی شیر کی طرح تھا جو ہر وقت باہر نکل کر اپنے دشمنوں کے ٹکڑے کرنے کے لیے بہت بے چین تھا

اسد اسے یہاں پر چھوڑ کر گیا تو واپس پانچ مہینے کے بعد اس سے ملنے آیا تھا مگر اسد کو ہر پل کی خبر تھی ٹائیگر کے لیے ہر ضروری میڈیسن اس نے یہاں پر ہی مہیا کر دی تھی۔۔

فل سکیورٹی میں ان چار مہینے کے اندر ٹائیگر کی طبیعت پہلے سے بہت بہتر تھی مگر اب بھی وہ پوری طرح ٹھیک نہیں تھا۔۔

گھنٹے بہترین ڈاکٹر ٹائیگر کے پاس موجود رہتے تھے جو ٹائیگر کا بہترین 24 علاج کر رہے تھے۔۔

کیوں صفائی دینے کے لیے یہاں پر عدالت لگی ہوئی ہے جہاں پر تم اپنی گواہیاں اور پیشیاں اکٹھیاں کر کے خود کو مظلوم ثابت کرنے والے ہو۔۔۔

ہاں یار عدالت تو لگی ہوئی ہے میرے یار کی عدالت جہاں پر مجھے خود کو بے گناہ ثابت کرنا ہے اور بے قصور بھی ثابت کرنا ہے گنہگار نہ ہوتے ہوئے بھی میں اپنے یار کی عدالت میں گنہگار تو ہوں تو مجھے صفائی کا موقع تو ملنا چاہیے نا اسد نظریں جھکائے ہوئے بولا۔۔

کیا صفائی دو گے تم اس بات کی کہ پچھلے چار مہینوں سے تم نے مجھے اپنی شکل نہیں دکھائی اور مجھے یہاں آئی لینڈ پر چھوڑ کر چلے گئے اور گھٹیا انسان یہاں پر فون بھی نہیں دے کر گئے کہ میں تم سے رابطہ کر سکوں۔۔

اور تم سے گھٹیا یے تمہارے گارڈ ہیں جو مجھے ہر وقت یہ بتاتے رہتے ہیں کہ سر آپ نے یہاں نہیں جانا سر آپ نے وہاں نہیں جانا ایک بار میں یہاں سے ٹھیک ہو کر نکلوں سب سے پہلے ان کے ٹکڑے کر کے جیک کو کھلاؤں گا اور اس کی دعوت کروں گا۔۔

اسفند کا غصہ دیکھ کر اسد کے لبوں پر ہنسی آ گئی یار وہ بیچارے تو وہی کر رہے تھے جوان کو میں نے کرنے کے لیے کہا تھا ویسے بھی یاران پانچ مہینوں میں کوئی اٹھویں بار تو میں گارڈ چینج کر چکا ہوں۔

آئے دن تو کسی کی ناک پھوڑ دیتے ہو کسی کا ہاتھ توڑ دیتے ہو بیچاروں کو زخمی کر دیتے ہو اور مجھے تمہارے لیے نئے اور بہترین گارڈ ڈھونڈنے میں کتنی مشکل پیش آتی ہے

جناب کو تو اس کا اندازہ بھی نہیں ہے کیوں نہیں سمجھتے ہو کے تمہاری جان کی حفاظت کرنا ان پر فرض تھا اس لیے یار تمہیں باہر نکلنے نہیں دیتے تھے۔۔

کیونکہ تمہاری حالت ابھی ٹھیک نہیں ہے تم دشمنوں کا مقابلہ کرنے کے قابل نہیں ہو اس لیے۔۔۔

ماشاءاللہ ان پانچ مہینوں میں تو تم لوگوں کے کافی پر نکل آئے ہیں تم لوگوں کو تو یہ بھی پتہ چل گیا ہے کہ میں ابھی دشمنوں کا مقابلہ کرنے کے قابل نہیں ہوں اب یہ تم لوگ ٹائیگر کو بتاؤ گے کہ ٹائیگر کس قابل ہے اور کس قابل نہیں اسفند کا غصہ کسی طور بھی کم نہیں ہو رہا تھا۔۔

ٹائیگر ایسی کوئی بات نہیں ہے تمہاری آج بھی وہی حیثیت ہے جو کل تھی تمہاری جگہ نہ کوئی لے سکا ہے نہ کوئی لے سکے گا ہم لوگ جو کچھ بھی کر رہے ہے۔

اور ہمیں اور ہماری ٹیم کو نہ ڈر اور بہادر پاور فل بنانے والا ٹائیگر ہی ہے ٹائیگر ہے تو یہ ٹیم ہے ٹائیگر نہیں تو ہم بھی نہیں۔

اور ٹائیگر کمزور نہیں ہے یہ بات میں اچھی سی جانتا ہوں کہ سب کچھ پلاننگ کے تحت ہوا ہے اور غدار جب خود کے بیچ میں ہی چھپا ہو تو پہچاننا مشکل ہو جاتا ہے۔

مگر میں اس تک پہنچ چکا ہوں نام بولو اس کا اس کی جان کا حساب تو میں اپنے ہاتھوں سے ہی کروں گا ٹائیگر وہ اور کوئی نہیں امجد تھا جس نے تمہاری خبریں شمس تک پہنچائی ہیں اور دل اور تم مال میں تھے یہ بات بھی صرف اسے ہی پتہ تھی۔

میں ابھی تک اس تک نہیں پہنچ سکا وہ شمس کے اڈے پر ہی چھپا ہوا ہے ایک بار تم ٹھیک ہو جاؤ تو مل کر اس کا حساب کریں گے۔۔

اور رہی بات کہ میں پچھلے پانچ مہینوں میں تم سے ملنے کیوں نہیں آیا۔

تو اس کا جواب یہ ہے کہ چاروں طرف دشمن گھات لگائے ہوئے تھے کہ کب اسد میر خان ٹائیگر کو ملنے جائے اور وہ لوگ تم تک پہنچ جائیں تو میں ایسی غلطی تو کبھی نہیں کر سکتا تھا کہ خود ان کو تم تک رسائی حاصل کروا دیتا۔۔

اور فون تمہیں اس لیے نہیں دیا کہ اگر تمہارے پاس فون ہوتا تو سب سے پہلے تم نور کو فون کرتے

دل پہلے تو تم اسے دل کہہ کر بلاؤ اسد کی بات کو بیچ میں کاٹتے ہوئے نے آئی بروا ٹھا کر اپنے اسی اکڑ وانداز سے بولا۔۔

او کے یار ٹھیک ہے دل اب کچھ تو میں یہ کہہ رہا تھا کہ نور تم سے ملنے کی ضد کرتی اور میں اس کی ضد کے آگے ہار جاتا اور اسے لے کر تمہارے پاس آتا تو بات پھر وہیں پر آکر رک جاتی ہے کہ دشمن تم تک پہنچ جاتے صرف اسی لیے تمہیں فون نہیں دیا اور ایسی بات نہیں کہ میں تم سے غافل تھا تمہارے ایک ایک پل کی مجھے خبر تھی اسد اسفند کا دل صاف کرنے کے لیے پوری بات بتا رہا تھا۔۔۔

مگر اسفند اب بھی اپنی گردن اکڑائے ہوئے ٹانگ پہ ٹانگ رکھے ہوئے اپنا رخ دوسری جانب کیے بیٹھا تھا۔۔

اب میں نے ساری بات تو بتادی ہے اور تمہیں اچھی سے پتہ ہے کہ اس سچویشن میں یہی سب کچھ کرنا چاہیے تھا اگر تمہاری جگہ میں بھی ہوتا تو تم میرے لیے یہی کرتے تو اب یہ تم منہ کس لیے پھلا کر بیٹھے ہوئے ہو ذرا نظر ثانی کر کے بتاؤ گے۔۔

مسکان کیسی ہے ٹھیک ہے اور دل وہ بھی ٹھیک ہے اسد خان کیا چھپا رہے ہو تمہارا چہرہ تمہاری زبان کا ساتھ نہیں دے رہا۔

تو جتنا کچھ تم میرے ساتھ کر چکے ہو اتنی ہی سرداری کافی ہے اب مہربانی کر کے جو بھی بولنا بالکل سچ اور صحیح بولنا ورنہ پھر مجھ سے بھی کوئی اچھے کی امید مت رکھنا ٹائیگر آنکھیں دکھاتا ہوا بول رہا تھا کیونکہ اسے اچھے سے اندازہ تھا کہ اسد کچھ چھپا رہا ہے۔۔

ہاں ٹائیگر چھپا تو میں تم سے رہا ہوں مگر پلیز اس کے بعد تم تیش میں مت آ جانا اسد سچ بتانے والا تھا۔۔

پہلے تم مجھے سچ بتاؤ پھر اس کے بعد میں یہ فیصلہ کروں گا کہ مجھے تیش میں آنا ہے یا تمہیں پھولوں کی مالا پہنانی ہیں ٹائیگر آئی برو کو اٹھا کر اپنے مغرور انداز سے بول رہا تھا۔۔

بولو گے یا کوئی استخارہ کروانا پڑے گا کی اسد خان کے بولنے کا صحیح وقت کون سا ہے اسفند اسد کو چپ بیٹھا دیکھ کر غصے سے بولا۔۔

اسفند میں نے دل اور مسکان سے یہ کہا تھا کہ کہ کیا اسد آدھی بات بول کر ہی چپ کر گیا تو اسفند اس سے پوری بات پوچھ رہا تھا کی اس نے دل اور مسکان کو کیا کہا ہے۔۔

اسفند تمہاری حالت بہت خراب تھی کچھ پتہ نہیں تھا کہ تم بچتے ی ہو یا نہیں اور ایسے بھی میں دل اور مسکان کو تم سے نہیں ملا سکتا تھا۔۔

اوپر سے دشمن ہر طرف پھیلے ہوئے تھے میں ان کی حفاظت کے لیے انہیں گھر سے باہر بھی نہیں نکال سکتا تھا اس لیے میں نے ان سے یہی کہا کہ تم اس دنیا میں نہیں رہے کہتے ہوئے اسد کی زبان تھر تھرا رہی تھی اس سے اسفند کے لیے اس طرح کا جملہ بولا نہیں جا رہا تھا با مشکل اس نے الفاظ ادا کیے۔۔

میری موت کا سن کر دل نے برداشت کر لیا اسفند نے حیرت زدہ آنکھوں سے اسد کی جانب دیکھا نہیں بہت روئی مگر پھر میں نے آہستہ آہستہ سے سنبھل گئی۔

اور مسکان وہ بھی سنبھل گئی ہے ہاں پہلے سے کافی بہتر ہے ویسے بھی تمہارے لیے ایک خوشخبری ہے اسفند نے آنکھیں اٹھا کر اسد کی طرف دیکھا کہ ایسے ماحول میں کون سی خوشخبری ہے جو اسد سنانے والا ہے۔۔

اسفند شہریار تم ماموں بننے والے ہو یہ بتاتے ہوئے اسد گال خوشی سے لال ہو رہے تھے یہ خبر سن کر اسفند کے چہرے پر بھی خوشی کی لہر دوڑ گئی مبارک ہو اسد میر خان باپ بننے والے ہو بہت بہت مبارک ہو اسفند نے اٹھ کر اسد کو گلے لگایا اور مبارک باد دی۔۔

اسد میں تمہارے ساتھ ہی چلوں گا مجھ سے اب ان ویرانے میں نہیں رہا جاتا
میں تنگ آگیا ہوں یہاں پر
سارا دن تمہارے ان گارڈز اور ڈاکٹرز کی شکل دیکھ دیکھ کر ٹائیگر فائنل انداز سے بات کرتے ہوئے۔۔

نہیں ٹائیگر تم اس وقت یہاں سے نہیں جا سکتے ابھی تمہاری طبیعت پوری طرح سے اسمبلی نہیں ہے ڈاکٹر نے اوکے کی رپورٹ مجھے نہیں تھی اس لیے میں تمہیں ہر گز یہاں سے نہیں لے جا سکتا۔۔

اسد خان تم مجھے آرڈر دے رہے ہو نہیں ٹائیگر میں کوئی آرڈر نہیں دے رہا مگر تمہاری سیفٹی کے لیے یہاں پر رہنا ضروری ہے تاکہ تم پوری طرح سے ٹھیک ہو کر نکلو ہو اور ہم یک جان ہو کر اپنی دشمنوں سے ہر ایک چیز کا بدلہ لے سکیں۔۔

ٹھیک ہے میں ایک شرط پر یہاں رکوگا کہ میری دل سے بات کراؤ۔ نہیں ٹائیگر تم دل سے بات نہیں کر سکتے ابھی اتنی لمبی چوڑی ہمارے درمیان بحث ہوئی ہے تو ہماری سوئی پھر سے وہیں پر اکر کیوں اٹک گئی ہے۔۔

ٹھیک ہے بات کروادو میں صرف اس کی آواز سن کر فون بند کر دوں گا مجھے اس کی آواز سننی ہے ان پانچ مہینوں میں میں نے دل کی آواز نہیں سنی اسد میں کتنا بے چین ہوں تمہیں اس کا اندازہ نہیں ہے تو پلیز میری ریکویسٹ ہے کہ میری دل کے ساتھ بات کروادو۔۔

پیار سے بول رہا ہوں کر وادو یار ورنہ ٹائیگر بن کر میں زبردستی خود بات کر سکتا ہوں اور دل تک پہنچ بھی سکتا ہوں مجھے مجبور مت کرو کہ میں اپنے خول سے باہر نکلو۔۔

کیسے بتاؤں تمہیں اسفند کے دل کی جو حالت ہے اس وقت وہ تم سے بات نہیں کر سکتی اسے تو خود کا ہی ہوش نہیں ہے نہ جانے کتنی بار ان پانچ مہینوں میں وہ اپنی جان لینے کی کوشش کر چکی ہے۔

آخر تنگ آکر اسے ہاسپٹل میں ایڈمٹ کروانا پڑا اس ڈر سے کہ کہیں وہ خود کی جان کے لیے ہی خطرہ نہ بن جائے۔۔

اسد سارا سارا دن گھر سے باہر رہتا تھا رات کو بھی لیٹ نائٹ ہی گھر جاتا تھا مسکان پریگنسی کی وجہ سے اپنے بھائی کے غم سے الگ نڈھال تھی۔۔

ایسے میں دل کا خیال ڈاکٹر سے اچھا کوئی نہیں رکھ سکتا تھا دل زیادہ تر دوائیوں کے اثر میں ہی سوئی رہتی تھی ڈاکٹرز کا کہنا تھا کہ اگر اسے نیند کی دوائی نہیں دیں گے تو اس کا دماغ اسفند کے سوا اور کچھ نہیں سوچے گا۔۔

اور اس طرح اس کی حالت اور بھی خراب ہو جائے گی اب ایسے میں اسد اسفند کی دل کے ساتھ کیسے بات کرواتا۔

دل کی جو حالت تھی اگر اس وقت اسفند کو پتہ چل جاتا تو وہ تو اسد کو ہی یہاں پر زندہ گاڑ دیتا اسفند کا حد سے زیادہ دل کے لیے پوزیسف ہونا اسد کی نظروں سے چھپا ہوا نہیں تھا اس لیے اس نے اپنی جان بچاتے ہوئے بات نہ کروانا ہی مناسب سمجھا۔۔

تم بہت جلد انشاءاللہ ٹھیک ہو جاؤ گے تو یار پھر اکر دل سے جتنی مرضی باتیں کرنا یار فی الحال تم دل سے بات نہیں کر سکتے کیونکہ وہ فون پر آواز نہیں آئے گی تو ڈسٹرب ہو جائے گی کہ نہ جانے کون سے فون کر رہا ہے جو آواز نہیں دے رہا۔۔

اسد سے کوئی اچھا سا بہانہ بن نہیں رہا تھا کیونکہ سامنے تیز دماغ اور تیز نظر والا اسفند شہریار کھڑا ہوا تھا جس کی نظروں سے باتوں کو چھپانا اتنا آسان نہیں تھا۔۔

اسد خان کیا چھپانے کی کوشش کر رہے ہو تم دل سے بات کر لو مائک اوپن کر دینا میں صرف اس کی آواز سننا چاہتا ہوں اس کو ڈسٹرب کرنا بالکل نہیں چاہتا بس مجھے ایک بار اس کی آواز سننی ہے اسفند کی آنکھوں میں اس کے

تڑپ صاف نظر آرہی تھی دل سے ایک سیکنڈ کے لیے دور نہ رہنے والا اسفند پچھلے پانچ مہینوں سے اس سے دور تھا تو اس کی حالت کیسی ہو گی۔۔

اسد کیا بہرے ہو گئے ہو یا میں نے کوئی ایسا الجبرا کا سوال پوچھ لیا ہے جو تم سے حل نہیں ہو رہا اسود کو سوچ میں گم کھڑے ہوئے دیکھ کر اسود غصے سے بول رہا تھا میں نے صرف اتنا کہا ہے کہ تم دل سے بات کر لو اور جب تم اس سے بات کرو گے تو میں اس کی اواز سن کر پر سکون ہو جاؤں گا تو اتنی سی بات کے لیے اتنا سوچنے کی کیا ضرورت ہے۔۔

اسود جب میں گھر سے ایا تھا تو دل کو موسم کی وجہ سے بخار تھا تو شاید وہ ارام کر رہی ہو تو میں اس کے ارام میں خلل نہیں ڈالنا چاہتا بس اسی لیے سوچ رہا تھا

کہ کیا کرنا چاہیے اسد بہانے پر بہانے بنائے جا رہا تھا اور خود ہی باتوں میں پھنستا بھی جا رہا تھا۔۔

اسد خان بات صرف اتنی ہی ہے یا کچھ اور بھی اسدا گر دل کو کچھ ہوا یا اس کے بارے میں تم نے مجھ سے کچھ چھپایا تو میں قسم سے تمہاری جان لے لوں گا۔۔

میرے لیے اس دنیا میں دل سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں ہے دل میرے لیے کیا ہے یہ تو اسفند شہریار خود بھی نہیں جانتا۔۔

تو تم یہ یاد رکھنا کہ میری سب سے قیمتی چیز تمہارے پاس امانت ہے اگر اسد خان تم اس کی حفاظت کرنے میں ناکام رہے تو لعنت ہے تمہاری بہادری اور مضبوطی پر۔

حب

ٹائیگر کبھی ان کے شکنجے میں نہ پھنستا اگر مجھے دل کی حفاظت زیادہ اہم نہ ہوتی تو ٹائیگر پر وہ لوگ صرف اسی لیے قابض ہو سکے کیونکہ مجھے ہر صورت میں دل کو بچانا تھا۔۔

میری اتنی محنت کے باوجود بھی میری دل کسی پریشانی میں مبتلا ہوئی تو میں تم لوگوں کو چھوڑوں گا نہیں یہ یاد رکھنا تمہاری زبان تمہارے چہرے کا ساتھ نہیں دے رہی۔۔

ٹائیگر جذباتی مت بنو ایسا کچھ بھی نہیں ہے دل بلکل ٹھیک ہے بس یار موسمی بخار ہے انشاءاللہ ٹھیک ہو جائے گی تو میں تم سے بات کروادوں گا تمہیں اس کی آواز سنادوں گا اسد اسفند کو مطمن کر کے وہاں سے نکل آیا۔۔۔

مگر اسد کو کیا پتہ کہ اسفند اس کی باتوں سے ایک پرسنٹ بھی مطمئن نہیں ہوا تھا۔۔

اس کے دماغ میں تو کچھ اور ہی چل رہا تھا جسے وہ عملی جامہ پہنانے کی سوچ رہا تھا۔۔۔

38°°°°°°°°

اسد آج پھر گھر لیٹ آیا تھا تو مسکان اس کی امید کے مطابق سو چکی تھی اب تو یہ روز کی روٹین ہو گئی تھی اسد کام کی وجہ سے روز ہی گھر لیٹ ہی پہنچتا تھا اور مسکان اس کے آنے سے پہلے ہی سو چکی ہوتی تھی اسد مسکان کی بالکل کیئر نہیں کر پا رہا تھا

اسفند کی مسنگ کا اسد کی محبت پر بھی بہت گہرا اثر پڑا تھا وہ جس محبت سے مسکان کو رخصت کر کے دبئی لے کر آیا تھا

وہ محبت تو اسد مسکان پر لٹا ہی نہیں سکا وقت نے موقع ہی نہیں دیا تھا

اسد کے دبئی آتے ہی دو دن کے بعد اسفند دل کو لے کر ترکی چلا گیا تھا اور وہاں پر اسفند پر اٹیک ہونا اور اس کے بعد اسفند کا مسنگ ہو جانا۔

اسد کو چاروں طرف سے پریشانیوں نے گھیر لیا تھا ایک طرف دل جو اپنا دماغی توازن کھو رہی تھی اسد کی بہن جسے بچپن میں اس نے کھو دیا تھا۔

اس سے اس طرح سے پل پر موت کے قریب جاتے ہوئے دیکھنا اسد کے لیے اسان نہیں تھا ایسے میں وہ مسکان پر چاہ کر بھی توجہ نہیں دے پایا تھا ان پانچ مہینوں میں مسکان کے ساتھ بہت زیادتی ہوئی تھی سب کو اس بات کا پوری طرح سے احساس تھا۔۔

مسکان نے اسد کو اتنی بڑی خوشی دی تھی مگر اسد اپنی پریشانیوں میں مسکان کی دی ہوئی خوشی کی پوری طرح سے قدر نہیں کر سکا تھا۔۔

تقریبا اب تو یہ معمول بن گیا تھا کہ مسکان کے سونے کے بعد اسد گھر آتا اور اس کے اٹھنے سے پہلے گھر سے جا چکا ہوتا۔

مسکان اسد سے کچھ بھی نہیں کہتی تھی مگر اسد کا اس طرح سے سے دور ہونا اس کے چہرے کی ویرانی بن کر اسد کو صاف نظر آتا تھا۔۔

مسکان گہری نیند میں سو رہی تھی اسد اپنا نائٹ سوٹ پہن کر مسکان کے پاس آکر بیٹھ کر بیٹھ گیا وہ آنکھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے سیدھی لیٹی ہوئی تھی۔

اس کا پیٹ دیکھ کر اسد کے دل کش لب مسکرانے لگے کیونکہ مسکان کا بڑا ہوا پیٹ نظر آرہا تھا اسد نے بے اختیار نیچے جھک کر مسکان کے پیٹ پر اپنے لب رکھ دی ہے۔۔

آرام سے پیچھے ہو کر سو جائیں میرے بچے کو ڈسٹرب مت کریں مسکان کی آواز پر اسد نے چونک کر مسکان کے چہرے کی طرف دیکھا وہ جاگ رہی تھی

۔

آپ جاگ رہی ہیں پرنسز میں تو سمجھا کہ آپ سو گئی ہیں اور یہ ابھی ابھی آپ نے کیا کہا ہے کہ میں اپ کے بچے کو ڈسٹرب کر رہا ہوں۔

پرنس یہ صرف آپ کا بچہ نہیں ہے میرا بھی ہے تو میں اسے ڈسٹرب کیسے کر سکتا ہوں۔

اسد آج بہت دن بعد اچھے موڈ میں تھا اور وہ اس مسکان سے بہت ساری باتیں کرنا چاہتا تھا اسے پیار کرنا چاہتا تھا جو بہت دنوں سے اس نے اپنے پرنسز پر نچھاور نہیں کیا تھا۔۔

نہیں یہ صرف میرا ہے کیونکہ آپ کو نہ تو اس بچے کی فکر ہے نہ اس بچے کی ماں کی تو آپ اسے اپنا بچہ بالکل بھی نہیں کہہ سکتے مسکان کافی ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے کروٹ لے کر لیٹ گئی۔۔

آئی ایم سوری پرنسز مجھے پتہ ہے کہ میں آپ کی کیئر کرنے میں کافی ناکام رہا ہوں۔

بے شک تمہارا غصہ جائز ہے میں ایک بہت خراب شوہر ہوں اور اس سے بھی زیادہ خراب باپ ثابت ہو رہا ہوں۔

مگر سارے حالات آپ کے سامنے تھے پرنسز ایسے حالات میں میں چاہ کر بھی آپ کی کیئر نہیں کر پایا مگر اب میں اپنی ہر غلطی کا ازالہ کرنے کے لیے تیار ہوں پلیز مجھے بتاؤ میری پرنسز کیسے مجھے معاف کرے گی میں وہ سب کرنے کے لیے تیار ہوں۔۔

اسد مسکان کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اس کو کروٹ دلا کر اپنی طرف کرتے ہوئے بڑی محبت بھری نگاہوں سے دیکھ کر بول رہا تھا۔۔

اپ کی غلطی کی یہی سزا ہے کہ آپ مجھ سے اور میرے بی بی سے دور رہیں گے مسکان غصے سے نظروں کا زاویہ اسد سے ہٹا کر دیوار پر دیکھنے لگی۔

پرنسس آپ کا غصہ سر آنکھوں پر ہر سزا پانے کے لیے اسد خان تیار ہے مگر آپ سے دور رہنا میرے بس کی بات نہیں ہے تو یہ سزا میں قبول نہیں کر سکتا وہ مسکان کے بے حد قریب ہوتے ہوئے بول رہا تھا۔۔

رب کرتے ہوئے بول رہا تھا۔

تو یہ کیا بات ہوئی کہ آپ کو سزا بھی اپنی مرضی کی چاہیے وہ سزا تو نہ ہوئی پھر مسکان اسد کو اپنی بات پر کان نہ دھرتے ہوئے دیکھ کر منہ کے زاویے بگاڑتے ہوئے بولی۔۔

پرنسز آپ کو تو اچھی طرح سے سزا بھی نہیں دینی آتی کسی کو اگر سزا دینی ہو تو اسے اپنے بے حد قریب کر کے اس کی سانسوں کو روک کر ان پر اپنا پہرہ لگا دیتے ہیں۔۔

اس کو کہتے ہیں سزا آپ مجھے اس طرح کی سزا دیں تو قسم سے میں ہنستے ہنستے روز سزا کے لیے تیار رہا کروں۔۔

اسد مسکان کے گالوں کو چومتے ہوئے اس کے لبوں کو اپنی قید میں لے گیا مسکان تھوڑی سی جھٹپٹائی مگر اس کے بعد وہ خود کو اس کے حوالے کر گئی۔۔

کیونکہ وہ ساری راہ فرار بند کر چکا تھا مسکان کو پتہ تھا کہ وہ کتنا مرضی جھٹپٹا لے مگر ہو گا وہی جو اسد خان کی مرضی ہے۔۔

اسد کی قید سے جیسے ہی مسکان کے لب آزاد ہوئے تو فورن سے بولی۔۔

اتنے دن آپ کو میری یاد نہیں آئی مجھے خود سے دور رکھا اور آج جب خود کا دل کیا ہے تو آپ آ گئے ہیں مجھ پر اپنی محبت لٹانے۔۔۔

آپ سے کس نے کہا ہے کہ میں آپ سے دور رہا ہوں ہاں آپ کو دن میں ٹائم نہیں دے پاتا تھا یہ سچ ہے۔

مگر اسد کی ہر رات آپ کو اپنی آغوش میں لے کر ہی گزرتی تھی سچ بتائیں کیا آپ کو میری باہوں کا سخت دائرہ اور میرے سلگتے ہوئے ہونٹوں کی گرمی محسوس نہیں ہوتی تھی۔۔

اسد اپنی محبت لوٹانے کے ساتھ ساتھ مسکان کی ہر بات کا پر اپر جواب بھی دے رہا تھا مسکان خاموش ہو گئی۔۔

ہمم تو اس کا مطلب ہے کہ میری پرنسس کو سب پتہ ہے ایسا تو ہو ہی نہیں سکتا کہ اسد کی محبت کی تپش میری پرنسس تک نہ پہنچے۔

اور اگر میری خانم دور رہنے کا مطلب یہ ہے کہ اتنے دن میں نے آپ پر اپنی محبت کی بارش نہیں کی تو اس کا جواب یہ ہے کہ آپ بھی ڈاکٹر کے بہت سٹرک آرڈرز تھے کہ میں پہلے پانچ مہینے آپ کے قریب نہیں آسکتا۔

کیونکہ بہت زیادہ کمپلیکیشنز ہو سکتے تھے کیونکہ آپ بہت زیادہ سٹریس میں تھی اور آپ اچھے سے کھا پی بھی نہیں رہی تھی جس کی وجہ سے آپ فزیکل طور پر بہت کمزور تھی۔

اور ہمارے بچے کو نقصان ہو سکتا تھا اس لیے میں نے خود کو روک کے رکھا اسد کی پوری بات سن کر مسکان کو خود پر بہت شرمندگی ہوئی۔۔

کہ وہ اسد کے بارے میں کیا کیا سوچ رہی تھی اور اوپر سے اسد نے کھل کر سب کچھ بتایا تو مسکان کی اپنی سوچ کا عکس بھی ال صاف نظر آ رہا تھا۔۔

تو وہ شرما کر اسد کے سینے میں سر کو چھپا گئی ہاہاہاہا اسد کا جاندار قہقہ بہت دنوں کے بعد مسکان کے کانوں میں گونجا وہ بے حد دلکش لگ رہا تھا۔۔

کھل کر کہکا لگا کر ہنستے ہوئے بس شرم آنا شروع ہو گئی ہے میری بیوی کو مگر آئی لائک اٹ مجھے بہت اچھا لگا کہ آپ کے دل نے اپنے شوہر کی طلب ظاہر کی بیوی جب اپنے شوہر سے اپنی محبت ظاہر کرتی ہے تو شوہر کا خون کئی کلو پڑ جاتا ہے۔۔

آہستہ آہستہ رات بڑھتی گئی اور اسد کی شدتیں بھی اتنے دنوں کی دوری کو اسد بہت تیز رفتاری کے ساتھ مٹا رہا تھا۔

مسکان کو سانس لینے تک کا موقع نہیں دے رہا تھا اس وقت مسکان کو اپنی سانس سے گلے میں اٹکی ہوئی محسوس ہو رہی تھی۔۔

اسد کی سلگتے ہوئے لبوں کے لمس مسکان کے پورے وجود کو اپنی لپیٹ میں لیے ہوئے تھے اسد راہ فرار اس پر بند کر چکا تھا۔۔

سوائے خود کو اسد کے حوالے کرنے کے مسکان کے پاس اور کوئی راستہ نہیں تھا اسد پلیز مسکان کی من منائی سی آئی سی آواز اسد کے کانوں میں آئی۔۔

ششششش پر نسس اس وقت مجھے آپ کی آواز نہیں آنی چاہیے آپ کو اچھی طرح سے پتہ ہے کہ مجھے اپنے کام میں کسی بھی طرح کی مدخلت بالکل بھی اچھی نہیں لگتی۔۔

اسد کی ذرا سی سختی والی آواز سے مسکان کی من منائی ہوئی آواز بھی آنا بند ہو گئی تھی۔۔

اسد کی ذرا سی سختی والی آواز سے مسکان کی تو ویسے ہی ڈر کے مارے جان نکلتی تھی اور ویسے بھی اسد اتنے دنوں بعد اس کے بے حد قریب آیا تھا تو ایسے میں مسکان بھلا اسد کو کیسے ناراض کر سکتی تھی۔۔

وہ خود بھی تو کتنے مہینوں سے اپنے اس اسد کو مس کر رہی تھی جو اپنی محبت میں اسے اس طرح سے بیگوتا تھا کہ ہر راہ فرار بند کر دیتا تھا۔۔

اس لیے خود کو اس کے حوالے کرتی ہوئی اپنی آواز اور جھٹپٹانا دونوں ہی بند کر چکی تھی۔۔

دھیرے دھیرے گزرتی رات کے ساتھ اسد کی شدتوں سے ٹوٹ کر اسی کی باہوں میں گر کر گہری نیند میں سو گئی۔

اور اسد ہمیشہ کی طرح اسے اپنی شدتوں سے ٹوٹ کر اپنی باہوں کے گھیرے میں پر سکون سوتے ہوئے دیکھ کر اپنے دلکش لبوں سے مسکرا رہا تھا

۔۔

اسد مسکراتے ہوئے بے حد خوبصورت لگ رہا تھا سوئی ہوئی مسکان کی پیٹ پر اپنا ہاتھ رکھتے ہوئے اسد کے دل نے ایک بیٹ مس کی اسد کو باپ بننے کا انوکھا اور الگ سا احساس محسوس ہوا تھا۔

جو بہت ہی خوبصورت احساس تھا اسد اس احساس کو محسوس کر کے اکیلے میں ہی مسکرا رہا تھا۔

مسکان کے پیٹ کو چھوتے ہوئے اسد کو ایسے لگ رہا تھا جیسے اس کا بچہ اس کے سامنے کھیل رہا ہو یہ اسد خان کی زندگی کا بہت خوبصورت لمحہ تھا۔۔۔

اسد خان آپ لوگوں سے وعدہ کرتا ہے کہ میں آپ کو ہر مصیبت اور غم سے دور رکھوں گا۔

اور دنیا کی ہر خوشی لا کر تم دونوں کے قدموں میں رکھ دوں گا مسکان کو اپنی باہوں میں بیچتے ہوئے اسد اپنے بچے اور مسکان کے ساتھ اپنی سوچ کے اندر ہی وعدہ کر رہا تھا۔۔

ooooooooo_

ٹائیگر نے جو سوچا تھا اپنے دماغ میں اب وہ کرنے کا وقت آ گیا تھا

ڈاکٹرز اور کارڈز جن کو لگ رہا تھا کہ ٹائیگر اس وقت بالکل شانت لیٹا ہوا ہے تو کارڈز اٹھ کر باہر کھانا کھانے بیٹھ گئے۔

اور ڈاکٹرز بھی آرام سے بیٹھ کر اپنی خوش گپیاں مارنے میں مصروف تھے کیونکہ آج بہت دنوں کے بعد ٹائیگر کا موڈ شانت تھا تو انہوں نے غنیمت

سمجھا کہ چلو جی آج ٹائیگر تھوڑا پر سکون ہے تو کیوں نہ ہم بھی تھوڑا سکون مار لیں مگر ان بیچاروں کو کیا پتہ تھا۔

کہ ٹائیگر کے شاطر دماغ میں کیا چل رہا ہے ٹائیگر اپنی پوزیشن کو سنبھالتے ہوئے اٹھ کھڑا ہوا اور کھانا کھاتے ہوئے گارڈز کے پاس سے باہر کی طرف چل پڑا اسے سے باہر جاتے ہوئے دیکھ کر کارڈز اور ڈاکٹر اس کے پیچھے بھاگے سر آپ کہاں جا رہے ہیں آپ اس وقت باہر نہیں جا سکتے کارڈنے ٹائیگر کو روکنے کی کوشش کی۔

تو ٹائیگر ٹانگ کو گھماتے ہوئے اپنا نشانہ اس کے منہ کو بنا چکا تھا گاڈ کے منہ سے خون نکلنے۔

لگاڈاکٹرز نے روکنے کی کوشش کی سر پلیز بات کو سمجھنے کی کوشش کریں اس وقت آپ کی جان کو خطرہ ہے اور آپ یہاں سے نہیں جا سکتے۔

ٹائیگر نے اب اپنا پسٹل ان کے سامنے کرتے ہوئے کہا جس جس کو اپنی جان پیاری ہے وہ دفع ہو جائے یہاں سے ورنہ میرے ہاتھوں نے بہت دن سے کسی کی جان نہیں لی۔۔

تو اگر تم لوگ نہیں چاہتے کہ میرے ہاتھوں سے ضائع ہو جاؤ تو چپ چاپ میرا پیچھا چھوڑ کر دفع ہو جاؤ۔

ٹائگر پوری جوش کے ساتھ دھاڑا۔۔تو سر پلیز آپ ہمیں بھی ساتھ لے چلیں ہم آپ کی حفاظت کے لیے ہمیشہ تعینات رہیں گے۔

تو تم لوگوں کو میری بات بالکل سمجھ میں نہیں آئی گاڈ کی بات پر ٹائیگر اپنے پسٹل کا ٹریگر دبانے ہی لگا تھا کہ گارڈ نے ہاتھ کھڑے کیے پلیز سر جیسا آپ کہے کہ ہم ویسا ہی کریں گے۔۔

تو پھر تم لوگوں کو انسانوں والی زبان سمجھ میں کیوں نہیں آتی جب آرام سے بول رہا تھا کہ دفع ہو جاؤ تب سمجھ میں نہیں آیا ٹائیگر اپنا پسٹل اب بھی ان پر تانے ہوئے تھا۔۔

پھر نہ جانے ٹائیگر کو کیوں اس بے قصور سکیورٹی گارڈ پر ترس آگیا اور وہ چھوڑ کر وہاں سے نکل پڑا۔۔

ڈاکٹرز اور سکیورٹی گارڈ تو اس کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتے تھے۔سب کو پتہ تھا کہ ٹائیگر ان سب کا صفایا کرنے میں پانچ منٹ سے زیادہ ٹائم نہیں لے گا۔۔

اس لیے بیچارے چپ چاپ کھڑے ٹائیگر کو شپ میں بیٹھ کر جاتا دیکھتے رہ گئے وہ صرف اسد کو انفارم کر سکتے تھے اس کے سوائے ان کے پاس کوئی چارہ نہیں تھا۔۔

ٹائیگر آئی لینڈ سے نکل کر شمس خان کی دنیا میں آگ لگانے جا رہا تھا ٹائیگر کے دل میں اس وقت بدلے کی آگ شدت پکڑ چکی تھی شمس خان کی وجہ سے جو تکلیف اس نے اپنی دل سے دور رہ کر برداشت کی تھی۔اسے اتنی آسانی کے ساتھ تو ٹائیگر بھولنے والا۔ہیں تھا

ooooooo

اسد کو ٹائیگر کے فرار ہونے کی خبر مل چکی تھی ٹائیگر ٹائیگر ٹائیگر کیوں نہیں سمجھتے ہو کہ اس وقت تمہارا وہاں سے نکلنا کتنا ان سیف تھا اسد غصے سے اپنی مٹھیاں میچے ہوئے آفس میں روم میں کھڑا تھا۔۔

جی سر آپ نے بلایا مجھے ہاں تو بہ تم جلدی سے ٹائیگر کو ٹریک کرو مگر اسد سر ٹائیگر تو آئی لینڈ پر محفوظ ہے نا تو ہمیں اسے ٹریک کیوں کرنا ہے سب ٹھیک ہے نا۔۔

نہیں جب ٹائیگر ٹھیک ہو گیا ہے تو سب کچھ ٹھیک کیسے ہو سکتا ہے ٹائیگر نے تو قسم کھا رکھی ہے نا ہمیں سکون کی سانس نہیں لینے دے گا۔

سر میں کچھ سمجھی نہیں تو بہ حیرانگی کے ساتھ اسد کی بڑبڑاہٹ سن رہی تھی تم بس اتنا سمجھ لو کہ موت ہمارے سر پر منڈلا رہی ہے ٹائیگر کسی وقت کی ہمارے سر پر بم پھوڑ سکتا ہے۔

کیونکہ ٹائیگر آئی لینڈ سے نکل چکا ہے تو باکو تو لگا اس کے پیروں تلے سے زمین نکل گئی ہے کیونکہ ٹائیگر کتنا خطرناک ہو چکا تھا یہ تو آئے دن آئی لینڈ سے آئے ہوئے سکیورٹی گارڈ کے ٹوٹے ہوئے ناک ہاتھ سے پتہ چلتا رہتا تھا

--

وہ تو یہ سوچ سوچ کر ہلکان ہو رہی تھی کہ ٹائیگر جب یہاں آئے گا تو ان کی کیا کیا چیزیں ٹوٹیں گی۔۔

سر آپ سچ کہہ رہے ہیں کہ ٹائیگر سر وہاں سے نکل چکے ہیں نہیں تو کیا میں تمہارے ساتھ لطیفوں کی گیم کھیل رہا ہوں۔

اسد نے توبہ کی طرف گھور کر دیکھا نہیں سر آئی ایم سوری میرا وہ مطلب نہیں تھا وہ اپنی جان بچاتے ہوئے آفس روم سے باہر نکل گئی۔

اسد کو تو اس وقت اپنی جان کی پڑی ہوئی تھی جب ٹائیگر دل کا کو اس حالت میں دیکھے گا تو کیا کرے گا

یہ سوچ سوچ کر اسد کے پیروں کے نیچے کے نیچے سے زمین نکل رہی تھی

oooooooo

39_oooooooooooo

دل اپنے تصور میں اسفند کو دیکھ کر خوشی سے اپنی باہوں کو پھیلا کر بیڈ سے پیر لٹکائے ہوئے بیٹھی تھی،،،

اسفند آپ آگئے میں آپ کا کب سے انتظار کر رہی تھی۔۔

مجھے پتہ تھا جب رات ہو جائے گی سب ڈاکٹر جا کر سو جائیں گے تو آپ روز کی طرح مجھے ملنے آئیں گے۔

اسفند اندر آجائے نا مجھ سے بیڈ سے اٹھا ہی نہیں جا رہا پتہ نہیں ڈاکٹر مجھے کون سی دوائی دے کے چلا جاتا ہے،،

اس کے بعد مجھ سے اٹھ کر چلا نہیں جاتا۔۔

دل بچوں کی طرح باہیں پھیلا کر بیڈ پر بیٹھی اسفند کے پاس آنے کا انتظار کر رہی تھی۔۔

اسفند آہستہ آہستہ بوجھل قدموں کے ساتھ دل کے پاس آرہا تھا دل جسے اپنا تصور سمجھ رہی تھی وہ سچ میں اسفند تھا۔

اسفند اپنے دل کو ملنے کے لیے ساری سرحدیں توڑ کر آچکا تھا۔

مگر دل کی حالت دیکھ کر اسفند کا دل پھٹنے کو تھا دل کو شاید کوئی نیند کی دوائی دی ہوئی تھی۔

جس کے زیر اثر وہ پوری طرح سے ہوش میں نہیں تھی مگر اس نیم بے ہوشی میں بھی وہ اسفند کے پاس ہونے کے احساس کو محسوس کر سکتی تھی،

وہ تو اپنے دل میں کیا کیا ارمان لے کر آیا تھا مگر دل کی حالت دیکھ کر اسفند کی آنکھیں نم ہو گئیں۔

اسفند دل کے پاس آیا اور دل کو کھینچ کر اپنے سینے کے ساتھ لگا لیا دل میری جان یہ کیا حالت بنا رکھی ہے آپ نے۔

کیا ہوا ہے میری حالت کو میں بالکل ٹھیک ہوں پتہ ہے جب آپ رات کو روز مجھ سے ملنے کے لیے آتے ہیں تو مجھے کتنا اچھا لگتا ہے میں سارا دن آپ کا انتظار کرتی ہوں۔

مگر مجھے پتہ ہے کہ جب تک یہ گندی ڈاکٹر میرے پاس رہتی ہیں تو تب تک آپ مجھے ملنے نہیں آتے آپ کو اچھا نہیں لگتا ناں۔

مجھے سب پتہ ہے دل بچوں کی طرح اسفند کی کمر کے گرد باہوں کا دائرہ بنا کر اسے کہ سینے میں سر چھپائے ہوئے اپنی معصوم باتیں سنا رہی تھی مگر اسفند کی آنکھوں سے آنسوں نکل کر دل کے بالوں میں جذب ہو رہے تھے دل بیڈ سے پیر نیچے لٹکائے ہوئے اسفند کی کمر پر ہاتھ باندھے بیٹھی تھی اسفند دل کو اپنی باہوں کے گھیرے میں کسے ہوئے اپنے گلے سے لگا کر کھڑا تھا۔۔

اسفند کے آنکھوں سے آنسو گرتے ہوئے دیکھ کر دل نے اپنا چہرہ اوپر کی طرف اٹھایا اور اپنے نازک سی ہتھیلیوں سے اسفند کے چہرے کو صاف کرنے لگی اسفند آپ رو رہے ہیں مجھے پتہ ہے آپ اس گندی ڈاکٹر کی وجہ سے رو رہے ہیں۔ ہیں ناں!! آپ مت روئیں میں اس گندی ڈاکٹر کا چاقو سے گلا کاٹ اس کو کر مار دوں گی۔۔

پھر وہ آپ کو کبھی تنگ نہیں کرے گی۔ دل میرا بچہ ایسے نہیں بولتے۔۔ کہاں سے سیکھیں ہیں آپ نے اس طرح کی باتیں اسفند حیران تھا۔۔ میری دل خون خرابے اور قتل وغارت کی وجہ سے مجھ سے دور جانے کو تیار تھی آج وہ خود کسی کی جان لینے کی بات کر رہی تھی۔۔

اسفند کی معصوم سی دل جس سے چونٹی بھی ماری نہیں جارہی جاتی تھی آج وہ ڈاکٹر کا گلا کاٹنے کی بات کر رہی تھی۔۔

اسفند سے اپنی دل کی ایسی حالت دیکھی نہیں جارہی تھی تھا۔

دل پتہ نہیں کیا کیا بولے جارہی تھی مگر اسفند تو دل کی حالت دیکھ کر اس قدر سکتے میں تھا کہ اسے اپنی باہوں میں کسے ہوئے کھڑا تھا۔

اسفند سے کچھ بولا ہی نہیں جارہا تھا۔۔

کون ہیں آپ اور یہاں اس وقت کیا کر رہے ہیں نرس اندر آئی تو اسفند دل کو اپنے گلے سے لگائے ہوئے کھڑا تھا۔

اسفند کو اس وقت اس نرس کی موجودگی زہر لگ رہی تھی وہ کتنے مہینوں کے بعد اپنی دل کو اپنے گلے سے لگائے ہوئے تھا ایسے میں اس نرس کا آنا ٹائیگر کے غصے کو ہوا دے رہا تھا۔

ٹائیگر نے نظر اٹھا کر قہر ڈھاتی ہوئی نظروں سے جب نرس کی جانب دیکھا تو نرس کی تو جیسے جان ہی نکل گئی۔۔

نرس کے ہاتھ میں پکڑی ہوئی ٹرے جس میں وہ دل کے لیے میڈیسن لے کر آئی تھی۔۔

ٹھاہ کی آواز سے زمین پر گری

اور ساری دوائیاں زمین پر بکھر گئیں۔

نرس تو الٹے قدم پیچھے کو بھاگی۔

وہ بیچاری کیسے نہ بھاگتی۔۔

سامنے ٹائیگر کھڑا تھا جسے دیکھ کر تو بڑوں بڑوں کی ٹانگیں کانپ جاتی تھیں۔

تو یہ تو بیچاری معصوم سی نرس تھی۔

ٹائیگر کی آنکھوں میں دہشت دیکھ کر خوف کے مارے اپنی روح پرواز کرتی ہوئی نظر آرہی تھی۔

اس نے بھاگنا ہی مناسب سمجھا۔

دو منٹ کے بعد نرس اندر اپنے ساتھ دو ڈاکٹرز کو لے کر آئی سر کون ہیں آپ اور آپ اس مریض کے پاس کیا کر رہے ہیں۔۔

آپ جو کوئی بھی ہیں بنا اسد میر خان کی اجازت کے آپ اس مریض کو نہیں مل سکتے۔۔

اسد میر خان کے سخت آرڈرز ہیں۔۔

ویسے اتنی ہائی سکیورٹی میں آپ روم میں پہنچے کیسے ڈاکٹر حیران نظروں سے ٹائیگر کو دیکھتے ہوئے پوچھ رہیں تھے۔

خبر دار!! جو دوبارہ اس کو مریض کہا تو جان لے لوں گا تم لوگوں کی ۔۔

ٹائیگر ڈاکٹر کو قہر برساتے ہوئی نظروں سے دیکھ رہا تھا۔۔

دل اسفند شہریار نام ہے اس کا بیوی ہے یہ میری اور مجھے اس سے ملنے کے لیے کسی کی اجازت درکار نہیں ہے سمجھے۔۔

مگر سر ہمیں اسد خان کی اجازت نہیں ہے کہ ان سے کسی کو ملنے دیا جائے اگر آپ ان کی اجازت کے بغیر اس طرح سے ان کو ملنے کے لیے آئے ہیں اور ان کو پتہ چلا تو وہ ہمیں جان سے مار دے گا ۔۔

پلیز سر ہمیں جان اور نوکری کا خطرہ ہے اس لیے آپ ہمارے ساتھ تعاون کریں اور پلیز آپ یہاں سے چلے جائیں۔۔

ڈاکٹر ٹائیگر کی دہشت دیکھ کر بیچارہ دبی دبی آواز میں بول رہا تھا ۔۔

تو پھر بول دینا اسد خان سے کہ اسفند شہریار آیا تھا اور اپنی بیوی کو لے کر چلا گیا۔۔

ٹائیگر نے جھک کر دل کو اپنی گود میں اٹھالیا جو دوائیوں کے زیر اثر نیم بے ہوشی میں تھی۔۔

سر آپ اس طرح ان کو لے کر نہیں جا سکتے چاہے آپ اس کے شوہر ہیں پھر بھی ہم مجبور ہیں۔۔

اسد خان ہماری جان لے لے گا اگر یہ یہاں پر ان کو ناں ملی تو۔۔۔

ڈاکٹر ٹائیگر کے پیچھے پیچھے آتا ہوا ٹائیگر کی منتیں کرتے ہوئے بول رہا تھا۔۔

اور تمہیں پتہ ہے کہ اگر اب تم نے مجھے یہاں سے جانے سے روکا تو اسد خان تو تمہاری جان بعد میں لے گا پہلے تو میں تمہارے ٹکڑے کروں گا جو کسی سے بھی گنے نہیں جائیں گے۔

تمہارے سٹاف کو میں سرجری کا ایک نیا انداز سکھاؤں گا جسے تمہارا سٹاف ہمیشہ یاد رکھے گا۔۔

ٹائیگر کی آنکھوں میں اتنی دہشت اور انداز میں اتنا ایٹیٹیوڈ تھا۔

کہ ٹائیگر کے ڈر سے سب ڈاکٹر جو پیچھے آرہے تھے اپنے قدم وہیں پر روک کر کھڑے ہو گئے۔۔

ٹائیگر کا ہر انداز یہ بتا رہا تھا کہ وہ کوئی عام اور معمولی بندہ نہیں ہے۔۔

ڈاکٹر بیچارے تو اس وقت ایسی سچویشن میں تھے کہ اگر دل کو لے جانے دیتے تو اسد خان مار دیتا،،

،، اگر نہیں لے کر جانے دیتے تو ٹائیگر مار دیتا

ڈاکٹر کی حالت اس وقت بہت قابل رحم تھی۔کچھ ڈاکٹرز تھیں جو دور کھڑی ہوئیں ٹائیگر کی پرسنلٹی سے متاثر ہو کر آپس میں کھسر پھسر کر رہی تھی۔۔

ہائے یار کتنا خوبصورت بندہ ہے اور کتنا ہینڈسم ہے اتنا خوبصورت بندہ میں نے تو اپنی لائف میں کبھی نہیں دیکھا۔۔

ہائے یار یہ لڑکی کتنی خوش قسمت ہے جس کو اپنے باہوں میں اٹھا کر یہ لے کے جا رہا ہے۔۔۔

کاش اس کی باہوں میں اس کی جگہ میں ہوتی۔۔

افففف قیامت ہے یہ بندہ ڈاکٹر زدل تھامے ہوئے کھڑی تھیں۔۔وہ کچھ غلط بھی نہیں بول رہی تھیں کیونکہ ٹائیگر خوبصورت توسچ میں اتنا تھا کہ ایک دفعہ تو عورت کیا مرد بھی اس کی طرف دیکھ کر متاثر ہوئے بنا نہیں رہ سکتے تھے۔۔

قسم سے اس وقت وہ کوئی فلمی ہیرو لگ رہا تھا۔۔

بلیک کلر کی جینز پہنے ہوئے اس پر وائٹ کلر کی شرٹ ۔آستینوں کو کوہنیوں تک فولڈ کرر کھا تھا۔۔

سینے کے دو کھلے ہوئے بٹن جہاں سے اس کے سینے کے بال نظر آرہے تھے جو اس کی مردانہ شخصیت کو اور بھی نکھار کر سامنے لا رہے تھے۔۔

اس کے گورے بازو اور اس پر گھنے بال بے حد جاذب نظر لگ رہے تھے۔۔

اس کے ہاتھ میں پہنی ہوئی واچ اس کے ہاتھ کی خوبصورتی کو اور بڑھا رہی تھی۔

چوڑا سینہ جم سے فٹ رکھا ہوا مضبوط جسم چھ فٹ کی پرفیکٹ ہائٹ وہ بندہ ہر طرح سے تو پرفیکٹ تھا۔

تو کیسے نہ اس پر کسی کی نظر رکتی اور کیسے لڑکیاں اس پر اپنا دل نہ ہارتیں۔۔

بے شک وہ کسی بھی لڑکی کے لیے خوبصورت سا ڈریم تھا جسے ہر لڑکی اپنے خوابوں کا شہزادہ بنا سکتی تھی۔۔

ڈارک براؤن بال جن کو بہت سٹائلش طریقے کے ساتھ جل سے سیٹ کر رکھا تھا۔۔

اس کے گورے رنگ کے اوپر چھوٹی چھوٹی سی داڑھی گالوں میں پڑتے ہوئے گہرے ڈمپل جو بنا مسکرائے بھی واضح نظر آرہے تھے۔۔

اس اکڑو شہزادے کے حسن کو اور بھی چار چاند لگا رہے تھے اس کی کرسٹل جیسی آنکھیں اس میں دہشت۔۔

مگر کسی کو کیا پتہ تھا کہ اس کا نشہ تو اس وقت اس کی باہوں میں ہے،
ٹائیگر ہاسپٹل کے باہری راستے کی طرف چلتا ہوا آرہا تھا کہ سامنے سے ایک سینیئر ڈاکٹر اندر داخل ہو رہا تھا۔ جس کو شاید اس کی ٹیم نے فون کر کے ساری سچویشن کے بارے میں بتایا تھا اس کے تو ہاتھ پاؤں پھولے ہوئے لگ رہے تھے۔

آتے ہی بڑے سلجھے ہوئے انداز کے ساتھ ٹائیگر بولا۔ سر ان کو یہاں پر ایڈمٹ ان کے بھائی نے کروایا ہے تو آپ ان کو بلائیں تو ہم ان کے ڈسچارج پیپر تیار کروا دیں گے۔

پھر آپ ان کو لے جا سکتے ہیں۔ بھاڑ میں جاؤ تم اور بھاڑ میں جائیں تمہارے ڈسچارج پیپر۔

تم سے کس نے کہا کہ مجھے تمہارے ڈسچارج پیپر کی ضرورت ہے اپنی بیوی کو لے کر جانے کے لیے۔۔

ٹائیگر نے اپنی پسٹل کا رخ ڈاکٹر کی طرف کیا تو ڈاکٹر کی تو ہوا ٹائٹ ہو گئی۔

ڈاکٹر تو وہاں سے نو دو گیارہ ہو گئے باقی بچی بیچاری نرسز اور باہر کھڑے ہوئے سکیورٹی گارڈ ۔۔

سیکیورٹی گارڈ نے تو پہلے ہی ٹائیگر کو اندر آتے ہوئے دیکھ لیا تھا،،
وہ تو ٹائیگر کو روکنے کی ہمت نہیں رکھتے تھے کیونکہ ان کو ٹائیگر کو روکنے کا انجام بہت اچھے سے پتہ تھا۔۔

یہاں پر جو سکیورٹی گارڈ تعینات کیے ہوئے تھے وہ سب اسد کے خاص بندے تھے جو ٹائیگر کو بہت اچھے سے جانتے تھے تو ٹائیگر سے پنگا لینے کی تو کسی میں ہمت نہیں تھی۔

ان بیچاروں کو تو اپنی ہڈیاں بہت عزیز تھیں جن کو توڑنے کے لیے ٹائیگر کو کچھ منٹ ہی چاہیے تھے اس لیے بیچارے چپ چاپ سے سر جھکائے ہوئے ہاسپٹل کی دیوار کے ساتھ چپکے کھڑے تھے۔۔
ٹائیگر دل کو اپنی باہوں میں کسی بچے کی طرح اٹھاتے ہوئے ہاسپٹل سے باہر لے جا رہا تھا۔

ڈاکٹرز نے اسد کو انفارم کیا تو اسد نے ڈاکٹر سے کہا کہ اس کو لے جانے دو اس کی راہ میں کوئی رکاوٹ کھڑی مت کرنا ورنہ انجام کے زمہ دار آپ لوگ خود ہوں گے۔۔

اسد کو اچھے سے پتہ تھا کہ ٹائیگر دل کو لیے بنا وہاں سے نہیں جائے گا حالانکہ اس وقت بہت خطرہ تھا ۔

ٹائیگر کا وہاں سے دل کو لے کر نکلنا کسی بھی بڑے خطرے کو دعوت دے سکتا تھا۔۔

مگر اتنی ہمت کسی میں نہیں تھی جو ٹائیگر کو روک سکتا یا ٹائیگر کے دماغ میں جو چل رہا تھا اسکو سمجھ سکتا۔

ٹائیگر دل کو اٹھا کر ہاسپٹل سے باہر لے آیا اور آ کر اپنی گاڑی کی فرنٹ سیٹ پر آرام سے بٹھاتے ہوئے سیٹ بیلٹ باندھنے لگا۔۔

سیٹ بیلٹ باندھتے ہوئے اپنے لب دل کے ماتھے پر رکھ کر بڑی شدت سے اس کے ماتھے کو چومتا ہوا پیچھے ہٹا اور آکر گاڑی کی ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھ گیا۔

خود پر سیٹ بیلٹ باندھتے ہوئے اپنی نظریں دل کے چہرے پر مرکوز کیے ہوئے تھا دل کے چہرے پر حد سے زیادہ ویرانی نظر آرہی تھی۔

دل نیم بے ہوشی میں سیٹ سے سر ٹکائے ہوئے مرر کی طرف لٹک گئی اسفند نے جلدی سے اس کے سر کے پیچھے سے ہاتھ لے جا کر اس کے سر کو اپنے کاندھے پر رکھ لیا۔اور گاڑی سٹارٹ کرتے ہوئے ہاسپٹل کے پارکنگ ایریا سے باہر آگیا۔۔

اسفند ہم کہاں جا رہے ہیں دل آنکھیں بند کیے ہوئے اسفند سے سوال کر رہی تھی وہ اب بھی نیند میں ہی بول رہی تھی۔میری جان اپنے اسفند کے

ساتھ جارہی ہو تو اس لیے آپ کو سوچنے اور پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے میری جان آرام سے سو جائیں۔

اسفند نے پتہ نہیں کس طرح سے ہوٹل تک کا سفر طے کیا تھا پورے راستے اس کا دل بس ایک ہی بغاوت پر اترا ہوا تھا۔۔

کہ دل کو اپنے سینے سے لگائے اور اس کے چہرے کو اپنے لبوں کا محبت بھرا لمس محسوس کروائے دل تو اپنے ہوش میں نہیں تھی مگر اسفند اسے دیکھ کر ہوش سے بیگانہ ہو رہا تھا۔۔

اسد خان اتنی بڑی بات مجھ سے چھپائی میری دل کی کیا حالت کر دی ہے تم نے معاف نہیں کروں گا۔تجھے کمینے انسان اگر تو دل کا بھائی نہ ہوتا تو سب

سے پہلے گاڑی کا رخ تیرے گھر کی طرف کرتا اور اپنی پسٹل کی ساری گولیاں تیرے سینے میں اتار دیتا۔

مگر اب بھی تیرے لیے معافی کی گنجائش تو بالکل نہیں ہے میرے پاس ایک بار مجھے اپنی دل کو ٹھیک کر لینے دو اس کے بعد دیکھ لوں گا میں تمہیں۔۔

دل میں سوچتا ہوا اپنا ایک ہاتھ دل کے کاندھے کے اوپر سے گزار کر دل کے کاندھے کو سہلا رہا تھا۔۔

دل اسفند کے کاندھے پر کچھ اس طرح سے سر ٹکائے ہوئے تھی کہ اس کی گرم گرم سانسیں اسفند کی گردن کو چھو رہی تھی۔ جو اسفند کو اور بھی بے چین کر رہی تھیں۔۔ وہ بار بار سٹیرنگ سے نظریں ہٹا کر دل کے چہرے کی جانب دیکھ رہا تھا آخر اتنے مہینوں کے بعد وہ دل کے اتنے قریب تھا۔۔

تو آج بے چینیاں اور بے قراریاں تو حد سے بڑھنی ہی تھیں۔۔

اسفند دل کو لے کر ہوٹل میں پہنچا اور ریسپشن سے اپنے روم کی چابی کو کلیکٹ کر کے اپنے روم کی طرف جا رہا تھا۔

وہ اب بھی دل کو اسی طرح گود میں اٹھائے ہوئے تھا ڈاکٹرز کی طرح یہاں ریسیپشن پر کھڑی ہوئی لڑکی اور دیگر لڑکیاں جو ہوٹل میں رکی ہوئی تھیں۔ اور ادھر گھوم رہی تھیں وہ ٹائیگر کو دیکھ کر ٹھنڈی آہیں بھر رہی تھیں اور رشک کر رہی تھیں کہ اس لڑکی پر جس کو اس نے اپنی گود میں بڑی محبت سے اٹھا رکھا تھا۔

روم کے اندر داخل ہوا تو ایک ویٹر جو ٹائیگر کے پیچھے پیچھے ہی آ رہا تھا اصل میں وہ ٹائیگر کا خاص بندہ تھا جو اس کا سیکیورٹی گارڈ تھا جو اس وقت روم کے دروازے کے باہر ٹائیگر نے خود تعینات کیا ہوا تھا۔

ٹائیگر اس وقت اپنی حفاظت خود بہت اچھے سے کر سکتا تھا کیونکہ پچھلی دفعہ جو حادثہ دل کو ساتھ لے جاتے ہوئے پیش آیا تھا۔ ٹائیگر کو لگتا تھا کہ اس میں بڑی حد تک اس سے خود غفلت ہوئی تھی جسے وہ دہرانا نہیں چاہتا تھا۔۔

اس لیے اس وقت ہوٹل کے اندر بے شمار ایسے سول کپڑوں میں لوگ گھوم رہے تھے۔ جو اصل میں ٹائیگر کے گارڈز تھے جو ٹائیگر نے دل کی حفاظت کے لیے تعینات کر رکھے تھے۔۔

اس وقت ٹائیگر نے دل کے ارد گرد سکیورٹی اتنی ٹائٹ کر رکھی تھی کہ کوئی چڑیا بھی پر نہیں مار سکتی تھی۔ روم کو ٹائیگر نے بہت خوبصورتی کے ساتھ گلاب کے پھولوں سے ڈیکوریٹ کروایا تھا۔

وہ دل کا استقبال بہت شاندار کرنا چاہتا تھا مگر اسے کیا پتہ تھا کہ جب وہ دل کو لے کر آئے گا تو دل اسے اس حالت میں ملے گی۔

پورے روم کو گلاب کے پھولوں سے اتنا مہکایا گیا تھا کہ پورے روم میں پھولوں کی خوشبو اس قدر پھیلی ہوئی تھی کہ پورے روم میں ایک رومینٹک سا ماحول بنا تھا۔ اسفند دل کو بیڈ پر آرام سے لیٹاتے، ہوئے خود بھی اس کے پاس ہی بیٹھ گیا اور اپنے ہاتھ کی انگلیوں کے پوروں سے اس کے چہرے پر آئی ہوئی لٹوں کو پیچھے کرتے ہوئے اس کی نظر دل کے پنک گلاب کی پنکھڑیوں جیسے ہونٹوں پر گئی تو اس کی پیاس ایک دم سے بڑھ گئی اور وہ بے اختیار اپنا چہرہ اس کے نازک سے لبوں پر جھکاتا ہوا اپنی پیاس بجھانے کی کوشش میں لگ گیا۔

مگر پیاس تو آج کسی صورت بھی بجنے والی نہیں تھی مگر اس کی تشنگی میں اتنی شدت تھی کہ دل نے دوائیوں کے زیر اثر ہونے کے باوجود بھی اپنی تھوڑی سی آنکھیں کھولیں اور اسفند کے کاندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے۔

اسفند کو پیچھے کی طرف دھکیلا جس سے اسفند ہوش کی دنیا میں واپس آ گیا۔ اور اسے احساس ہوا کہ اس کی دل اس وقت نیند میں ہے اور مجھے اسے ڈسٹرب نہیں کرنا چاہیے۔۔

بامشکل خود کو پیچھے کرتے ہوئے دل کے پاس ہی بیڈ پر بیٹھ گیا۔اسفند بار بار اپنے ہاتھ سے دل کے چہرے کو چھو رہا تھا کبھی اپنے وہ ہاتھ کے انگوٹھے سے اس کے گالوں کو رب کرنے لگ جاتا کبھی اپنا ہاتھ اس کی گردن پہ رکھتے ہوئے اپنی شہادت کی انگلی سے گردن پر لائنیں بنانے لگتا۔

اسفند سے اس وقت اپنا آپ سنبھالا نہیں جا رہا تھا اسفند کا دل ہر صورت اپنی دل کو اپنی باہوں میں لے کر اس پر اپنی شدتیں لوٹانا چاہتا تھا۔ مگر دل اس وقت ہوش میں نہیں تھی اور اسفند اپنے حد سے زیادہ چھلکنے والے محبت کے اس جام کو دل پر نیند کی حالت میں ضائع نہیں کر سکتا تھا۔

اسے دل پورے ہوش حواس میں چاہیے تھی جو اسفند کے پاس آنے پر مزاحمتیں کھڑی کرتی اور بار بار اسفند کا نام اپنے لبوں سے پکارتی۔ مگر دل اس وقت اس حالت میں نہیں تھی جو اسفند کے چھونے سے شرماتی اور اس کی قربتوں سے ٹوٹنے کے ڈر سے مزاحمتیں کرتی۔

اسفند جھٹکے سے دل کے پاس سے اٹھا اور جا کر خود کو واش روم میں بند کر کے شاور کے نیچے کھڑا ہو گیا۔ دل کو اپنے پاس لا کر بھی اپنے قریب نہیں کر سکتا تھا اس کا غصہ وہ اپنے اوپر اس طرح سے نکال رہا تھا خود کو ٹھنڈے پانی کے نیچے کتنی دیر کھڑا کیے رکھا۔

اسے ایسے لگ رہا تھا کہ اس کا خون اس کی رگوں کے اندر جمنا شروع ہو گیا تو اپنے جسم کو ٹاول سے پہنچتے ہوئے وائٹ کلر کا ٹراؤزر پہن کر بنا شرٹ پہنے ہوئے شرٹ لیس ہی آ کر دل کے پاس لیٹ گیا۔۔

دل کی کمر کے گرد اپنے ہاتھوں کا دائرہ تنگ کرتے ہوئے اسے زور سے خود سے لگائے ہوئے اپنے پاؤں سے کمبل کو کھینچتے ہوئے اپنے اور دل کے اوپر اوڑھ لیا۔

اور سونے کی کوشش کرنے لگا دل میری جان اٹھ جاؤ تمہارا اسفند اس وقت کتنا بے چین ہے تمہیں اپنی باہوں میں سمیٹنے کے لیے دل اٹھو اور اپنے اسفند کی پیاس مٹاؤ۔۔

تمہارے اسفند کو تمہاری محبت کی بہت زیادہ ضرورت ہے دل اتنے مہینوں ہو گئے ہیں مجھے تمہارے لبوں کی نرمی محسوس کیے ہوئے۔

اسفند دل کے کانوں میں سرگوشیاں کرتے ہوئے خود کو روکنے کی ناکام کوشش کر رہا تھا جبکہ اس کے گستاخ لب بار بار جا کر دل کے چہرے پر اپنے لمس چھوڑ رہے تھے۔۔

دل کے چہرے پر اسفند کے گرم گرم لمس دل کو گہری نیند میں بھی جھلسا رہے تھے۔اسفند خود کو نہیں روک پا رہا تھا وہ حد سے زیادہ بے چین ہو کر دل کے چہرے کو چومتے ہوئے اس کے لبوں پر آ گیا وہاں پر اپنی شدتیں لٹانے لگا۔اس کی پیاس بجھنے کا نام ہی نہیں لے رہی تھی بجھتی بھی کیسے اتنے مہینوں کی پیاس تھی۔

وہ دل کی گردن پر اپنے لمس چھوڑنے لگا دل کی بیوٹی بون کو چومتے ہوئے اسفند نے دل کے دل والے مقام پر اپنے لب رکھ دیے۔

جس سے دل کی نیند میں ہی سانسیں تیز ہونے لگی تھیں۔اسفند کے سلگتے ہوئے لبوں میں اس وقت اتنی تپش تھی دل نیند میں ہی سسکیاں لے رہی تھی۔

دل کی سسکیاں اسفند کی بے تابیوں کو اور بڑھا رہی تھی اتنے مہینوں کے بعد آخر اس کا محبوب اس کے باہوں میں تھا تو اسفند صبر کرتا بھی تو کیسے اس کی جان سے پیاری بیوی جس پر وہ پورا حق رکھتا تھا۔
خود کو روکنے کی کوئی وجہ بھی تو نہیں تھی وجہ تھی تو صرف اتنی کے وہ اپنی دل کو پورے ہوش و حواس میں اپنے قریب لا کر اس پر اپنی شدتیں لٹانا چاہتا تھا۔

آخر کار وہ اسفند شہریار تھا جس کا خود پر پورا کنٹرول تھا خود کو دل کے اتنے قریب لے جا کر ڈوبنے سے چند سیکنڈ پہلے ہی خود کو واپس کنارے پر لے آیا اور ٹھنڈی سانس بھر کر دل کو اپنے ساتھ لگا کر سونے کی کوشش کرنے لگا۔

دل جلدی سے ٹھیک ہو کر ہوش میں آؤ قسم سے کوئی رائیت نہیں دوں گا۔۔
اپنے ہر ایک لمحے کا تمہارے اس نازک سے وجود سے حساب لوں گا بہت تڑپا ہوں اکیلے راتوں میں دل تمہارے لیے میں۔۔

وہ دل کے گال کو چومتے ہوئے دل کو ساتھ لگائے ہوئے ہلکی سرگوشی سے بول رہا تھا۔۔

پتہ نہیں کتنی مشکل کے بعد اسفند کو آخر کار نیند نے اپنی آغوش میں لے ہی لیا۔۔

ابھی اسے لیٹے ہوئے کچھ وقت ہی گزرا تھا کہ اس کے فون کی رنگ ٹون بج اٹھی جسے ٹائیگر نے بڑی ناگوار نظروں سے آنکھیں کھول کر دیکھا

ٹائیگر کو اچھی طرح سے اندازہ تھا کہ اس وقت فون کرنے والی ہستی کون سی ہے اس لیے اس نے فون نہیں اٹھایا فون پھر بجا تو ٹائیگر نے کال کاٹ کر فون کو سائیڈ پر رکھ دیا۔

جب تیسری بار رنگ ٹون بجی تو ٹائیگر نے فون اٹھایا اور غصے سے چیختے ہوئے بولا کیا اب کوئی مر گیا ہے جو تم مجھے بار بار فون کر رہے ہو اسد خان ٹائیگر کے

چیخنے پر نیند سے بیدار ہو کر دل اپنی آنکھیں ملنے لگی اسے دوائیوں کی وجہ سے یہ تو یہ سمجھ آرہا تھا کہ کیا ہو رہا ہے اور کیا نہیں۔

مگر وہ روزرات کو دوائیوں کے اثر میں اسفند کو تصور میں محسوس کرتی تھی دیکھتی تھی اسے پیار کرتی تھی اور اس کے ساتھ گلے میں باہیں ڈالے ہوئے سو جاتی تھی اور آج بھی وہ وہی کر رہی تھی۔

اس کے خیال سے اسفند آج بھی اس کے تصور میں ہی تھا اس لیے نیند سے بیدار ہو کر بیٹھ کر دل اسفند کے چہرے کو اپنے لبوں سے چومتے ہوئے سر بچوں کی طرح دائیں بائیں ہلا کر ہنسنے لگی۔

یہ اس نے ایک بار نہیں کیا تھا دل یہ عمل بار بار دہرا رہی تھی ایک طرف تو اسد کی کال چل رہی تھی تو دوسری طرف دل دوائیوں کے زیر اثر رومینٹک موڑ میں آچکی تھی۔ وہ اسفند کو بار بار گالوں پر کس کیے جا رہے تھے اسفند کی حالت اس وقت اتنی قابل رحم تھی نہ تو وہ غصہ کر پا رہا تھا اور

نہ پیار کر پا رہا تھا۔ بھائی پر غصہ کرنا چاہتا تھا اور بہن پر پیار کرنا چاہتا تھا مگر اس وقت وہ دونوں کام ہی صحیح طریقے سے نہیں کر سکتا تھا اگر بھائی پر غصہ کرتا تو بہن ڈر جاتی اور اگر بہن سے پیار کرتا تو بھائی شرما جاتا۔

اسفند اس وقت بڑی ہی کڑی سچویشن میں پھنس گیا تھا اسد فون بند کرو میں تم سے صبح بات کروں گا اسفند اس وقت کال بند کر کے دل کا رومینٹک موڈ محسوس کرنا چاہتا تھا۔

مگر اسد تھا کہ فون بند کرنے کو تیار نہیں تھا نہیں ٹائیگر تم مجھے بتاؤ کہ اس وقت تم کہاں ہو اور دل کو تم کیوں لے کر گئے ہو تمہیں اچھے سے پتہ ہے کہ اس وقت کتنا خطرہ ہے پھر بھی تم دل کو لے کر اس طرح سے ہاسپٹل سے نکل گئے۔

ہاں تو اپنی بیوی کو لے کر آیا ہوں اس میں تمہیں اتنی تکلیف کیوں ہو رہی ہے اور تم تو اپنا منہ بند ہی رکھو دل کی جو حالت تم نے کر دی ہے اس کا جواب طلب تو میں ضرور کروں گا تھوڑی ٹھنڈ رکھ۔

اتنا بڑا جھوٹ تم نے مجھ سے بولا کہ دل بالکل ٹھیک ہے اور میری موت کی خبر سن کر دل سنبھل گئی ہے میرا دل تو اسی دن اس بات کو ماننے کے لیے تیار نہیں تھا اسی لیے میں تمہارے اس چنگل سے نکل کر آیا ہوں۔

ورنہ تو پتہ نہیں تم لوگ میری دل کو اور کتنی دیر تک اس اذیت میں رکھتے ۔۔یار ایسا کچھ نہیں ہے میں دل کو نہیں بتا سکتا تھا کہ تم زندہ ہو کیونکہ ہر جگہ دشمن پھیلے ہوئے تھے اور دل روز اپنے آپ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرتی تھی میں نے یہ سب کچھ دل کی حفاظت کے لیے کیا ہے دل جب ہوش میں آئے گی تو تمہیں اندازہ ہو جائے گا کس کی ذہنی حالت اس وقت کتنی خراب ہے۔۔

تم اپنی بکواس بند رکھو کچھ بھی نہیں اس کے ذہنی توازن کو میں اسے خود ٹھیک کرلوں گا اور دربارہ دل کے لیے اس طرح کا کوئی جملہ مت بولنا۔
اسفند یہ مت بھولو وہ میری بھی بہن ہے میں اس کے لیے کچھ بھی غلط نہیں سوچ سکتا یار اتنا تو یقین رکھو مجھ پر۔

مجھے اس وقت تمہاری کوئی دلیل نہیں سننی ہے تم فون بند کرو۔
اسفند کے فون بند کرنے کی بڑی حد تک وجہ یہ بھی تھی کہ اس وقت دل بے بی فل رومینٹک موڈ میں تھی۔

کیا لگتا ہے کہ تم اس طرح سے دل کو وہاں سے لے کر نکل آئے ہو تو ان کو پتہ نہیں چلا ہو گا اسفند کیوں خود کے لیے مسائل کھڑے کر رہے ہو کیوں دل کی جان کے لیے خطرہ خود پیدا کر رہے ہو۔۔

اپنی بکواس بند کرو مانا کہ ایک بار غلطی ہو گئی تو اس کا یہ مطلب ہر گز نہیں ہے کہ ٹائیگر اپنی بیوی کا خیال نہیں رکھ سکتا۔

اگر میرے ہوتے ہوئے اس کی جان کو خطرہ ہو تو لعنت ہے میرے اتنے پاور فل ہونے پر اور تم یہ جو مجھے تبلیغ کرنے کے لیے فون کرتے ہو تو آج کے بعد فون مت کرنا۔ بس کچھ کام ہیں یہاں پر جو میں نپٹالوں اس کے بعد میں دل کو لے کر سوئٹزر لینڈ جا رہا ہوں اور جب تک دل ٹھیک نہیں ہو جائے گی میں اسے لے کر واپس نہیں آؤں گا۔

اس بار بتا کر جا رہا ہوں مجھے اپنے دل ہر حال میں ٹھیک چاہیے ٹائیگر نے فیصلہ کن انداز سے اسد سے کہا اسد لاجواب ہو گیا۔ کیونکہ اسے پتہ تھا کہ ٹائیگر اب وہی کرے گا جو اس کے دماغ میں ہے تو اس لیے سر کھپانے کا ذرا سا بھی کوئی فائدہ نہیں تھا۔

ٹھیک ہے ٹائیگر تم چلے جاؤ مگر ساتھ میں سلیم کو لے کر جاؤ تمہارے ساتھ اگر سلیم ہو گا تو مجھے بھی سکون رہے گا۔

میں کسی کو بھی ساتھ لے کر نہیں جاؤں گا اس بار میں اپنی دل کی حفاظت خود کر لوں گا۔۔

تمہیں کیا لگتا ہے اسد خان کہ تمہارے بنا میں دل کی حفاظت نہیں کر سکتا۔

دیکھو ٹائیگر میں ایسا کچھ بھی نہیں کہہ رہا تم فون بند کرو ٹائیگر نے اسد سے کہا مگر اسد کے کہنے سے پہلے ہی ٹائیگر فون بند کر چکا تھا۔ کیونکہ دل جو کر رہی تھی اس کی وجہ سے ٹائیگر سے بالکل بات تو نہیں ہو پا رہی تھی دل اسفند کے پیٹ کے اوپر بیٹھی ہوئی تھی۔ اور اپنا چہرہ اسفند کے چہرے پر جھکائے ہوئے اپنے نازک سے ہونٹوں سے اسد کی گالوں آنکھوں اور ناک پر کس کیے جا رہی تھی۔۔

اسفند کے انابی لب مسکرا رہے تھے دل میں میرا بچہ یہ آپ کیا کر رہے ہو میں آپ کو پیار کر رہی ہوں۔اور آپ کو نہیں پتہ میں روز آپ کو اسی طرح پیار کرتی ہوں اور آپ کوئی چھوٹے بچے ہیں جو بھول جاتے ہو۔

اسفند کے پوچھنے پر دل بچوں کی طرح جواب دیتے ہوئے اپنا کام جاری رکھے ہوئے تھی۔۔

اچھا جی تو میری جان کس طرح سے مجھے روز پیار کرتی تھی اور بتائیں اور کیا کیا کرتی تھی آپ۔۔

دل کی معصوم سی باتیں سن کر اسفند کو سکون آ رہا ہے تھا اس کی یہ معصومیت بھری باتیں اس نے پچھلے کتنے مہینوں سے نہیں سنی تھیں۔آپ

کو نہیں پتہ کہ میں کیا کرتی تھی وہ اس طرح سے پوچھ رہی تھی حیرانگی کے ساتھ جیسے اسفند ہر وقت اس کے ساتھ تھا۔

نہیں مجھے تو نہیں پتہ کہ آپ کیا کرتی تھی آپ بتائیں مجھے میں آپ کو روز بہت سارا پیار کرتی تھی وہ بچوں کی طرح بولتے ہوئے آنکھیں چھوٹی کر کے کمر پر ہاتھ رکھے ہوئے بالکل بچی ہی لگ رہی تھی۔ ٹھیک ہے تو پھر تھوڑا سا پیار یہاں پر بھی کرونا اسفند اپنے ہونٹوں پر انگلی رکھتے ہوئے بولا نہیں میں یہاں سے پیار بالکل نہیں کر سکتی یہاں پر سرف گندے لوگ پیار کرتے ہیں۔

اسفند کے لیے نئی جنرل نالج دل نے تیار کی تھی جسے سن کر اسفند نے دل کو آنکھیں دکھائی ایسے نہیں کہتے یہاں سے پیار کرنا ہی تو سب سے اچھی بات ہوتی ہے اور جو شوہر اپنی بیویوں کے ساتھ بہت سارا پیار کرتے ہیں وہ تو صرف یہاں پر ہی اپنا حق جتاتے ہیں ۔۔ آؤ میں آپ کو کر کے دکھاؤں

اسفند کہتا ہوا اس کی گردن میں ہاتھ ڈال کر اس کے چہرے کو اپنے لبوں کے قریب کر کے اپنے حسرتی لبوں کو سکون دینے ہی والا تھا

کہ دل نے اپنا ہاتھ اسفند کے منہ پر رکھ دیا آپ ایسا کوئی گندا کام نہیں کر سکتے ہو دل آدھی سوئی ہوئی اور آدھی جاگی ہوئی۔

الگ الگ طرح کے کارنامے کر کر کے اسفند کو ہنسائے جا رہے تھے اسفند دل کو اپنے پیٹ سے اتار کر بیڈ پر لٹاتے ہوئے خود کروٹ لے کر اس کے اوپر آگیا۔ کیونکہ دل اتنی اچھل کود کر رہی تھی کہ ویسے تو اسفند کے پیٹ سے وہ کبھی بھی اٹھنے کو تیار نہ ہوتی کیونکہ دل کو شاید دوپہر والی ڈوز دوائی کی دی۔۔

دل کو شاید دوپہر والی دوائی کا جو ڈوز دیا گیا تھا اس پر اسی کا اثر تھا شام کی ڈوز جو ڈاکٹر دینے آئی تھی اس سے پہلے تو اسفند پہنچ گیا تھا۔ نرس کے ہاتھ سے دوائیوں والی ٹرے تو زمین پر گر گئی تھی اس لیے شاید دل پر دوائی کا اثر کم

ہونے لگا تھا اوپر سے اسفند کا چیخنا دل کی نیند کو پوری طرح سے بیدار کر گیا تھا

۔

اب دل الگ الگ طرح کے کارنامے کر کر کے اسفند کو دکھا رہی تھی مگر اسفند کا دل اس وقت کچھ اور ہی چاہتا تھا۔اس لیے دل کو بیڈ پر لٹا کر خود دل کے اوپر لیٹ گیا دل آپ نے مجھے کتنا یاد کیا۔۔

دل دونوں ہاتھ پھیلا کر بولی اتنا زیادہ یاد کیا۔ چلیے پھر اپنے لبوں سے یہاں پر کس کر کے بتائیے کہ آپ نے مجھے کتنا یاد کیا پھر میں یقین کروں گا اسفند اپنے لبوں پر رکھتے ہوئے بولا۔

میں نہیں کروں گی مجھے بہت شرم آتی ہے دل اپنے دونوں ہاتھ اپنے چہرے پر رکھ کر بول رہی تھی۔ہائے میری جان آپ کی اسی ادا پر اسفند شہریار

ہزاروں بار قربان ہونے کو تیار ہے۔ مگر دل کیا آپ ذرا دیر کے لیے شرمانا چھوڑ کر اپنے شوہر کو سکون نہیں بخش سکتی ہیں۔

آپ کو پتہ ہے آپ روزانہ گندی باتیں نہیں کرتے آج آپ کو کیا ہو گیا ہے دل اپنے چہرے پر ہاتھ رکھے ہوئے بول رہی تھی۔ کیونکہ اسفند کی جان روز جو اسفند آپ کے تصور میں آکر آپ کی خوابوں کی دنیا کو سجائے ہوئے ہوتا ہے وہ آپ کا خود کا تیار کیا ہوتا ہے تھا۔ مگر اس وقت آپ کے ساتھ اور یجنل اسفند شہریار ہے تو اسفند کی جان یہ اسفند شہریار وہی کرے گا جو اس کا دل چاہے گا اس لیے ذرا یہ اپنی شرم وحیا چھوڑ کر کھل کر پیار کریں ورنہ مجھے کرنے دیں۔

اسفند دل کے ہاتھوں کو اس کے چہرے سے ہٹا کر خود سے دل کے لبوں پر جھکا اور اپنے سلگتے ہوئے لبوں کو دل کے مخملی ٹھنڈے ٹھنڈے ہونٹوں سے پر سکون کرنے لگا۔

وہ اس کے ہونٹوں کی نمی کو پیتے ہوئے اپنی پیاس بجھانے لگا مگر وہ ہر لمحے کے ساتھ اپنی پیاس کو بڑھتے ہوئے محسوس کر رہا تھا۔۔

پیاس تو مٹنے کا نام ہی نہیں لے رہی تھی مگر وہ اس سے زیادہ دل کے نزدیک نہیں جا سکتا تھا کیونکہ دل اس وقت فزیکل طور پر ٹھیک نہیں تھی۔ یہ اس کی حالت دیکھ کر اسفند کو نظر آ رہا تھا وہ اپنے دل کو اپنی وجہ سے کسی تکلیف میں نہیں ڈال سکتا تھا اس لیے اپنے جذباتوں کے ٹھاٹھیں مارتے ہوئے سمندر کو باندھ لگاتے ہوئے

ساری رات دل کے ساتھ بہت ساری باتیں کرتا رہا دل بھی اسے اپنی بہت سارے قصے کہانیاں سنا رہی تھی۔۔

مگر وہ سچ میں دماغی طور پر ٹھیک نہیں تھی۔ یہ اس کی باتوں سے صاف نظر آرہا تھا اس نے اسفند کے آنے پر ملنے پر نارمل ساری ایکٹ کیا جیسے اسفند کبھی اس سے دور گیا ہی نہ ہو ہوا۔

اسفند نے دل کے چہرے پر اپنے لبوں کے لمس چھوڑنے کے سوا اور اس سے اپنے سینے سے لگانے کے علاوہ زیادہ اس کے نزدیک نہیں گیا تھا۔ صبح فجر کی نماز پڑھنے کے بعد دل کو لے کر وہ کچھ دیر آرام کرنا چاہتا تھا پوری رات دل نے اپنی معصوم اور چھوٹی چھوٹی باتوں سے اسفند کو سونے نہیں دیا تھا۔

اس لیے دونوں سو گئے کیونکہ اسفند نے ڈاکٹر کے ساتھ ہوٹل میں میٹنگ رکھی تھی جہاں پر اسے دل کا چیک اپ کروانا تھا اس لیے اسفند کچھ دیر آرام کی نیت سے دل کو ساتھ لے کر سو گیا تھا۔

شمس خان پٹھانوں کے نام پر تم لعنت ہو پٹھان تو غیرت مند ہوتے ہیں
غیرت ان کے خون میں شامل ہوتی ہے مگر تمہاری تو رگ رگ میں صرف
بے غیرتی ہے تم سر سے لے کر پیروں تک بے غیرت انسان ہو اسد نے
شمس خان کو آخر کار اپنی گرفت میں لے ہی لیا تھا۔

شمس خان اسد کا سگا چچا تھا جس نے اسد کے باپ کو بچپن میں ہی مروا دیا تھا
اور اس کی دو سالہ بہن نور کو بچپن میں ہی اغوا کروا کر اپنے ہر کام میں
ملوث ساتھی اور گھٹیا دوست صفدر کو اور اس کی بیوی کو سونپ دیا تھا۔
اس کی بے غیرتی یہاں پر بھی نہیں رکی تھی اس نے نور کو 17 سال کی عمر
میں دبئی کے سمگلروں کو بیچ دیا تھا۔

وہ تو اسد خان کے نیک ماں باپ کی دعائیں تھی جو نور صحیح وقت پر جا کر اسد اور اسفند کے ہاتھ لگ گئی اور اس کی عزت محفوظ رہ گئی تھی۔

اسد پچھلے کتنے مہینوں سے اس پر شکنجہ تنگ کر رہا تھا جب سے اس نے دل پر حملہ کروایا تھا اسد کے ٹیم ممبر ہر طرف پھیلے ہوئے تھے آج اتنے مہینوں کی محنت آخر کار رنگ لے آئی اور اس نے شمس کو پکڑ لیا تھا۔

صفدر کے ٹکڑے تو ٹائیگر پہلے ہی کر چکا تھا۔ اسد اس وقت ٹائیگر کا انتظار کر رہا تھا کیونکہ وہ ٹائیگر کے بنا کوئی سٹیپ نہیں لے سکتا تھا۔

آخر ٹائیگر ٹیم کی جان تھا اسد کا بیسٹ فرینڈ پوری ٹیم بنا ٹائیگر کے کسی انسٹرکشن کے کوئی کام خود سے نہیں کر سکتی تھی۔۔

بے شک ٹائیگر اسد کے ساتھ بہت زیادہ فرینک تھا اور اسد اس کا بہنوئی بھی تھا مگر پھر بھی حکم صرف ٹائیگر کا ہی چلتا تھا کیونکہ ٹائیگر جس پوسٹ پر تھا پوری ٹیم کو اس کو کے کہے مطابق ہی چلنا پڑتا تھا۔

اسد اس وقت بھی ٹائیگر کا انتظار صرف اس لیے کر رہا تھا کہ وہ شمس کا کام تمام کر سکے اسد کے اندر ابال اٹھ رہے تھے۔

اس وقت جس کو وہ ٹھنڈا کرنے کے لیے شمس کو رسیوں کے ساتھ جکڑ کر الٹا لٹکائے ہوئے اس پر کسی پولیس والے کی طرح ڈنڈے برسا رہا تھا۔

شمس خان کے جگہ جگہ سے کپڑے پھٹ چکے تھے اور پھٹے ہوئے کپڑوں سے اس کا خون الود جسم نظر آ رہا تھا کئی جگہ سے اس کے جسم کے چیتھڑے اڑ چکے تھے۔۔

اس کی چیخیں پورے ٹارچر روم میں گونج رہی تھی اسد نے اس کو دبئی میں ہی پکڑا تھا ابو دبی کے ایک کلب میں بیٹھا ہوا وہ شراب سے دھت تھا اور لڑکیوں کے ساتھ رنگ رلیاں منا رہا تھا۔

جب اسد نے اپنے ٹیم کے ساتھ اس کے سر پر پہنچ گیا اسد کو دیکھ کر اس کے طوتے اڑ گئے تھے بھاگنے کے لیے اٹھ کر کھڑا ہوا تھا کہ اسد اس کا گریبان پکڑ کر اس کو گھسیٹتا ہوا گاڑی تک لے گیا۔۔

اور اسد کی ٹیم شمس کے گارڈ کا کام تمام کر چکی تھی اسد نے پاکستان سے صفدر کی بیوی اور اس کے بھانجے علی کو بھی یہیں پر بلوا لیا تھا۔

تا کہ ایک ہی جگہ پر ان تینوں کا کام تمام ہو سکے بے شک یہ اسد کے گنہگار تھے مگر دل کی وجہ سے ٹائیگر کو علی اور صفدر کی بیوی پر جو قہر ڈھانا تھا وہ حق اسد اس سے چھین نہیں سکتا تھا۔

اسد پچھلے دو گھنٹوں سے لگاتار شمس کو الٹا لٹکائے ہوئے اس کے جسم کے چیتھڑے اڑا رہا تھا مگر اس کو پھر بھی صبر نہیں آ رہا تھا۔ اسد کو وہ وقت بار بار یاد آ رہا تھا جب وہ اس کی پاک دامن ماں پر گندی نظر ڈالتا تھا گھٹیا انسان نے جب اس کی پاک دامن ماں کے ساتھ زبردستی کرنے کی کوشش کی تھی

۔۔

اسد کی نظروں کے سامنے وہ منظر بھی بار بار آرہا تھا جب اس کا باپ خون سے لت پت گاڑی کے اندر پڑا تھا۔۔جب اس کی ماں دونوں بہن بھائیوں کو خون میں لت پت پڑی ہوئی اپنے سینے سے لگائے ہوئے تھی۔

اسد کے سامنے وہ وقت بھی بار بار آرہا تھا جب وہ پاگلوں کی طرح سڑک پر ہیلپ ہیلپ چلا رہا تھا تو اس کی چھوٹی سی معصوم بہن نور کو اس کتے نے اغوا کروادیا تھا۔۔

معصوم سے دو سال کے نور روتے ہوئے اسد کو دیکھ کر اس کی طرف ہاتھ ہلا رہی تھی وہ اپنے بھائی کے پاس آنا چاہتی تھی۔

مگر اس کتے کو اس بچی پر ترس نہیں آیا اور وہ اسے گاڑی میں بٹھا کر اس سے دور لے گیا اسد اپنی بہن کو خود دور جاتے ہوئے اپنی آنکھوں سے دیکھتا رہا۔

اسد کیسے بھول جاتا اپنا سارا بچپن جو اس نے اپنوں کے بغیر گزارا تھا بے شک شہریار صاحب اور اسد شہریار نے اسے کبھی اپنوں کی کمی محسوس نہیں ہونے

دی۔ مگر خون کے رشتے جب خود سے دور ہوتے ہیں تو بندہ اندر تک ٹوٹ جاتا ہے۔

بے شک اسد اس وقت سٹیبل ہو گیا تھا اور وہ خود کے پیروں پر کھڑا تھا مگر آج شمس کو سامنے دیکھ کر اسد کے سارے پرانے زخم تازہ ہو گئے تھے۔

مجھے معاف کر دو اسد میں تمہارے باپ کا بھائی ہوں اللہ کے واسطے مجھے معاف کر دو مجھ سے غلطی ہو گئی شمس گڑگڑا کر رو رو کر اس سے معافیاں مانگ رہا تھا۔۔

کس کس چیز کی معافی مانگے گا تو گھٹیا انسان کس چیز کے لیے معاف کروں تجھے اپنی پاک دامن ماں پر گندی نظر ڈالنے کے لیے معاف کروں تجھے کتے۔۔۔

یا اپنی معصوم بہن کو اغوا کرنے کے لیے معاف کروں گھٹیا انسان یا میرے باپ کو مروانے کے لیے معاف کروں بے غیرت تو کس کس بات کی معافی مانگے گا۔۔

اسد شمس کی معافی والی بات سن کر پھر سے تیش میں آگیا تھا۔

ڈنڈا اٹھا کر دھاڑ دھاڑ اس پر برسانے لگا اسد کا پورا جسم پسینے سے بھیگا ہوا تھا نہ جانے کتنے سالوں بعد اسد اتنے غصے میں تھا۔

بے شک اسد دشمنوں پر قہر بن کر برستا تھا مگر اسد کو غصہ اس طرح کم ہی آتا تھا کیونکہ یہ پوسٹ توٹا ئیگر کے پاس تھی اس لیے اسد تو ہمیشہ خود کو پر سکون ہی رکھتا تھا۔۔

اسد اسد ریلیکس ہو جاؤ ٹائیگر اپنے مغرور انداز سے چلتے ہوئے ٹارچر روم میں پہنچ چکا تھا۔

مگر آج پہلی بار ایسا ہوا تھا کہ اسد نے ٹارچر روم میں ٹائیگر کو ویلکم نہیں کیا تھا۔۔

کیونکہ اسد اس وقت اپنے آپے سے باہر تھا۔۔ٹائیگر آتے ہی اسد کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر اسے آواز دیتے ہوئے ریلیکس کرنے کی کوشش کر رہا تھا مگر اسد تھا کہ اپنے ہاتھ سے ڈنڈا چھوڑنے کے لیے تیار ہی نہیں تھا بہت مشکل سے ٹائیگر نے اسد کو تھوڑا ریلیکس کر کے صوفے پر بٹھایا تھا۔۔

دوسرے دونوں کہاں ہیں اسد کو صوفے پر بٹھا کر ٹائیگر نے صفدر کی بیوی جس نے اتنے سال دل کو اپنے پاس رکھا اور اس کے بعد اس کا سودا کر کے اسے بیچ دیا تھا اور ساتھ میں اس کے بھانجے علی کا پوچھ رہا تھا۔

ساتھ والے روم میں بند ہیں اسد نے بس تھوڑا سا جواب دیتے ہوئے کہا۔اسد تھوڑے ریلیکس ہو جاؤ خود کے دماغ پر اتنی ٹینشن حاوی مت کرو اسفند کو بیچ میں اس وقت اسد کی بے حد فکر تھی۔

آخر کو وہ یار تھا اس کا اکلوتا تو فکر کیسے نہ ہوتی ہمیشہ تو اسد اپنی خوش مزاجی سے ٹائیگر کو کول رکھتا تھا۔۔

اگر آج اسد اتنے غصے میں تھا تو اسفند اپنے آپ کو ریلیکس کیے ہوئے کھڑا تھا تاکہ وہ اپنے یار کو کول کر سکتا۔۔۔۔۔ٹائیگر پلیز مجھے اجازت دو تاکہ میں اس کتے کے ٹکڑے کر سکوں مجھ سے صبر نہیں ہو رہا اسد پھر سے صوفے سے اٹھ کھڑا ہوا۔۔۔۔

ٹائیگر اپنی کمر پر ہاتھ باندھے ہوئے کھڑا تھا اپنی پلکوں کو جھپکا کر ٹائیگر نے اوکے کا اشارہ دیا۔۔۔

تو اسد ٹارچر روم میں پڑے ہوئے اوزاروں میں سے ڈرل مشین کو اٹھاتے ہوئے شمس کے پاس لے گیا اور ڈرل مشین کو اون کر کے اس کے جسم میں جگہ جگہ سوراخ کرنے لگا جس سے پورے ٹارچر روم میں شمس کی چیخیں گونج رہی تھی۔۔۔۔

مگر اسد کو کسی طور بھی صبر نہیں آ رہا تھا وہ ایک جگہ سے ڈرل مشین کو باہر نکالتا تو دوسری جگہ گھسیڑ دیتا تھا۔۔

شمس کے جسم سے جگہ جگہ خون کے فوارے اٹھ رہے تھے کچھ ہی دیر میں شمس زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے۔۔۔

شمس کی روح پرواز کر چکی تھی مگر اسد نے اپنا کام جاری رکھا ہوا تھا۔

ٹائیگر نے آگے بڑھ کر اسد کے ہاتھ سے زبردستی ڈرل مشین لے کر رکھتے ہوئے۔۔

اسے کھینچ کر اپنے گلے لگایا کیونکہ اس وقت اسد کو اپنے یار کی بہت ضرورت تھی اسد میرے یار بس یہ آخری کام تھا۔۔۔

جو تم نے کر لیا بس آج کے بعد تمہاری زندگی میں پچھلا کوئی عکس بھی نہیں رہ جائے گا۔۔آج انکل اور آنٹی کی روح کو بھی سکون مل جائے گا۔۔

بس اب خود کو ٹینشن سے باہر نکالو اسفند اسد کو گلے لگا کر اسے پر سکون اور نارمل کر رہا تھا۔۔

اب باری تھی صفدر کی بیوی لالچی عورت کی اور اس کے بھانجے کی جو اسفند کے گنہگار تھے۔۔۔

کیونکہ ان کی وجہ سے دل بہت دیر تک اسفند سے دور رہی تھی۔۔

اسفند یہ تو نہیں جانتا تھا کہ دل کی زندگی میں ایسا کیا ہوا تھا جس کی وجہ سے وہ اسفند کو بے حد پیار کرنے کے باوجود اپنے نزدیک نہیں آنے دیتی تھی۔۔

مگر ٹائیگر کی شاطر نظر اتنا تو سمجھتی تھی کہ کچھ نہ کچھ تو ایسا ہوا تھا اس لیے ٹائیگر اسے اپنے ہاتھوں سے سزا دینا چاہتا تھا۔۔۔

ٹائیگر اور اسد دونوں ٹارچر روم سے نکل کر ساتھ والے ٹارچر روم میں چلے گئے۔۔

جہاں پر وہ خالہ اور بھانجا دونوں زمین پر ایک کونے میں بیٹھے ہوئے تھے ٹائیگر اسد کو اندر آتے ہوئے دیکھ کر کھڑا ہو گیا۔

ٹائیگر اسد کی جوڑی تو ایسی تھی جو بڑے بڑے مجرموں کو ہلا دیتی تھی تو یہ تو چھوٹے چندی چور مجرم تھے۔۔۔ان کی جان نکلنا تو بنتی تھی۔۔۔

جیسے ہی دونوں اندر گئے وہ لالچی عورت بھاگ کر اسد اور ٹائیگر کے قدموں میں آکر بیٹھ گئی مجھے معاف کر دو میری کوئی غلطی نہیں ہے مجھے تو جس طرح میرے شوہر نے کہا میں نے وہ کر دیا۔۔۔

خدا کے لیے مجھے معاف کر دو تم لوگ دل آویز سے پوچھ لو میں نے کبھی اس پر کوئی سختی کی ہو یا کبھی اس سے کچھ کہا ہو میں نے تو اسے ماں بن کر پالا ہے۔۔۔

وہ اپنی صفائیاں دے رہی تھی اسد نے غصے سے عورت کو اپنی ٹانگ سے جھٹک کر پیچھے کیا۔۔۔اپنی گھٹیا زبان سے میری بہن کو اپنی بیٹی مت کہنا اور نہ اس کی ماں بننے کی کوشش کرنا ہماری ماں ایک بہت پاکیزہ اور پاک دامن نیک اور شریف عورت تھی۔۔

تم سے میری ماں کا کوئی مقابلہ نہیں اور دوبارہ اس کو دل آویز کہہ کر مت بلانا ورنہ تمہارے اتنے ٹکڑے کروں گا کہ چیل کوے بھی تمہیں نہیں کھائیں گے۔۔۔

ٹائیگر دونوں ہاتھوں کو جیب میں ڈالے ہوئے بڑے مغرور انداز کے ساتھ کھڑا ہوا تھا علی تو ٹائیگر کے چہرے کو ہی دیکھے جا رہا تھا۔۔۔

وہ حیران تھا کہ دل آویز کا شوہر اس قدر حسین اور خوبرو نوجوان تھا۔۔

صاحب جی آپ دل کے شوہر ہو علی نے ٹائیگر سے سوال کیا ٹائیگر بنا جواب دے ہوئے اپنی آنکھوں میں دہشت سمیٹے ہوئے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

دیکھیے صاحب جی میں نے اس کے ساتھ کچھ غلط نہیں کیا۔۔

وہ تو خود ہی کردار کی بہت خراب لڑکی تھی میرے پیچھے سارا دن بھاگتی رہتی تھی میں نے اس کو کبھی گھاس نہیں ڈالا مگر پتہ نہیں اس نے آپ کو میرے بارے میں کیا بتایا ہے۔۔۔

آپ بھی اس کو دفع کریں آپ تو اتنے خوبصورت اور امیر ہیں آپ کو ہزاروں لڑکیاں مل جائیں گی۔۔

اس میں ایسا خاص کیا ہے ٹائیگر نے اپنے پاؤں سے اسے دھکا دیتے ہوئے اسے زمین پر گرا کر اپنا پیر اس کے سینے پہ رکھ دیا۔۔۔

اور پورے زور سے دبانے لگا تھا تو علی کو لگا کہ جیسے اس کا دل کسی گاڑی کے نیچے آگیا ہے اسے سانس نہیں آرہی تھی۔۔۔

کتے کی اولاد کس طرح سے تو نے اپنی گندی زبان سے میری بیوی کا نام لیا۔۔

بد کردار ہو گی تیری ماں جس نے تجھ جیسا کتا پیدا کیا میری بیوی کے کردار پر انگلی اٹھانے والا تو ہوتا کون ہے۔۔

اسفند اس کے سینے پر ٹانگیں مار مار کر اسے بے حال کیے ہوئے تھا۔

ٹائیگر نے پاس پڑے ہوئے تیز دار چاقو اٹھایا اور اس کی شاہ رگ پر جھٹکے سے وار کیا خون کے فوارے ٹارچر روم میں پھوٹ پڑے ایک ہی وار میں ٹائیگر اس کا کام تمام کر چکا تھا۔۔

اس کے بعد اس کی دونوں کلائیوں کو کاٹ کر کونے میں پھینکے کے بعد اب وہ اپنا فیورٹ مشغلہ کرنے والا تھا۔۔ کسی ماہر قصائی کی طرح اس کے سینے کو دو

وار سے ہی جیرتے ہوئے اس کے دل کو کھینچ کر باہر نکال کر اسے زمین پر پھینک کر اس کے دل کو پیروں تلے روند دیا۔۔۔۔

علی کی خالہ جو یہ سب کچھ اپنی آنکھوں سے دیکھ رہی تھی اسے یہ سب دیکھ کر ہارڈ اٹیک آگیا تھا اور وہ بھی ٹارچر روم کے اندر پڑی ہوئی تڑپ رہی تھی۔۔۔۔

اس کے منہ سے جھاگ نکل رہی تھی دونوں کو چھوڑ کر اسد اور ٹائیگر دونوں ٹارچر سے باہر آگئے باہر کھڑا ہوا سلیم سمجھ گیا تھا کہ اب اسے یہ سب گند اکھٹا کر کے صاف ستھرا کر چیل کے آگے ڈالنا ہے۔۔۔۔

آخر کار آج اسد کے بچپن کا بدلہ پورا ہو گیا تھا آج اسد خود کو بے حد ہلکا پھلکا محسوس کر رہا تھا آج وہ سر اٹھا کر اپنے بابا کے لیے دعا کر سکتا تھا وہ اپنے ماں باپ کے دشمنوں کو ختم کر چکا تھا۔۔۔

اسد اور ٹائیگر دونوں اپنے آفس روم میں آ چکے تھے کافی خاموشی کے بعد ٹائیگر کی آواز نے خاموشی کو توڑا۔۔۔

اسد میں دل کو لے کر سویٹزرلینڈ جا رہا ہوں یہاں پر سب کچھ سنبھال لینا اب کوئی خطرہ بھی نہیں ہے۔۔۔

ٹائیگر اس وقت اسد کا دھیان بٹانا چاہتا تھا کیونکہ اسد اب بھی وہی سب کچھ سوچ رہا تھا۔۔۔

تم آرام سے جا سکتے ہو مگر جانے سے پہلے ذرا مہربانی فرما کے میری بیوی کو بھی اپنا چہرہ دکھا دینا۔۔

اپنی بیوی کے لیے تو پوری دنیا کو آگ لگانے کے لیے تیار ہو اپنے یار پر تہمتیں لگانے کو بھی تیار ہو کہ میری وجہ سے تمہاری بیوی کی یہ حالت ہوئی ہے۔۔۔

مگر ایک میری بیچاری بیوی ہے جو اپنے بھائی کی شکل کے لیے ترس رہی ہے جس کو یہی پتہ ہے کہ اس کا بھائی اس دنیا سے کوچ کر گیا ہے۔۔۔

یہ بات تم تمیز کے دائرے میں رہ کر بھی مجھ سے کہہ سکتے تھے کیوں ساری تمیز کے دائرے صرف اسد کے لیے ہے اسفند جب چاہے اپنی تمیز کے دائرے پھلانگ سکتا ہے آج بہت دنوں کے بعد وہ دونوں بیٹھ کر اپنی دوستوں والی تکرار کر رہے تھے پتہ نہیں کتنی دیر وہ آفس روم میں بیٹھے ہوئے آپس میں بحث اور تکرار کر رہے تھے۔۔۔۔

ٹھیک ہے میں رات کو دل کو لے کر چکر لگاؤں گا مگر وعدہ نہیں کر رہا کیونکہ آج میری میٹنگ ہے دل کے ڈاکٹر کے ساتھ تو میں پوری کوشش کروں گا۔ آنے کی اور اب میں چلتا ہوں کیونکہ میں دل کو سوتا ہوا چھوڑ کر آیا تھا۔۔۔۔

اس نے پتہ نہیں ناشتہ کیا ہے یا نہیں اسفند کی دل کے لیے فکر دیکھ کر۔
اسد کو بھی فوراً سے مسکان کا خیال آیا کیونکہ وہ بھی تو صبح مسکان کو سوتے
ہوئے چھوڑ کر ہی گھر سے نکلا تھا۔

دونوں شہزادے اپنی بیویوں کی فکر میں گھل رہے تھے اور اپنے گھر کی راہ پکڑ
چکے تھے۔۔۔۔۔۔،

اسفند جب ہوٹل کے روم میں واپس آیا تو دل ابھی تک سو رہی تھی دل
دوائیوں کی وجہ سے کچھ زیادہ ہی سوتی تھی اسفند آہستہ سے دل کے پاس بیڈ
پر بیٹھا گیا اور اپنے ہونٹوں سے بڑی نرمی کے ساتھ اس کے ماتھے چومتے

ہوئے بولا میرا بچہ ابھی تک سو رہا ہے۔۔۔ مگر دل گہری نیند میں تھی اس نے کوئی جواب نہیں دیا۔۔۔

ٹائیگر فریش ہونے کے بعد نیچے ڈاکٹر کے ساتھ میٹنگ کے لیے چلا گیا تھا ۔۔ جہاں پر ڈاکٹر نے اسے یہ بتایا کہ دل کی ساری رپورٹس دیکھنے کے بعد وہ اس نتیجے پر پہنچا ہے کہ ڈپریشن کی وجہ سے مریض کے دماغ کی بہت ساری نسیں ڈیمج ہیں۔۔۔

ٹائیگر ڈاکٹر کی بات سن کر بہت زیادہ پریشان ہو گیا تھا کیونکہ اسے اس حد تک اندازہ نہیں تھا کہ دل کی سچویشن اس وقت اتنی خراب ہے۔۔ ڈاکٹر آپ مجھے حل بتائیں میں دنیا کے کسی کونیں میں بھی اپنی بیوی کو لے کر جا سکتا ہوں۔۔ بس آپ کو اسے ہر حال میں ٹھیک کرنا ہو گا۔۔۔

ٹائیگر کی بات سن کر ڈاکٹر نے بہت تحمل سے ٹائیگر کو سمجھانا شروع کیا۔
آپ کی وائف کو علاج کے ساتھ ساتھ بہت زیادہ ایکسٹرا کیئر کی بھی
ضرورت ہے۔۔
ان کا دماغ اس وقت کسی چھوٹے بچے کی طرح سوچتا ہے جس طرح بچہ کسی
بھی بات پر جب ضد کرتا ہے تو اسے پیار سے اس کے مطابق سمجھایا جاتا۔۔۔

آپ کی وائف نے آپ کی مسنگ کا بہت گہرا صدمہ لیا تھا جس کی وجہ سے
ان کا دماغ کافی حد تک ڈیمج ہوا ہے۔۔۔

مگر ان کا علاج کافی اچھا کیا گیا ہے جس کی وجہ سے ان کی حالت زیادہ خراب
نہیں ہوئی ورنہ ایسے مریض تو بہت جلد اپنا دماغی توازن کھونے لگتے ہیں۔

آپ مجھے علاج بتاؤ ڈاکٹر ڈراؤمت۔۔۔آپ کی وائف کا سب سے بڑا علاج یہ ہے کہ ان کو ڈپریشن سے دوور رکھا جائے۔۔۔۔یہی علاج ہے ایسے ہزاروں مریض ہم نے پاگل ہوتے ہوئے اور اپنا ذہنی توازن کھوتے ہوئے دیکھے ہیں۔۔۔

کیونکہ 99% مریضوں کے گھر والے ان کی وہ کیئر کر نہیں پاتے جس کی مریض کو ضرورت ہوتی ہے۔۔۔۔۔ایسے مریضوں کا علاج دوائیوں سے کہیں زیادہ ان کی کیئر ہوتا ہے ایسے مریضوں کو بہت محبت کی ضرورت ہوتی ہے۔۔۔اور آپ کی مسز کے کیس میں تو انہیں صرف آپ کی محبت کی ہی ضرورت ہے۔۔

مریض کو ایک پر سکون ماحول چاہیے ہوتا ہے۔اکثر مریضوں کی دماغی حالت خراب ہونے کی بڑی حد تک وجہ یہ بھی ہوتی ہے کہ ارد گرد کا ماحول ان کے

مطابق نہیں ہوتا اور گھر میں بہت سارے لوگ موجود ہوتے ہیں۔۔جو مریض کے ساتھ وہ سلوک نہیں کرتے جو مریض چاہتا ہے۔۔

جس کی وجہ سے ایسے سو مریضوں میں سے صرف ایک مریض ہی ٹھیک ہوتا ہے۔۔ٹائیگر ڈاکٹر کی بات بہت دھیان سے سن رہا تھا مگر ڈاکٹر کے بار بار مریض کہنے پر ٹائیگر نے ڈاکٹر کو گھور کر دیکھتے ہوئے کہا ڈاکٹر آپ میری وائف کو بار بار مریض کہنا بند کرو۔۔۔

آپ کا کام ہے علاج کرنا تو آپ علاج کریں اور رہی بات محبت اور کیئر کی وہ میں بہت اچھے سے کر سکتا ہوں۔۔آپ کے کہنے کے مطابق 100 لوگوں میں سے صرف ایک ہی ٹھیک ہوتا ہے۔۔۔۔۔اس ایک میں میری وائف کا نام بھی شامل ہو گا انشاءاللہ میں کوئی کسر نہیں چھوڑوں گا۔

تواب آپ مجھے ریکمنڈ کر کے بتائیں کہ میں دل کو کس ماحول میں رکھوں۔۔۔۔

سر آپ میم کو سویٹزر لینڈ لے جائیں کیونکہ وہاں پر ان کو ایک پر سکون ماحول ملے گا باقی ان کی میڈیسن میں لکھ دیتا ہوں جو آپ ان کو ٹائم ٹیبل پر دیتے رہیے گا۔۔۔

اور ان کی خوراک کا بہت زیادہ خیال رکھنا ہو گا آپ کو تا کہ وہ فزیکل طور پر بھی ٹھیک رہیں کیونکہ ان کی میڈیسن بہت ہارڈ ہے۔۔

باقی تو میں آپ کو سب بتا ہی چکا ہوں آپ کوشش کیجئے کہ زیادہ سے زیادہ آپ ہی ان کے پاس ہوں۔۔۔

زیادہ لوگوں کے ہجوم میں ان کو مت لے کر جایئے گا اور لوگوں سے ان کو فی الحال دور رکھیں ہر چیز ان کے مطابق کرنی پڑے گی آپ کو یہ جتنا آسان آپ سمجھ رہے ہیں اتنا ہے نہیں۔ تو میں آپ کو بیسٹ آف لک کہتا ہوں انشاءاللہ ہماری دوائیاں اور ہماری دعائیں آپ کے ساتھ ہیں۔۔

اور انشاءاللہ آپ کی جو اپنی بیوی کے لیے محبت ہے وہ ضرور رنگ لائے گی ۔۔۔کتنا عرصہ لگے گا دل کو ٹھیک ہونے میں ٹائیگر نے آخری سوال کیا میں اثپ کو کوئی جھوٹی تسلی نہیں دے سکتا۔۔۔۔۔

ایک مہینہ بھی لگ سکتا ہے دو مہینے چار چھ آٹھ یہ تو آپ کی محنت اور محبت پر ڈیپینڈ کرتا ہے کہ وہ کتنی جلدی ٹھیک ہو گی۔۔۔۔ باقی تو سب تو اللہ تعالی کے ہاتھ میں ہے۔۔۔۔۔ ڈاکٹر کو اللہ حافظ بولتے ہوئے ٹائیگر اپنے روم میں آ گیا جہاں اس کی دل اب اٹھ چکی تھی۔۔

گڈ مارننگ میرے بچے کی صبح ہو گئی ٹائیگر پیار لٹاتی ہوئی نظروں سے دیکھتا ہوا دل کے قریب جا کر بیٹھ گیا جو ابھی بھی بیڈ پر آرام سے لیٹی ہوئی تھی۔۔۔

دل مسکراتے ہوئے سر اٹھا کر اسفند کی گود میں رکھ کر لیٹ گئی اٹھو دل فریش ہو کر ناشتہ کرو اسفند دل کے بالوں میں انگلیاں سہلاتے ہوئے بولا۔۔۔

ویسے اب تو رات کے کھانے کا وقت ہو گیا ہے۔۔۔۔

تو اگر میری جان کی نیند پوری ہو گئی ہو تو ہم رات کا کھانا کھا لیں۔

نہیں مجھے ابھی اور سونا ہے وہ بچوں جیسا منہ بناتے ہوا اسفند کی گود میں سر رکھے ہوئے آنکھیں پھر سے بند کر رہی تھی۔۔۔۔۔

دل اٹھو یہ گندے بچوں والی حرکتیں چھوڑو اور اٹھ کر فریش ہو جاؤ۔

کھانا کھا کر اس کے بعد ہم لوگ اسد بھائی کے گھر جائیں گے آپ کو ملنا ہے نا اسد اور مسکان سے۔۔۔

ہاں ملنا ہے دل خوشی سے چہتی ہوئی بیڈ سے اٹھ کر بیٹھ گئی اس کے بعد وہ واش روم میں فریش ہونے کے لیے چلی گئی۔۔

اسفند نے کبڑ سے اس کے لیے ڈریس نکالی اور دل کے باہر آنے پر اسے بالکل چھوٹے بچوں کی طرح مرر کے سامنے بٹھا کر خود اسے تیار کیا۔۔۔

اسفند کی اس کی کیئر پر دل کے چہرے کی خوشی دیکنے لائک تھی اسفند آپ روز مجھے ایسے ہی تیار کریں گے ناں۔۔۔

وہ بچوں کی طرح اسفند کا ہاتھ پکڑ کر پوچھ رہی تھی۔۔

بالکل اسفند کی جان اسفند آپ کو روز اس طرح سے تیار کریں گے۔۔۔بس آپ کو خوش رہنا ہے اور اچھے سے کھانا کھانا ہے، ٹائم پر اپنی دوائی کھانی ہے

۔۔

نہیں میں دوائی نہیں کھاؤں گی، میں تھک گئی ہوں دوائیاں کھا کر
۔۔۔ساری باتوں پر ہاں میں سر ہلانے کے بعد دوائیوں کے نام پر دل کا موڈ
خراب ہونے لگا۔۔

نہیں دل میری جان کو میرے لیے دوائی کھانی ہے آپ میرا کہنا مانے گی نا
تھوڑی دیر چپ رہنے کے بعد دل نے ہاں میں سر کو ہلایا۔۔
ویری گڈ چلو میرا بچہ جلدی سے اٹھو ہم لوگ نیچے چل کر کھانا کھاتے ہیں
اور اس کے بعد پھر ہم لوگ چلیں گے آپ کے بھائی کے گھر۔۔۔۔

نہیں مجھے نیچے ہوٹل میں کھانا نہیں کھانا مجھے اسد بھائی کے گھر کھانا کھانا ہے
دل نے ایک نئی ضد کی جسے اسفند نے فوراً سے مان لیا۔۔۔
بیچارے کو اتنی بھوک لگی ہوئی تھی وہ کھانا کھانا چاہتا تھا مگر اپنی دل کو وہ ذرا سا
بھی سٹریس نہیں دے سکتا تھا۔۔

اس لیے چپ چاپ اس کی بات مان کر اسد کے گھر جانے کی لیے نکل پڑا
راستے میں اسفند نے اسد کو فون کر کے بتا دیا تھا کہ ان کی بہن صاحبہ ان کے
گھر دعوت پہ آ رہی ہیں۔۔۔

موسٹ ویلکم یار ویسے بھی بہت دن ہو گئے ہیں دل سے ملے ہوئے۔۔اسد
نے خوش دلی سے جواب دیا اور سنو اچھے سے کھانے کی تیاری کرنا میں صبح
سے بھوکا ہوں۔۔۔

میں نے تو ناشتہ بھی نہیں کیا اوپر سے آج سارا دن ہم لوگوں کا بہت بزی رہا
ہے اب کھانے کی باری آئی تو آپ کی بہن صاحبہ نے کھانا کھانے نہیں دیا۔۔
تو یار میری پسند کا کھانا بنوانا اسفند نے اپنی فرمائش کی۔

اوکے بے فکر رہو بس تم لوگ جلدی سے آؤ کھانا بھی ریڈی ہو جائے گا تم لوگوں کے آنے سے پہلے۔۔۔

اسد جب شمس کا کام تمام کر کے گھر لوٹا تھا تو وہ مسکان کو اسفند کے زندہ ہونے کی خوشخبری بھی سنا چکا تھا مسکان کے تو اس وقت سے پاؤں زمین پر نہیں لگ رہے تھے۔۔۔

اللہ کا شکر تھا کہ اس کا بھائی زندہ ہے مگر وہ اسد سے کافی ناراض ہوئی تھی کہ اس نے اس سے کیوں جھوٹ بولا۔۔۔

اور یہ بات چھپائی مگر اسد نے اپنی ساری مجبوری بتائی تو مسکان بہت سمجھدار تھی وہ فوراً سے سمجھ گئی اور اب جب اسے پتہ چلا کہ اس کا بھائی اور بھابھی اس کے گھر دعوت پر آ رہے ہیں۔۔۔

اور وہ بھی پہلی بار،،
تو وہ خوشی سے خود کچن میں گئی اور مریم سے اپنی نگرانی میں سارا کھانا تیار کروانے لگی۔۔۔۔۔

مسکان نے سارا کھانا اسفند اور دل کی پسند کا بنوایا تھا طرح طرح کے کھانوں کی وجہ سے مسکان کا دل کچا پکا ہو رہا تھا اس سے متلی کی کیفیت محسوس ہو رہی تھی۔۔۔۔۔

مسکان کچن میں کھڑے کھڑے کافی تھک بھی چکی تھی تو پیٹ پر ہاتھ رکھے ہوئے آہستہ آہستہ سے قدم اٹھاتی ہوئی اپنے روم کی طرف جا رہی تھی۔۔۔

اس ارادے سے کہ جا کر کپڑے چینج کر کے تیار ہو جائے گی اسفند بھائی اور دل کے آنے سے پہلے مگر اپنے آفس روم سے نکلتے ہوئے اسد کی نظر مسکان پر پڑی۔۔

جو پیٹ پر ہاتھ رکھے ہوئے بڑی نڈھال سے قدم اٹھاتی ہوئی کمرے کی طرف جا رہی تھی۔۔

اسد تیزی سے مسکان کے پاس گیا اور نیچے جھک کر مسکان کو اپنے گود میں اٹھا لیا۔۔۔

میری پرنسس تھک گئی ہے کیا ضرورت تھی کچن میں جانے کی مریم تھی نا آپ اس کو بتا دیتی جو کچھ بنانا تھا اسد کو اس وقت مسکان کی حالت پر بہت پیار آ رہا تھا۔۔۔نازک سی مسکان اپنے بڑے ہوئے پیٹ کے ساتھ اسد کو بہت خوبصورت لگ رہی تھی۔۔۔۔

۔اسد مسکان کو اٹھا کر روم میں لے آیا اور مسکان کو بیڈ پر بٹھاتے ہوئے پیار سے مسکان کے پاؤں دبانے لگا۔۔۔۔

مسکان کے پیروں پر ہلکی ہلکی سوائلنگ بھی ہو رہی تھی۔۔۔۔اسد مت دبائیں میرے پاؤں مجھے اچھا نہیں لگ رہا آپ میرے شوہر ہے مسکان نے اپنے پاؤں پیچے کی طرف کو کھینچ کر شرمندہ ہوتے ہوئے کہا۔۔۔

تو کیا کہاں لکھا ہے کہ شوہر تکلیف میں اپنی بیوی کے پاؤں نہیں دبا سکتا آپ مجھے اتنی بڑی خوشی دینے والی ہیں۔

تو کیا میں اپنی پرنسز کی اتنی سی خدمت نہیں کر سکتا دوبارہ ایسا مت سوچنا یہ بچہ ہم دونوں کا ہے تو پھر میں آپ کا خیال کیوں نہیں رکھ سکتا۔۔۔آپ بھی تو اتنی تکلیف برداشت کر رہی ہو نا ہمارے بچے کے لیے۔

اسد نے مسکان کے پاؤں اپنی گود میں رکھتے ہوئے اسے دوبارہ سے دبانا شروع کر دیا اسد کے دبانے سے مسکان کو سچ میں بہت سکون محسوس ہو رہا تھا۔۔۔

پریگننٹ ہونے کی وجہ سے مسکان کی نازک سی جان اس وقت سچ میں بہت تکلیف میں تھی مگر وہ بہت صابر تھی۔۔۔۔

شکوے شکایت کرنا اس کی فطرت نہیں تھا مگر اس کی تھکی تھکی طبیعت اسد کو نظر آتی تھی۔۔۔

اب اسد ویسے بھی کافی ریلیکس تھا ہر طرف کی پریشانیوں سے غم کے بادل جھٹ چکے تھے اب وہ اپنی پرنسس کو بہت سارا پیار دینا چاہتا تھا اور اس کا بے حد خیال رکھنا چاہتا تھا جس کی شروعات وہ کر چکا تھا۔۔

اسد تھوڑی دیر تک مسکان کے پاؤں یوں ہی دباتا رہا۔۔۔۔

اس کے بعد مسکان خود ہی بیڈ سے اتر کر کپڑے چینج کرنے چلی گئی کیونکہ اسفند اور دل پہنچنے والے تھے۔۔۔۔۔۔

مسکان آپی آپ کیوں رو رہی ہیں۔

آپ تو اسفند کو ایسے مل رہی ہیں جیسے وہ سالوں سے آپ سے دور ہوں

۔۔۔۔

مسکان کب سے اپنے بھائی کے سینے پر سر رکھے ہوئے رو رہی تھی۔۔۔

یہ خوشی کے آنسو تھے کہ اس کا اکلوتا بھائی زندہ تھا۔۔۔۔

مسکان کی آنکھیں خوشی سے چھلک رہی تھی۔۔۔۔۔

مگر دل کو بالکل یہ سمجھ نہیں آرہا تھا کہ مسکان کیوں رو رہی ہے کیونکہ دل نے تو اپنے تصور کی دنیا سے اسفند کو کبھی دور جانے ہی نہیں دیا تھا۔۔۔

تو وہ مسکان کے آنسوؤں کو کیسے سمجھتی۔۔۔مسکان میرا بچہ چپ ہو جاؤ اب تو میں ٹھیک ٹھاک ہوں واپس آگیا ہوں۔تو اب آپ کیوں رو رہی ہیں۔

مت اپنے آنسو اس طرح سے ضائع کرو اور ویسے بھی تمہاری کنڈیشن اس وقت ایسی نہیں کہ تم کوئی سٹریس لو۔۔آپ کو اپنا بہت خیال رکھنا ہے اسفند اپنی بہن کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے اسے چپ کروا کر کرسی پر بیٹھا رہا تھا۔۔۔

کیاہوا ہے مسکان آپی کی کنڈیشن کو کیاوہ بیمار ہیں دل نے اپنا معصوم سا سوال کیا اسد اسفند اور مسکان تینوں ایک دوسرے کا منہ دیکھنے لگے۔۔ کہ اب وہ دل کو کیا جواب دیں۔۔۔ کیونکہ دل اس وقت دماغی طور پر بالکل بچوں کے جیسی تھی۔

دل آپ گھر چلو میں آپ کو سب کچھ بتاؤں دوں گا۔۔۔ اسفند دل کو ٹالتے ہوئے بولا نہیں آپ مجھے ابھی بتائیں کہ مسکان آپی کو کیا ہوا ہے۔

وہ بچوں کی طرح ضد پر اڑ گئی تھی اسد بھائی آپ مجھے بتائیں کہ مسکان آپی کو کیا ہوا ہے۔۔ اب دل اپنا نشانہ اسد کو بنائے ہوئے تھی۔۔۔

اسفند کی تو ہنسی نہیں رک رہی تھی اسد کی حالت دیکھ کر ۔۔۔ ایک تو اسد ویسے بھی تھوڑا پٹھانوں کے دماغ والا شرمیلہ تھا۔۔ جو اپنی بہن سے بہت زیادہ شرم وحیا کرتا تھا۔۔

اوپر سے اسفند کا پاس ہونا جو کہ مسکان کا بھائی تھا اسد اس وقت کافی خراب سچویشن میں پھنس چکا تھا۔۔مسکان الگ سے نظر جھکائے ہوئے بیٹھی تھی اب ایسی سچویشن میں ہمت تو اسفند کو ہی کرنی تھی جو ویسے بھی تھوڑا بولڈ تھا ہی سب میں سے۔۔۔

کیونکہ دل تو بنا جواب لیے چپ کرنے والی نہیں تھی بتائیں نہ اسد بھائی مسکان آپی کو کیا ہوا ہے وہ اسد کا بازو پکڑ کر ہلا ہلا کر پوچھ رہی تھی۔۔

دل مسکان کو کچھ نہیں ہوا آپ پھوپھو بننے والی ہیں اور میں ماموں بننے والا ہوں تو اس لیے ہمیں مسکان کا بہت خیال رکھنا ہے۔۔

بہت جلد اسد بھائی کے گھر ایک پیارا سا بے بی بوائے یا بے بی گرل آئے گی تو اس لیے ہم مسکان کو اپنا خیال رکھنے کے لیے بول رہے ہیں۔۔۔

ورنہ وہ بالکل ٹھیک ہے بیمار نہیں ہے اسفند نے اپنی طرف سے ایک بہت اچھے طریقے کے ساتھ دل کو سمجھایا تھا۔۔۔۔ مگر اب جو دل نے شوشہ چھوڑا اس سے تو اسفند کے بھی طوتے اڑ گئے بریانی کھاتے ہوئے اسفند کی بریانی گلے میں اٹک گئی۔۔

اور اس نے جلدی سے پانی کا گلاس اٹھا کر اپنے منہ کو لگا لیا کیونکہ دل کہہ رہی تھی کہ مجھے بھی بے بی چاہیے مسکان آپی کی طرح۔۔

مسکان سچ میں چاہتی تھی کہ اسفند اور دل کھانا کھا کر جلدی سے یہاں سے چلے جائیں ورنہ دل تو ایسے ایسے سوال کر رہی تھی۔۔ کہ مسکان کا تو اپنے

بھائی کے سامنے بیٹھنا دشوار ہو گیا تھا۔۔۔اسفند نے بڑی مشکل سے دل کا دھیان کھانے کی طرف کیا۔۔۔۔

وہ خود اسے بچوں کی طرح ٹریٹ کرتے ہوئے چھوٹے چھوٹے نوالے اس کے منہ میں ڈال رہا تھا ایک کے بعد ایک نیوالہ اسفند اس کے منہ میں ڈالے جا رہا تھا تاکہ اسے بولنے کا موقع نہ ملے۔۔

اور کھانا کھانے کے فوراً بعد بنا چائے پیے ہوئے ہی اسفند دل کو لے کر واپسی کی راہ پکڑ چکا تھا۔

اسد اور مسکان نے روکنے کی بالکل کوشش نہیں کی کیونکہ ان کو پتہ تھا کہ جب تک دل یہاں پر رہے گی تو نئے شوشے چھوڑتی رہے گی۔

اسفند بولیں نا ہمارا بے بی کب ہو گا مجھے بھی بے بی چاہیے دل گاڑی میں بیٹھ کر بھی وہی رٹ لگائے ہوئے تھی۔۔۔۔ مگر اس وقت اسفند کو دل کی باتے سن کر مزا آرہا تھا۔۔۔

ابھی میرا بچہ آپ خود تو بڑی ہو جائیں پھر ہم بے بی کی بات بھی کریں گے اسفند کو اس وقت دل کی بچگانہ حرکتوں پر ہنسی آرہی تھی۔۔

مجھے بچہ مت بولیں میں بڑی ہو گئی ہوں اب مجھے بھی بے بی چاہیے اچھا جی ٹھیک ہے گھر چلیں پھر پلاننگ کرتے ہیں۔۔۔اسفند ہنستے ہوئے گاڑی چلا رہا تھا اور ساتھ میں دل کی باتوں کا جواب دیتے ہوئے ہنس ہنس کر لوٹ پوٹ ہو رہا تھا۔۔

آپ ہنسنا بند کریں اور مجھے بتائیں آپ مجھے بے بی کب لا کر دیں گے۔۔مجھے اپنا بے بی چاہیے۔

دل بچوں کی طرح منہ پھلا کر بیٹھی ہوئی بول رہی تھی۔۔۔

اسفند کی جان بے بی دکانوں پر نہیں ملتے ان کے لیے بہت محنت کرنی پڑتی ہے۔اور ابھی میرا بچہ آپ اس حالت میں نہیں ہے کہ ہم بے بی پلان کر سکیں۔۔اسفند کو اتنی ہنسی آرہی تھی کہ اس سے بات نہیں ہو پا رہی تھی۔

کیونکہ دل نارمل تو اس طرح کی بات سن کر ہی شرما جاتی تھی مگر اس وقت تو وہ ساری حدیں توڑ رہی تھی۔۔

تو پھر بتائیں بے بی کیسے آتا ہے۔۔

دل روم میں چلو پھر بتاتا ہوں یہاں پر کیسے بتاؤں کہ بے بی کیسے آتا ہے۔۔۔اسفند دل کو گھورتے ہوئے بولا۔۔۔۔

مجھے پتہ ہے کہ بے بی کیسے آتا ہے میں بتاؤں آپ کو۔۔۔

اسفند اپنے ہونٹوں پر دو انگلیاں رکھتے ہوئے آئی برو اٹھا کر بولا بتاؤ کیسے آتا ہے۔۔۔

کس کرنے سے آتا ہے مجھے پتہ ہے فلموں میں کس کرتے ہیں اس کے بعد لڑکیوں کے پیٹ بہت بڑے ہو جاتے ہیں پھر وہ پریگننٹ ہو جاتی ہیں۔۔۔۔ پھر ان کے ہیرو اپنی ہیروئن کو لے کر ہاسپٹل جاتے ہیں۔۔۔اور وہاں سے ڈاکٹر پیٹ میں سے بے بی کو نکال کر ان کو دے دیتے ہیں۔۔۔۔

پھر وہ بے بی کو لے کر اپنے گھر آجاتے ہیں۔۔مجھے سب پتہ ہے دل نے اچھی خاصی فلموں سے جنرل نالج جو حاصل کی تھی وہ سب وہ اسفند کو بتا رہی تھی۔۔۔

تو ٹھیک ہے پھر پرابلم کیا ہے گھر چلتے ہیں۔۔۔آپ مجھے کس کرنا اور پھر آپ کا پیٹ بڑا ہو جائے گا۔۔۔۔اور آپ کے کہنے کے مطابق آپ پریگننٹ ہو جائیں گی۔۔۔

اور پھر ہمارا بے بی آجائے گا اس کے بعد پھر جب ہم ڈاکٹر کے پاس جائیں گے تو اپنا بے بی لے کر گھر واپس آجائیں گے۔۔۔

اسد ہنستے ہوئے دل کو جواب دے رہا تھا۔۔۔۔

نہیں میں کس نہیں کروں گی آپ مجھے کس کریں گے تو بے بی آئے گا میں نے دیکھا ہے ہیرو لوگ کس کرتے ہیں۔

کیوں جی میں کس کیوں کروں گا بے بی تو آپ کو چاہیے نا تو پھر آپ ہی کس کرنا مجھے اسفند اس کی باتوں سے مزے لے لے کر محظوظ ہو رہا تھا۔۔

دل اور اسفند نے کل صبح کی فلائٹ سے سوٹزرلینڈ جانا تھا۔۔۔ہوٹل کے پارکنگ ایریا میں گاڑی کھڑی کرتے ہوئے نیچے اتر کر اسے ایک ضروری کال آگئی جسے وہ گاڑی کے گیٹ کے پاس کھڑا ہی سن رہا تھا۔۔

دل گاڑی کے اندر ہی بیٹھی ہوئی تھی گاڈی کا گیٹ بند تھا۔۔کال پر بات کرتے ہوئے اچانک سے اسفند کی نظر پڑی کہ دل اسفند کو دیکھ دیکھ کر چیخیں مار کر رو رہی ہے اور اپنے بال کھینچ رہی ہے۔۔

اسفند گھبرا گیا کہ دل کو کیا ہوا ہے ابھی تو وہ سارے راستے اتنی خوش تھی اپنے بے بی کی باتیں کر کر کے۔۔۔۔اسفند نے جلدی سے فون کال کاٹ کر گاڑی کا گیٹ کھولا۔۔۔تو دل اندر پسینے میں بھیگی ہوئی بیٹھی چیخیں مار رہی تھی ۔۔ جیسے ہی اسفند نے گاڑی کا گیٹ کھولا دل نے اسفند کو کاندھوں سے کھینچتے ہوئے اندر کر لیا۔۔۔۔اسفند آپ اندر آجائیں وہ لوگ آپ کو مار دیں گے۔۔۔

مت ماریں اسفند کو وہ مر جائے گا مت گولیاں ماریں اسے۔۔
دل اسفند کو اپنے گلے سے لگا کر پاگلوں کی طرح چیخیں مار مار کر رو رہی تھی

۔۔۔۔

اسفند کے دماغ نے فوراً سے کلک کیا کیونکہ ڈاکٹر نے اسے یہ بتایا تھا کہ ایسے مریض بہت دفع واپس اپنے فلش بیک میں جا کر سب دیکھتے ہیں۔۔۔۔

جس کی وجہ سے وہ بہت ڈپریشن میں آجاتے ہیں اس لیے آپ کو اپنی مسز سے ایک سیکنڈ کے لیے بھی دور نہیں ہونا ہے۔۔۔۔اسفند کو اپنی غلطی کا فوراً سے احساس ہوا اسے دل کو دو سیکنڈ کے لیے بھی گاڑی میں اکیلے نہیں چھوڑنا چاہیے تھا۔۔۔

اسفند سے اس وقت دل سنبھالی نہیں جا رہی تھی دل اس وقت فلیش بیک میں چلی گئی تھی۔۔۔

جس وقت اسفند کو گولیاں لگی تھی اور وہ اکیلی گاڑی میں تھی۔۔اسفند دل کو اپنے سینے کے ساتھ لگا کر اپنی باہوں کے گھیرے میں کسے ہوئے تھا۔۔۔

اسفند چیخ چیخ کر بتا رہا تھا دل میری جان میں ٹھیک ہوں میں آپ کے پاس ہوں کچھ نہیں ہوا ہے مجھے۔۔۔

میری طرف دیکھودل مگر دل چیختے چیختے اسفند کے ہاتھوں میں ہی لٹک گئی۔۔۔

وہ بے ہوش ہو گئی تھی اسفند اسے اپنے بازوں میں اٹھائے ہوئے ہوٹل روم میں لے گیا۔۔۔اور اس کے منہ پر پانی کے چھینٹے مارتے ہوئے۔۔۔ساتھ میں ڈاکٹر کو کال ملانے لگا ڈاکٹر کو ساری بات بتانے کے بعد ڈاکٹر نے کہا

سر میں آپ کو یہی سچویشن بتانا چاہتا تھا کہ وہ کسی وقت بھی ڈپریشن میں جا سکتی ہیں آپ انہیں جلد از جلد یہاں سے لے کر چلے جائیں اور ان کو اکیلا مت چھوڑیے گا اور نہ ہی ہجوم میں لے کر جائیں۔

ہم کہاں جارہیں ہے دل جہاز کے اندر داخل ہوتے ہی خوشی سے اسفند سے پوچھ رہی تھی۔ ہم جارہے ہیں سوئزرلینڈ اسفند دل کو سیٹ پر بٹھا کر خود بھی دل کے ساتھ بیٹھ گیا دل بہت خوش تھی اور اسی خوشی میں وہ اسفند سے بچوں کی طرح بے شمار سوال پوچھ رہی تھی۔۔۔۔

دل اسفند کے ہاتھ میں ہاتھ ڈالے ہوئے اسفند کے ساتھ چپک کر بیٹھی ہوئی تھی اور اپنا سر اسفند کے کاندھے پر رکھے ہوئے۔۔ اسفند کو اپنی چھوٹی چھوٹی باتیں بتارہی تھی۔۔ جسے وہ بڑے غور کے ساتھ سن بھی رہا تھا کیونکہ وہ اپنی دل کی کوئی بھی بات رد نہیں کر سکتا تھا۔۔۔۔

آپ اپنا منہ میری طرف کریں دل کو پتہ نہیں کیا ہوا تھا کے وہ اسفند کی گال پر ہاتھ رکھ کر اس کے منہ کا رخ اپنی طرف کر کے سامنے کی طرف بہت غصے سے دیکھ رہی تھی۔۔۔

اسفند نے اس کی نظروں کا تو تعقب کرتے ہوئے سامنے دیکھا تو وہاں پر دو لڑکیاں بیٹھی ہوئی تھی جو مسلسل اسفند کو ہی دیکھ کر ہنس رہی تھی۔۔

شاید وہ لڑکیاں اسفند کی پرسنلٹی سے بے حد متاثر تھی۔۔۔
اسفند چیز بھی تو ایسی تھا جسے دیکھنے والا ایک بار تو ضرور متاثر ہو کر پلٹ کر دیکھتا تھا۔۔

آپ پھر سے ادھر دیکھ رہے ہیں۔۔میں نے آپ کو کہا ہے کہ آپ میری طرف دیکھیں۔۔

دل اسفند کی گال پر ہاتھ رکھتے ہوئے اس کا منہ اپنی طرف مروڑ کر۔ کھا جانے والی نظروں سے ان لڑکیوں کو دیکھ رہی تھی۔۔اسفند کے انابی لبوں پر مسکراہٹ پھیل گئی۔

وہ سوچ کر خوش ہو رہا تھا کہ اس کی دل اپنے اسفند کی سکیورٹی کر رہی ہے۔۔
۔اسے جیلسی فیل ہو رہی تھی ان لڑکیوں سے۔۔۔

دل مجھے دیکھنے دو ناوہ لڑکیاں کتنی خوبصورت ہیں یار اسفند جان بوجھ کر دل کو چڑا رہا تھا۔۔۔۔

اسفند میں آپ کو بہت ماروں گی اگر آپ نے ان کی طرف دیکھا تو۔۔۔وہ دونوں ہاتھ اسفند کی گالوں پر رکھ کر اس کا رخ زبردستی اپنی طرف کیے ہوئے تھی۔۔دل اپنا چہرہ اسفند کے بے حد قریب کیے ہوئے تھی۔

۔دل کے لبوں کو اپنے اتنے قریب دیکھ کر وہ بہکنے لگا تھا اگر اس سے اس وقت یہ خیال نہ ہوتا کہ وہ جہاز کے اندر ہے اور بہت سے لوگ اسے دیکھ رہے ہیں۔۔

تو وہ کب سے دل کے لبوں کو قید کر لیتا ٹھنڈی سانس بھرتے ہوئے بولا دل تھوڑا سا اپنا منہ پیچھے کرو ورنہ میں آپ کے ہونٹوں سے کس کر لوں گا پھر نہ کہنا کہ بہت سارے لوگ دیکھ رہے تھے اور آپ کو شرم آ رہی تھی۔۔

وہ بڑی ہی نشیلی آواز میں سرگوشی کرتے ہوئے بولا تھا۔۔

بس تو پھر کیا تھا اسفند کے کہنے کی دیر تھی کے ڈرپوک دل فورن سے پیچھے ہٹ کر بیٹھ گئی۔۔۔اب میں نے اتنا بھی دور ہو کر بیٹھنے کو نہیں کہا وہ دل کی کمر میں ہاتھ ڈالتے ہوئے اسے خود کے قریب کرتے ہوئے بولا۔۔۔

دل ان لڑکیوں پر نظر رکھے ہوئے تھی مجال ہے جو اس نے اسفند کو ان لڑکیوں کی طرف دیکھنے بھی دیا ہو۔پتہ نہیں کب وہ لڑکیوں کو گھورتے گھورتے سو گئی تھی۔۔

اب وہ اسفند کے کاندھے کو اپنا تکیہ بنائے ہوئے بڑے آرام کے ساتھ نیند کے مزے لوٹ رہی تھی جبکہ اپنی سانسوں سے وہ اسفند کو بے چین کیے ہوئے تھی

۔۔دل بے بی تم ایک بار ٹھیک ہو جاؤ قسم سے اسفند شہریار تم سے گن گن کر بدلے گا اسفند اپنے دل میں عہد کر رہا تھا۔۔

جان فضول میں ہی اتنی کڑی سکیورٹی مجھ پر رکھ کر بیٹھی رہی ہو تم اسفند شہریار تو آپ کا دیوانہ ہے اسے تو پوری دنیا کی خوبصورتی صرف اپنی دل میں ہی نظر آتی ہے۔۔

اسفند شہریار کے دل سے کوئی پوچھے کہ دنیا کی سب سے خوبصورت لڑکی کون ہے تو وہ بولے گا دل دنیا کی سب سے معصوم لڑکی کون سی ہے تو وہ بولے گا دل۔۔اگر میں اپ کو اپنا دل چیر کر دکھا سکتا تو آپ کو اندازہ ہوتا کہ میں کس قدر آپ کے عشق میں مبتلا ہوں۔۔

دل تمہیں کھونے کے ڈر سے میری جان نکل جاتی ہے مجھے لگتا ہے کہ اگر دنیا میں تم نہیں تو اسفند شہریار کے لیے اس دنیا میں کچھ بھی باقی نہیں ہے۔۔

میں نے تو کبھی ایسا سوچا بھی نہیں تھا کہ مجھے کبھی کسی لڑکی سے ایسا عشق بھی ہو سکتا ہے کہ وہ میرے جینے کی وجہ بن جائے گی دل مجھے تم پہلے کی طرح چہکتی ہوئی چاہیے ہو۔۔۔۔

دل میں اپنی محبت سے تمہیں بالکل ٹھیک کرلوں گا میں تمہیں اتنا پیار دوں گا کہ تم اس بھیانک حادثے کو بھول جاؤ گی۔۔۔

۔اسفند کب سے دل کے چہرے پر نظر مرکوز کیے ہوئے اپنے دل میں سارے عہد کر رہا تھا۔۔۔دل ہلکا سا ہلنے کے بعد اپنی آنکھیں جھٹکے سے کھول کر پہلے اسفند کو دیکھنے لگی۔۔اور پھر ان لڑکیوں کی طرف جو کہ بد تمیز کہی کی اس وقت بھی اسفند کو ہی تاڑ رہی تھی۔۔

۔حالانکہ اسفند بیچارے کو تو بالکل بھی نہیں پتہ تھا کہ وہ اسے دیکھ رہی ہیں یا نہیں۔۔۔۔

وہ تو اپنی دل کے چہرے پر اپنی نظریں اس طرح گاڑے ہوئے تھا جیسے اگر اس نے نظریں ہٹائی تو دل منظر عام سے غائب ہو جائے گی۔۔۔

مگر دل نیند سے بیدار ہوتے ہی کافی غصے میں آچکی تھی کیونکہ اسے تو یہی لگ رہا تھا کہ وہ لڑکیاں اسفند کو دیکھ رہی ہے اور اسفند ان لڑکیوں کو دیکھ رہا ہے۔۔۔

۔میں نے اپ کو منع کیا تھا نا کہ ان لڑکیوں کی طرف اپ کو نہیں دیکھنا وہ اپنی چھوٹی سی ناک کو پھلاتے ہوئے اگ بگولا ہو کر اسود کی انکھوں میں انکھیں ڈال کر دیکھتے ہوئے کہہ رہی تھی۔۔۔

۔۔میری جان میں نے ان لڑکیوں کی طرف نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھا مجھے تو قسم سے پتہ بھی نہیں ہے کہ وہ مجھے دیکھ رہی ہیں یا نہیں۔۔۔اسفند جھوٹ مت بولے دل اس وقت کچھ بھی سننے کے موڈ میں نہیں تھی۔۔

۔۔اسفند کے لبوں پر ہلکی سی مسکراہٹ آئی تھی۔۔۔دل کو اس قدر پوزیسو دیکھ کر مگر اسفند کی مسکراہٹ دیکھ کر دل کو اور بھی زیادہ غصہ آگیا تھا۔۔۔ آپ ہنسے مت میں قسم سے ان لڑکیوں کا خون کر دوں گی۔۔۔

آپ کے پاس چاکو ہے دے مجھے میں ابھی ان کی گردنیں کاٹ کر اس کے بعد ان دونوں کے ہاتھ کاٹ دوں گی اور اس کے بعد میں ان کا دل نکال کر اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دوں گی۔۔۔۔

دل نے اتنے آرام سے اتنی بڑی بات جہاز میں بیٹھے ہوئے بول دی تھی کہ اسفند کو سمجھ نہیں آیا کہ اس وقت وہ اس لڑکی کا کیا کرتا۔۔۔۔

وہ سیٹ سے اٹھ کھڑی ہوئی تھی دل نیچے بیٹھ جاؤ میری جان میں ان کی طرف نہیں دیکھ رہا تھا اور قسم سے دیکھوں گا بھی نہیں اسفند سچ میں دل سے ڈر رہا تھا۔۔

۔۔کیونکہ اس وقت وہ خود کو سلطان راہی سمجھ کر ان دو لڑکیوں پر ٹوٹ پڑنے کے لیے تیار تھی۔۔۔

اوپر سے اس نے جو مارنے کا سٹائل بتایا تھا کہ وہ گلا کاٹ کر دونوں ہاتھ کاٹے گی پھر دل کے ٹکڑے کر کے پھینکے گی یہ سارا سٹائل اس نے اپنے شوہر کا ہی اپنایا ہے تھا۔۔۔

۔اسفند اسے ہاتھ سے پکڑ کر اپنے پاس زبردستی بٹھاتے ہوئے بولا دل چپ چاپ آپ بیٹھ جاؤ میرے پاس۔۔۔ورنہ میں یہاں جہاز میں بیٹھے ہوئے سب کے سامنے ہی آپ کے خوبصورت لبوں کو اپنے ہونٹوں سے قید کر لوں گا اسفند کی آواز اتنی کم تھی کہ صرف دل ہی سن پائی تھی۔۔۔۔

اسفند کو پتہ تھا کہ سوائے اس بات کے دل کو ڈرانے کا اور کوئی طریقہ نہیں ہے۔۔۔غصہ تو اسفند اس پر کر نہیں سکتا تھا کیونکہ ڈاکٹر نے سختی سے منع کیا ہوا تھا۔۔

اور پیار سے اس نے ماننا نہیں تھا۔۔اس لیے اسفند نے شارٹ کٹ اپنایا جس کا فوراً سے اسفند کو رزلٹ بھی مل گیا تھا دل جلدی سے نیچے بیٹھ گئی تھی۔۔۔

مگر اس کا منہ اب بھی پھولا ہوا تھا۔۔۔وہ جہاز کی کھڑکی والی سائیڈ منہ کر کے دونوں ہاتھ سینے پر باندھے ہوئے اپنا غصہ دیکھا رہی تھی۔۔۔وہ نہ تو وہ اسفند سے بات کر رہی تھی اور نہ اسفند کی بات کا جواب دے رہی تھی۔۔

مگر ہر دو سیکنڈ کے بعد وہ سامنے بیٹھے ہوئے لڑکیوں کو گھوریاں ڈال کر اسفند کو دیکھنے سے منع ضرور کر رہی تھی۔۔۔اب کی بار ٹائیگر نے خود بھی غصے سے ان لڑکیوں کی جانب دیکھا جیسے وہ کہہ رہا ہو کہ اب اگر تم لوگوں نے میری طرف دیکھا تو میں خود تم لوگوں کے ٹکڑے کر دوں گا۔۔۔

دہشت تو ویسے ہی ٹائیگر کی آنکھوں میں اتنی تھی کہ سامنے والا کانپ کے رہ جاتا تھا۔۔

مگر اس وقت اس نے دل کی وجہ سے ضرورت سے زیادہ ہی دہشت اپنی آنکھوں میں دکھائی تو لڑکیوں کی تو بتی ہی گل ہو گئی اس کے بعد انہوں نے ٹائیگر کی طرف نہیں دیکھا تھا اب دل بھی تھوڑا آرام سے بیٹھ گئی تھی جب اسے لگا کہ وہ لڑکیاں اسفند کو نہیں دیکھ رہی تھی

اسد اپنے آفس روم میں بیٹھا آفس کا کام لیٹ نائٹ تک کر رہا تھا۔اسد مسکان کی وجہ سے اب آفس کم ہی جاتا تھا زیادہ تر وہ گھر میں رہ کر ہی آفس کے کام نپٹا دیتا تھا۔ کیونکہ مسکان کو اس وقت کیئر کی بہت زیادہ ضرورت تھی۔

جب سے اسد کو یہ پتہ چلا تھا کہ اس کے ٹونزبی بی ہونے والے ہے۔۔ ۔اس کے تو پاؤں ہی زمین پر نہیں ٹک رہے تھے خدا نے اسے اتنی بڑی خوشی سے نوازا تھا اس کی دو دو اولادیں اس دنیا میں آنے والی تھی۔۔ تو وہ بھلا ان کی ماں کی کیئر کیوں نہیں کرتا اب تو وہ مسکان کو کوئی کام بھی نہیں کرنے دیتا تھا مسکان کی ہر چیز کا خیال وہ خود رکھتا تھا

۔دوائیوں سے لے کر کھانے تک واک سے لے کر سونے تک ہر چیز اپنی نگرانی میں ہی کرتا تھا۔۔

اس وقت بھی وہ مسکان کو کھانا کھلا کر میڈیسن دینے کے بعد ہلکی پھلکی واک کروا کر اسے بیڈ پر لٹا کر آیا تھا۔۔تا کہ وہ کچھ دیر آرام کر لے اسد سے بول کر آیا تھا کہ وہ جلدی ہی آفس کا کام ختم کر کے اس کے پاس آجائے گا۔

۔مگر کام کا برڈن کافی زیادہ تھا کیونکہ اسفند بھی اس وقت یہاں پر نہیں تھا تو سارا کام اسد کے کاندھوں پر ہی آن پڑا تھا۔۔

اس لیے بہت جلدی کرنے کے باوجود بھی اسد کو آفس روم میں کافی ٹائم لگ گیا تھا

اب وہ جلدی سے لیپ ٹاپ کو اوف کر کے اپنے روم کی طرف قدم بڑھاتے ہوئے سوچ رہا تھا کہ پتہ نہیں پرنسس سو گئی ہے یا نہیں۔

اسد دروازہ کھول کر روم کے اندر داخل ہوا تو مسکان اپنے پیٹ پر ہاتھ رکھے ہوئے خود کو بیڈ گراؤن کی طرف کرنے کی کوشش کر رہی تھی.

مسکان کافی دبلی پتلی اور نازک سی لڑکی تھی اس وقت کا بڑا ہوا پیٹ اس کے لیے جہاں بہت بڑی خوشی کا باعث تھا وہی اس کے لیے کافی پریشانی کا باعث بھی تھا۔۔

مسکان کا پیٹ ٹو نزبی بی ہونے کی وجہ سے وقت سے پہلے زیادہ بڑا لگ رہا تھا۔۔اور اس سے اٹھنے بیٹھنے چلنے میں بہت دشواری کا سامنا کرنا پڑتا تھا سوتے ہوئے بھی وہ اچھے سے سو نہیں پاتی تھی مسکان سے کروٹ نہیں لی جاتی تھی۔

اس کے چہرے پر اس کی تکلیف نظر آرہی تھی جسے دیکھ کر اسد جلدی سے مسکان کے پاس گیا اور اس کی کمر اور ٹانگوں سے اٹھا کر اسے آرام سے بیڈ کے اوپر والی سائیڈ کی طرف کر کے لیٹا دیا جہاں پر شاید وہ لیٹنا چاہ رہی تھی کمفرٹیبل ہو کر

۔۔پرنسس پلیز آپ مجھے آواز دے دیتی کیوں اتنی تکلیف برداشت کر رہی تھی آپ اسد اس کے پاس بیٹھ کر پیار سے اسے بول رہا تھا۔۔۔

مسکان نے کوئی جواب نہیں دیا مگر اس کی گالوں پر آنسوں پھسل کر آ گئے تھے۔پرنسس کیا ہوا ہے کیوں رو رہی ہو؟

اسد کافی بے چین ہو گیا تھا مسکان کے آنسوں دیکھ کر۔۔آپ کے بچوں نے میرے ناک میں دم کر رکھا ہے نا مجھ سے اٹھا جاتا ہے نہ بیٹھا جاتا ہے نہ سویا جاتا ہے نہ چلا جاتا ہے۔

مسکان سو سو کر کے روتی ہوئی اسد سے اس کے بچوں کی شکایت لگا رہی تھی۔۔۔۔ہاہاہا اسد کا جاندار قہقہا پوری روم کی دیواروں سے ٹکرایا تھا۔

اسد کو مسکان کا یہ جملہ اندر سے سرشار کر گیا تھا کہ آپ کے بچوں نے میرے ناک میں دم کر رکھا ہے۔۔اسد یہ جملہ سن کر مسکان کو اپنے سینے سے لگا کر بولا۔

ان کو ایک بار اس دنیا میں آ لینے دو اس کے بعد میں ان دونوں سے گن گن کر حساب لوں گا۔۔کیسے انہوں نے میری پرنسس کو اتنا تنگ کیا۔
میں ان کو الگ روم میں سلاؤں گا اور اپنی پرنسس کو اپنے سینے سے لگا کر اپنی باہوں کے گھیرے میں رکھوں گا۔

جی نہیں میرے بچے میرے ساتھ ہی سوئیں گے آپ کو اگر الگ روم میں سونا ہو تو آپ سو سکتے ہیں۔
میں اپنے بچوں کو ایک منٹ کے لیے بھی خود سے دور نہیں کروں گی۔
مسکان اپنی تکلیف کو بھول کر اسد کے سینے سے سر اٹھا کر اپنی ممتا بھرے انداز سے بولی تھی۔

یہ کیا بات ہوئی پرنسس یہ آپ کو اتنا تنگ کرتے ہیں اس لیے میں بول رہا تھا کہ ان کو الگ روم میں سلایا کریں گے۔

ابھی ابھی تو آپ ان کی شکایت کر رہی تھی مجھ سے کہ یہ آپ کو بہت تنگ کرتے ہیں۔

میں تو آپ کو تنگ بھی نہیں کرتا اور آپ پھر بھی مجھے دوسرے روم میں سونے کی دھمکی دے رہی ہیں اسد مصنوعی غصہ دکھاتے ہوئے بول رہا تھا۔۔۔

ہاں تو شکایت کی ہے نا اس کا یہ مطلب تھوڑی ہے کہ اپ میرے بچوں کو کمرے سے نکال دیں گے ؟

مسکان ٹپیکل ماؤں کے جیسے اسد کے ساتھ لڑائی کرنے کے لیے تیار ہو گئی تھی۔

۔اور جو آپ مجھے روم سے باہر سونے کی دھمکی دے رہی ہیں اس کا کیا؟

اسد آنکھیں دکھاتا ہوا بولا تھا۔۔اپنے پیارے بچوں کی پیاری سی ماں صاحبہ ہونے سے پہلے آپ میری بیوی ہیں پرنسس اس بات کو کبھی مت بھولیے گا۔۔

اور یہ میں مذاق نہیں کر رہا کیوں کہ آپ کی صحت میری قربتوں کو برداشت کرنے کے لائق نہیں ہے۔

آپ کی ڈاکٹر نے بہت سخت آرڈرز دیے ہیں مجھے کہ میں آپ کے پاس آکر آپ پر اپنی محبت نچھاور نہیں کر سکتا۔

اس لیے میں مجبور ہوں میں آپ کی صحت اور اپنے بچوں کی زندگی کے ساتھ کوئی رسک نہیں لے سکتا۔

۔ورنہ تواسد خان کیا چیز ہے یہ تو آپ سے بہتر کوئی نہیں جانتا ہے۔۔۔تو جب آپ میرے بچوں کو اس دنیا میں لے آئیں گی۔۔تو اس کے بعد مجھ سے کسی بھی طرح کی رعایت کی امید مت رکھنا۔۔

روز آپ کو خود کے اتنے قریب رکھنے کے باوجود اسد خان خود پر کیسے کنڑول رکھتا ہے یہ تو صرف وہ ہی جانتا تھا۔

اپنے دن رات اور گزرے ہوے لمحوں کا حساب لو گا۔

مجھے اپنے بچوں کے آنے کے بعد اگنور کرنے کی کوشش بھی مت کیجئے گا

۔اسد کی بات میں اتنا ٹھہراؤ اور سرد پن تھا۔کہ مسکان کی ہمیشہ کی طرح سٹی گم ہو گئی تھی۔

اب اس سے کوئی جواب نہیں بن پا رہا تھا کیونکہ اسے ہمیشہ ہی اسد کے غصے سے ڈر لگتا تھا وہ اسد کی ناراضگی کسی صورت بھی افورڈ نہیں کر سکتی تھی۔۔

اور اسد اپنے محبت کے لمحوں میں کٹوتی برداشت کرنے والا بندہ بالکل نہیں تھا۔ یہ بات تو وہ شادی کی پہلی رات ہی اس پر عیاں چکا تھا اس لیے وہ مزید بحث نہیں کرنا چاہتی تھی۔

اب اس میں یہ منہ لٹکانے والی کوئی بات نہیں ہے اسد مسکان کے لٹکے ہوئے منہ کو دیکھ کر اپنے چہرے پر واپس سے مسکراہٹ لاتے ہوئے بولا۔۔۔

یوں نہ لٹکاؤں تو اور کیا کروں اپ کا جب دل چاہتا ہے آپ مجھ پر غصہ کرنا شروع کر دیتے ہیں۔

میں اپنی جان پر غصہ نہیں کرتا بس آپ کو یہ بتاتا ہوں کہ کے آپ کا ہر نخرہ اسد خان ہنس ہنس کر اٹھا سکتا ہے۔

مجھے اچھا لگتا ہے آپ کے نخرے اٹھانا مجھے اچھا لگتا ہے آپ جب روٹھتی ہو آپ کو منانا۔۔ مگر آپ جو مجھ سے چاہتی ہیں وہ میں نہیں کر سکتا۔

جو چیز میرے نیچر میں ہی نہیں ہے وہ میں کیسے کروں آپ اسد خان کی راتوں کا سکون ہو پر نسس تو مجھے اپنا سکون حاصل کرنے کے لیے آپ پر تھوڑی سی سختی کرنی پڑتی ہے۔

ورنہ تو آپ مجھے اپنے قریب بھی نہ انے دیں۔

وہ مسکان کو کمفرٹیبل کر کے لٹاتے ہوئے بول رہا تھا۔۔۔اور پرنس یہ جگہ میری ہے اور یہاں پر ہمیشہ میں ہی آپ کے ساتھ سوؤں گا۔۔

آپ اپنے بچوں کو اس طرف سلائیں گی اسد مسکان کے ساتھ سوتے ہوئے اس کی پیٹ پر ہاتھ رکھ کر ماتھے کو چومتے ہوئے بول رہا تھا۔۔

آپ میرے بچوں کو کہیں پر سکون سے رہنے بھی دیں گے یا نہیں۔۔۔اپ بتادیں ہم الگ گھر ہی نہ لے لیں تاکہ آپ اپنے بیڈ پر چوڑے ہو کر سکون سے سو سکیں۔۔۔

مسکان اپنے بچوں کی حق تلفی ہوتے ہوئے دیکھ کر اپنے بچوں کے لیے ماں بن کر میدان میں اتر چکی تھی۔۔

اب تو اسد کو سمجھ میں آ گیا تھا کہ اپنی اولاد کے ساتھ اس کی بہت جنگ ہونے والی ہے

۔کیونکہ مسکان تو اپنے بچوں پر ہی واری نیاری ہونے والی تھی۔

اسے اپنی بیوی کو اپنے پاس رکھنے کے لیے بڑی جدوجہد کرنی پڑے گی۔۔۔۔

یہ بات تو وہ سمجھ چکا تھا مگر اب وہ مسکان کو اور کچھ نہیں کہنا چاہتا تھا کیونکہ اس کی کنڈیشن ایسی نہیں تھی کہ اسے ایسی حالت میں کوئی سٹریس دیا جاتا اور وہ اپنے بچوں کو لے کر کافی سیریس ہو کر بول رہی تھی۔۔

۔نہیں جی میری کیا جرات ہے کہ میں آپ کے پیارے بچوں کو بیڈ سے یا روم سے باہر نکال سکوں۔بیڈ بھی آپ کا ہے روم بھی آپ کا ہے گھر بھی آپ کا ہے۔۔

تو میری جان اسد خان بھی تو آپ کا ہی ہے تو کیوں میرے ساتھ سوتیلوں جیسا سلوک کرتی ہو آپ؟

۔اسد مسکان کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اس کے نزدیک ہو گیا اور وہ اپنے ہاتھ نرمی کے ساتھ مسکان کے پیٹ پر رکھے ہوئے تھا۔۔

اس وقت وہ کوئی بھی ایسی سخت حرکت نہیں کرنا چاہتا تھا جس سے مسکان کو تکلیف ہوتی تو اپنے جذباتوں کے سمندر کو باندھ لگائے اسد بڑی نرمی کے ساتھ مسکان کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اس کو اپنے اور بھی قریب کر لیا تھا۔۔۔

مسکان آج کل کچھ زیادہ ہی خوبصورت ہو گئی تھی خوبصورت تو وہ پہلے بھی تھی مگر آج کل اولاد کے حسن سے وہ کافی نکھری نکھری لگ رہی تھی۔۔۔۔

مسکان کے گال بھی کافی بھرے بھرے ہو گئے تھے۔۔۔وہ ہر وقت بلش کرتی رہتی تھی۔مسکان کا چہرہ دیکھتے ہوئے اسد کی نظریں جا کر مسکان کے لبوں پر ٹھہر گئی تو۔۔

بس پھر کیا تھا اسد ٹوٹ پڑا مسکان کے لبوں پر مگر اس نے ہاتھ کافی ہلکا ہی رکھا تھا بس تھوڑی سی پیاس بجھانے کے بعد خود ہی پیچھے ہو گیا۔۔

کیونکہ مسکان اکا سانس بند ہونے لگ جاتا تھا مسکان اسد کے لبوں سے اپنے لبوں کو رہائی پاتے ہی اپنا سانس نارمل کرنے لگی تھی۔

جلدی سے آجاؤ تم لوگ اس دنیا میں کیا اپنے باپ کی جان لو گے۔؟

اسد اپنی کس ادھوری چھوڑ کر جو مسکان سے دور ہوا تھا۔۔اب اپنے وہ اپنے بچوں کو مسکان کے پیٹ کے اندر ہی آرڈر دے رہا تھا۔۔

کہ وہ جلدی سے باہر آجائیں اور اس سے اپنی بیوی کے ساتھ سکون سے رہنے دے اسد کی بے بسی دیکھ کر مسکان کو ہنسی آگئی۔

اسد بھی ہنسنے لگ گیا دونوں کے کہقے روم میں ایک ساتھ گونج اٹھے تھے ۔۔۔ہنس لو پر نسس جتنا ہنسنا ہے میرے حال پر اس کے بعد تو اگر میں آپ کی سانسیں نہ تنگ کر دوں تو میرا نام بھی اسد خان نہیں ہے۔۔۔

اسد کی اس بات پر اب کہقہ کر صرف اسد خان کا ہی گونج رہا تھا۔۔مسکان کی تو ہو گئی تھی بولتی بند آخر کار اسد خان کی زندگی میں خوشیوں کا دور آ ہی گیا تھا۔

آج وہ ایک نہیں دو دو بچوں کا باپ بننے والا تھا اس کی محبت اس کی باہوں میں تھی اسکی زندگی مکمل ہو گئی۔اپنے دشمنوں کو وہ ان کے آخری مقام پر پہنچا چکا تھا۔۔

فکر تھی تو صرف دل کی بس وہ ٹھیک ہو جاتی تو زندگی اور بھی خوشگوار ہو جاتی مگر اسد دل کی وجہ سے بے فکر تھا۔۔

کیوں کہ اسے پتہ تھا کہ اس سے کہیں زیادہ پیار اسفند دل سے کرتا ہے اور اسفند اس کی صحت کے ساتھ کوئی رسک نہیں لے سکتا تھا اس لیے اسد بے فکر تھا دل کی طرف سے۔

دل اور اسفند اپنے ہوٹل روم میں آ چکے تھے یہاں پر کافی زیادہ ٹھنڈ تھی۔ مگر دل کا موڈ اس وقت کافی خراب تھا ان لڑکیوں کی وجہ سے اس لیے وہ اسفند سے کوئی بات نہیں کر رہی تھی۔۔

اسفند دل کو بلانے کی کئی بار کوشش کر چکا تھا مگر ابھی تک تو بیچارا ناکام ہی تھا ۔ہوٹل روم کے اندر آ کر دل واش روم میں فریش ہونے چلی گئی اور اسفند نے روم میں بیٹھتے ہوئے روم کا جائزہ لیا تھا۔۔

اسفند سوٹزرلینڈ کے اس ہوٹل روم میں پہلی بار نہیں آیا تھا۔اصل میں یہ روم اس کا خریدا ہوا تھا۔

جب بھی کبھی اپنی زندگی میں آرام اور سکون چاہتا تھا، تو وہ اکثر چھٹیوں کے لیے سوئٹزرلینڈ آتا رہتا تھا۔

تو اس لیے اسے یہ روم بہت پسند تھا۔ اس لیے اس نے ہوٹل کا یہ روم خرید لیا تھا۔ اسفند اس روم کا مالک تھا۔

او ہمیشہ آرام کی غرض سے یہاں آیا کرتا تھا۔

مگر آج بات الگ تھی وہ اپنے ساتھ دل کو لے کر آیا تھا۔۔

مگر اس بار وہ اپنی دل کو لے کر آیا ایا تھا یہاں پر آرام اور سکون دینے کے لیے۔۔

دل واش روم کا دروازہ کھول کر باہر آئی تو اسفند پر نظر پڑتے ہی نظروں کو بچوں کی طرح گھما کر جا کے صوفے پر بیٹھ گئی۔۔۔ وہ اسفند پر اپنا غصہ ظاہر کر رہی تھی۔۔

اسفند مسکراتا ہوا اٹھا اور اپنا کوٹ اتار کر صوفے پر رکھتے ہوئے۔۔دل کے پاس آکر بیٹھ گیا۔۔

اور دل کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے خود کے قریب کرتے ہوئے بولا۔۔۔

آپ فضول میں مجھ پر غصہ کر رہی ہیں حالانکہ غصہ مجھے کرنا چاہیے آپ پر ۔۔۔۔۔آپ نے اتنی خراب سکیورٹی مجھے فراہم کی ہے۔کہ وہ لڑکیاں مجھے گھور رہی تھیں اور آپ آرام فرما رہی تھی۔

غلطی آپ کی ہے آپ سوئی ہی کیوں تھی آپ کو جب پتہ تھا کہ آپ کا شوہر اتنا خوبصورت اور ہینڈسم ہے تو۔۔۔آپ کو اپنی پراپرٹی کا خیال رکھنا چاہیے تھا۔۔۔۔۔۔ناکہ نیند میں خراٹے بھرنے چاہیے تھے۔

اب اگر غلطی آپ کی ہے تو آپ مجھ پر غصہ مت اتارو۔۔۔وہ دل کو منانے کی کوشش کر رہا تھا۔

کیونکہ اسفند کو اس وقت بھوک لگ رہی تھی، وہ کچھ اچھا سا کھانا کھانا چاہتا تھا۔۔ جس کا آرڈر وہ نیچے ریسپشن سے چابی لیتے وقت ریسپشن پر کھڑی ہوئی لڑکی کو بول کر آیا تھا۔۔

اسے پتہ تھا تھوڑی دیر تک کھانا پہنچنے والا اس سے پہلے وہ دل کا موڈ لائٹ کرنا چاہتا تھا۔۔

بے فکر رہا کرو اسفند کی جان اسفند کے پاس اتنا فضول ٹائم نہیں ہے کہ وہ اور لڑکیوں کو تاڑتا پھرے۔۔

مجھے تو آپ کو دیکھنے سے فرصت نہیں ملتی، میں کیا کسی کو خاک تاڑوں گا۔ وہ دل کے چہرے کے خود نزدیک کر کے اس کی آنکھوں کو چوم رہا تھا۔۔

اسفند کے ہونٹوں کے لمس اور اس کی رومینٹک آواز دل پر اثر کر رہی تھی ۔کیونکہ دل نہ تو اس وقت کوئی بحث کر رہی تھی۔

نہ جھٹپٹا رہی تھی اسفند کے لبوں تلے مسکراہٹ ابھری تھی۔یہ دیکھ کر اس کی دل اس کی محبت کے آگے پگھل رہی تھی۔۔

وہ الگ بات تھی کہ اسفند اس وقت اسے پگھلانا نہیں چاہتا تھا۔۔کیونکہ وہ دل کو پوری طرح سے ٹھیک کرنے کے بعد اس کے چہرے پر اپنی قربتوں کے رنگ دیکھنے کے لیے انتظار کر سکتا تھا۔۔۔

اسفند کو یہ آدھی ادھوری دل نہیں بلکہ اسے وہ مکمل دل چاہیے تھی۔جس کے چہرے پر اسفند کی قربتوں کے ہزاروں رنگ بکھرے ہوئے نظر آتے تھے۔۔

جسے دیکھ کر اسفند کا زندگی جینے کو دل کرتا تھا۔۔وہ اپنی زندگی کے ان خوشگوار لمحوں کو واپس دیکھنا چاہتا تھا۔۔۔

وہ اپنی دل کے وہ شرمائے ہوئے چہرے کی وہ خوبصورتی دیکھنا چاہتا تھا۔۔جو اسفند کے چھوءنے سے آتی تھی۔۔اس لیے وہ آہستہ سے دل سے دور ہو کر کھڑا ہو گیا۔

دل نے آنکھیں کھول کر اسفند کی جانب دیکھا جیسے کہ اسے یہ امید نہیں تھی کہ اسفند خود سے بھی دل سے دور ہو سکتا ہے۔۔

ورنہ تو اسفند کو دور کرنے کے دل کو ہزاروں منتے کرنی پڑتی تھی۔۔دل کی آنکھوں میں جو سوال تھے۔۔

اسفندان کو پڑھ سکتا تھا مگر اس وقت اسفند کے پاس دل کے سوالوں کے کوئی جواب نہیں تھا

کیونکہ دل کا دماغ پل میں ماشہ اور پل میں تولہ ہو جاتا تھا۔ کبھی تو وہ بالکل بچوں کی طرح سوچنے لگتی تھی۔
اور کبھی وہ ڈپریشن میں جا کر فلیش بیک میں اس حادثے کو یاد کر کے چیخنے لگ جاتی تھی۔۔

تو ایسے میں اسفند اپنی دل کو اپنی قربتوں سے آشنا نہیں کروانا چاہتا تھا۔۔اس لیے وہ اپنے جذباتوں پر صبر کے باندھ لگائے ہوئے کھڑا ہو گیا تھا۔۔

اور دل کے آگے ہاتھ کیا تو وہ بھی اسفند کا ہاتھ پکڑتے ہوئے کھڑی ہو گئی ۔۔کیونکہ ویٹر کھانا لے کر آ گیا تھا۔۔

روم کا ڈور نوک ہو رہا تھا دروازہ کھول کر کھانے والی ٹرالی ٹائیگر خود اندر لے آیا تھا۔اور ویٹر کو وہاں سے ہی واپس بھیج چکا تھا۔

کیونکہ ٹائیگر کو بالکل پسند نہیں تھا کہ اس کے روم میں دل کی موجودگی میں کوئی اور آئے۔۔۔ٹائیگر کھانے کی ٹرالی لے کر اندر آ گیا۔۔

اور ہاتھ دھونے کے بعد وہ آ کر کھانا پلیٹ کے اندر نکالنے لگا اس نے کھانا ایک ہی پلیٹ کے اندر ڈالا تھا اپنے اور دل کے لیے۔۔۔

ٹائیگر دل کو بالکل بچوں کی طرح ٹریٹ کر رہا تھا اس کے گلے میں نیپکن ڈالتے ہوئے اس کے منہ میں پہلا نوالہ ڈال رہا تھا۔۔۔

اسے خود کو بہت بھوک لگی ہوئی تھی مگر اس کا سارا دھیان دل کے کھانے پر تھا وہ دل کو اپنے ہاتھوں سے ہیلدی کھانا کھلا رہا تھا۔۔

اس وقت وہ کوئی شہزادی لگ رہی تھی اور اس کا شہزادہ اس کے نخرے اٹھا رہا تھا۔۔ کھانا کھانے کے بعد ٹائیگر نے اپنے ہاتھوں سے اس کو پھل کاٹ کر کھلا رہا تھا۔۔۔۔

دل ناراض سا چہرہ بنا کر بیٹھی ہوئی تھی کیونکہ اسے لگ رہا تھا کہ اسفند اسے زبردستی کھلا رہا ہے۔۔

ااسفند بس کریں نا مجھے اور نہیں کھانا۔۔۔وہ بچوں کی طرح منہ پھلا کر بولی تھی۔۔۔اسفند دل کے منہ میں سیب کا آخری ٹکڑا ڈال رہا تھا۔۔

ooooooo

السلام علیکم میں آپ کی رائٹرز ویا علی شاہ آپ سے کہنا چاہتی ہوں کہ میرے فون میں کچھ پرابلم ہو گیا تھا جس کی وجہ سے میرا فون خود سے ریسٹور ہو گیا اور میرے دل کا سکون ہو تم کہ اور یجنل ڈاکومنٹس اس میں تھے جو ڈیلیٹ ہو گئے تھے مگر بہت لوگوں کی ریکویسٹ پر لوگ چاہتے تھے کہ یہ ناول پی ڈی ایف میں آئے تو میں نے بہت مشکل سے کچھ ڈاکومنٹس اکٹھے کیے اور کچھ دوبارہ سے تخلیق کر کے آپ کو یہ پی ڈی ایف فارم میں دیا ہے اس لیے اس میں کافی ساری مسٹیکس بھی ہیں تو پلیز آپ ان کو اگنور کر دیجئے گا کیونکہ یہ صرف میں نے آپ لوگوں کی ریکویسٹ پر ہی اسے پی ڈی ایف فارم میں دیا ہے اس کے اور یجنل ڈاکومنٹس نہیں تھے اس لیے مجھے بہت مشکل پیش آئی اسے پی ڈی ایف میں دینے کے لیے۔۔۔

41°°°°°°°

مگر دل اب کھانے کے لیے تیار نہیں تھی۔ تو اسفند نے وہ ٹکڑا اپنے منہ میں ڈال لیا تھا۔۔ اسفند نے دل کی ضد مان لی کیونکہ وہ اسے کافی اچھی طرح سے کھلا چکا تھا۔۔۔۔

کھانا کھانے کے بعد اسفند نے کہا کہ تھوڑی دیر آرام کرو کیونکہ دوپہر کا وقت ہو رہا تھا تو سنت کے مطابق اسفند چاہتا تھا۔ کہ تھوڑی دیر آرام کر لیا جائے۔۔۔

کھانے کے بعد مگر دل کا موڈ نہیں تھا سونے کا مگر دل کے لیے آرام کرنا بے حد ضروری تھا۔۔ یہ بات ڈاکٹر نے اسفند کو سمجھائی تھی۔۔

ڈاکٹر نے کہا تھا کہ دل کے لیے پر اپر نیند لینا بے حد ضروری ہے۔۔ ورنہ ان کو دوائیوں کے زیر اثر رکھنا پڑے گا۔۔

مگر اسفند کو یہ گوارا نہیں تھا کہ اس کی دل کو نیند کی دوائیاں دے کر سلایا جائے۔۔۔۔وہ دل کو اپنی محبت کے ساتھ سلا سکتا تھا۔۔اسفند کو اپنے اوپر پورا یقین تھا۔۔۔۔۔اس وقت بھی وہ دل کو لٹا کر اس کا سر اپنی گود میں لیے ہوئے اس کے بالوں میں نرمی کے ساتھ انگلیاں پھیر رہا تھا۔۔

اور اب دل کی فرمائش یہ تھی کہ اسے کہانی سنائی جائے جو کہ اسفند کی شان کے خلاف تھی اس نے تو زندگی میں آج تک کہانی سنی ہی نہیں تھی۔۔

ٹائیگر تو بچپن سے ہی خود کو سب کا باپ سمجھتا تھا بچوں والی تو کوئی بات اس میں بچپن میں بھی نہ تھی اس نے کبھی بھی کسی سے کہانی کی فرمائش نہیں کی تھی۔۔

کیونکہ اسے بچپن سے ہی لگتا تھا کہ کہانی صرف بچے سنتے ہیں۔۔اس کی سوچ تو بچپن سے ہی دنیا فتح کرنے والی تھی کچھ کر دکھانے کا جذبہ اس کے اندر بچپن سے ہی موجود تھا۔۔۔

مگر اس وقت یہ دل کی فرمائش تھی اسفند کو تو ہر حال میں پوری کرنی تھی۔۔پھر کیا بیچارے نے موبائل فون نکالا یوٹیوب پر سرچ کر کے وہ دل کو کہانی سنانے لگا۔۔۔اسفند ایسے نہیں مجھے آپ کی آواز میں کہانی سنی ہے مجھے آپ کہانی سنائیں نا۔۔۔دل مجھے کہانی سنانا نہیں اتی یار میں نے کبھی کہانی نہیں پڑھی۔۔۔

تو ٹھیک ہے مت سنائیں کہانی میں بھی نہیں سوؤں گی۔۔وہ اٹھنے ہی لگی تھی کہ اسفند نے اس کو بازو سے پکڑ کر پھر سے اپنی گود میں لٹاتے ہوئے کہا لیٹ جاؤ میری ماں سناتا ہوں اپنی آواز میں آپ کو کہانی۔

دل آپ پتہ نہیں مجھ سے کیا کیا کرواؤ گی میری جان ٹھیک ہو جاؤ۔ پھر اس کے بعد میں آپ کو اس سے بھی زیادہ ٹھیک کروں گا۔۔

ٹائیگر یوٹیوب سے نکال کر لکھی ہوئی کہانی کو میوٹ کر کے اپنی آواز میں کہانی کو ریڈ کر کے دل کو سنا رہا تھا۔۔۔۔اور ساتھ میں دل کے بالوں میں انگلیاں پھیر رہا تھا۔۔دل اسفند کے ہاتھ کو پکڑ کر اپنے لبوں سے لگا کر چومتے ہوئے۔ نیند کی اغوش میں جانے لگی تھی۔۔۔۔۔۔ تھوڑی دیر میں دل گہری نیند میں سو چکی تھی۔۔۔۔اسفند نے اس کا سر آرام سے اپنی گود سے اٹھا کر تکیے پر رکھ دیا۔۔۔

اور خود بھی دل کے ساتھ اس کی کمر کے گرد اپنی باہوں کا گھیرا تنگ کر کے لیٹ گیا دل جلدی سے ٹھیک ہو جاو میری جان اور اپنے اس نازک سے وجود سے اپنے شوہر کو سکون پہنچاؤ۔

دل مجھے اپنے وجود سے سکون دو۔۔مجھے اس کی بہت طلب ہو رہی ہے اسفند کی جان، میرے دل کا سکون ہو تم میری راتوں کی تشنگی ہو تم۔۔میرے سویروں کی خوبصورتی ہو تم۔۔وہ خود کے دماغ میں ہی سوچتے ہوئے دل کے کو سینے سے لگائے ہوئے سو گیا تھا

oooooooo

oooooooo

دل یار پلیز آپ اپنے منہ پر اپلائی کرونا یہ سارا میک اپ دل کو آج نیا شوق چڑھا ہوا تھا کہ وہ آج وہ اسفند کا میک اپ کرے گی۔وہ کب سے لپسٹک اور میک اپ لیکر اسفند کے پیچھے پیچھے تھی۔۔۔

اور اسفند پورے روم میں دل کے آگے آگے بھاگ رہا تھا۔دل غصے سے منہ پھلا کر صوفے پر جا کر بیٹھ گئی۔

نہ میں کھانا کھاؤں گی اور نہ ہی آپ سے بات کروں گی۔دل یار یہ کیا بات ہوئی، یہ کوئی ناراض ہونے والی بات ہے وہ دل کے پاس صوفے پر بیٹھتے ہوئے بولا۔۔۔

مگر دل اتنی ناراض تھی کہ اس نے کوئی جواب نہیں دیا بس منہ پھلائے بیٹھی رہی۔ خر کار اسفند نے دل کے آگے ہار مان ہی لی۔۔

چلو اٹھو میری جان کرو میرا میک اپ، لگاؤ لپسٹک۔دل چہکی اور اسفند کا بازو پکڑ کر مرر کے سامنے لا کر کھڑا کر دیا۔۔۔

وہ اپنا بیوٹی پارلر کھول کر کھڑی ہوئی تھی۔پہلے اس نے اسفند کو لپسٹک لگائی پھر اسکو لائنز لگایا۔اس کے بعد بلش اون لگاتے ہوئے بولی اسفند یہ آپ کی داڑھی کی وجہ سے بلش اون صحیح سے لگ نہیں رہا۔۔۔

دل پلیز یار اب داڑھی کے ساتھ کچھ مت کرنا۔اسفند دل کو گھورتے ہوئے بولا۔ چلو ٹھیک ہے داڑھی پر کچھ نہیں کرتی پر مجھے اپنی پونیاں بنانے دیں۔ ہمم اسفند کو یہ ڈیل بہتر لگی تھی۔۔۔

ورنہ دل کا کیا تھا وہ تو یہ بھی کہہ سکتی تھی کہ آپ اپنی داڑھی منڈوا دیں تاکہ بلش ان اچھے سے لگ سکے۔۔

اسفند دل کو کسی بھی طرح کا رسٹریس نہیں دینا چاہتا تھا اس لیے چپ چاپ دل کی ہر بات مان رہا تھا۔۔۔

اور دل اسفند کی نرمی اور پیار کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے اس وقت اس کے سر پر دوپونیاں بننا کر بے حد خوشی سے اپنا کارنامہ شیشے میں دکھا رہی تھی۔۔ دیکھیں اسفند آپ کتنے خوبصورت لگ رہے ہیں۔۔اسفند کو اپنی حالت دیکھ کر رونا آرہا تھا کہاں وہ ڈیشنگ دبنگ ٹائیگر تھا اور کہاں دل نے اسے پتہ نہیں کون سی مخلوق بنا کر بیٹھا دیا تھا۔۔۔

ہاں دل میں بہت خوبصورت لگ رہا ہوں اب اگر اجازت ہو تو میں اپنا فیس واش کر لوں یا ابھی آپ

مجھے اپنے کپڑے بھی پہنانے کا ارادہ رکھتی ہیں۔۔ نہیں اپ کو میرے کپڑے فٹ نہیں آئیں گے وہ ہی ہی ہی کر کے منہ پر ہاتھ رکھتے ہوئے ہنس ہنس کر لوٹ پوٹ ہوتے ہوئے بول رہی تھی۔۔۔

دل کے چہرے پر حد سے زیادہ خوشی دیکھ کر اسفند بھی اس کے ساتھ ہنسنے لگا اسے اور کیا چاہیے تھا۔ کہ اس کی دل اگر یہ سب کر کے خوشد ہی تو اسفند نے بھی صبر کا گھونٹ بھر لیا۔۔ وہ یہی تو چاہتا تھا کہ دل ہر حال میں خوش رہے تا کہ وہ جلد از جلد ٹھیک ہو سکے۔۔۔

ادھر اؤٹ میرے پاس اسفند دل کو ہاتھ سے پکڑ کے پاس بیٹھاتے ہوئے پیار سے اس کے چہرے پر بالوں کی لٹوں کو کانوں کے پیچھے کر رہا تھا۔۔

ہم یہاں پر گھومنے کے لیے آئے ہے تو آپ یہ سب بچوں والے کام چھوڑ کر تیار ہو جاے۔ ہم لوگ باہر گھومنے چلتے ہیں۔۔
آپ کو پتہ ہے یہ ہمارا ایک طرف سے فرسٹ ہنی مون بھی ہے۔۔ اسفند دل کو اپنے قریب کرتا ہوا بول رہا تھا۔۔

تو دل نے شرما کر اپنی نظریں نیچے جھکا لیں ہائے میری جان آپ کی اسی شرم کو ہی تو میں مس کر رہا ہوں۔۔۔

جلدی سے ٹھیک ہو جاؤ دل۔۔ میں ٹھیک ہی تو ہوں کیا ہوا ہے مجھے آپ یہ بار بار مجھے کیوں بولتے رہتے ہیں۔۔۔ کہ میں ٹھیک ہو جاؤں دل نے پھر سے منہ فلا کر جواب دیا تھا۔۔

نہیں میرا بچہ تو بالکل ٹھیک ہے میں تو ایسے ہی بول رہا تھا۔۔ چلو تیار ہو ہم لوگ باہر گھومنے چلتے ہیں دل نے ہاں میں سر کو ہلایا تھا۔۔

اسفند نے فورن سے بات کو بدلا تھا کیونکہ وہ دل کی ناراضگی مول نہیں لے سکتا تھا۔دل کو تیار کرنے کے بعد خود واش روم میں جا کر اپنا فیس واش کر رہا تھا۔۔

جہاں پر دل نے بہت اچھی پینٹنگ بنائی تھی اپنا منہ دھوتے ہوئے ساتھ میں کھلکھلا کر ہنس پڑا۔دل بے بی ایک بار آپ ٹھیک ہو جاؤ۔۔

اس کے بعد آپ کو اپنے ہر کارنامے کا حساب دینا ہو گا میں نے اگر آپ کی راتیں اور دن آپ پر ہی تنگ نہ کر دیے تو اسفند شہریار میرا نام نہیں۔۔۔۔

اسفند نے بہت اچھے سے خود کو کور کیا تھا کیونکہ یہاں پر اس وقت بہت ٹھنڈ اور برف باری تھی۔۔

دل کو بھی اسفند نے خود لونگ کوٹ پہنا کر بہت اچھے سے کور کیا اور سر پر کیپ دیتے بولا۔۔

دل آپ کو سوٹزر لینڈ پسند ہے ہاں مجھے بہت پسند ہے میں نے فلموں میں دیکھا ہے دل والے دلہنیا لے جائیں گے میں بھی شاہ خان کا جل کو لے کر یہاں پر آئے تھے۔۔۔

۔دل آپ یہ فلمی ہیرو کو چھوڑ کر کبھی اپنی ہیرو پر بھی توجہ دے لیا کریں۔۔ میں بھی تو اپنی ہیروئن کو لے کر سوزر لینڈ آیا ہوں۔۔تو آپ ہر وقت یہ فلمیں ہیرو کا نام لے کر کیوں میرا خون جلاتی رہتی ہے۔۔
اسفند کو بالکل اچھا نہیں لگتا تھا جب دل اپنے منہ سے کسی فلمی ہیرو کا نام لیتی تھی اسے تو صرف دل کے منہ سے اپنا نام سننا ہی اچھا لگتا تھا مگر مجبوری یہ تھی کہ اس وقت وہ دل پر غصہ نہیں کر سکتا تھا۔۔۔

اسفند دل کو، سوئس الپس میں دو کے لئے فاؤنڈیو پارک میں لے کر آیا تھا یہاں کی کافی مشہور تھی اور یہاں پر اکثر برف باری ہوتی رہتی تھی۔۔اس لیے ہنی پور پر آئے ہوئے کپل یہاں پر ضرور آتے تھے کیونکہ یہاں کا ماحول کافی رومینٹک رہتا ہے۔۔

دل یہاں پر آکر کافی خوش تھی اور اسفند کے لیے اچھی بات یہ ثابت ہوئی کہ دل دوسرے آئے ہوئے کپلز کو رومینٹک موڈ میں بیٹھے ہوئے دیکھ کر۔۔

دل اپنی انکھوں پر ہاتھ رکھ کر اسفند کے قریب ہو کر بیٹھی بار بار شرما کر آنکھوں سے ہاتھ اٹھا کر ان کو دیکھ لیتی اور شرما کر اسفند کے ساتھ چپک جاتی تھی۔۔۔اسفند اس کے انداز سے لطف اندوز ہو رہا تھا۔۔

اسفند دل کی کمر کے گرد ہاتھ ڈال کر بیٹھا ہوا اس رومینٹک ماحول کا مزہ لے رہا تھا۔ وہاں پر کافی دیر بیٹھنے کے بعد اسفند دل کو لے کر ایک اور تفریح مقام پر آ گیا تھا۔۔

جہاں پر وہ دل کو لے کر کشتی کا سفر کرنے لگا یہ جگہ بے حد خوبصورت تھی۔ چاروں طرف صاف ستھرا پانی اور اونچے اونچے پہاڑ بہت ہی خوبصورت منظر پیش کر رہے تھے۔۔۔

اسفند دل کو ساتھ بٹھائے ہوئے سارے منظر کو اپنے یادگار لمحوں میں محفوظ کر رہا تھا۔۔اس کے بعد انہوں نے ایک بہت ہی مشہور ہوٹل میں کھانا کھایا جو کہ حلال تھا۔۔

مگر اس کا ٹیسٹ پاکستانی کھانوں سے کافی الگ تھا۔ مگر مزے دار تھا کھانے کے بعد دونوں کافی تھک چکے تھے اب ان دونوں نے ہوٹل کا رخ کیا تھا۔۔

اسفند میں بہت تھک گئی ہوں آپ مجھے اپنی گود میں اٹھا کر لے کر چلے۔دل گاڑی سے اسی شرط پر اترنے کو تیار تھی کہ ۔۔اسفند اسے اٹھا کر ہوٹل روم تک لے کے جائے۔۔۔

اسفند کو اور کیا چاہیے تھا وہ خود سے اس کے پنجرے میں پھنسنے کے لیے تیار تھی اور ویسے بھی دل ہر گزرتے دن کے ساتھ ٹھیک ہو رہی تھی۔۔

وہ پہلے کی طرح بار بار فلیش بیک میں جا کر چیخے نہیں مارتی تھی اور اب اس کا بچوں والا بیہیویئر بھی پہلے سے کافی کم تھا۔۔

پوری طرح سے ٹھیک تو نہیں کہہ سکتے مگر سو میں سے 75 فیصد اس میں بدلاؤ آرہا تھا۔اسفند اسے ہر روز ایک نئ جگہ پر گھومنے کے لیے لے کے جاتا اور گھنٹوں اس کے ساتھ باتیں کرتا۔

اور اس کی ہر بات کا جواب دیتا اس کی ہر بات کو غور سے سنتا تھا۔دل کے ہر ایک لمحے کو اسفند اپنے پیار سے خوبصورت سے خوبصورت تر بناتا جارہا تھا۔۔

اور اسفند کی محبت رنگ لارہی تھی دل ڈاکٹروں کی سوچ کے برعکس مہینوں میں نہیں دنوں میں ٹھیک ہو رہی تھی۔۔۔

دل کو گود میں اٹھا کر ہوٹل روم میں لے آیا۔ان کو اس طرح سے آتا ہوا دیکھ کر راستے پھر کافی لوگ ان کو دیکھ کر ہنس رہے تھے۔۔

کہ کتنا رومنٹک کپل ہے مگر اسفند کو تو ان سب باتوں سے کوئی فرق نہیں پڑتا تھا اسے تو بس یہ پتہ تھا کہ دل اس کی ہے اور وہ پ اس پر پورے حق رکھتا ہے۔۔

وہ بڑے آرام سے اپنی مغرورانہ چال کے ساتھ چلتا ہوا دل کو لے کر روم تک آگیا۔۔۔ٹائگر روم کے اندر چاہے دل کے ساتھ جتنا مرضی سوفٹ ہو کر رہتا ہو۔

مگر جب بھی وہ دل کو لے کر ہوٹل روم سے باہر جاتا تو وہاں پر ایک الگ ہی ٹائیگر نظر آتا تھا۔ جس کی خوبصورتی دیکھ کر لوگ جتنا اس سے متاثر ہوتے تھے۔

اس کے چہرے پر غصے اور دہشت کی لکیریں جو واضح نظر اتی تھی اسے دیکھ کر لوگ ٹائیگر سے اتنا ہی گھبرا کر دودھ بھی رہتے تھے۔۔

ٹائیگر روم میں آتے ہی دل کو بیڈ پر گراتے ہوئے بھی دل کے اوپر گرا کیونکہ اتنی رومینٹک جگہ سے وہ دونوں ہو کر آئے تھے۔۔

اب ٹائیگر کا رومینٹک ہونا تو بنتا تھا اسفند پیچھے ٹھے کیا کر رہیں ہے آپ
۔دل کے سوچ میں بھی نہیں تھا کہ ایسا کچھ ہونے والا ہے کیونکہ اتنے دنوں سے اسفند نے اسے کافی ڈھیل دے رکھی تھی۔۔

یہ آپ کو ابھی تھوڑی دیر میں پتہ چل جائے گا کہ میں کیا کر رہا ہوں اس لیے شرافت سے اٹھو دل اور جاگ کر چھینچ کر کے آؤ۔۔

مجھے اچھے سے پتہ ہے کہ آپ اس وقت ٹھیک ہے 70 پرسنٹ ٹھیک ہو چکی ہے۔آپ کے ڈاکٹر نے مجھے آپ کی رپورٹ بھیجی ہے۔۔

اسفند ہر روز دل کی پوری کنڈیشن ڈاکٹر کو بتاتا رہتا تھا تو ڈاکٹر اس کے مطابق اسفند کو یہ بتاتا تھا کہ دل کتنے پرسنٹ ٹھیک ہو چکی ہے۔
اسفند تھوڑا نیچے چکا اور دل کو اپنی گود میں اٹھاتے ہوئے ساتھ والے روم میں قدم بڑھا رہا تھا۔۔۔

۔دل گرنے کے ڈر سے اسفند کے گلے میں اپنی باہیں ڈالے ہوئے تھی۔۔۔۔اس نے اپنی آنکھیں اب بھی بند کر رکھی تھی۔۔۔۔

روم کے اندر مدھم سی آواز میں رومینٹک سونگ بج رہا تھا۔۔

کیسے بتائیں کیسے جتائیں

صبح تک تجھ میں جینا چاہیں

بیھگے لبوں کو گیلی ہنسی کو

پینے کا موسم ہے پینا چاہیں

♪♪♪♪♪♪♪♪♪♪♪♪

اسفند نے دل کو آہستہ سے نیچے کھڑا کر دیا تھا۔۔اس نے دل انکھوں کو باری باری اپنے لبوں سے چومتے ہوئے۔۔۔دل آنکھیں کھولو اور میری طرف دیکھو وہ دل کے کان کے پاس جا کر بول رہا تھا۔۔

اک بات کہوں کیا اجازت ہے

مجھے تیرے عشق کی عادت ہے

دل نفی میں سر کو ہلا رہی تھی۔۔۔۔دل پلیز میری طرف دیکھو میں تمہاری انکھوں میں اپنا عکس دیکھنا چاہتا ہوں۔۔وہ دل کے لبوں کو بڑی نرمی سے چومتے ہوئے بول رہا تھا۔۔۔۔۔مجھے شرم آتی ہے آپ کو دیکھ کر وہ آہستہ سے بولی تھی۔۔۔۔۔کیا آج کی رات اسفند کی جان شرم کو چھوڑ کر یہ حسین رات اسفند کے نام نہیں کر سکتی۔۔۔وہ نرمی سے دل کانوں کی لو کو دانتوں سے ہلکا سا دباتے ہوئے بولا تھا۔۔۔

اک بات کہوں کیا اجازت ہے

مجھے تیرے عشق کی عادت ہے

اسفند ہمم پلیز۔۔۔کیا۔۔۔ابھی تو میرے پیار کی حسین رات شروع بھی نہیں ہوئی اور میری جان اسفند پلیز کہنے لگ بھی گئی ہے۔۔۔۔۔۔ابھی تو پوری رات باقی ہے میری کانچ کی گڑیا۔۔۔۔۔اسفند کی باتوں اور اس کے بے حد قریب ہونے سے دل کا دل زور سے دھڑکنے لگا تھا۔۔۔۔۔

وہ دل کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے خود کے قریب کیے ہوئے تھا۔۔۔۔۔وہ آہستہ آہستہ سونگ کے ساتھ رومینٹک کپل ڈانس کر رہا تھا۔۔۔اس نے دل کی کمر سے لے جا کر اپنا ہاتھ دل کے پیٹ پر رکھ لیا تھا۔۔۔۔اس کے ہاتھ میں اتنی حرارت تھی کہ دل سمٹنے لگیں تھی۔۔۔۔

اس نے دل کا ہاتھ اوپر کیطرف کر کے اسے گمایا تھا اب اس نے دل کا رُخ اپنی طرف کر لیا تھا۔۔اپنے دونوں ہاتھ دل کی کمر پر باند کر اسے خود کے بے حد قریب کیے ہوئے تھا۔۔۔۔

اتنا قریب کہ اگر دل اپنی جگہ سے تھوڑا سا بھی ہلتی تو اس کی گلابی پنکھڑیاں اسفند کے سلگتے ہوئے انابی لبوں سے ٹکرا جاتی۔۔۔۔۔

کمرے میں مدہم سی روشنی تھی۔۔۔۔۔دل۔۔۔۔ہوں۔۔۔۔۔آپ بہت خوبصورت لگ رہی ہو۔۔۔۔وہ دل کی کمر پر اپنی پشت لگائے دل کے بالوں میں منہ چھپائے ہوئے بول رہا تھا۔۔۔دل چپ تھی وہ کیا جواب دیتی۔۔ اس سے تو اپنی ہاٹ بیٹ کنڑول نہیں ہو رہی تھی۔۔۔

اسے لگتا تھا کہ آج دل کی دیواریں توڑ کر دل باہر آجائیں گا

۔۔۔۔۔دل۔۔۔۔ہوں۔۔۔۔کیک کٹ کرے۔۔۔۔ہوں۔۔۔وہ بس اتنا ہی جواب دے پائی تھی۔۔۔۔اسفند پاس پڑے ہوئے ٹیبل سے ریموٹ اٹھا کر کمرے کو روشن کر دیا تھا۔۔۔ریموٹ کنڑول واپس ٹیبل پر رکھتے ہوئے۔۔۔۔۔

دل کی طرف واپس پلٹا تھا دل پھر سے آنکھوں کو بند کیے ہوئے کھڑی تھی ۔۔۔۔اسفند کی جان آنکھیں کھولیں۔۔کیا بند آنکھوں سے اپنے شوہر کا کیک کٹ کرواؤ گی۔۔۔۔۔وہ دل کا نازک سا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیے ہوئے ٹیبل پر آگیا تھا۔جہاں پر کیک رکھا ہوا تھا۔۔۔وہ دل ہاتھ کے اوپر اپنا ہاتھ رکھتے ہوئے کیک کاٹ رہا تھا۔۔۔۔

اسفند نے ایک چھوٹا سا پیس اٹھا کر دل منہ میں ڈال دیا تھا۔۔۔دل بھی ایک چھوٹا سا پیس اوٹھا کر اسفند کے منہ میں ڈالنے لگی تھی۔۔ مگر اسفند نے اس کا ہاتھ پکڑ کر روک دیا تھا۔۔۔دل سمجھ نہیں پائی تھی کہ۔۔۔اسفند نے کیک کیوں نہیں کھایا۔۔۔۔

میں نے اپنی برتھ ڈے پر۔ایسے تو بہت بار کیک کھایا ہے۔۔۔۔اب میری بیوی بھی مجھے کیک ایسے ہی کھلائے گی۔۔۔۔میں سمجھی نہیں۔۔۔۔مجھے اپ کے ہاتھوں سے کیک نہیں کھانا وہ دل کے کام میں ہلکے سے سر گوشی کرتے ہوئے بول رہا تھا۔۔۔۔

دل کو سمجھ آگیا تھا کہ اسفند چمچ سے کھانا چاہتا ہے اس نے جلدی سے ٹیبل پر رکھا ہوا چمچ اٹھا کر اس سے اسفند کو کیک کھلانے لگی تھی۔۔۔اسفند سر پکڑ کر رہ گیا۔۔۔۔

ان رومینٹک لڑکی میں چمچ سے کھانے کی بات نہیں کر رہا۔۔۔تو پھر کیسے کھانے کی بات کر رہے ہیں۔۔اسفند مجھے تو آپ کے نخرے سمجھ میں نہیں آتے ایسے نہیں کھانا ویسے نہیں کھانا دل دل جھنجھلا کر بول رہی تھی۔۔۔

ایک تو روم کو اسفند نے اتنا زیادہ روشن کر رکھا تھا کہ زمین پر رینگتی ہوئی چونٹی کے پاؤں بھی گنے جا سکتے تھے۔۔اوپر سے دل نے نیم دراز لباس زیب تن کر رکھا تھا۔۔جس کی وجہ سے اسے شرم حیا کے رنگوں نے اپنے لپیٹے میں لیا ہوا تھا۔۔۔۔

شششششش چپ مجھے آپ کی آواز نہیں آنی چاہیے وہ اس کے لبوں پر اپنی شہادت کی انگلی رکھتے ہوئے بول رہا تھا۔۔۔میں خود کھالوں گا جیسے مجھے پسند ہے آپ سوچنے کی زحمت کر کے خود کو ہلکان مت کرو۔۔۔

وہ ٹیبل کے نیچے سے کرسی کو کھینچتے ہوئے اس پر بیٹھ گیا تھا۔۔دل کی کمر پر ہاتھ رکھ کر اسے اپنی گود میں بیٹھنے کا اس نے اشارہ کیا تھا۔۔۔دل نے نفی میں سر کو ہلا دیا۔۔۔وہ اسے گھور رہا تھا۔۔۔۔پلیز۔۔۔۔ ششششش جو بول رہا ہوں چپ چاپ کریں میری برتھ ڈے کی خوشی میں اس میری اس رومیٹک ڈیٹ کو خراب کرنے کی کوشش بھی مت کرنا دل۔۔۔

ورنہ میں آج کچھ ایسا کر جاؤں گا کہ آپ خود سے بھی نظریں نہیں ملنا پائیں گی۔۔تو پلیز میرے صبر کو مت آزماؤ ورنہ میں آپ کے لیے بہت کڑی سچویشن کھڑی کر دوں گا۔۔اور میرے خیال سے آپ کو میرا وہ سب کرنا بالکل پسند نہیں آئے گا۔۔

اس نے دل کو ہاتھ سے پکڑ کر اپنی گود میں بیٹھالیا تھا۔۔۔دل کا زوروں سے دھک دھک کر رہا تھا اسفند کی نظروں میں جتنی بے تابیاں نظر آرہی تھی۔۔ان کو دیکھ کر دل کو اپنے پیروں جان نکلتی ہوئی لگ رہی تھی۔۔۔۔۔اسفند نے ٹیبل پر رکھے ہوئے کیک پر لگی ہوئی چاکلیٹ کو انگلی سے اٹھایا تھا۔۔اور اپنی انگلی کو دل کے ہونٹوں کے نزدیک لے جا کر چاکلیٹ کو اس کے ہونٹوں پر لپسٹک کی طرح لگا دیا تھا۔۔۔۔

اب جا کے دل کو یہ سمجھ آگیا تھا کہ اسفند کیک کیسے کھانا چاہتا ہے۔۔۔دل جلدی سے اپنی کمر سے اسفند کا ہاتھ ہٹاتے ہوئے اس کی گود سے اٹھ کر فرار ہونا چاہتی تھی مگر ٹائیگر اپنے شکار کو اپنے مرضی کے بنا تو ہلنے بھی نہ دے۔تو دل کیسے بھاگ سکتی تھی اس کے ان لمحوں کو ادھورا چھوڑ کر۔۔۔۔وہ جھٹکے سے کرسی سے اٹھا تھا اور دل کی کمر میں ہاتھ ڈالتا ہوا اسے دیوار کے قریب لے گیا تھا۔۔۔

دیوار کے ساتھ دل کی پشت لگا کر اس نے اس کا ہاتھ ہوا میں بلند کرتے ہوئے دیوار پر رکھ کر اپنا ہاتھ اس کے اوپر رکھا ہوا تھا۔۔۔اور دل کے دوسرے ہاتھ کو اس کی کمر کے پیچھے اپنے ہاتھ سے باندھ رکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔

آپ سدھرو گی نہیں نہ دل۔۔۔کیوں بھاگتی ہو میری قربتوں سے اتنا دور

اسفند پھولی ہوئی سانس کے ساتھ اپنا چہرہ دل کے نزدیک کیے ہوئے آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر پوچھ رہا تھا۔۔۔

آپ سے بس آج کی رومینٹک ڈیٹ اپنی مرضی سے کے مطابق چاہتا تھا ۔۔۔آپ مجھے میری برتھ ڈے پر اتنا سا بھی گفٹ نہیں دے سکی ہو۔۔۔

گفٹ تو میں لے کر رہوں گا چاہے پھر زبردستی ہی کیوں نہ ہو وہ اپنا چہرہ دل کے لبوں پر جھکا چکا تھا دل کے چاکلٹ لگے ہوئے ہونٹوں کو اپنے ہونٹوں کی

قید میں لیے ہوئے اپنا برتھ ڈے کا کیک دل کے لبوں سے چوس رہا تھا۔۔۔۔۔وہ دل کو دیوار کے ساتھ اس قدر سختی کے ساتھ لگائے ہوئے تھا کہ دل چاہ کر بھی آدھا انچ بھی اپنی جگہ سے ہل نہیں سکتی تھی۔۔

اس نے اتنی شدت کے ساتھ اپنا کیک دل کے لبوں سے چوسا تھا۔۔کہ دل کے ہونٹ خشک ہونے لگے دل کو اپنی سانسیں تھمتی ہوں محسوس ہو رہی تھی۔۔۔ہوں ں ں دل پھڑ پھڑا کر اوغاز نکال رہی تھی مگر وہ دل کے لبوں کو چھوڑنے کے لیے تیار نہیں تھا۔۔۔۔

تقریبا پانچ منٹ کے بعد جب اس نے دیکھا کہ دل کی حالت غیر ہونے لگی ہے تو وہ اپنا چہرہ پیچھے کر کے مسکراتے ہوئے دل کو مار کر بولا کیا زبردست ٹیسٹ تھا میری برتھ ڈے کے کیک کا۔۔۔وہ اپنے برتھ ڈے کے کیک کے ساتھ ساتھ دل کی لپسٹک بھی اتار چکا تھا۔۔۔

دل اپنی اکھڑی ہوئی سانسوں کو ٹھیک کرتے ہوئے بنا جواب دیے ہوئے اسفند کے چنگل سے بچنے کے لیے ایک بار پھر سے ساڑی کا فول اپنے ہاتھ سے اٹھاتے ہوئے روم سے بھاگنے کی تیاری کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔

جسے اسفند نے پھر سے ناکام بنا دیا تھا۔دل کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے اپنے پاس کھینچتے ہوئے دل کی ساڑی کا پلو جس کی پن نکل گئی تھی اور وہ زمین پر گر گیا تھا۔۔۔۔

اسفند کے دلکش انابی لب مسکرا رہے تھے دل نے اپنی آنکھیں ایک بار پھر سے بند کر لی تھی دل کے دونوں ہاتھ اسفند کے شولڈر پر رکھے ہوئے تھے دل سراپا قیامت لگ رہی تھی اس کی خوبصورتی دیکھ کر اسفند کا اس پر مر مٹنے کو دل کر رہا تھا۔۔۔

ریڈ کلر کی ساڑی سے اس کا دودھ دیا گورا رنگ چاندنی رات میں چاند کی طرح چمک رہا تھا۔۔۔اسفند کی جان کیوں اپنی جان کو مشکل میں ڈال رہی ہو آپ کی یہ کوششیں مجھے اور بہکا رہی ہیں۔۔۔وہ پیٹ پر اپنی انگلی سے لکیر کھینچتا ہوا زمین پر ایڑیوں کے بل بیٹھ گیا تھا۔۔۔۔۔

دل کی کمر کے دونوں طرف اپنے ہاتھ رکھتے ہوئے جب اس نے اپنے لب اس کے پیٹ پر رکھے تو دل کے منہ سے سسکی نکلی تھی۔۔۔۔دل نے آنکھیں بند کیے ہوئے اپنے دونوں ہاتھوں سے اسفند کے کاندھوں کو زور سے اپنی مٹھیوں میچ رکھا تھا۔۔۔وہ دل کے پیٹ پر اپنے لبوں کے لمس چھوڑ رہا تھا۔۔۔

دل کے پورے جسم میں بجلیاں سی دوڑنے لگی تھی۔۔۔اسفند کے لبوں کے لمس سے دل کا پورا جسم ہولے ہولے کانپ رہا تھا۔۔۔جب اسفند کے لبوں کے گستاخیاں حد سے زیادہ بڑھنے لگی تو۔۔دل اسفند کے کاندھوں کو جھٹکے سے چھوڑتی ہوئی بھاگ کر روم کی کڑکی کے پاس جا کر کھڑی ہو گئی تھی۔۔۔ مگر اسفند کے ہاتھ میں اس کی ساڑی کا پلو تھا جسے اسفند نے اپنے ہاتھ میں مضبوطی سے پکڑ رکھا تھا۔۔۔۔۔

دل کی ساڑی کا پلو بڑی حد کھل چکا تھا اب دل کی حالت پہلے سے بھی زیادہ بدتر ہو رہی تھی وہ اپنے دونوں کاندھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے کھڑکی کی طرف منہ کر کے خود کو اسفند کی نظروں سے چھپانے کی ناکام کوشش کر رہی تھی۔۔۔

اس کا دل سو کی سپیڈ سے دھڑک رہا تھا وہ کھڑکی کو پکڑے ہوئے اپنی سانسوں کو بحال کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔۔۔۔کے وہ وہ دشمن جاں پھر سے اس کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے اپنی سانسوں کے قریب لے آیا تھا۔۔۔

وہ کی پشت پر اپنا سینہ لگائے ہوئے کھڑا تھا۔۔۔دل سسکی نکلی تھی۔۔۔کیوں کے اسفند نے حرکت ہی کچھ ایسی کی تھی کہ شرم سے پانی پانی ہو رہی تھی ۔۔۔میری جان کیوں میرے جذباتوں کو اور بھڑکا رہی ہو۔۔۔جتنا زیادہ تڑپاو گی میں اتنا ہی آپ ہلکان کروں گا تو اسفند کی جان خود کے لیے مشکلات کھڑی کر رہی ہے۔۔۔۔وہ کی ساڑی کا باقی کا پلو بھی اتار کر زمین پر پھینکتے ہوئے بول رہا تھا۔۔۔

اسفند کے ارادوں کو دیکھ کر دل کی جان نکل رہی تھی

۔۔۔۔۔اسفند۔۔۔۔۔۔۔ شششش۔۔۔۔کچھ بھی کہنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے وہ دل گردن کو چومتے ہوئے بول رہا تھا اس لمس دل کی گردن کو جلسار ہے تھے۔۔۔۔وہ اب گردن سے نیچے کی طرف اپنے انابی لبوں کے لمس چھوڑ رہا تھا۔۔۔۔

جب اسفند کے لب دل کے دل والے مقام پر آ کے رکھے تو دل نے بے اختیار سسکیاں لیتے ہوئے اسفند کے سینے سے اس کے کرتے کو اپنی مٹھیوں میں بھیچ لیا تھا۔۔۔۔اس کی سانسیں تیز ہونے لگی تھی۔۔۔وہ آنکھوں کو بند کیے ہوئے اس کے رحموں کرم خود کو چھوڑ کر کھڑی ہوئی تھی۔۔۔۔

اسفند نے نظروں کو اٹھا کر دل کی طرف دیکھا تھا۔۔۔اس تیز ہوتی ہوئی سانسوں کو دیکھ کر اسفند کے انابی لب مسکرا رہے تھے۔۔۔۔وہ اسے دیوار کے ساتھ لگائے ہوئے کھڑا تھا۔۔۔۔دل۔۔دل۔۔۔وہ دل کو سرگوشی میں بلا رہا تھا۔۔۔ مگر دل سے بولا ہی نہیں جا رہ تھا وہ ن آنکھوں کو بند کیے ہوئے ساکت کھڑا ہوا تھا۔۔۔

وہ مسکراتا ہوا نیچے کی طرف جھکا اور دل کو اپنی گود میں اٹھاتے ہوئے اسے بیڈ کی طرف لے جا رہا تھا۔۔۔اسفند کی جان میری طرف دیکھو تو سہی وہ اسے بیڈ پر لیٹاتا ہوا بول رہا تھا۔۔۔۔

نہیں مجھے آپ سے شرم آ رہی ہے۔۔۔دل کی آواز کی آواز اتنی کم تھی کہ روم لگے ہوئے مدھم سے میوزیک میں اسفند بامشکل ہی سن پایا تھا۔۔۔۔

آج شرم کو آہی لینے دو میں بھی تو دیکھوں کہ میری بیوی کی شرم کی آخری حد کیا ہے۔۔۔وہ اپنا منہ دل کے ریشمی بالوں میں چھپاتا ہوا بولا تھا۔۔۔

دل بالوں سے اڑتی ہوئی خوشبو اسفند کے ارمانوں کو ہوا دے رہی تھی۔۔۔۔میری طرف دیکھو دل وہ اپنا منہ اوپر کر کے اپنی جز باتوں سے چور آواز سے دل کو اپنی طرف دیکھنے کو کہا تھا۔۔۔۔دل نے نے نفی میں سر کو ہلایا۔۔۔۔اسفند مجھے نہیں ہو گا۔۔وہ بے بسی بولی تھی۔۔۔

ہو گا ضرور ہو گا کیونکہ یہ میری ضد ہے اور اسفند شہریار جب تک اپنی ضد کو پُورا نہ کر لے اسے سکون نہیں ملتا۔۔۔۔اسفند ضد پر اڑ گیا تھا۔۔۔وہ دل کے اوپر دراز ہو کر لیٹا ہوا تھا۔۔۔۔

اسفند دل کے ساتھ بہت ہی کم ضد پر کرتا تھا۔۔کیونکہ یہ حق اس نے دل کو دے رکھا تھا۔دل ہمیشہ ضد کرتی تھی اور اسفند اس کی ضد پر اپنا سر خم کر دیتا تھا۔۔۔

مگر آج وہ اپنی ضد پوری کر کے رہے گا اس نے ٹھان لی تھی۔۔۔۔دل کو اسفند کے سامنے ہتھیار ڈالنے پڑے تھے۔اس اپنی پوری ہمت جمع کر کے اپنی شرم سے بھاری ہوئی پلکوں کو بڑی مشکل سے اٹھایا تھا۔۔۔۔

دل کی پلکوں پر آنسوں کے قطروں کو دیکھ کر اسفند اسفند تڑپ سا گیا تھا ۔۔۔دل رونا نہیں سوری میری جان آپ مت کھولو اپنی آنکھیں بند رکھو مگر رونا بند کرو میں آپ کو روتا ہوا نہیں دیکھ سکتا۔۔۔۔پہلے رولاتے ہیں اور بعد میں کہہ دیتے ہے کہ میں آپ کو روتا ہوا نہیں دیکھ سکتا وہ منہ بھلاتے ہوئے بولی تھی۔۔۔۔

ہاہامیں اپنی جان کو کب رولاتا ہوں یہ الزام اپنے شوہر پر مت لگائے۔وہ کہقہ لگا کر ہنساں تھا۔۔۔ایک تو روم میں اتنی روشنی کر رکھی ہے جیسے میں یہاں گم ہو جاوں گی وہ اسفند کی بے باک نظروں کو اپنے اوپر مرکوز ہوئے دیکھ کر ۔اپنی نظریں دیوار پر جمائے ہوئے بول رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

ooooooo ء

اسداوٹھ جائے ناکب سے یہ دونوں روئے جارہے ہیں مسکان بچوں کو چپ کرواکرواکر تھک گئی تھی۔اوراسے نیند بھی بہت زیادہ آرہی تھی۔

اسد بیچارہ پورا دن آفس میں تھکنے کے بعد ابھی ایک گھنٹہ ہی پہلے ہی آکر لیٹا تھا۔وہ آفس سے کافی لیٹ گھر آیا تھا۔۔آفس میں اس وقت بہت کام تھا۔ اسفند کے نہ ہونے کی وجہ سے۔۔اوپر سے اسد بھی کافی دن مسکان کی ڈلیوری سے پہلے گھر پر ہی رہ کر کام کرتا رہا تھا۔۔۔۔جس کی وجہ سے اب کام کا کافی زیادہ تھا۔۔سارے دن کی مصروفیت کے بعد اب جا کر بیچارے کو بستر نصیب ہوا تھا۔۔

تو اس کے شہزادہ شہزادی نے ولولہ مچا دیا تھا۔اسد آنکھیں ملتا ہوا اٹھ کر بیٹھ کیا تھا۔کیوں کہ مسکان کی حالت نیند سے بہت خراب ہو رہے وہ رونے والی ت ہو رہی تھی۔۔۔۔

تواسد خان بھلا کیسے یہ گوارا کر سکتا تھا کہ اس کی پرنسز کسی تکلیف میں ہو اس لیے فورن سے اٹھ کر بیٹھ گیا تھا۔۔۔جی خانم میرے لیے کیا حکم ہے ۔مسکان دونوں بچوں کو گود میں اٹھا کر روم میں چکر لگا رہی تھی۔۔۔۔

ان دونوں کو پکڑے اور چپ کروائیں۔مسکان دونوں بچوں کو اسد کی گود میں تماتے ہوئے بولی تھی۔۔۔اسد کو مسکان کی حالت دیکھ کر ہنسی آ رہی تھی۔۔۔

اوکے پریشان نہ ہو ان کو میں سلاتا ہوں آپ آرام سے بیٹھ جاؤ۔۔۔مسکان نیند اور تھکاوٹ کی وجہ سے کافی چڑچڑی سی ہو رہی تھی۔۔۔

کیسے آرام کروں۔۔ فیڈ بھی کروادی ہے کپڑے بھی چینج کروادیے ہیں مگر ان دونوں کو اب بھی نیند نہیں آرہی۔۔نہ سوتے ہیں نہ مجھے سونے دیتے ہیں۔۔۔۔

مسلسل اپنی نیند نہ پوری ہونے کی وجہ سے مسکان کی طبیعت کافی چڑچڑی سی ہورہی تھی اور آنکھوں کے گرد بھی ہلکے نظر آنے لگے تھے اسد مسکان کے چہرے کی طرف غور سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

پرنسس ریلکس ہو جاؤ میں آج ہی کیسی اچھی نرسس کا انتظام کرتا ہوں جو بچوں کو سنبھالنے میں آپ کی مدد کرے۔۔۔۔اسد دونوں بچوں کو اپنے کاندھوں سے لگا کر روم کے چکر لگا رہا تھا۔۔

کچھ دیر کے بعد بچے سو گئے تھے۔۔اسد بچوں کو ان کی جگہ پر لیٹاتے ہوئے۔۔مسکان کے پاس چلتا ہوا آیا تھا۔۔مسکان صوفے کی پشت سے ٹیک لگائے ہوئے پاؤں صوفے کے اوپر کر کے بیٹھی ہوئی تھی۔۔۔

اسد نے نیچے جھک کر مسکان کو گود میں اٹھا لیا تھا۔۔اسے بیڈ پر لیٹاتے ہوئے ہنستے ہوئے بولا تھا۔۔پرنسس بہت موٹی ہو گئی ہو۔۔اسد مسکان کا موڈ لائٹ کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔جو اس کے شہزادے اور شہزادی نے خراب کر دیا تھا۔۔۔۔

جی نہیں میں تو موٹی نہیں ہوئی۔۔۔ہو گئی ہو پرنسس۔۔۔۔اسد پلیز مجھے موٹی مت کہے میں اپنا ویٹ لوز کر لوں گی۔۔۔اگر میں کہو کہ مجھے تو آپ ایسے ہی اچھی لگتی ہے تو۔۔۔کیا میں آپ کو موٹی ہی اچھی لگتی ہوں۔۔۔وہ حیرانی سے پوچھ رہی تھی۔۔۔

وہ مسکان ساتھ لیٹا ہوا تھا۔اسد نے اپنا ہاتھ مسکان کی کمر پر رکھ کر اس گرد نرمی سے گھیرا تنگ کیا ہوا تھا۔۔۔۔اپنا چہرہ مسکان کے چہرے پر جھکائے ہوئے بول رہا تھا۔۔۔ہاں مجھے ایسی ہی اچھی لگتی ہے کیونکہ کم سے کم آپ میری باہوں کے گھیرے میں نظر تو آرہی ہے۔۔اسد آپ بھی نہ۔۔۔اس نے شرما کر نظریں پھیرتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔

ہائے خانم آپ کے اسی شرمانے کو تو میں کب سے مس کر رہا تھا۔۔۔۔وہ اس کی گال پر کس کرتے ہوئے بول رہا تھا۔۔۔کل بچوں کے لیے میں دو کیئر ٹیکر کا انتظام کر دوں گا۔۔آپ کی نگرانی میں وہ بچوں کا خیال رکھیں گی۔۔۔

اور آپ خود کو تیار کرے میری قربتوں کو برداشت کرنے کے لیے مجھے سے اب اور دور نہیں رہا جاتا۔وہ کروٹ لے تا ہوا مسکان کے اوپر آگیا تھا۔۔۔۔

مسکان بنا جواب دیے شرم سے آنکھوں کو جھکائے ہوئے تھی۔۔۔۔خانم اسد خان آپ کے جواب کا منتظر ہے۔۔۔۔جی۔۔۔۔کیا جی۔۔۔۔جو آپ نے کہا ہے۔۔۔۔۔۔میں نے کیا کہا ہے۔۔۔۔اسد پلیز سمجھ جائیں نہ ۔۔۔۔ہاہاپر نسس اب تو مجھے سے مت شرمایا کرے۔۔۔۔۔اب تو آپ میرے دو دو بچوں کی ماں بن گئی ہے۔۔۔وہ کھقے سے ہنستا ہوا بول رہا تھا۔۔۔۔۔

ویسے خانم بہت خوبصورت ہو گئی ہیں آپ میرے بچوں کی ماں بن کر۔۔۔۔وہ اپنے دل کش لبوں سے مسکان کے چہرے پر اپنی محبت کے لمس چھوڑ رہا تھا۔۔۔۔پر نسس مجھے آپ کے وجود کی حرارت بہت سکون دیتی ہے۔۔۔۔

وہ اپنے ہاتھوں کے پیالے میں اس کا چہرہ لیے ہوئے اسکے مخملی سے لبوں کو اپنے لبوں میں قید کر گیا تھا۔۔۔آج بہت دنوں کے بعد وہ اپنی پرنسز کو اپنے اتنے قریب پا کر مدہوش سا ہونے لگا تھا۔۔۔

مسکان خود بھی اپنے خان کو بہت مس کر رہی تھی کیونکہ ڈلیوری کے بعد بچوں کے ساتھ وہ بے حد مصروف ہو گئی تھی۔۔۔اوپر سے سیزر کی وجہ سے اس کی صحت کا خیال رکھتے ہوئے اسد مسکان کے زیادہ قریب نہیں آتا تھا

۔۔۔۔۔

کیونکہ قریب آ کر خان سے اپنا سنبھالا نہیں جاتا تھا آج جب بہت دنوں کے بعد وہ دونوں ایک دوسرے کی قربت میں تھے۔۔۔تو دونوں ہی سکون محسوس کر رہے تھے۔۔۔مسکان نے اپنے ہاتھ دونوں اسد کی کمر پر باندھے

ہوئے تھے۔۔جو اس بات کی دلیل تھی کہ وہ بھی اپنے خان کو اپنے پاس چاہتی ہے۔۔۔۔مسکان کے یوں اسد کی کمر پر ہاتھ باندھنا اسد کو اندر تک سکون دے گیا تھا۔۔۔۔

کیونکہ ایسا آج پہلی بار ہوا تھا کہ مسکان نے خود سے کوئی قدم اٹھایا تھا اسد کی قربت کے لیے اپنی محبوب کی آنکھوں میں اپنے لیے ایک بے قراری دیکھنے کا بھی ایک الگ ہی مزہ ہے۔۔۔۔

پرنسس۔۔۔۔ہوں۔۔۔۔۔آئی لو یو۔۔۔خان آپ کو آپ کو اپنی جان سے بھی زیادہ چاہتا ہے۔۔۔وہ اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بڑی محبت سے بول رہا تھا۔۔۔۔مسکان کی ساری دنیا بھی آپ شروع ہو کر آپ پر ہی ختم ہو جاتی ہے۔وہ بھی بڑی محبت سے بولی تھی۔۔۔۔

خانم جھوٹ مت بولے آپ کی دنیا اپنے بچوں سے شروع ہو کر اپنے بچوں پر ہی ختم ہوتی ہے۔اسد نے دونوں بچوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا تھا ۔۔۔آپ کو میرے بچوں سے کچھ زیادہ ہی جیلس ہوتے ہو۔۔۔مسکان نے فورن اپنے بچوں کی سائیڈ لیتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔

میں آپ کے بچوں سے کیسے جیلسی فیل نا کروں۔۔ہر وقت تو میری پرنسس کو مجھ سے دور رکھتے ہے۔چپکو کہیں کے۔۔اسد اپنا دفاع کرتے ہوئے خود کو مضلوم ثابت کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔۔۔

ان بیچاروں کا کوئی قصور نہیں ہے ان کو الزام نہ دیں۔۔وہ تو بالکل اپنے باپ کے نقشے قدم پر چل رہے ہیں۔۔پہلے باپ سکون لینے نہیں دیتا تھا۔۔اب

اس کی اولاد سکون نہیں لینے دیتی مسکان نے اپنا محبت بھرا درد بیان کیا تھا۔۔۔۔

ہاں یہ بات تو آپ کی سچ ہے کہ وہ اپنے باپ کے نقشے قدم پر چل رہے رہیں ہے۔۔ مگر ہم سکون نہیں لینے دیتے یہ بات غلط ہے۔۔ میں اور میرے معصوم بچے آپ کو بہت پیار کرتے ہے خانم ہمارے پیار کی قدر کیا کرو ۔۔۔۔۔وہ ہنستے ہوئے جواب دے رہا تھا۔۔۔۔۔اووااواو۔۔۔بچوں نے بھر سے رونا شروع کر دیا تھا۔۔لو جی یہ دونوں بھر اوٹھ گئے ہیں۔مسکان افسردہ سا منہ بنا کر بول رہی تھی۔۔۔۔سو جاؤ میں ان کو دیکھ لوں گا۔اسد کو پتہ تھا کہ مسکان کی اس وقت نید سے بری حالت ہو رہی ہے۔۔۔۔

پکا آپ ان کو سنبھال لیں گے۔مسکان اسد سے تصلی مانگ رہی تھی ۔۔۔۔ہاں پکا سنبھال لوں گا آپ اپنی نیند پوری کرو۔۔کیونکہ کل آپ کو ان

دونوں کا باپ جگانے والا ہے۔۔۔اسد اپنی آنکھ کو دبا کر مسکراتے ہوئے ۔مسکان کے ماتھے پر کس کرتے ہوئے اوٹھ کر بچوں کی طرف جاتا ہوا بولا تھا۔۔۔

مسکان بنا کچھ بولے مسکرا کر اپنی نظریں جھکا گئی تھی۔۔۔

oooooooooooooo ء

پاپا چھوڑ دے مجھے مر جانے دے میں جینا نہیں چاہتی ہوں وہ اپنا ہاتھ چھڑاتے ہوئے بھاگ رہی تھی۔۔۔انابیہ بیٹا پاگل مت بنو جب آپ کی کوئی غلطی نہیں ہے تو آپ کیوں اپنی جان دیں گی۔۔

اپنی بیٹی کی حالت دیکھ کر آج بر گیڈیئر کرنل سعید خود کو بے حد بے بس محسوس کر رہا تھا۔۔۔اپنے ملک کی حفاظت کرتے کرتے آج اس کی اکلوتی کی بیٹی کی عزت داؤ پر لگ گئی تھی۔۔بابا آپ میری

تکلیف کو نہیں سمجھ سکتے مجھے خود سے نفرت ہو رہی ہے۔۔ بابا آپ کو نہیں پتہ میں اس وقت کس تکلیف سے گزر رہی ہوں۔۔

وہ اپنے باپ کے قدموں میں بیٹھتے ہوئے تکلیف سے چیخے مار مار کر رو رہی تھی۔۔۔۔ بابا ان لوگوں نے آپ کی بیٹی کی روح کو چھلنی کر دیا ہے بابا مجھے زندگی سے نفرت ہونے لگی ہے بابا مجھے مر جانے دے اگر میں زندہ رہی تو آپ کے لیے بھی بحث شرمندگی بن کر ہی رہوں گی۔۔۔۔

تم میری بیٹی ہو تم میرے لیے کبھی شرمندگی کا بحث نہیں ہو سکتی۔۔ تم نے جب کچھ کیا ہی نہیں تو تم کیوں خود کو گناہ گار سمجھ رہی ہو۔۔۔

گنہگار تو وہ لوگ ہیں۔۔ بر گیڈیئر صاحب اپنی بیٹی کے ساتھ زمین پر بیٹھ کر اسے اپنے سینے سے لگاتے ہوئے اپنی بیٹی کی حالت کو دیکھ کر رو پڑے تھے۔۔۔۔

تم یہ مرنے کی باتیں کرتے ہوئے ذرا اپنے باپ کی طرف دیکھو اور سوچو کہ میں کیسے جیوں گا بیٹا۔۔

اپنی اکلوتی اولاد کے بنا خود کو سنبھالو میرا بچہ مجھے پتہ ہے کہ تمہارا غم بہت بڑا ہے مگر اس رب سے امید رکھو کہ وہ اپنے بندے کے ساتھ کبھی کچھ غلط نہیں ہونے دیتا۔۔۔

میں چھوڑوں گا نہیں ان کو جنہوں نے میری بیٹی کی زندگی برباد کی ہے۔۔ یہ وعدہ کرتا ہوں۔۔۔۔

ooooooooooooo ء

دل میری طرف دیکھ کر بات کرو یار۔۔دل کو دیوار پر نظر ٹکائے ہوئے دیکھ کر اس کی گال پر انگلی رکھتے ہوئے اس کا منہ اپنی طرف کرتے ہوئے بول رہا تھا۔۔۔اسد پلیز میں سو جاؤں مجھے نیند آ رہی ہے۔۔

دل کے پاس اس وقت اور کوئی بہانہ نہیں تھا تو وہ سونے کی بات کر رہی تھی۔۔۔۔دل تمہیں شرم نہیں آتی ہے۔۔۔ہمیشہ مجھ سے بچنے کے لیے نیند کا بہانہ کرتی رہتی ہو۔۔۔آہ ہ۔دل نے چیخ ماری تھی۔۔۔کیونکہ اسفند نے بات کرتے ہوئے دل کی گال پر دانتوں سے کاٹا تھا۔۔۔

تو آپ کونسا مجھے سو جانے دیتے ہے۔۔۔وہ اپنے منہ کو مروڑتے ہوئے بول رہی تھی۔۔۔۔اور میں اب بھی ایسا کوئی ارادہ نہیں رکھتا۔۔اب وہ دل کی گردن کو اپنا نشانہ بنا رہا تھا۔۔آہ آہ۔اسفند پلیز جھوڑے مجھے۔۔اسفند نے دل کی بیوٹی بون پر زور سے لو بائٹ کی تھی۔۔۔

نکمی لڑکی کبھی یہ بھی کہہ لیا کرو اسفند پکڑو مجھے۔۔۔ہر وقت اسفند چھوڑو مجھے اسفند چھوڑو مجھے۔۔اسفند منہ کے زاویے بگاڑتے ہوئے دل کی نکل اتار رہا تھا۔۔۔۔

میرے بولے بنا ہی آپ مجھے سانس نہیں لینے دیتے ہے۔اگر میں کچھ بولوں گی تو پتہ نہیں آپ میرا کیا حشر کریں گے۔۔۔اچھا جی میں آپ کو سانس نہیں لینے دیتا میں بتاؤں سانس کیسے بند کرتے ہے۔۔

اوں وں ں ں س وہ دل منہ کو جبڑے سے پکڑ کر اس کے پنکی پنکی ہونٹوں کو سختی سے اپنی قید میں لے چکا تھا۔۔دل جو اوں س کی آوازیں نکال کر بچنے کی کوشش کر رہی تھی اب وہ بھی آنا بند ہو گئی تھی۔۔۔

ظلم کی پکڑ اتنی سخت تھی کہ دل پوری جان لگا کر بھی اس کی قید سے رہائی پانے میں ناکام تھی۔۔۔

وہ تو آج سچ میں دل کی سانسوں کو بند کرنے پر تلا ہوا تھا۔۔۔دل بچوں کی طرح بیڈ پر اپنی ٹانگیں مار رہی تھی۔۔۔

اس ظلم نے اپنی ٹانگ دل کے اوپر رکھتے ہوئے دل کی ٹانگوں کو لوک کر دیا تھا۔۔۔وہ اس ہر راہ فرار بند کر چکا تھا۔۔۔دل اپنی آدھی ادھوری ریڈ ساڑی میں اسفند کے رحموں کرم پر پڑی ہوئی تھی۔۔۔۔

اس نے اپنی مرضی سے دل کے لبوں کو آزادی دی تھی۔۔۔کتنے ظالم ہے آپ مجھے سانس نہیں آ رہی تھی۔۔ مگر آپ کو مجھے پر ذرا سا بھی ترس نہیں آیا۔۔۔وہ رونے والی شکل بنا کر اپنی اکھڑی ہوئی سانسوں کو بحال کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔۔۔۔

میں تو صرف آپ کو بتا رہا تھا کہ سانس نہ لینا کسے کہتے ہیں مائی بیوٹی فل وائف وہ اپنے انابی لبوں سے شرارتی انداز سے مسکرا رہا تھا۔۔۔

دل قسم سے تم کتنی ہوٹ ہو وہ دل کو سر سے لے کر پاؤں تک دیکھتے ہوئے بولا تھا۔۔۔اسفند آپ بہت کندے ہو گئے ہے۔۔۔۔دل نے شرم کے مارے اپنے دونوں ہاتھ منہ پر رکھ لیے تھے۔۔۔

شاباش میرا بچہ کبوتر نے اپنی آنکھیں بند کر لی ہے۔۔۔مگر بلی کبوتر کو اب بھی دیکھ رہی ہے۔۔

اسفند دل کو کبوتر اور خود کو بلی کہہ رہا تھا۔۔۔

جتنی چاہیں آنکھیں بند کر لو۔۔ مگر آج رات تو ٹلنے والی نہیں ہے
۔۔۔میرے دل کا سکون ہو تم۔اور وہ سکون تو اسفند شہر یار آپ کے وجود
سے حاصل کر کے رہے گا۔۔۔۔

وہ کہتا ہوا دل اوپر گھٹا بن کر چھا گیا تھا۔۔۔اپنے سلگتے ہوئے لبوں سے وہ دل
کی جان کو مشکل کیے ہوئے تھا۔۔۔۔اسفند کے جابجا لمسوں سے دل کی
حالت بگڑنے لگی تھی اس کی سانس سے تیز ہونے لگ گئی تھی۔۔۔

مگر وہ اپنی دھن میں مست دل کو اپنی باہوں میں سمیٹے ہوئے۔۔دل کے
دونوں ہاتھوں کو اوپر کی طرف اٹھا کر پن کر کے دل چہرے سے ہوتا ہوا۔
دل کی گردن پر وار کرتے ہوئے اس دل والے مقام پر آ پہنچا تھا۔۔۔دل
سسک اٹھی تھی۔۔۔۔اسفند پلیز نہیں۔۔۔کوئی جام کو اپنے لبوں سے لگا کر
چھوڑتا ہے اسفند کی جان۔۔۔

وہ اپنی محبت کے وار دل پر جاری رکھتے ہوئے سرگوشی کرتے ہوئے جواب دے رہا تھا۔۔۔

اسفند ہوش میں آتا بھی کیسے روم کا رومینٹک ماحول اس پر روم میں بجتا ہوا رومینٹک میوزک اور باہوں میں اپنا پیار وہ بھی محرم کی صورت میں ۔۔ جس پر وہ پورا حق رکھتا تھا۔۔۔ پوری کائنات تو آج اسفند اور دل کو ملانے کی سازش کر رہی تھی۔۔۔۔

دل کی دودھیا کمر اسفند کو اور بھی بہکا رہی تھی۔۔ وہ بے اختیار اس کی کمر پر پڑھتے ہوئے بلوں پر اپنے لبوں کو رکھتے ہوئے چوم رہا تھا۔۔ دل نے بیڈ پر بچھی ہوئی چادر کو اپنی مٹھیوں میں زور سے پکڑ رکھا تھا۔۔۔۔

دل سسکیاں لے رہی تھی۔۔وہ دل کے لوں لوں سے اپنے لیے راحت اکٹھی کر رہا تھا۔۔۔دل کی سانسیں تیز ہونے لگی تھی۔۔۔۔۔اسفند نے ریموٹ سے لائٹ کو بند کر دیا تھا۔۔۔

وہ دل چاہے جتنا بھی تنگ کر لے مگر اسے دل شرموں حیا سے بہت پیار تھا

۔۔۔۔

اسے پتہ تھا کہ اس کی دل کو سچ میں بہت زیادہ شرم آتی تھی۔۔اپنی دل کو کمفرٹیبل کرنے کے لیے اس نے لائٹ اوف کر دی تھی۔۔۔۔

اب روم میں صرف دونوں کی تیز سانسوں کی آوازیں آ رہی رہی تھی۔۔یا دل کی دبھی دبھی سسکیاں آ رہی تھی۔۔۔۔جن کو اسفند اپنے لبوں سے وقفے وقفے سے دبا دیتا تھا۔۔۔۔اسفند اپنی اس برتھ ڈے کو اپنے گولڈن لمحوں میں ہمیشہ یاد رکھنا چاہتا تھا۔۔۔۔

نہیں میرے ساتھ کچھ غلط مت کرنا۔۔میں نے تم لوگوں کا کیا بگڑا میں آپ کے آگے ہاتھ جوڑتی ہوں۔۔وہ پیروں میں گر کر ان سے اپنی عزت کی بھیک مانگ رہی تھی۔۔ مگر وہ کمینے ہنس ہنس کر اس کی بوٹیاں نوچتے ہوئے کہہ کے لگا لگا کر ہنس رہے تھے۔۔۔۔۔

چھوڑو چھوڑ دو مجھے میں نے کہا چھوڑو مجھے وہ نیند میں چیخیں مار مار کر چلا رہی تھی۔جب بر گیڈیئر کرنل سعید بھاگ کر اپنی بیٹی کے روم میں آیا تھا۔۔ وہ نیند میں وہی رات یاد کر رہی تھی۔۔وہ ہر رات اسی حادثے کو اپنی آنکھوں کے سامنے دیکھ کر خوابوں کے اندر یوں ہی چیخیں مار مار کر روتی تھی۔۔۔ اور بر گیڈیئر کرنل سعید اپنی بیٹی کی حالت دیکھ دیکھ کر روتا تھا اس حادثے کو دس دن ہونے والے تھے۔۔

مگر ہر دن یہ حادثہ پہلے سے زیادہ بھیانک بن کر ان کی زندگی کی خوشیوں کو نوچ رہا تھا۔۔۔نرس انابیہ کو نیند کا انجیکشن لگا رہی تھی برگیڈیئر صاحب کچھ سوچتے ہوئے۔انابیہ کے روم سے نکل کر سٹڈی روم میں آ گئے تھے۔۔۔۔

جہاں پر وہ صوفے پر بیٹھ کر گہری سوچ سوچتے ہوئے اپنی جیب سے موبائل نکال کر۔۔۔میجر اسد خان کا نمبر ڈائل کر رہے تھے۔۔۔۔۔

48*********

گڈ مارننگ خان صاحب اٹھ جائیے آپ کے آفس جانے کا ٹائم ہو گیا ہے ۔۔۔۔مسکان بچوں کو مریم کے پاس چھوڑ کر خود بہت اچھے سے تیار ہو کر اسد کا ناشتہ تیار کرنے جا رہی تھی۔۔

آج وہ اپنے خان کو اپنے ہاتھوں سے ناشتہ کروا کر آفس بھیجنا چاہتی تھی۔۔ مریم مسکان کی میٹ کا نام تھا۔۔۔اسد اپنی آنکھوں کو کھول کر مسکان کی طرف دیکھ کر مسکرایا تھا۔۔۔آج کتنے مہینوں کے بعد مسکان بہت نکھری نکھری لگ رہی تھی۔۔

اور وہ خود سے اسد کو اٹھا رہی تھی۔۔پہلے ڈلیوری اور بعد میں بچوں کی وجہ سے اسد مسکان میں کافی گیپ آگیا تھا۔۔۔اسد اپنی پرنسس کو بہت مس کرتا تھا۔۔۔

مسکان نے شفون کی پرپل کلر کی لانگ فراک پہنی ہوئی تھی۔۔اور ساتھ میں اس نے نفیس سی لاکٹ اور چین پہن رکھی تھی۔۔

بالوں کو اس نے ہلکے سے کیپچر کے ساتھ ٹک کیا ہوا تھا۔۔۔اور ہونٹوں پر پنک کلر کی لائٹ سی لپ سٹک سجائے ہوئے وہ جب اسد کو اٹھا رہی تھی۔۔

اسد کو لگا رہا تھا۔آج پتہ نہیں کتنے مہینوں کے بعد اس کی صبح اتنی فریش ہے۔کیونکہ اس کی پرنسس اسے اٹھانے آئی تھی۔اور اسد کی آنکھ کھلنے کے بعد پہلی نظر اس کی پرنسس پر پڑی تھی۔۔۔

میں نے کہا خان صاحب اٹھ جایئے بعد میں مسکرا لیجئے گا میں آپ کا ناشتہ ریڈی کرنے جا رہی ہوں اور آپ کے کپڑے میں نے نکال کر رکھ دیے ہیں۔

آپ جلدی سے فریش ہو کر آئیں میں آپ کا ناشتہ بناتی ہوں۔۔۔وہ بول کر روم سے باہر کی قدم بڑھانے لگی تھی کہ۔اسد نے اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے اپنی طرف کھینچا تھا۔۔۔

جس سے مسکان اپنا توازن برقرار نہیں رکھ سکی۔اور وہ لہراتی ہوئی اسد کے سینے پر آکر گری تھی۔۔

مسکان کے سارے بال اسد کے منہ کے اوپر آگئے تھے۔۔۔یہ کوئی طریقہ ہے خانم اپنے شوہر کو اٹھانے کا۔۔۔وہ اپنے ہاتھوں سے مسکان کے چہرے سے بالوں کی لٹوں کو ہٹاتے ہوئے بول رہا تھا۔۔

مسکان کے بالوں کی مدھم مدھم سی خوشبو اسد کے دل کو سکون دے رہی تھی۔۔۔تو اور کیسے اٹھاتے ہیں خان صاحب۔۔مسکان ہنستے ہوئے اسد کو

چھیڑ رہی تھی۔۔۔۔۔مسکان نے آج پہلی بار اسد کو خان کہہ کر بلایا تھا ۔۔۔اسد کو مسکان کا خان کہنا بہت اچھا لگا تھا۔۔

ہمم آئی لائک اٹ تو آپ چاہتی ہے کہ میں بتاؤں کہ شوہر کو کیسے اٹھاتے ہیں۔۔وہ وہ آئی برو کو اٹھاتے ہوئے بڑے رومینٹک موڈ سے بول رہا تھا۔۔۔۔

مسکان کھل کھلا کر ہی ہی کرتے ہوئے ہنس رہی تھی۔۔اور ساتھ میں اپنے سر کو نفی میں ہلا رہی تھی۔۔۔اگر آپ نہیں چاہتی کہ میں آپ کو اپنا انداز بتاؤں تو پھر جلدی سے مجھے گڈ مارننگ کس دو اور مجھے پیار سے اٹھاؤ۔۔۔۔

مسکان کے لیے یہ کام بہت مشکل تھا۔۔ایسا نہیں تھا کہ مسکان کو اسد پر نہیں آتا۔۔وہ اسد کو کیسے بتاتی کہ اسکا اپنا دل اس کے ساتھ کتنی بغاوت کرتا ہے اسد کی نزدیکوں کو پانے کے لیے۔۔۔

مسکان جب اسد کو گہری نیند سوتا ہوا دیکھتی تھی تو چوری سے اسد سے نظر سے بچ کر اس کو کس کر لیتی تھی۔۔۔۔

جب کہ اسد اس کی اس حرکت سے اچھی طرح سے واقف تھا۔۔۔ مگر وہ مسکان پر ظاہر نہیں ہونے دیتا تھا کہ ۔۔اسد خان اتنا غافل ہو کر نہیں سوتا کہ کوئی اس کے اتنے نزدیک ہو اور اسے پتہ نہ چلے۔۔۔

مگر اسد کو مسکان کا یوں چوری چوری اس کے نزدیک آنا اچھا لگتا تھا۔۔۔

ویسے بھی اسد کو اچھی طرح سے پتہ تھا کہ جس دن مسکان کو پتہ چل گیا کہ۔۔اسد کو اس کا کس کرنا پتہ ہے تو اس دن مسکان نے شرم کے مارے دوبارہ کبھی نزدیک نہیں آنا۔۔۔۔

تو اسد اپنا بنا بنایا کھیل خراب نہیں کر سکتا تھا۔۔۔

پرنسس کس می مسکان کو کس نہ کرتے ہوئے دیکھ کر اسد نے گھورتے ہوئے کہا تھا۔۔۔اسد پلیز۔۔۔مسکان کس کرو اسد نے آنکھیں دیکھاتے ہوئے کہہ رہا تھا۔۔۔۔

مسکان نے بڑی ہمت کر کے اسد کی جان پر احسان کرتے ہوئے۔اسد کے گال پر آنکھیں بند کر کے کس کر دی تھی۔۔۔۔

یہ کیا تھا اس نے حیران ہوتے ہوئے پوچھا تھا۔۔۔کس تھی وہ نظروں کو جھکائے ہوئے شرما کر بولی تھی۔۔۔مسکان کیا یہ سچ میں کس تھی۔۔۔اپنے ذاتی شوہر کو کوئی ایسے کس کرتا ہے۔۔۔کم عقل لڑکی وہ مسکان کی گردن کے پیچھے سے ہاتھ رکھ کر اسے اپنے چہرے پر جھکاتے ہوئے اس نازک سے لبوں کو اپنے لبوں کی کید میں لے گیا تھا۔۔۔

وہ اس کے لبوں نمی کو پینے کے بعد اب پیچھے ہٹا تھا۔۔۔ایسے ہوتی ہے کس خانم۔۔۔وہ نظری جھکائے ہوئے تھی۔۔۔

پرنسس کچھ شرمانارات کے لیے بھی رکھ لے کیونکہ رات کو تو میں شرمانے لائک بہت کچھ کرنے والا ہوں۔۔تو کہیں ایسا نہ ہو کہ آپ کی شرم کم پڑ جائے۔۔اسد مسکان کے کان میں سرگوشی کرتے ہوئے کھل کھلا کر ہنسا تھا۔۔۔

اگر آپ کی اجازت ہو تو میں تیار ہو جاؤں۔۔۔جی۔۔۔اگر آپ ایسے ہی میرے اوپر پڑی رہیں گی تو۔۔پھر تو میں تیار ہو کر آفس نہیں جا سکتا ۔۔مسکان جلدی سے اسد کے اوپر سے اٹھ کر کھڑی ہو گئی تھی۔۔۔

پرنسس۔۔جی۔۔۔۔رات کو میرے میرا فیرٹ کلر پہن کر تیار رہیے گا ۔کوئی بہنا نہیں چلے گا۔وہ مسکان کی کمر پر ہاتھ باندھے ہوئے کھڑا تھا۔۔

اب اور خان کے صبر کو مت آزمانا۔وہ مسکان کے ماتھے پر اپنے لبوں کا بوسہ دیتے ہوئے بولا تھا۔۔

آج دو کیئر ٹیکر آجائے گی۔میری بات ہو گئی ہے۔۔مگر اسد ہم اپنے بچوں کو کسی کے بھروسے کیسے چھوڑ سکتے ہیں۔۔۔

مسکان کی فکر آخر کار اس کی زبان پر آ ہی گئی تھی۔۔۔میرے ہوتے ہوئے آ
پ کو فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔اور باقی آپ کے اور میرے
موبائل سے بچوں کے روم کا کیمرا کنیکٹ رہیں گا۔۔۔

تو اس طرح سے آپ اپنے روم میں رہ کر بھی اپنے بچوں پر پوری نظر رکھ
سکتے ہیں اور میں آفس میں رہتے ہوئے بھی اپنے بچوں پر پوری نظر رکھ سکتا
ہوں۔۔

تو خانم آپ کو فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔آپ فی الحال بچوں کو
چھوڑ کر بچوں کے باپ کی فکر کرے۔۔۔۔۔جس کو اپنی خانم کی بہت
شدت سے ضرورت ہے۔۔۔۔آج رات کو بہت اچھے سے میری پسند کا ریڈ
کلر کا سوٹ پہن کر تیار رہنا۔۔۔

جائے پلیز تیار ہو جائیں۔۔اب آپ کو دیر نہیں ہو رہی وہ اسد کے سینے پر زور دیتے ہوئے اسے پیچھے کر کے روم کا دروازہ کھول کر باہر بھاگ گئی تھی۔۔۔

جلدی آئیں میں آپ کے لیے ناشتہ بناتی ہوں۔۔۔۔جو حکم میرے بچوں کی نازک مزاج ماں وہ ہنستا ہوا واش روم میں جا چکا تھا۔

oooooooooooooء

دل۔۔۔ہوں س۔۔۔۔اٹھو فریش ہو جاؤ باہر چل کر ناشتہ کرتے ہیں ۔۔۔اسفند کیا ہو گیا ہے صبح صبح مجھے ابھی بہت نیند آ رہی ہے۔۔۔۔ صبح صبح کی بچی دو بج چکے ہیں اسفند سامنے لگی گھڑی پر نظر ڈالتے ہوئے بول رہا تھا۔۔۔

ہاں تو کون سی قیامت آ گئی ہے اگر دو بج گئے ہیں تو پوری رات نہ تو آپ خود سوئے ہیں نہ مجھے سونے دیا ہے۔۔

تواب آپ آرام سے سو جائیں میں نہیں اٹھوں گی۔۔۔دل کمبل کو کھینچ کر اپنے منہ پر کرتے ہوئے اسفند کی بات کو مکمل نظر انداز کر چکی تھی۔۔۔

ان رومینٹک لڑکی ہنی مون پر لوگ سونے کے لیے نہیں آتے وہ دل کے منہ سے کمبل کو کھینچتے ہوئے اس کے اوپر آ گیا تھا۔۔

اووں س۔۔۔اسفففند۔۔۔۔۔جی بولو اسفند کی جان۔۔۔اگر اب آپ نے مجھے اپنے دانتوں سے کاٹا تو میں بھی آپ کو کاٹوں گی۔۔۔وہ چلاتے ہوئے بول رہی تھی۔۔۔

بسم اللہ کریں شروع کیجئے میں تو اسی انتظار میں ہوں کہ اسفند کی جان کو غصہ آئے اور وہ خود سے بھی کبھی کچھ کر کے دکھائے۔۔۔

چلے کس نہیں تو کاٹنا ہی صحیح کہیں سے شروعات تو کرو۔میری کانچ کی گڑیا سامنے بھی اسفند شہریار تھا جس پر دل کے غصے کا خاک بھی اثر نہیں ہو رہا تھا۔۔۔

آپ بڑے ڈیٹ بے شرم اور گندے ہو گئے ہیں۔۔۔۔وہ اپنی چھوٹی سی ناک کو سنگوڑتے ہوئے ہوئے۔اسفند کو اپنے اوپر سے دھکا دے کر اسفند کے نیچے سے نکل کر۔۔۔۔ جھٹکے سے بیڈ سے اٹھ کر کھڑی ہو گئی تھی۔۔۔ مگر دوسرے ہی لمحے اپنی آنکھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے تھی۔۔۔

کیونکہ اس نے صرف اسفند کی ہاف بازو والی ٹی شرٹ پہن رکھی تھی۔۔۔۔اسفند کی وائٹ کلر کی ٹی شرٹ میں کھلے بالوں کے ساتھ لگ تو وہ

قیامت ہی رہی تھی۔۔۔اس کے سراپے کو دیکھتا ہوا اسفند بیڈ سے اپنے انابی لبوں کے ساتھ مسکراتا ہوا دل کے پاس آیا تھا۔۔۔۔

اسفند کی شرٹ دل کے پاس تھی۔اس لیے اسفند اس وقت صرف ٹراؤزر میں تھا۔۔وہ شرٹ لیس دل کے سامنے آکر کھڑا ہو گیا تھا۔۔دل کے دونوں ہاتھوں کو پکڑ کر اس کے چہرے سے ہٹاتے ہوئے ہٹانے لگا تھا۔۔
دل شرم کے مارے اسفند کے سینے سے لگ کر سمٹ گئی تھی۔۔اسفند کو دل کی یہ ادا بہت بھائی تھی۔۔۔۔

اسفند نے اُسے اپنی باہوں کے گھیرے میں چھپا لیا تھا۔۔۔اس نے بڑی محبت سے دل کے ماتھے پر اپنے لب رکھتے ہوئے۔۔ہاتھ بڑا کر بیڈ سے کمبل کھینچ کر دل کے گرد لپیٹ دیا تھا۔۔۔

اب آپ آنکھیں کھول سکتی ہے۔۔۔ہم۔اتنے بھی بے شرم نہیں ہے جتنا آپ سمجھتی ہے۔۔اسفند اب مسکراتے ہوئے اپنی واواہی کر رہا تھا۔۔۔

وہ الگ بات ہے کہ ہم آپ کو دیکھ کر اکثر بہک جاتے ہے۔۔وہ دل ریڈ کی ہڈی پر ہاتھ کا دباؤ دے کر جھٹکے سے اسے اپنے پاس کر گیا تھا۔۔

دل کو لگ رہا تھا کہ آج تو اسفند کے جھٹکے سے اس کی ہڈی نے چیخ ہی جانا ہے۔۔جیسے میں اس وقت بہک رہا ہوں۔۔۔۔وہ اپنا چہرہ دل کے بہت قریب کرتے ہوئے بولا تھا۔۔۔۔آپ بے شرم نہیں بہت بے شرم ہے دل اپنے دونوں ہاتھوں سے اسفند کے سینے پر زور دیتے ہوئے اس کو پیچھے دھکیل چکی تھی۔۔۔وہ کمبل کو لپیٹے ہوئے دونوں رومز کے بیچ والا دروازہ کھول کر اپنے روم میں بھاگ گئی تھی۔

ہاہاہاہااسفند کا دل فریب کہقہ پورے روم میں گونج اٹھا تھا۔۔وہ بھی اس کے پیچھے پیچھے ہی روم میں آگیا تھا۔۔وہ واش میں جا چکی تھی۔۔

دل جلدی کرنا مجھے بہت بھوک لگی ہے۔۔آپ ایک کام کیوں نہیں کرتے مجھے ہی کھالے۔۔۔یہ بھی ٹھیک ہے جلدی سے آو بھر۔۔وہ ہنستے ہوئے کہہ رہا تھا۔۔۔آپ لا علاج ہیں۔۔آپ کو پتہ ہے۔۔

دل واش روم سے اونچی آواز میں بول کر اسفند کو جواب دے رہی تھی ۔۔۔ایک بار باہر آؤ آپ کو بھر بتاتا ہوں۔۔وہ اسے دھمکی والے انداز میں کہہ رہا تھا۔۔۔ نہیں آؤں گی جو کرنا ہے کرلیں میں ڈرتی نہیں ہوں آپ سے۔۔۔دل مجھے غصہ مت دلاؤ ورنہ اگر میں اندر گیا تو پھر نہیں کہنا کے میں بے شرم ہوں۔۔۔

اسفند کی اس دھمکی کے بعد اب دل کی بولتی ہو گئی تھی بند کیونکہ دل کو اچھی طرح سے پتہ تھا کہ اسفند جو بول رہا ہے اسے کرنے میں دیر نہیں لگائے گا

اس لیے اس نے چپ رہنے میں ہی عافیت سمجھی اسفند ہنستے ہوئے بیڈ پر باہیں پھیلا کر لیٹا ہوا تھا۔

اتنی سی تو میری بچے کی اوقات ہے۔۔میں آپ سے ڈرتی نہیں وہ منہ میں بڑھ بڑاتے ہوئے دل کی نقل اتار کر ہنس رہا تھا۔

ء**********

میجر اسد خان ہیئر۔۔۔ بر گیڈیئر سعید ہیر۔۔جی سر۔۔میجر اسد میرے آفس میں جلدی پہنچے۔جی سر۔۔ بر گیڈیئر صاحب میجر اسد خان کو فون کر

کے بے صبری سے اس کے آنے کا انتظار کر رہے تھے۔۔۔ تقریبن آدھے گھنٹے سے بھی پہلے میجر اسد بر گیڈیئر سعید اختر کے آفس میں پہنچ گیا تھا۔۔۔

آفس کے اندر آتے ہی میجر اسد خان نے ماتھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے سلوٹ کیا تھا۔۔۔ آو آو میجر اسد۔۔۔ بر گیڈیئر صاحب اپنی نشست سے اٹھ کھڑے ہوئے تھے۔۔۔ اور آگے بڑھ کر بہت گرم جوشی سے میجر اسد خان کے ساتھ مصافحہ کرنے کے بعد گلے ملا تھا۔۔

آو اسد بیٹھو وہ کرسی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بولے تھے۔۔۔ سر ایوری تھنگ او کے آپ پریشان ہے۔۔ ہاں اسد میں بہت پریشان ہوں۔۔ اور میری پریشانی کو صرف تم ختم کر سکتے ہو۔۔

جی سر آپ حکم کریں میں کیا کر سکتا ہوں آپ کے لیے آپ کے لیے کچھ کرنا میرے لیے قابل فخر اور اعزاز ہو گا۔۔ میجر اسد اپنے سینے پر ہاتھ رکھتے ہوئے بڑے ادب سے جواب دے رہا تھا۔۔ کیونکہ اسد خان بر گیڈیئر صاحب کی دل سے بہت عزت کرتا تھا کیونکہ جب سے وہ اس فیلڈ میں آیا تھا۔ بر گیڈیئر صاحب نے انہیں اپنے بچوں کی طرح سے ہی رکھا اور ٹرین کیا تھا۔۔۔

اسد خان اور اسفند شہر یار دونوں پاکستان کی خفیہ ایجنسی کے ایجنٹ تھے۔۔۔ دونوں بہادر اور نڈر تھے نوجوان تھے۔۔ مگر ان دونوں کی پہچان کسی پر ظاہر نہیں تھی۔۔ بس چند ایک سینیئر آفیسرز ہی یہ بات جانتے تھے کہ اسد خان اور اسفند شہر یار آرمی کے بہت بہادر آفیسر ہیں۔۔۔

یہاں تک کہ ان دونوں کی بیویاں بھی اس بات سے ناواقف تھی کہ ان کے شوہر میجر اور خفیہ ایجنسی کے ایجنٹ ہیں۔۔۔

سوائے شہریار صاحب کے اس حقیقت سے کوئی واقف نہیں تھا۔۔ شہریار اسفند کے والد صاحب کا نام ہے۔۔اور یہ دونوں اپنے کام سے اتنی محبت کرتے تھے۔اور اتنے ایماندار تھے کہ انہوں نے کبھی بھی اپنی پہچان ظاہر نہیں ہونے دی تھی۔۔۔

سر آپ بہت پریشان لگ رہے ہیں۔۔ پلیز آپ مجھے بتائیں میں آگر میں آپ کے کسی کام آسکتا ہوں تو اسد بر گیڈیئر صاحب کو دیکھ کر کافی پریشان تھا۔۔

اسد میری بیٹی انابیہ اسے تو تم جانتے ہو اچھی طرح سے جانتے ہو۔۔جی سر کیا ہوا ہے انہیں۔۔۔اسد اور اسفند اکثر بر گیڈیئر صاحب کے آفس آتے جاتے

رہتے تھے۔۔اوران کا آنا جانا بر گیڈیئر صاحب کے گھر پر بھی ہوتا رہتا تھا
۔۔جس کی وجہ سے وہ ان کی بیٹی سے واقف تھے۔۔
عمر میں اسد اور اسفند سے چھوٹی تھی تو اس لیے وہ اسے گڑیا کہہ کر بلاتے
تھے۔۔۔بر گیڈیر صاحب کی وائف کا انتقال بہت پہلے ہو گیا تھا۔۔

انابیہ اس وقت بہت چھوٹی تھی اس کے بعد بر گیڈیئر صاحب نے کبھی
دوسری شادی نہیں کی تھی۔۔اکیلے ہی انابیہ کو پالا تھا انابیہ بر گیڈئر صاحب
کی اکلوتی اولاد تھی جس کو وہ بے حد پیار کرتے تھے۔۔۔انابیہ کی عمر اس
وقت بامشکل 18 سال تھی۔۔۔۔۔

اسد میں اپنے ملک کی حفاظت کرتے کرتے اپنی بیٹی کی حفاظت کرنے میں
ناکام رہ گیا ہو یہ بولتے ہوئے بر گیڈیئر صاحب کی انکھیں چھلک پڑی تھی۔۔

اسد نے اتنے سالوں میں آج پہلی بار بر گیڈیئر صاحب کو روتے ہوئے دیکھا تھا۔۔

میجر اسد بہت سمجھدار تھا۔۔۔وہ سمجھ گیا کہ بر گیڈیئر صاحب کی تکلیف بہت زیادہ بڑی ہے۔۔۔اسد بر گیڈیئر صاحب کی دو ہی باتوں میں سارا ماجرا سمجھ گیا تھا۔۔۔

سر پلیز آپ مجھے بتائیں میں آپ کی کیا مدد کر سکتا ہوں۔۔اسد میری بیٹی پل پل مر رہی ہے تم اس سے نکاح کر لو پلیز۔۔۔ بر گیڈیئر صاحب نے میجر اسد کے سامنے اپنے دونوں ہاتھ جوڑتے ہوئے کہا تھا۔۔۔سر پلیز آپ ہاتھ مت جوڑے مجھے شرمندہ نا کرے۔۔۔میجر اسد نے اپنی جگہ سے اٹھ کر بر گیڈیئر صاحب کے ہاتھوں کو نیچے کر دیا تھا۔۔

اسد تم میری بیٹی سے نکاح کر کے مجھ پر احسان کر دو۔۔ سر آپ کے لیے جان بھی حاضر ہے۔۔ مگر سر آپ کو تو پتہ ہے کہ میں شادی شدہ ہوں۔اور دو دو بچوں کا باپ بھی۔۔

ہاں اسد مجھے اچھی طرح سے پتہ ہے کہ تم شادی شدہ ہو اور دو بچوں کے بے باپ۔۔ مگر اسد میری بیٹی پل پل موت کے قریب جا رہی ہے۔۔

وہ پتہ نہیں کتنی بار مرنے کی کوشش کر چکی ہے۔۔۔اسد میری بیٹی بہت معصوم اور چھوٹی ہے۔۔ میں اسفند اور تمارے سوا اور کسی پر بھروسہ نہیں کر سکتا۔۔۔

اگر میجر اسفند یہاں پر ہوتا تو میں یہ ذمہ داری اس پر ڈالتا جیسے کہ تمہیں پتہ ہے کہ وہ اس وقت وہ آؤٹ اوف کنٹری ہے۔۔اور اس کی بیوی کی حالت بھی ٹھیک نہیں تو میں ایسے میں سے پریشان نہیں کر سکتا تھا۔۔

اسد تم صرف میری بیٹی کو اپنا نام دے دو میری بیٹی کا نام اپنے ساتھ جوڑ لو مجھے اور میری بیٹی کو اور کچھ نہیں چاہیے۔۔۔میری بیٹی کو بدنام ہونے سے بچا لو اسے اپنے ساتھ اپنے گھر میں رکھ لو پلیز۔۔

وہ تمہارے نکاح میں ہو گی تو مجھے بھی سکون ملے گا کہ کوئی ہے جو اس کی حفاظت میرے بعد مجھ سے بھی اچھی طرح کر سکتا ہے۔۔ویسے بھی عمر کے اس دور میں زندگی کب ساتھ چھوڑ دے پتہ نہیں چلتا۔۔۔اللہ نہ کرے سر آپ کو کچھ ہو خدا آپ کو لمبی زندگی دے۔۔۔

سر اگر میرے بس میں ہوتا تو میں آپ کے لیے اپنی جان دینے کے لیے تیار ہوں۔۔ مگر سر آپ جو مجھ سے مانگ رہے ہیں۔۔

وہ میرے بس میں نہیں ہے آپ اچھی طرح جانتے ہیں کہ میں اپنی وائف سے بہت پیار کرتا ہوں۔ میں اسے تکلیف دینے کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتا۔۔۔

اور میرا یہ نکاح والا قدم وہ سہ نہیں پائے گی۔۔ سر پلیز آپ میری بات کو سمجھنے کی کوشش کرنا۔۔

مجھے آپ کی تکلیف کا بہت اچھے سے اندازہ ہے مگر سر آپ مجھے کچھ بھی اور کرنے کو کہیں میں آپ کو انکار کرنے کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتا۔۔

اسد میں تمہارے پاؤں پڑتا ہوں میری بیٹی کو مرنے سے بچالو تم ایک باپ کی التجا سمجھ کر اس کو مان لو بر گیڈیئر صاحب اٹھ کر اسد کے پیروں میں بیٹھ گئے تھے۔۔

سر پلیز کیا کر رہے ہیں یہ آپ اٹھیں بر گر صاحب کو کاندھوں سے پکڑ کر اٹھاتا ہوا کرسی پر بٹھانے لگا تھا۔۔۔۔

اسد میری معصوم سی بیٹی جس کا کوئی قصور نہیں ہے۔۔۔۔ قصور ہے تو صرف اتنا کہ وہ ملک کے حفاظت کرنے والے باپ کی بیٹی ہے۔۔

اپنے ملک کی ہزاروں بیٹیوں کی عزتوں کی حفاظت کرنے والا آج اپنی ہی بیٹی کی حفاظت نہیں کر سکا۔

اسد تمہیں اچھی طرح سے پتہ ہے کہ ان لوگوں نے ہم سے بدلہ لینے کے لیے میری بیٹی کو ٹارگٹ بنایا ہے وہ ابھی بہت چھوٹی ہے اور نادان بھی وہ اس حادثے کو نہیں بھلا پا رہی۔۔اسد پلیز اپنا لو میری بیٹی کو برگیڈیئر صاحب روتے ہوئے التجا کر رہے تھے۔۔۔

ٹھیک ہے سر مجھے کل تک کا وقت دیں سوچنے کے لیے اسد بسی سے جواب دیتے ہوئے کہہ رہا تھا۔۔۔

اسد وقت لے لو مگر پلیز مجھے مایوس مت کرنا میں تمہاری نہ نہیں سننا چاہتا

۔۔

اور اسد ایک بات اور یہ بات سوائے تمہارے اور میرے کسی کو پتہ نہیں چلنی چاہیے کہ تم نے انابیہ سے نکاح کیوں کیا ہے میری بیٹی کو سب کی نظروں میں گرنے مت دینا یہ وعدہ کرو مجھ سے۔۔۔

سر مجھے کل تک کا وقت دیں سوچنے کے لیے اور جب میں کسی نتیجے پر پہنچ جاؤں گا تو آپ کو پتہ ہے کہ اسد خان کو وعدہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی جو وہ کہتا ہے وہ کر کے دکھاتا ہے۔۔ سر پلیز مجھے اجازت دیں مجھے گھر جانا ہے میری وائف میرا انتظار کر رہی ہے۔۔۔

میجر اسد میں آپ کے جواب کا منتظر رہوں گا۔۔اسد۔۔اللہ حافظ کہہ کر آفس سے نکل رہا تھا۔جب پیچھے سے بر گیڈیئر صاحب نے بہت افسردہ سا منہ بنا کر کہا تھا۔۔۔جی سر۔۔

ء**********

مسکان اسد کے آنے کا بے صبری سے انتظار کر رہی تھی وہ ریڈ کلر کا سوٹ پہنے ہوئے بہت خوبصورت لگ رہی تھی پلازوں کے اوپر شارٹ قمیض اور ساتھ میں ہلکے سے کام والا دوپٹہ بہت پیارا لگ رہا تھا۔۔

ہلکا ہلکا سا میک اپ اس کے گورے رنگ پر بہت پچ رہا تھا۔۔۔گلے میں چھوٹا سا نیکلس اور کانوں میں ٹاپس پہنے ہوئے تھے۔۔ڈائمنڈ کی اس نفیس سی جولری میں وہ بہت پر کشش لگ رہی تھی۔۔

اسد نے بچوں کے لیے دو کیئر ٹیکر ڈرائیور کے ساتھ بھجوادی تھی۔جو کہ کافی ینگ اور خوش اخلاق تھی۔اور بچوں کو سنبھالنے کی انہیں کافی اچھی ٹریننگ دی گئی تھی مسکان کافی مطمئن تھی۔۔۔

مسکان بچوں کا روم سیٹ کروا کے ان کو کیئر ٹیکر کے ساتھ چھوڑ کر خود کچن میں مریم کے ساتھ اسد کے پسندیدہ کھانے بنانے میں پورا دن لگی رہی تھی۔۔۔

وہ اسد کو فون کر کے پوچھ چکی تھی کہ وہ گھر کب تک پہنچیں گے۔۔اسد نے تقریبا 20 منٹ کا کہا تھا اس لیے مسکان اب جلدی سے تیار ہو گئی تھی اسد کسی بھی وقت پہنچ سکتا تھا۔۔۔

اسد کو یاد نہیں تھا کہ آج دونوں کے نکاح کی انیورسری ہے۔آج کے دن ان دونوں کا نکاح ہوا تھا۔۔مسکان اس دن کو بہت اچھی طرح سے سیلیبریٹ کرنا چاہتی تھی۔۔۔

اس لیے اس۔بہت اچھی تیاری کی تھی۔۔اب وہ بے صبری سے روم میں چکر لگاتے ہوئے اسد کا ویٹ کر رہی تھی۔۔۔**********ء

اسد کی نظروں کے سامنے بار بار مسکان وہ کھلا ہوا شرمایا چہرہ آ رہا تھا۔۔اسد اس وقت بہت زیادہ ذہنی کشمکش میں تھا۔۔نہ تو وہ اپنے محسن برگیڈیئر صاحب کو انکار کر سکتا تھا۔۔

اور نہ ہی اسد میں اتنی ہمت تھی کہ وہ اپنی پرنسس کا دل توڑ سکتا۔۔اسد مسکان کے لیے کیا اہمیت رکھتا تھا اسد اس حقیقت باخوبی واقف تھا۔۔

بے شک مسکان اسد کی طرح بار بار اپنی محبت کا اظہار اپنی زبان سے نہیں کر پاتی تھی۔۔کیونکہ اس کی فطرتی شرم وحیا اسے یہ کرنے نہیں دیتی تھی مگر مسکان کی آنکھوں میں اسد کے لیے بے پناہ محبت اسد کو نظر آتی تھی۔۔آج صبح آفس آتے ہوئے وہ اسے کتنی چھوڑ کر آیا تھا۔۔

اس شرمایا ہوا زندگی سے بھرپور چہرہ اسد کی نظروں کے سامنے گوم رہا تھا۔۔
آج اسد کو اپنا گھر ہی اپنا نہیں لگ رہا تھا۔۔وہ بڑے بوجھل قدموں کے
ساتھ چلتا ہوا گھر کے اندر داخل ہوا تو سامنے کھڑی ہو میڈ مریم نے دروازہ
کھول کر گڈ ایوننگ کہا تھا۔۔
تھینک یو مریم۔۔آپ کی میم کدھر ہیں اسد کو مسکان کہنی نظر نہیں آئی تو
اسد نے مریم سے پوچھا تھا۔۔۔کیونکہ مسکان اسد کے آنے پر دروازہ ہمیشہ
خود ہی کھولتی تھی۔۔

اور مسکراتے ہوئے اسد کا ویلکم کرتی تھی تو آج روٹین کے مطابق مسکان کا
نظر نہ آنا اسد کو سمجھ میں نہیں آیا۔۔۔اسد برگیڈیئر صاحب کی بات کو
سوچتے ہوئے بے دھانی سے روم کے دروازے کا ہینڈل گھماتے ہوئے روم
کے اندر داخل ہوا تھا۔۔

روم میں چاروں طرف اندھیرا ہی اندھیرا تھا اور سب بہت گھبرا گیا تھا روم میں اتنا اندھیرا دیکھ کر کیونکہ اس کام لائٹ اف کر کے نہیں سوتی تھی کیونکہ اسے بہت ڈر لگتا۔۔۔۔

پرنسس۔۔۔۔پرنسس۔۔۔مسکان کہاہو یار آواز دو سب مسکان کی اواز نہ انے پر بہت گھبرا کر بول رہا تھا۔۔۔۔

ہیپی اینی ورسری خان صاحب۔۔۔۔اچانک سے روم کی لائٹ جلی اور مسکان اپنی باہیں اسد کی کمر پر باندھتے ہوئے اس کے سینے سے لگی تھی۔۔۔۔

اسد کی جان میں جان آئی مسکان کو سامنے دیکھ کر ٹھیک ہو آپ وہ مسکان کو کاندھوں سے پکڑ کر اس کے چہرے کو دیکھتے ہوئے پوچھ رہا تھا۔۔ہاں بالکل ٹھیک ہوں ہوں اور آپ کے سامنے ہوں۔۔

آپ کو یاد نہیں تھا نا کہ آج ہماری نکاح کی اینیورسری ہے۔۔وہ اسد کے گلے میں اپنی باہیں ڈالے ہوئے۔۔ بڑی محبت کے ساتھ سوال کر رہی تھی۔۔۔ سو سوری میں بھول گیا تھا۔۔وہ مسکان کے ماتھے پر اپنے لب کا گھر ٹھنڈی سانس لیتے ہوئے بولا تھا۔۔۔

کیا بات ہے آپ پریشان لگ رہے ہیں۔۔ کوئی مسئلہ ہے کیا۔۔۔ مسکان اسد کو پریشان دیکھ کر خود بھی پریشان ہو گئی تھی۔۔۔

نہیں کوئی مسئلہ نہیں ہے۔۔۔آج کی رات اسد اپنی پرنسز کے ساتھ جینا چاہتا تھا کیونکہ۔۔

اسے نہیں پتا تھا کہ کل کی صبح اس کے لیے کیا لے کر آتی ہے روشنی یا اندھیرا۔۔بہت خوبصورت لگ رہی ہو۔۔وہ مسکان کے سر کے پیچھے ہاتھ

رکھ کر اپنا مسکان کے نزدیک کرتے ہوئے بڑی الگ نظروں سے مسکان کو دیکھ رہا تھا۔۔۔

اسد کا یوں دیکھنا مسکان کو گھر میں ڈال رہا تھا جتنا مسکان اسد کو جانتی تھی۔۔ اسد کو اس وقت کوئی پریشانی ضرور تھی۔۔۔اسد کیا بات ہے آپ پریشان ہیں مجھے بتائیں کیا پریشانی ہے آپ کو مسکان اسد کے گال پر اپنا ہاتھ رکھ کر اسد سے پوچھ رہی تھی۔۔

ششش کوئی پریشانی نہیں ہے۔۔۔اسد نے مسکان کے ہونٹوں پر اپنی انگلی رکھتے ہوئے خاموش کروا دیا تھا۔۔۔۔ہیپی اینیورسری مائی بیوٹی فل وائف میری پرنسس میرے بچوں کی ماں۔۔

اسد ایک ہی سانس پہ مسکان کو اپنے سینے سے لگا کر سارے الفاظ بول گیا تھا ۔۔اسد کی آواز میں کچھ ایسا تھا جو مسکان کو بار بار چونکا رہا تھا۔۔پرنسس ۔۔جی۔۔۔آئی لو یو مسکان کے چہرے کو اپنے لبوں سے چوم رہا تھا۔۔۔

مسکان شرما کر سمٹنے لگی تھی۔اسد چلے کھانا کھاتے ہے میں نے سب کچھ آپ کی پسند سے بنایا ہے۔۔ کھانا بھی کھالیں گے پہلے مجھے اپنی بیوی کو بہت سارا پیار کرنا ہے۔۔وہ مسکان کے کے چہرے پر اپنے لبوں کے لمس چھوڑ رہا تھا۔۔۔

اسد اتنی شدت کے ساتھ مسکان پر اپنی محبت بر سا رہا تھا کہ کہ مسکان کو سانس لینا بھی مشکل ہو رہا تھا۔۔اسد اب اس لبوں پر جھکا ہوا تھا اس لے لبوں کی نمی چوس رہا تھا۔۔

مسکان اسد کے کاندھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے اس باہوں میں جھول رہی تھی ۔اسد کا ایک ہاتھ مسکان کی کمر پر تھا۔اور دوسرا مسکان کی گردن کے پیچھے وہ پوری طرح سے اس اوپر جھکا ہوا تھا۔۔۔

اسد اپنی تشنگی کو ایسے مٹا رہا تھا جیسے آج کے بعد دونوں ایک دوسرے سے دور ہونے والے ہو۔۔مسکان کو اپنی باہوں میں اٹھا کر اسد بیڈ پر لے آیا تھا

اس کا سر تکیے پر رکھ کر۔اسے آرام سے لیٹاتے ہوئے اپنا کوٹ اتارنے لگا تھا ۔۔مسکان اسد کو اس قدر تیزی سے اپنے قریب آتے ہوئے دیکھ کر شرما کر کروٹ لیتی ہوئی اپنا رخ دوسری طرف کر کے لیٹ گئی تھی۔۔۔۔

اسد شرمائی ہوئی مسکان کو دیکھ کر مسکرایا تھا۔اپنی شرٹ کے بٹن کھول کر اس زمین پر پھینک کر مسکان کے اوپر آگیا تھا۔۔اس کی کمر میں ہاتھ ڈال کر ایک ہی جھٹکے سے اس کا رخ پھیر کر اپنی طرف کر لیا تھا۔۔

اس چہرے کو امبڑی محبت سے دیکھتے ہوئے اپنے لبوں کے لمس اس کی گردن پر چھوڑ رہا تھا۔۔مسکان کی کی سانسیں تیز ہونے لگی تھی۔۔

پرنسس میری طرف دیکھو مسکان نے آہستہ سے اپنی پلکیں اٹھا کر اس کی طرف دیکھا تھا۔۔پرنسس حالات چاہے جیسے بھی ہو جائے آپ کبھی مجھ سے دور مت ہونا۔۔بس ایک بات ہمیشہ یاد رکھنا کہ آپ اسد خان کی پہلی اور آخری محبت ہو۔۔

آپ کے سوا میرے دل پر کوئی بھی اپنی محبت کی مہر نہیں لگا سکتا اور آپ میری ہو صرف اور صرف میری۔۔

آج اسد کا محبت کرنے کا انداز بہت الگ تھا۔۔ جس کو مسکان سمجھنے سے قاصر تھی۔۔ مسکان اب کچھ پوچھ نہیں رہی تھی کیونکہ اسد باتوں کے درمیان مسلسل اپنی سلگتے ہوئے لبوں کے لمس اس کی گردن اور چہرے پر چھوڑے جا رہا ہے۔۔

اسد نے نہ تو خود کھانا کھایا تھا نہ ہی مسکان کو کھانے دیا تھا ساری رات مسکان کو اپنی باہوں کے گھیرے میں لیے اپنے سینے سے لگا کر محبت کی شدتوں سے دوچار کیے رکھا تھا۔۔

وہ گھٹا بن کر پوری رات مسکان پر چھائے ہوئے اسے اپنے سینے سے لگا کر لیٹا رہا اس کی محبت میں آج تمہیں تپش تھی کہ مسکان چاہ کر بھی اسد سے سوال نہیں کر پا رہی تھی۔۔۔ پتہ نہیں کب مسکان کب گہری نیند میں چلی گئی تھی

۔۔۔

مگر اسد کی آنکھوں میں نیند نام کی کوئی چیز نہیں تھی۔۔ وہ مسکان کو اپنے سینے سے لگائے ہوئے اس کا پور سکون چہرہ دیکھے جا رہا تھا۔۔۔

اور سوچ رہا تھا کہ کیا مسکان سہہ پائے گی کسی اور عورت کا وجود میری زندگی میں۔۔۔ کیا اس کے چہرے پر اس وقت جو سکون ہے اس سکون کو میں کبھی دوبارہ دیکھ پاؤں گا۔۔۔

اے میرے رب تو نے ہی مجھے اس آزمائش میں ڈالا ہے تو ہی مجھے اس آزمائش سے نکال۔ میرے رب تو میرے دل کے حالات سے ناواقف ہیں۔ میں اس لڑکی سے اپنی جان سے بھی زیادہ محبت کرتا ہوں۔۔

میں اس کو دنیا کی ہر خوشی دینا چاہتا ہوں۔۔ مگر آج میں اسے اپنے ہاتھوں سے اس کی زندگی کا سب سے بڑا دکھ دینے جا رہا ہوں۔۔۔۔

اگر میں اس کے ساتھ انصاف کرتا ہوں تو میں اپنے محسن کا بھرم توڑ دوں گا ۔۔۔مجھے اس آزمائش سے ثابت قدم نکال دینا۔۔اسد نے دعائیں کرتے ہوئے پوری رات اپنی آنکھوں میں گزار دی تھی۔۔

تہجد کا ٹائم ہونے والا تھا اسد مسکان کے ماتھے پر اپنے محبت بھرے لب رکھتا ہوا اس سے الگ ہو کر وضو کر کے مصلے پر کھڑا ہو گیا تھا۔۔

وہ اپنے رب سے دعائیں کرتے ہوئے آنکھوں میں آنسوں لیے ہوئے ۔۔مسکان کے چہرے کو بار بار دیکھ رہا تھا اور اپنے رب سے یہ دعا کر رہا تھا کہ یہ جو سکون اس وقت اس لڑکی کے چہرے پر ہے اسے ہمیشہ قائم رکھنا۔۔۔

اس کے دل کو ہمیشہ اس بات کا یقین دلائے رکھنا کہ میں صرف اس کا ہی ہوں اور اس کا ہی رہوں گا۔۔میرے اللہ بے شک اگر تو آزمائشیں دینے والا ہے۔۔تو آزمائشوں سے نکالنے والی ہستی بھی تو ہی ہے۔۔

****

اسلام علیکم جی سر میں انابیہ سے نکاح کرنے کے لیے تیار ہو آپ مجھے بتادیں مجھے کب حاضر ہونا ہے۔۔۔مسکان جو اسد کے لیے کوفی لے کر ٹیرس پر آئی تھی۔۔ مگر اسد کی بات سن کر اس کے پیروں تلے سے زمین نکل گئی تھی۔۔

اسد صبح صبح کوفی ضرور پیتا تھا مسکان صبح اٹھی تو اسد کو روم میں نہیں تھا ۔۔مریم سے پوچھنے پر پتہ چلا کہ سر اوپر ٹیرس پر ہیں تو مسکان اسد کی کافی لے کر اوپر ہی آگئی تھی۔۔

اسد کو فون پر بات کرتے ہوئے دیکھ کر مسکان وہی پر رک گئی تھی۔۔اسد کا رخ دوسری طرف تھا اس نے مسکان کو آتے ہوئے نہیں دیکھا تھا۔۔

مسکان کو اپنے کانوں پر یقین نہیں آ رہا تھا جو اسد نے اس وقت فون پر کسی کو بولا تھا۔۔ مسکان اپنے سر کو جھٹکتے ہوئے ان الفاظ کو اپنا وہم سمجھ کر اسد کے سامنے آ کھڑی ہوئی تھی۔۔

اسد آپ نے ابھی ابھی کیا بولا ہے۔۔ مسکان کو ایک دم سے اپنے سامنے دیکھ کر اسد کو سمجھ میں نہیں آیا کہ وہ مسکان کو کیا جواب دے۔۔

وہ تو مسکان کو سوتا ہوا چھوڑ کر اوپر ٹیرس پر اسی لیے آیا تھا کہ مسکان اس کی باتیں سننا لے۔۔

پلیز جواب دیں جو میں نے سنا وہ میرا وہم تھا مسکان کی آنکھوں سے ٹپ ٹپ آنسو کے قطرے اس کی گالوں پر پھسل رہے تھے۔۔

مجھے پتہ ہے کہ آپ میرے ساتھ ایسا کبھی نہیں کر سکتے پتہ نہیں صبح صبح کو میرے کانوں نے کیا سنا ہے وہ نفی میں سر کو ہلاتے ہوئے روتے ہوئے پوچھ رہی تھی۔۔

بس یہی وہ ڈر تھا جو اسد کے سامنے آگیا تھا اسے اندازہ تھا کہ جب مسکان کو اس بات کا پتہ چلے گا تو وہ سہ نہیں کر پائے گی۔۔

مگر یہ بھی حقیقت تھی کہ۔اسد کب تک اس سے چھپا سکتا تھا۔۔

ایک نہ ایک دن تو اس حقیقت کو مسکان پر ظاہر کرنا ہونا ہی تھا۔اور برگیڈیئر صاحب کی یہ شرط بھی تھی کہ انابیہ کو اپنے ساتھ اپنے گھر میں رکھا جائے۔

توایسی سچویشن میں اسد کب تک مسکان کو اس حقیقت سے دور رکھتا۔۔اسد پلیز بولیں نا مجھے غلط سمجھ آئی ہے نا آپ ایسا کبھی نہیں کر سکتے مجھے پتہ ہے۔۔

وہ خود سے ہی خود کو یقین دلاتے ہوئے اسد کے کی قمیض کو سینے سے پکڑ کر اس کے نزدیک ہوتے ہوئے پوچھ رہی تھی۔۔

سر میں آپ سے بعد میں بات کرتا ہوں اسد فون کو بند کرتے ہوئے مسکان سے مخاطب ہوا تھا۔۔پرنسز پلیز ریلیکس ہو جاؤ مسکان کو ہائپر ہوتے ہوئے دیکھ کر اسد اسے سینے سے لگا کر کے بول رہا تھا۔۔

اسد پلیز بس آپ میری بات کا جواب دے دیں میں ریلیکس ہو جاؤں گی وہ کانپتے ہونٹوں سے اسد سے بس اپنے سوال کا جواب چاہتی تھی۔۔

مسکان یہ سچ ہے میں نکاح کرنے والا ہوں پلیز مجھے معاف کر دینا۔۔یہ مسکان کے لیے محض الفاظ نہیں تھے اسے ایسا لگ رہا تھا کہ جیسے اس کے کانوں میں کسی نے پگلا ہوا سیسا ڈال دیا ہو۔

آپ یہ نکاح نہیں کر سکتے۔۔اگر آپ میرے سوا کسی اور کے ہوئے تو میں آپ کی جان لے لوں گی۔۔

وہ روتے ہوئے تڑپ کر اسد کے سینے سے قمیض کو پکڑ کر بول رہی تھی۔۔لے لو یار ویسے بھی تمہاری ہے۔اسد مسکان کو اتنی تکلیف میں دیکھ کر بہت بے بسی سے بول رہا تھا۔۔

۔اسد پلیز یہ نکاح روک دیں میں آپ کو کسی کے ساتھ بانٹ نہیں سکتی وہ اسد کی قمیض کو اپنی مٹھیوں میں جکڑے ہوئے تڑپ کر اسد سے التجا کر رہی تھی۔۔

یہ نکاح کسی سے کیا ہوا ہے وعدہ ہے پرنسس یہ ٹل نہیں سکتا یہ تو ہو کر رہے گا۔۔

اگر آپ نے نکاح کیا تو۔ میں اپنی جان لے لوں گی۔۔ خبردار ایسی جرات بھی مت کرنا وہ سخت انداز سے بولا تھا۔ اگر خود کو نقصان پہنچانے کی کوشش بھی کی تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا مسکان یہ بات یاد رکھنا۔

اور رہی نکاح کی بات تو یہ محض کسی سے کیے ہوئے وعدے کو نبھانے کے لیے میں کر رہا ہوں

آپ کا مقام وہی رہے گا۔ جو آج ہے میں وعدہ کرتا ہوں۔۔۔۔

وہ مسکان کی کمر پر ہاتھ رکھے ہوئے اسے اپنے قریب کیے ہوئے بول رہا تھا۔۔آپ چاہے کچھ بھی کہہ لیں میں آپ کو یہ نکاح نہیں کرنے دوں گی۔

اسد کیوں نہیں سمجھ رہے میں آپ کو کسی کے ساتھ بانٹ نہیں سکتی اتنی ہمت نہیں ہے مجھ میں

آپ میرے ہیں صرف اور صرف میرے روتے ہوئے اسد کے سینے سے سر لگائے ہوئے بول رہی تھی۔۔۔

میں آپ کا تھا اور ہمیشہ رہوں گا۔ مجھ پر یقین تو کر کروں میری جان۔۔مسکان کو اس طرح سے تڑپتے ہوئے دیکھ کر اسد کے دل پر کیا گزر رہی تھی۔

یہ تو صرف اسد جانتا تھا یا اس کا رب۔۔

کیسے کروں یقین بتائیں کیسے کروں یقین وہ چلاتے ہوئے بول رہی تھی۔۔
اگر میں کہوں کہ میں کسی اور کے ساتھ نکاح۔۔۔شٹ اپ یو شٹ اپ ایسی گھٹیا بات دوبارہ اگر اپنے منہ سے نکالی تو مسکان میں ایک سیکنڈ سے پہلے تمہارے منہ سے زبان کھینچ نکالوں گا۔۔

آپ جرات کیسے ہوئی اپنے منہ سے یہ بات کہنے کی اسلام نے ایسا کوئی حق عورت کو نہیں دیا۔۔مسکان کے ابھی آدھی بات منہ میں ہی تھی کہ اسد نے قہر برساتی ہوئی نظروں کے ساتھ دھاڑتے ہوئے مسکان سے کہا تھا۔

اور آپ سر سے لے کر پاؤں تک صرف میری ہیں اسد خان کی آپ کو چھونے کا پیار کرنے کا اپنے قریب کرنے کا حق صرف مجھے ہے یہ بات ہمیشہ ذہن نشین کر کے رکھو مسکان۔۔

اسد کی غصے والی آواز سے مسکان کا پورا وجود کانپ رہا تھا اسد نے اتنی سختی کے ساتھ مسکان کو کاندھوں سے پکڑا ہوا تھا کہ مسکان کے کاندھوں میں شدید درد ہو رہا تھا۔۔۔

مگر یہ درد اس درد کے مقابل کچھ بھی نہیں تھا جو اس وقت مسکان کے دل میں ہو رہا تھا۔۔

اسفند کو تو جیسے چھوٹ ملی ہوئی تھی اپنے منمانیاں کرنے کی جو وہ کر رہا تھا۔۔

دل کے لبوں سسکی نکلی تھی۔۔اسفند نے اپنے لب اس کے منہ پر رکھ کر
روک لی تھی

oooooooooo_

اسد صبح جلدی اٹھ گیا تھا۔مسکان ابھی تک کے سینے پر ہاتھ رکھے ہوئے ہیں پر سکون سوئی ہوئی تھی اپنے لب اس کے ماتھے پہ رکھ کر چومتے ہوئے بڑی محبت سے اسد نے مسکان کو دیکھا تھا۔۔

آہستہ سے مسکان کو اپنے سینے سے ہٹا کر تکیے پر لٹا چکا تھا۔۔

اب وہ اٹھ کر ٹیرس پر جا رہا تھا کیونکہ ان دنوں وہ کافی ذہنی دباؤ کا شکار تھا۔۔جس کی وجہ سے وہ ٹیرس پر جا کر سگریٹ پینا چاہتا تھا۔۔۔

اسد ٹیرس کی سیڑھیاں چڑھ کر اوپر جا رہا تھا۔جب اس کی نظر انابیہ کے روم پر پڑی۔روم کا دروازہ تھوڑا سا کھلا ہوا تھا اور مریم روم سے باہر آ رہی تھی۔ مریم خیریت ہے۔۔انابیہ بی بی کی طبیعت ٹھیک نہیں تھی۔ان کو گھبراہٹ ہو رہی تھی۔اس لیے میں ان کے لیے لیموں پانی لے کر گئی تھی۔

اسد انابیہ کے روم کی طرف چل پڑا تھا۔انذرانابیہ صوفے پر اپنا سر ٹکا کر کافی نڈھال سی بیٹھی ہوئی تھی۔

انابیہ آپ کی طبیعت ٹھیک ہے۔اس کا چہرہ پورا پسینے سے بھیگا ہوا تھا۔۔جی میں ٹھیک ہوں بس رات کھانا شاید لیٹ کھایا تھا۔جس کی وجہ سے ایسیڈیٹی ہو گئی ہے۔۔

دوا کھائی ہے ٹھیک ہو جاؤ گی۔آپ اٹھے میں آپ کو ڈاکٹر کے پاس لے کر چلتا ہوں۔نہیں اس کی ضرورت نہیں ہے۔آپ فکر نہ کریں۔

انابیہ آپ کی فکر کرنا میرا فرض ہے۔میں نے آپ کے پاپا کے ساتھ وعدہ کیا ہے کہ میں آپ کا پورا خیال رکھوں گا۔۔

تو آپ کیا چاہتی ہے کہ میں آپ کے پاپا کے سامنے شرمندہ ہو جاوں۔۔
آپ بے فکر رہیں میں آپ کو پاپا کے سامنے شرمندہ نہیں ہونے دونگی۔

اگر ضرورت ہوئی تو میں آپ خود بتادوں گی۔ابھی ڈاکٹر کی ضرورت نہیں ہے۔۔ٹھیک ہے اگر آپ کو کوئی بھی تکلیف ہو آپ نے مجھے فورن فون کر کے اطلاع دینی ہے۔۔۔۔جی۔۔۔۔ٹھیک ہے آپ آرام کریں میں جلتا ہوں۔۔

وہ انابیہ کے روم کا دروازہ بند کر کے واپس نیچے آنے کا ہی سوچ رہا تھا۔کیونکہ انابیہ کے روم اسے کافی ٹائم لگ گیا تھا۔۔

اب وہ واپس نیچے اپنے روم میں جا کر تیار ہو کر آفس جانا چاہتا تھا۔۔وہ سیڑیاں اتر کر نیچے آرہا تھا۔

سامنے مسکان سینے پر ہاتھ باندھے ہوئے کھڑی تھی۔۔وہ تنزیہ انداز سے نفی میں سر کو ہلاتے ہوئے مسکرا رہی تھی۔۔

یاران بیویوں کی چھٹی حس اتنی تیز کیوں ہوتی ہے۔اتنے کریکٹ ٹائم پر انٹری مارتی ہیں نہ کہ بندے کو سنبھلنے تک کا موقع نہیں ملتا۔۔

وہ اپنے منہ میں بڑبڑاتے ہوئے مسکان سے نظریں چرائے ہوئے اپنے روم کی طرف جا رہا تھا۔۔

جب دن اس کا چہرہ دیکھے بنا نہیں چڑھتا تو کیا ضرورت تھی رات کو اتنا ڈرامہ کرنے کی۔آرام سے جا کر اس کے ساتھ اس کے روم میں رہتے۔۔

آپ نے میرے کپڑے نہیں نکالیں آفس کے لیے ابھی تک۔۔اسد مسکان کے تنز نظر انداز کرتے ہوئے روم میں آکر پوچھ رہا تھا۔۔

نہیں نکالے جس کا دیدار کرنے کے لیے آپ صبح صبح اتنے چین ہو کر گئے تھے۔اس کو ہی بولے کہ وہ آپ کو کپڑے نکال کر دے۔۔

مسکان اس کی طبیعت ٹھیک نہیں تھی اور میں اس کے روم میں اسپیشل نہیں گیا تھا۔

میں تو ٹیرس پر جا رہا تھا مگر مریم کو اس کے روم سے نکلتے ہوئے دیکھا تو۔۔ مجھے فکر ہوئی تھی۔

تواس لیے میں اس کے روم میں گیا تھا۔۔اس کی طبیعت کافی خراب تھی بس میں اس کا حال چال پوچھ رہا تھا۔۔

اکڑ مزاج بہادر اور نہ ڈر میجر اسد خان اپنی بیوی کو صفائی دیتے ہوئے گھبرا رہا تھا۔۔

واہ خان صاحب آپ تو بہت جلدی ٹریننگ حاصل کر رہے ہیں۔اب تو آپ کو بہانے بھی بنانے آ گئے ہیں۔

کہ ایک بیوی کے کمرے سے نکل کر دوسری بیوی کے کمرے میں جانے کے لیے کون سے بہانوں کا استعمال کیا جاتا ہے آپ کو اچھی طرح سے سمجھ آنے لگا ہے۔۔

چلو شکر ہے آپ نے یہ تو مانا کہ آپ بھی میری بیوی ہیں۔۔میں نے تو یہ بھی مان لیا ہے کہ وہ بھی آپ کی بیوی ہے۔۔

پلیز کیا آپ صبح صبح یہ تنز بند کر کے مجھے آفس تیار کر کے نہیں بھیج سکتی۔۔ نہیں میں آپ کو تیار کر کے نہیں بھیج سکتی۔۔آپ خود تیار ہوں۔یا جا کر اس کو بولوں آپ کو تیار کریں۔جس کی آپ کو بہت زیادہ فکر لاحق ہو رہی تھی۔۔

مسکان روم سے باہر جا رہی تھی یہ بول کر۔۔اب آپ کہاں جا رہی ہیں واپس آئیں۔۔اپنے بچوں کے پاس جا رہی ہوں ان کو میری بہت ضرورت ہے۔۔

ارے ضرورت توان کے باپ کو بھی آپ کی بہت ہے ہماری بھی ذرا فکر کر لیا کریں بیگم۔۔وہ جاتی ہوئی مسکان کے پیچھے ہاتھ اٹھاتے ہوئے ہانک لگا کر بول رہا تھا۔۔۔

ان کے باپ کے پاس دوسری بیوی موجود ہے جو اس کا خیال ان کی ماں سے زیادہ اچھی طرح رکھ سکتی ہیں۔۔وہ جاتے ہوئے بھی طنز مار کر چلی گئی تھی۔۔

اسد نفی میں سر کو ہلاتے ہوئے ٹھنڈی آہ بھر کر رہ گیا تھا۔۔ چلو اسد خان اب خود ہی تیار ہو اور خود ہی کپڑے نکالو۔۔آپ تو بنا قصور کے ہی عمر قید کے مستحق ٹھہرے ہیں۔کیا قسمت ہے آپ کی۔۔

وہ اپنے اپ سے باتیں کرتا ہوا کبرڈ سے کپڑے لے کر واش روم میں جا چکا تھا۔۔جب اسد فریش ہو کر باہر نکلا تو وہ بچوں کے روم میں گیا۔

جہاں پر مسکان اپنے دونوں بچوں کو گود میں لیے ہوئے۔ان کے ساتھ پیار کرتے ہوئے چھوٹی چھوٹی باتیں کر رہی تھی۔

اسد یہ منظر روم کے دروازے میں کھڑا ہو کر دیکھ رہا تھا۔وہ ہنستے ہوئے روم کے اندر داخل ہوا۔ گڈ مارننگ مائے بیوٹی فل فیملی۔

وہ ہنستے ہوئے مسکان کے پاس بیٹھا اور بچوں کو گود میں لے کر پیار کرنے لگا۔ مگر بچے اسد کو اگنور کر کے اپنی ماں کو دیکھنے لگے۔

وہ ابھی اتنے چھوٹے تھے کہ وہ صرف اپنی ماں کو ہی پہچانتے تھے۔ بالکل اپنی ماں جیسے ہیں۔اس کی طرح ہی مجھے اگنور کر رہے ہیں۔

اچھی بات ہے نہ مجھ پر گئے ہیں۔ماں پر جائیں گے تو وفادار ہوں گے اور باپ پر گئے تو گل ہی کھلائیں گے۔ مسکان نے طنز کرتے ہوئے کہا۔

انکی گفتگو اتنی دھیمی آواز میں تھی کہ پاس صوفے پر بیٹھی کیئر ٹیکر بھی نہیں سن سکی کہ وہ کیا بات کر رہے ہیں۔

بہت زیادہ شکوے اور شکایتیں ہیں آپ کو ان کے باپ سے۔

اسد بچوں کو پیار کر کے بیڈ پر لیٹاتے ہوئے مسکان کی طرف دیکھ کر بولا تھا۔۔

باقی کے شکوے رات کو کر لینا فی الحال ڈائننگ ٹیبل پر چلو میرے ساتھ ناشتے کے لیے۔آپ جا کر ناشتہ کر لیں مجھے ابھی بھوک نہیں میں بعد میں کر لوں گی۔۔

میں نے اٹپ کی رائے نہیں پوچھی۔۔اسد نے سخت انداز سے کہا اور اٹھ کھڑا ہوا گیا تھا۔۔گھر کے ملازموں کے سامنے میں کسی طرح کا تماشہ نہیں چاہتا ڈائننگ ٹیبل پر آئیں وہ کہتا ہوا روم سے نکل گیا تھا۔۔

دونوں کے کیئر ٹیکر آپس میں باتیں کر رہی تھی۔اس لیے وہ دونوں کی باتیں سن نہیں پائی۔

مسکان بے دلی سے پاؤں پٹختی ہوئی ڈائننگ ٹیبل پر آئی تھی۔۔کیونکہ اسد کے حکم کی خلاف ورزی کرنے کی ہمت مسکان میں نہیں تھی۔۔

اب کیا چیئر پر بیٹھنے کے لیے استخارہ کروانا پڑے گا۔۔

مسکان جو ڈائننگ ٹیبل کے پاس آکر غصے سے کھڑی ہوئی تھی تو اسد نے اسے چیئر پر بیٹھنے کے لیے یہ الفاظ بولے تھے۔

آپ مجھے میرے حال پر کیوں نہیں چھوڑ دیتے زبردستی مجھے ڈائننگ ٹیبل پر بلانے کا مطلب کیا ہے۔۔

مجھے ناشتہ کروائیں جیسے آپ روز کرواتی ہیں۔اسد روز جیسا تو کچھ بھی نہیں چھوڑا آپ نے۔کیوں اب میں آپ کا شوہر نہیں ہوں یا آپ میری بیوی نہیں ہے۔

اسد کا لہجہ کافی غصے والا تھا۔مسکان کی ہتھیلیوں میں پسینہ آنے لگا تھا اسد کے غصے کو دیکھ کر۔مسکان کرسی کھینچ کر بیٹھ گئی۔۔اور اسد کو ناشتہ دینے لگی ڈبل روٹی پر جیم لگاتے ہوئے تھے۔۔اس کے ہاتھ کانپ رہے تھے۔۔۔

مسکان کل سے انابیہ بھی ہمارے ساتھ ناشتہ کیا کرے گی۔۔اسد نے مسکان کے ہاتھ سے جیم والا ٹوسٹ لیتے ہوئے چائے کا مگ اٹھایا تھا۔۔

تو ٹھیک ہے کل سے میں ٹیبل پر نہیں آؤں گی انابیہ کا نام سنتے ہی مسکان سے سی بولی تھی۔آپ کا آنا لازم ہے کیونکہ آپ کے بنا مجھے کھانا کھانا بالکل پسند نہیں ہے۔اور یہ بات بہت اچھے سے جانتی ہیں۔۔

اسد آپ اتنے سفاک کیوں بن رہے ہیں آپ اس لڑکی کو میرے مقابل میرے سامنے لا کر بیٹھنے کا بول رہے ہیں۔۔اس لڑکی کا آپ سے کوئی مقابلہ نہیں ہے۔۔

آپ اسد خان کی محبت ہے اور وہ کسی سے کیا ہوا وعدہ۔اس لیے اگر آپ تھوڑا سا ظرف بڑا کر لیں تو ہم تینوں ہی اس گھر میں سکون سے رہ سکتے ہیں۔۔

کسی کو کسی کی محبت میں حصے دار بنا کر آپ کہہ رہے ہیں۔۔کہ مجھے ظرف بڑا کرنا چاہیے کیا انصاف ہے آپ کا مسکان بھیگی ہوئی پلکوں سے بول رہی تھی۔ کوئی آپ کی محبت میں شرکت نہیں کر سکتا اس بات کا یقین رکھیں۔اور ناشتہ کریں میرے ساتھ وہ دوٹوک انداز سے بات کر رہا تھا۔۔

میں بعد میں کرلوں گی۔۔آپ کو ناشتہ میرے سامنے ہی کرنا پڑے گا۔کیا زبردستی ہے۔۔ہاں کیونکہ بنا زبردستی کے آپ کو میری کوئی بات سمجھ میں نہیں آتی اسد ٹوس اٹھا کر مسکان کے منہ میں ڈالتے ہوئے بولا تھا۔۔

مسکان کے گلے میں آنسوں اٹکے ہوئے تھے اور اوپر سے اسد اسے زبردستی اس سے ناشتہ کروا رہا تھا۔۔

اسد سے روتے ہوئے دیکھ کر بھی اسے ناشتہ کروائے جا رہا تھا۔

کیونکہ اسد کو پتہ تھا کہ اس کے جانے کے بعد مسکان ناشتہ نہیں کرے گی تو اس لیے اس کا زبردستی کرنا ضروری تھا۔۔

اب اسد ٹشو سے مسکان کے ہونٹوں کو صاف کر رہا تھا اس کے بعد اپنے ہاتھوں کو صاف کرتا ہوا ڈائننگ ٹیبل سے اٹھ کھڑا ہوا۔۔

مسکان روم میں آئے۔۔ کیوں اب کیا کہنا مجھے۔اسد جو روم کی طرف جا رہا تھا۔اس نے مسکان کو روم میں آنے کو کہا تھا۔

جیسے کہ آپ کو تو نہیں پتہ کہ میں آپ کو روم میں کیوں بلا رہا ہوں۔۔ پتہ ہے کیوں بلا رہے ہیں مگر میں اس کے لیے نہیں آؤں گی۔۔

اسد روز آفس جاتے ہوئے مسکان سے اپنی کس لے کر جاتا تھا۔۔آج بھی وہ اسی لیے اسے روم میں بلا رہا تھا۔۔ مگر مسکان باضد ہو کر ڈائننگ ٹیبل پر بیٹھی ہوئی تھی۔

اسد روم میں روم کی طرف جاتا ہوا واپس پلٹ کر ڈائننگ ٹیبل پر آیا تھا۔ کیا چاہتی ہیں کہ میں مریم کے سامنے ہی شروع ہو جاؤں۔۔

اسد نے کچن میں کھڑی ہوئی مریم کی طرف اشارہ کیا تھا۔ مسکان نے مریم کی طرف دیکھا جو کچن میں کھڑی سنک پر برتن دھو رہی تھی۔

مسکان غصے سے اپنی کرسی سے اٹھ کھڑی ہوئی تھی پاؤں پٹختی ہوئی روم کے اندر آئی۔۔اسد بھی اس کے پیچھے پیچھے۔اپنے لبوں سے مسکراتا ہوا آ رہا تھا۔

روم کا دروازہ بند کر کے ن اسد نے اس کو ہاتھ سے پکڑ کر اپنی طرف کھینچا تھا ۔جو ہونا تھا وہ ہو چکا ہے۔ کب تک آپ گھر کا ماحول اس طرح سے رکھیں گے۔

اسد مسکان کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے قریب کرتے ہوئے پوچھ رہا تھا۔

کتنا آسان ہے نا آپ کے لیے یہ کہنا کہ جو ہونا تھا وہ ہو گیا ہے۔آپ کیا چاہتے ہیں کہ میں فورن سے اس لڑکی کو ایکسیپٹ کر لوں اور خوشیاں مناؤں۔

۔میں نے ایسا کچھ نہیں کہا مسکان۔ صرف اتنا کہہ رہا ہوں کہ گھر کے ماحول کو تھوڑا نارمل ہونے دیں۔ایسے ماحول میں ہمارے بچوں کا کیا فیوچر ہے

بہت جلدی آپ نے یہ سوچ لیا ہے۔ کہ ہمارے بچوں کا فیوچر کیا ہے۔ جب آپ نے اس لڑکی سے نکاح کیا تب آپ کو یہ خیال کیوں نہیں آیا۔

مسکان میں اس وقت بحث کرنے کے موڈ میں نہیں ہوں بس میں اتنا چاہتا ہوں کہ گھر کو گھر کی طرح ہی رہنے دو۔
اور آج رات ہم تینوں ایک ہی ٹیبل کر کھانا کھائیں گے۔ اور آپ ٹیبل پر موجود ہوں گے۔ میرے لیے کیونکہ مجھے آپ کے بنا کھانا اچھا نہیں لگتا۔

اور آپ کی ذمہ داری بنتی ہے کہ آپ اپنے شوہر کی پسند اور ناپسند کا خیال رکھیں۔۔۔ اور آپ کی کوئی ذمہ داری نہیں ہے۔ آپ کا کوئی فرض نہیں ہے۔ سارے فرض بیوی پر ہی لاگو ہوتے ہیں۔

وہ غصے سے آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بول رہی تھی۔ میری جان میرے اوپر بھی جولا گو ہوتا ہے میں رات کو آکر اس کو پوری ایمانداری کے ساتھ نبھاؤں گا وہ مسکان کے لبوں کو بڑی نرمی سے چومتے ہوئے بولا تھا۔

مسکان نے سر کو جھٹکتے ہوئے رخ دیوار کی سر طرف کر لیا تھا۔

آپ یہ اپنی نائٹ اور مارننگ کسس جا کر اس سے لیا کریں۔۔ مجھ سے نہیں اور رات کو آپ میرے ساتھ اس روم میں نہیں سو سکتے۔

میں تو یہیں پر سوؤں گا آپ کے ساتھ۔
میں آپ کو سونے ہی نہیں دوں گی۔۔

تو کیسے روکیں گی آپ بتائیں مجھے۔ وہ اس کی کمر پر ہاتھ رکھ کر جھٹکے سے اور بھی قریب کرتے ہوئے بولا تھا۔

میں روم کا دروازہ بند کر لوں گی۔ تو میں دروازہ چابی سے کھول لوں گا۔۔ میں چابی بھی روم کے اندر ہی رکھ لوں گی۔
تو میں دروازہ توڑ دوں گا۔۔ میں اپنی جان لے لوں گی۔۔ اس کی ضرورت نہیں ہے میں رات کو آ کر خود ہی آپ کی جان لے لوں گا۔

خود کو تھکانے کی ضرورت نہیں ہے۔ وہ ہنستے ہوئے بول رہا تھا۔ تو میں آپ کی جان لے لوں۔ وہ آپ بہت سال پہلے لے چکے ہیں۔

اسد میرے صبر کو مت آزمائیں وہ اسد کو ہنستے ہوئے دیکھ تلملا ملا اٹھی تھی
۔۔میں صرف اسفند بھائی کے آنے کا انتظار کر رہی ہوں۔میں آپ کے
ساتھ نہیں رہوں گی میں آپ کو بتا رہی ہوں۔۔

تو ٹھیک ہے جب تک اسفند نہیں آتا۔آپ پھر پر سکون رہیں۔جب اسفند
آئے گا تو میں بھی دیکھ لوں گا۔کہ آپ کیسے جاتی ہیں۔گھر چھوڑ کر اور کیسے وہ
آپ کو لے کر جاتا ہے اسد کے چہرے کے زاویے بگڑنے لگے تھے۔۔

آپ بیوی ہیں میری اور یہ بات یاد رکھنا کہ میری اجازت کے بغیر آپ اس
گھر سے قدم بھی باہر نہیں نکال سکتی۔وہ اسے دیوار کے ساتھ لگاتا ہوا اپنا چہرہ
اس کے بے حد قریب کر کے سخت لہجے بول رہا تھا۔۔
اس کے غصے والے چہرے کو دیکھ کر مسکان نے اپنی انکھیں بند کر لی تھی
۔مسکان میری راتوں کا سکون ہو تم۔۔اگر مجھ سے میرا سکون چھینوں گی تو

بہت تباہی مچے گی اس لیے کوئی بھی قدم اٹھانے سے پہلے اچھی طرح سوچ بچار کر لینا۔۔

آپ اپنا سکون جا کر اس سے حاصل کریں۔اگر میں آپ کا سکون ہوتی تو آپ کو اس کی ضرورت نہیں پڑتی۔وہ اسد کے سینے پر ہاتھ رکھے کر اسے پیچھے کی طرف کھیلتے ہوئے بولی تھی۔

کتنی بار بولوں کے وہ صرف ایک کاغذ پر لکھا ہوا نکاح ہے۔میرے لیے اس کے سوا کچھ نہیں۔

کیوں بار بار میرے صبر کو ازما رہی ہو۔

مسکان جب آپ کہتی ہو کہ آپ مجھ سے دور چلی جائیں گی۔میرا دل کرتا ہے کہ میں اس گھر کو آگ لگا دوں۔

اگر یہ الفاظ آپ کے سوا کوئی اور بولے کہ وہ آپ کو مجھ سے دور کر دے گا۔ تو میں اس کی زبان کھینچ لوں۔ میں اس کے ٹکڑے کر دوں۔

ہاں تو میرے بھی ٹکڑے کر دے۔ جس طرح سے اٹپ نے میرے دل کے ٹکڑے کر دیے ہیں۔ وہ اسد کے ہاتھ کو پکڑ کر اپنی چہرے پر تھپڑ کی صورت میں مارتے ہوئے رو کر بول رہی تھی۔

اسد نے مسکان کے سر کی بیک سائیڈ پر ہاتھ رکھتے ہوئے اس کے بالوں کو ہلکے سے جھٹکا دے کر۔ اس کے چہرے کو اوپر کرتے ہوئے اپنے لب اس کے لبوں پر رکھ کر اس کے لبوں کو قید میں لے گیا تھا۔

وہ اتنے غصے کی شدت سے اس کی سانسیں پی رہا تھا کہ مسکان کی انکھوں سے مسلسل سانس نہ آنے کی وجہ سے آنسوں نکل رہے تھے۔ مگر اسد کا ٹھنڈا ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا۔

مسکان نے اسد کی شرٹ کو سینے سے پکڑ رکھا تھا۔
اسد کا خود کا وجود بھی ہانپ رہا تھا۔غصے کی شدت سے۔۔مسکان کو اپنے ہونٹوں پر جلن محسوس ہونے لگی تھی۔سانس اٹکنے لگی تھی۔

دل رکنے لگا تھا اس کی حالت اس وقت قابل رحم لگ رہے تھی۔ مگر وہ دشمنی جان اپنا غصہ اس پر اب بھی نکالے جا رہا تھا۔۔
مسکان اسد کے ہاتھوں میں لٹکنے لگی تھی کیونکہ اسے سانس نہیں آ رہی تھی۔۔جب وہ گرنے والی ہو گئی تو اسد پیچھے ہٹا تھا۔

اسد کی اپنی سانس بھی اس وقت پھولی ہوئی تھی جس شدت کے ساتھ اس نے اپنا غصہ مسکان کے لبوں پر اتارا تھا۔اس کی شدت مسکان کے لبوں پر نظر آرہی تھی۔

انسان کے ہونٹوں پر دو تین جگہ پر کٹ لگا ہوا تھا کٹ سے ننھی ننھی خون کی بوندیں نکل کر اس کے ہونٹوں کو اور بھی جاذب نظر بنا رہی تھی۔۔

اب آپ کا رونا فضول ہے۔آپ ایسی سچویشن خود پیدا کرتی ہو۔کہ میں آپ کے ساتھ سختی سے پیش آؤں۔۔

ویسے بھی آج کل آپ کو مرنے کا بہت شوق چڑھا ہوا ہے۔تو یہ ٹیلر تھا۔۔ دوبارہ شوق چڑھے مرنے کا تو بتا دینا۔اسی طرح سے آپ کی سانسیں پیتے ہوئے آپ کی جان لے لوں گا۔

اگر مرنا ہی ہے تو پھر شوہر کی محبت کو سہتے ہوئے مرو۔وہ روتی ہوئی ہوئی مسکان کے آنسو اپنی ہتھیلی سے صاف کر رہا تھا۔۔

چلو اب جلدی سے مجھے میری آفس جانے والی کس دو۔۔مسکان نے کھا جانے والی نظروں سے اسد کی طرف دیکھا تھا۔۔
جیسے کہہ رہی ہو کے جو آپ نے ابھی ابھی کیا وہ کیا تھا۔۔

ایسے مت دیکھو پگلی پیار ہو جاے گا۔وہ اپنے دل کش لبوں سے مسکراتا ہوا بولا ۔۔کس می پلیز مجھے آفس سے دیر ہو رہی ہے۔۔
وہ روتی ہوئی جا کر صوفے پر بیٹھ گئی تھی۔اوپر والی پر بھی آپ پورا حق رکھتے ہیں۔اس سے جا کر لے۔۔

اتنی سزا کے بعد بھی آپ کی ضد وہی ہے۔۔میں کیسے بھول گیا۔آخر اسفند شہریار کی بہن ہو تو بھائی کی طرح ضد تو خون میں رچی ہوئی ہے آپ کے۔۔

وہ مسکراتے ہوئے بول رہا تھا۔خبر دار جو میرے بھائی کو لفظ بھی بولا تو۔۔تمہارے بھائی کی تو ایسی کی تیسی۔۔وہ نقل اتارتے ہوئے ایک بار پھر سے بہت قریب ہو گیا تھا۔۔

دل مبارک ہو آپ اپنے ٹیسٹ میں فرسٹ پوزیشن پر آئی ہے۔اسفند صبح صبح اٹھتے ہی شروع ہو گیا تھا۔اب تو مجھے بھی لگنے لگا ہے کہ میری بیوی بڑی ہو گئی ہے اور ہمیں بی بی پلان کر لینا چاہیے۔

دل کو اسفند کی باتوں سے شرم آ رہی تھی۔اس لیے کبھی وہ اپنا منہ مرر کی طرف کرتی تو کبھی دیوار کی طرف۔ مگر اسفند گھوم کر پھر سے اس کے منہ کے آگے آ کر کھڑا ہو جاتا تھا۔

دل مرر کے سامنے کھڑی ہوئی تیار ہو رہی تھی آج ان دونوں نے سکیٹنگ کرنے کا پرو گرام بنایا ہوا تھا۔

مگر اسفند اسے رات کے بارے میں بتا بتا کر تنگ کر رہا تھا۔۔ویسے دل آپ نے تو مجھے حیران ہی کر دیا تھا۔ جس بہادری کے ساتھ آپ نے مجھے برداشت کرنے کی کوشش کی ہے آئی لائک اٹ۔بندہ آپ سے امپریس ہو گیا آپ سے ہے۔

وہ اپنے شراتی لبوں سے مسکرا رہا تھا۔اسفند پلیز تنگ مت کرے۔ چلو کیا کیا یاد کرو گی۔ نہیں کرتا تنگ اور میرے پاس تمہارے لیے خوشخبری ہے۔
۔۔کیا۔۔وہ تجسس سے بولی تھی۔ہم اگلے ہفتے واپس چل رہے ہیں۔۔

سچ میں۔ہاں جی سچ میں۔ تھنک یو سو مچ وہ اس کے گلے میں اپنی باہوں ڈال کر خوشی سے اسے گلے مل رہی تھی۔۔مجھے سب پتہ ہے کہ آپ کو کس بات کی خوشی ہو رہی ہے۔وہاں پر جا کر میں بزی ہو جاؤں گا اور آپ کو مجھے ہر وقت جھیلنا نہیں پڑے گا۔۔

جی نہیں ایسا کچھ نہیں ہے۔وہ صاف مکر گئی تھی۔ چلاک لڑکی جیسے کہ میں تو آپ کو جانتا نہیں، چلو جلدی سے ناشتہ کرو اس کے بعد ہمیں آج خوب گھومنا ہے۔

کیونکہ شاید دوبارہ جب ہم اپنے سیکنڈ ہنی مون پر آئیں تو اپنے ساتھ اپنے آٹھ نو بچے بھی لے کر آئیں گے۔ کیا کتنے بچے۔۔۔دل کی تو آنکھیں ہی باہر

آگئی تھی آٹھ نو بچوں کا سن کر۔۔کیا کم بولتے ہیں۔۔اسفند دل کی ٹانگ کھینچتے ہوئے بول رہا تھا۔۔

نہیں جی کچھ زیادہ ہی بول دیے ہیں،اتنے بچوں کے لیے تو پھر آپ کو پانچ چھ اور شادیاں کرنی پڑیں گی۔۔جی نہیں مجھے تو اپنے سارے ننھے منے بچے اپنی اس کیوٹ سی بیوی سے ہی چاہیے۔وہ دل کی پشت پر اپنے ہاتھ باندھتے ہوئے اسے قریب کر رہا تھا۔۔

چھوڑیں مجھے تیار ہونے دیں۔بے شرم دل نے شرماتے ہوئے آنکھیں جھکا لی تھی،اسفند ہنستے ہوئے چینج کرنے چلا گیا تھا۔۔

oooooooo

--

مریم آپ کی میم کہاہے،اسد کب سے ڈائننگ ٹیبل پر مسکان کا ویٹ کر رہا تھا۔سر وہ بچوں کے روم میں ہے،ان کو بلا کر لاؤ۔۔۔جی سر مریم فورن حکم کی تعمیل کرتے ہوئے چلی گئی تھی۔۔

پلیز میں روم میں ہی کھانا کھالوں گی مجھے اجازت دیں۔انابیہ کرسی سے اٹھ کھڑی ہوئی تھی۔۔پلیز انابیہ آپ بیٹھ جائے میری لیے اور آزمائش پیدا نہ کریں۔۔

آپ کو آزمائش سے بچانے کے لیے ہی کہہ رہی ہوں کہ میں روم میں ہی کھانا کھالوں گی، کیونکہ جب مسکان مجھے ٹیبل پر دیکھے گی تو وہ مجھے برداشت نہیں کریں گی۔جو کہ ان کا رائٹ بھی بنتا ہے اس لیے میں نہیں چاہتی کہ میں ان کے سامنے آکر ان کی تکلیف کو مزید بڑھاؤں۔۔

میں ان کو سنبھال لوں گا جب ہم نے ایک ہی گھر میں رہنا ہے تو پھر ایک دوسرے کو ایکسیپٹ کرنا پڑے گا یہی حالات کا تقاضہ ہے۔سر میم کہہ رہی ہیں کہ ان کو بھوک نہیں ہے اپ کھانا کھالیں۔

آپ اپنی میم کو جا کر بولے کہ اسد صاحب کا حکم ہے کہ دو سیکنڈ سے پہلے وہ مجھے ٹیبل پر موجود چاہیے۔اسد کے غصے والی آواز سن کر مریم تو وہاں سے سو کی سپیڈ سے گئی تھی مسکان کو بلانے۔

میم سر بہت غصے میں ہے۔اور آپ کو بلا رہیں ہے۔مریم بھاگتی ہوئی پھولی ہوئی سانس کے ساتھ مسکان کے پاس پہنچی تھی۔کیا مصیبت ہے۔مسکان غصے سے منہ میں بڑبڑاتی ہوئی چپل پہن کر دوپٹہ ٹھیک کرتے ہوئے روم سے نکل کر ڈائننگ ٹیبل کی طرف آ رہی تھی۔

مسکان جان بوجھ کر ٹیبل پر نہیں گئی تھی کیونکہ اسد صبح کہہ کر گیا تھا کہ۔۔ آج انابیہ ان کے ساتھ ہی کھانا کھائے گی۔۔مسکان لڑکی کی شکل نہیں دیکھنا چاہتی تھی۔۔اس لیے وہ ڈائننگ ٹیبل پر جانے سے اجتناب کر رہی تھی۔۔

مگر اسد کے غصے کو فیس کرنا مسکان کے بس سے باہر تھا۔ جس طرح سے مریم پھولی ہوئی سانس کے ساتھ بھاگتی ہوئی آئی تھی مسکان سمجھ گئی تھی کہ اسد کا پارہ ہائی ہو رہا ہے۔

اسد نے آتی ہوئی مسکان کی طرف غصے بھری نگاہوں سے دیکھا تھا۔ مگر بولا کچھ نہیں تھا۔۔انابیہ کسی مجرم کی طرح سر کو جھکائے ہوئے بیٹھی ہوئی تھی۔ انابیہ کھانا شروع کریں۔

مسکان نے اسد کو پھر سے گھور کر دیکھا تھا۔آپ بھی کھانا شروع کرے اب اسد نے مسکان کو کہا تھا۔۔مجھے بھوکھ نہیں ہے۔۔پھر بھی کھانا پڑے گا ۔اسد نے مسکان کی طرف غصے بھری نگاہوں سے دیکھ کر کہا تھا۔

اسد نے نوالہ بنا کر اس کے منہ میں ڈالا تھا۔ مسکان کی آنکھیں آنسوں سے بھگی ہوئی تھی۔ اس سے نوالہ کھایا نہیں جا رہا تھا۔۔ وہ غصے سے اسد کو گھور رہی تھی۔۔

مگر اسد مسکان کے آنسوں کو نظر انداز کر کے چپ چاپ کھانا کھانے اور مسکان کو کھلانے میں مصروف تھا۔۔ بے حس انسان مسکان نے منہ میں ہی بڑبڑای تھی۔ اسد سن چکا تھا مگر بولا نہیں تھا۔۔

میں خود کھا سکتی اللہ کا شکر ہے میرے ہاتھ ابھی سلامت ہے۔ مسکان اسد کے ہاتھ سے کھانا کھانے سے منع کر رہی تھی۔۔ چلو کھا کر دکھاؤ پتہ چلے کہ آپ کے ہاتھ کتنے سلامت ہے۔

اسد مسکان کے غصے والے انداز کو دیکھ کر اپنے دل کش لبوں تلے مسکرا رہا تھا ۔۔ فکر ایسے جتاتے ہے جیسے ان کو میرا بہت خیال مسکان غصے سے اپنے منہ میں بولے جا رہے تھی۔

سامنے بیٹھی ہوئی انابیہ یہ پیار بھری نوک جو بڑے غور اور حسرت سے دیکھ رہی تھی۔۔ اتنا خوبصورت اور جاذبے نظر پرسنیلٹی کا مالک اسد۔ جس پر نظر جاتی تو ایک بار تو بندہ پلٹنا بھول جاتا تھا۔

اس کی پٹھانوں والی اکڑ دیکھ کر کوئی نہیں کہہ سکتا تھا کہ وہ اپنی بیوی سے اس قدر پیار کرتا ہے کہ اس کا ہر نخرہ اٹھانے کے لیے تیار تھا۔۔

اسد کے ہر انداز سے دیکھنے والا بآسانی یہ سمجھ سکتا تھا کہ ، وہ مسکان سے کس قدر پیار کرتا ہے اور اس کو مسکان کی کتنی فکر ہے۔۔ انابیہ اس محبت کو بڑی حسرت سے دیکھ رہی تھی۔

اور سوچ رہی تھی کہ کتنی خوش قسمت ہے مسکان اسے خدا نے اسد خان دیا تھا۔۔انابیہ کے دل نے بے اختیار اسد کے لیے ایک بیٹ مس کی تھی۔اس کے دل میں نہ چاہتے ہوئے اسد کی محبت تھی خواہش جاگی تھی۔

وہ جتنی محبت بھری نظروں سے کھانا کھاتی ہوئی مسکان کو دیکھ رہا تھا۔پتا نہیں کیوں انابیہ کو ناچاہتے ہوئے جیلسی فیل ہو رہی تھی۔

مسکان غصے سے ایک کے بعد ایک نیوالہ منہ میں ڈالے جا رہی تھی۔جس کی وجہ سے کھانا اسکے گلے میں اٹک گیا تھا۔اور مسکان زور سے کھانسنے لگی۔

مسکان کو سانس نہیں آرہا تھا۔اسد بے چین ہو کر اپنی کرسی سے اٹھ کر کھڑا ہو گیا تھا۔۔وہ مسکان کی پیٹھ کو سہلاتے ہوئے، پانی کا گلاس اس کے لبوں سے لگا کر اسے ٹھیک کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔

سانس مسکان کو نہیں آرہا تھا مگر سانسیں اسد کی رک رہی تھی۔انابیہ یہ سارا منظر دیکھ رہی تھی۔مسکان کا سانس تھوڑا بحال ہوا تو۔

اسد نے اس کا منہ اپنے ساتھ لگاتے ہوئے۔اس کی پیٹھ کو سہلاتے ہوئے اسے سکون کر رہا تھا۔انابیہ نے بڑی مشکل سے کھانا ختم کیا،اور مسکان اور اسد وہی ڈائننگ ٹیبل پر ہی چھوڑ کر اپنے روم میں آگئی تھی۔

انابیہ یہ کیا ہو رہا ہے تمہیں۔تم یہ کیسے محسوس کر سکتی ہو۔یہ تو اس بندے کا احسان ہے کہ اس نے تمہیں اپنا کر تمہاری عزت کو محفوظ کر دیا۔

اور تمہارے باپ کی جان بچالی ہے۔ تم اس سے زیادہ کی اس سے توقع کیسے کر سکتی ہو۔

انابیہ اپنے دل کو ملامت کر رہی تھی وہ روم میں ادھر سے ادھر چکر لگاتے ہوئے اپنے ہاتھوں کو مروڑ رہی تھی۔۔انابیہ کا دل اس وقت بہت چین تھا۔ اسد کی محبت کو دیکھ کر جو وہ مسکان پر لٹا رہا تھا۔

مت بولو انابیہ کہ تم اسد خان کے لیے صرف ایک سمجھوتہ اور اس پر مسلط کیا ہوا فیصلہ ہو۔۔اور مسکان اسد خان کی محبت ہے اور اس کے بچوں کی ماں،

تمارا اور اس کوئی مقابلہ نہیں ہے۔ تم اسد خان کے پیروں کی دھول بننے کے لائق بھی نہیں ہو۔

اور وہ اس کے دل پر راج کرنے والی شہزادی ہے۔ آج پہلی ہی نظر میں ان دونوں کا پیار دیکھ کر انابیہ سمجھ گئی تھی کہ ان دونوں کی محبت کتنی گہری ہے۔

مسکان آپ خود کو اس طرح سے اذیت دے کر کیا ثابت کرنا چاہتی ہیں۔ کہ میں بہت ظالم ہوں مجھے آپ کی فکر نہیں ہے۔ مسکان کے تھوڑا نارمل ہونے پر اسد سوال کر رہا تھا۔

مجھے آپ کو کچھ بھی ثابت کرنے کی ضرورت نہیں ہے آپ جو ہیں۔ وہ مجھے بھی نظر آرہا ہے اور آپ کو خود بھی پتہ ہے۔۔۔۔۔ آپ اس لڑکی کو میرے سامنے بٹھا کر مجھ سے یہ توقع کر رہے تھے کہ میں اس کا استقبال کروں۔۔ اس کی جی حضوری کروں اور آپ دونوں کو کھانا پروسوں۔ تو میں یہ نہیں کر سکتی۔۔ تو میں معذرت خواہ ہوں کیونکہ میں آپ کی بیوی کا اچھی طرح سے ویلکم نہیں کر سکی میرا ظرف اتنا بڑا نہیں ہے۔

مسکان میں آپ سے ایسا کچھ نہیں چاہتا۔ اگر وہ لڑکی اس گھر حصہ بن گئی ہے تو اسے بھی تو گھر باکی افراد کی طرح گھر گھومنے اور کھانے کی آزادی ہونی چاہیے۔۔۔

یہ ایک دو دن کی مہمان نہیں ہے اسے ہمیشہ ہمارے ساتھ ہی رہنا ہے۔ تو کیوں نہ ہم سمجھداری کے ساتھ اس مصلے کو سلجھالیں۔۔

اسد کتنی آسانی کے ساتھ آپ مجھے یہ سب کرنے کو کہہ رہے ہیں۔ کتنی آسانی سے کہہ دیا ہے کہ میں اس لڑکی کو ایکسیپٹ کرلوں۔۔ آپ میرے منہ سے کسی کا نام تک برداشت کر سکتے۔۔ تو پھر مجھ سے اتنی توقع کیوں رکھ رہے ہیں۔

پرنسس پلیز گھر کا ماحول ٹھیک ہونے دو۔

میں تنگ آگیا ہوں آپ کی بے رخی سے۔۔۔اسد گھر کا ماحول آپ نے خراب کیا ہے میں نے نہیں۔۔مسکان اب اس کا حل کیا ہے مجھے بتاؤ۔۔ آپ اس لڑکی کو چھوڑ دے۔۔۔ نہیں چھوڑ سکتا۔۔۔۔تو ٹھیک ہے پھر مجھے چھوڑ دے۔۔۔یہ بھی نہیں کر سکتا۔۔

اسد میں اس لڑکی کے ساتھ آپ کو کسی صورت بھی بانٹ نہیں سکتی۔۔میں صرف بھائی کے آنے کا ویٹ کر رہی ہوں۔۔۔اس کے بعد کیا کرو گی اسد نے ناگواری کے ساتھ آئی برو اٹھا کر پوچھا تھا۔۔

میں بھائی کے ساتھ چلی جاؤں گی۔۔اور آپ کو لگتا ہے کہ میں آپ جانے دوں گا۔۔میں زبردستی چلی جاؤں گی۔۔جا کر دکھانا آپ کی جان لے لوں

گا۔۔۔بنامیری اجازت کے آپ گھر سے جانے کا سوچنا بھی مت مسکان ورنہ آپ میرا وہ روپ دیکھے گی۔۔۔جو میں نہیں دکھانا چاہتا۔۔

اسد اپنے چہرے کو کرسی پر بیٹھی ہوئی مسکان کے چہرے پر جھکائے ہوئے اپنا ایک ہاتھ کرسی پشت پر اور دوسرا ڈائننگ ٹیبل پر رکھے ہوئے کھڑا ہوا تھا۔۔ اسد کے غصے کو دیکھ کر مسکان نے اپنی نظریں نیچے جھکا لیں تھی۔روم میں چلو۔۔مجھے بچوں کے روم میں سونا ہے۔۔۔وہ ڈرتے ہوئے بولی تھی

۔۔اسد نے پلٹ کر غصے سے اس کا ہاتھ پکڑا تھا۔مسکان آپ کو میری بات ایک ہی بار میں کیوں سمجھ میں نہیں آتی کیوں آپ میرے صبر کا امتحان لیتی ہیں مگر وہ اپنی جگہ پر اب بھی مضبوطی سے بیٹھی ہوئی تھی۔۔۔

اگر میری پرنسس کو میری گود اتنی اچھی لگتی ہے تو بتادے۔۔۔میں روز آپ کو گود میں اٹھا کر ہی روم میں لے جایا کروں گا۔اس نے جھک کر مسکان

کو زبردستی گود میں اٹھاتے ہوئے کہا تھا۔۔مجھے کوئی شوق نہیں ہے کہ آپ مجھے اپنی گود میں اٹھائے۔

اوتاریں مجھے نیچے۔۔ نہیں اب تو ہم سیدھا بیڈ پر ہی لینڈ کریں گے خانم۔۔۔

چھوڑیں مجھے اپنے بچوں کے ساتھ سونا ہے۔۔ مگر بچوں کے باپ کو تو آپ کے بنا نیند ہی نہیں آتی۔ وہ اس کمر میں اپنی انگلیوں کو دباتے ہوئے بولا۔۔ آپ اس کے پاس جا کر اپنی نیند پوری کریں۔ وہ نظروں کو گھماتے ہوئے غصے سے بولی تھی۔۔

♪♪ تجھے نہ دیکھوں تو چین مجھے آتا نہیں
♪♪ ایک تیرے سوا کوئی اور مجھے بھاتا نہیں

♪♪کہیں مجھے پیار ہوا تو نہیں۔۔

وہ مسکراتے ہوئے سونگ گنگنا رہا تھا۔

وہ اسے روم میں لا کر اس کا سر تکیے پر رکھتے ہوئے اسے آرام سے لیٹا رہا تھا۔۔

آپ مجھ سے دور رہیں گے۔اور مجھ سے زبردستی کرنے کی کوشش تو بلکل بھی مت کیجئے گا۔۔وہ انگلی کو اٹھا کر بڑے ایٹیٹیوڈ سے بول رہی تھی۔۔

آپ کو لگتا ہے کہ آپ کی کسی بھی دھمکی کا مجھ پر کوئی اثر ہونے والا ہے۔اسد خان زندگی اپنی شرطوں پر جیتا ہے۔

اور رہی بات آپ کے پاس آنے کی تو وہ تو میں

آ کر رہوں گا۔۔اور مجھے روکنے کا حق میں نے آپ کو دیا ہی نہیں ہے۔

اور آپ پر اپنا حق جمانے کی پوری اتھارٹی ہے میرے پاس۔۔اس لیے بنا اپنے شوہر کے ساتھ بیھیس کیے ہوئے۔آپ یہاں پر میرا ویٹ کریں میں ذرا چینج کر کر آتا ہوں۔

وہ کبڑ سے کپڑے لیتا ہوا واش روم کی طرف جا رہا تھا اور جاتے ہوئے انگلی اٹھا کر منہ واش روم کی طرف رکھے ہوئے ہی بولا تھا۔

ایسی غلطی مت کرنا پرنسز ورنہ میرے لیے مشکل نہیں ہے آپ کو بچوں کے روم سے اٹھا کر لانا۔اور جس انداز سے میں آپ کو اٹھا کر لاؤں گا ۔شرمندگی آپکو ہی ہونی ہے مجھے تو کوئی فرق نہیں پڑنے والا اگر آپ چاہتی ہیں کہ۔

میں آپ کو بچوں کے روم سے اپنی باہوں میں اٹھا کر لاؤں تو ٹھیک ہے آپ جاسکتی ہیں۔۔۔اللہ میاں پتہ نہیں اس بندے کے پیچھے بھی کیمرے لگے ہوئے ہیں۔۔روم کا ڈور کھول کر باہر جانے کے لیے تیار کھڑی ہوئی مسکان اپنے قدم واپس بیڈ پر لے جاتے ہوئے بڑبڑا رہے تھی۔۔

اسد اپنے دلکش لبوں سے مسکراتا ہوا واش روم میں جا کر شاور لینے لگا تھا۔۔شاور لے کر باہر نکلا تو مسکان اپنا منہ کمبل میں دیے ہوئے سونے کی بھرپور ایکٹنگ کر رہی تھی۔۔

اسد ٹاول سے سر پہنچتے ہوئے ٹاول کو صوفے پر پھینک کر ہنستے ہوئے بیڈ کے پاس آیا اور جوتے اتار کر مسکان کے کمبل کے اندر گھس گیا۔۔

اسد کا ٹھنڈا ٹھنڈا جسم جب مسکان کے کمبل میں لپٹے ہوئے گرم گرم جسم کے ساتھ لگا تو اس کام کو تو مانو جیسے کوئی کرنٹ لگا گیا ہو۔۔

یہ کیا کر رہے ہیں آپ مسکان اسد سے تھوڑا دور ہوتے ہوئے بولی تھی۔

نارملی ایک ہی کمبل میں میاں بیوی کیا کرتے ہیں خانم آپ کو نہیں پتہ۔

اسد مسکان کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے اپنے قریب کرتے ہوئے بول رہا تھا ۔میں نے آپ سے کہا تھا۔ کہ مجھ سے کوئی زبردستی کرنے کی کوشش مت کرنا اسد۔

پرومس خان کی جان میں زبردستی نہیں کروں گا۔ میں آپ کو اتنا زیادہ پیار کروں گا کہ ۔آپ خود ہی میرے آگے ہتھیار ڈال دیں گی۔ وہ مسکان کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے اپنے اور لیٹا کر مسکراتے ہوئے اس کی بیوٹی بون کو چوم رہا تھا۔۔اسد۔ ہمم۔۔آپ کو شرم نہیں آتی۔۔۔ نہیں یہ ڈپارٹمنٹ تو آپ کا ہے۔۔۔ویسے مجھے شرم آنی کیوں چاہیے۔۔

میرے حق کو کسی اور کے نام کر کے۔۔۔آپ کو اپنے سارے حقوق یاد ہے۔۔ جتنی شدت کے ساتھ میں آپ پر حق جتاتا ہوں آپ کو لگتا ہے کہ میں نے آپ کا حق کسی اور دیا ہے۔۔وہ اس گال کو اپنے انگوٹھے کے ساتھ سہلاتے ہوئے بول رہا تھا۔۔

پرنسس بدگمانی چھوڑ کر ہم پھر سے پہلے کی طرح نہیں رہ سکتے۔۔

اسد آپ نے پہلے جیسا کچھ رہنے ہی کہاں دیا ہے۔آپ نے میری ہنستی بستی گھرستی کو اپنے ہاتھوں سے آگ لگا دی ہے۔۔۔مسکان کی پلکیں نم ہونے لگی تھی۔۔پرنسس میں آپ سے بہت پیار کرتا ہوں آپ کی بے رخی مجھ سے سہی نہیں جاتی۔وہ مسکان کی پلکوں سے اپنے لبوں سے آنسوں چنتے ہوئے بول رہا تھا۔

آپ سے میری بے رخی برداشت نہیں ہوتی تو تھوڑی دیر کے لیے خود کو میری جگہ پر رکھ کر سوچیں کہ میں کس اذیت سے گزر رہی ہوں۔

یہ احساس ہی میری جان لے رہا ہے۔ کہ آپ کا نام کسی اور کے ساتھ جوڑ چکا ہے۔ میں تو ہمیشہ یہی سوچتی تھی کہ اسد میر خان کا سر نیم صرف مسکان شہریار کے ساتھ ہی لگے گا۔ یا اس کے بچوں کے ساتھ۔ مگر آپ نے تو میرے سارے بھرم ہی توڑ دیے۔

پرنسس آپ مجھے معاف نہیں کر سکتی۔ پتا نہیں کیونکہ اس وقت میرے پاس آپ کو دینے کے لیے کچھ نہیں ہے۔ مافی بھی نہیں۔ اسد کے اوپر لیٹی ہوئی مسکان کے آنسوں اسد کا چہرہ بھگو رہے تھے۔۔

اسد میں کہاں پر کم پڑ گئی تھی آپ کے کچن میں آپ کے گھر میں آپ کے روم میں یا پھر آپ کے بستر پر کہاں پر مجھ سے کمی رہ گئی تھی جو آپ کو یہ قدم اٹھانا پڑا۔

اسد کو مسکان کی باتوں سے شرمندگی ہو رہی تھی۔ مگر اس وقت اس کے پاس مسکان کی باتوں کا کوئی جواب نہیں تھا۔ بے شک مسکان بہت اچھی بیوی ایک بہت اچھی ماں تھی وہ اپنی ہر ذمہ داری کو بہت اچھے سے نبھا تھی

۔۔

ایک ایک آنسو مسکان کے دل کا حال سنا رہا تھا۔ اسد اسے اتنی تکلیف میں دیکھ کر خاموش ہو گیا تھا۔۔۔ وہ اسے اپنے سینے لگا کر لیٹا ہوا تھا۔

وہ بھی چپ کر کے سو گئی۔ سوری پرنسس جن آنکھوں میں اسد خان ہمیشہ خوشیاں دیکھنا چاہتا تھا۔ ان آنکھوں میں۔ میں نے کتنے آنسوں بھر دیے ہے

۔

اسد نے اپنے لب نرمی کے ساتھ مسکان کے ماتھے پر رکھتے ہوئے لمبی سانس فضا میں چھوڑی تھی۔ مسکان جو اسد کے سینے میں سر چھپائے ہوئے جاگ رہی تھی۔

اسد آپ کا پیار اور کی میرے لیے تڑپ مجھے نظر آتی ہے۔۔ جب اتنا پیار کرتے ہیں۔ تو کیوں میری جگہ کسی اور کو دے دی ہے۔۔۔ کیوں ہمارے درمیان کسی تیسرے کو لے کر آ گئے ہے۔۔ کتنی خوبصورت دنیا تھی ہماری جہاں آپ میں اور ہمارے چھوٹے چھوٹے بچے تھے۔

وہ اپنے زہن میں سوچتے ہوئے اسد کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اس کے سینے پر اپنا سر رکھ کر اپنے پرانے والے اسد کو یاد کرتی ہوئی پتہ نہیں کب نید کی وادیوں میں چلی گئی۔۔

وقت تیزی سے گزر رہا تھا۔مسکان اور اسد کے بیچ کے فاصلے کم ہونے کے بجائے بڑتے جا رہے تھے۔آج دل اور اسفند کی واپسی تھی وہ ایئرپورٹ سے سیدھے اسد کے گھر پہ ہی آ رہے تھے۔۔اسد کافی زہنی ٹینشن میں تھا۔اسے پتا تھا کہ اسفند پہلے اس سے نکاح کی حقیقت جاننے کی کوشش کرے گا۔

مگر اسد خان اپنے واعدے کے خلاف جا کر اسفند کو کچھ بھی نہیں بتائے گا۔تو حلات پھر سے کافی خراب ہو سکتے ہیں۔۔وہ اسی کشمکش میں ڈائننگ ٹیبل پر اسفند اور دل کا انتظار کر رہا تھا۔

مسکان بھی چپ چاپ ٹیبل پر اپنے بھائی کا انتظار کر رہی تھی۔اسفند اور دل آ گئے تھے دل اسد کو گلے رہی تھی۔اسد بہت خوش تھا اپنی پیاری بہن کو پھر

سے ٹھیک دیکھ کر۔وہ اس وقت بالکل نارمل اور پہلے جیسی دل لگ رہی تھی۔۔۔

اسد دل کو دیکھ کر سوچ رہا تھا کہ ۔۔اسفند نے سچ میں دل کی بہت کیئر کی تھی، جو دل اتنی جلدی ٹھک ہو گئی۔اور دل کے چہرے پر جو خوشی اور چمک تھی وہ اس بات کی دلیل تھی کہ۔دل اپنے اسفند کے ساتھ بہت خوش ہے۔۔

اسد نے ایک نظر اسفند سے ملتی ہوئی مسکان پر ڈالی تھی۔جس کے چہرے پر کوئی خوشی نظر نہیں آرہی تھی۔زردی مائل رنگت جو اس کے ناخوش ہونے کی دلیل تھی۔

اسد اپنے آپ میں ہی۔ بہت شرمندہ ہو رہا تھا وہ سوچ رہا تھا کہ ایک طرف اسفند ہے جس نے اس کی بہن کی زندگی کو خوشیوں سے بھر دیا تھا۔ ایک طرف میں ہوں جس نے اس بہن کی خوشیاں اپنے ہی ہاتھوں سے چھین لی تھی۔

اور سنا کمینے کیسا ہے۔ اسفند اپنے ہمیشہ والے انداز سے اسد سے ملا تھا۔ کیسے تیرے چہرے کی ہوائیاں اڑھی ہوئی ہے۔ کیا کام کا پریشر زیادہ ہے۔ اسد نے مسکراتے ہوئے ہاں میں سر کو ہلایا تھا۔ چل کوئی نہ اب تم اور مسکان کہی گھوم آنا میں سب کچھ ہینڈل کر لوں گا۔۔۔

مسکان آپی بچے کہا ہے مجھے ان سے ملنا ہے۔ دل بیٹا پہلے کھانا کھا لیں بعد میں آرام سے مل لینا۔ اسد نے اپنی بہن کو پیار سے کہا تھا۔ نہیں مجھے ابھی ملنا ہے

۔ہاں بھئی پہلے تو ہم اپنے شہزادے اور شہزادی کو ملیں گے۔ بادمیں کھانے کے بارے میں سوچے گے۔

اسفند نے دل کی ہاں میں ہاں ملائی۔ وہ اب لوگ بچوں کے روم چلے آئے تھے۔ دل اور اسفند بچوں کے لیے بہت سارے گفٹ لے کر آئے تھے ۔دل سے خوشی کے مارے صبر نہیں ہو رہا تھا۔۔ وہ بچوں کے گفٹ نکال کر بچوں کو دکھا کر خود بھی بچوں کی طرح ہی خوش ہو رہی تھی۔

اسفند نے اپنے بھانجے اور بھانجی کو بہت سارا پیار کرتے ہوئے ہوئے۔ ان کے سر سے انگت پانچ پانچ ہزار کے نوٹ وارتے ہوئے دونوں کیئر ٹیکر اور مریم کے ہاتھ میں تھما دیے تھے۔

واہ بھئی لگتا ہے کہ پھوپھو اور ماموں نے ساری شاپنگ صرف بچوں کے لیے ہی کی ہے۔ اسد نے مسکراتے ہوئے کہا تھا۔۔ نہیں بھائی آپ کے اور مسکان

آپی کے لیے بھی ہم نے بہت ساری شاپنگ کی ہے۔۔دل نے چہکتے ہوئے اپنے بھائی کو انفارمیشن پاس کی تھی۔۔

اچھا جی میرے بچے نے ہمارے لیے بھی شاپنگ کی ہے۔اسد نے دل کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔جی مگر آپ لوگوں کی شاپنگ ہم کھانے کے بعد دیکھیں گے۔اوکے۔۔اسد نے اپنی بہن کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے کہا تھا۔

مسکان۔جی بھائی۔۔ایوری تھنگ اوکے۔۔۔جی بھائی سب ٹھیک ہے۔۔ مگر بیٹا آپ کے منہ سے ایسا لگ کیوں نہیں رہا کہ سب ٹھیک ہے۔۔اسد جو آتے ہی مسکان کے چہرے کو نوٹس کر رہا تھا۔کہ مسکان کے چہرے پر پہلے والی رونق اور خوشحالی نظر نہیں آرہی تھی۔۔ کہیں اسد خان میری بہن کو پریشان تو نہیں کرتا رہا آپ کے بھائی کی غیر موجودگی میں۔۔

اگر ایسا ہے تو اسد خان اپنی ہڈیوں پر تیل لگا کر رکھو میری بہن کو جتنا تم نے پریشان کیا ہے سب کا میں گن گن کر بدلہ لوں گا اسفند نے مصنوعی غصہ دکھاتے ہوئے اسد کی طرف دیکھ کر بولا تھا۔

چلیں ہم لوگ کھانا کھاتے ہیں اسد نے موضوع بدلتے ہوئے کہا تھا۔ سب لوگ کھانا کھا رہے تھے اور مریم کھانا لے کر اوپر جا رہی تھی انابیہ کے لیے۔ کیونکہ اسد اور دل کا سن کر انابیہ نے نیچے آنے سے منع کر دیا تھا۔ مسکان کیا کوئی گھر پہ مہمان آیا ہوا ہے۔ اسد نے مریم کو کھانا اوپر لے جاتے ہوئے دیکھ کر کہا تھا۔۔ نہیں بھائی اس گھر نئی کی مالکن آگئی ہیں۔ کھانا کھاتے ہوئے اسد نے چمچ کو پلیٹ میں رکھ کر بڑے غور سے اسد اور مسکان کی طرف دیکھا تھا۔۔

آپ دونوں کے بیچ میں کیا چل رہا ہے مسکان مجھے بتاؤ۔۔میں جب سے آیا ہوں نوٹس کر رہا ہوں مسکان آپ پریشان ہو۔۔اور اسد کا چہرہ بھی اترا ہوا ہے۔۔آخر پرابلم کیا ہے۔بیٹا اپنے بھائی کو بتائیں کہ آپ کو کیا پریشانی ہے۔

بس اسفند کے دو پیار والے بول بولنے کی دیر تھی۔کہ مسکان کے آنکھوں سے آنسوں چھلک پڑے تھے۔۔اسد چپ چاپ نظرے جھکائے ہوئے کھانا کھا رہا تھا۔۔وہ اس کڑے وقت کے لیے تیار تھا۔۔اسے اندازہ تھا کہ اسفند کے آنے کے بعد یہ سب ہونے والا ہے۔

اس لیے وہ بلکل بھی چونکا نہیں تھا،اسے اب اس سے آگے جو ہونے والا تھا اس کا بھی اچھی طرح سے اندازہ تھا۔۔

دل بہت پریشان سا منہ بنا کر سارے ماحول کو دیکھ رہی تھی۔۔مسکان کیا ہوا ہے پلیز سسپنس مت کریٹ کرو بیٹا مجھے بتائیں کیا ہوا ہے۔۔اسفند نے گھبراہٹ سے مسکان کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا تھا۔۔

بھائی اسد نے دوسری شادی کر لی ہے۔۔۔وٹ۔۔اسفند کو اپنے کانوں پر یقین نہیں آیا تھا۔اسد مسکان کیا بول رہی ہے اسفند نے اسد کی طرف دیکھتے ہوئے تسلی بخش جواب مانگا تھا۔

سچ بول رہی ہے اسد نے صاف اور کھرا جواب دیا۔بنا کوئی بہانا بنائے۔کس سے شادی کی ہے۔۔انابیہ سعید سے۔۔اسد نے جواب دیا۔۔۔وہ بر گیڈیئر سعید اختر کی بیٹی سے۔۔۔اسفند نے حیرانی کے ساتھ پوچھا۔۔

ایسی کون سی ضرورت آن پڑی تھی کہ تمہیں شادی کرنی پڑی۔اسلام میں جب چار شادیاں جائز ہیں تو اس میں ضرورت نہ ضرورت کی کیا بات ہے۔۔اسد نے سپاٹ سے لہجے سے جواب دیا تھا۔۔

اسد تم اٹھ کر میرے ساتھ روم میں چلو اسفند اسد کا ہاتھ پکڑ کر روم میں لے آیا تھا۔اب بولو اسد تم نے انابیہ سے شادی کیوں کی ہے۔مجھے پتہ ہے کہ کوئی نہ کوئی وجہ ضرور رہی ہو گی۔تم مجھے بتا سکتے ہو کہ تم نے انابیہ سے نکاح کیوں کیا ہے۔

اسفند اسد کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر پوچھ رہا تھا۔کچھ بھی نہیں ہوا مجھے انابیہ پسند تھی تو اس لیے میں نے اس سے شادی کر لی۔۔میرے خیال سے

دوسری شادی کرنا کوئی گناہ نہیں ہے۔اسد نے بہت کون فٹنس کے ساتھ جواب دیا تھا۔

بکواس بند کرو اسد مجھے پتہ ہے کہ تم مسکان سے بہت پیار کرتے ہو۔اور تم چاہ کر بھی دوسری شادی کبھی نہیں کرو گے۔اسفند نے اسد کی بات کو جھٹلاتے ہوئے کہا تھا۔۔

ہاں تو اگر میں دوسری شادی کرلی ہے۔تو اس سے مسکان کے ساتھ میرا پیار کم نہیں ہو جائے گا مجھے کل بھی مسکان کی فکر تھی اور آج بھی ہے۔اور ہمیشہ رہے گی۔۔

اسد پلیز تم مجھے بتا سکتے ہو اگر بتادو گے تو میں تمہاری مدد ہی کروں گا۔پلیز سچ بتاؤ کہ تم نے نکاح کیوں کیا ہے۔کون سی مجبوری تھی۔۔

بچپن سے لے کر آج تک تم سے مسکان کی آنکھوں میں آنسوں نہیں دیکھے جاتے تھے۔

مسکان کی ذرا سی تکلیف پر تم راتوں کو جاگتے رہتے تھے۔ کھانا نہیں کھاتے تھے۔ تو میں کیسے مان لوں کہ آج تم نے خود اپنی مرضی سے شادی کر کے مسکان کو اتنی تکلیف دے سکتے ہو۔

۔اسد کیا مجبوری تھی پلیز تم مجھ پر بھروسہ کر کے مجھے بتا سکتے ہو۔ تمہارا راز راز ہی رہے گا۔ اتنا تو تم اپنے یار کو جانتے ہو۔ کی میرے لیے ہمارا کام ہمارے اور ہمارا فرض سب سے اہم ہیں۔۔

میں ہمارے فرض اور کام کے بیچ میں کبھی رشتوں کو نہیں لے کر آتا اس بات کو تم اچھی طرح سے جانتے ہو بچپن سے لے کر آج تک اکٹھے ہی پلے اور بڑے ہوئے ہیں۔۔

اتنا بھروسہ تو تم مجھ پر کر ہی سکتے ہو۔۔اسفند اسد کو یقین دلانے کی ہر ممکن کوشش کر رہا تھا۔ مگر اسد اپنے کیے ہوئے واعدے پر قائم تھا وہ اسفند کو بتانے کے لیے تیار نہیں تھا۔ کہ اس نے کس وجہ سے انابیہ سے نکاح کیا ہے۔

کوئی مجبوری نہیں تھی جو سچ ہے میں وہی بتا رہا ہوں مجھے انابیہ پسند تھی اس لیے میں نے اس سے شادی کر لی۔۔۔

تو ٹھیک ہے اگر پسند سے شادی کر لی ہے تو اس کو رکھو اپنے ساتھ۔۔۔میں مسکان کو اپنے ساتھ لے جاؤں گا۔ میری بہن ایسی اذیت بالکل برداشت نہیں کرے گی۔اسفند نے غصے سے اسد کے سینے پر ہاتھ رکھ کر اسے پیچھے کی طرف دھکا دیا تھا۔۔

وہ غصے سے روم سے نکل کر لاؤنج میں آگیا تھا جہاں پر مسکان اور دل چپ چاپ بیٹھی ہوئی ان دونوں کے آنے کا انتظار کر رہی تھی۔۔

چلو مسکان میرے ساتھ اور یہ رونا بند کرو ابھی تمہارا بھائی زندہ ہے۔ تمہیں رونے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔۔اسفند نے مسکان کو ہاتھ سے پکڑتے ہوئے اپنے ساتھ جانے کو کہا تھا۔ مگر مسکان کا دوسرا ہاتھ اسد نے تھام لیا تھا۔۔۔اسد جو اسفند کے پیچھے پیچھے ہی روم سے باہر آیا تھا۔۔۔

تم مسکان کو نہیں لے جا سکتے۔۔۔کیوں نہیں لے جا سکتا بھائی ہوں اس کا۔۔اور میں شوہر ہوں اس کا یہ میری اجازت کے بغیر یہاں سے نہیں جا سکتی۔۔

اس وقت دونوں ہی فل غصے میں تھے۔۔مسکان کو ایک طرف اسد کھینچ رہا تھا تو دوسری طرف اسفند اور مسکان بیچ میں کھڑے ہوئے روئے جا رہی تھی۔۔

اسد خان میں نے کہا ہاتھ چھوڑو مسکان کا اسفند نے چلاتے ہوئے کہا تھا۔۔اسفند شہریار جو بھی کرنا ہے کر لو۔ مگر میں اپنی بیوی کو یہاں سے جانے نہیں دوں گا۔۔اسد بھی چلاتے ہوئے بولا تھا۔۔

اسفند نے اپنی پسٹل نکال کر اسد پر تان لی تھی۔اسد کو دھکا دیتے ہوئے صوفے پر گرا کر اسفند اسد پر اپنی پسٹل تانے ہوئے کھڑا تھا۔

کیوں نہیں جاسکتی کیا تم نے میری بہن کو خرید رکھا ہے۔۔ایک سیر تھا تو دوسرا سوا سیر اسد خان نیچے سے نکل کر اسفند کو صوفے پر گرا کر اب پسٹل اسد خان کے ہاتھ میں تھا اور وہ اسفند پر تانے ہوئے کھڑا تھا۔۔

میں اپنی بہن کو یہاں سے لیے بنا نہیں جاؤں گا اور میں بھی دیکھتا ہوں کیسے تم مجھے روکتے ہو اسفند بنا پسٹل سے ڈرے ہوئے دھاڑتے ہوئے بول رہا تھا۔

۔ٹھیک ہے اگر تم مسکان کو لے کر جاؤ گے۔تو دل کو تمہیں یہاں پر چھوڑ کر جانا پڑے گا۔۔۔اسد نے اپنی ڈیل اسفند کے سامنے رکھی تھی۔

کیوں میں دل کو کیوں چھوڑ کر جاؤں گا میں نے ایسا کچھ نہیں کیا۔جس کی وجہ سے مجھے دل کو یہاں چھوڑ کر جانا پڑے۔۔۔دل کی بات پر اسفند تڑپ کر بولا تھا۔

جب کسی کا کلیجہ نکالنے کی جرات کرو تو اپنا دل بھی نکلوانے کی ہمت رکھا کرو
اسفند شہریار۔

دل کے نام پر اسفند کو تڑپتے ہوئے دیکھ کر اسد خان نے طنز کیا تھا
۔۔دونوں کو ایک دوسرے پسٹل تانے ہوئے دیکھ کر۔مسکان اور دل کی
جان نکلی ہوئی تھی۔۔۔

دل نے آگے بڑ کر اسد کے آگے ہاتھ جوڑتے ہوئے بولی۔بھائی آپ یہ کیا کر
رہے ہیں۔ہم بیٹھ کر بھی تو بات کر سکتے ہیں۔

اسد کو بازوں سے پکڑ کر کھینچتے ہوئے۔۔اب دل اسفند کی طرف دیکھ کر
بولی تھی۔۔اسفند کیا ہو گیا ہے آپ کو یہ بات بیٹھ کر بھی ہو سکتی تھی۔

وہ دونوں کو ایک دوسرے سے پیچھے کرتے ہوئے سمجھانے کی کوشش کر رہی تھی۔آپ کے بھائی نے جو کیا ہے آپ کو لگتا ہے دل کہ اب بیٹھ کر بات کرنے کی کوئی گنجائش ہے اسفند دل پر چلایا تھا۔۔

۔خبردار دل پر چلانے کی ضرورت نہیں ہے۔۔اس ساری بات میں دل کا کوئی قصور نہیں ہے اسد اپنی بہن پر اسفند کو چلاتے دیکھ کر بولا تھا۔۔کیوں اپنی بہن کی بہت تکلیف ہو رہی ہے۔ تمہیں اسد خان اور میری بہن کے دل پر جو تم نے وار کیا ہے اس کا جواب کون دے گا۔۔

ہم لوگ ابھی چلتے ہیں ہم لوگ بعد میں بات کر لیں گے۔ماحول کو اتنا گرم دیکھ کر دل اسفند کو یہاں سے لے کر جانا چاہتی تھی۔یاد رکھنا اگر میری بہن

سکھی نہیں۔۔تو رہنے میں تمہاری بہن کو بھی نہیں دوں گا۔۔جاتے ہوئے اسفند اسد کو انگلی دیکھا کر وارننگ دیتے ہوئے گھر سے نکل آیا تھا۔۔

مسکان روتے ہوئے اسفند اور دل کے جانے کے بعد روم میں چلی گئی ۔۔اسد اتنی تلخ کلامی کے بعد کچھ دیر لاونج میں کھڑا خود کو نارمل کرنے کی کوشش کرتا ہوا۔۔۔اب روم میں آیا تھا۔

مسکان صوفے پر بیٹھے ہوئے اپنے ہاتھوں کو اپنے منہ پر رکھ کر سسکیاں لیتے ہوئے رو رہی تھی۔

پلیز مسکان یہ رونا بند کرو آپ کا یہ رونا مجھے پاگل کر دے گا۔۔اسد خان میں اتنی ہمت ہے کہ وہ پہاڑوں سے ٹکرا سکتا ہے۔

مگر پرنسس آپ کے آنسو مجھے توڑ رہے ہیں ان سے ٹکرانے کی مجھے میں ہمت نہیں ہے۔۔

ایسی غلطی دوبارہ مت کرنا مسکان اگر اسد خان اور اسفند شہریار کو اگر آمنے سامنے لا کر کھڑا کرو گے تو سوائے تباہی کے اور کچھ نہیں ملے گا۔

کیونکہ وہ بھی تمہاری خوشی کے لیے جان لے بھی سکتا ہے اور جان دے بھی سکتا ہے۔۔۔اور میں بھی آپ کو اپنے پاس رکھنے کے لیے جان دے بھی سکتا ہوں اور جان لے بھی سکتا ہوں۔۔

کیوں نہیں اتنی سی بات آپ کی سمجھ میں آ رہی کہ میں آپ کو خود سے دور نہیں کر سکتا۔۔اگر میں خود چاہوں تب بھی نہیں کر سکتا۔۔میری آتی جاتی سانسوں کی ضمانت ہو تم۔میرے دل کے دھڑکنے کی وجہ ہو تم۔۔میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہو تم۔میرے کمرے کی رونق ہو تم۔

تو کیسے اسد خان اپنی زندگی کو بے رنگ کر کے آپ کو جانے دے۔۔اسد اپنے ایک ہاتھ میں پسٹل لیے ہوئے بیٹھا تھا۔۔مسکان آپ کی جان بس ایک ہی طریقے سے چھوٹ سکتی ہے۔۔

ایک ہی صورت ہے جس میں آپ اس گھر سے
جاسکتی ہیں۔۔اور وہ صورت یہ ہے کہ میں مر جاؤں۔۔کیونکہ میرے جیتے جی تو آپ کو اسد خان کی قید سے رہائی نہیں مل سکتی۔۔

یہ لیجئے پسٹل اور اتار دیجئے اس کی گولیاں میرے سینے میں وہ مسکان کے ہاتھ میں پسٹل تھماتے ہوئے بولا تھا۔۔مسکان نے غصے سے پسٹل کو پکڑ کر دیوار کے ساتھ مار دیا تھا۔۔

اسد آپ میں اور مجھ میں بہت فرق ہے۔اسد آپ نے مجھے جیتے جی مار دیا ہے ۔۔ مگر مجھ میں یہ لفظ سننے کی ہمت نہیں ہے۔۔اللہ نہ کرے کہ آپ کو کچھ ہو۔۔

اللہ تعالی آپ کو میری بھی عمر لگادے آپ ہزاروں سال پہلے جیو اور ہمارے بچوں کے سر پر آپ کا سایہ سلامت رہیں۔ایسی گھٹیا بات دوبارہ مجھ سے تو مت بھولے گا۔۔

تو پھر بتاؤ جو کچھ میں کر چکا ہوں اس کا ازالہ کرنے کے لیے میں کیا کروں ۔۔۔۔ چھوڑ دیں اس کو۔ نکال دیں اپنی زندگی سے اس لڑکی کو۔۔بتاے کر سکتے ہیں آپ یہ وہ روتے ہوئے چلائی تھی۔

نہیں کر سکتا میں یہ اسد خان مرتے مر جائے گا مگر کبھی اپنے وعدے سے پیچھے نہیں ہٹے گا۔بیوی ہیں آپ میری آپ کو اس بات کا اندازہ ہونا چاہیے۔

اور مسکان شہریار اپنی محبت میں کسی کی شرکت نہیں برداشت کر سکتی۔۔ شوہر ہے آپ میرے آپ کو بھی اندازہ ہونا چاہیے۔۔

آپ اپنے نام کے آگے سے میرا نام ہٹا رہی ہیں مسکان میں اس کا کیا مطلب سمجھوں۔وہ غصے سے بولا تھا۔۔کیونکہ آپ نے اپنا نام کسی اور کے نام کے ساتھ جوڑ دیا ہے۔

اور مسکان اپنی چیزوں کے لیے بہت زیادہ پوزیسو ہے میں اپنی ہر ایک چیز کو صرف اپنے تک ہی محدود رکھتی ہوں۔۔پھر چاہے وہ اسفند بھائی ہو پاپا ہو یا

آپ یا میرے بچے یہ میرا وہ قیمتی سرمایہ ہے جو صرف میرا ہی ہے میں ان کو کسی کے ساتھ بانٹ نہیں سکتی۔۔۔۔

مسکان میں کچھ چیز نہیں شوہر ہو آپ کا جسے آپ چاہ کر بھی دور نہیں کر سکتی۔۔پلیز معاف کر دو چھوڑ دو اس بات کو کیوں ہمارا گھر آپ توڑنے پر تلی ہوئی ہیں۔

میں نہیں اسد آپ تلے ہوئے ہے ہمارا گھر توڑنے پر۔بے وفائی میں نہیں آپ نے کی ہے۔اپنا الزام میرے سر پر مت دیں۔۔میں نے ہمیشہ آپ سے وفا کی ہے۔وفاداری نبھائی ہے بے وفائی آپ نے کی ہے تو الزام مجھ پر مت لگائے۔۔

وہ روتے ہوئے اپنی ہاتھوں سے بار بار آنسوں صاف کرتے ہوئے بول رہی تھی۔۔۔میں نے بھی آپ کے ساتھ کوئی بے وفائی نہیں کی۔۔مسکان

صرف ایک نکاح کیا ہے جو ایک وعدہ ہے۔بس مجھے اس لڑکی سے کوئی غرض نہیں۔کوئی لینا دینا نہیں ہے

میں نے تو کبھی اس کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھا اور نہ کبھی دیکھوں گا میری محبت صرف آپ کے لیے اسد خان صرف آپ کے لیے ہے۔

میری بات کا ایک بار تو یقین تو کر کے دیکھو۔۔مسکان ایک غلطی تو خدا بھی معاف کر دیتا ہے تم کیوں اتنی سخت دل بن گئی ہو۔۔

میں یقین دلاتا ہوں میں اس لڑکی کو سوائے عزت اور تحفظ کے کچھ نہیں دوں گا۔میری محبت صرف آپ کے لیے ہے۔۔

کیونکہ میں دے ہی نہیں سکتا میری محبتوں کی حقدار صرف آپ ہیں اور آپ ہی رہیں گی۔ پلیز یہ پہلی اور آخری غلطی سمجھ کر معاف کر دو۔ چھوڑ دو اس بات کو آپ کی یہ ضد ہمارا گھر برباد کر دے گی۔

ہمارے بچوں کا فیوچر تباہ کر دے گی۔ وہ مسکان کے دونوں گالوں پر ہاتھ رکھے ہوئے اسے سمجھا رہا تھا مسکان کافی دیر تک روتی رہی اس کے بعد اٹھ کر بیڈ پر لیٹ گئی تھی۔۔

اسد بھی کافی دیر صوفے پر پریشان بیٹھا رہا تھا کیونکہ اس نے اپنی زندگی میں ایسے حالات کبھی نہیں سوچے تھے۔ جو آ گئے تھے اس کے بعد ایک ٹھنڈی سانس فضا میں چھوڑتے ہوئے آ کر مسکان کی کمر پر ہاتھ رکھ کر اسے اپنے قریب کر کے لیٹ گیا۔۔

اسد صبح اٹھا تم مسکان کو روم میں نا پا کر تھوڑا پریشان ہوا تھا۔۔وہ اپنے روم سے نکل کر لاؤنج میں آیا تو کچن میں برتنوں کی آوازیں آ رہی تھی۔

وہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتا ہوا کچن میں چلا آیا تھا جہاں پر مسکان اسد کے لیے ناشتہ بنا رہی تھی اور ساتھ میں فیڈر والی مشین کے اوپر بچوں کی فیڈر بوائل کر رہی تھی۔۔

وہ کپڑے پہن کر تیار ہو کر کچن میں کھڑی تھی۔یلو کلر کے سوٹ میں نہا کر بہت کھلی کھلی لگ رہی تھی اس کی پشت پر ہلکے ہلکے گیلے بال بکھرے ہوئے تھے۔۔آج بہت دنوں کے بعد اسد کو وہ پہلی والی مسکان نظر آ رہی تھی۔۔

اسد پیچھے سے آ کر مسکان کی پشت پر اپنا سینہ لگا کر اس کے پیٹ پر ہاتھ باندھتے ہوئے اس کے کاندھے پر اپنا سر رکھ کر کھڑا ہو گیا تھا۔۔آئی لو یو مائی بیوٹی فل وائف وہ مسکان کے گالوں سے اپنے گال رپ کر رہا تھا۔۔

تیار ہو جائے میں آپ کا ناشتہ بنا رہی ہوں اسد کو مسکان تھوڑی سی نارمل لگی تھی۔ کیونکہ اس کا انداز تھوڑا تھوڑا پہلے جیسا ہی تھا۔ اسد نے مسکان کو تھوڑا نورمل دیکھ کر اللہ کا شکر ادا کیا تھا۔

رات کی کی باتوں کا مسکان پر اسر ہوا تھا۔ اس نے اپنے بہیویئر میں نرمی دکھائی تھی۔۔ تھینک یو تھینک یو سو مچ اسد مسکان کے کان میں سرگوشی کرتے ہوئے۔ اس کے گال کو چوم کر کچن سے نکل کر اپنے روم میں آ گیا تھا۔۔ وہ مرر کے سامنے کھڑا ہوا اٹاول کے ساتھ اپنے بال خشک کر رہا تھا جب اس کی نظر اپنے کپڑوں پر پڑی تھی۔ جب وہ شاور لے رہا تھا۔۔

تب شاید مسکان روم میں آکر اس کے کپڑے سلیکٹ کر کے ساتھ میں اس کی واچ والٹ فون اور رومال رکھ کر چلے گئی تھی۔اسد مسکراتے ہوئے اپنے کپڑے اٹھا کر تیار ہو رہا تھا۔

اسد ٹیبل پر ناشتہ کا ویٹ کر رہا تھا۔انابیہ بھی نیچے آکر ٹیبل پر بیٹھ گئی۔مسکان جو کچن سے اسد کے لیے کھانا لے کر آرہی تھی۔اس کے قدم انابیہ کو دیکھ کر ایک پل کے لیے رکے تھے۔۔

مگر اس کے بعد وہ سر کو جھٹکتے ہوئے ٹیبل پر آگئی اور اسد کو روز کی طرح چائے اور ٹوس کا ناشتہ دے رہی تھی۔

وہ اسد کو ناشتہ کروا رہی تھی۔اور اسد اس کے چہرے کو بڑی محبت سے دیکھ رہا تھا۔مسکان صرف اسد سے ہی بات کر رہی تھی۔اور وہ ناشتہ بھی صرف اسد اور اپنے لیے ہی بنا کر لائی تھی انابیہ کا ناشتہ مریم بنا کر لے کر لائی تھی۔

وہ یوپر یزنٹ کروا رہی تھی۔ جیسے کہ انابیہ ٹیبل پر دکھائی ہی نہ دے رہی ہو۔اس وقت اسد چاہ کر بھی مسکان کو کچھ نہیں کہنا چاہتا تھا۔۔کیونکہ بڑی مشکل سے مسکان صرف توڑا سا ہی نارمل ہوئی تھی۔

انابیہ اپنا ناشتہ کر کے اوپر روم میں چلی گئی اور مسکان اور اسد اپنے روم میں آ گئے تھے۔

تھینک یو پرنسس مجھے معاف کرنے کے لیے۔۔

میں نے ابھی آپ کو معاف نہیں کیا۔بس میں کوشش کر رہی ہوں

۔۔مسکان نے دبی ہوئی آواز سے جواب دیا تھا۔۔

ہم تو اس پر بھی خوش ہیں کہ آپ کوشش تو کر رہی ہیں۔وہ مسکان کی کمر پر ہاتھ رکھ کر اسے قریب کرتے ہوئے بولا تھا۔

اب اگر اجازت ہو تو میں اپنی آفس جانے والی کس لے سکتا ہوں۔ویسے تو آج تین کسس بنتی ہیں میری۔

کیونکہ مجھے رات میں بھی گڈ نائٹ کس نہیں ملی تھی۔ صبح اٹھ کر مارننگ کسی بھی نہیں ملی۔تو اب میرے حساب سے تین کسس بنتی ہیں۔

اجازت ہے میں لے سکتا ہوں۔۔جیسے آپ ہر کس کے لیے آپ مجھ سے اجازت ہی لیتے ہیں۔مسکان نے طنز کرتے ہوئے کہا تھا۔ہائے میری پرنسس کے یہ اکڑ و جواب اسد مسکراتے ہوئے۔

مسکان کے لبوں پر جھکا تھا اور بڑی نرمی کے ساتھ اس کے جوسی ہونٹوں کو چوس رہا تھا۔ چلو ٹھیک ہے اب میں چلتا ہوں آفس سے لیٹ ہو رہا ہوں۔

ویسے بھی آج آپ کے بھائی صاحب بھی آفس میں موجود ہونگیں۔ ابھی تو مجھے ان کا غصہ بھی برداشت کرنا ہے۔۔

جی تو آپ نے کام بھی تو ان کا غصہ برداشت کرنے جیسا ہی کیا ہے۔۔ اور خبردار اگر آپ میرے بھائی پر چلائے تو وہ اپنی جگہ حق پر ہیں۔۔

اچھا جی بھائی کی چمچی تھوڑی سی فکر اپنے شوہر کی بھی کر لو اگر بھائی حق پہ ہے تو میں بھی حق پر ہوں۔

میں اپنی بیوی کو کیسے اس کے ساتھ جانے دیتا۔۔ اپنی بیوی کا نام سن کر تو آپ کے بھائی کی جان نکل گئی تھی۔

میری بیوی کو تو لیجانے کے لیے بڑا اوتاولا ہو رہا تھا۔۔ میرے بھائی نے آپ کے جیسا کوئی کانڈ نہیں کیا۔۔ جس کے لیے آپ اس کی بیوی کو اس سے دور کریں۔۔

جی جی آپ کے بھائی صاحب تو دودھ کے دھلے ہوئے ہے۔۔ وہ تو کوئی غلطی کو تاہی کر ہی نہیں سکتے۔۔ ساری غلطیاں تو آپ کے شوہر نامراد ہی کرتے ہیں۔۔

وہ مصنوعی غصہ دکھاتے ہوئے مسکان کے ساتھ باہر والے گیٹ تک آگیا تھا۔۔ جہاں روز کی طرح دروازے سے نکلنے سے پہلے اسد نے مسکان کے ماتھے کو اپنے لبوں سے چومتے ہوئے اللہ حافظ کہا تھا۔

اوپر سیڑھیوں پر کھڑی ہوئی انابیہ دیکھ رہی تھی اس نے پہلے بھی کئی بار اسی طرح سے دیکھا تھا کہ مسکان چاہے جتنی مرضی ناراض ہوتی تھی۔ مگر اسد اس کے ماتھے پر پیار کیے بنا کبھی نہیں جاتا تھا۔

وہ بڑی حسرت سے روز یہ منظر دیکھا کرتی تھی۔اور آج بھی اسی حسرت سے دیکھ رہی تھی۔

oooooooooo

اسفند غصے سے گاڑی چلا رہا تھا۔دل مرر کی طرف منہ کیے ہوئے سسکیاں لے کر رونے میں مصروف تھی۔۔دل کی سسکیوں کی آواز پر اسفند نے دل کی طرف دیکھا۔۔آپ کیوں رو رہی ہیں آپ کو کیا ہوا ہے۔اسفند نے حیرانی سے دل سے پوچھا تھا۔

آپ کی وجہ سے رو رہی ہوں۔۔میری وجہ سے۔۔میں نے کیا ہے۔۔آپ نے کہا ہے کہ اگر اسد بھائی مسکان آپی کے ساتھ برا سلوک کریں گے تو پھر آپ بھی میرے ساتھ ویسا ہی کریں گے۔۔

اس کا مطلب ہے کہ آپ بہت جلدی دوسری شادی کر لیں گے۔اس لیے میں رو رہی ہوں۔۔ماشاءاللہ بڑی ذہانت ہے میری پیاری بیوی کے اندر۔ آپ کو لگتا ہے کہ میں دوسری شادی کر سکتا ہوں۔۔

ہاں مجھے لگتا ہے کہ آپ بھی دوسری شادی کر لیں گے۔۔کیونکہ مجھے اسد بھائی بھی ایسے نہیں لگتے تھے جب انہوں نے شادی کر لی ہے۔تو آپ بھی کر سکتے ہیں۔۔

دل یہ آپ مجھے سمجھا رہی ہیں۔یا مجھے اکسا رہی ہے اسفند نے آئی برو اٹھا کر وضاحت مانگی تھی۔آپ مجھ سے بات مت کرے۔۔کیوں نہ کروں

۔۔کیونکہ آپ مجھ پر اتنی زور سے چلائے تھے۔۔میں کب چلایا ہوں۔۔۔
اسفند کو سچ میں یاد نہیں تھا کہ اس نے دل کو کیا کہا تھا۔

آپ نے کہا تھا کہ آپ کے بھائی کی حرکت کے بعد کوئی گنجائش ہے۔جو ہم بیٹھ کر بات کرے۔افف مائی گاڈ دل تم اتنی سی بات کو اپنے دل پر لگا کر بیٹھی ہو۔۔وہ سوسو کر کے روئے جا رہی تھی۔دل قسم سے یار میں نے تو صرف اسد کو سمجھانے کی خاطر یہ سب کہا رہا تھا۔

میں آپ پر غصہ نہیں کر رہا تھا۔اور نہ ہی میں کر سکتا ہوں۔مجھے پتہ ہے کہ جو کچھ اسد نے کیا ہے اس میں آپ کی کوئی غلطی نہیں ہے۔تو میری جان میں آپ پر کیوں غصہ کروں گا۔

اسفند دل کو پیار سے سمجھا رہا تھا۔ نہیں مجھے پتہ ہے آپ اپنی بہن کا بدلہ لینے کے لیے دوسری شادی کریں گے مجھے پتہ ہے۔۔

دل جس طرح سے آپ مجھے اکسا رہی ہیں میرے خیال سے مجھے شادی کر ہی لینی چاہیے۔۔ وہ اس بار سچ میں غصے سے بولا تھا۔ دل مرر کی طرف منہ کر کے روتے ہوئے بولی۔۔ مجھے تو پہلے ہی پتہ ہے کہ آپ نے شادی کر لینی ہے۔

اسفند نے اپنے سر پر ہاتھ مارتے ہوئے لمبی سانس لی تھی۔۔ باقی کا راستہ خاموشی اور دل کی دبی دبی سو سو کر کے روتے ہوئے گزرا تھا۔۔

اسد گاڑی سے نیچے اترا مگر دل نہیں اتری تھی اسفند دو سیکنڈ کے انتظار کے بعد گاڑی کی دوسری طرف سے ہوتا ہوا۔ دل گیٹ کی طرف آیا۔۔

اوراس نے گیٹ کھولا مگر دل دروازہ کھولتے ہی اسفند کی طرف پوری لٹک گئی تھی۔مانو اسفند کی تو جیسے جان ہی نکل گئی تھی۔۔

دل کو ایسے بے ہوش ہو کر لٹکتے دیکھ کر اسے سمجھ نہیں آیا کہ دل کو کیا ہوا ہے۔کیونکہ دل اب بالکل ٹھیک تھی۔۔۔اس کا بے ہوش ہونا اسفند کو سمجھ میں نہیں آیا تھا۔۔

اسفند نے دل کو واپس گاڑی میں ڈالتے ہوئے گاڑی کو 100 کی سپیڈ سے کلینک کی طرف موڑا تھا۔دل اب بھی بے ہوش تھی۔

اسفند دل کو لیڈی ڈاکٹر کے کلینک کے اندر لے آیا تھا۔۔ڈاکٹر کو اسفند پہلے ہی فون کر چکا تھا۔اس لیے لیڈی ڈاکٹر دل کا انتظار کر رہی تھی۔

اسد بڑا بے چین ہو کر صوفے پر بیٹھا ہوا تھا لیڈی ڈاکٹر پردے کے پیچھے دل کا معائنہ کر رہی تھی۔

دل کا معائنہ کرنے کے بعد نرس کو ہدایات دینے کے بعد ڈاکٹر اسفند کی طرف آئی تھی۔

وہ آکر اپنی کرسی پر بیٹھ گئی۔۔

ڈاکٹر سب ٹھیک ہے نا پلیز کوئی بری خبر مت سنایئے گا۔ مجھ میں ہمت نہیں ہے اسے فیس کرنے کی۔ دل بالکل ٹھیک تھی۔ اور دل کے سب دوائیاں میں نے پراپر سے اسے کھلائی ہے۔۔

اور دل کے سب ٹیسٹ بھی کلیئر تھے، تو اس طرح سے دل کا بے ہوش ہونا مجھے سمجھ میں نہیں آیا

اسفند کے ماتھے پر پسینے کی بوندیں صاف نظر آ رہی تھی۔ جو اس کی حد سے زیادہ پریشان ہونے کا ثبوت تھا۔

مسٹر اسفند شہریار ریلیکس ہو جائیں اور پانی پی لیں۔ڈاکٹر نے اسفند آگے ک بوتل کرتے ہوئے کہا تھا۔۔ڈاکٹر مسکرا رہی تھی ڈاکٹر کا مسکرانا اسفند کو سمجھ میں نہیں آیا تھا۔۔

ڈاکٹر پلیز آپ سسپنس مت بڑھائیں مجھے بتائیں کہ دل بے ہوش کیوں ہوئی ہے۔کوئی خطرے کی بات تو نہیں ہے۔۔

نہیں نہیں اسفند صاحب کوئی خطرے کی بات نہیں ہے۔بلکہ آپ کے لیے بہت بڑی خوشخبری ہے۔اسفند نے بڑی ستائشی نظروں سے ڈاکٹر کی طرف دیکھا۔۔

آپ پاپا بننے والے ہیں۔اور دل میم کیوٹ سی ماما۔۔۔ڈاکٹر کی بات پر اسفند کے انا بھی لب مسکرائے تھے۔۔اور وہ ہاں میں آہستہ سے سر کو ہلاتے ہوئے، مسکرا کر اپنے نچلے ہونٹ کو دانتوں تلے دبا گیا تھا۔

تھینک یو ڈاکٹر تھینک یو۔دل ٹھیک ہے نا جی جی آپ کی مسز بالکل ٹھیک ہیں۔بس شاید ان کو کوئی سٹریس تھا۔جس کو وہ ہینڈل نہیں کر پائی اور اوپر سے کنڈیشن ایسی تھی۔جس کی وجہ سے وہ بے ہوش ہو گئی۔۔

اسفند کو یاد آگیا تھا کہ دل نے کس بات کی ٹینشن لی ہے۔آپ کو ان کا بہت سارا خیال رکھنا پڑے گا کیونکہ آپ کی مسز بہت نازک مزاج ہے۔اس لیے آپ کو ان کا بھرپور خیال رکھنا ہو گا۔

تب ہی آپ ایک صحت مند ماں اور بچے کو اپنے گھر لے جا پائیں گے۔

ڈاکٹر نے کچھ ضروری ہدایت دی اور ساتھ میں میڈیسن لکھ دی جو دل کو ریگولر کھانی تھی۔

اسفند صاحب آپ کو اپنی وائف کی ڈائٹ کا بہت اچھے سے خیال رکھنا ہو گا۔
اور ان کو ہر ایک ماہ کے بعد روٹین چیکپ کے لیے لے کر آنا ہو گا۔۔۔ڈاکٹر
کی پوری ہدایت سننے کے بعد اسفند دل کو لے کر گاڑی میں آگیا تھا

اور وہ دل کے چہرے کو دیکھ کر مسکرائے جا رہا تھا دل شرم کے مارے اپنا
منہ مرر کی طرف کر کے بیٹھی ہوئی تھی۔۔اسفند نے ہاتھ بڑھا کر دل کا چہرہ
اپنی طرف کیا۔اب آپ کو مجھ سے شرم آ رہی ہے

آپ کو بہت بہت مبارک ہو مسز اسفند شہریار اسفند نے آگے بڑھ کر دل
کے گال پر کس کی تھی۔
اسفند پلیز یہاں پر مت شروع ہو جایئے گا۔

دل نے شرماتے ہوئے اپنی گال پر ہاتھ رکھ کر کہا تھا۔۔ نہیں اب میں تھوڑا سمجھدار ہونے کی کوشش کروں گا۔۔ کیونکہ اب میں پاپا بننے والا ہوں اسفند نے دل کی بات کا مذاق اڑاتے ہوئے کہا تھا۔

میرے خیال سے گھر پہنچ کر سب سے پہلا فون آپ کے سسر جی کو کرنا پڑے گا۔ جن کو بہت شدت سے اپنے پوتے پوتی چاہیے تھے۔ان کو بتانا پڑے گا کہ ان کی بہو اور بیٹا پورا انتظام کر رہے ہیں۔ جلد ہی ان کو دادا ابو بنانے کا۔اسفند کی بات پر دل کو اور شرم آ رہی تھی۔۔

وہ دونوں بے حد خوش تھے یہ احساس ہی اتنا خوبصورت تھا کہ دونوں کے گال بلش کر رہے تھے اسفند نے گھر آ کر اپنے پاپا کو فون کر کے بتایا تو ۔۔خوشی سے اس کے پاپا کی تو ایڑی زمین پر نہیں لگ رہی تھی۔۔

اسفند کے پاپا بہت ساری دعائیں دے رہے تھے۔۔

اپنے بیٹے اور بہو کو جلدی ملنے کے لیے بلایا تھا کیونکہ اسفند اس حادثے کے بعد جب ایک سال تک آئی لینڈ پر رہا تھا۔۔

تو اسفند کے پاپا اپنے اکلوتے بیٹے کو دیکھنے اور ملنے کو بہت دل کرتا تھا۔ مگر اسفند کی سکیورٹی کی وجہ سے وہ ملنے نہیں آسکتے تھے۔۔

مگر اسد سے ان کو ہر صورتحال سے اگاہ اور باخبر رکھتا تھا۔۔اب سب کچھ نارمل تھا تو شہریار صاحب چاہتے تھے۔ کہ ایک بار آکر بچے ان سے ملے اسفند نے وعدہ کیا تھا۔۔ کہ جیسے ہی ٹائم ملے گا وہ ضرور آئے گا۔۔

مگر اس وقت تو وہ چھ مہینے پہلے ہی آؤٹ اوف کنٹری رہ کر آیا تھا تو ایسے لیے کام کافی بڑھ چکا تھا۔۔

تو اسفند کا جانا ناممکن تھا۔۔ شہریار صاحب نے دل اور اسفند کو بہت سی دعائیں دینے کے بعد فون بند کر دیا تھا۔۔۔

اب اسفند نے اسد کا نمبر ملایا تھا کیونکہ اسفند لاکھ لڑائی کر کے آیا ہو۔۔ مگر اسفند شہریار کی خوشی بنا اسد خان کو بتائے ادھوری تھی۔۔

یہی تو ان کے رشتے کی خوبصورتی تھی کہ ایک پل میں اگر جھگڑا ہوتا تو دوسرے پل میں ایسے ہو جاتے تھے کہ جیسے کچھ ہوا ہی نہ ہو۔

جیسے ہی اسد کے کان میں یہ خبر پڑی اسفند شہریار باپ بننے والا ہے۔ اسد خان کی خوشی کے مارے باچھیں کھل اٹھی تھی۔۔

وہ بہت خوش تھا اور اسفند کو بہت بہت مبارکباد دے رہا تھا۔۔ اس کے بعد مسکان نے بھی اسد اور دل کو بہت سارے مبارکباد اور دعائیں دے کر فون بند کر دیا تھا۔

ooooooooooo_

مسکان اپنی زندگی کو نارمل کرنے کی جی توڑ کوشش کر رہی تھی۔ وہ ٹیبل پر جا کرانابیہ کو نظرانداز کرنے کی پوری کوشش کرتی تھی۔ اسد اور اس کا رشتہ پہلے جیسا تو نہیں تھا۔ مگر مسکان تلخیوں میں کمی لانے کی پوری کوشش ضرور کر رہی تھی۔

زندگی تھوڑی سی نارمل ہونے لگی تھی۔ مسکان جو اپنے روم میں بچوں کو دیکھنے کے بعد ابھی کمرے میں آکر آرام کی غرض لیٹی ہی تھی کہ روم کا دروازہ کھٹکا تھا۔۔ آجاؤ اجازت ملتے ہی مریم پھولی ہوئی سانس کے ساتھ روم میں داخل ہوئی تھی مسکان بیڈ سے اٹھ کر بیٹھ گئی تھی مریم کی گھبراہٹ کو دیکھ کر۔

مریم کیا ہوا ہے کیوں اتنی گھبرائی ہوئی ہو بچے تو ٹھیک ہیں نا مسکان کو فورن سے اپنے بچوں کی فکر ہوئی تھی۔۔ جی میم بچے تو بالکل ٹھیک ہیں مگر انابیہ بی بی اپنے روم میں بے ہوش پڑی ہیں۔۔

کیاہواہے اسے۔۔ میم پتہ نہیں میں توان کے روم میں صفائی کرنے کے لیے گئی تھی مگر وہ بیڈ کے پاس بے ہوش پڑی ہیں اوران کے سر میں سے خون بھی نکل رہاہے۔۔

مسکان دل کی بہت نرم تھی بے شک اس کا رشتہ انابیہ کے ساتھ ایسا تھا کہ وہ اس کی شکل بھی نہیں دیکھنا چاہتی تھی۔ مگر اس وقت اسد گھر میں موجود نہیں تھا۔اس لیے وہ انسانیت کے ناتے مریم کے ساتھ اس کے پیچھے پیچھے انابیہ کے روم تک آگئی تھی۔

روم میں سچ مچ انابیہ بے ہوش پڑی تھی اوراس کے سر سے خون بھی کافی بہہ رہا تھا شاید وہ جب بے ہوش ہو کر گری تو اس کا سر سائڈ ٹیبل کے کونے سے ٹکرا گیا تھا۔

مسکان نے مریم کے ساتھ مل کر انابیہ کو زمین سے اٹھا کر بیڈ پر لٹایا دیا تھا ۔۔مریم مجھے جلدی سے فرسٹ ایڈ باکس لا کر دو۔۔اور تم جا کر اسد صاحب کو فون کرو اور ان کو بتاؤ کہ انابیہ بی بی ہوش ہو گئی ہیں۔وہ ڈاکٹر کو لے کر جلدی سے گھر آئے۔۔جی میم۔۔مریم فرسٹ ایڈ باکس مسکان کے پاس رکھتے ہوئے جلدی سے اسد کو فون کرنے کے لیے بھاگی تھی۔۔

اسد مریم کی کال پر فورن ہی آفس سے نکلا پڑا تھا اسد نے راستے میں ہی ڈاکٹر کو فون کر دیا تھا۔

تاکہ ڈاکٹر جلدی سے گھر پر پہنچ جائے۔ڈاکٹر کا کلینک گھر کے نزدیک تھا اس لیے ڈاکٹر اسد کے آنے سے پہلے ہی گھر پہنچ گئی تھی۔ڈاکٹر اس وقت انابیہ کو ڈرپ لگا رہی تھی۔۔انابیہ کو ہوش آ چکا تھا۔اور ڈاکٹر اس کے سر کی ڈریسنگ بھی کر چکی تھی۔

ڈاکٹر سب ٹھیک ہے کوئی پریشانی والی بات تو نہیں اسد نے روم میں آتے ہی ڈاکٹر سے سوال کیا تھا۔

نہیں اسد صاحب پریشانی والی بات ہو سکتی تھی۔

اگر آپ کی وائف عقلمندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے وقت پر ان کے سر کی ڈریسنگ نہ کرتی تو۔ان کی ڈریسنگ سے ان کا خون ضائع ہونے سے کافی حد تک بچ گیا ہے۔۔

بس یہ سمجھ لیں کہ آج آپ کی وائف کی وجہ سے ان کو ایک نئی زندگی ملی ہے۔۔ورنہ ان کے سر پر لگا ہوا کٹ جتنا گہرا تھا میرے آنے تک تو اس سے تو بہت خون بہہ کر ضائع ہو جاتا۔۔ جس سے ان کی جان کو خطرہ بھی ہو سکتا تھا۔۔

ڈاکٹر ان کے بے ہوش ہونے کی وجہ کیا تھی۔اسد کو انابیہ کا بے ہوش ہونا فکر میں لاحق کر گیا تھا کیونکہ وہ برگیڈیئر صاحب سے وعدہ کر کے آیا تھا کہ وہ ان کی بیٹی کو عزت اور حفاظت دونوں دے گا اس کی صحت کا خیال رکھے گا۔۔

نہیں سر پریشانی والی کوئی بات نہیں ہے آپ کی کیا لگتی ہے۔ڈاکٹر ہیں شاید کچھ بتانا چاہتی تھی۔۔جی ڈاکٹر آپ مجھے ان کے بارے میں سب بے فکر ہو کر بتا سکتی ہے۔۔۔یہ میری وائف سیکنڈ وائف ہے۔

ڈاکٹر نے بہت حیرانی کے ساتھ اسد کی طرف دیکھا تھا کیونکہ یہ وہی ڈاکٹر تھی جس نے مسکان کا روٹین چیک اپ لے کر ڈلیوری تک علاج کیا تھا۔

اس لیے وہ مسکان کو کافی اچھی طرح سے جانتی تھی اس وقت اس نے اسد کی طرف ایسے دیکھا تھا جیسے کہہ رہی ہو کہ۔ سر کون سی مصیبت آگئی تھی جو آپ کو سیکنڈ شادی کرنی پڑی۔

اتنی پیاری بیوی اور اتنے پیارے دو بچے تھے مگر وہ بیچاری منہ سے کچھ نہیں بولی کیونکہ اس کا جو کام تھا اسے وہ کر کے چپ چاپ جانا تھا۔۔

سر آپ کے لیے خوشخبری ہے آپ کی سیکنڈ وائف پریگننٹ ہے۔ مگر سر آپ کے لیے پریشانی کی بات یہ ہے کہ ان کی ایج بہت کم ہے۔اور یہ فزیکل طور پر بھی کافی ان فٹ ہے۔اس لیے آپ کو ان کا بہت زیادہ خیال رکھنا پڑے گا۔ڈاکٹر نے جو الفاظ بولے تھے وہ بم بن کر اسد اور انابیہ پر گرے تھے۔۔ان الفاظوں کو سنتے ہی اسد کر دماغ میں صرف مسکان کا چہرہ آیا تھا

۔۔

اوراس نے ارد گرد نظرے دوڑا کر دیکھا تو مسکان کہی نہیں تھی۔۔ڈاکٹر کیا یہ بات آپ مسکان کو بتا چکی ہے۔۔جی سر آئی ایم سوری مجھے نہیں پتہ تھا کہ یہ آپ کی سیکنڈ وائف ہے۔۔اور نا ہی مسکان میم نے کوئی ری اکٹ کیا ہے۔وہ روم سے چپ چاپ چلی گئی تھی۔۔

ڈاکٹر تم دعا کرو کہ مسکان کو کچھ نہ ہو ورنہ میں تمارے پورے خاندان کو ختم کر دوں گا۔اسد روم سے بھاگتے ہوئے بولا تھا۔اسد کی چھٹی اس سے بتا رہی تھی کہ مسکان اس وقت اپنی جان کے لیے خطرہ ہے وہ یہ خبر سن کر کسی بھی حد تک جا سکتی تھی۔۔

مسکان کہاں ہو تم پلیز جہاں بھی ہو اپنے ساتھ کچھ غلط مت کرنا جیسا تم سوچ رہی ہو۔۔ویسا کچھ بھی نہیں ہے وہ پاگلوں کی طرح سیڑھیاں پھلانگ کر نیچے اپنے روم کا دروازہ کھول کر دیکھ رہا تھا۔

مگر مسکان کو روم میں نہ پا کر اسد نے واش روم کا دروازہ کھول کر دیکھا تھا۔

مسکان وہاں پر بھی نہیں تھی اسد واپس بھاگتا ہوا بچوں کے روم میں آیا تھا۔۔مسکان کو وہاں پر بھی نہ پا کر اسد کی پریشانی بڑھ گئی تھی۔۔

کیئر ٹیکر سے پوچھا تو انہوں نے کہا میم دو گھنٹے سے روم میں آئی ہی نہیں ۔۔اب اسد کی پریشانی مزید بڑنے لگی تھی۔پرنسس کہا ہو اللہ کے واسطے کچھ غلط مت کرنا۔۔اسد کو پتہ تھا کہ مسکان گھر سے باہر اکیلی کہی پر بھی نہیں جاتی تھی۔۔

مگر پھر بھی اسد نے گیٹ پر بیٹھے ہوئے سکیورٹی گارڈ سے تصدیق کی تھی۔ مگر انہوں نے بھی یہی بتایا کہ میم نیچے نہیں آئی۔۔

ایک دم سے اسد کا خیال چھت کی طرف گیا تھا۔اے میرے اللہ تو میری حقیقت سے واقف ہے پلیز اگر میری نیکی رائے گا نہیں گئی تو،اس کے بدلے میری پرنسس کی جان بچا لینا۔

اے میرے اللہ وہ لڑکی میری زندگی ہے اے اللہ میں نے کسی کو زندگی دینے کی کوشش کی ہے۔اس کے بدلے مجھے میری پرنسس کی زندگی دے دینا۔

وہ اپنے منہ میں دعائیں کرتے ہوئے بھاگتا ہوا چھت کی سیڑھیاں چڑھ کر بڑی تیزی کے ساتھ چھت پر پہنچ گیا تھا۔۔۔اس کے دماغ نے جو سوچا تھا مسکان وہی کرنے کے لیے چھت کے کنارے سے بس تھوڑی دوری پر ہی کھڑی ہوئی تھی۔۔

پرنسز پلیز آپ کو بچوں کی قسم ہے کوئی غلط قدم مت اٹھانا۔میں آپ سب سمجھاتا ہوں۔پلیز ہم بیٹھ کر بات کرتے ہیں۔ایسا غلط قدم مت اٹھانا خدا کی

نظروں میں بھی آپ ہمیشہ گنہگار ہی رہو گے کیوں خود پر دوزخ کی آگ واجب کرنے لگی ہو۔

مسکان چھت کے کنارے کے اتنے پاس کھڑے ہوئی تھی کہ ۔اگر اسد زبردستی اس تک پہنچنے کی کوشش کرتا تو۔مسکان اسد کے آنے سے پہلے نیچے چھلانگ لگا چکی ہوتی۔۔اس لیے اسد اس سے دور کھڑا ہو کر اسے مطمئن کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔

مسکان کی حالت اس وقت بہت خراب تھی اس کا پورا چہرہ آنسوں سے بھیگا ہوا تھا بال گلے میں بکھرے ہوئے تھے۔اور دوپٹے نام کی اس کے گلے میں کوئی چیز نہیں تھی وہ اس وقت بالکل اب نارمل لگ رہی تھی۔۔

اسداب بھی آپ کو لگتا ہے کہ کچھ ایسا ہے جو آپ بول کر مجھے مطمئن کر سکتے ہے۔وہ روتے ہوئے اپنے قدم پیچھے کو لے جا رہی تھی۔۔

مسکان پلیز اپنا ہاتھ مجھے دو کوئی حکامت مت کرنا۔آپ کو ہی تو تمایا تھا اپنا ہاتھ مگر آپ نے تو بیچ سفر میں ہی چھوڑ دیا۔۔وہ اپنے ہاتھ کو پیچھے کی طرف کرتے ہوئے ہیچکیوں کے ساتھ رو رہی تھی۔۔

مسکان اپنے قدم چھت کے کنارے کی طرف لے جا رہی تھی۔۔پرنس پلیز مجھے ایسی سزا مت دینا یار ہمارے چھوٹے چھوٹے بچے ہے۔اسد بے بسی سے تڑپ کر بول رہا تھا۔

بچوں کے لئے آپ نے ماں کا انتظام کر تو دیا ہے۔وہ آپ کو آپ کے بچوں کو بہت اچھی طرح سے سمھبال سکتی ہے۔اور اب تو آپ۔باپ بننے والے

ہے۔اور وہ آپ کے بچے کی ماں آپ نے اسے پوری طرح سے اپنالیا ہے۔بس مجھے بیوقوف بناتے رہیں۔

مسکان خان آپ کا ہے اور آپ کا ہی رہیں گا۔اور مسکان اتنی پاگل تھی کہ آپ کی باتیں سن کر یقین کرنے لگی تھی۔۔مسکان چھت کے کنارے پر پہنچ چکی تھی۔اس کا ایک اور قدم اسے نیچے گرانے کے لیے کافی تھی۔۔اسد کا سارا دھیان اس کے قدموں پر تھا۔

اسد نے مسکان کو اپنی باتوں میں لگا کر رکھا ہوا تھا تاکہ وہ مسکان کو اپنی طرف کھینچ سکے۔اسد آپ تو روز میرے پاس ہوتے تھے نہ بھر کب آپ اس کے اتنے قریب ہو گئے کہ مجھے پتہ ہی نہیں چلا۔مسکان کا بیہورا اس وقت نورمل تھا۔۔وہ اپنے سینسس میں نہیں تھی۔۔

آہ آہ۔اسد نے موقع دیکھ کر اسے اپنی طرف کھینچ لیا تھا۔۔ چھوڑ دے مجھے میں جینا نہیں چاہتی۔مجھے مر جانے دے۔اسد کے زور سے اپنی طرف کھینچنے پر دونوں ہی اپنا توازن برقرار نہیں رکھ پائے تھے۔

اسد سیدھا زمین پر آ گرا تھا اور مسکان اس کے سینے پر آ کر گری تھی۔اسد نے اپنا ہاتھ مضبوطی سے مسکان کی قمر پر باندھ رکھا تھا۔اسد کی پکڑ سے وہ لاکھ چاہنے کے باوجود بھی نکل نہیں سکتی تھی۔۔

مسکان اپنا آپ اسد سے چھوڑوانے کی جیتوڑ کوشش کر رہی تھی۔کیا چاہتے ہیں آپ وہ چیخی تھی، جینے بھی نہیں دیتے مرنے بھی نہیں دیتے۔مسکان کی حالت دیکھ کر اسد کی آنکھوں میں بھی آنسوں آ گئے تھے۔۔کیسے مرنے دوں آپ کو آپ تو اسد خان کی جینے کی وجہ ہو۔

مت بولیں اتنے محبت بھرے الفاظ مجھے سب جھوٹ لگتے ہیں۔۔مسکان میری آنکھوں میں دیکھو کیا آپ کو میری محبت جھوٹی لگتی ہے۔۔مجھے آپ کی کوئی بات نہیں سننی مجھے چھوڑے۔۔

وہ اپنی کمر سے اسد کا ہاتھ چھوڑوا رہی تھی۔اسد اٹھ کر کھڑا ہو گیا اور نیچے جھک کر زبردستی مسکان کو اپنی گود میں اٹھالیا، مجھے نیچے اوتاریں اسد ورنہ میں آپ کی جان لے لوں گی۔۔لے لو اگر لے سکتی ہو تو۔

مسکان کا غصہ اس وقت عروج پر تھا۔اسد نے مسکان کو اتنے غصے میں پہلی بار دیکھا تھا۔مسکان نے پورے زور سے اسد کے بازوں پر اپنے دانتوں سے کاٹا تھا۔مگر مجال ہے کہ اسد کے منہ اف بھی نکلا ہو۔

وہ مسکان کو لے کر چھت سیڑھیاں اتر کر روم میں آگیا تھا مسکان نے اپنے دانت اب بھی اسد کے بازو میں گاڑ رکھے تھے۔۔

مسکان نے خود اپنی مرضی سے ہی دانت باہر نکالے تھے۔اسد وائٹ شرٹ پر مسکان کے دانتوں کے نشان خون میں لتے ہوئے نظر آرہے تھے۔ مکر اسد کو اس وقت اس تکلیف سے کوئی فرق نہیں پڑ رہا تھا۔اسد کی آنکھوں کے سامنے سے وہ نہیں جا رہا تھا۔جب وہ چھت پر پہنچا تھا اور مسکان کنارے پر کھڑی ہوئی تھی۔۔

وہ سوچ رہا تھا کہ اگر میرا رب آج مجھے سہی وقت پر نہ پہنچتا تو آج میری پرنسس میرے ساتھ نہیں ہوتی۔۔۔یہ سوچنا ہی اتنا جان لیوا تھا کہ اس کی سانسیں اکھڑنے لگی تھی۔۔وہ مسکان کو بیڈ پر لیٹا کر جلدی سے سائیڈ ٹیبل پر رکھے ہوئے جگ سے پانی ڈال کر ایک ہی سانس میں پی گیا تھا۔۔

اس نے پانی کو اتنی بے دھیانی اور جلدی میں پیا تھا کہ بہت سارا پانی اس کی شرٹ پر گر گیا تھا۔اسد آپ ٹھیک ہے۔اسد کی عجیب سی حالت دیکھ کر مسکان کو اسد کی فکر لاحق ہونے لگی تھی۔۔

ہوں

۔وہ چونکہ گیا تھا مسکان کی آواز سے۔

کیو کیا مسکان آپ نے ایسا۔آپ کو ایک بار بھی میرا اور بچوں کا خیال نہیں آیا۔ہم کیسے جیتے آپ کے بنا۔۔۔آپ مجھے سے اتنی بد گمان ہو گئی ہے۔کہ اپنی جان لینے جا رہی تھی۔۔

تو اب بھی کوئی کسر باقی رہے گئی جو آپ پوری کرنی چاہتے ہیں۔۔مسکان تنزیہ مسکراہٹ اپنے چہرے پر سجائے ہوئے بولی تھی۔۔میرے نام کی

محبت میرا سر نیم میرا بھروسا اور اب جو بھرم باقی رہ گیا تھا کہ اسد خان صرف میرے بچوں کا باپ ہے وہ بھرم بھی آپ نے چکنا چور کر دیا۔

پلیز اسد اب یہ مت کہنا کہ آپ اس لڑکی سے محبت نہیں کرتے۔ کیوں کے بنا محبت کے نکاح اور بچے نہیں ہوتے۔ نہیں میں اب آپ کو کوئی صفائی نہیں دوں گا۔۔ میرا سچ میرا رب جانتا ہے تو میرا انصاف بھی وہی کرے گا۔۔

اسد پلیز مجھے جانے دیں آپ کی شرط تھی کہ میں بچوں کو اپنے ساتھ نہیں لیجا سکتی۔ مجھے منظور ہے۔ مسکان کی بات پر اسد نے بڑی بے یقینی سے مسکان کی طرف دیکھا تھا۔

جیسے اسے یقین ہی نا آ رہا ہو کہ اس کی پرنسس ایسا بول سکتی ہے۔ اگر آپ نہیں چاہتے کہ میں اپنی جان دوں تو پلیز مجھے میرے حال پر چھوڑ دے۔

ٹھیک ہے تیار ہو جائے اور بچوں کو بھی تیار کر لیں میں آپ اسفند کی طرف چوڑ آؤں گا۔۔اسد کے جواب پر مسکان نے بھی چونکہ اسد کی طرف دیکھا تھا۔مسکان کو بھی اتنی آسانی سے اسد کے مان جانے کی امید نہیں تھی۔

اسد مسکان کی خود کشی والی حرکت سے بہت ڈر گیا تھا۔۔۔اس نے یہی سوچ کر یہ فیصلہ کیا تھا کہ مسکان اور بچوں کو وہ اسفند اور دل کے پاس چوڑ آئے گا۔۔

یہ فیصلہ کرنا اسد کے لیے کتنا مشکل تھا یہ بات صرف اسد خان کا دل ہی جانتا تھا، مگر نہ تو وہ اپنی پرنسس کی آنکھوں میں آنسوں دیکھ سکتا تھا۔اور نہ اپنے بچوں کو ان کی ماں سے دور کر سکتا تھا۔

بے شک اس نے بے وفائی جان بوجھ کر نہیں کی تھی مگر وہ اس وقت سزا کا مستحق تو تھا۔ جب پیار میں ملاوٹ ہو جائے تو محبوب کسی بھی حد تک جا سکتا ہے۔۔

جیسے اس وقت مسکان سنگ دل بن کر اسد سے دور ہونا چاہتی تھی۔ اسد کی لاکھ کوششوں کے باوجود بھی مسکان اپنا دل اسد کے لیے صاف نہیں کر پا رہی تھی۔۔

اور اب تو اسد کو کوئی گنجائش بھی نظر نہیں آ رہی تھی اسد اسے مزید تکلیف میں نہیں دیکھ سکتا تھا

اس لیے اس نے اپنے لیے یہی سزا تجویز کی تھی۔

کہ وہ اپنے بچوں اور مسکان کو اسفند کے گھر چھوڑ کر پر سکون رہنے دے گا ۔اور خود اپنے گھر میں رہ کر اپنے بے رونق اور بے رنگ گھر کو دیکھ کر اپنی سزا کاٹے گا۔

یہ تو سچ تھا کہ اسد نے کبھی یہ تصور نہیں کیا تھا کہ زندگی ایسے موڑ پر بھی لا کھڑا کرے گی جب اسے اپنی زبان سے مسکان کو گھر سے جانے کی رضامندی دینی پڑے گی۔۔

اسد بچوں آپ اپنے بچوں کو اپنے پاس رکھ سکتے ہیں۔۔مجھے پتہ ہے کہ آپ بچوں سے بہت پیار کرتے ہیں۔۔اور آپ ان کے بنا نہیں رہ سکیں گے۔۔

اسد کی حالت اس وقت ٹھیک نہیں تھی۔جو مسکان کو صاف نظر آ رہی تھی۔کیونکہ اسد خان کا اتنی آسانی سے مسکان کے جانے کے لیے مان جانا

اس بات کی دلیل تھا کہ۔اسد دماغی طور پر بہت اپسیٹ ہے۔۔۔مسکان لاکھ اسد سے ناراض ہو مگر وہ کبھی بھی اس کے لیے نہ تو بد دعا کر سکتی تھی۔نہ اس کا کبھی برا سوچ سکتی تھی۔

اگر اسد خان نے اس سے اتنا پیار کیا تھا۔تو جان پر تو مسکان کے بھی بن جاتی تھی اسد کو ذرا سا تکلیف میں دیکھ کر۔

نہیں آپ بچوں کو اپنے ساتھ لے جائیں آپ ان کی دیکھ بھال مجھ سے بہتر کر سکتی ہیں۔ویسے بھی آپ جتنا مجھے ظالم سمجھتی ہیں۔۔میں اتنا ظالم نہیں ہوں میں کیسے آپ کو اپنے بچوں سے دور کر سکتا ہوں۔
اور کیسے بچوں کو ان کی ماں سے دور رکھ سکتا ہوں۔۔۔

بچوں کو تیار کر لو میں آپ کو اسفند کے گھر چھوڑ آؤں گا۔۔اسد اس وقت اتنے سپاٹ اور نارمل چہرے سے مسکان کے ساتھ بات کر رہا تھا۔

کہ مسکان کو سچ میں اسد کی فکر ہونے لگی تھی۔آپ بچوں کے بنا کیسے رہیں گے۔مسکان نے پھر سے وہی سوال دہرایا تھا۔

جیسے آپ کے بنا رہوں گا۔جب اسد خان مسکان کے بنا رہ سکتا ہے تو پھر اپنے بچوں کے بنا بھی رہ لے گا۔

آپ یہ سوچ کر پریشان نہ ہو آپ وہ کریں جس سے آپ سکون ملتا ہے۔۔

میں نے جو کیا ہے شاید اس کا کوئی ازالہ نہیں ہے۔

میں اپنی غلطی ماننے کے لیے تیار ہوں اس لیے آپ جو بھی مجھے سزا دیں گی مجھے قبول ہے۔

پلیز آپ سے اتنی ریکویسٹ ہے کہ آپ اپنی جان کے لیے خطرہ نہیں بنے گی۔

اگر آپ اپ کو لگتا ہے کہ کبھی بھی اسد خان نے آپ سے سچی محبت کی ہے۔ تو اس محبت کے واسطے آپ مجھ سے یہ ایک وعدہ کریں۔۔ اسد کو اب بھی صرف مسکان کی فکر تھی۔

اسد اٹھ کر روم سے باہر چلا گیا تھا۔ وہ اس وقت ٹیرس پر جا کر اپنے غم کو دھوئیں میں اڑا کر کم کرنا چاہتا تھا۔

مسکان بڑی بے دلی کے ساتھ اٹھ کر تیار ہونے لگی تھی۔ پھر جا کے اس نے کیئر ٹیکر سے بچوں کو بھی تیار کرنے کا بول دیا تھا۔۔

اب وہ اپنے روم میں سوفے پر بیٹھے ہوئے گہری سوچ میں مبتلا تھی۔۔ وہ یہ سوچ رہی تھی کہ کیا اس کا یہ فیصلہ صحیح ہے۔۔

کیا میں صرف اپنے سکون کے لیے اتنی ساری زندگیوں کو خراب کر کے صحیح کروں گی۔۔

وہ سوچ رہی تھی کہ دل جو اس وقت پریگننٹ ہے اور یہ ان کی زندگی کی پہلی خوشی ہے۔

تو کیسے میں جا کر اپنے بھائی اور بھابھی کی زندگی میں زہر گھول دوں۔۔ کیا میں اتنی بری نند ہوں۔
کہ میں اپنے بھائی اور بھابھی کی زندگی کو خراب کرنے کی وجہ بن جاؤں۔۔

کیا یہ میرا فیصلہ ٹھیک ہو گا۔ اگر میں ہر وقت بھائی کے سامنے رہوں گی۔۔ تو میری زندگی کی تلخیاں اسفند بھائی اور دل کی زندگی پر بھی نمایاں ہونگے گی۔۔

۔اور میرے بچے جن کو اسد جیسا پیار کوئی نہیں دے سکتا۔۔ باپ کا کوئی نعم البدل نہیں ہے۔

تو کیا میں اپنے چھوٹے چھوٹے بچوں کو ان کے باپ سے دور کر کے صحیح کروں گی۔

وہ اسی سوچوں میں گم تھی۔۔جب بکھرے ہوئے حلیے کے ساتھ اسد روم میں واپس روم آیا تھا۔مسکان کو تیار دیکھ کر وہ سمجھ گیا تھا کہ مسکان تیاری کر کے بیٹھی ہوئی ہے۔

اور وہ اسد کے فیصلے پر رضامند ہے اسد بنا کچھ بولے ہوئے ہی واش روم میں کپڑے چینج کرنے چلا گیا تھا۔

اور چینج کرنے کے بعد جب باہر آیا تو اپنا فون اور والٹ اٹھاتے ہوئے اس نے ایک سے حسرت بھری سے ہوئی نظر مسکان پر ڈالی تھی۔۔

اور ٹھنڈی سانس بھرتے ہوئے بولا تھا۔۔آجائیں میں گاڑی میں آپ کا ویٹ کر رہا ہوں۔کیوں آپ ہمیں ساتھ لے کر نہیں جائیں گے۔۔مسکان نے سوال کیا تھا۔۔

جب آپ کو میرا ساتھ اتنی تکلیف دیتا ہے مسکان تو پھر میں کیسے آپ کو تکلیف دینے کی غرض سے آپ کے ساتھ چلو۔۔۔

وہ بڑے ٹوٹے ہوئے لہجے سے بول رہا تھا۔اسد میں ایک شرط پر اس گھر میں رہنے کے لیے تیار ہوں۔

میں آپ کی ہر شرط ماننے کے لیے تیار ہوں مجھے آپ کی ہر شرط منظور ہے۔۔وہ دروازے سے پلٹ کر دوہی قدموں میں واپس آگیا تھا۔۔

اور اپنا فون صوفے پر رکھتے ہوئے مسکان کی گود میں سر رکھ کر ایڑیوں کے بل زمین پر بیٹھ گیا تھا۔۔

آپ گھر میں رہ کر نہ مجھ سے بات کریں گے نہ ہی میری طرف دیکھیں گے ۔۔میں آپ کے لیے اجنبی ہوں۔اور آپ میرے لیے اجنبی ہیں۔۔

آپ کا اور میرا کوئی لینا دینا نہیں ہو گا۔۔بس ہم دونوں اس گھر میں اپنے بچوں کے لیے رہیں گے یہ مت سوچیے گا کہ یہ فیصلہ میں نے آپ کی محبت میں کیا ہے۔۔

میں نے یہ فیصلہ بہت ساری زندگیوں کو خراب ہونے سے بچانے کے لیے کیا ہے۔۔میں اسد بھائی اور دل کی زندگی میں مشکلیں کھڑی نہیں کرنا چاہتی تھی۔

اور نہ ہی اپنے بچوں کو ان کے باپ کے پیار سے محروم کرنا چاہتی ہوں۔۔
اسد نے سر اٹھا کر مسکان کی آنکھوں کی طرف دیکھا تھا۔

مسکان کی آنکھوں سے آنسوں ٹپ ٹپ نیچے گر رہے تھے اور اس کے گالوں کو بگو رہے تھے۔۔

آنسو تو اسد کی آنکھوں میں بھی بھر آئے تھے مسکان کی بات سن کر۔۔ مگر اسے مسکان کا یہ فیصلہ اس گھر سے جانے کے فیصلے سے زیادہ اچھا لگا تھا۔۔

چلو محبوب آنکھوں کے سامنے تو رہے گا۔۔ آتے جاتے دیدار تو ہوتا رہے گا ۔۔یہی سوچ کر اس نے حامی بھر لی تھی۔۔

ٹھیک ہے مجھے آپ کا ہر فیصلہ منظور ہے۔میں آپ کے ساتھ اس روم میں بھی نہیں رہوں گی۔

میں اپنے بچوں کے ساتھ میں ان کے روم میں رہوں گی۔۔

میں آپ کا کوئی کام نہیں کروں گی۔مجھے یہ بھی منظور ہے۔۔میں ٹیبل پر آپ کے ساتھ کھانا نہیں کھاؤں گی۔۔ منظور ہے

آپ مجھے اپنے قریب لانے کے لیے کوئی زور زبردستی نہیں کریں گے۔۔۔

یہ بھی منظور ہے

مسکان اب یہ مت کہنا کہ میں آپ کو سانس کو بھی نہیں لینے دوں گی۔۔

کیونکہ میری سانسیں تو پہلے ہی آپ بند کر چکی ہے اپنی شرطیں منوا کر۔اب مزید کچھ مت نہ کہنا۔

اسد اپنے آنسوں کو روکتے ہوئے مسکان کے پاس سے اٹھ کر بیٹھ کے کراؤن سے ٹیک لگا کر ٹانگوں کو نیچے لٹکائے ہوئے آنکھیں بند کر کے لیٹ گیا تھا

مسکان روم سے اٹھ کر اور بچوں کے روم میں چلی گئی تھی۔۔اسد اور مسکان کی زندگی میں کوئی رنگ نہیں تھا۔۔ بڑی بے رنگ سی زندگی ہو گئی تھی۔ مسکان اسد کی موجودگی میں روم سے باہر ہی نہیں آتی تھی۔۔
اسد مسکان کی ایک جھلک دیکھنے کے لیے کتنے کتنے دن انتظار کرتا رہتا۔۔اسد کو دن مہینوں کے جیسے لگتے تھے اور مہینے سالوں جیسے۔وقت تم سا گیا تھا۔اسد انابیہ کی صحت کا پورا خیال رکھتا۔۔اس وقت بھی وہ انابیہ کے روم اسے دوائی دینے آیا تھا۔۔انابیہ صبح تیار رہنا آپ کا آپ کو ڈاکٹر کے پاس چیکپ کے لیے جانا ہے۔۔

انابیہ اسد کو بڑی حسرت سے دیکھ رہی تھی۔انابیہ میں آپ سے بات کر رہا ہوں۔جی جی سن رہی ہوں۔اسد کو انابیہ کا بدلہ ہوا انداز سمجھ میں آتا تھا مگر وہ اسے نظر انداز کر دیتا تھا۔۔۔

اسد انابیہ کو دوا دے کر واپس جا رہا تھا۔انابیہ نے اسد کا ہاتھ تھام لیا۔وہ اپنے معصوم سے دل کا کیا کرتی جو اسد کی محبت چاہتا تھا۔۔

اسد کیا مجھے آپ کے دل میں تھوڑی سی بھی جگہ نہیں مل سکتی۔

انابیہ پلیز ہمارے درمیان سب کچھ پہلے سے ہی تے تھا۔تو اس سوال کا کوئی مطلب نہیں بنتا۔۔اسد پلیز اگر آپ مجھے اپنے دل میں تھوڑی سی جگہ دے دیں گے تو مجھے اچھا لگے گا۔۔اسد میں آپ سے پیار۔اسد پلٹ کر بہت تیکھی نظروں سے انابیہ کو دیکھا تھا۔۔

انابیہ پلیز میرے پاس آپ کو دینے کے عزت اور تحفظ کے سوا کچھ بھی نہیں ہے۔۔اسد خان کے دل کا جام مسکان کی محبت سے بھرا ہوا ہے۔اس میں کسی اور کی گنجائش نہیں ہے۔اس میں زرا سی بھی ملاوٹ کی تو یہ جھلک جائے گا۔

وہ اپنا ہاتھ نرمی سے چھوڑوا کر روم سے نکل گیا تھا۔انابیہ کی آنکھوں سے بے اختیار آنسوں نکل آئے تھے۔۔۔۔

اے اللہ مجھے معاف کر دینا۔اگر میں غلطی پر ہوں تو۔۔میرا نکاح انابیہ کے ساتھ جن حالات میں ہوا ہے۔میرے اللہ تو ان حالات سے واقف ہے۔

میں چاہ کر بھی انابیہ کو اس کا کوئی حق نہیں دے پاؤں گا۔وہ بیڈ پر لیٹے ہوئے اللہ سے معافی مانگ رہا تھا۔۔آج اسے اور مسکان کو الگ ہوئے پانچ مہینے

گزر گئے تھے۔اسد مسکان کو صرف بچوں کے روم لگے ہوئے کیمرے سے ہی دیکھ پاتا تھا۔۔

مسکان نے بچوں کے روم میں اسد کی انٹری بند کر رکھی تھی۔۔وہ۔بچوں کو تیار کر کے اسفند کے روم میں بھیج دیا کرتی تھی تاکہ اسفند کے پاس بچوں کے روم میں آنے کا کوئی بہانہ باقی نہ رہے۔۔

اسد روزرات کو کیمرے سے اپنی مسکان کو دیکھتا تھا اور وہی سے اپنی گڈ مارننگ گڈ نائٹ اور آفس سے آنے جانے کی کسس بھی لیتا رہتا۔۔۔اس وقت بھی وہ یہی کر رہا تھا مگر مسکان شاید آج جلدی سو گئی تھی۔۔

اور بچے بھی اپنے کوٹ کے اندر آرام فرما رہے تھے۔اسد نے کیمرے کو زوم کرتے ہوئے مسکان کے چہرے کو دیکھا تھا جہاں کچھ آوارہ لٹیں مسکان کے

چہرے کا طواف کر رہی تھی جو اسد کو اس وقت زہر لگ رہی تھی اسد کے دل نے بڑی شدت کے ساتھ مسکان کی طلب کی تھی۔۔

آج پانچ مہینے نو دن اور 18 گھنٹے ہو گئے تھے اسد کو مسکان سے دور ہوئے مسکان اسد کے سامنے آنا ہی نہیں چاہتی تھی۔۔اور نہ ہی اپنے کمرے میں اسد کو آنے کا کوئی موقع دیتی تھی۔۔

اسد اپنے وعدے کے ہاتھوں سے مجبور کس طرح سے یہ راتیں اور دن مسکان کے بنا کاٹ رہا تھا یہ تو صرف اسد اور اسد کا دل ہی جانتا تھا۔

اسد اپنے ہاتھوں سے مجبور ہو کر بیڈ سے اٹھا اور بچوں کے روم کی طرف چل پڑا تھا بنا انجام جانے کی مسکان کا ری ایکٹ کیا ہو گا۔۔وہ آج اپنے بے لگام دل کو روک نہیں پا رہا تھا۔۔

جس اسد کی ہر رات مسکان کے نازک سے جسم پر تھکاوٹ اتارتے ہوئے گزرتی تھی۔۔اور ہر دن مسکان کا چہرہ دیکھ کر نکلتا تھا۔

اس نے اتنے مہینے بنا مسکان کے کیسے صبر کر لیا یہ تو وہ خود بھی نہیں جانتا تھا۔ آج وہ اپنے دل کے ہاتھوں سے مجبور ہو کر اپنا وعدہ توڑتے ہوئے مسکان کے پاس کے روم میں جا رہا تھا۔۔

آہستہ سے دروازے کا ہینڈل گھماتے ہوئے اسد روم کے اندر داخل ہوا تھا۔۔روم میں ہلکی ہلکی سی روشنی تھی۔۔سامنے زمین پر میٹرس بچھائے ہوئے دونوں کے ٹیکر لیٹی ہوئی تھی۔ مگر وہ جاگ رہی تھی اسد کو اندر آتے ہوئے دیکھ کر وہ دونوں اٹھ کر بیٹھ گئے تھی۔۔

اسد نے ہاتھ کے اشارے سے ان کو روم سے باہر جانے کو کہا تھا وہ ایک منٹ سے بھی پہلے کمرے سے غائب ہو گئی۔۔۔اسد روم کا دروازہ لاک کرتے ہوئے مسکان کے بیڈ کے پاس آ گیا تھا۔

ایک نظر اس نے اپنے شہزادے اور شہزادی پر ڈالی تھی جو بڑے آرام سے پر سکون نیند سو رہے تھے میری بیوی کو اپنے روم میں رکھ کر خوب عیاشیاں کر رہے ہو تم دونوں اور اپنے باپ پر تم لوگوں کو ترس نہیں آتا جو بیچارہ اکیلا کمرے میں پڑا رہتا ہے اسد ہلکے سے اپنے منہ میں ہی بڑ بڑا رہا تھا۔۔

آج اتنے مہینوں کے بعد اسد مسکان کو اپنے پاس اتنے قریب دیکھ کر بہت بے چین ہو کر مسکان کے چہرے سے لٹو کو ہٹاتے ہوئے اس کے لبوں پر جھک گیا تھا۔۔

مسکان جو گہری نیند میں سو رہی تھی۔اپنی سانسوں کو گھٹتے ہوئے محسوس کر کے مسکان نے گھبرا کر آنکھیں کھولی تھی۔اسد کو اپنے چہرے کے اتنے نزدیک پا کر مسکان کچھ بولنا چاہتی تھی۔

مگر اسد اس کے لبوں پر کچھ اس طرح سے جھکا ہوا اپنی تشنگی مٹا رہا تھا کہ مسکان کے لیے تو سانس لینا بھی مشکل ہو رہا تھا تو وہ بات کیسے کرتی۔۔مسکان کو اٹھا ہوا دیکھ کر اسد مسکان کے چہرے سے تھوڑا پیچھے ہوا تھا۔۔

مگر اس نے مسکان کو بولنے کی مہلت نہیں دی تھی۔مسکان کے لبوں پر انگلی رکھتے ہوئے شششش پلیز مسکان آج نہیں۔۔شوہر ہوں آپ کا اتنا تو حق

رکھتا ہوں کہ اتنے مہینوں کے بعد میں آپ کے وجود سے تھوڑا سکون پا سکوں۔۔

مجھے آپ کے سوا کہیں چین نہیں آتا آپ میرا یقین کریں یا نہ کریں ۔۔ مگر آج کی رات سب کچھ بول کر پلیز مجھے اپنے آپ میں سمیٹ لو۔

اگر اپنے شوہر پر تھوڑا ترس کھالو گے تو تمہارے رتبے میں کوئی کمی نہیں آئے گی۔ وہ بنا مسکان کی رائے جانے مسکان کے بالوں میں اپنا منہ چھپانے لگا تھا۔۔ مسکان اسد کے سامنے اسی لیے نہیں آتی تھی۔ کیونکہ وہ اسد کو دیکھ کر اس سے دور نہیں رہ سکتی تھی۔۔

آج جب اسد خود چل کر اس کے پاس آ گیا تھا تو مسکان چاہ کر بھی اسد کو خود سے دور نہیں کر سکتی تھی۔۔اسد اس کے اوپر لیٹا ہوا اس کے چہرے کو پوری شدت سے چوم رہا تھا۔۔

اسد کے لب مسکان کے چہرے کو چومتے ہوئے کھل کھلا رہیں تھے۔۔اسد نے ایک بار مسکان کے چہرے کو بڑی محبت سے دیکھا اور بھر سے وہ اس کے نازک سی پنکڑیوں پر اپنی شدتوں کے وار کرنے لگا تھا۔۔

وہ اس کی پنکھڑیوں سے ہوتا ہوا اس کی گردن کو چوم رہا تھا اس کی ہر کس کے بعد مسکان کی گردن پر چھوٹے چھوٹے نشان پڑنے شروع ہو گئے تھے جو اسد کی بے انتہا شدتوں کے ضامن تھے۔۔

وہ گردن سے ہوتا ہوا دل کے مقام پر آ پہنچا تھا مسکان کی سانسیں تیز ہونے لگی تھی۔۔وہ اسد کی باہوں میں ٹوٹی ہوئی ڈال کی طرح پڑی ہوئی تھی۔

اسد مسکان کے پورے وجود پر اپنی شدتیں لوٹا رہا تھا۔مسکان کی سسکیاں کمرے میں گونج رہی تھی۔اور اسد کی تیز سانسیں مسکان کی سسکیوں سے ٹکرا کر اس کی سسکیوں کا دم توڑ رہی تھی۔

مسکان کی ہر سسکی کو اسد اپنے لبوں سے روک لیتا تھا۔۔اسد نے پوری رات نہ سکون لیا اور نا مسکان کو لینے دیا تھا۔۔۔وہ اب بھی جاگ رہا تھا مگر مسکان ہمیشہ کی طرح اسد کی شدتوں سے ٹوٹ کر اسی کے سینے میں سر چھائے ہوئے سو گئی تھی۔

اسد خود کو بے حد پر سکون محسوس کر رہا تھا۔ کیونکہ جو اسد خان کا سکون تھی وہ اس وقت اس کی باہوں میں پڑی ہوئی تھی۔

۔اسد اس وقت اپنے زندگی کے خوبصورت لمحے کو جی رہا تھا۔۔جب مسکان اس کی شدتوں سے ٹوٹ کر اس کے سینے میں سر رکھ کر سوتی تھی تو اسد کو یہ دنیا کا سب سے خوبصورت لمحہ لگتا تھا۔۔۔

°°°°°°°°53

دل میری جان آپ واش روم سے باہر تشریف لائیں گی۔ یا میں اندر آ کر آپ کو اٹھا کر باہر لے کر آؤں۔

دل کب سے واش روم میں بند تھی۔ اسفند کو دل کی بہت فکر ہونے لگ جاتی تھی جب بھی وہ تھوڑی دیر زیادہ واش روم میں بند ہوتی تھی۔۔

کیونکہ دل کو بہت زیادہ وامٹنگ ہوتی تھی۔دل جب سے پریگننٹ ہوئی تھی اسفند اس کا بہت زیادہ خیال رکھتا تھا۔۔

اسفند کی جان تو ویسے ہی دل میں اٹکی رہتی تھی اب تو دل اس کے پیارے سے بی بی کو پیدا کرنے والی تھی تو اسفند کیوں نہ اس کا خیال رکھتا۔

اسفند تو ابھی بی بی چاہتا ہی نہیں تھا، کیونکہ اسے لگتا تھا کہ دل کی اتج ابھی کم ہے، مگر اسفند کے پاپا کی ہر روز کی فرمائش یہی ہوتی تھی، کہ اسے پوتا یا پوتی چاہیے،اور دل بھی بے بی چاہتی تھی جب سے مسکان کے ہاں دو بچوں نے جنم لیا تھا۔۔

اب اسفند نے دل کی اور اپنے پاپا کی بات مان کر بی بی پلان تو کر لیا تھا، مگر اسے ہر وقت دل کی فکر لگی رہتی تھی،نہ تو دل کو کوئی کام کرنے دیتا تھا،

اور نہ ہی اسے بیڈ سے فضول میں اترنے دیتا مگر اسفند کو دل کی صحت کی پوری فکر تھی، اس لیے وہ روز اسے واک پر پراپر لے کر جاتا تھا، اس کے کھانے سے لے کر اس کی ڈریسنگ تک کا خیال اسفند خود کرتا تھا۔

دل کو تو اس وقت اس نے ایک شہزادی بنا کر رکھا ہوا تھا، ویسے یہ تو الگ بات تھی کہ دل جب سے اسفند کی زندگی میں آئی تھی، اسفند نے اس کو شہزادی بنا کر ہی رکھا ہوا تھا۔

وہ دونوں ایک ساتھ چلتے ہوئے لگتے بھی شہزادہ اور شہزادی کی جوڑی ہی تھے وہ اکڑوں مزاج اسفند شہریار تو بہت دور کہیں رہ گیا تھا۔ جس سے ہر کوئی ڈرتا تھا۔۔

یہ اسفند شہریار تو اپنی جان سے بھی پیاری بیوی کے سامنے کبھی اونچی آواز میں بات بھی نہیں کرتا تھا ایسا نہیں تھا کہ وہ دل سے ڈرتا تھا۔ مگر وہ اس کو پیار اتنا کرتا تھا کہ جب وہ اس کے ذرا سے غصے سے ڈرتی تھی تو اسفند کو بالکل اچھا نہیں لگتا تھا کہ اس کی جان اس سے ڈرے۔

اسفند کے بلانے پر جب دل واش روم سے باہر نہیں آئی تو اسفند کو فکر لاحق ہونے لگی تھی، وہ جلدی سے واش روم میں گیا دل اس کی امید کے مطابق الٹیاں کر کر کے بیسن کے سامنے نڈھال کھڑی ہوئی تھی۔
اسفند نے فورن سے آگے بڑھ کر ٹشو سے دل کا منہ صاف کرتے ہوئے اس کی پیٹ کو سہلایا تھا۔

دل کا پورا جسم پسینے سے بھیگا ہوا تھا جان آپ مجھے آواز نہیں دے سکتی تھی کیا۔۔آپ مجھ پر چلائیں مت۔مجھے پہلے ہی بہت الٹیاں آ رہی ہیں۔

اور اوپر سے آپ کا بے بی اتنی ٹانگیں مارتا ہے میرے پیٹ میں درد ہونے لگ جاتا ہے۔ دل نے اسفند کی ذرا سی اونچی فکر والی آواز کو چلانا کہا تھا۔

کیونکہ اسفند اس سے بہت محبت اور نرمی سے بات کرتا تھا۔ جب بھی ذرا سی آواز اونچی کی تو دل نے اس کو چلانے یا غصے کا نام دے دیتی تھی۔

میری جان اسفند شہریار کا بچہ ہے تو ہاتھ پاؤں تو ضرورت سے زیادہ چلائے گا نا۔ آپ کو اس وقت مذاق سوجھ رہا ہے اسفند مجھے گھبراہٹ ہو رہی ہے۔

چلوں میری جان حکم کرے میں آپ کو باہر لے کر چلتا ہوں۔ اسفند نے نیچے جھک کر دل کو اپنی باہوں میں اٹھا لیا تھا اور اسے کمرے میں لا کر آرام سے تکیے پر لیٹاتے ہوئے اپنے لبوں کو اس کے لبوں پر رکھتے ہوئے چوم لیا۔

اسففففند دل جب سے پریگننٹ ہوئی تھی اسے کس سے بہت الرجی ہوتی تھی اس لیے وہ اسفند کا نام لے کر چلا رہی تھی۔۔جی اسفند کی جان اسفند کس کر کے مسکرا رہا تھا۔۔۔آپ کوئی موقع خالی بھی جانے دے دیا کریں، ہر وقت کسس کر کر کے میری جان کھاتے رہتے ہیں مت کیا کریں مجھے غصہ آجاتا ہے۔

تو آپ غصہ کر لیا کریں، میں نے منع تھوڑی کیا ہے، اسفند دل کو چڑھا کر ہنسے جا رہا تھا،

اور ہنستے ہوئے اسفند کے ڈمپلز کو دیکھ کر دل اسفند کی گال کے اندر انگلی ڈال کر اس کی گہرائی چیک کر رہی تھی۔۔

آج کل دل کو اسفند سے ڈر تو بالکل بھی نہیں لگتا تھا۔۔ کیونکہ اسفند نے دل کو حد سے زیادہ پیار کر کے اپنے سر پہ چڑھا رکھا تھا۔

جیسے آپ بے اختیار ہو کر میرے ان ڈمپلز کو دیکھتے ہیں۔ان کو چھوتی ہیں اسی طرح سے میں بھی خود پر اختیار نہیں رکھ پاتا۔جب آپ کے ان جوسی جوسی ہونٹوں کو دیکھتا ہوں۔

اسفند دل کے ہونٹوں پر اپنے لبوں کو رب کرتے ہوئے بول رہا تھا

۔۔اسفففند آپ سدھر نہیں سکتے۔۔۔ نہیں اگر سدھرنا آپ سے دور رہنے کو کہتے ہیں تو مجھے نہیں سدھرنا میری جان۔۔

مجھے ایسے ہی رہنا ہے اپنی دل کے بہت پاس، اسفند دل کو نرمی سے اپنے سینے سے لگا کر اپنی باہوں کے گھیرے میں لیے ہوئے تھا۔۔اب آپ پاپا بننے والے ہو۔ تو اسفند نے دل کے بڑھے ہوئے پیٹ کو دیکھا۔

تو میرے خیال سے آپ کو بڑا ہو جانا چاہیے اور الگ بیڈ پر سونا بھی چاہیے۔۔ کیونکہ میں تو اپنی

بے بی کے ساتھ اس کے روم میں ہی سویا کروں گی۔۔دل نے اسفند کو دھماکہ خیز خبر سنائی تھی اتنی دھماکہ خیز خبر تھی کہ اسفند بیڈ پر اٹھ کر بیٹھ گیا تھا۔

اسفند کی جان ایسا کچھ بھی نہیں ہونے والا۔۔

اور نا ہی میں ہونے دوں گا۔۔آپ یہاں پر ہی رہو گی۔ میرے ساتھ اور آپ کا بے بی سوئے گا اپنے بچوں والے بیڈ پر۔ آپ کے بے بی کی تو ایسی کی

تیسی جو مجھے اپنے دل سے دور سونے کے لیے کہے اسفند نے صاف اور کورا سا جواب دل کو دے دیا تھا۔۔

آپ کو شرم نہیں آئے گی ہمارا چھوٹا سا بچہ اکیلا سوئے گا اور اس کے اتنے بڑے پاپا اس کی ماما کے ساتھ سوئیں گے۔۔ نہیں جی مجھے کوئی شرم نہیں آئے گی۔اپنی بیوی کے ساتھ سوتے ہوئے۔۔

میرے خیال سے شرم آپ کے بچے کو آنے چاہیے جو اپنے باپ سے آتے ہی اپنی ماں کے پاس سونے کا حق چھیننے کی کوشش کرے گا۔۔

آپ کو شرم نہیں آتی اپنے بچے سے ہی جیلس ہوتے رہتے ہیں۔۔ وہ اپنی چھوٹی سی ناک کو سنگوڑتے ہوئے اپنے بچے کی ٹپیکل ماں کی طرح اسفند سے بحث کر رہی تھی۔

آپ ماں بیٹے کی حرکتیں ایسی ہیں کہ مجھے جیلس ہونا پڑتا ہے۔۔آپ لوگ تو مجھ سے میری سیٹ ہی چھن رہے ہیں۔تو میں جیلس بھی نہ ہوں اسفند دل کی چھوٹی سی ناک کو پکڑ کر لاڈ سے کھینچتے ہوئے بول رہا تھا۔۔

اب چلے اٹھیں بہت مستیاں کر لی ہیں آپ نے جلدی سے یہ دودھ فنش کریں۔اس کے بعد ہم واک کرنے جائیں گے۔

اسفند چاہے جتنا بھی تھکا ہوا گھر کیوں نہ ہو آئے مگر وہ دل کی صحت پر کوئی کمپرومائز نہیں کر سکتا۔۔وہ ہر روز دل کو واک پر ضرور لے کر جاتا تھا چاہے دل کی مرضی ہو یا نہ ہو۔۔

پلیز مجھے دودھ نہیں پینا مجھے دودھ کو دیکھ کر مجھے ومیٹنگ محسوس ہونے لگتی ہے۔دل آپ کو پتہ ہے کہ دودھ آپ کو پینا پڑے گا۔۔تو پھر یہ روز آپ کے بہانے نہیں چل سکتے دودھ فنش کریں ومٹنگ آئے گی تو کر لینا۔

ایسا کرے آج دودھ آپ پی لیں آپ بھی تو پاپا بننے والے ہیں آپ کو بھی بہت ضرورت ہے دودھ پینے کی۔۔دل کی بچی سدھر جاؤ اور یہ دودھ فنش کرو۔۔

میں پاپا بننے والا ہوں اس خوشی کو میں آپ کو واک کروانے کے بعد آکر سیلیبریٹ کروں گا۔۔اسفند اپنے شرارتی لبوں سے مسکراتے ہوئے دل کو آنکھ مار کر بول رہا تھا۔۔

ایسا کچھ بھی نہیں ہونے والا ہے میں واک کے بعد آرام سے سونا چاہتی ہوں دل اسفند کی بات کو سمجھتے ہوئے انکار کر رہی تھی۔۔۔ہاہاہا جیسے کہ میں نے آپ کی بات کی مان لینا ہے۔۔اسفند قہقہ لگا کر ہنستے ہوئے بول رہا تھا۔۔۔

کیونکہ دل کی لاکھ مزحمتوں کے بعد بھی اسفند وہی کرتا تھا۔۔جو اس کے دماغ میں سیٹ ہوتا بے شک وہ اپنی شدتوں کو بہت نرمی کے ساتھ دل پر برساتا تھا۔

مگر دور رہنے والی بات اسفند شہریار کی سمجھ میں نہیں آتی تھی۔ کبھی کبھی تو دل رونا شروع کر دیتی تھی۔اسفند کی حرکتوں کی وجہ سے پھر اسفند کو آتی تھی ہنسی دل کو روتا ہوا دیکھ کر۔۔اور دل چیزیں اٹھا اٹھا کر اسفند کو مار مار کے اپنا غصہ نکالا کرتی تھی۔

یہ نو مہینے کیسے گزر گئے تھے پتہ ہی نہیں چلا تھا یوں ہی پیار بھری نوک جھوک کرتے ہوئے وقت تیزی کے ساتھ پر لگائے ہوئے اڑ رہا تھا۔ دل کا پیٹ اب کافی بڑا ہو گیا تھا۔۔ اس کو سونے میں چلے میں بہت تکلیف ہوتی تھی دل بہت نازک تھی۔

اسفند ایسے تو نہیں اسے اپنی کانچ کی گڑیا کہتا تھا وہ سچ میں ڈول کے جیسی ہی تھی۔۔ بالکل نازک اور چھوٹی سی جیسے جیسے ڈلیوری کے دن نزدیک آ رہے تھے۔۔

اسفند کی جان کو بنی ہوئی تھی پتہ نہیں کیوں اسے دل کی ڈلیوری سے اتنا ڈر لگ رہا تھا۔ حالانکہ اسفند ایک میچور آدمی تھا۔ اسے پتہ تھا کہ ہر عورت اس سچویشن کو شادی کے بعد ضرور ہینڈل کرتی ہے۔

مگر دل کے معاملے میں اسفند بہت زیادہ پوزیف ہو رہا تھا۔ آج وہ آفس میں اسی بات کو لے کر گہری سوچ پہ بیٹھا ہوا تھا جب اسد اس کے روم میں اچانک سے آگیا تھا۔۔

کیا بات ہے اسفند شہریار بڑی ہوائیاں اڑی ہوئی ہیں آج تمہاری۔۔ اسفند کو بڑی گہری سوچ میں دیکھ کر اسد مسکراتے ہوئے کہہ رہا تھا۔۔ ہاں یار میں دل کی وجہ سے بہت پریشان ہوں۔۔ خیریت کیا ہوا ہے دل کو اسد اپنی بہن کا نام سن کر پریشان ہو گیا تھا۔۔

یار تجھے پتہ تو ہے کہ دل کی ڈلیوری ڈیٹ اسی مہینے ہے بس میں اس کی وجہ سے پریشان ہوں۔
یار میں دل کی جان پر کوئی رسک نہیں لے سکتا

میرے خیال سے دل کو لے کر مجھے کسی اور ملک چلے جانا چاہیے جہاں پر اس کی اچھی طرح سے دیکھ بھال ہو سکے۔۔ تم خواہ مخواہ میں پریشان ہو رہے ہو انشاءاللہ دل کی ڈلیوری میں کوئی پرابلم نہیں آئے گی

ماشاءاللہ سے تم نے اس کی بہت اچھی طرح سے کیئر کی ہے اس کی ڈائٹ کا بہت خیال رکھا ہے۔

تو میرا نہیں خیال کہ کوئی مسئلہ ہو گا اتنا ڈرامت کرو یار۔

تم تو اپنی بیوی کے لیے اتنے زیادہ پوزیف ہو کہ اللہ کے بندے تمہاری تو ہر وقت ہوائیاں ہی اڑی رہتی ہیں۔۔ اسد نے اسفند کو سمجھانے کی پوری کوشش کی تھی۔۔

اچھا تم میری ہوائیوں کو چھوڑو اور تم اپنی بتاؤ گھر میں سب کیسا چل رہا ہے۔

اسفند نے موضوع بدل کر اسد سے گھر کا حال چال پوچھا تھا۔

بس یار کچھ زیادہ ٹھیک تو نہیں ہے آپ کی بہن صاحبہ تو مجھے منہ لگانا بھی پسند نہیں کرتی وہ تو اپنے بچوں کے روم تک ہی محدود رہتی ہیں۔
اور انابیہ اپنے روم میں ہوتی ہے بس میں اور مریم پورے گھر میں پاگلوں کی طرح گھومتے رہتے ہیں۔

مریم کو تو پھر بھی گھر میں کرنے کے لیے بہت سارے کام ہوتے ہیں۔ میں تو بس آفس سے گھر جانے کے بعد گھر میں کیٹ واک کرتا رہتا ہوں۔

کہ شاید آپ کی بہن کا دیدار ہو جائے مگر آپ کی بہن بالکل آپ پر گئی ہیں۔ ڈھیٹ اور ضدی اسد مسکان کی برائی کر رہا تھا۔

جناب آپ کی بہن بھی کچھ کم نہیں ہے وہی پٹھانوں والا دماغ ہے جس بات پر اڑ جاتا ہے بس اڑ جاتا ہے۔۔

وہ بھی ہو بہو آپ کی کاپی ہے اسفند کہاں پیچھے رہنے والا تھا۔اس نے بھی فورن سے اس کی بہن کی خاصیت اس پر ظاہر کر دی تھی۔

اچھاانابیہ کا بھی تو ڈلیوری ٹائم ہے وہ ٹھیک ہے۔۔۔ہاں ٹھیک تو ہے مگر ڈاکٹر اس کے کیس میں کافی کمپلیکیشنز بتا رہے ہیں۔۔

حالانکہ میں نے تو اپنی طرف سے بہت کوشش کی ہے کہ وہ ٹھیک رہے مگر ڈاکٹر اس کی اتیج کی وجہ سے کافی کمپلیکیشنز بتا رہی ہیں۔

اسد اب اسفند سے کھل کر بات کر سکتا تھا۔کیونکہ اسفند نے ساری انفارمیشن پانچ دن کے اندر ہی حاصل کر لی تھی۔۔ایسے ہی تو اسے انڈر مافیا کا ٹائیگر کہتے تھے۔

اسد مجھے پتہ ہے کہ تم مسکان کو بہت پیار کرتے ہو اور تمہیں اس کی بہت زیادہ فکر بھی ہے۔ مگر اسد جب اللہ تعالی کی یہی مصلحت تھی اللہ نے تمہیں انابیہ کے لیے چنا ہے۔تاکہ تم اس کے دکھوں پر مرہم لگا سکو۔جب تم نے ایک نیک کام کر ہی لیا ہے تو میرے خیال سے تمہیں انابیہ کے شوہر ہونے کا حق بھی ادا کرنا چاہیے۔

اسفند نے دوستوں والا اسد کو مشورہ دیا تھا۔

ماشاءاللہ بہت اچھا مشورہ ہے اسفند شہریار آپ کا انابیہ کو کوئی حق دیے بغیر ہی آپ کی بہن نے مجھے جلاوطن کر رکھا ہے۔۔

نہ وہ میرے کسی کام کو ہاتھ لگاتی ہے نہ اپنی شکل مجھے دکھانا گوارا کرتی ہے۔۔نہ میرے روم میں آتی ہیں،نہ مجھے ان کے روم میں جانے کی اجازت ہے۔

اورا گر میں نے کوئی حق ادا کر دیا تو پھر تو آپ کی بہن مجھے قسم سے فائر مار کر میرا قصہ ہی ختم کر دے گی۔۔اپنی بہن کے کارنامے سن کر اسفند مسکرا رہا تھا۔۔کمینے اگر تم مجھے پہلے دن ہی سب کچھ بتا دیتے تو شاید میں مسکان کو سمجھانے کی کوشش کرتا مگر اب بھگتو جو کیا ہے۔

بھگت تو رہا ہوں بنا جرم کی سزا کو۔اسد نے بچارا سا منہ بنا کر کہا تھا۔۔۔اسد انابیہ کے ساتھ جو ہوا وہ بہت غلط ہے اور تم نے بہت اچھا کیا اس کا ساتھ دے کر آخر اس میں اس بچی کا کوئی قصور نہیں تھا۔اور اس کے بچے کو اپنا نام دے کر تم ایک اور نیکی کما لو گے۔۔

جو بچہ ابھی تک اس دنیا میں آیا ہی نہیں ہم اسے کیسے گناہگار ٹھہرا سکتے ہیں ۔اسفند میں تمہاری بات سے متفق ہوں اسی لیے تو میں مسکان کے خلاف جا

کرانابیہ کو سپورٹ کر رہا ہوں۔تاکہ وہ اپنے غم سے باہر آسکے۔۔ مگر جب سے اسے اپنی پیریگنسی کا پتہ چلا ہے۔

شاید اس نے جینے کی چاہ ہی چھوڑ دی ہے۔۔اس لیے اس کی صحت دن بادن ڈاؤن ہوتی جا رہی ہے۔۔مجھے سمجھ نہیں آتی کہ میں ایسا کیا کروں جس سے وہ نارمل ہو جائے اور زندگی جینے کی تمنا پھر سے اس میں جاگ اٹھے۔

اسد وہ چاہ تم اس میں اپنی محبت سے ہی جگا سکتے ہو تم اگر اس سے حفاظت اور کیئر کے ساتھ ساتھ اپنی محبت بھی دو گے تو مجھے یقین ہے کہ وہ بہت جلد ایک نارمل زندگی کی طرف آجائے گی۔

اسفند یار تم اچھی طرح سے جانتے ہو کہ میں اسے سب کچھ دے سکتا ہوں سوائے اپنی محبت کے یہ میرے بس میں نہیں ہے۔

اسد خان سوائے آپ کی بہن سے اور کسی سے محبت نہیں نبھا سکتا۔ وہ الگ بات ہے کہ آپ کی بہن صاحبہ کا یقین مجھ پر سے ختم ہو چکا ہے۔

وہ تو مجھے ایسے دیکھتی ہے جیسے میں دنیا کا سب سے بڑا گنہگار آدمی ہوں۔ اتنی کٹھور ہیں آپ کی بہن مجال ہے جو اتنے مہینوں میں اس نے کوئی نرمی دکھائی ہو ڈھیٹ بھائی کی ڈھیٹ بہن۔

تم میری بہن کی برائیاں کرنا بند کرتے ہو یا اپنا منہ تڑوا کر ہی دم لو گے اسفند مزاق سے غرایا تھا۔

ویسے اگر تم یہاں پر ہوتے تو انابیہ کا نکاح تمہارے ساتھ ہونا تھا بہت اچھا ہوتا اگر انابیہ کا نکاح تمہارے ساتھ ہوتا تو دل جب تمہارا یہ حشر کرتی تو پھر میں تمہیں اپنی بہن کی سپورٹ میں کھڑا ہو کر دکھاتا۔

تو تمہیں پتہ چلتا کمینے کہ میں اس وقت کس سچویشن میں ہوں۔ نا یار اسد بد دعائیں مت دو بہت اچھا ہوا جو میں یہاں پر نہیں تھا۔

ورنہ میری بہن نے تو تھوڑا تحمل سے کام لے کر ابھی تک تمہارا سر نہیں پھوڑا، مگر میں تو تمہاری بہن سے یہ توقع کر سکتا ہوں۔

کیونکہ اس کے تو ہاتھ بہت چلتے ہیں جو چیز ہاتھ میں آئے وہ کسی ڈون کی بچی میرے اوپر پھینک دیتی ہے

بنا سوچے سمجھے کہ مجھے چوٹ بھی لگ سکتی ہے غصہ تو اس کے ناک پہ آج کل رکھا ہوا ہے۔

اڑیل پٹھان کی اڑیل بہن بد دماغ اسفند نے بھی اپنا بدلہ لے لیا تھا۔

شٹ اپ اگر میری معصوم سی بہن کے بارے میں کچھ بولا تو وہ بہن نہیں بیٹی ہے میری۔۔ تم جیسے کمینے کو میری اتنی معصوم اور پیاری بہن نصیب ہوئی ہے۔۔ جس کے لائک تو تم بالکل بھی نہیں تھے۔

ٹائیگر جیسے درندے کو میری معصوم سی بہن مل گئی ہے اور اب تمہیں باتیں آرہی ہیں۔اسد یہ سب کچھ محض مذاق سے بول رہا تھا۔

ورنہ اسد کو اچھی طرح سے پتہ تھا کہ اسفند سے بہتر ہمسفر اس کی بہن کو نہیں مل سکتا جتنے ناز اور نخرے اسفند دل کے اٹھاتا تھا وہ سب کچھ اسد کی آنکھوں سے چھپا ہوا نہیں تھا۔۔

جناب آپ کی بہن نے میرا ٹائیگر والا روپ دیکھا ہی کب ہے۔۔ایک دفعہ ہی دیکھا تھا جب وہ مجھ سے جان چھڑوا کر مرنے کو تیار ہو گئی تھی۔اس کے بعد تو میں نے توبہ کر لی ہے کہ کبھی اس کو اپنا یہ روپ نہیں دکھاؤں گا۔۔

دونوں بہت دیر تک بیٹھے گپے مارتے رہے تھے آج بہت دنوں کے بعد دونوں یار مل کر اپنی دوستی کو ٹائم دے رہے تھے۔

oooooooooooooo

اسد آج کسی ضروری کام سے اسلام آباد جارہا تھا اس کی وہاں پر ایک بہت بڑی میٹنگ تھی۔

وہ مسکان کو بتا کر جانا چاہتا تھا کہ وہ کل صبح کی فلائٹ سے واپس آجائے گا۔ مگر مریم سے پتہ چلا کہ وہ سو رہی ہے۔اس لیے اس کے فون پر میسج چھوڑ کر سوتے ہوئے اس کے ماتھے پر اپنا پیار جتاتے ہوئے۔

بچوں سے مل کے وہ اپنے فلائٹ کے لیے روانہ ہو گیا تھا۔

مسکان جب اٹھی تو اسنے اپنے فون پر میسج پڑھ لیا تھا کہ اسد آؤٹ اوف سٹی گیا ہے۔

اس لیے مسکان آج بہت دنوں کے بعد اپنے روم میں آئی تھی وہ اپنے روم کو اور اسد کو بہت مس کرتی تھی مگر اپنی انا اور غصے کو نیچے کر کے آتی نہیں تھی۔

مسکان نے اسد کی کبڑڈ کو اچھے سے سیٹ کیا جس کا اسد نے کافی حد تک بیڑا غرق کرر کھا تھا۔جی مسکان جتنی نفاست پسند تھی اسد اتنا ہی چیزیں پھیلانے والی ہستی تھا۔

مسکان نے تقریبا سارا دن ہی اپنے روم میں گزارا تھا کبڑڈ ٹھیک کی بیڈ شیٹ چینج کروائی اسد کے شوز پالش کر کے سٹینڈ پر لگوائے تھے۔

اور مریم سے کہہ کر اس نے اسد کے روم کے پردے چینج کروائے دیے۔

آج اسد کا پورا روم جگمگا رہا تھا۔

مسکان اپنی دھن میں مست ہو کر دوپٹہ بیڈ پر پھینک کر مریم کے ساتھ اپنے پورے روم کی صفائی کروا رہی تھی۔۔

اس بات سے بے خبر کہ جس کی غیر موجودگی میں وہ بڑے آرام سے روم میں آکر روم کی صفائی کروا رہی ہے۔۔

وہ اس کے ہر ایک پل پر نظر رکھے ہوئے ہیں اسد کو پتہ تھا کہ اس کی غیر موجودگی میں اس کی بیوی صاحبہ ضرور روم میں آئیں گی۔۔

اسد جاتے ہوئے روم میں منی کیمرہ لگا کر گیا تھا تاکہ وہ اپنی خانم کو دیکھ سکے۔اس وقت وہ ہوٹل روم کے میں بیٹھا ہوا بڑے مزے کے ساتھ اپنی بیوی کو بھل صفائی کرتے ہوئے دیکھ رہا تھا۔۔

اسد خان خانم ایسے ہی نہیں کہتا کہ آپ میرے کمرے کی رونق ہو۔۔دیکھو کمرے میں آپ کے قدم پڑے تو کمرا کیسے جگمگا رہا ہے۔۔

جتنی کرم نوازی خود سے کمرے پر کر رہی ہیں، اتنی کرم نوازی اگر مجھ پر بھی ہو جائے تو بندے کی ٹوٹتی ہوئی سانسیں پھر سے جڑ جائیں گی۔۔

اسد ٹھنڈی آہیں بھرتے ہوئے مسکان کو دیکھ رہا تھا جس نے بالوں کا جوڑا کرر کھا تھا اور گلے میں دوپٹہ نہیں تھا۔اس کے سراپے کو بڑی حسرت سے دیکھتے ہوئے۔۔

اپنے لبوں کو دانتوں تلے کچل رہا تھا۔پتہ نہیں خانم کیا چیز ہو آپ کیوں یہ اسد خان آپ کو دیکھتے ہی اپنے آپے سے باہر ہونے لگتا ہے۔
کیوں آپ کو دیکھ کر میں بے قابو ہو جاتا ہوں۔جتنا آپ کے قریب جاتا ہوں اس سے زیادہ کی تمنا میرا دل کرتا ہے۔۔
معاف کر دو پرنسس اب تو اسد خان ٹوٹنے لگا ہے نہیں رہا جاتا آپ سے دور اسد اپنے آپ سے باتیں کر رہا۔۔
اب یہ ہجر کی راتیں مجھ سے اور نہیں کاٹی جاتی
آجایئے میری پناہوں میں بہت مس کرتا ہے آپ کا یہ خان اپنے ہجر کی راتوں میں اکیلے لیٹا ہوا آپ کو۔

دکھ اوے سکھ اوے دل کہندا

اے یار دی جدائی اوے نہ

نہیں جینا یار بنا نہ جینا۔

اسد مسکان کو دیکھ کر اپنے لبوں سے شاعری کے

انداز میں سونگ کے دو بول گنگنا یا تھا۔اسد کو اب میٹینگ لیے جانا تھا۔تو

اس لیے اسد کو موبائل بند کرنا پڑا تھا۔۔۔اسد فون کو بند کر کے جیب میں

رکھتے ہوئے لیپ ٹاپ کھول کر اس پر اپنی فائلیں چیک کرنے میں لگ گیا

تھا۔

oooooooooo

--

مسکان اپنا روم کو صاف کروا کے شام کو فارغ ہوئی تو اب وہ نہانے کے بعد

فریش ہو کر صوفے پر بیٹھی ہوئی چائے پی رہی تھی۔۔اپنے روم میں بیٹھ کر

اس کے دل کو بہت سکون مل رہا تھا۔۔

یہ وہ روم تھا جہاں اس نے اپنی شادی کے اتنے خوبصورت پل گزارے تھے ۔اس روم سے وہ پچھلے نو مہینوں سے دور تھی آج اسد کی غیر موجودگی میں وہ اپنے روم میں ہی رہنا چاہتی تھی۔

ابھی وہ اپنے حسین پلوں کو یاد ہی کر رہی تھی کہ مریم ہانپتی ہوئی دروازہ کھول کر اندر آئی تھی مریم جب جب اس طرح سے ہانپتی ہوئی آتی تھی تو کوئی نہ کوئی بری خبر لے کر ہی آتی تھی مسکان کو تو اس کے ہانپنے سے اب ڈر لگنے لگ گیا تھا۔

مریم کیا بات ہے خیریت تو ہے پلیز تمہاری گھبراہٹ سے تو اب میری جان نکلتی ہے۔جب جب تم گھبرا کر آتی ہو۔تو کوئی نہ کوئی بری خبر ہی لے کر آتی ہو پلیز آج کوئی بری خبر مت سنانا کیونکہ اسد گھر پر نہیں ہے اور مجھ سے ایسی سچویشن ہینڈل نہیں ہوتی۔

میم اب میں کیا کروں جیسی خبر ملے گی میں وہی آپ کو بتاؤں گی نا۔ مسکان نے نفی میں سر کو ہلاتے ہوئے کہا مطلب کہ خبر بری ہے۔

بولو کیا ہوا ہے اور پلیز مجھے اس لڑکی کی کوئی خبر مت دینا میم اب میں کیا کروں خبر تو اسی کے بارے میں ہی ہے۔۔
اب اسے کیا تکلیف ہے اور اس کو ساری تکلیفیں اسد کے باہر جانے پر ہی کیوں ہوتی ہیں۔۔ میں اس کی نوکر نہیں ہوں جو اس کی تکلیفوں کو سمیٹتی پھروں۔

مسکان جو آج ایک پر سکون دن اپنے روم میں گزارنا چاہتی تھی۔۔ اس خبر سے اس کا موڈ کافی اوف ہو چکا تھا۔۔ میم اب مجھے بتائیں میں کیا کروں مریم بیچاری پریشانی کے عالم میں مسکان کا جواب سننا چاہتی تھی۔۔

بتاؤ کیا تکلیف ہے اسے۔۔ میم ان کو بہت تیز لیور پین ہو رہا ہے۔ بس اسی کی کمی تھی جب پتہ تھا کہ ڈیٹ نزدیک ہے تو کیوں نہیں اسد کو بتایا کہ۔

وہ نہ جائے اب میرے لیے یہی کام رہ گیا ہے کہ میں اپنی سوتن کی پریگنسی میں اس کی تمادار ی کرتی پھروں۔

مسکان غصے سے بول رہی تھی مسکان اس طرح غصے میں بہت کم ہی نوکروں پر چلاتی تھی۔ مسکان کا اس طرح کا نیچر نہیں تھا۔ وہ تو بہت پر سکون اور ٹھنڈے مزاج کی مالک تھی۔۔۔

میم ان کو سچ میں بہت زیادہ لیور پین ہو رہا ہے وہ رو رہی ہیں۔ مریم بیچاری ڈرتے ہوئے مسکان کو ساری سچویشن بتا رہی تھی۔۔۔

تم جاؤ اس کے پاس میں آ رہی ہوں تھوڑی دیر تک۔ مریم کے جانے کے بعد مسکان نے اسد کو فون ملایا تھا۔۔

زہے نصیب آج کیسے ہماری خانم کے ہاتھوں سے ہم غریب کا نمبر ڈائل ہو گیا ہے اسد نے مسکان کا نمبر دیکھ کر بہت خوشی سے کہا تھا۔۔

جب آپ کو پتہ تھا کہ آپ کی پیاری بیوی کی ڈلیوری کا ٹائم بہت نزدیک ہے ۔تو کیا ضرورت تھی اسے چھوڑ کر شہر سے باہر جانے کی مسکان کی غصے والی اواز سن کر اسد گھبرا گیا تھا۔

مسکان کیا ہوا ہے مجھے سمجھ نہیں آیا۔۔۔میں نے کوئی آپ سے الجبرا کا سوال نہیں پوچھا جو آپ کو سمجھ میں نہیں آیا۔میں نے صاف صاف انداز میں یہی بتایا ہے کہ آپ کی بیوی کو لیور پین شروع ہو گیا ہے۔

اور وہ درد سے تڑپ رہی ہے مریم آئی تھی میرے پاس یہ خبر لے کر اب مجھے بتائیں کہ مجھے ان کی خاطر توازہ کے لیے کیا کرنا پڑے گا۔

اسد آپ میرے صبر کو اتنا کیوں آزماتے ہیں میں جتنا صبر کرنے کی کوشش کرتی ہوں آپ میرے صبر کو اتنا ہی توڑ دیتے ہیں آپ کیوں گئے اس کو چھوڑ کر جب پتہ تھا اس کی ڈلیوری کا ٹائم بہت نزدیک ہے۔۔

وہ آپ کے بچے کی ماں بننے والی ہے میرے سینے پر آگ لگانے کے لیے یہ بات ہی کافی ہے اب آپ کیا چاہتے ہیں کہ۔

میں اس کو ہاسپٹل لے کر جاؤں اور اس کے بچے کو اپنی گود میں اٹھاؤں اور آپ کی بیوی کی خدمت گزاری کروں۔

مسکان کے حلق میں آنسوں اٹکے ہوئے تھے جس کی وجہ سے اس سے اچھی طرح سے بات بھی نہیں ہو پا رہی تھی۔

مگر اس کی تکلیف کا اندازہ اسد کو اچھی طرح سے ہو رہا تھا۔۔پرنسز خدا کی قسم مجھے نہیں پتہ تھا کہ اس کو لیور پین شروع ہو جائے گا۔۔

کیونکہ ابھی تو ڈاکٹر نے ڈیڑھ ہفتے کا ٹائم دیا تھا اگر مجھے پتہ ہوتا تو میں اپنی میٹنگ کے لیے نہیں آتا۔میں آپ کو کیوں تکلیف دوں گا۔مگر یار اب اگر آپ وہاں پر سب ہینڈل کر لو گی تو مجھ پر آپ کا احسان ہو گا۔

کیوں میں کیوں کروں آپ پر احسان آپ کی بیوی تکلیف میں ہے آپ آ کر اس کا حل نکالے مجھ سے کچھ امید مت رکھیے گا۔وہ غصے سے بول کر فون بند کر گئی تھی۔۔اسد نے فورن سے واپسی کی ٹکٹ او کے کروالی تھی۔اور اسد نے اسفند کو فون کیا تھا کہ وہ انابیہ کو ہاسپٹل لے جائے۔

مسکان کچھ دیر تو اپنے روم میں سخت دل کر کے بیٹھی رہی مگر اس کے بعد اٹھ کر وہ انابیہ کے روم میں آگئی تھی۔۔وہ چاہے جتنی مرضی اوپر سے سخت بن لے مگر سچ یہی تھا کہ مسکان بہت سافٹ دل کی مالک تھی۔۔

روم میں آکر انابیہ کو تڑپتے ہوئے دیکھ کر مسکان اس کے پاس آکر اس کو تسلی دے رہی تھی۔کہ گھبرائے نہیں سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا۔انابیہ کے ماتھے پر درد کی وجہ سے پسینے آرہے تھے۔

انابیہ نے مسکان کو دیکھ کر اس کے گلے میں باہیں ڈالتے ہوئے اسے اپنے گلے لگالیا تھا۔پلیز مسکان آپی آپ مجھے معاف کر دیں۔میں نے آپ کو بہت تکلیف دی ہے۔۔

یہ وقت ان باتوں کا نہیں ہے انابیہ تم چلو میں تمہیں ہاسپٹل لے کر چلتی ہوں۔۔ نہیں یہی وقت ہے ان باتوں کا میرے پاس زیادہ وقت نہیں ہے مجھے پتہ ہے میں نہیں بچوں گی۔۔

کیا پاگل ہو گئی ہو ہر عورت اس تکلیف سے گزرتی ہے تو سب عورتیں مر تھوڑی جاتی ہیں ایسا نہیں بولتے مسکان نے بڑی بہن کی طرح اسے غصے سے خاموش کروادیا تھا۔۔

مریم آپ پلیز تھوڑی دیر کے لیے باہر جائیں مجھے مسکان آپی سے بات کرنی ہے انابیہ نے پاس کھڑی ہوئی مریم کو باہر جانے کے لیے کہا تھا۔۔

مسکان کا ہاتھ پکڑ کر انابیہ نے اسے اپنے پاس بیڈ پر بٹھالیا۔۔۔آپی مجھے پتہ ہے میں نے آپ کو بہت تکلیف دی ہے۔۔آپ کی ہستی بستی دنیا میری وجہ سے خراب ہو گئی۔۔

مگر آپی میں کبھی بھی ایسا کچھ نہیں چاہتی تھی میرے ساتھ تو برا قسمت نے کیا تھا۔۔میری تو خود کی زندگی بے رنگ ہو گئی تھی۔
میں تو مرنا چاہتی تھی مگر پاپا کی محبت نے مجھے مرنے بھی نہیں دیا۔۔اور انہوں نے میرا نکاح اسد سے کروا دیا۔۔۔

آپ کو پتہ نہیں ہے میں تو اس رات اپنی دوستوں کے ساتھ پارٹی میں گئی تھی وہاں پر سے واپس آتے ہوئے کچھ گنڈوں نے ہمارا راستہ روک لیا تھا اور وہاں پر چار پانچ لوگوں نے میرے ساتھ زیادتی کی انابیہ بتاتے ہوئے ہچکیوں کے ساتھ رو رہی تھی۔

ان لوگوں نے مجھے گندا کر دیا تھا۔آپی میں جینا نہیں چاہتی تھی۔۔مگر پاپا کو اکیلا اور تکلیف میں چھوڑ کر میں مر بھی نہیں سکتی تھی۔۔

ایسے میں اسد میری زندگی میں فرشتہ بن کر آئے انہوں نے مجھے اپنا نام دیا عزت دی اپنے گھر میں لے کر آئے۔۔۔

اور یہ بات انہوں نے نکاح کے وقت کلیئر کر دی تھی کہ وہ سوائے اپنے نام کے اپنے گھر کے مجھے کچھ نہیں دے سکیں گے۔۔

وہ آپ سے اتنی محبت کرتے ہیں کہ انہوں نے تو کبھی میری طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھا۔۔

میں ان کے نکاح میں ہوں سارے حق مجھ پر رکھتے ہوئے بھی وہ مجھے کسی نا محرم کی طرح ہی خود سے دور رکھتے ہیں۔۔

مسکان بڑی حیرانی کے ساتھ ایک کے بعد ایک بات سن رہی تھی۔۔اور یہ بچہ کس کا ہے۔۔مسکان نے انابیہ سے وضاحت چاہی تھی۔۔۔۔

آپی اسد کا تو نہیں ہو سکتا کیونکہ انہوں نے تو کبھی ایسی کوئی حد پار ہی نہیں کی تو پھر آپ میری تکلیف کو مت بڑھائیں اور سمجھ جائیں کہ یہ بچہ اس بھیانک رات کا حصہ ہے۔

مسکان اپنے منہ پر ہاتھ رکھے ہوئے انابیہ کی تکلیف کو دیکھ کر خود بھی رونے لگی تھی۔۔مسکان کو خود پر شرم آ رہی تھی۔کہ اس نے کتنا غلط سوچا تھا اسد کے بارے میں جب کہ اسد تو صرف ایک لڑکی کی زندگی بچانے کی کوشش کر رہا تھا۔۔

آپ مجھ سے ایک وعدہ کریں مجھے پتہ ہے کہ میں نہیں بچ سکتی۔۔مگر پلیز آپ میرے بچے کو اپنے بچوں کی طرح ہی پالیں گی۔۔

پلیزاس سے کبھی نفرت مت کرنااس کا کوئی قصور نہیں ہے۔ جیسے اسداس بچے کواپنانام دینے کے لیے تیار ہے۔۔

پلیز آپ بھی اپناظرف بڑاکر کے میرے بچے کوماں بن کر پالیجئے گا۔ میں تا قیامت آپ کی احسان مند رہوں گی۔۔
وہ روتے ہوئے مسکان کے آگے ہاتھ جوڑ رہی تھی۔۔ تمہیں کچھ نہیں ہو گا تم ٹھیک ہو جاؤ گی اگر یہ سب کچھ تم لوگ مجھے پہلے بتادیتے تو اتنی بد گمانیاں نہیں بڑھتی انابیہ۔۔۔

پاپانے قسم دی تھی کہ میں اوراسد یہ بات کسی کو نہیں بتائیں گے کیونکہ وہ کسی کی نظروں میں مجھے گرتے ہوئے نہیں دیکھ سکتے تھے۔۔پلیز آپ مجھ سے وعدہ کریں آپ میرے بچے کوماں بن کر

پالیں گے۔

پالیں گی نہ ہاں انابیہ میں وعدہ کرتی ہوں کہ میں آپ کے بچے کو اپنے بچوں کی طرح ہی پالوں گی مگر آپ اللہ سے ناامید نہ ہوں اللہ آپ کو بہت جلد ٹھیک کر دے گا۔

اور اپنے بچے کو آپ خود پالیں گے۔ مسکان انابیہ کو لے کر ہاسپٹل پہنچی تو ڈاکٹر نے سارے انتظام کر رکھے تھے۔۔ کیونکہ مسکان کی ڈاکٹر کے ساتھ بات ہو گئی تھی۔۔

اسفند بھی ہاسپٹل میں ان کے ساتھ ہی تھا۔

انابیہ کی کنڈیشن کافی خراب تھی ڈاکٹر یہ بات کلیئر کر چکی تھی۔۔

کہ ماں اور بچے دونوں کی جان کو خطرہ ہو سکتا ہے مگر ماں کی جان بچانے کے چانسز بہت کم تھے۔انابیہ کا بی پی بہت ہائی ہو رہا تھا اور اسے ڈاکٹر اپریشن تھیٹر میں لے گئے تھے۔۔

اپریشن ہو گیا اور ڈاکٹر باہر آئی اور اس نے یہ خوشخبری دی کہ انابیہ نے ایک پیاری سی بیٹی کو جنم دیا ہے۔۔ مگر اس کی خود کی کنڈیشن بہت زیادہ خراب ہے۔۔

اور آپ میں سے جو چاہے اس سے ایک ایک کر کے مل لے وہ چند لمحوں کی مہمان ہے کیونکہ اس کی نہ تو بلیڈ نگ رک رہی ہے۔۔

ناہی اسکا بی پی نیچے گر رہا ہے۔۔وہ ان نو مہینوں میں اتنی سٹریس میں رہی تھی۔۔کہ اس کا کیس بہت کمپلیکیٹڈ ہو گیا تھا۔۔

مسکان انابیہ کے پاس اندر گئی تو انابیہ نے ہلکے سے آنکھیں کھول کر مسکان کی طرف مسکراتے ہوئے دیکھا تھا۔۔

اور مسکان کے ہاتھ کو پکڑ کر چوم کر مسکرائی آپی آپ اسد کے لیے اپنا دل صاف کر دیں وہ آپ کے ہیں اور آپ کے ہی رہیں گے۔۔

وہ آپ سے اتنی محبت کرتے ہیں کہ وہ کبھی بھی کہیں پر بھی کمزور نہیں پڑ سکتے۔۔آپ کو پتہ ہے کہ اسد اتنے اچھے ہیں۔کہ ہر لڑکی کے آئیڈیل بن سکتے ہیں۔۔

میں بھی تو ان پر اپنا دل ہار گئی تھی مگر انہوں نے مجھے یہ بات صاف صاف کہہ دی تھی کہ ان کے دل کا جام مسکان کی محبت سے بھرا ہوا ہے اگر اس میں تھوڑی سی بھی ملاوٹ کروں گا تو وہ چھلک جائے گا۔۔

میں نے اس دن سے اپنے دل پر قابو پالیا کیونکہ سچ یہی تھا کہ اسد کے ہر انداز سے یہ واضح ہوتا تھا کہ وہ آپ سے بہت پیار کرتا ہے۔اتنا پیار میں نے کبھی کسی کو کسی سے کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔۔

آپ بہت خوش قسمت ہیں کہ آپ کو اسد ملے کچھ ہم جیسے بد قسمت بھی ہوتے ہیں جن کو اسد جیسا شخص مل تو جاتا ہے۔۔
مگر مل کر بھی نہیں ملتا میں تو اس تڑپ میں ہی جا رہی ہوں کہ کاش وہ جس طرح سے آپ کا ماتھا پیار سے چومتے تھے۔
وہ لمس ایک بار میرے نصیب میں بھی ہو جائے مگر مجھے پتہ ہے وہ ایسا کبھی نہیں کریں گے کیونکہ ان کے کہنے کے مطابق ان کے لبوں کو صرف آپ کو چھونے کا حق ہے۔۔
وہ اپنی ایمانداری میں کبھی خیانت نہیں کریں گے یہ کہتے ہوئے انابیہ کی آنکھوں میں جو تکلیف اور درد تھا وہ مسکان دیکھ سکتی تھی۔۔

اسد کا بھی فون آیا تھا کہ وہ 1510 منٹ تک ہاسپٹل پہنچ جائے گا انابیہ اپنے بچے کو اپنے سینے پر لیٹائے ہوئے اس کو پیار کر رہی تھی۔۔

اور مسکان سے بار بار یہ وعدہ لے رہی تھی کہ وہ اس کی بیٹی کو اپنی بیٹی بنا کر پالے گی۔اسد روم میں آیا تو۔۔

اس کے چہرے پر بہت پریشانی اور گھبراہٹ تھی روم کے اندر آ کر اسد نے مسکان کی طرف دیکھا تھا۔

مسکان کو پتہ تھا کہ اسد کو اس سے بہت جھجک ہے اس لیے وہ انابیہ کے پاس سے اٹھ کر جاتے ہوئے اسد کے پاس سے گزرتے وقت آہستہ سے بولی تھی۔

جب نکاح کیا ہے نیکی کی ہے تو اس لڑکی کو دے دیجیے اپنے لبوں کا لمس تاکہ وہ اپنا آخری وقت کو سکون سے گزار سکے۔۔

میری طرف سے اجازت ہے۔وہ کہتے ہوئے اسد کے پاس سے گزر گئی تھی۔اسد نے حیرانی کے ساتھ جاتی ہوئی مسکان کو دیکھا تھا۔

وہ سمجھ گیا تھا کہ انابیہ مسکان کو سب کچھ بتا چکی ہے۔۔اسد انابیہ کے پاس بیٹھ گیا اور اسے سمجھانے لگا کہ وہ ٹھیک ہو جائے گی۔۔

حالانکہ ڈاکٹر اسد کو انابیہ کی ساری کنڈیشن بتا چکے تھے۔۔انابیہ تھوڑا سا اٹھ کر بیٹھی اور اپنی بیٹی کو اسد کی گود میں ڈالتے ہوئے بڑی حسرت بھری نگاہوں سے اسد کی طرف دیکھ کر کہا۔۔

اسد پلیز آپ میری بیٹی کو اپنی بیٹی بنا کر رکھیے گا اس کو اپنا نام اور محبت دونوں دینا میں نے مسکان آپی سے بھی یہی وعدہ لیا ہے۔۔

آپ مجھے شوہر والا پیار انہیں دے سکتے تھے میں آپ کی مجبوری سمجھتی تھی۔۔کہ آپ کا دل اس کی اجازت نہیں دیتا۔۔

مگر آپ میری بیٹی کو ایک باپ کا پیار دے سکتے ہیں میں امید کرتی ہوں کہ اس میں آپ کو کوئی پرابلم نہیں ہو گی۔۔

پلیز میری بیٹی سے نفرت مت کرنا اس کو صرف میری بیٹی ہی سمجھ کر پالنا ۔۔۔کیسی پاگلوں جیسی باتیں کر رہی ہوں میں کیوں کروں گا اس پھول جیسی بچی سے نفرت میں آپ کو اتنا گھٹیا ظرف کا مالک لگتا ہوں۔۔

میں اس کو اپنی بیٹی سمجھوں اس کا کیا مطلب ہے یہ میری بیٹی ہے جب آپ میرے نکاح میں ہیں ہیں تو یہ میری بیٹی ہے۔۔

اس کو وہ سب کچھ ملے گا جو عنایہ اور ارحم کو ملے گا چاہے وہ پھر پیار ہو یا میری جائیداد۔۔

ارحم اور عنایہ اسد کے دونوں بچوں کا نام تھا۔

انابیہ کی سانسیں ٹوٹنے لگی تھی وہ لمبی لمبی سانسیں لے رہی تھی۔۔اور بڑی حسرت سے اسد کی طرف دیکھ رہی تھی۔۔اسد گھبرا کر اٹھ کھڑا ہوا تھا ڈاکٹر کو بلانے کے لیے۔۔

انابیہ نے اسد کا ہاتھ تھامتے ہوئے اسے رکنے کو کہا تھا۔۔کیا آپ ایک مرتے ہوئے بندے کی خواہش پوری نہیں کر سکتے۔۔

اب تو آپ کو مسکان آپی نے بھی اجازت دے دی ہے۔۔۔کیا میں اتنی ناپاک ہوں کہ آپ مجھے مرتے ہوئے بھی اپنے لبوں کا ایک لمس نہیں دے سکتے۔

شاید میں اپنے شوہر کا لمس پا کر پاک ہو جاؤں۔اور میں سکون سے مر سکوں۔۔۔جو گندگی ان درندوں نے میرے اوپر لگائی ہے۔وہ آپ کے پاک لبوں سے دھل جائے۔۔

اسد نے ایک ٹھنڈی آہ بھری تھی۔اور اس کے بعد وہ انابیہ کے چہرے پر جھکا اور اس نے اس کے ماتھے پر اپنے لب رکھ دیے تھے۔۔

اسد کے لب رکھنے کی دیر تھی کہ انابیہ نے خوشی سے ایک ہچکی لی۔اور اس کے ساتھ ہی اس کی روح اس دنیا سے پرواز کر گئی۔۔

اسد ڈاکٹر کو بلا کر لے کر آیا تھا۔۔ڈاکٹر کے ساتھ مسکان اور اسفند بھی روم میں آ گئے تھے۔۔

ڈاکٹر نے کلیئر کر دیا تھا کہ انابیہ اب اس دنیا میں نہیں رہی۔۔۔۔اسفند دل کو اپنے ساتھ نہیں لے کر آیا تھا۔کیونکہ اس کی کنڈیشن خود بھی ٹھیک نہیں تھی۔۔

اس کا ڈلیوری ٹائم بالکل نزدیک تھا تو ایسے میں اسفند اسے کسی بھی طرح کا سٹریس نہیں دے سکتا تھا۔۔

مسکان کی آنکھوں میں پتہ نہیں کیوں انابیہ کو دیکھ کر آنسوں آ گئے تھے۔۔ وہ خود سے شرمندہ تھی کہ کیوں وہ اس لڑکی کے ساتھ اتنے دن اتنی سختی کے ساتھ دور رہی۔۔

اس نے اسد کی طرف دیکھ کر کہا تھا اگر آپ مجھے حقیقت سے آگاہ کر دیتے تو میں شاید اس لڑکی کو ایکسیپٹ کر لیتی۔۔

اور حالات ایسے نہیں ہوتے آپ نے ہمارے رشتے کو بھی خراب کیا اور اس لڑکی کو کوئی خوشی بھی نہیں ملنے دی۔۔

مسکان اس کے پاپا کی یہی خواہش تھی اور یہ وعدہ تھا میرا کہ میں کسی سے کچھ نہیں کہوں گا میں تو آج بھی آپ کو کچھ نہیں بتاتا آگر انابیہ اپنے منہ سے آپ کو سب کچھ بتا کرنا جاتی تو۔۔

اسد کے ہاتھ سے مسکان نے بچے کو اپنی گود میں لے لیا تھا۔۔اور اس کا ماتھا چومتے ہوئے اسے اپنے سینے سے لگالیا۔۔۔۔

انابیہ کے پاپا ہاسپٹل میں پہنچ چکے تھے انہیں آنے میں تھوڑی دیر ہو گئی تھی۔۔انابیہ کے پاپا ان درندوں تک پہنچنے کی پوری کوشش کر رہے تھے

مگر اس سے پہلے ہی ان کی بیٹی زندگی کی جنگ ہار گئی تھی بر گیڈیئر سعید اختر اپنی بیٹی کے پاس بیٹھے پھوٹ پھوٹ کر رو رہے تھے۔۔

اسد اور اسفند دونوں ان کو سنبھالنے کی کوشش کر رہے تھے۔ وہ اس غم کی گھڑی میں وہ دونوں برگیڈیئر صاحب کے ساتھ تھے۔۔

برگیڑیئر صاحب نے اٹھ کر مسکان کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا تھا۔۔ بیٹی مجھے معاف کر دینا میں نے آپ کے ساتھ بہت بڑی زیادتی کی۔۔

مگر میں مجبور تھا میں اپنی بیٹی کو اچھی زندگی دینا چاہتا تھا اور اس کے لیے میں اسد اور اسفند سے زیادہ کسی پر یقین نہیں کر سکتا تھا۔۔

میں تھوڑا خود غرض ہو گیا تھا اس کی وجہ سے آپ سے زیادتی ہو گئی۔۔ پلیز جو ہونا تھا وہ ہو گیا آپ اپنی نواسی سے ملیں مسکان نے بچی کو برگیڈیئر صاحب کی گود میں ڈالتے ہوئے کہا تھا۔۔

بر گیڈیئر صاحب جہاں اپنی بیٹی کو کھو کر غم میں تھے وہاں اپنی پیاری سی نواسی کو دیکھ کر خوش بھی ہوئے تھے۔۔

کہ ان کی بیٹی کی ایک نشانی تھی۔ جسے وہ ہمیشہ دیکھ سکتے تھے۔اور اپنی بیٹی کو یاد کر سکتے تھے۔

بر گیڈیئر صاحب چاہتے تھے کہ وہ اپنی بیٹی کی تدفین اپنے گھر سے کرے۔۔ مگر اسد نے بتایا کہ انابیہ چاہتی تھی کہ وہ اپنے شوہر کے گھر سے ہی آخری بار رخصت ہو۔۔

اپنی بیٹی کی آخری خواہش کو بر گیڈیئر صاحب کیسے رد کر سکتے تھے۔۔اس لیے انہوں نے انابیہ کی خواہش پوری کرنے کو کہا تھا۔۔

انابیہ کی تدفین کے بعد بر گیڈیئر صاحب بچی تو مل کر اپنے گھر چلے گئے تھے کیونکہ ان کو یہ بھی پتہ چل گیا تھا۔۔

کہ انابیہ چاہتی تھی کہ اس کی بیٹی کو اسد خان کا نام ملے۔۔اور اسد اور مسکان ہی اس کی پرورش کرے۔۔

انابیہ کے پاپا ویسے بھی عمر کے اس موڈ پر تھے جہاں پر زندگی کبھی بھی ساتھ چھوڑ سکتی تھی اس لیے ان کو اس بات کی خوشی تھی کہ اسد خان جیسے مضبوط اور باحفاظت ہاتھوں میں ان کی نواسی رہے گی تو انہیں کسی طرح کی فکر نہیں ہو گی۔۔

اور مسکان جیسی نیک بچی اگر اس کو ماں بن کر
پالے گی تو بے شک وہ ایک اچھی اور نیک بیٹی ثابت ہو گئ۔۔

تدفین کے بعد اسفند گھر چلا گیا تھا کیونکہ اب صبح ہونے والی تھی اسفند پوری رات گھر نہیں گیا تھا اس کو پتہ تھا کہ دل بہت پریشان ہو گی۔۔

کیونکہ وہ تو ویسے ہی چھوٹی چھوٹی باتیں اپنے دل پر لگا لیتی تھی۔اب تو اسے انابیہ کی ڈیتھ کا بھی پتہ چل چکا تھا۔۔اس لیے اسفند جلد از جلد دل کے پاس جانا چاہتا تھا۔۔۔

54

°°°°°°°°

دل آپ کیوں رو رو کر اپنی طبیعت خراب کر رہی ہو، میری جان جس کا جو وقت مقرر ہوتا ہے اللہ تعالی اس کو اس وقت اپنے پاس بلا لیتا ہے، اب انابیہ کی زندگی اللہ تعالی نے اتنی ہی لکھی تھی تو اس لیے وہ اللہ کے پاس چلی گئی۔

اسفند مجھے ڈرلگ رہا ہے۔ کس بات کا ڈرلگ رہا ہے اسفند کی جان اسفند اسے اپنے سینے سے لگائے ہوئے لیٹا تھا۔ مجھے لگتا ہے کہ جب میرا بھی بی بی دنیا میں آئے گا۔

تو میں بھی انابیہ کی طرح مر جاؤں گی۔ اللہ نہ کرے دل کس طرح کے الفاظ اپنے منہ سے نکال رہے ہو فرد دل کی بات سے تڑپ سا گیا تھا۔۔ اتنی ڈیپ باتیں آپ کے دماغ میں آتی کہاں سے ہیں۔

اللہ تعالی آپ کو صحت والی لمبی زندگی عطا کرے دل ابھی تو ہماری زندگی شروع ہوئی ہے۔ ابھی تو ہمیں ایک ساتھ بہت جینا ہے میں تو آپ کے ساتھ ایک خوشیوں بھرا سفر تصور کرتا ہوں۔۔

اور ایک آپ ہو جو اپنے منہ سے ایسے الفاظ بول دیتی ہو بنا سوچے سمجھے۔۔ اسفند نے دل کے گرد اپنی باہوں کا گھیرا تنگ کرتے ہوئے اسے اپنے سینے سے بھینچ لیا۔

اب آپ مجھے ڈانٹ رہے ہیں۔ نہیں میری کانچ کی گڑیا ڈانٹ نہیں رہا بس سمجھا رہا ہوں اس طرح کے الفاظ آپ اپنے منہ سے نہیں نکالا کریں۔

پتہ نہیں کون سی قبولیت کی گھڑی ہوتی ہے جب اللہ تعالی آپ کے منہ سے نکلے ہوئے الفاظوں کو قبول کر لیتا ہے اس لیے منہ سے جب بھی نکالو اچھی بات نکالو۔

آپ چھوڑے مجھے ہر وقت مجھے ڈانٹتے رہتے ہیں دل یہ نہیں کھانا دل وہ کھانا ہے دل یہاں نہیں جانا وہاں نہیں جانا ہے۔

یہ مت کرو وہ مت کرو اسفند دل کی فکر میں جو اسے ہدایات دیتا تھا دل کو اس سے بہت چڑ ہونے لگی تھی۔

اصل میں دل لاسٹ منتھ تھا تو وہ خود کو کیری نہیں کر پا رہی تھی۔۔اس کے نازک سے جسم سے زیادہ وزن تھا جس سے اٹھایا نہیں جاتا تھا۔

اسفند کو اسے دیکھ کر اس پر ترس اور بہت سارا پیار آتا تھا۔۔

اس کی نازک سی دل گولو مولو سی لگنے لگی تھی اس کا بھرا بھرا جسم اسفند کو بہت خوبصورت لگتا تھا۔

دل بڑبڑاتی ہوئی اسفند کے پاس سے اٹھ کر بیڈ سے نیچے اتر رہی تھی۔۔

اسفند اس سے بھی پہلے بیڈ کی دوسری سائیڈ پر آکر کھڑا ہو گیا۔۔

کتنی بار کہا ہے اس طرح افراتفری میں مت بیڈ سے اترا کرو۔دل اس طرح آپ اپنا اور بے بی دونوں کا نقصان کرو گی۔۔آپ پھر سے شروع ہو گئے ہے

۔

میں نے کہا ہے مجھے ڈانٹا مت کرے مجھے غصہ آجاتا ہے۔۔۔میرا بچہ ڈانٹ نہیں رہا سمجھا رہا ہوں۔دل کی آنکھوں میں آنسوں تھے۔۔میری جان میں آپ کو ڈانٹ نہیں رہا۔۔

کیوں آپ اتنی اپسیٹ ہو اور میری جان کی آنکھوں میں آنسوں کیوں ہے ۔۔اسفند اپنی انگلی کے پوروں سے دل کے آنسوں پہنچتے ہوئے بول رہا تھا۔

اسفند کو دل کے آنسوں بہت تکلیف دیتے تھے اور آج کل دل بات بات پر رونا شروع کر دیتی تھی۔ پتہ نہیں مجھے بہت غصہ آتا ہے اور میرا رونے کو دل کرتا ہے۔۔دل نے بڑی معصومیت سے اپنا مسئلہ اسفند کو بتایا تھا۔۔

میرے پاؤں میں اتنا درد ہوتا ہے اور مجھ سے چلا نہیں جاتا۔ نا اچھے سے کھانا کھایا جاتا ہے نہ مجھے نیند آتی ہے۔اور جب بھی نیند آتی ہے تو بے بی مجھے کک مارتا ہے۔

تو میری آنکھ کھل جاتی ہے اب آپ بتائیں میں رو نہیں تو اور کیا کروں اسفند کو اس کے سارے مسئلوں پر ہنسی آ رہی تھی۔۔

مگر بیچارا ہنس نہیں سکتا تھا کیونکہ ہنسنے کا مطلب تھا دل کے ہاتھوں سے پٹنا دل کو تو ویسے ہی اسفند اپنی پلکوں پر بٹھا کر رکھتا تھا۔۔

اور آج کل تو وہ تھی ہی ایسی کنڈیشن میں کہ اسفند چاہ کر بھی اس پر غصہ نہیں کرتا تھا۔۔جان یہ سب کچھ تو نارمل ہے نہ آپ ہی تو ضد کرتی تھی۔ کہ آپ کو بی بی چاہیے۔۔۔بی بی کے لیے اتنی تکلیف تو بی بی کی ماما کو اٹھانی پڑے گی نا۔۔

اسفند دل کو بیڈ پر لٹا کر نرمی سے اس کے پاؤں اپنی گود میں رکھ کر دبانے لگا۔۔

اور آپ اس طرح رویا نہیں کریں رونے سے آپ کی اور بچے کی صحت پر برا اسر پڑتا ہے۔۔۔وعدہ کرو کہ اب آپ نہیں روؤ گی۔دل نے ہاں میں سر کو ہلایا۔۔شاباش

۔اسفند دل کو بالکل بچوں کی طرح ٹریٹ کرتے ہوئے سمجھا رہا تھا۔۔اسفند کافی دیر تک دل کے پیروں کو اپنی گود میں رکھ کر دباتا رہا۔دل کے پیروں کافی سوجن تھی۔دل آہستہ آہستہ آنکھیں بند کر کے سونے لگی تھی۔۔

دل کو پر سکون دیکھ کر اسفند کو بھی سکون آ گیا۔ دل انابیہ کی ڈیتھ کا سن کر بہت دل برداشتہ ہو گئی تھی۔

اس نے یہ سوچ لیا تھا کہ وہ بھی بے بی ہونے پر مر جائے گی۔ اسفند نے شکر کا کلمہ پڑھا کہ نیند کی وجہ سے دل کے دماغ سے وہ بات تو نکلی۔

انابیہ کی ڈیتھ کے بعد تو اسفند خود بھی بہت زیادہ پریشان تھا کیونکہ اتنج تو دل کی بھی کم تھی۔

اسفند کو خود پر اب غصہ آنے لگا تھا کہ کیوں اس نے پاپا اور دل کی باتوں میں آ کر دل کی زندگی کو خطرے میں ڈال دیا۔۔ میرے لیے میرا بچہ دل کی زندگی سے بڑھ کر تو نہیں تھا۔۔

میں تو دل سے اتنی محبت کرتا ہوں کہ میں تو دل ساتھ ساتی زندگی بنا بچے کے بھی گزار سکتا تھا۔ بھر کیوں میں نے اپنی نازک سی جانا کی جان کو مشکل میں

ڈال دیا۔۔اسفند دل ل کے ساتھ لیٹ کر اس کی کمر کو سپوٹ دے کر لیٹا ہوا تھا۔دل اکسر اسفند کو کہتی تھی کہ آپ میرے پیچھے سپورٹ بن کر لیٹ جائیں اس پوزیشن میں۔میں آرام سے لیٹ جاتی ہوں۔۔

اسفند دل کی پشت پر اپنا سینا لگا کر۔دل کے پیٹ پر اپنا ہاتھ رکھ کر سوچیں جا رہا تھا°°°°°°°°°°

انابیہ کی بیٹی بہت پیاری تھی مسکان اسے اپنی بیٹی کی طرح سمجھ رہی تھی۔انابیہ کی ڈیتھ کو 15 دن گزر چکے تھے۔

مسکان تینوں بچوں کے ساتھ کافی مصروف ہو گئی تھی۔۔انابیہ کی بیٹی کو بنا ماں کے سنبھالنا کافی مشکل کام تھا۔۔مگر مسکان کی پوری کوشش تھی کہ اس بچی کو اس کی ماں کی کمی محسوس نہ ہونے دی جائے۔

مسکان اس کا بھرپور خیال رکھ رہی تھی۔۔ مگر اس دوران ابھی تک اسد اور مسکان کی دوریاں ختم نہیں ہوئی تھی۔ مسکان خود سے ہی بہت شرمندہ تھی جس کی وجہ سے وہ اسد کا سامنا نہیں کر رہی تھی۔

اسے اپنے بولے ہوئے سارے الفاظ یاد تھے وہ اسد کے پاس جانا چاہتی تھی مگر اسے اتنی شرمندگی تھی۔ کہ اس کے قدم اپنے اور اسد کے روم کی طرف جاتے ہوئے راستے سے ہی پلٹ آتے تھے۔۔

انابیہ کی بیٹی بھی تھوڑی سی سنبھل گئی تھی آج وہ 15 دن کی ہو گئی تھی۔ اور بچوں کی کیئر ٹیکر بہت اچھی تھی اور سمجھدار بھی اور وہ بچوں کا بہت اچھے خیال رکھتی۔۔

اس لیے آج مسکان نے دل سے عہد کیا تھا کہ آج وہ اپنی ساری شرمندگی کو ایک طرف رکھ کر اپنے روم میں واپس جائے گی۔۔

اور اسد سے معافی بھی مانگے گی اپنے ان سب الفاظوں کی جو اس نے انجانے میں اسد کو بولے تھے۔۔

مسکان نے بڑی ہمت سے روم کے اندر داخل تو ہو گئی۔۔ مگر اس میں اسد کا سامنا کرنے کی ہمت نہیں تھی اس لیے اسد کو سوتا ہوا دیکھ کر پلٹ کر واپس جا رہی تھی۔۔

خانم اور کتنی سزا دو گی اپنے خان کو اس گناہ کی جو اس نے جان بوجھ کر نہیں کیا ۔۔اسد جاگ رہا تھا صرف اپنی آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر لیٹا ہوا مسکان کے خیالوں میں گم تھا۔۔

اسد خود ہی مسکان کے پاس نہیں جا رہا تھا وہ اسے ٹائم دینا چاہتا تھا تاکہ وہ واپس پہلے والی مسکان بن کر اپنے روم میں آئے۔۔

آج جب وہ آئی تو اسد کے دل نے بیٹ میٹ کی تھی مگر جب وہ پلٹ کر واپس جا رہی تھی تو اسد کو اچھا نہیں لگا۔۔

کہ وہ مسکان اس سے اب بھی اتنی جھجک رکھ رہی ہے اس لیے آنکھوں سے ہاتھ اٹھاتے ہوئے اسد نے کہا تھا۔۔

آپ جاگ رہے تھے۔مسکان نے نظریں جھکائے ہوئے ہوئے بڑے شرمندہ سے انداز سے پوچھا تھا۔۔جی جاگ بھی رہا ہوں اور اپنی خانم کا انتظار بھی کر رہا ہوں۔۔اسد بیڈ سے اوٹھ کر بیڈ کراؤن سے سر لگا کر بیٹھ گیا تھا۔۔

ادھر آؤ اسد نے اپنا ہاتھ مسکان کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا تھا۔۔مسکان اپنی نظریں جھکائے ہوئے اسد کے پاس آئی تھی۔اور اپنا ہاتھ اس کے ہاتھ پر رکھ دیا۔۔اسد نے اپنی مضبوط ہتھیلی میں مسکان کے نازک سے ہاتھ کو میچ لیا۔۔۔

اور اس آنکھ کے اشارے سے اپنے پاس بیٹھیں کو کہا۔۔اسد آئی ایم سوری میں بہت شرمندہ ہوں اپنے بیہیویئر کے لیے آپ پر شک کرنے کے لیے مجھ سے ہمت نہیں ہو رہی تھی۔۔

آپ کا سامنا کرنے کی۔۔۔بس اسی لیے میں روم میں نہیں آ رہی تھی۔
مسکان نے نظریں جھکائے ہوئے اسد کو اپنے دل کی بات بیان کی تھی۔

میری طرف دیکھیے مجھے آپ کی یہ جھکی ہوئی نظریں بالکل پسند نہیں ہیں
۔اسد خان کی بیوی میں اتنی ہمت ہونی چاہیے کہ وہ آنکھوں میں آنکھیں ڈال
کر بات کر سکے۔اور آپ نے ایسا کچھ نہیں کیا جس کی وجہ سے آپ
شرمندگی سے نظریں جھکائیں۔۔

ہاں یہ قت میرے لیے بہت تکلیف دے تھا مگر میری نظروں میں آپ غلط
کبھی بھی نہیں تھی۔اگر اگر اسد خان مسکان کی نظروں میں کسی اور کا عکس
بھی نظر آے تو قیامت کر دے گا۔اگر اسد خان یہ چاہتا ہے کہ مسکان کے
لب جب بھی ہلے تو اسد کا نام لینے کے لیے ہلے۔۔

اسد مسکان کے دل رو جسم پر اپنا حق رکھتا ہے تو مسکان کو بھی اتنا ہی حق ہے کہ وہ اسد خان کو اپنی حدود سے باہر نہ جانے دے جو مسکان نے اپنی محبت سے بنائی ہے۔

اسد خان تو خود مسکان کی محبت کی حدوں سے باہر جانا ہی نہیں چاہتا۔۔وہ ایک بہت آزمائش بھرا مرحلہ تھا۔۔۔پر نسس ورنہ میں آپ کو کبھی بھی ایسی سچویشن میں لا کر کھڑا نہیں کرتا۔۔

جہاں پر آپ کو اپنی محبت کا بٹوارا کرنا پڑے بس ایک بات کا مجھے آپ سے گلہ ضرور ہے۔۔آپ کے دل نے آپ کو گواہی کیوں نہیں دی۔کہ یہ جو سب ہو رہا ہے یہ نظر کا دھوکہ بھی تو ہو سکتا ہے۔۔

آنکھوں دیکھا ہمیشہ سچ نہیں ہوتا۔آپ نے کیوں نہیں سوچا کہ اسد کبھی اپنی مرضی سے کسی اور کو اپنی زندگی میں شامل نہیں کر سکتا۔۔

آپ مجھ سے ایک فائدہ کریں کہ خدانہ کرے کبھی زندگی میں ایسا موڑ دوبارہ آئے۔ مگر آپ ہمیشہ مجھ پر آنکھیں بند کر کے یہ یقین رکھ سکتی ہیں کہ۔

اسد خان کے دل پر صرف مسکان اسد خان کی محبت کا رنگ رہے گا۔اور آج کے بعد اپنے نام کے آگے سے میرا نام ہٹانے کی غلطی مت کرنا پرنسس مجھے بہت دکھ ہوا۔۔۔۔

اس دن جب آپ نے میرا نام اپنے نام کے کے آگے سے ہٹا کر اپنے پاپا کا سر نیم لگایا تھا۔آپ پر صرف اور صرف میرا حق ہے۔اور کسی کا نہیں۔

مجھ سے نہیں برداشت ہوتا کہ آپ وہ حق کسی اور کو دیں۔۔یہ اپنی جھکی ہوئی پلکیں اٹھائیں اور میری طرف دیکھو پرنسس بہت دن ہو گئے ہیں اسد نے خود کو نہیں دیکھا۔

اسد مسکان کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے خود کے قریب کرتے ہوئے بولا ۔میری طرف دیکھو پرنسس بس کریں اب میری ہجر کی راتوں پر ترس کھائیں۔اسد نے مسکان کی ٹھوڑی پر ہاتھ رکھ کر اس کا منہ اوپر کرتے ہوئے کہا تھا۔۔

مسکان نے آہستہ سے پلکیں اٹھا کر مسکراتے ہوئے اسد کی طرف دیکھا۔

ہائے قربان جاؤں میں اپنی خانم کی مسکراہٹ پر لایئے ذرا اپنے لب ہمارے قریب کیجیے۔۔

ہم ذرا ان کا ٹیسٹ فیل کر کے دیکھیں کہ ویسا ہی ہے یا کچھ چینج ہو گیا ہے۔۔

اسد چھوڑیں پلیز مجھے بچوں کے پاس جانا ہے۔

اسد کے اچانک بے باک مزاق کرنے سے مسکان شرمہ کر اٹھنے لگی تھی
۔۔بس بہت رہ لیا مجھ سے دور خان کی جان اب اپنے خان کے بستر کی رونق
بڑھاؤ۔

اسد اٹھ کر بیڈ سے کھڑا ہوا تھا مسکان کو بیڈ پر گراتے ہوئے خود بھی اس کے
اوپر ان گرا تھا۔اسد بچے کو میری ضرورت ہے۔ ششششش اس وقت مجھ سے
بڑا ضرورت مند اور کوئی نہیں ہے۔

اسد اس کے بالوں میں منہ چھپائے ہوئے اس کے بالوں کی خوشبوں اپنی
سانسوں میں اتار رہا تھا۔۔اسد۔۔ ہمم۔۔آپ نے مجھے کتنا مس کیا۔۔خان
کی جان یہ میں بتاؤں گا نہیں۔۔

آپ کو محسوس کرواؤں گا اپنی محبت کی شدتوں سے۔اور آنے والی ہر ایک
رات میں پہلے سے زیادہ محسوس کرواؤں گا آپ نے میری جتنی محبت بھری
راتیں ضائع کی ہیں۔

اس ہر ایک رات کا آپ کو مجھے حساب دینا پڑے گا۔۔آپ کو مجھ پر ترس نہیں آئے گا۔۔۔۔آپ کو مجھ پر ترس آتا تھا جب میں آفس سے آنے کے باد آدھی رات تک لاؤنج کی کے چکر کاٹتا رہتا تھا کہ شاید میری پرنسز کو مجھ پر تھوڑا سا ترس آجائے۔۔

اور وہ مجھے اپنا دیدار کروادے مگر آپ نہیں آتی تھی۔۔ایسا تو نہیں تھا کہ آپ اسد خان کے دل جی حالت سے واقف نہیں تھی۔

آپ کو پتہ تھا کہ اسد کی راتیں آپ کے بنا ادھوری ہیں۔۔اور اسد کی صبح آپ کو دیکھے بنا نہیں ہوتی پھر بھی آپ نے مجھے اتنی کڑی سزا دی تھی۔

۔جب میں نے وہ چپ چاپ برداشت کی ہے۔تو اب اسد خان کی جان آپ بھی حوصلہ جمع کر کے رکھے میری شدتوں کو سہنے کا۔۔

اب آپ پر میری شدتیں سہنا فرض ہے۔۔آپ کا کوئی ایکسکیوز کوئی بہانہ میں نہیں سنوں گا۔اس لیے جتنا آپ نے بہانے بنانے کے لیے خود کو تھکانا ہے۔

اس انرجی کو مجھ پر محبت کی صورت لٹھا کر ویسٹ ہونے سے بچائیں تو۔ ہو سکتا ہے میں کبھی کبھار آپ پر ترس کھالیا کروں گا۔۔

اگر آپ مجھے خوش کرنے میں کامیاب رہی تو اسی صورت میں ہی یہ ہو سکے گا۔۔اسد آپ کی باتوں سے مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے۔۔

اسد کے اتنے لمبے چوڑے لیکچر کے بعد مسکان من مناتے ہوئے بولی ۔۔لگنا بھی چاہیے کیونکہ میں جو بول رہا ہوں اسد کی جان وہ مذاق نہیں ہے۔میں نے اپنے حصے کی سزا کاٹی ہے تو آپ کو بھی سزا تو ضرور ملے گی۔۔ آپ کے اس جسم کی خوشبو کو آپ نے مجھ سے دور کیا۔اس کی سزا۔۔اسد اس کے بیوٹی بون پر اپنے لبوں سے چومتے ہوئے بول رہا تھا۔آپ نے اپنے ان لبوں کو میرے لبوں سے دور رکھ کر گناہ کیا۔۔۔اس کی سزا۔۔اسد اس کے لبوں کو اپنے لبوں میں قید کر کے اس کی نمی چوس رہا تھا۔

میری زندگی کی اتنی بہترین راتیں آپ نے مجھ سے دور رہ کر میری محبت کے لمحوں میں جو کٹوتیاں کی ہیں۔

وہ سب میں آپ کے وجود سے سود سمیت واپس لوں گا۔اور آپ کو پتہ ہے کہ اسد خان اپنے پیار کی لمحوں میں کٹوتی برداشت کرنے والا بندہ نہیں ہے

--

اس کے سوا اسد آپ کو ہر چیز کے لیے معاف کر سکتا ہے۔مسکان بے شک اسد کے سختیوں سے گھبراتی تھی۔مگر کیسے بتاتی کہ وہ ان سختیوں کو ہنستے ہنستے برداشت کر سکتی ہے۔۔

مگر اسے کسی کے ساتھ بانٹ کر جو اذیت وہ محسوس کرتی تھی۔۔وہ نہیں کر سکتی اٹھے خانم اور میرے لیے تیار ہو کر آئے۔۔پر نسس بہت دن ہو گئے ہیں میں نے آپ کو تیار ہوئے نہیں دیکھا۔۔

اسد مسکان کے اوپر سے ہٹ کر سائیڈ پر ہوتے ہوئے بولا۔۔اس وقت تیار ہونا ہے۔۔۔کیوں اس وقت آپ کو کوئی پرابلم ہے اپنے شوہر کے لیے تیار ہونے میں۔۔ نہیں میں نے ایسا تو نہیں کہا۔۔تو پھر جائیں اور قبرڑ کے اندر آپ کے لیے ڈریس رکھا ہے وہ پہن کر میرے لیے تیار ہو کر آئے۔

اسد بچے بچوں کے پاس تین کیئر ٹیکرز ہیں وہ بچوں کا خیال رکھ لیں گی ۔۔۔پرنسس میں نے آپ سے پہلے کہا ہے کہ آپ مزاحمتیں کھڑی مت کریں ورنہ جو میں نے آپ کا جو تھوڑا بہت احساس کر کے نرمی برتنی ہے آپ اس کی امید بھی مجھ سے مت رکھیے گا۔۔

آپ پہلے والے اسد بن جایئے اور شروع ہو جایئے مجھے دھمکیاں دینے کے لیے۔۔مسکان بڑبڑاتے ہوئے قبرڑ سے اپنے کپڑے نکال رہی تھی۔۔

اسد کے انا بھی لبوں پر مسکراہٹ پھیلی تھی جب مسکان اسد کی سختیوں سے ڈر کر یوں بڑبڑایا کرتی تھی۔

تو اسد کو ہمیشہ ہی اس پر بہت پیار آتا تھا۔

مگر اسد کو یہ اندازہ نہیں تھا کہ اس کے تین تین بچوں کی ماں بن کر بھی مسکان اتنا ہی اس سے شرمائے گی۔۔

جتنا پہلے شرماتی تھی جب وہ اسد کی شخصیتوں سے ڈرتی اور گھبراتی تھی۔۔تو اسد کو اپنی شخصیت پر بڑا ناز ہوتا تھا۔۔

وہی پٹھانوں والا غرور اس کے چہرے پر نظر آتا تھا جو اپنی بیوی کو ہمیشہ اپنے بازوں میں کمزور پڑتا ہی دیکھنا چاہتا تھا۔۔اسد اس کے لیے بہت ہی خوبصورت ریڈ کلر کی لونگ میکسی لے کر آیا تھا۔۔جس پر بہت ہی خوبصورت اور نفیس کام کیا ہوا تھا اس کے ساتھ میچنگ جیولری اور سینڈل بھی رکھے ہوئے تھے۔۔۔

مسکان سب کچھ اٹھاتے ہوئے حیرانی سے سوچ رہی تھی کہ اسد کو کیسے پتہ تھا کہ آج میں اس کے روم میں آؤں گی۔۔۔

آپ اپنے دماغ کے گھوڑے کسی اور وقت دوڑالینا پر نسس فلحال میرا قیمتی ٹائم ویسٹ مت کرو اور جا کر تیار ہو کر آؤ۔۔

مسکان کو گہری سوچ میں پڑے ہوئے دیکھ کر اسد کو سمجھ آگیا تھا کہ اس کا کیا سوچ رہی ہے۔۔

مسکان بنا کچھ بولے ہوئے واش روم میں چینج کرنے چلی گئی۔۔اسد اپنی انا بھی لبوں سے مسکراتا ہوا پیڈ سے اٹھا اور مرر کے سامنے آکر اس نے اپنا فیورٹ پرفیوم اٹھایا تھا جس کا اسے نے اپنے اوپر اچھی طرح سے چھڑکاؤ کیا۔۔وہ اپنی شرٹ کے ب بٹن کھول کر سے سوفے پر اچھال کر شرٹ لیس ہی اکر بیڈ پر دونوں ہاتھ اپنے سر کے نیچے رکھ کر سیدھا لیٹ گیا اس کی پٹھانوں والی گوری رنگت پر اس کے کالے اور گھنے چھاتی پر بال۔

بے حد جاذبے نظر لگ رہے تھے اوپر سے جم سے بنا ہوا سکس پیک والا کسرتی جسم جو اسکے ریگولر جم جانے اور اپنی فٹنس کا بے حد خیال رکھنے کا ضامن تھا۔۔

مسکان اپنی ریڈ کلر کی میکسی پہن کر مرر کے سامنے آکر اپنے بال بنا رہی تھی۔اسد مرر پر نظر رکھے ہوئے،اسے بڑے غور سے دیکھ رہا تھا،اور اپنے انابی لبوں تلے مسکرا بھی رہا تھا۔۔۔مسکان اپنے بال بنا کر باڈی سپرے لگاتے ہوئے واپس پلٹ رہی۔۔

تھی۔

پرنسس لپسٹک کیا مجھے آکر لگانی پڑے گی اسد مسکان کو بنا لپ سٹک کے ہی واپس آتے دیکھ کر بولا تھا۔۔۔۔اسد اس وقت لپسٹک کیوں لگانی ہے میں آپ کو صبح لگا کر دکھا دوں گی۔۔

مگر مجھے اسی وقت ہی آپ کے ہونٹوں پر لپسٹک دیکھنی ہے۔۔کیونکہ بہت دن ہو گئے ہیں میں نے آپ کے لپسٹک والے ہونٹوں کو ٹیسٹ نہیں کیا۔

اسد آنکھ کو دباتے ہوئے شرارتی مسکراہٹ کے ساتھ بولا تھا۔۔اس لیے آج آپ کے شوہر کا موڈ ہے کہ وہ آپ کے لپسٹک والے ہونٹوں کا ٹیسٹ فیل کرے۔۔۔مسکان کے پاس کوئی آپشن نہیں تھا سوائے اپنے خان کی بات ماننے کے۔۔

اس لیے مسکان نے چپ چاپ ریڈ کلر کی لپسٹک اٹھا کر اپنے ہونٹوں پر لگالی تھی کیونکہ اسد کو ریڈ کلر کے ساتھ ریڈ لپسٹک ہی پسند تھی۔۔

مسکان لپسٹک لگا کر اب وہیں پر ہی کھڑی تھی کہ اسد بیڈ سے اٹھ کر مرر کے پاس آیا اور مسکان کی پشت پر اپنا سینہ لگا کر اس کے پیٹ پر ہاتھ باندھ کر اسے اپنی باہوں کے گھیرے میں لیے ہوئے کھڑا ہوا تھا۔۔۔ہیپی اینی ورسری مائی بیوٹی فل وائف اجٹ اسد اور مسکان کی شادی کی دوسری اینیورسری تھی۔۔

جو مسکان کو اس وقت بالکل بھی یاد نہیں تھی۔۔آپ کو بھی ہیپی اینیورسری سوری مجھے یاد نہیں تھا۔کہ آج ہماری انیورسری ہے۔۔مسکان شرمندہ سے انداز سے بولی۔۔کوئی بات نہیں آپ یاد رکھیں یا میں ایک ہی بات ہے۔۔ مگر مجھے ہماری اینیورسری پر بہت اچھا سا گفٹ ضرور چاہیے آپ کی طرف سے اس میں میں کوئی رعایت نہیں کروں گا۔اسد مسکان کے گالوں پر اپنے گال رب کرتے ہوے مر رہیں اسے دیکھ کر مسکرا رہا تھا۔

مگر مجھے تو یاد ہی نہیں تھا کہ آج ہماری

اینیورسری ہے اس لیے میں تو کوئی گفٹ

آپ کے لیے لا ہی نہیں ہوں میری

جان آپ تو سر سے لے کر پاؤں

تک اسد خان کے لیے گفٹ ہے۔

آپ کو کہیں سے میرے لیے گفٹ

لانے کی ضرورت نہیں ہے اور نہ ہی

مجھے مصنوعی گفٹ پسند ہے۔

اسد خان کو تو نیچر سے پیار ہے اور

وہ نیچرل گفٹ ہی لینے پسند کرتا ہے

۔اسد کی آنکھوں میں جو بے باکیاں اور شرارتے مسکان کو نظر آرہی تھی۔

وہ بیچاری مسکان کو پزل کرنے کے لیے کافی تھی۔۔اب پوچھیں گے نہیں کہ مجھے کیا گفٹ چاہیے مسکان کی جھکی ہوئی نظروں کو دیکھ کر اسد نے خود سے ہی سوال کیا تھا۔

۔جی بتائیں کیا گفٹ چاہیے آپ کو۔۔۔مجھے لونگ لپ کس چاہیے۔جو آپ خود مجھے کریں گے اسد سامنے مرر پر باقاعدگی سے مسکان کے تاثرات نوٹ کر رہا تھا۔۔

اسد پلیز مجھ سے نہیں ہو گا یہ گفٹ آپ کو نہیں مل سکتا۔۔اٹپ کو جو بھی گفٹ چاہیے میں آپ کو صبح لا کر دے دوں گی۔

مگر مجھے آپ سے یہی گفٹ چاہیے۔۔آپ کو پتہ ہے میری جو ضد ہوتی ہے اسے تو میں ہر حال میں پورا کر کے ہی رہتا ہوں۔۔

اسد پلیز آپ کو پتہ ہے مجھ سے نہیں ہو گا اسد نے مسکان کی حالت اس وقت نے رو دینے والی کر دی تھی۔۔

یہ آپ کی آنکھیں ابھی سے نم ہونے لگ گئی ہیں پر نسس ابھی تو پارٹی شروع ہوئی ہے۔۔اسد اسے اپنی طرف گھما کر اس کے چہرے کو نزدیک سے دیکھتے ہوئے۔۔۔

اس کی گردن پر اپنے محبت بھرے لمس چھوڑنے لگا تھا۔۔آپ اس وقت میرے تین بچوں کی ماں ہیں اور آپ کی شرم دیکھ کر مجھے ایسے لگتا ہے جیسے آج ہمارے فرسٹ گولڈن نائٹ ہے۔۔

مسکان کی حالت پر اسد کو ترس اور پیار دونوں
آرہے تھے۔۔۔مجھے تو لگتا ہے کہ جب میں دادا اور نانا بھی بن جاؤں گا تو
میری پرنسز مجھ سے اسی طرح سے شرمایا کرے گی۔۔

ایک منٹ سے پہلے اپنی آنکھیں صاف کر وڈرپوک لڑکی میں خود لے لوں گا
جو کچھ مجھے آپ سے چاہیے ہو گا۔۔رونا بند کریں مسکان کے آنسوؤں کو اپنی
ہتھیلیوں سے صاف کرتے ہوئے اسد نے روم کے اندر میوزک پلیئر میں
ایک رومینٹک سونگ پلے کر دیا تھا۔۔

اور روم فرج میں سے چھوٹا سا بیوٹی فل کیک لا کر ٹیبل پر رکھ کر اس پر ایک
کینڈل لگائی اور مسکان خوف ہاتھ سے پکڑ کر ٹیبل کے پاس لے آیا مسکان
فل ریڈ کلر کی میکسی میں بہت خوبصورت لگ رہی تھی۔۔۔

مگر اسد صاحب نے تو اس وقت شرٹ تک بھی نہیں پہن رکھی تھی وہ شرٹ لیس ہی مسکان کے ساتھ کیک کٹ کر رہا تھا۔۔

کیک کٹ کر کے مسکان نے ایک چھوٹا سا پیس اٹھا کر اسد کے منہ میں ڈالا اسد نے بھی ایک چھوٹا سا پیس اٹھا کر مسکان کے ہوم میں ڈالا تھا۔۔

جس کا تھوڑا سا حصہ مسکان کے ہونٹوں پر لگ گیا مسکان نے ٹشو سے صاف کرنا چاہا تھا۔۔ مگر اسد اس کا ہاتھ تھامے ہوئے اپنا چہرہ اس کے قریب لے گیا اور اس کے لبوں پر اپنے لب رکھ کر کیک کو ویسٹ ہونے سے بچا لیا تھا۔۔

مگر اسد مسکان کی لپسٹک کو ویسٹ ہونے سے نہیں بچا سکا تھا۔۔۔ وکیونکہ جب اسد پیچھے ہٹا تو مسکان کے کیوٹ سے لپس کے اوپر لپ سٹک نام کی کوئی چیز بھی موجود نہیں تھی۔۔

صرف اس کے نیچرل پنک ہونٹ ہی نظر آ رہے تھے۔۔ اسد نے اتنی صفائی کے ساتھ مسکان کی لپسٹک کا صفایا کیا تھا کہ۔۔

دیکھنے والا بالکل نہیں کہہ سکتا تھا کہ مسکان نے لبوں پر کچھ منٹ پہلے ریڈ کلر کی لپسٹک بھی لگائی تھی۔۔

اس کے بعد مسکان کو ہاتھ سے پکڑ کر کھڑا کرتے ہوئے اسدرومینٹک سونگ پر مسکان کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے خود کے بے حد قریب کرتے ہوئے ہلکا ہلکا سا رومینٹک ڈانس کرنے لگا۔۔

° پی لوں تیرے گیلے گیلے

°ہونٹوں سے شبنم پی لوں

° ہے ہیں پینے موسم

° تیرے سنگ عشق طاری ہے کیا

° تیرے سنگ اک خماری ہے کیا

°تیرے سنگ چین بھی مجھ کو

°تیرے سنگ بے قراری کیا

اس سونگ پر اسد آہستہ آہستہ مسکان کے ساتھ کپل ڈانس کرتے ہوئے۔

اس کے بے حد نزدیک ہوتے جارہا تھا۔۔

مسکان کی گردن پر اپنے لب رکھ کر وہ اپنے لمس چھوڑ رہا تھا۔۔اب مسکان کی گالوں کو چومتے ہوئے اس کی آنکھوں کو چومنے لگا تھا۔

اب اس کی نظر اس کے نیچرل بینک ہونٹوں

پر آکر رکھی گئی تھی۔۔جن کو وہ فورن اپنی قید میں لے گیا۔۔مسکان سوائے اپنے ناخن اسد کی کمر پر چبھونے کے اور کچھ نہیں کر سکتی تھی۔۔

وہ جتنا مرضی چھٹپٹا لیتی اسد نے اپنی مرضی سے ہی پیچھے ہٹنا تھا

۔۔۔۔مسکان کی سانسیں ہمیشہ کی طرح اسد روکے ہوئے کھڑا تھا۔۔

اسد نے جب مسکان کی حد سے زیادہ اکھڑی ہوئی سانسوں کو محسوس کیا تو تھوڑا پیچھے ہٹا تھا۔۔

اور مسکان کے چہرے کو غور سے دیکھتے ہوئے بڑے ہی دلکش انداز سے مسکراتے ہوئے نیچے جھکا اور مسکان کو اٹھا کر بیڈ پر لے آیا تھا۔۔

اسد کی آنکھوں میں جو محبت کے تقاضے تھے مسکان ان کو دیکھتے ہوئے فورن سے نظریں جھکا گئی تھی۔

اسد اسے بیڈ پر لیٹا کر خود مسکان پر گھٹا کی ماند چھا گیا۔۔۔مسکان کے وہ کے وجود سے اسد اپنی ہر اداسی والے لمحے کا حساب پورا کر رہا تھا۔۔
جو اس نے بولا تھا وہ سب وہ کر کے دکھا رہا تھا مسکان اس کی باہوں میں پگلنے لگی تھی۔۔مسکان سے اسد کی بے تابیاں سہنا مشکل ہو رہی تھی۔۔

اسد نے مسکان کی کمر کی قبر پر ہاتھ رکھ کر مسکان کی زپ کو کھول دیا تھا۔۔
مسکان کے کاندھوں سے میکسی کو سرکہ کر وہاں پر اسد نے اپنے لب رکھے تو مسکان ایک گہری جس کی لی تھی۔۔

اسد اپنی محبت کی بارش سے مسکان کو بھگو رہا تھا۔۔مسکان کی سانسیں تیز ہونے لگی اسد ہر گزرتے پل کے ساتھ مسکان پر اپنی محبت کی بارش کیے جا رہا تھا رات گزرنے لگی تھی

مگر اسد اپنے ہر پل کا حصہ مسکان سے پورا کر رہا تھا۔۔پتا نہیں رات کے کس پہر جا کر اسد تھوڑا سا شانت ہوا۔۔اور مسکان کی جان چھوٹی تو مسکان نے شکر ادا کیا۔۔۔

مسکان جان چھوٹتے ہی ہمیشہ کی طرح گہری نیند میں سو گئی تھی۔۔اور وہی اسد کا ہمیشہ والا انداز جو مسکان کو اس طرح اپنی محبت کی شدتوں سے ٹوٹ کر اپنی باہوں میں پڑے ہوئے دیکھا۔۔۔تو اپنی انا بی دل اس لبوں سے مسکرا رہا تھا۔۔

وہ اسلام کو اپنے سینے پر لٹائے ہوئے مسکان کے نازک سے وجود کو وہ کمبل میں لپیٹے کر اپنے ساتھ لگائے ہوئے تھا

اور خدا کا شکر ادا کر رہا تھا کہ ہجر کی راتوں کا آخر ملن کے سویروں نے آکر خاتمہ کر دیا۔۔

اسد کے کان میں فجر کی اذان کی آواز گونجی تو وہ اٹھ کر واش روم میں غسل کی نیت سے چلا گیا۔۔

کیونکہ وہ نمازوں کا پابند تھا پوری رات نہ سونے کے باوجود بھی وہ فجر کی نماز نہیں چھوڑ سکتا تھا اس لیے فجر کی نماز کے بعد سونے کا ارادہ کر کے وہ مسکان کے ماتھے پر بوسہ کر کے مسکان کو تکیے پر لیٹا کر خود واش روم چلا گیا۔۔۔

---

55 °°°°°°°

جب سے آفس آیا تھا پتہ نہیں اس کا دل اتنا بے چین کیوں تھا۔ وہ ایک عجیب سی گھبراہٹ محسوس کر رہا تھا حالانکہ ارد گرد سب کچھ ٹھیک تھا گھر میں بھی

وہ دل کو نارمل سوتا ہوا چھوڑ کر آیا تھا گھر میں دل کے لیے اسفند نے دو دو نرسس رکھی ہوئی تھی۔۔

اسفند اپنے دو ضروری پروجیکٹ پر کام کر رہا تھا۔اس لیے آفس آنا ضروری تھا ایک تو اب تک امجد کا کوئی پتہ نہیں چل رہا تھا کہ۔وہ کون سی بل میں گھسا ہوا ہے۔۔

اور جب تک اسفند اور اسد اس دھوکے باز کو پکڑ نہ لیتے انکو سکون کہاں ملنے والا تھا۔اور دوسرا ابھی تک انابیہ کے گنہگار بھی پکڑے نہیں گئے تھے۔۔

اس لیے یہ دونوں پروجیکٹ ہی اسد اور اسفند کے لیے بہت اہم تھے جن پر بہت تیزی سے سلیم توبہ کے ساتھ مل کر کام کر رہے تھے۔اسد کی نگرانی میں یہ سارا کام بہت تیزی سے کی منزل کی طرف تھا۔۔۔

اسفند کو امید تھی کہ انشاءاللہ بہت جلد یہ لوگ گنہگاروں کی گردنوں تک پہنچ جائیں گے۔ مگر یہ بے وقت جو سے گھبراہٹ ہو رہی تھی۔اسفند کو اس کی سمجھ نہیں آرہی تھی کہ اسے کیا ہو رہا ہے۔۔

ہیلو ٹائیگر کن سوچوں میں گم ہو۔۔اسد اسفند کے روم کو نوک کیے بنا ہی آفس روم میں آیا تھا

کچھ خاص نہیں بس وہی ہمارا جو پروجیکٹ چل رہا ہے اسی پر کام کر رہا ۔۔اسفند بڑے تھکے سے انداز سے جواب دیا تھا۔۔اب تو پریشانی ختم ہونے کو ہے انشاءاللہ دو تین دن کے اندر تو بہ ہمیں ہیک کر کے امجد کا پتہ بتادے گی۔۔اسد کو لگا کے اسفند کیس کی وجہ سے پریشان ہے۔۔۔

میری ابھی تھوڑی دیر پہلے ہی توبہ سے بات ہوئی ہے اس لیے تمہیں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔۔ باقی اور سناؤ دل ٹھیک ہے۔۔ اسد اپنی بہن کی خیر خبر پوچھ رہا تھا۔۔

ہاں یار سب کچھ ٹھیک ہے دل بھی بالکل ٹھیک ہے مگر یار مجھے بہت گھبراہٹ ہو رہی ہے۔ مجھے کچھ اچھی فیلنگز نہیں آ رہی ایسے لگ رہا ہے جیسے کوئی خطرہ کوئی مصیبت بالکل ہمارے نزدیک ہے میں سمجھ نہیں پا رہا کہ سب کچھ نارمل ہونے کے باوجود میں ایسا فیل کیوں کر رہا ہوں۔۔

یار ایسا کچھ بھی نہیں ہے مجھے لگتا ہے کہ میری بہن نے تمہارے دماغ کو کافی ڈیمج کر دیا ہے چیزیں مار مار کر اس لیے تمارے دماغ میں الگ الگ طرح کے وسوسے آ رہے ہیں..

اور کچھ بھی نہیں اسد نے اسفند کی پریشانی کو ہوا میں اڑاتے ہوئے اس کا موڈ نارمل کرنے کی کوشش کی تھی۔۔اور ساتھ میں ہی کافی کی فرمائش کر دی اسد کو اسفند کے چہرے سے اس کی پریشانی نظر آ رہی تھی۔۔

اور اسد اسفند کو پریشان چھوڑ کر تو نہیں جا سکتا تھا اس لیے وہ کافی پینے کے بہانے بہت دیر تک اسفند کے پاس بیٹھا رہا۔۔اسد کے بیٹھنے سے اسفند کا موڈ کافی حد تک بہتر ہو گیا تھا۔اس وقت وہ دونوں بیٹھے ہوئے اپنے دونوں کیس ڈسکس کر رہے تھے۔

اسد مسکان اس چھوٹی بچی کے ساتھ ایجسٹ ہو گئی ہے۔ایک دم سے اسفند کے دماغ میں مسکان کا خیال آیا تھا۔انابیہ کی بیٹی کو لے کر۔۔ہاں یار اللہ کا شکر ہے مسکان نے اس بچی کو دل سے ایکسیپٹ کر لیا ہے اور وہ اس بچی کا بہت خیال رکھتی ہے بالکل اپنے بچوں کی طرح۔۔۔یہ تو گڈ پھر گڈ ہو گیا اسفند نے مسکان کا اس بچی کو ایکسیپٹ کرنا سراہا تھا۔

اور مسکان کیسی ہے وہ ٹھیک ہے۔۔۔ہاں ماشاءاللہ بالکل ٹھیک ہے اسد نے بہت خوش دلی سے بتایا تھا کہ مسکان اب ٹھیک ہے۔۔

اور وہ دونوں شہزادہ اور شہزادی ارحم اور عنایہ کیسے ہیں وہ بھی بالکل ٹھیک ہیں۔۔ مگر اپنے ماموں اور پپو کو بہت مس کرتے ہیں۔۔جناب ذرا چکر لگالو ہماری طرف آپ کی بہن خوش ہو جائیں گی۔اور آپ کے بھانجا اور بھانجی بھی۔۔

ہاں یار انشاءاللہ میں کل صبح تمہاری طرف چکر لگاؤں گا کیونکہ دل بھی دو دن سے بہت ضد کر رہی ہے بچوں سے ملنے کی تو میں آفس میں آتے ہوئے اس کو چھوڑتا آؤں گا۔۔اور آفس کے بعد میں بھی بچوں کے ساتھ کچھ وقت گزار لوں گا۔۔

موسٹ ویلکم ویٹ کریں گے ہم لوگ۔۔اسد اسفند کے آنے کا سن کر کافی خوش تھا۔۔اور سناؤ میری بہن تمہاری خاطر تواضہ اچھی کرتی ہے۔اسفند اپنی شرارتی موڑ میں آرہا تھا۔۔

تم تو اپنا منہ بند ہی رکھا کرو اپنی بہن کی چھوڑو پہلے میری بہن کی بتاؤ کہ وہ تمہاری خاطر تواضع اچھی طرح سے کرتی ہے۔۔اچھے پھنسے ہو اسفند شہریار ساری دنیا کو انگلیوں پر نچانے والا سب کو اپنی دھاڑ سے چپ کروانے والا میری بہن کے ہتھے چڑھ کر کیسا بھیگی بلی بنا رہتا ہے۔۔

تو یار تم نے مجھے بہن تھوڑی دی ہے وہ تو قسم سے کسی گینگسٹر کی بچی لگتی ہے مجھے تو۔اسفند کو کوئی شرمندگی نہیں تھی کہ اسد اسے کیا بول رہا ہے۔اسفند شہریار دل بہت خوش قسمت ہے کہ اسے اسفند شہریار ملا ہے۔۔

میں تو خدا کا جتنا بھی شکر ادا کروں کم ہے کہ میری اکلوتی بہن کی قسمت میں میرے رب نے اسفند شہریار کو لکھا۔۔

تم سے بہتر ہم سفر میری بہن کو کبھی نہیں مل سکتا تھا۔۔چپ کر پگلے رلائے گا۔۔اسد نے مذاق سے کہا تھا۔۔یارا اتنی تعریفیں مت کیا کر تیرے منہ میں جچتی نہیں ہے۔۔ہاں تیری شکل ہی تعریف کے لائق ہی نہیں ہے تو جب تعریف کروں گا تو جچے گی کیسے۔۔

دونوں شروع ہو گئے تھے ایک دوسرے کو مزاق میں تنز مارنا۔ویسے خوش قسمت تو میری بہن بھی ہے۔جسے اسد خان ملا ہے غیرت والا اور ہمت والا ۔ویسے تو بھی میری تعریف مت کیا کرو قسم سے مصنوعی لگنے لگتی ہے۔۔ اسد کہاں پیچھے رہنے والا تھا ایٹ کا جواب پتھر سے دے رہا تھا۔۔دونوں کافی دیر تک ایک دوسرے سے باتیں اور بحث کرتے رہے اتنے دنوں کے بعد وہ ایک ساتھ بیٹھ کر کافی اچھا محسوس کر رہے تھے۔۔

ان کی گپیں تھی کہ ختم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہی تھی مگر آفس میں کام بہت تھا اس لیے

مجبورن دونوں کو اپنے اپنے کام پر واپس لگنا پڑا اسد اٹھ کر اپنے کیبن میں جا چکا تھا اور اسفند لیپ ٹاپ کھول کر اس پر اپنا پروجیکٹ بنانے لگا۔۔۔

ooooo

اسد۔ ہمم۔ آپ نے مجھے اینیورسری پر گفٹ کیوں نہیں دیا۔ دوں گا اسد کی جان مسکان اسد کے سینے پر سر رکھ کر لیٹی ہوئی تھی۔ کب دینگے مجھ سے تو فورن سے بھی پہلے اپنا گفٹ آپ نے وصول کر لیا تھا۔ وہ اسد کی شرٹ کے بٹنوں کے ساتھ پیار سے چھیڑ چھاڑ کرتے ہوئے بولی تھی۔ خان کی کی جان جیسا گفٹ مجھے چاہیئے تھا اگر ویسا ہی گفٹ آپکو بھی مجھ سے چاہیے تو میں ابھی دے دیتا ہوں۔ اسد کر جو سیدھا لیٹا ہوا تھا اور مسکان اسد کے سینے پر سر

رکھے ہوئے لیٹی ہوئی تھی اب اسد کروٹ لے کر اس کے اوپر آ گیا تھا۔ن نہی مجھے یہ والا گفٹ نہیں چاہیے۔مسکان اسد کو اپنے منہ پر جھکاتا ہوا دیکھ کر مسکان شرما کر آنکیں بند کر کے بولی۔۔

ہاہاہا کیوں اس گفٹ سے ڈر لگتا میری خانم کو اسد
قہکا لگا کر ہنستے ہوئے بولا۔ چلو خانم کیا یاد کرو گی آپ کو آپ کی پسند کا گفٹ دے دوں گا۔یہ والا گفٹ میری طرف سے بونس سمجھ کر رکھ لینا۔

اسد نے مسکان کے منہ کو اپنی مضبوط ہتھیلیوں میں لے کر اس کے نیچرل پنگ ہونٹوں کو دیکھتے ہوئے کہا۔اسد پلیز اس وقت نہیں مجھے آپ سے باتیں کرنی ہے۔مسکان نے اپنے منہ پر ہاتھ رکھ لیا تھا۔

اسد کی جان آپ بولو میں سن رہا ہوں۔ مگر پلیز بونس لینے سے منع مت کرو پرنسس ورنہ میرا دل ٹوٹ جائے گا۔اسد مسکراتے ہوئے مسکان کے ہاتھ کو اس سے کی چہرے سے ہٹا رہا تھا۔

اسد مسکراتے ہوئے اس کے لبوں پر جھکا اور اس کی نازک سے ہونٹوں کو اپنے دل کش ہونٹوں کی قید میں لے گیا۔ مسکان نے اسد کے کاندھوں کو اپنے ہاتھوں سے زور سے پکڑ رکھا تھا۔

۔اسد مسکان کے لبوں سے بڑی محبت کے سے نمی جوس کر پیچھے ہٹا۔

پرنسس۔جی

میرا دل کیوں نہیں بھرتا آپ کو پیار کر کے میں جتنا آپ کو پیار کرتا ہوں جتنا آپ کے قریب جاتا ہوں میرا دل اس سے زیادہ کی تمنا کرتا ہے۔اور آپ کا یہ شرمانا تو میرے دل پر وار کرتا ہے۔

میری زندگی میں آنے کا شکریہ پرنسس اسد نے مسکان کے ماتھے پر بوسہ دیتے ہوئے اپنی محبت کا اظہار کیا تھا۔اور آپ کا سرپرائز گفٹ آپ کو صبح مل جائے گا۔گفٹ کیا ہے مسکان نے بڑے تجسس سے پوچھا۔

میری خانم کو کیا چاہیے۔اسد آپ بتائیں کہ آپ نے میرے کیا گفٹ لیا ہے ۔اسد کی جان سرپرائز بتایا نہیں جاتا۔چلو ٹھیک ہے پھر مجھے اچھا سا گفٹ چاہیے۔آپ کہیں تو گفٹ میں آپ کو اپنا دل نکال کر دے دوں۔اسد نے پیار سے مسکان کے گال پر دانتوں سے کاٹتے ہوئے کہا۔

اللہ نہ کرے اسد کیسی باتیں کرتے ہے آپ مسکان نے اپنا ہاتھ اسد کے منہ پر رکھ کر اسے روکھا تھا۔اللہ آپ لمبی زندگی اور صحت دے آپ کا سایہ ہمیشہ میرے سر پر سلامت رہے خدا آپ کو میری عمر بھی لگا دے۔

اوراس عمر کا میں کیا کروں گا جس میں میری خانم نہ ہو پر نسس آپ کے بنا جینے کی کوئی خواہش نہیں ہے۔ میری اپنے رب سے دعا ہے جب تک جیوں اپث کے ساتھ جیو اور جب سانسیں رکے تب بھی آپ کے ساتھ ہی رکے۔ اسد مسکان کے چہرے پر اپنی دلکش لبوں کے لمس چھوٹ رہا تھا۔

اسد کی محبت بھرے لمسوں سے مسکان کے جسم پورے وجود میں بجلی سی دوڑ رہی تھی۔ اسد کو بے لگام ہوتے ہوئے دیکھ کر اس کان کو خیال آیا کہ اسے ابھی بچوں کے روم میں جانا تھا۔

اسد مجھے ابھی بچوں کے روم میں چکر لگانا ہے۔ ششش اس وقت کچھ مت بھو لیے گا آپ کے کو اچھی طرح سے پتہ ہے کہ میرے محبت کے لمحوں میں رکھاوٹ مجھ سے برداشت نہیں ہوتی۔

اس وقت اپث صرف اسد خان کی بیوی ہے اور آپ پر ہے کہ آپ میرے دل کو اپنی محبت سے سکون دیجیے۔۔

اور اپنی ماں ہونے کا فریضہ بعد میں آرام سے انجام دے لینا۔ وہ کہتا ہوا مسکان کی بیوٹی بون کو چوم رہا تھا۔ مسکان ہمیشہ کی طرح اسد کی محبت کی تپش میں پگھلنے لگی تھی۔۔

مسکان اسد کے زرا سے سرد لہجے سے ہی خاموش ہو گئی تھی۔ اسد کو مسکان کی یہ تھا بہت پیاری لگتی تھی جب وہ بنا بحث کیے فوراً چپ ہو جاتی تھی۔ اسد مسکان کے وجود پر اسد اپنی منمانی کر رہا تھا اسد کا ایک ہاتھ مسکان کی قمیض کے گلے پر لگے ہوئے بٹنوں پر اپنا کام کر رہا تھا۔ اسد پلیز۔ اسد کی جان آپ کا مصلہ کیا ہے۔ مسکان نے اپنی قمیض کے گلے اپنی مٹھیوں میں بڑی مضبوطی سے پکڑ لیا تھا۔

لائٹ جل رہی ہے وہ شرماتے ہوئے اسد کی طرف دیکھ بھی نہیں پا رہی تھی اس کا دل سو کی سپیڈ سے دھڑکنا شروع ہو گیا تھا۔ آپ کو پتہ ہے کہ آپ میرے تین تین بچوں کی ماں ہے۔ مگر آپ کی شرم وحیا ہے کہ وہ نہ کم ہوئی تھی ہو گی۔ اسد نے مسکان کے شرمائیں ہوئے چہرے کو بڑی محبت سے اپنے لبوں کا بوسہ دیتے ہوئے کہا۔

پلیز لائٹ بند کر دے۔ نہیں ہو سکتی کیونکہ مجھے اپنی خانم کو شرماتے ہوئے دیکھنا ہے۔ وہ اپنے دل کش لبوں سے مسکرا رہا تھا۔ مسکان کے ہاتھوں کو بڑی نرمی سے پکڑ کر اس کے سر کی طرف پن کر دیا۔ ایک ایک کر کے مسکان قمیض کے سارے بٹن کھول چکا تھا۔

اور وہاں پر اپنے سلگتے ہوئے لبوں کو رکھ کر سکون دے رہا تھا۔۔ مسکان سانسیں تیز ہونے لگی تھی گلہ خشک ہو گیا۔ وہ اپنی شرٹ کے بٹن کھول کر

شرٹ کو زمین پر پھنکتے ہوئے۔ مسکان کے پیٹ سے شرٹ ہٹا وہاں پر اپنے لبوں کے لمس چھوڑ رہا تھا۔ مسکان سسکاریاں بھرنے لگی۔

اب وہ مسکان کے کی قمر پر پڑنے والے بل کو چوم رہا تھا مسکان خود میں ہی سمٹتی جا رہی تھی۔

کمرہ فل روشن تھا۔ مسکان نے شرم سے اپنی

آنکھوں کو بند کر رکھا تھا۔ اسد اور مسکان کی شادی کو تین سال گزر چکے تھے ، مگر اسد کے پیار کرنے کا انداز آج بھی پہلے دن جیسا ہی تھا۔

اسد جس جنون کے ساتھ اپنی محبت مسکان پر نچھاور کرتا تھا اس کا انداز دیکھ کر ایسا لگتا تھا کہ جیسے آج ان دونوں کی قربت کی پہلی رات ہے۔

اور مسکان کی آنکھوں میں آج بھی اتنی ہی جھجک اور شرم وحیا تھی جتنی وہ پہلے دن اسد کو دیکھ کر شرماتی تھی۔اور صد ہمیشہ کی طرح مسکان کی جھکی ہوئی پلکوں اور شرمائے ہوئے چہرے کو دیکھ کر بہک جاتا تھا۔

اسد اور مسکان بے شک ایک پرفیکٹ جوڑی تھی اور بے مثال تھی ان دونوں کے محبت۔اسد کی بے باکیاں بڑھتی جارہی تھی۔اور شرم سے مسکان کے پورے جسم میں کپکپی طاری تھی۔

اسد پلیز لائٹ بند کر دیں مسکان کی آواز اور لہجہ اسد کی محبت میں چور تھا۔ کیوں کر دوں لائک بند میری خود کی بیوی ہے میرے ساتھ اس لیے مجھے تو شرم نہیں آرہی۔خانم آپ کو آرہی ہے اس کا میں کچھ کر نہیں سکتا۔۔ہمیشہ ہی لائٹیں بند کروادیتی ہو۔

مجھے تو آج اپنی خوبصورت خانم کو دیکھنا ہے اس لیے مجھ سے ایسی مت رکھیے کہ میں لائٹ اوف کروں گا۔اسد پلیز۔۔مسکان پلیز۔اسد نے مسکان کی نقل اتار کر ہنستے ہوئے کہا تھا آپ کو اس وقت سوائے اسد پلیز کہ اور کوئی جملہ کیوں نہیں سوچتا پر نسس۔

اسد مسکان کی حالت سے محظوظ ہو کر ہنس رہا تھا۔مسکان کو شرم سے لال ہوتے تھے دیکھ کر اسد کو ہنسی آ رہی تھی کوئی کہہ سکتا ہے کہ آپ میرے تین بچوں کی ماں ہیں اپنی حالت دیکھو خانم آپ کے گال لال ٹماٹر کے جیسے ہو رہے ہیں، شرم سے ویسے ایک بات ہے میرے پاس آتے ہی آپ کا نیچرل میک اپ ہو جاتا ہے آپ کو میرا تھینک یو کرنا چاہیے۔۔

اسد مسکان کے پیٹ پر اپنا ہاتھ رکھے ہوئے اپنے لبوں سے مسکان گال کو بڑی محبت سے چوم کر ہنستے ہوئے بول رہا تھا، جب کہ مسکان نے اپنی آنکھیں شرم سے بند کی ہوئی تھی۔

آنکھیں کھولیں اور میری طرف دیکھوں کب تک

آپ مجھ سے شرماتی رہا کروں گی۔

آپ کو اچھی طرح سے پتہ ہے مجھ سے نہیں دیکھا جائے گا اسد پلیز مت تنگ کیا کریں۔ تین بچے ہونے سے کیا ہوتا ہے بندہ بے شرم تھوڑی ہو جاتا ہے۔ آپ کا کیا ہے آپ تو پہلے دن سے بڑے بے شرم تھے۔ چلو جان ہم پہلے دن سے بے شرم ہے تھوڑی سی بے شرمی تو اب آپ کو بھی دکھانی چاہیے۔ تین بچوں کے بعد کم سے کم ہمارے اس خوبصورت لمحے میں ایک بار میری طرف آنکھیں اٹھا کر دیکھ تو لو۔ مجھ سے نہیں دیکھا جاتا آ لائٹ بند کریں پلیز

۔

آج تو کسی صورت لائٹ بند ہونے والی نہیں ہے اسد نے مسکان کے کان میں سرگوشی کرتے ہوئے کان کی لو کو اپنے دانتوں تلے ہلکا سا دباؤ دیا تھا۔ اسد کی اس حرکت سے مسکان کے پورے جسم میں بجلی سی دوڑ گئی تھی۔۔

اسدا گر آپ نے لائٹ بند نہیں کی تو کل سے میں آپ کے ساتھ روم میں سوؤں گی ہی میں جا کر بچوں کے روم میں سویا کروں گی۔ مسکان نے اپنی طرف سے ایک بہت بڑی دھمکی اسد کو دی تھی۔ جس کا اسد پر تو خاک بھی اثر نہیں ہوا تھا۔

تو کوئی بات نہیں میں بچوں کے روم سے آپ کو اٹھا کر لے آیا کروں گا۔ ماچس کی ڈبیا جتنا وزن ہے آپ کا۔ مجھے تو ایسا لگے گا کہ چلو میری تھوڑی ورزشی ہو گئی ہے۔

تین تین بچوں کے باپ بن گئے ہیں اور شادی کو تین سال گزر ہو گئے ہیں ۔ مگر شوق ایسے ہیں جیسے ابھی آپ کی شادی کو ایک دن یہ گزرا ہو۔

ابھی تو تین بچے ہوئے ہیں خانم اگر بچے دس بھی ہو جائیں اور شادی کو 10 سال بھی گزر جائیں گے تو اسد خان ایسا ہی رہے گا۔نہ تو محبت کم ہو سکتی ہے ۔اور نہ ہی آپ کے وجود سے سکون پانے کا میرا جنون۔

میں جب جب آپ کے پاس آتا ہوں میری طلب اور بڑھتی جاتی ہے۔آپ کو پتہ ہے جب تک آپ مجھے سکون نہیں دیتی اور مجھے اپنا آپ ادھورا لگتا ہے۔

وہ باتیں کرتے ہو مسلسل اپنے لبوں کے لمس مسکان کے وجود پر چھوڑ رہا تھا

۔

مسکان میں اب بولنے کی بھی ہمت باقی نہیں تھی کیونکہ وہ اسد خان تھا جو کہتا تھا اس نے وہ کرنا ہوتا تھا۔

اس لیے مسکان کو اندازہ تھا کہ اس کی مزحمتیں بیکار ہیں اگر اسد نے کہا ہے کہ روم میں لائٹ جلے گی تو چلے گی۔اس لیے وہ ہار مان کر چھپ کر گئ تھی۔

اسد کو مسکان کی حالت دیکھ کر اس پر تھوڑا سا ترس آگیا تھا اور اس نے پاؤں سے کمبل کو کھینچتے ہوئے مسکان کو کور کر کے اپنے ساتھ لگا لیا تھا۔

مسکان نے تھوڑا شکر کا کلمہ پڑھا چلو اس بندے کو خود سے مجھ پر تھوڑا ترس تو آیا۔رات پڑھنے لگی تھی چاندنی رات اسد اور مسکان کی ایک اور خوبصورت ی رات بھی جڑنے جا رہی تھی۔

اور پوری شدت کے ساتھ اسد مسکان کو اپنی قربتوں سے توڑتا ہوا اپنی محبت نچھاور کر رہا تھا۔بے شک اسد کی قربتیں بہت جان لیوا ہوتی تھی۔
مگر جس محبت کے ساتھ اسد مسکان پر اپنی محبت کا عکس چھوڑتا تھا۔

مسکان ٹوٹ کر بھی خود پر سکون ہی محسوس کرتی تھی۔اسد کی قربتوں سے ٹوٹ کر مسکان اسد کے سینے پر سر رکھ کر سو گئی۔

اور اسد ہمیشہ کی طرح اپنے اس خوبصورت لمحے کو بڑے دلچسپ انداز سے دیکھ رہا تھا۔اسد مسکان کی پیشانی سے اپنی انگلی سے بالوں کو پیچھے کرتے ہوئے اس کے ماتھے کو چوم کر آہستہ سے بولا آئی لو یو مائی بیوٹی فل وائف۔۔
پتہ نہیں کتنی دیر وہ اپنے اس خوبصورت لمحے کو دیکھتا رہا جب اس کی خانم اس کی قربتوں سے ٹوٹ کر اس کے سینے میں سر چھپائے ہوئے بے فکری کی نیند سو رہی تھی۔۔

اسد نے نے مسکان کی کمر کے گرد اپنی دونوں ہاتھوں سے اپنی باہوں کا حسار بنا رکھا تھا۔

اس کے چہرے کو دیکھتے دیکھتے اسد خود بھی نیند کی وادیوں میں کھونے لگا ۔دونوں کی زندگی کی ایک اور خوبصورت رات اپنے اختتام کی طرف جارہی تھی۔ایک نئی صبح ویلکم کے لیے تیار تھی۔

oooooooooooooo

دل جان کدھر ہو جلدی چلو مسکان اور اسد ہمارا ویٹ کر رہے ہیں۔آرہی ہوں بس پانچ منٹ دل آپ کے پانچ منٹ پچھلے دو گھنٹے سے چل رہے ہیں اب اگر پانچ منٹ میں آپ باہر نہیں آئی تو میں آپ کو چھوڑ کر آفس چلا جاؤں گا۔

اسفند کب سے لانچ میں بیٹھا ہوا دل کا انتظار کر رہا تھا مگر دل بڑے آرام سے تیار ہو رہی تھی، جا کر دکھائیں مجھے چھوڑ کر آئے۔

دل کو اسفند کی طرف سے جتنی محبت اور پیار ملتا تھا دل پر اسفند کی اس چھوٹی سی دھمکی کا خاک اثر ہونا تھا۔

دل میں سچ میں چلا جاؤں گا وہ ہنستے ہوئے بولا دل ٹپ ٹپ کرتی ہوئی اسفند کے پاس آکر اپنے کمر پر ہاتھ رکھے ہوئے کھڑی ہو گئی۔

اور اپنی آنکھوں کو گول کر کے اسفند کو گھور رہی تھی اس کی چوٹی سی ناک اس نے سنگوڑ کر اور بھی چھوٹی کر رکھی تھی۔

وہ بلیک کلر کی فراک پہن کر بالوں کی ہائی پونی کر کے لائٹ سا میک اب کیے ہوئے بے حد خوبصورت لگ رہی تھی۔

کیا کہا آپ نے مجھے چھوڑ کر چلے جائیں گے جا کر دکھائیں پھر۔ اسد اسے تنگ کر رہا تھا ٹھیک ہے اگر آپ کہتی ہیں تو میں چلا جاتا ہوں،

وہ اٹھ کر باہر کی طرف جانے لگا دل نے اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے اپنی طرف کھینچا تھا۔ مگر دل اپنا توازن برقرار نہ رکھ سکی تھی۔

جسکی وجہ سے اس کا پاؤں پھسل گیا اسفند نے بروقت دل کے کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے اپنے ساتھ لگا کر گرنے سے تو لیا بچا لیا۔ مگر اسفند کا رنگ زرد پڑ گیا تھا۔ یہ سوچ کر کہ خدانخواستہ اگر دل گر جاتی تو کتنا بڑا حادثہ پیش آسکتا تھا۔

اسفند کو خود پر ایک دم سے اتنا غصہ آیا کہ کیوں وہ دل کو اس طرح کی بچکانا حرکتوں پر اکساتا ہے کیونکہ اسفند نے دل کو بچوں کی طرح رکھا ہوا تھا۔ وہ دل سے کوئی امید بھی نہیں رکھتا تھا۔ کہ دل میں مجبور ہو کر خود کو سنبھالے۔ حالانکہ دل اس وقت 21 سال کی ہو چکی تھی

مگر اسفند کی نظر میں دل کی عمر اب بھی بہت کم تھی وہ اسے بچوں کی طرح ہی ٹریٹ کرتا تھا دل اسفند سے 12 سال چھوٹی تھی۔ اس کا کوئی شوق بھی نہیں تھا کہ دل بڑی ہو یا میچور ہو کر اس کا خیال رکھیں۔

وہ خود بھی دل کو بچا ہی دیکھنا چاہتا تھا اور اس کی بچوں والی حرکتوں کو دیکھ دیکھ کر خوش ہوتا رہتا تھا وہ دل کی ہر طرح سے خود ہی کیئر کرتا تھا۔

وہ ساری توقعات خود سے ہی رکھتا تھا کہ اسے دل کو سنبھالنا ہے اسفند نے دل کو اپنے ہاتھ کا نازک سا چھالا بنا کر رکھا ہوا تھا۔ ہر طرف سے اسے خود ہی کور کرتا۔ کہ کہیں اس کے ہاتھ کا یہ چھالا دکھ نہ جائے یا اسے کوئی ضرب نہ لگ جائے۔

پانچ سیکنڈ گزر چکے تھے مگر اسفند اس کو اب بھی اپنے ساتھ لگا کر اپنی باہوں کے حصار میں لیے ہوئے کھڑا تھا۔ گھبراہٹ سے اسفند کا دل سو کی سپیڈ بھی کراس کر گیا۔

اسفند میں بالکل ٹھیک ہوں آپ پریشان نہ ہوں دل نے اسفند کے گھبرائے ہوئے چہرے دونوں طرف اپنا ہاتھ رکھ کر اسے تسلی دی۔

اللہ آپ کو ہمیشہ ٹھیک رکھے دل پلیز اس طرح سے اچھل کود مت کیا کریں میری جان نکل جاتی ہے ایک تو پہلے ہی میرے دل میں اتنے دنوں سے آپ کو لے کر عجیب سی بے چینی اور گھبراہٹ ہے اور ایسی حرکت کر کے آپ میرے ڈر کو اور دگنا کر دیتی ہو۔ اسفند نے دل کے ماتھے کو محبت سے چوم کر اپنا ڈر سنایا۔

سوری دل نے بچوں جیسا منہ بنا کر سوری کی تھی سوری کی تھی۔ سوری کی ضرورت نہیں ہے میری جان بس آپ اپنا خیال رکھا کریں آپ کو پتہ ہے کہ میں آپ کو چھوڑ کر نہیں جا سکتا تھا۔

میں تو بس آپ کو مذاق کر رہا تھا اسفند کو تو آپ کے بنا سانس نہیں آتی چھوڑ کے کیا میں آپ کو خاک جاؤں گا۔

اب آپ مجھے ڈانٹ رہے ہیں دل نے اپنا معصوم سے منہ کو بھلا کر کہا۔۔ اتنی جرات ہے مجھ میں کہ میں اپنی دل کو ڈانٹ سکوں اس کی پھولی ہوئی گالوں کو جھک کر چومتے ہوئے بولا۔

بس اثپ کو سمجھا رہا ہوں۔۔مجھے مت سمجھایا کریں میں کوئی بچی تھوڑی ہوں جو آپ مجھے ہر وقت سمجھاتے رہتے ہو نہیں جناب آپ بچی نہیں ہو۔

آپ تو دادی م اماں ہیں اب اگر آپ کا غصہ ٹھنڈا ہو گیا ہو تو ہم چلیں مسکان اور اسد ہمارا انتظار کر رہے ہیں۔جی چلیں اسفند دل کی کمر کو بیک سائیڈ سے ہاتھ رکھ کر سپورٹ دیتے ہوئے اسے گاڑی تک لے کر آیا

اور گاڑی کا ڈور کھول کر بڑی احتیاط سے دل کو گاڑی کے اندر بٹھایا تھا دل کی ڈلیوری کسی بھی وقت ہو سکتی تھی۔اس لیے اسفند دل کے لیے بہت پوزیف تھا۔

بچے سے کہیں زیادہ فکر اسے دل کی تھی دل کی ضدی تھی کہ اسے بچہ چاہیے اور اسفند کے پاپا کی ضد تھی کہ انہیں پوتا چاہیے۔

مگر اسفند کو تو صرف اپنے دل چاہیے تھی اسے تو دل سے آگے نہ کچھ تو دکھائی دیتا رہا تھا۔

اور نہ سنائی دیتا تھا۔ دل بہت دنوں سے ضد کر رہی تھی کہ وہ مسکان اور اسد کے بچوں کے ساتھ ٹائم سپین کرنا چاہتی ہے۔

اور کل آفس میں اسد نے بھی کہا تھا کہ مسکان اپنے بھائی کو اور بھابھی کو بہت یاد کرتی ہے اس لیے آج اسفند دل کو آفس جاتے ہوئے چھوڑ کر جانا چاہتا تھا۔

اور واپسی پر رات کا ڈنر کر کے اپنی بہن کے ساتھ اور بچوں کے ساتھ کچھ وقت گزارنے کے بعد واپس انٹے کا ارادہ رکھتا تھا۔

oooooooooooo

اسد یہ کتنا خوبصورت ہے کس کا گھر ہے یہ اسد مسکان کو دکھانے کے لیے ایک گھر لے کر آیا تھا۔

جو بہت خوبصورت اور بہت بڑا تھا۔دیکھنے میں کوئی محل لگ رہا تھا۔
گھر کے اندر چھ خوبصورت اور بڑے کمرے تھے بے حد خوبصورت لاؤنج سب روم روم کے باہر خوبصورت بالکونیااور بے حد خوبصورت اور یونیک کچن۔

باہر بہت بڑااور خوبصورت گارڈن جہاں پر طرح طرح کے پودے اور پھول بے حد خوبصورت نظارہ پیش کر رہے تھے۔
مسکان بہت خوش ہو کر پورا گھر دیکھ رہی تھی پورا گھر یونیک فرنیچر سے آراستہ تھا۔اسد بتائیں نا کس کا گھر ہے۔
میری پرنسس کا اسد مسکان کے پیچھے کھڑا ہو کر اس کے پیٹ پر اپنے بازوں کا ہصار باندھے ہوئے مسکان کے کان میں سرگوشی کے انداز میں بولا۔

سچ میں یہ ہمارا گھر ہے مسکان کی انکھوں میں ایک الگ ہی چمک تھی آپ کا خان کبھی جھوٹ نہیں بولتا۔سچ میں یہ میری پرنسس کا گھر ہے اب بتائیں آپ کو آپ کا اینیورسری کا سرپرائز گفٹ کیسا لگا۔

بہت بہت بہت بہت زیادہ اچھا لگا بہت ہی خوبصورت گفٹ ہے یہ تو

۔۔مسکان خوشی سے اپنی باہیں اسد کی کمر میں ڈال کر اس کے سینے سے لگ گئی۔یہ جتنا بھی خوبصورت ہے مگر میری پرنسس کی اس خوشی والی سمائل سے زیادہ خوبصورت نہیں ہے وہ مسکان کی خوشی دیکھ کر بولا۔

اسد۔۔بولو خان کی جان آئی لو مسکان نے شادی کے تین سال بعد آج اسد کے کان میں آئی لو یو کہہ کر خود ہی شرم سے اسد کے سینے میں اپنا سر چھپا لیا تھا۔

آئی لو یو ٹو تھری فور فائو سکس سیون ایٹ نائن ٹین خانم۔اسد کہتے ہوئے اس کے ماتھے کو جھوم کر قہقہ کر لگا ہنساں تھا۔مسکان نے جتنی شرم کے ساتھ آئی لو یو کہہ کر اپنا منہ چھپایا تھا اسد کو اس کی شرم پر ٹوٹ کر پیار اتھا۔۔

میری شرمیلی خانم تین بچوں کے بعد آپ نے اتنی شرم وحیا کے ساتھ بادب ہو کر مجھے آئی لو یو کہا ہے۔

آپ نے ہم پر احسان کیا ہے۔آپ میرا مذاق اڑا رہے ہیں۔مسکان نے گندا سا منہ بنا کر بولا نہیں۔اسد خان کی جان میں آپ کا مذاق کیوں اڑائے گا بس آپ نے ہمیں آئی لو یو بول دیا ہمارے لیے تو یہ کافی ہے۔

ویسے بھی آپ اپنی شرم کو جاری رکھا کریں بے باقیوں کے لیے آپ کا خان ہے ناوہ آنکھ کو دباتے ہوئے کھلکھلا کر ہنسا تھا۔

پورے گھر کے اندر اسد کا دلکش کہہ گونج اٹھا تھا۔

چلیں آپ کو ہمارا بیڈ روم دکھاتا ہوں اسد مسکان کے ہاتھ کو پکڑ کر سیڑھیوں پر چڑھنے لگا تھا مگر کچھ سوچنے کے بعد وہ نیچے جھکا اور مسکان کو اپنی باہوں میں اٹھا کر سیڑھیاں چڑھنے لگا۔

اسد میں چل کر جا سکتی ہوں مگر مجھے اپنے نئے بیڈ روم میں اپنی دلہن کو اپنی باہوں میں اٹھا لے کر جانا ہے اسد اپنے دلکش لبوں سے مسکراتا ہوا مسکان کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بولا۔

سیڑھیوں کا راستہ کراس کرتے ہوئے اسد مسکان کو لے کر اپنے روم میں آ گیا۔

روم بہت بڑا بے حد خوبصورت تھا روم کا فرنیچر بہت ہی نفیس اور مہنگا تھا اور پردوں سے لے کر کارپیٹ تک ہر چیز اسد کی اعلی چوائس کی گواہی دے رہے تھے۔

بیڈ کے اوپر بہت ہی خوبصورت بیڈ شیٹ پر ریڈ گلاب کے پھولوں سے ویلیکم مائی پرنسس لکھا ہوا تھا۔ مسکان کمرے کو بہت خوشی سے چمکتی ہوئی نظروں سے دیکھ رہی تھی۔

اور اسد اس کے کاندھے پر سر ٹکائے ہوئے اس کی پیٹ پر ہاتھ باندھ کر کھڑا تھا اسد ہمارا روم بہت خوبصورت ہے مسکان کو روم سچ میں بہت پسند آیا تھا۔

اگر آپ کو روم بہت پسند آیا ہے تو پھر مجھے بھی بطور انعام کچھ دیجئے۔ مسکان کو اسد کی بات اچھے سے سمجھ آ رہی تھی کہ وہ ٹھر کی اس وقت کس چاہتا ہے۔

آپ گھر چلے میں اٹپ کو اپنے ہاتھوں سے اچھا سا کچھ بنا کر کھلاؤں گی۔ بطور انعام کوئی بھی جان بوجھ کر اسد کی بات کو اگنور کرتے ہوئے بات کر رخ دوسری طرف کر کے بولی۔۔

اسد مسکرایا تھا اس کی چالاسے بات بدلنے پر

خانم اپنے خان سے چلا کیاں مت کیا کریں۔آپ کو اچھی طرح سے پتا ہے
۔کہ مجھے اس وقت کیا چاہیے۔
تو پھر جان بوجھ کر اپنے خان کا امتحان مت لیا کیجئے آپ آرام سے ہماری
مانگیں پوری کر دیا کریں ورنہ پھر ہم زبردستی بھی اپنی مانگے پوری کر سکتے
ہیں۔

وہ مسکان کے لبوں پر جھکا اور اس کی نمی کو چوستے ہوئے اس کی کمر پر ہاتھ
رکھ کر اسے اپنے اور بھی قریب کر گیا۔
کس کرنے کے بعد اسد اپنا منہ پیچھے کر کے مسکرایا اور بولا یہ میں نے اپنے
روم میں آج اپنی کس کا پہلا افتتاع کر دیا ہے۔
مسکان نے ہنستے ہوئے شرما کر نظریں جھکا لی چلیں اب ہم گھر چلتے ہیں۔دل
اور اسفند پہنچتے ہوں گے اور اب ہمیں بہت جلد اس گھر میں شفٹ ہو جانا ہے
۔

آپ چل کر اپنی تیاری کریں مسکان نے مسکراتے ہوئے ہاں میں سر کو ہلایا تھا۔وہ بہت خوش تھی اپنے نئے گھر آنے کا سن کر۔۔

اسد جس طرح سے اسے سیڑھیوں سے اٹھا کر لایا تھا اسی طرح سے اٹھا کر اسے سیڑھیوں سے نیچے لے کر گیا۔مسکان اس وقت خود کو دنیا کی سب سے خوبصورت لڑکی مان رہی تھی۔جسے اتنا خوبصورت اور پیار کرنے والا شوہر ملا تھا۔جو اسے پلکوں پر بٹھائے ہوئے رکھتا تھا

۔اسفند بھائی آپ رکیں گے نہیں۔اسفند دل کو چھوڑ ooooooooooooo کر مسکان اور بچوں سے ملنے کے بعد اسد کے ساتھ آفس کے لیے نکل رہا تھا۔

نہیں بیٹا میں اور اسد آپ کو شام کو جوائن کرتے ہیں اس وقت ہم دونوں نے آفس جانا ہے آپ اور بچہ پارٹی انجوائے کرو۔

مسکان بیٹا پلیز ریکویسٹ ہے آپ دل کا بہت خیال رکھنا دل جو سامنے صوفے پر بیٹھی ہوئی بچوں سے پیار کر کے لوٹ پوٹ ہو رہی تھی اسے دیکھ کر اسفند بول رہا تھا۔

ویسے تو میں دل کی نرس کو اپنے ساتھ لے کر آیا ہوں۔ مگر پھر بھی پلیز بیٹا آپ ذرا دل پر نظر رکھیے گا۔۔

کیونکہ دل اپنے بچپنے میں کچھ بھی کر جاتی ہے بھائی آپ بے فکر رہیں میں دل کا پورا خیال رکھوں گی تھینک یو سو مچ اسفند مسکان کے سر پر محبت سے ہاتھ رکھا تھا۔۔۔اسد اور مسکان گیٹ پر کھڑے ہوئے باتیں کر رہے تھے۔

اسفندان کو مصروف دیکھ کر واپس دل کے پاس صوفے پر اس کے پاس ہی بیٹھ کر اسے سمجھا رہا تھا دل آپ نے اپنا بہت خیال رکھنا ہے۔

میری جان نے بچوں کے ساتھ اچھل کود نہیں کرنی آپ بچوں کے ساتھ آرام سے بیٹھ کر کھیلیں گے۔

آپ پھر سے مجھے سمجھانے لگ گئے ہیں میں کوئی بچی ہوں دل نے برا سا منہ بنا کر کہا آپ میری نظر میں بچی ہی ہیں۔

میں آپ کی حرکتیں دیکھ رہا تھا دور کھڑا ہوا۔

پلیز دل آپ آرام سے بیٹھیں گی میں آپ کو بچوں سے کھیلنے کے لیے منع نہیں کر رہا۔

بس اٹپ کی جو کنڈیشن ہے اس میں آپ کو اپنا بہت خیال رکھنا ہے۔آپ آرام سے بیٹھیں گے اچھل کود نہیں کریں گی۔

پلیز دل آپ میری بات کو سمجھ رہی ہیں دل نے بچو کی طرح منہ بھولا کر سر ہلایا تھا۔اسفند نے دور کھڑے ہوئے مسکان اور اسد کو اپس میں باتیں کرتے ہوئے مگن دیکھ کر۔

جھک کر دل کے ماتھے پر اپنے لب رکھ کر چومتے ہوئے جلدی پیچھے ہوا گہا۔
دل کو کس کیے بنا ہے اسفند آفس نہیں جا سکتا تھا۔۔ کس تو اسے دل کے لبوں
سے چاہیے تھی۔
مگر دل کے بھائی کے گھر کا لحاظ کر کے اتنے سے ہی گزارا کرتے ہوئے اٹھ
کھڑا ہوا تھا۔دل نے شرما کر نظر جھکا کر کہا۔اسفند یہاں پر تو شرم کریں
سامنے بھائی اور مسکان اپٹی کھڑی ہوئی ہے۔

تو پھر میں کیا کروں اگر کھڑے ہوئے ہیں تو میں آفس نہیں جا سکتا تھا بنا
آپ کو کس کیے ہوئے ویسے تو آپ کے بھائی کا اور آپی کا لحاظ کر کے میں تو
صرف گزارا کیا ہے۔
ورنہ تو اپ کو اچھی طرح سے پتہ ہے کہ مجھے آپ آفس جاتے ہوئے کتنی
سٹرونگ کس چاہیے ہوتی ہے تاکہ میں آفس کے جو گھنٹے ہیں ان میں صبر

سے کام کر سکوں۔۔۔بھائی آجائے اسد آپ کو بلا رہے ہیں مسکان نے اسفند کو دور سے آواز لگائی تھی۔

مسکان میں ایسے آفس نہیں جاؤں گا اور یہ جو چلا کی سے آپ نے اپنے بھائی کو آواز دی ہے کیا لگتا ہے ایسے میں چلا جاؤں گا۔اسد اور مسکان میں کس کو لے کر جھگڑا ہو رہا تھا۔۔

وہ مسکان بول رہی تھی کہ آج اسفند بھائی اور دل ہماری طرف آئے ہوئے ہیں۔آپ بنا کس لیے ہی چلے جائیں مگر اسد کا دماغ مسکان کی اس بات پر گوم گیا تھا۔

اوپر سے مسکان نے اپنی جان چھڑوانے کے لیے اسفند کو آواز دے دی تھی جس کی وجہ سے اسد کا پٹھانوں والا دماغ کافی گرم ہو رہا تھا۔

اسفند مسکان کی آواز پر فوراہی آگیا تھا۔ جس کی وجہ سے اسد کو مسکان پر غصہ کرنے یا کچھ کہنے کا ٹائم نہیں ملا تھا مسکان نے اللہ کا شکر ادا کیا کہ وہ دونوں آفس کے لیے نکل گئے تھے۔

مسکان بڑی خوش ہو کر آکر دل کے پاس بیٹھی ہوئی باتیں کرنے لگی۔ بھی دو سیکنڈ ہی گزرے تھے کہ اسد واپس ان کے سر پر آکر کھڑا ہو گیا تھا۔

مسکان ذرا روم میں آئے مجھے میری وہ امپورٹنٹ فائل چاہیے جو کل میں نے آپ کو پکڑائی تھی۔ اسد واپس دیکھ کر ہی مسکان کی سانس روکھ گئی تھی۔

اب تو اسد اسے روم میں بلا رہا تھا وہ جس لیے بلا رہا تھا مسکان کو مسکان کو اچھی طرح سے اندازہ تھا وہ کیسے بھول گئی کہ یہ اسد خان ہے جو اپنے محبت کے

لمحوں میں کٹوتی تو کسی صورت کی برداشت کرنے والا بندہ نہیں تھا۔ تو وہ کیسے اسفند بھائی کے ساتھ آفس چلا جاتا۔۔

دل جی بھائی میں دو منٹ کے لیے آپ کی آپی کو اپنے ساتھ لے جاؤں مجھے ایک خاص فائل چاہیے۔ جی بھائی لے جائے۔ دل جو ارحم اور کے ساتھ باتیں کرنے میں مصروف تھی۔۔ اس نے بنا اسد پر توجہ دیے ہوئے ہاں کہاں تھا۔

اسد نے روم میں جاتے ہوئے آنکھ سے روم آنے کا اشارہ کیا تھا۔ مسکان کی جان حلک میں اٹکی ہوئی تھی۔۔

اسد تو روم کے اندر جا چکا تھا۔ مسکان اپنے ہاتھوں کو مروڑتے ہوئے روم کے دروازے پر ہی کھڑی ہوئی تھی۔۔ مسکان اندر آجاؤ میرے صبر اور

امتحان مت لو۔ مسکان چھوٹے چھوٹے قدم بھرتے ہوئے روم کے اندر آئی تھی۔ اسد سوری۔ سوری نہیں چاہیے۔ جو کیا اس ازلہ کرے مسکان کو بازو سے کھینچتے ہوئے اسد نے دیوار کے ساتھ پن کرر کھا تھا۔

آج آپ اپنے لبوں سے خود مجھے سہراب کریں گی۔ اسد مسکان کو اپنے اتنا نزدیک کر کے کھڑا ہوا تھا کہ اگر وہ اپنی جگہ سے تھوڑا سا بھی ہلتی تو دونوں کے لب اپنے آپ ہی مل جانے تھے۔

مسکان نے بڑی ہمت کر کے اسد کے لبوں پر اپنے لب رکھ کر ایک ننھی منی سی کس دی تھی۔ اور پیچھے ہو گئی تھی۔ مسکان یہ کیا تھا۔۔۔ کس تھی ریلی یہ کس تھی جو شروع ہونے سے پہلے ہی ختم ہو گئی ہے۔۔ میں آپ بچہ نظر آتا ہوں جو آپ میرے منہ میں لولی پوپ دے کر مجھے چپ کروا رہی ہے۔

میں خود اپنا کام کر لیتا ہوں۔ آپ کو مہنت کرنے کی ضرورت نہیں ہے
۔اسد اس کے لبوں پر جھکا ہوا اس کی گلابی پنکھڑیوں کو اپنی قید میں لے گیا
۔مسکان کے ہونٹوں پر جلن ہو رہی تھی۔

سانس لینے میں دشواری ہونے لگی تھی۔ مگر اسد اپنی دھن میں مگن ہو کر اپنی تشنگی مٹا رہا تھا۔ پورے پانچ منٹ کے بعد اسد جب پیچھے ہوا تو وہ مسکان کے پنکھڑیوں کا حشر نشر کر چکا تھا۔

مسکان نے غصے سے اسد کی طرف دیکھا تھا اسد نے ہنستے ہوئے آنکھ ماری
۔جب بھی میرے ساتھ پنگا لیا کرو تو خانم پہلے انجام ضرور سوچ لیا کرو
اسد آپ بہت گندے ہیں وہ اپنی آنکھوں میں نمی لیے ہوئے بولی۔ میری ہونٹوں پر جلن ہو رہی ہے۔

ہونے دو میں یہی تو چاہتا ہوں کہ آپ سارا دن میری اس تشنگی کو یاد رکھیں اور دوبارہ کبھی میرے ساتھ چلاکی کرنے کی کوشش مت کریں۔

اب میں جارہا ہوں کیونکہ آپکا بھائی نیچے میرا ویٹ کر رہا ہے۔۔اب میں جا کر یہی کہوں گا کہ اس کی نکمی بہن کو وہ فائل ملی ہی نہیں۔۔میں ڈھونڈتا رہا ہوں اس لیے دیر ہو گئی۔ مگر پھر بھی نہیں ملی اس لیے میں واپس آگیا ہوں۔۔

وہ ہنستے ہوئے روم سے نکل گیا تھا اور مسکان وہیں پر اپنے لبوں پر ہاتھ رکھے ہوئے۔۔ کھڑی ہوئی اسے جاتا دیکھ رہی تھی۔اور سوچ رہی تھی کہ کتنا کٹھور ہے یہ شخص اپنی محبت کے معاملوں میں۔۔۔۔۔۔

ooooooo

دل بس کریں آپ صبح سے بچوں کے ساتھ کھیل رہی ہے اب آپ تھوڑی دیر کے لئے آرام کر لیں۔ نہیں مسکان آپی اسفندرات کو مجھے گھر لے جائیں گے مجھے ابھی بچوں کے ساتھ اور بہت سارا کھیلنا ہے۔۔دل ارحم عنایہ اور اینا کے ساتھ بیڈ پر گھری ہوئی بیٹھ کر کھیل رہی تھی۔

دل بچوں کے ساتھ بچی ہی لگ رہی تھی مسکان دل کو اس قدر خوش دیکھ کر مسکرا رہی تھی۔بچے بھی بے حد خوش تھے دل کے ساتھ۔دل اسفند بھائی کا صبح سے دس بار فون آچکا ہے کہ آپ کو آرام کرنے کا کہا جائے۔

میں نے تمہارے کہنے پر بھائی سے جھوٹ بولا ہے کہ آپ نے آرام کیا ہے اور آپ نے کھایا بھی کچھ نہیں ہے۔اگر بھائی کو یہ سب پتہ چلا تو وہ مجھ سے ناراض ہوں گے۔۔۔

پلیز آپ اٹھو اور تھوڑا آرام کرو میں آپ کے لیے کچھ بنا کر لاتی ہوں، بتاؤ کیا کھانا ہے مسکان آپی ابھی میں نے کچھ نہیں کھانا۔۔۔۔اسفند بھی سارا دن مجھے کچھ نہ کچھ کہلاتے رہتے ہیں مجھے ابھی بھوک نہیں ہے۔۔۔

دل پھر میں بھائی کو فون کر کے بتاؤں کہ آپ میرا کہنا نہیں مان رہی مسکان آپی ٹھیک ہے بنا دے کچھ میں کھالوں گی۔

مسکان کی دھمکی پر دل نے بچوں جیسا منہ بنا کر کہا۔۔۔

چلو میں تمہارے لیے ابھی سوپ بنا کر لاتی ہوں آپ میرے جانے کے بعد کوئی اچھل کود مت کرنا پلیز دل اسفند بھائی تمہارے لیے بہت فکر مند ہیں۔۔

تمہارے لیے ڈران کے چہرے پر نظر آتا ہے کہ کہیں آپ کو کچھ ہو نہ جائے اس لیے اپنا بہت خیال رکھا کرو میرے بھائی کی جان بستی ہے آپ میں۔

میں اپنا بہت خیال رکھتی ہوں آپ کے بھائی کو ویسے ہی عادت ہے مجھ پر نظر رکھنے کی اور مجھے بچی سمجھنے کی دل منہ بصورتی ہوئی بول رہی تھی۔ مسکان دل کے چہرے کے زاویوں کو دیکھ کر ہنس پڑی تھی۔

وہ آپ پر نظر نہیں رکھتے آپ سے بہت پیار کرتے ہیں دل بھائی کا پیار ان کی آنکھوں سے صاف نظر آتا ہے۔ صبح سے کوئی 10 بار انہوں نے فون کر کے آپ کے آرام کا اور آپ کے کھانے کا پوچھا ہے اور نرسز بتا رہی تھی کہ یہ بھائی کے روز کی روٹین ہیں۔۔۔

ہر 10 منٹ کے بعد نرسس کو فون آتا ہے آپ کا پوچھنے کے لیے دل آپ بہت خوش قسمت ہیں جو آپ کو اتنا پیار کرنے والا میرا بھائی ملا ہے ۔۔۔۔آپ کے بھائی بھی بہت خوش قسمت ہیں جن ان کو مجھ جیسی پیار کرنے والی بیوی ملی ہے دل جلدی میں بول تو گئی پھر شرما کر نظر چھکائے ہوئے بچوں سے کھیلنے کی ایکٹنگ کرنے لگی۔۔۔

اور مسکان مسکراتے ہوئے کچن کا رخ کرنے لگی تھی اسے خوشی تھی کہ دل بھی اس کے بھائی سے بہت پیار کرتی ہے اسی لیے دل بے اختیار بول گئی تھی۔۔۔

جاتے ہوئے دونوں نرسز کو ہدایت دے کر گئی کہ دل کا خیال رکھنا ہے۔۔ مگر دل کہاں کسی کی سننے والی تھی اس کا تو بس نہیں چل رہا تھا کہ وہ ایک منٹ بھی ضائع نہ کرے اور بچوں کے ساتھ زیادہ سے زیادہ کھیل لیں۔۔۔

نرسز اسے روک رہی تھی مگر وہ ان کو چپ کروا کے بچوں کے ساتھ کھیلے جا رہی تھی۔۔دل ارحم کے ساتھ کھیل رہی تھی ارہم بیڈ سے نیچے اتر کر کھلونوں کی طرف بھاگا۔۔۔

دل بھی اٹھ کر اس کے پیچھے پکڑنے کے لیے بھاگی تھی مگر دل کے پاؤں کے نیچے کوئی کھلونا آگیا تھا جس کی وجہ سے دل اپنا بیلنس برقرار نہیں رکھ سکی۔۔۔اور وہ پھسل کر پیٹ کے بل زمین پر گری تھی۔۔۔دل کی درد سے چیخ نکلی۔۔۔۔۔۔نرسز بھاگ کر دل کے پاس آگئی تھی۔۔۔

مسکان جو کچن میں دل کے لیے سوپ بنا رہی دل کی چیخ اس نے بھی سنی تھی۔۔۔۔۔۔مسکان کے ہاتھ میں پکڑا ہوا شیشے کا باؤل گھبراہٹ سے زمین پر گر گیا۔۔۔۔مسکان بھی بھاگتی ہوئی دل کی روم کی طرف آرہی تھی۔۔ گھبراہٹ میں اس کے خود کے پاؤں میں کانچ کا ٹکڑا لگا گیا تھا۔۔مگر اس نے کوئی دیان نہیں دیا۔۔۔۔۔۔۔مسکان جب روم میں پہنچی تو روم کا منظر دیکھ

کر مسکان کا سر گھوم گیا دل زمین پر پیٹ کے بل گری ہوئی تھی اور نرسز اس کو اٹھانے کی کوشش کر رہی تھی۔۔۔شاید بیڈ کا کونا لگنے کی وجہ سے دل کے ماتھے پر کٹ لگ گیا تھا۔۔۔

جس سے خون نکل رہا تھا پیٹ پر ہاتھ رکھ کر دل درد سے کرا رہی تھی

،مسکان بھاگتی ہوئی دل کے قریب آئی درد سے دل کی رنگت زرد پڑنے لگی تھی۔۔۔۔مسکان کو کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا وہ کیا کرے مسکان روئے جا رہی تھی۔دل کی حالت کو دیکھ کر مسکان نے سائیڈ ٹیبل سے فون اٹھاتے ہوئے اسفند کو فون کیا تھا۔۔۔۔

بھائی وہ دل۔۔۔۔کیا ہوا ہے دل کو۔۔۔اسفند دل کا نام سن کر اپنی سیٹ سے کھڑا ہو گیا تھا۔۔۔بھائی وہ گر گئی ہیں اور اس کی طبیعت بہت خراب

ہے اسے بہت درد ہو رہا ہے جلدی سے آجائیں۔۔۔اسفند میں اس سے آگے نہ تو کچھ سننے کی ہمت تھی نہ بولنے کی۔۔۔

اسفند چلتے ہوئے فون میں بنا جواب دیے ہوئے ہی اپنی سیٹ سے کھڑا ہو کر آفس کا دروازہ کھول کر بھاگتا ہوا۔
آفس سے نکلا تھا اسد جو اپنے کیبن میں بیٹھا ہوا تھا۔۔اسد نے صرف بھاگتے ہوئے اسفند کی صرف ایک جھلک ہی دکھائی دی تھی۔اسد نے باہر نکل کر اپنے اسسٹنٹ سے پوچھا تھا کہ کیا یہ اسفند سر تھا۔۔

اس نے ہاں میں سر ہلایا تھا پورا آفس کھڑا ہوا تھا اسفند کو اس طرح بھاگتے ہوئے دیکھ کر۔۔۔سیٹ ڈاؤن سب لوگ بیٹھ جاؤ اور اپنا کام کرو۔۔۔۔

اسد نے سارے آفس کو کھڑا ہوا دیکھ کر بیٹھنے کو بولا تھا اور خود روم سے اپنا فون لے کر وہ بھی تقریبا بھاگتا ہوا آفس سے نکلا تھا۔۔اسفند گاڑی میں بیٹھ کر گاڑی سٹارٹ کر چکا تھا اسد نے کافی آوازیں دی مگر اسفند اس وقت اتنا بد حواس اور پریشان تھا۔۔۔۔۔کہ اسے کچھ بھی سنائی نہیں دے رہا تھا۔۔۔ وہ گاڑی سٹارٹ کرتا ہوا پارک ایریا سے نکل چکا تھا اور پیچھے ہی اس کی دونوں سکیورٹی کے فورس کے کی گاڑیاں بھی نکل گئی اسد خان اپنی گاڑی میں اسفند کا پیچھا کر رہا تھا۔۔۔

اسفند گاڑی چلاتا ہوا بار بار اپنے ماتھے سے پسینے کو صاف کر رہا تھا اس کے منہ سے دعائیں نکل رہی تھی اپنی دل کے لیے۔اے میرے اللہ تو دلوں کے بیت خوب جانتا ہے میری دل کو کوئی ضرب۔نہ لگنے دینا اے اللہ تو اس کو زندگی اور صحت دینا اللہ وہ لڑکی میری زندگی ہے اے اللہ اس کو کچھ مت کرنا وہ پاگلوں کی طرح منہ میں بڑبڑاتا ہوا دعائیں کر رہا۔۔۔۔۔

اسد راستے میں بار بار اسفند کو فون کر رہا تھا مگر اسفند فون نہیں اٹھا رہا تھا۔۔۔ اسفند کو تو فون بیل سنائی ہی نہیں دے رہی تھی۔۔اس نے اٹھانا کیا خاک تھا۔۔۔۔۔اس کے دل میں تو اس وقت طوفان برپا تھا آج اس کا وہ ڈر صحیح ثابت ہو گیا تھا جس ڈر کو وہ پچھلے 15 دن سے اپنے ارد گرد محسوس کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔اسد کو ائیڈیا تھا کہ یہ جو بھی پرابلم ہے وہ دل سے ریلیٹو ہے اسفند کا اس طرح سے بدحواس ہو کر بھاگنا اس بات کی گواہی تھا کہ جو بھی پرابلم ہے وہ دل سے جڑی ہوئی ہے۔۔۔۔۔۔۔

جب اسفند نے فون نہیں اٹھایا تو اسد نے فون مسکان کو ملایا تھا۔۔۔مسکان فون اٹھاتے ہی رونے لگی تھی پرنسس کیا ہوا ہے کیوں رو رہی ہو اور دل کو کیا ہوا ہے۔۔۔۔۔دل گر گئی ہے اور اس کو بہت درد ہو رہا تھا وہ درد سے بے ہوش ہو گئی ہے۔۔۔یا اللہ رحم فرما میرے مالک اسد اپنے رب سے دعا کر رہا

تھا۔۔۔پرنسز میں اور اسفند دس منٹ تک گھر پہنچ جائیں گے پلیز پریشان مت ہو سب ٹھیک ہو جائے گا۔۔

آپ خود کو سنبھالیں گی تب ہی آپ دل کو سنبھال پائیں گے ریلیکس ہو جائیں۔۔۔۔۔۔۔اسد پلیز جلدی

آجائیں مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے مسکان میری جان میں 10 منٹ میں آرہا ہوں سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا اللہ سے دعا کریں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسد بھاگتا ہوا گاڑی کا گیٹ کھول کر باہر نکلا تھا۔۔۔۔اسفند جب گھر پہنچا تو دل بیڈ پر بے ہوش پڑی تھی اور مسکان نے دل کے ماتھے پر پٹی رکھی ہوئی تھی کیونکہ دل کے ماتھے سے بہت زیادہ خون نکل رہا تھا اسفند کے پیروں سے جان نکل گئی تھی۔۔۔

دل کے حالت دیکھ کر وہ دل کا نام لے کر چیختے ہوئے دل کے پاس آیا
۔۔۔۔۔اسفند بنا کچھ کہے دل کو اپنی باہوں میں اٹھا کر گاڑی کی طرف بھاگا
دل کو گاڑی میں ڈالتے ہوئے ہو سپٹل کے لیے نکلنے ہی لگا تھا کہ۔۔

اسد بھی وہاں پر پہنچ گیا وہ بھی اپنی اکلوتی بہن کی ایسی حالت دیکھ کر تڑپ گیا
تھا اسد اسفند اور مسکان دل کو لے کر ہاسپٹل پہنچ گئے۔۔۔۔اسفند نے دل کا
سر اپنی گود میں رکھا ہوا تھا۔۔ جس جگہ سے دل کا سر پھٹا تھا۔۔وہاں پر اسفند
نے پٹی پر آپنا ہاتھ رکھ کر دبایا ہوا تھا۔۔۔

مسکان نے پٹی تو کی تھی مگر بلڈ بہت زیادہ نکل رہا تھا مسکان سے کور نہیں ہو
رہا تھا مسکان کے تو خود کے بھی ہاتھ کانپ رہے تھے۔۔اسفند کچھ بھی نہیں
بول رہا تھا اس کی لال انگار ہوئی آنکھیں بڑی حسرت اور تڑپ کے ساتھ دل
کے چہرے پر مرکوز تھی۔۔۔ہاسپٹل میں سب انتظام تھا اسد ہاسپٹل میں

ڈاکٹر کو فون کر چکا تھا۔۔دل کو ڈاکٹر فورن اپریشن تھیٹر کے اندر لے گئے تھے۔۔۔

اسفند بڑا بے چین ہو کر بیٹھا ہوا تھا اس کے چہرے پر بہت سخت تاثرات تھے۔۔وہ بار بار اپنے ماتھے سے پسینے کی بوندیں صاف کر رہا تھا وہ کرسی پر بیٹھا ہوا اپنی ایک ٹانگ کو مسسل ہلائے جا رہا تھا۔مسکان اپنے بھائی سے دور بیٹھی ہوئی تھی۔۔وہ اسفند سے ڈری ہوئی تھی اسے ڈر تھا اس کا بھائی کیا سوچے گا کہ وہ اس کی بیوی اور بچے کا چند گھنٹوں کے لیے بھی خیال نہیں رکھ پائی۔۔۔۔۔۔۔اپریشن شروع ہونے والا تھا۔۔ڈاکٹر ایک فائل لے کر اسفند کے پاس آئی

۔

سر آپ اس پر سائن کر دیں۔۔ سر میں آپ کو پہلے سے ہی آگاہ کر دوں کہ آپ کی بیوی کی کنڈیشن بہت خراب ہے۔۔۔۔آپ کی بیوی اور بچے دونوں کی جان کو خطرہ ہے کیونکہ آپ کی بیوی کا سر پھٹنے کی وجہ سے بہت زیادہ بلڈ ضائع ہو چکا ہے۔۔۔۔

سر یہ کیا کر رہے ہیں آپ ڈاکٹر ڈرتے ہوئے بولی تھی۔۔۔۔۔اگر میری بیوی کو کچھ ہوا تو آج کے بعد یہاں پر کوئی بھی ڈاکٹر نہیں بچے گا کسی کا علاج کرنے کے لیے۔۔۔۔۔اسفند ڈاکٹر کے سر پر گن تان کر کھڑا ہو گیا تھا۔۔۔۔۔اسد بھاگ کر اسد کے پاس آیا تھا ڈاکٹر کی جان چھڑوانے کے لیے۔۔۔۔اسد نے آج بہت دنوں کے بعد اسفند کا ٹائیگر والا روپ دیکھا تھا۔۔

تقریباجب سے دل اس کی زندگی میں آئی تھی اسفند کاٹائیگر والاروپ کم ہی دیکھنے کو ملتا تھا کیونکہ وہ بہت خوش اور ہمیشہ موڈ میں ہی رہتا تھا۔۔۔۔ٹائیگر پلیز ڈاکٹر کو جانے دو وہ اپنی طرف سے پوری کوشش کریں گی۔۔۔

دل کو ٹھیک کرنے کے اور انشاءاللہ دل ٹھیک ہو جائے گی تم تھوڑے ریلیکس ہو جاؤ۔۔۔۔مجھے کوشش نہیں دل ٹھیک چاہیے اور اس وقت کوئی بندہ مجھے دلاسہ دینے کی کوشش بھی مت کرنا جب تک دل ٹھیک نہیں ہو جاتی مجھ سے سب لوگ دور رہو تو بہتر ہے وہ اتنی زور سے چلایا تھا کہ ہر بندہ اس کی طرف متوجہ ہو گیا۔۔

اسد نے ڈاکٹر کو اشارہ کیا کہ وہ اپریشن تھیٹر کی طرف چلی جائے ڈاکٹر نے فائل کی طرف اشارہ کیا تھا کہ یہاں پر اسفند کے سائن چاہیے اسد کو پتہ تھا

کہ اس وقت اسفند اپنے آپے سے باہر ہے وہ ڈاکٹر کی جان کے لیے بھی خطرہ بن سکتا ہے۔۔

اسد نے فائل پکڑ کر اس پر خود سائن کر دیے تھے بطور بھائی۔۔۔۔۔۔۔

دل کا اپریشن ہو گیا تھا اور دل نے ایک خوبصورت سے بیٹے کو پیدا کیا ڈاکٹر بچے کو لے کر اپریشن تھیٹر سے باہر آئی تھی۔۔۔

اسد اور مسکان نے بچے کو دیکھا اور اسد نے بچے کو اپنی گود میں لے لیا۔۔ بچہ بالکل ٹھیک تھا اور ڈاکٹر کے کہنے کے مطابق سارا خطرہ اس وقت دل کی زندگی کو تھا دل 5050 کے چانس پر زندگی اور موت کے بیچ جنگ لڑ رہی تھی۔۔۔۔۔اسد نے بچے کو اسفند کی گود میں ڈالنا چاہا تھا مگر اسفند نے ہاتھ کے اشارے سے منع کر دیا۔۔۔جب تک دل ٹھیک نہ ہو جائے مجھے بچے کو نہیں دیکھنا ہے۔۔۔۔۔۔ٹائیگر یہ تمہارا بیٹا ہے۔دل اس وقت خوش پہ نہیں تو تمہیں چاہیے کہ اس کو اپنی گود میں لو۔۔۔۔اس بچے کی چاہت دل کو تھی مجھے نہیں۔۔۔۔تو اس لیے میں اس بچے کو دل کے ہوش میں آنے کے بعد

ہی دیکھوں گا۔۔۔۔۔اسفند اپنے دل کی حالت بیان نہیں کر سکتا تھا نہ جانے کیوں یہ بچہ اسے دل کی تکلیف کا باعث لگ رہا تھا وہ دل سے اتنی محبت کرتا تھا کہ اس کی خود کی اولاد بھی اس وقت سے سکون نہیں دے پا رہی تھی۔۔۔

اسفند اٹھ کر نماز پڑھنے کے لیے مصلے پر جا کر کھڑا ہو گیا تھا وہ اپنے رب سے اپنی دل کی زندگی مانگ رہا تھا۔۔۔۔۔

مسکان دل کے بچے کو گود میں لیے ہوئے رو رہی تھی اسد جو اپنی بہن کی وجہ سے حد سے زیادہ پریشان تھا اوپر سے مسکان کی حالت دیکھ کر اسے سمجھ نہیں آ رہا تھا وہ کرے تو کیا کرے اچانک سے اسد کی نظر مسکان کے پاؤں پر پڑی تھی۔۔

جہاں سے بہت سارا خون نکل کر اس کے پاؤں کے ارد گرد پھیلا ہوا تھا اسد نے آگے بڑھ کر گھبرا کر پوچھا تھا مسکان یہ آپ کے پاؤں میں کیا ہوا ہے۔۔۔۔۔پتہ نہیں کیا ہوا ہے۔۔۔۔مسکان خود خون کو دیکھ کر حیران ہو کر بولی۔۔۔۔اسد زمین پر ایڑیوں کے بل بیٹھ کر مسکان کے پاؤں کو غور سے دیک رہا تھا۔۔

جہاں پر چھوٹا سا کانچ کا ٹکڑا چپا ہوا نظر آیا تھا۔۔۔۔۔اسد نے تڑپ کر مسکان کے منہ کی طرف دیکھا تھا جو اس وقت بھی بچے کو گود میں لیے ہوئے روئے جا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔اسد بھی کہاں مسکان کو تکلیف میں دیکھ سکتا تھا ۔۔۔مسکان رونا بند کرو رونا کسی چیز کا حل نہیں ہے کم سے کم اپ خود کی تو ہوش رکھے آپ کے پیر میں کانچ کا ٹکڑا چبا ہوا ہے اور آپ کو اپنی تکلیف محسوس نہیں ہو رہی کانچ کا ٹکڑا مسکان کے پاؤں میں چھپا ہوا تھا مگر اس کی تکلیف اسد کے چہرے پر نظر آ رہی تھی۔۔۔۔اللہ سے دعا کرو اللہ تعالی سب

کچھ ٹھیک کر دے گا۔۔۔اسد نے ڈاکٹر کو بلا کر دل کے پیر کی ڈریسنگ کروا دی تھی۔۔۔پر نسس میں نے کہا چپ کر جائیں آپ کیوں اتنا رو رہے ہیں۔۔اللہ تعالی سے اچھے کی امید تو رکھے اگر ہم لوگ ایسے کریں گے تو اسفند کو کون سمبھالے گا اسد مسکان کے پاس بیٹھ کر اسے چپ کروا رہا ہوتا ہے۔۔۔۔اسد مجھے بھائی سے بہت ڈر لگ رہا ہے وہ اس وقت بہت غصے میں ہیں۔۔۔

مسکان نے اسفند کا یہ روپ پہلی بار دیکھا تھا جب وہ ڈاکٹر پر گن تان کر کھڑا تھا۔۔۔۔اسفند نے کبھی بھی مسکان کے سامنے اپنی اصلیت ظاہر نہیں کی تھی۔۔۔اور نہ ہی کبھی چلایا تھا مگر آج جس طرح ٹائیگر کی دھاڑ پورے ہاسپٹل میں گونجی اس نے مسکان کو بھی ڈرا کے رکھ دیا تھا۔۔۔آپ پریشان نہ ہو اسفند ایک اس وقت بہت پریشان ہے اس لیے غصے میں ہے۔۔ دل ٹھیک ہو جائے گی تو وہ بھی نارمل ہو جائے گا اسد مسکان کو بڑے پیار سے

سمجھا رہا تھا۔۔۔اسد بھائی مجھے معاف نہیں کریں گے انہوں نے مجھے کتنی نصیحتیں کی تھی کہ میں دل کا خیال رکھوں۔۔۔بس میں تو دل کے لیے سوپ بنانے کے لیے کچھ منٹوں کے لیے ہی کچن میں گئی تھی۔۔ورنہ تو سارا دن میں دل کے پاس ہی بیٹھی رہی تھی۔۔مسکان آپ کو صفائی دینے کی ضرورت نہیں ہے مجھے پتہ ہے کہ آپ بہت ذمہ دار ہو بس یہ حادثہ دل کے نصیب میں تھا جو تکلیف انسان کی قسمت میں ہوتی ہے وہ آکر رہتی ہے اس لیے آپ خود کو الزام مت دیں۔۔۔۔دل کو 24 گھنٹے سے زیادہ کا وقت گزر چکا تھا مگر دل کو ہوش نہیں آرہا تھا۔۔۔ڈاکٹر آنے والے 48 گھنٹے دل کے لیے بہت ہی زیادہ کریٹیکل بتا رہے تھے۔۔۔اسد اور مسکان پریشانی ہو کر اللہ سے کرتے ہوئے آئی سی یو روم کے باہر بیٹھے ہوئے تھے۔۔۔اسفند کے پاپا بھی پہنچنے والے تھے۔۔۔اسفند رات سے دل کے پاس آئی سی یو روم میں چیئر پر بیٹھا ہوا تھا۔۔نہ تو اس نے کچھ کھایا تھا نہ ہی وہ سویا تھا۔۔بس ایک ٹک ٹکی باندھے ہوئے دل کو دیکھ رہا تھا۔۔۔اسد نے بہت کوشش کی تھی

کہ اسفند کچھ دیر آرام کر لے مگر اسفند نے صاف انکار کر دیا تھا۔۔۔اسفند کے پاپا بھی پہنچ آ گئے تھے۔۔اسفند اپنے پاپا کو ملنے آئی سی یو روم سے باہر آیا تھا۔۔۔اسفند حالت دیکھ کر شہریار صاحب کو وہ وقت یاد آ گیا جب اسفند نے اسفند نے خود کو بہت زیادہ مضبوط بنا اپنی ماں کو کھویا تھا۔۔۔۔اس کے بعد تو لیا تھا۔۔۔ مگر آج اسفند کی وہی حالت تھی جو اپنی ماں کی موت پر تھی۔۔۔ اپنے باپ کے گلے لگتے ہوئے بچوں کی طرح رویا تھا۔۔۔۔۔میرا بیٹا صبر کرو تم تو میرے بہادر بیٹھے ہو اسفند کے پاپا اس کی پیٹھ تھپتھپا رہے تھے۔۔۔میں بہادر نہیں ہوں پاپا وہ لڑکی میری زندگی ہے جو اس وقت موت اور زندگی کے بیچ جھول رہی ہے۔۔۔آپ میرے لیے دعا کریں کہ وہ ٹھیک ہو جائے۔۔۔۔اگر وہ نہیں تو آپ کا بیٹا بھی نہیں۔۔۔اسفند کے ایک ایک لفظ میں اتنا درد تھا کہ کہ شہریار اور اسد کی آنکھوں میں بھی پانی آ گیا۔۔۔۔اسد کو یقین نہیں آ رہا تھا کہ یہ وہی اسفند ہے جو ہر مشکل کو چٹکیوں میں ہینڈل کر لیتا تھا۔۔۔ٹائیگر تو اتنی مضبوط ٹیم کا حصہ تھا۔۔۔اور ٹائیگر ٹیم کی جان تھا وہ ٹیم

کی جان اور لیڈر اسی لیے تھا کہ وہ بہت بہادر اور سخت دل تھا۔۔ مگر آج کے اسفند کو دیکھ کر لگ ہی نہیں رہا تھا۔۔ یہ وہ سخت دل شخص ہے۔۔ بکھرے ہوئے بال بے ترتیب ہو حلیہ کونیوں تک فولڈ کیے ہوئے بازوں رو رو کر سرخ ہوئی آنکھیں اسفند کے دل کا حال چیخ چیخ کر بیان کر رہی تھی وہ دل سے کس قدر محبت کرتا ہے۔۔ وہ الگ بات تھی کہ وہ اس حالت میں بھی جاذبے نظر ہی لگ رہا تھا۔۔۔۔ اسفند اپنے پاپا کو وہی پر چھوڑ کر خود نماز پڑھنے چلا آیا تھا۔۔۔۔ نماز پڑھنے کے بعد وہ دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے ہوئے بیٹھا رو رہا تھا۔۔ اس کی گود اس کے آنسوؤں سے بھیگنے لگی تھی۔۔۔۔ اے میرے اللہ تو دلوں کے بھید جانتا ہے اور میرا دل اس وقت کتنی تکلیف میں ہے تجھ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا۔۔۔ اے اللہ تو میری دل کو زندگی بخش دے۔۔۔ اے اللہ میں نے اگر زندگی میں کوئی نیکی کی ہے جو قابل قبول ہو جو تیری بارگاہ میں پسند آئی ہو۔۔

تو میری اس نیکی کے صدقے اس کے سانسیں بخش دے۔۔۔اے اللہ اگر اس کی زندگی کم ہے تو میری زندگی اسے دے۔۔۔۔میں اس کے بنا جینے کا تصور نہیں کر سکتا ہے اے اللہ مجھ پر وہ بوجھ نہ ڈال جو سہنے کی مجھ میں طاقت نہیں ہے۔

۔اے اللہ تو مجھے معاف کر دے اگر مجھ سے کوئی غلطی کوتاہی ہوئی ہے اس کی سزا میری دل کو مت دینا۔۔وہ لڑکی میری سانسوں میں بسی ہوئی ہے۔۔ اسے کھونے کا تصور ہی مجھے مارنے کے لیے کافی ہے۔۔

اے اللہ تو تو ہر چیز پر قادر ہے تیرے کن کہنے سے لوگوں کی تقدیریں بدل جاتی ہیں۔۔اے اللہ تو میری دل کے لیے بھی کن کہہ دے اور اسے مجھے واپس لوٹا دے۔۔۔اے اللہ میں نے آج تک اتنی شدت سے کبھی کچھ نہیں

مانگا۔۔۔ایک بار تیری بارگاہ میں اسی طرح رو رو کر اپنی ماں کی زندگی مانگی تھی مگر میرے رب میری ماں کی زندگی مجھے نہیں ملی تھی۔۔۔

اللہ میں تجھ سے شکوہ نہیں کر رہا میری کیا اوقات کے میں تیرے سامنے شکوہ کروں بس تیرا حقیر سا بندہ تیرے آگے سجدہ ریز ہو کر اپنی تکلیف سنا رہا ہے۔۔۔۔اے اللہ میرے سجدوں کو قبول کر کے میری تکلیف کو کم کر دے۔۔۔۔۔۔میرے مولا میری دل کو زندگی بخش دے۔۔۔یا الٰہی تو اپنے بندے کو اس کی ہمت زیادہ دکھ نہیں دیتا تیرے اس بندے کی ہمت ختم ہو رہی ہے۔۔۔۔

تو میرے دل کی سانسیں موڑ دے۔۔۔۔۔۔یارب میری ٹوٹی پھوٹی دواؤں کو قبول کرنا

یارب مجھے مانگنے کا طریقہ نہیں آتا تو بن مانگے ہی عطا کر دے اے اللہ
میرے دل کو ٹھیک کر دے کہیں یہ نہ ہو کہ میں دنیا کا وہ واحد جاؤں جو اپنی
ہی اولاد سے نفرت کرے۔۔۔۔اسفند رو رو کر بلند آواز سے دعا کر رہا
تھا۔۔۔۔اس کی گود اس کے آنسوں سے بھیگ رہی تھی۔۔۔اور تھوڑی
دوری پر کھڑے ہوے اسفند اور شہریار صاحب کی آنکھیں بھی آنسوؤں
سے لبریز تھی۔۔اسفند کے دعا مانگتے ہوئے الفاظوں میں اتنی شدت اور تک
درد تھا کہ اسد اور شہریار رونے لگے تھے۔۔۔اسفند ایک کونے میں بیٹھا اکیلا
ہی اپنے رب سے باتیں کر رہا تھا اسفند اس بات سے بے خبر تھا۔۔۔کہ اس
کے پیچھے اسد اور اس کے پاپا اسے دیکھنے کے لیے آیئے تھے۔۔کیونکہ نماز
پڑھنے کے لیے آئے ہوئے اسے کافی دیر گزر چکی تھی۔۔۔وہ اسے اپنے
رب کے ساتھ باتیں کرتے ہوئے چھوڑ کر واپس آئی سی یو روم کی طرف
چلے آئے تھے۔۔۔۔۔

oooooooooooo

گھنٹے پورے ہونے والے تھے مگر دل کو بھی ہوش نہیں آیا
تھا۔۔۔اسد اپنی بہن کے لیے بہت دعائیں کر رہا تھا اسد کا دنیا میں یہ اکلوتا
خون کا رشتہ تھا اور اسد اس سے کسی قیمت پر کھونا نہیں چاہتا تھا وہ ہر لمحے دعا
گو تھا کہ اے میرے رب میری بہن کو لمبی زندگی عطا کرنا اور اس شخص کے
گرتے ہوئے آنسوں کو دیکھ کر میری بہن کی سانسیں لٹا دے یارب۔۔اسد
اسفند کو روتے ہوئے دیکھ رہا تھا۔۔اسد اپنے یار کی تڑپ کو محسوس کر سکتا تھا
کہ وہ کس اذیت سے کر رہا ہے۔۔ڈاکٹر بھاگتے ہوئے اپریشن تھیٹر سے باہر
آئی تھی اور اسفند کے پاس آکر کھڑی ہو گئی۔۔۔ڈاکٹر کوئی بھی پوری خبر
مت سنانا ورنہ یہاں پر کھڑے کھڑے ہی تمہاری سانسیں بند کر دوں
گا۔۔۔ٹائیگر نے سرخ آنکھوں سے ڈاکٹر کو گھورتے ہوئے کہا
تھا۔۔۔۔۔۔سر مبارک ہو آپ کی وائیف کو حوش آگیا اور اب وہ خطرے
سے باہر ہیں۔۔۔اور وہ آپ سے ملنا چاہتی ہیں۔۔۔اسفند ڈاکٹر کی آدھی
بات سن کر ہی آئی سی یو روم کی طرف بھاگا۔۔۔ڈاکٹر نے اسفند کو بھاگتے

ہوئے دیکھ کر مسکرا کر باقی سب سے کہا۔۔۔آپ لوگ تھوڑی دیر کے بعد ایک ایک کر کے ان سے مل سکتے ہیں ان کے پاس زیادہ رش نہیں کرنا۔۔۔اسفند کے بابا اسد اور مسکان نے اللہ کا شکر ادا کیا تھا کہ یہ مشکل گھڑی ختم ہو گئی تھی۔۔۔۔اسفند دروازہ کھول کر دل کے روم میں داخل ہوا۔۔دل نے آہستہ سے آنکھیں کھول کر اسفند کی طرف دیکھا تھا۔۔۔اسفند نے اللہ کا شکر ادا کیا دل کی آنکھیں کھلی ہوئی دیکھ کر۔۔۔اسفند دل کے قریب گیا اور بے اختیار ہو کر دل کے اوپر جھک کر اسے اپنی سینے سے لگا لیا۔۔۔اسد کب سے اس کے اوپر جھکے ہوئے اسے اپنے سینے سے لگا کر کھڑا تھا۔۔۔اسفند پریشان نہ ہو میں ٹھیک ہوں اسفند کے آنسوں دل کے کاندھے کو بھگو رہے تھے دل نے تڑپ کر کہا تھا۔۔۔۔دل نے اسفند کو روتا ہوا اس سے پہلے تب دیکھا تھا جب دل کو صفدر کے لوگوں نے اغوا کر لیا تھا۔۔۔

oooooooo

اسفند میں بالکل ٹھیک ہوں پلیز آپ چپ ہو جائیں آپ مجھے اس طرح سے روتے ہوئے بالکل اچھے نہیں لگ رہے۔دل اسفند کو اس طرح سے روتے ہوئے دیکھ تڑپ کر بول رہی تھی۔دل اگر میں آپ کو اس طرح روتا ہوا اچھا نہ لگتا تو اپ اپنا خیال رکھتی۔آپ کو اندازہ ہے کہ میں کتنی موتیں مرا ہوں ان دو دنوں میں۔

سوری مجھ سے غلطی ہو گئی مگر میں نے جان بوجھ کر کچھ نہیں کیا میرے پاؤں کے نیچے کھلونا آ گیا تھا جس کی وجہ سے میں گر گئی دل بچوں جیسی معصومیت کے ساتھ اسفند کو ایکسپلین کر کے

بتا رہی تھی کہ غلطی اس کی نہیں ہے۔

اسفند اس کے اوپر ہی جھکا ہوا تھا مگر اپنا چہرہ اوپر کر کے دل کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھ رہا تھا۔دل میری جان نکل گئی تھی یہ سن کر کہ آپ گر گئی ہیں اور آپ ہیں کہ مجھے ایکسپلین کر کے بتا رہی ہیں کہ بس ایک نارمل سی بات ہے کہ کھلونا آپ کے پاؤں کے نیچے آگیا اور اثپ کے گر گئی۔۔

اسد آپ پھر سے مجھے ڈانٹنا شروع ہو گئے ہیں اچھا تھا اگر گرنے کے بعد میں مر۔ج۔ابھی آدھی بات دل کی زبان کے اندر رہی تھی کہ اسفند دل کے لبوں پر جھک کر دل کے نازک سے لبوں کو اپنے انابی لبوں کی قید میں لے گیا ۔۔دل کی تو ایک پل میں ہی وہ سانسیں روک چکا تھا۔

دل کی بولتی بند کرنے کے بعد اسفند نے اپنا چہرہ اوپر اٹھا کر دل کی طرف دیکھا تا دل کی سیٹی پیٹی گم تھی۔۔خبر دار جو آج کے بعد مرنے کی بات بھی کی تو تم مرو گی تو اسفند بھی مر جائے گا اور میرا ابھی مرنے کا کوئی موڈ نہیں ہے

میں جینا چاہتا ہوں تمہارے ساتھ میں تو ایک بہت لمبی اور خوشگوار زندگی کے خواب دیکھتا ہوں دل تمہارے ساتھ جب تم بوڑھی بھی ہو جاؤ گی تو میں تمہیں اسی طرح سے پیار کیا کروں گا۔۔۔۔

اس طرح سے پیار کیا کریں گے بے شرمی کے ساتھ۔۔ہمارے بچے کیا سوچیں گے۔دل نے کس والے حرکت کی طرف اشارہ کیا تھا۔۔اس میں بے شرمی والی کون سی بات ہے آپ میری بیوی ہو چاہے میں جس عمر میں بھی چلا جاؤں آپ میری بیوی ہی رہیں گی۔

اور آپ پر میرا پورا حق ہو گا میں جب چاہوں آپ کو اپنی دسترت میں لے سکتا ہوں۔جب چاہوں آپ کی سانسیں روک سکتا ہوں۔اسفند ہم اس وقت ہاسپٹل کے روم میں ہے۔۔۔۔اسفند نہ تو یہ بیڈ ہمارا ہے اور نہ یہ روم ہمارا ہے اس لیے تھوڑا سا پیچھے ہو کر کنٹرول کر کے بات کریں۔۔۔

مگر بیوی تو میری خود کی ہے نا کیا فرق پڑتا ہے کمرہ اور بیڈ ہمارا ہے یا نہیں اسفند نے تھوڑا سا نیچے جھک کر دل کے کان میں سرگوشی کی تھی۔۔ کون کہہ سکتا تھا کہ یہ وہی اسفند ہے جو کچھ دیر پہلے چپ چاپ پریشانیوں میں گھرا ہوا بیٹھا تھا۔۔۔

جس نے دو دن سے نہ کچھ کھایا تھا اور نہ ہی وہ سویا تھا مگر دل کے ہوش میں آتے ہی اسفند کے چہرے پر ایک الگ ہی خوشی اور چمک تھی۔

وہ دل سے باتیں کرنے میں اس قدر مگن تھا کہ اسے یہ بھی اندازہ نہیں تھا کہ باہر لوگ ویٹ کر رہے ہیں۔ دل سے ملنے کا وہ سوچتا بھی تو کیسے کیونکہ اسفند کا دل تو صرف یہی جانتا تھا کہ دل اس کی ہے اور دل پر صرف اسی کا حق ہے دل سے آگے تو اسفند کو نہ کچھ دکھائی دیتا نہ سنائی دیتا تھا۔

جوانسان اپنی اولاد سے بھی بیگانہ تھااس سے کوئی بھی توقع کی جاسکتی تھی۔
اسے تو صرف اور صرف دل اور دل ہی مطلب تھا۔۔اگر دل پاس ہے تو دنیا
میں اس کے لیے خوشیاں ہی خوشیاں ہیں۔۔

اگر دل نہیں تو پوری دنیا اسے اندھیری کوٹھری لگنے لگتی تھی۔جیسے کچھ دیر
پہلے لگ رہی تھی اور اب اسے لگ رہا تھا کہ دنیا میں ہر طرف خوشیاں ہی
خوشیاں ہیں اور سب لوگ خوشیاں ہی بانٹ رہے ہیں۔۔چاروں طرف بہار
کا موسم ہے پھول ہی پھول کھلے ہوئے ہیں ہر طرف ہواؤں میں ٹھنڈک اور
خوشیوں کا پیغام ہے۔۔

اسفند ہمارا بے بی ٹھیک ہے۔ہاں ٹھیک ہے آپ کا
بے بی۔اسفند وہ ہم دونوں کا بی بی ہے آپ اسے صرف میرا بے بی تو مت
بھولیں۔۔اسفند ہمارا بے بی ہمارے پاس کیوں نہیں ہے۔ڈاکٹرز نے 24

گھنٹے کے لئے انڈر اوبزرویشن رکھنے کا کہا ہے آپ کے گرنے کی وجہ سے اسے کوئی چوٹ تو نہیں لگی ڈاکٹر یہ دیکھنا چاہتے ہیں۔

بے بی ٹھیک تو ہے نادل کے چہرے پر ممتا والی پریشانی نظر آ رہی تھی۔۔ہاں بالکل ٹھیک ہے بس ڈاکٹر احتیاطا 24 گھنٹے نرسی ہوم میں رکھنا چاہتے ہیں۔۔۔اللہ میاں آپ کا بہت بہت تھینک یو کہ آپ نے میرے بی بی کو کچھ نہیں ہونے دیا میں اپنے بی بی کا بہت زیادہ خیال رکھوں گی دل اپنے منہ میں بڑبڑاتے ہوئے ہاتھ اٹھا کر اپنی بی بی کے لیے دعا کر رہی تھی۔۔۔

اور میرے بی بی کا کیا جس کی جان آپ نے خطرے میں ڈال دی تھی۔۔ہاں تو اللہ میاں سے میں نے آپ کے اور ہمارے دونوں کے بی بی کے لیے ہی تو تھینک یو کہا ہے آپ کا اور میرا بے بی الگ الگ تھوڑی ہے۔۔۔میں اپنے اس بی بی کی بات کر رہا ہوں جس کا آپ نے اتنا نقصان کر دیا ہے۔

اسفند دل کے پاس ہو کر اس کی چیکس پر ہاتھ رکھے ہوئے بول رہا تھا آپ نے میرے بی بی کے ماتھے پر چوٹ لگا کر اس کے خوبصورت چہرے پر نشان لگا دیا ہے۔۔اور میرا بی بی اتنی تکلیف میں تھا کہ اس کا رنگ پنک سے پیلا ہو گیا ہے۔

میں آپ کو معاف نہیں کروں گا اپنی بے بی کو تکلیف دینے کے لیے سلام آپ مجھے بی بی مت بولیں میں اب بڑی ہو گئی ہوں آپ اپنے بے بی کو ہی بے بی بولا کروں دل اپنی چھوٹی سی ناک کو سنگوڑتے ہو بول رہی تھی۔۔

ویسے بھی اب میں ماما بن گئی ہوں تو آپ میرے بے بی کے سامنے مجھے کبھی بھی بچہ کہہ کر نہیں بلائیں گے میرا بے بی کیا سوچے گا۔۔۔

چھوٹی سی ماما صاحبہ پلیز آپ مجھ پر پابندیاں مت عائد مت کریں میں تو جب چاہوں اور جو چاہوں آپ کو بلاؤں گا آپ کے بے بی کے آنے سے میں اپنی روٹین نہیں چینج کرنے والا۔۔اور یہ فی الحال کے لیے آپ اپنے بے بی کا ٹوپک چھوڑ کر تھوڑا اپنے شوہر پر بھی فوکس کر لیں۔جو دو دن سے آپ کے باغیر مر رہا ہے۔۔

اسفند آپ ہمارے بی بی سے جیلس ہو رہے ہیں دل پھر بے بی آپ مجھ سے میرے بارے میں بھی کوئی بات بھی کر سکتی ہیں یا نہیں اسفند کیا ہو گیا ہے آپ کو بے بی کے نام پر اتنا غصہ کیوں کر رہے۔۔دل نے حیرانی سے پوچھا تھا

۔۔

میں آپ پر غصہ نہیں کر رہا میرے خیال سے کچھ دیر کے لیے مجھے باہر ہی چلا جانا چاہیے اسفند غصے سے دل کے پاس سے اٹھا اور روم کا دروازہ دھاڑ سے

کھولتے ہوئے روم سے باہر نکل گیا۔۔دل تو اسفند حیرت سے دیکھ رہی تھی اسے یقین نہیں آرہا تھا کہ اسفند کا یہ ری ایکٹ اپنے بچے کے لئے تھا۔

جس جس نے دل سے ملنا ہے جا کر مل لے اور یہاں سے رش تھوڑا کم کریں اور یہاں پر کسی کو رکنے کی ضرورت نہیں ہے۔دل کے پاس میں ہوں۔۔وہ کہتا ہوا ہوا کے گھوڑے پر سوار ہو کر ان کے پاس سے گزر گیا تھا۔۔اسد مسکان اور شہریار صاحب تو ایک دوسرے کے منہ کو ہی دیکھتے رہ گئے۔۔

کہ یہ بندہ کیا چیز ہے۔۔اسد مسکراتے ہوئے بولا آپ سب کی اجازت ہو تو پہلے میں جا کر دل کو مل لوں۔کیونکہ ڈاکٹر نے ایک ایک کو آنے کا ہی کہا ہے۔

جی مل لیں مگر پلیز آپ اسد بھائی کی طرح اندر چپک کر مت بیٹھ جایئے گا ہمیں بھی دل سے ملنا ہے مسکان نے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔

اسفندہاسپٹل سے باہر آکر کھڑا ہو گیا تھا۔اسے دل کے منہ سے بار بار بے بی کا نام سن کر پتہ نہیں کیوں اچھا نہیں لگ رہا تھا۔یہ دنیا کا واحد شخص تھا جس سے اپنی بیوی کے منہ سے اس کے بچے کا نام سن کر بھی جیلسی فیل ہو رہی تھی۔۔

وہ بلیک چیز کے ساتھ مسٹرڈ کی شرٹ پہنے ہوئے دیوار کے ساتھ ٹیک لگا کر ایک ٹانگ کو دوسری ٹانگ پر کراس کر کے کھڑا ہوا تھا اور دونوں ہاتھ سینے پر باندھے ہوئے وہ کوئی ماڈل ہی لگ رہا تھا حالانکہ اس وقت اس کا حلیہ اتنا بے ترتیب تھا کہ پچھلے دو دنوں سے اس نے اپنے بال تک کنگھی نہیں کیے تھے۔ مگر اس کی خوبصورتی میں ذرا سا بھی فرق نہیں آیا تھا۔

آتی جاتی ہوئی نرسز ڈاکٹرز اور دیگر خواتین گزرتے ہوئے اس پر نظر ڈال کر اسے ضرور دیکھ رہی تھی اس کی پرسنلٹی اتنی جذب نظر تھی کہ دیکھنے والا دیکھے بنا نہیں رہ سکتا تھا۔۔اس پر اس کے چہرے پر غصے والے پریشر اور بھی جج رہے تھے۔۔۔

اسد مسکان سے مل کر اسے سمجھا رہا تھا کہ اسفند کا بہت زیادہ خیال رکھنا کیونکہ اس حادثے نے اسفند کے دماغ پر بہت گہرا اثر چھوڑا ہے۔۔۔اسد اسفند کے دماغ کو بہت اچھی طرح سے سمجھتا تھا اس لیے وہ اپنی بہن کو آگاہ کر رہا تھا۔۔

دل بیٹا اسفند پر آپ کی بچے سے زیادہ توجہ ہونی چاہیے آپ کے گرنے کی وجہ سے جو حادثہ آپ کے ساتھ پیش آیا ہے اسفند کہیں نہ کہیں اس کا ذمہ دار اس بچے کو سمجھ رہا ہے۔

اسے لگتا ہے کہ آپ کی زندگی کو جو خطرہ لاحق ہوا تھا اس کی وجہ بچہ ہے اور جہاں تک میں اسفند کو جانتا ہوں۔ اسفند جو بات اپنے دماغ میں بٹھا لیتا ہے وہ اتنی آسانی کے ساتھ اپنے دماغ سے نکالتا نہیں ہے۔

دل بیٹا اب آپ کو مجبور ہو کر اپنی فیملی کو سنبھالنا ہے اگر آپ نہیں چاہتی کہ باپ اور بیٹے کے درمیان ایک دیوار حائل ہو۔۔ تو اس کے لیے آپ کو پہلے خود مجبور ہونا پڑے گا۔

آپ اگر بچے پر زیادہ فوکس کریں گے اور اسفند کو نظر انداز کریں گے تو اس کے نتائج بہت غلط نکلیں گے کیونکہ اسفند کی یہ بچپن سے عادت ہے وہ اپنی چیزوں کے لیے بے حد پوزیسف رہتا تھا وہ اپنی چیزوں کو ہر کسی کے ساتھ شیئر کرنا بھی پسند نہیں کرتا تھا۔۔

جو اس کا تھا وہ صرف اس کا ہی تھا اور ایسی چیزیں اس کی زندگی میں بہت کم تھی اسفند اپنی ماں سے بہت پیار کرتا تھا اپنی ماما کے لیے بے حد پوزیسور ہتا تھا۔۔ مسکان سے بہت پیار کرتا ہے اور اسفند نے دور رہ کر ہمیشہ مسکان کی سکیورٹی کا خیال رکھا ہے دور رہہ کر بھی اس نے ایک بہترین بڑے بھائی کا کردار نبھایا ہے۔۔

اگر میں اسفند کا دوست تھا تو میں صرف اسد کا دوست ہی بن کر رہ گیا کیونکہ اسفند کو برداشت نہیں تھا کہ میں کسی اور سے دوستی کروں اس لیے ہم دونوں کا اور کوئی دوست نہیں ہے۔

اور دل تمہارے معاملے میں تو وہ پوری طرح سے پاگل ہے تمہارے معاملے میں اس کا دماغ کام نہیں کرتا صرف اور صرف وہ اپنے دل سے ہی

سوچتا ہے۔اس لیے اس نے یہ سوچ لیا ہے کہ تمہاری جان کو خطرہ بچے کی وجہ سے ہوا ہے اب آپ نے اپنی محبت کے ساتھ اسفند کے دل میں بچے کی جگہ بنانی ہے۔۔

مجھے یقین ہے کہ آپ بہت اچھے سے اپنے گھر کو سنبھال لیں گے میں آپ کو ایک باپ کی طرح نصیحت کر رہا ہوں بیٹا میری باتوں کو نظر انداز مت کرنا اسد نے دل کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔

دل جو بہت غور اور حیرانی کے ساتھ اپنے بھائی کی باتیں سن رہی تھی اس نے ہاں میں سر کو ہلایا۔اسد دل کے سر پر پیار ہاتھ رکھتے ہوئے روم سے باہر چلا گیا تھا۔اس کے بعد مسکان اور شہریار صاحب بھی آکر دل سے ملے اور اس کا حال چال دریافت کیا۔۔

مسکان دل سے معذرت کر رہی تھی کہ وہ اس کا خیال نہیں رکھ پائی نہیں مسکان آپی آپ کی کوئی غلطی نہیں ہے۔ غلطی میری ہے کہ میں نے پیچھے نہیں دیکھا۔اور کھلونا میرے پاؤں کے نیچے آگیا آپ مجھ سے کیوں سوری بول رہی ہیں۔۔

نہیں دل میرا بھائی میرے اوپر اتنی بڑی ذمہ داری چھوڑ کر گیا تھا پہلی بار زندگی میں انہوں نے مجھے کوئی ذمہ داری دی تھی۔۔ورنہ تو ہمیشہ وہ ہی ہماری ذمہ داریاں نبھاتے آئے ہیں۔

دور تھے یا پاس ہمیشہ انہوں نے ایک بڑے بھائی ہونے کا فرض نبھایا ہے۔آج جب مجھے موقع ملا کہ میں اپنے بھائی کے لیے کچھ کر سکتی تھی۔

تو میں اس میں ناکام رہی مسکان سچ میں بہت شرمندہ ہو رہی تھی اور اس سے کہیں زیادہ شرمندہ دل تھی جس کو لگ رہا تھا کہ اس کی وجہ سے اس کی

مسکان آپی ااسفند اور اسد بھائی کی زندگی میں اتنی ساری پرابلم گریٹ ہو گئی ہیں۔۔

آپی پلیز شرمندہ نہ ہو آپ کی جب کوئی غلطی ہے ہی نہیں تو آپ کیوں اتنی شرمندہ ہو رہی ہیں میں اسفند کو بتادوں گی کہ غلطی میری تھی آپ کی کوئی غلطی نہیں تھی آپ نے تو میرا اتنا خیال رکھا تھا دل مسکان کی آنکھوں پر ہاتھ رکھتے ہوئے آنسوں صاف کر رہی تھی اسے مسکان کے یوں شرمندہ ہونے اور رونے کا بہت دکھ تھا۔

مسکان بیٹا آپ پریشان نہ ہوں اب دل بچہ ٹھیک ہے اللہ کا شکر ہے کہ میرا پوتا اور بہو دونوں ٹھیک ہیں تو آپ کیوں خود کو قصوروار سمجھ کر تکلیف دے رہی ہیں۔۔

اور رہی اسفند کی بات تو اسے دل بیٹا سمجھا لے گی اور وہ آپ سے کبھی ناراض نہیں ہو سکتا کیونکہ وہ بہت پیار کرتا ہے آپ سے شہریار صاحب اپنی روتی ہوئی بیٹی کو پیار سے سمجھا رہے تھے۔۔

اب میرے خیال سے ہمیں گھر چلنا چاہیے ایک تو بچے گھر میں اکیلے ہیں اور دوسرا اثپ کے بھائی صاحب آرڈر دے کر گئے ہیں۔ کہ یہاں پر رکنے کی ضرورت نہیں ہے شہریار صاحب اپنے بیٹے کی ادا پر مسکرا رہے تھے۔۔

نہیں پاپا آپ لوگ یہاں پر رکیں اسفند کا کیا ہے وہ تو کچھ بھی کہہ دیتے ہیں دل یہ سن کر شرمندہ ہو گئی تھی۔ کہ اسفند جاتے ہوئے ان کو یہ بول کر گیا ہے۔۔

نہیں بیٹا آپ آرام کریں اور آپ کو بھی مسکان کی طرح شرمندہ ہونے کی ضرورت نہیں ہے وہ میرا بیٹا ہے میں اس کو اچھی طرح سے جانتا ہوں وہ اپنی چیزوں کے لیے ہمیشہ چاہیے اسی طرح سے پوزیسور ہتا ہے۔۔

چیزیں ہوں یا رشتے جو اس کے ہیں وہ صرف اس کے ہیں اس لیے وہ کچھ بھی کہہ سکتا ہے اور کچھ بھی کر سکتا ہے مجھے اس کی عادت کا اندازہ ہے اس لیے اب آپ آرام کریں اور ہم بھی گھر چلتے ہے بچوں کے پاس۔

شہریار صاحب دل کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے روم سے نکل گئے اس کے بعد مسکان بھی دل کے گلے ملی اور اسے اپنا خیال رکھنے کو کہا۔۔دل میں تو آپ کے پاس رکنا چاہتی تھی مگر بھائی کے سٹرک آرڈرز ہے کہ یہاں پر کسی کو رکنے کی ضرورت نہیں ہے میں ہوں دل کے پاس۔۔۔

مسکان نے بھاری سی آواز میں اپنے بھائی کی نقل اتاری تھی دل بھی ہنس پڑی تھی مسکان کی نقل کرنے پر دل بھائی کا بہت خیال رکھنا بھائی اس حادثے کو لے کر بہت پریشان ہے بھائی نے ابھی تک اپنے بیٹے کو نہیں دیکھا۔۔

اور نہ ہی پیار سے اپنی گود میں اٹھایا ہے۔آپ بھائی کو بہت زیادہ پیار دیجئے گا کیونکہ صرف آپ کا پیار ہی بھائی کو اپنے بیٹے کے نزدیک لے کے جا سکتا ہے۔۔اگر آپ ذرا سی بھی بھائی سے توجہ ہٹائیں گی تو بھائی اپنے ہی بیٹے سے بدظن ہو کر دور ہو جائے۔۔

کیونکہ ان کو تو یہی لگے گا کہ بچے کے آنے سے آپ بھائی سے دور ہو گئی ہیں۔ مسکان نے ہاں میں سر کو ہلایا تھا۔۔آپی آپ پریشان نہ ہوں میں سب کچھ

ٹھیک کرلوں گی مجھے پتہ ہے کہ اسفند ہمارے بے بی سے جلسی فیل کر رہا ہے کیونکہ اسفند اب بھی ناراض ہو کر ہی روم سے سے ہی گیا ہے۔

وہ میرے منہ سے بے بی کا نام تک سننے کا روادار نہیں ہے مجھے پتہ ہے کہ اسے بے بی کا نام لینا پسند نہیں ہے اور مجھے پتہ ہے اسے کیسے ٹھیک کرنا ہے دل نے مسکان کو تسلی دیتے ہوئے کہا تھا

○○○○○○○

دل کب سے اسفند کا انتظار کر رہی تھی اسفند کہاں ہیں آپ بھائی اور مسکان آپی لوگ کب سے چلے گئے ہیں اور آپ ابھی تک روم میں کیوں نہیں آئے میں کب سے آپ کا ویٹ کر رہی ہوں دل اپنے نان سٹاپ انداز سے اسفند کو فون کرتے ہی شروع ہو گئی تھی۔

مجھے لگا آپ کو تو اپنے بے بی کی باتوں سے فرصت نہیں ہے میں خواہ مخواہ میں آپ کا قیمتی وقت کیوں ضائع کروں۔آپ آرام سے لیٹی ہوئی اپنے بے بی کے بارے میں سوچیں اور خود سے اپنے بے بی کی باتیں ہی کریں اسفند گاڑی کے ساتھ ٹیک لگائے ہوئے کھڑا روڈلی سے انداز سے بولا۔۔

اسفند پلیز روم میں آئیں میں نہیں کروں گی بے بی کی باتیں مجھے بھوک لگی ہے۔۔ہاں تو آپ کے سر پر جو نرسز کھڑی ہیں ان سے کہیں آپ کے پاس رکھا ہوا آپ کا ہیلدی کھانا آپ کو کھلائیں۔۔مجھے آپ کے ہاتھ سے کھانا کھانا ہے ایک منٹ سے پہلے میرے پاس آئیں ورنہ۔۔

ورنہ کیا کرو گی اسفند نے دل کی دھمکی کو سننا چاہا تھا کہ ورنہ وہ کیا کرے گی۔۔ورنہ میں ایسے ہی اٹھ کر باہر آجاؤں گی پھر چاہے میرے آپریٹ کے سٹچز ہی کیوں نہ کھل جائیں۔۔دل خبردار جو کوئی غلط حرکت کی آرہا

ہوں۔اسفند فون کان کو لگائے ہوئے وہاں سے چل پڑا تھا دل اپنے منہ پر ہاتھ رکھے ہوئے اپنی ہنسی کو روکنے کی کوشش کر رہی تھی۔۔

اسفند اگلے تین منٹ کے اندر دل کے پاس تھا دل اسفند کو دیکھ کر کھی کھی کرتے ہوئے ہنس رہی تھی۔۔یہ گھی کی کر کے آپ کو ہنسی کس بات پر آ رہی ہے میرے منہ کر اوپر کوئی لطیفہ لکھا ہوا ہے جو آپ کو پڑھ کر بہت مزہ آ رہا ہے۔۔

اسفند نے دل کو ہنستے ہوئے دیکھ کر کہا تھا حالانکہ دل کا یوں زندہ دلی سے ہنسنا اسفند کو بہت اچھا لگا تھا مگر اس نے اپنے تاثرات کو بڑی مہارت سے چھپا لیا تھا۔۔کیوں ہنسنے پر پابندی عائد ہے کیا دل نے اپنی چھوٹی سی ناک کو سنگوڑ کر اسفند کا ہاتھ پکڑتے ہوئے کہا تھا۔۔

اسفند کو تل کا یوں ہاتھ پکڑنا بہت اچھا لگا تھا اور اس کے دل نے ایک بیٹ بھی مس کی تھی مگر اس نے اپنے تاثرات دل پر ظاہر نہیں ہونے دیے۔

آپ لوگ باہر چلی جائیں جب ضرورت ہو گی تو بلا لوں گی۔۔دل نے دونوں نرسز کو آرڈرز پاس کیا تھا کیونکہ وہ اسفند کو بڑے غور سے دیکھ رہی تھی جو دل سے برداشت نہیں ہو رہا تھا اسفند نے دل کی جیلسی کو باخوبی سمجھ لیا تھا۔۔

نہیں آپ لوگ یہیں پر آرام سے بیٹھیں دل میڈم کو آپ کی ضرورت ہے اسفند کی بات پر دل نے کھا جانے والی نظروں سے اسفند کو گھور کر دیکھا تھا مجھے اس وقت ان کی ضرورت نہیں ہے ان کو جانے دے دل نے لفظوں کو چبا چبا کر بولتے ہوئے اپنا غصہ چھپانے کی کوشش کی تھی۔۔

نرسز دل کے بدلتے ہوئے زاویے کو دیکھ کر فورن کمرے سے چلی گئی تھی۔۔آپ کیوں روک رہے تھے ان کو دل نے اسفند کو گھور کر دیکھتے ہوئے کہا۔کیونکہ وہ اچھی لڑکیاں تھی میری طرف دیکھ کر وہ کتنی خوش ہو رہی تھی۔۔اب اگر میری وجہ سے کسی کو خوشی مل رہی ہے تو میں کیوں کسی کی خوشی کو ضائع کروں۔۔

آپ کو خوشی دینے کے لیے میں ہی کافی ہوں اور آپ کو دیکھنے کا حق صرف مجھے سمجھے آپ دل نے اسفند کے شرٹ کو پکڑتے ہوئے اپنے قریب کھینچا تھا ۔دل کیا کر رہی ہو یہ نہ تو روم ہمارا ہے اور نہ ہی کمرہ ہمارا ہے۔اسفند نے دل کو دل کا ہی ڈائیلاگ سنایا تھا۔۔

تو کوئی بات نہیں شوہر تو میرا اپنا ہے کیا فرق پڑتا ہے پھر روم ہمارا ہو یا نہ ہو۔دل نے مسکراتے ہوئے اسفند کا ڈائیلاگ دہرایا تھا۔۔اچھا جی بڑی ہمت آگئی ہے میرے بچے میں۔اسفند نے بیڈ پر بیٹھتے ہوئے اپنا ایک ہاتھ دل کے اوپر سے کراس کر کے دوسری طرف رکھا ہوا تھا۔۔اور اپنی ٹانگیں بیڈ سے لٹکائے ہوئے بیٹھا ہوا تھا۔

اسفند نے اپنا چہرہ دل کے نزدیک کرتے ہوئے دل کے لبوں سے اپنے لب ٹچ کیے تھے۔اسفند کیا کر رہے ہیں کوئی دیکھ لے گا دل نے اسفند کے سینے پر ہاتھ رکھتے ہوئے اسے پیچھے کی طرف کیا تھا۔تو دیکھ لیں میری اپنی بیوی ہے ۔پلیز سیدھے ہو کر بیٹھیں۔ہو جاؤں گا پہلے مجھے ایک سٹرونگ سی کس دے۔

اسفند یہاں پر نہیں پلیز دل کو شرم آ رہی تھی کہ ہاسپٹل کے بیڈ پر اس سے کس کی مانگی جا رہی تھی۔ کیا چاہتی ہے کہ آپ کی ایسی حالت میں بھی میں آپ کے ساتھ زبردستی سے پیش آؤں آپ آرام سے مجھے کس دے دیں کیونکہ میں نے آپ کے لبوں کا نشہ پچھلے دو دنوں سے نہیں کیا ہے۔

اس وقت مجھے بہت زیادہ طلب محسوس ہو رہی ہے تو آپ مہربانی کر کے مجھے ایک سٹرانگ والی کس دے دیں نہیں تو میری ورنہ آپ کی طرح خالی ورنہ نہیں ہو گی دل نے جو اسفند کو فون پر روم میں بلانے کے لیے ورنہ کہا تھا اسفند وہ جتا رہا تھا۔

ٹھیک ہے لے لیں مگر زیادہ لمبی نہیں ہونی چاہیے۔ دل نے اسفند کے ارادے دیکھ کر ہار مانتے ہوئے کہا۔۔ دل کبھی دیکھا ہے کہ شیر کے منہ میں

اس کا من پسند گوشت دیکھ کر اس سے یہ کہا جائے کہ بس تھوڑا سا ہی کھانا اور شیر نے اس کی بات مان لی ہو۔

اس سے پہلے کہ دل کچھ کہتی اسفند اس کے لبوں کو اپنے لبوں کی قید میں لے گیا وہ اتنی شدت سے لبوں سے نمی کو چوس رہا تھا کہ دل کا سانس لینا مشکل ہو گیا۔

دل کی سانس اکھڑنے لگی تھی۔ جس کی وجہ سے اسے آپریٹ والی جگہ پر درد ہونا شروع ہو گیا تھا دل کی آنکھوں میں ایک دم پانی آگیا۔ اسفند نے دل کے آنسوں دیکھ کر فورن ہی اپنا منہ پیچھے کر لیا تھا۔۔

دل کیا ہوا مجھے پین ہو رہا ہے۔ آئی ایم سوری سوری میری جان مجھ سے یہ کیا ہو گیا ہے۔ دل کی آنکھوں میں آنسوں دیکھ کر اور یہ سن کر کے دل کو درد ہو رہا ہے۔ اسفند بہت گھبرا گیا تھا وہ پریشان ہو کر بھاگتا ہوا جا کر نرس کو بلا کر لے آیا تھا۔

نرس یہ آ کر دل کو انجیکشن لگا دیا تھا۔۔

کب تک ان کو آرام آ جائے گا سر بس کچھ دیر میں ان کو درد سے آرام آ جائے گا۔ پلیز آپ زیادہ اٹھانا نہیں اس سے آپ کو تکلیف ہو گی نرس نے دل کو ہدایت کی تھی۔۔ آپ ان کو مت بتائے۔ مجھے بتائیں جو کچھ کرنا ہے میں خود کر لوں گا۔ اسد نے نرس سے کہا تھا۔

دل کے چہرے پر ابھی بھی درد کے تاثرات باقی تھے اسفند کے پاس چیئر پر بیٹھتے ہوئے اور شرمندگی سے اسے دیکھ رہا تھا۔ آئی ایم سوری میری وجہ

میری جان کو اتنا پین ہو رہا ہے۔اسفند کوئی بات نہیں آپ نے جان بوجھ کر تھوڑی کیا ہے۔۔

جیسے مسکان آپی کی کوئی غلطی نہیں تھی پھر بھی وہ بیچاری شرمندہ ہو کر رو رہی تھی۔اسفنف آپ کو پتہ ہے کہ غلطی میری تھی کیونکہ میں نے نیچے نہیں دیکھا۔۔اور میرا پاؤں کھلونے کے اوپر آ گیا تھا۔
میں اپنی غلطی کی وجہ سے گری تھی دل درد میں بھی مسکان کی طرف داری کر رہی تھی۔۔میں آپ کی مسکان آپی سے بالکل بھی خفا نہیں ہوں مجھے پتہ ہے کہ مسکان بہت ذمہ دار ہے میں اس سے ناراض نہیں تھا۔۔میں تو خود سے ناراض تھا کہ کیوں میں آپ کی حفاظت نہیں کر سکا میری چپ کو شاید اس نے یہ سمجھ لیا کہ میں اس سے ناراض ہوں۔۔

میں مسکان کو منالوں گا۔آپ کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں آپ فحال آرام سے لیٹی رہیں جیسے ہی آپ کا پین کم ہو گا میں آپ کو اپنے ہاتھوں سے ہلدی کھانا کھلاؤں گا۔دل کا پین ختم ہونے کے بعد اسفند اسے بیڈ گراؤنڈ سے ٹیک لگا کر کھانا کھلا رہا تھا۔

دل پلیز نہیں تنگ کرو۔دل بار بار اپنی انگلی سے اسفند کے گردن پر لائنیں کھینچ رہی تھی۔کیوں آپ کو گدگدی ہو رہی ہے۔گدگدی کی بچی مت کرو۔ آپ کو اچھی طرح سے پتہ ہے کہ آپ کا قریب ہونا ہی مجھے بہکانے کے لیے کافی ہے۔۔

میں تو پہلے ہی اپنے اوپر پتہ نہیں کیسے ضبط کر کے بیٹھا ہوا ہوں اوپر سے آپ کی ہاتھوں کی شرارتیں مجھے اور اکسا رہی ہیں۔۔ابھی کچھ دیر پہلے آپ نے جو

پین برداشت کی ہے وہ میری نزدیکیوں کا ہی صلہ تھا۔۔کیا چاہتی ہیں کہ آپ کو وہ پین دوبارہ سے برداشت کرنی پڑے۔

ہاں میں یہی چاہتی ہوں کہ مجھے وہ پین دوبارہ سے ہو وہ کھی کھی کر کے ہنستے ہوئے اسفند کے کانوں اور گالوں کو چھوئے جا رہے تھی۔۔دل کو بڑی اچھی طرح سے پتہ تھا کہ اس کو تھوڑی دیر پہلے جتنا درد ہوا ہے۔

اسفند کبھی دوبارہ اس کی پین کی وجہ نہیں بنے گا۔۔اس لیے وہ نہ ڈر ہو کر اسفند کو تنگ کر رہی تھی دل کو پتہ تھا کہ اس کے نزدیکیاں اسفند سے برداشت نہیں ہوتی۔اور اس وقت اسفند چاہ کر بھی دل کے نزدیک نہیں آسکتا تھا دل اس کی حالت کے مزے لے رہی تھی۔۔

دل آرام سے کھانا کھاؤ مجھے پتہ ہے کہ آپ کو بہت ہنسی آرہی ہے میری حالت پر فکر نہ کریں کتنی دیر اپنی خیر منائیں گی۔ایک بار ٹھیک ہو جاؤ پھر میں آپ سے گن گن کر بدلے لوں گا اگر میں نے بھی آپ کی سانسوں پر پہرا نہ لگا دیا تو پھر کہنا۔

جب ٹھیک ہو جاوں تو دیکھا جائے گا فلحال مجھے آپ کی دھمکیوں سے ڈر نہیں لگ رہا آپ بھی تو مجھے اسی طرح سے تنگ کرتے ہیں۔۔
آج میری باری دل اسفند کی شرٹ کے اندر ہاتھ ڈال کر اس کے پیٹ اور چھاتی پر گدگدی کر رہی تھی۔۔

دل مت تنگ کرو قسم سے بہت ماروں گا اسفند سے دل کے ہاتھوں کے لمس برداشت نہیں ہو رہے تھے۔۔۔مار کر دکھائیں بڑے آئے مارنے

والے۔اسفند بیچارہ تو ہل بھی نہیں رہا تھا کہ کہیں دل کو دوبارہ پینا شروع نہ ہو جائے۔۔

مگر دل اپنی مستیوں سے باز نہیں آ رہی تھی۔دل کی بچی مجھے اتنا ہی تنگ کرو جتنا بعد میں برداشت کر لو۔اسفند نے ہنستے ہوئے دل کے ہاتھوں کو اپنے ہاتھ سے تھام لیا تھا۔۔دل اسفند کو ہنستے ہوئے دیکھ کر دل پر سکون ہو گئی تھی۔۔

دل نے اس دوران ایک بار بھی بے بی کا نام نہیں لیا تھا وہ اسفند کو اپنی محبت میں الجھا کر اس کا موڈ ٹھیک کر رہی تھی۔۔وہ دونوں بہت دیر تک محبت بھری باتیں کرتے رہیں۔۔دل اسفند د کو تنگ کر رہی تھی مگر اسفند کا دل کا تنگ کرنا بہت اچھا لگ رہا تھا۔۔۔

اس کے بعد اسفند اٹھ کر چیئر پر بیٹھ گیا تھا رات کافی ہو چکی ہے۔۔آپ سو جائیں مجھے بھی نیند آ رہی ہے دل آپ سو جاؤ میں آپ کا یہاں پر بیٹھ کر ہی خیال رکھوں گا۔۔اس کی ضرورت نہیں ہے میں اب بالکل ٹھیک ہوں۔۔

ٹھیک تو تب ہو نگی جب آپ میرے ساتھ گھر چلیں گی فی الحال آپ آرام سے سو جائیں۔ نہیں اسفند آپ کی طبیعت خراب ہو جائے گی آپ پچھلے دو تین دن سے سوئے نہیں ہے۔اب کون سی مجھے نیند آ جانی ہے۔۔۔مطلب ۔۔۔۔مطلب یہ کہ مجھے آپ کے بنا نیند نہیں آتی آپ کو پتہ ہے۔آ جائیں میرے ساتھ بیٹھ کے ایک سائیڈ پر آپ بھی سو جائیں۔۔دل کو اسفند کے بیمار ہونے کی فکر تھی کہ کہیں وہ نیند سے بیمار نہ پڑ جائے۔۔

ہاہا۔اسفند قہقہ لگا کر ہنسا تھا میری معصوم دل کیوں اپنی جان کو مشکل میں ڈال رہی ہو آپ کے ساتھ سونا ایسا ہے جیسے بلی کو دودھ کی رکھوالی رکھنے کو کہا

جائے میری جان میں یہاں پر ہی ٹھیک ہوں مجھے آپ کو ٹھیک کر کے گھر لے کر جانا ہے آپ کے ساتھ سو کر یہاں پر اپنا گھر نہیں بسانا۔۔۔۔

58

oooooooo

آپ کے ساتھ سو کر نیند کس کمبخت کو آنی ہے۔اسفند میری جان آپ خود پر کچھ دن کے لیے کنڑول رکھ کر میرے ساتھ سو جائیں کرے۔دل اسفند کی نقل اتار کر اسے جان بول رہی تھی۔کیونکہ اسفند دل کو پیار سے جان کہہ کر بلاتا تھا۔۔دل انسان بن جاؤ آپ کو بہت مذاق سوجھ رہے ہیں یہ جان آپ مجھے گھر چل کر بولنا پھر اگر آپ کی جان نہ نکالی تو میرا نام بھی اسفند شہریار نہیں ہے۔۔

گھر پر تو آپ کی سانسیں رک جاتی ہیں میرے قریب آنے سے پھر تو آپ سے آنکھیں تک نہیں ملائی جاتی مجھ سے۔۔وہ سب پرانی باتیں ہیں اسفند شہریار اس دل کو اب آپ سے ڈر نہیں لگتا۔دل کو اسفند کی حالت پر رحم آرہا تھا۔بتاؤں پھر آکر کہ آپ کو ڈر لگتا ہے یا نہیں۔اسفند اپنی کرسی سے اٹھ کر کھڑا ہو گیا تھا۔

ہاں بتائیں کیا کر لیں گے میں ڈرتی نہیں ہوں آپ سے دل کو اسفند کی محبت پر اس قدر ناز تھا کہ وہ کبھی بھی دل کو تکلیف پہنچانے کے لیے اپنی حد کراس نہیں کرے گا۔اس لیے دل اسفند کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر سینہ تان کر بول تھی۔۔

دل کی بچی کرنے کو تو میں بہت کچھ کر سکتا ہوں ایک منٹ سے پہلے آپ کی سانسیں پی سکتا ہوں ایک منٹ سے پہلے آپ کو اپنے حد سے زیادہ قریب لا سکتا ہوں۔ایک منٹ سے پہلے آپ کو خود میں سمیٹ سکتا ہوں۔ایک منٹ سے پہلے آپ کو سسکنے پر مجبور کر سکتا ہوں ایک منٹ سے پہلے آپ کو اپنی

محبت بھری شدتیں محسوس کرواسکتا ہوں اسفند اپنا چہرہ دل کے بے حد قریب اس کے اوپر جھکا ہوا تھا۔اس کے کان میں سرگوشیاں کر رہا تھا اس کی آواز اتنی رومینٹک لگ رہی تھی جسے دل ہمیشہ کہتی تھی کہ آپ کی آواز ایسے لگتی ہے جیسے آپ نے نشہ کیا ہو۔

اب آنکھیں کھولو اور سلطان راہی بن کر مجھے جواب دو دل نے اپنی آنکھیں بند کی ہوئی تھی۔اب بتاؤ کہ آپ کو مجھ سے ڈر لگتا ہے یا نہیں اسفند کی جان آنکھیں کھولیں۔

اور میری طرف دیکھیں اب آپ کی بولتی اور آنکھیں دونوں ہی بند کیوں ہو گئی ہیں، دو سیکنڈ پہلے تو آپ بڑی سلطان راہی بن کر ڈائیلاگ مار رہی تھی۔

اب آپ کی جان آپ کے پاس کھڑا ہے تو آپ کو شرم آرہی ہے بس دل بے بی اتنی سی بہادری تھی۔

دل کے ماتھے کو چومتا ہوا مسکرا کر بول رہا تھا۔اب وہ دل کے نرم ملائم گالوں کو اپنے انابی لبوں سے چوم رہا تھا۔اب اس کی خوبصورت بند پلکوں کو چوم رہا تھا اب باری اس کے کیوٹ سے ناک کی تھی جو اسفند کو بہت پیاری لگتی تھی جب وہ اسے سنگھوڑ کر بچوں کی طرح باتیں کرتی تھی۔

اب نشانہ اس کی گردن تھا وہ بیڈ سے نیچے کھڑا ہوا دل کی گردن پر جھکا اپنے لبوں کے لمس چھوڑ رہا تھا دل نے سسک کر اپنا ہاتھ اسفند کے کاندھے پر رکھ کر کاندھے کو زور سے دبایا ہوا تھا۔اسد کی اتنی سی قربت نے دل کی سانسیں تیز کر دی تھی وہ آنکھیں بند کر کے لمبی لمبی سانسیں لے رہی تھی۔اسفند اب بہکنے لگا تھا وہ بڑی مشکل سے اپنا آپ سنبھال کر پیچھے ہوا تھا۔

مگر اس کے نظر دل کے لبوں پر پڑ چکی تھی وہ بے اختیار ہو کر دل کے لبوں پر جھکا گیا تھا۔دل کی نازک سی پنکھڑیوں سے نمی کو چوستے ہوئے وہ بڑی مشکل

سے خود کو کنٹرول کرتا ہوا پیچھے ہو کر کرسی پر بیٹھ گیا تھا۔۔آنکھیں بند کر کے کرسی کے ساتھ ٹیک لگائے ہوئے گہری سانسیں لے رہا تھا دل کی بھی کچھ ایسی ہی حالت تھی۔

وہ بیٹھا بیٹھا اچانک سے پھر اٹھ کر دل کے لبوں پر جھک گیا۔اسفند کی تشنگی اسے پر سکون ہونے نہیں دے رہی تھی وہ تو ویسے ہی دل کو دیکھ کر ہمیشہ بہکا ہوا رہتا تھا۔آج تو اسے دل سے دور ہوئے دو دن اور دو راتیں ہو گئی تھی۔تو ایسے میں اسفند کا بہکنا تو لازم تھا۔

دل جو آنکھیں بند کر کے لیٹی ہوئی تھی اچانک سے پھر اسفند کے لبوں کو محسوس کر کے اسفند کے کاندھوں کو اپنے ہاتھوں سے پکڑ کر چپ چاپ اسفند کے لمس کو محسوس کر رہی تھی۔اسفند نے نرمی کے ساتھ دل کے لبوں کو اپنی قید میں لے رکھا تھا۔

اسفند کافی دیر کے بعد اپنی پیاس بجھا کر پیچھے ہٹا تھا۔ وہ الگ بات تھی کہ اس کی پیاس ابھی باقی تھی اس کے بے لگام جزبات اپنی محبت کو پوری طرح سے اپنی دسترت میں چاہتے تھے۔ مگر اسفند اپنے جزباتوں سے مجبور ہو کر اپنی جان کو کسی مصیبت میں مبتلا نہیں کر سکتا تھا۔

دل جلدی سے ٹھیک ہو جاؤ یار کیوں بار باریوں میرے صبر کا امتحان لیتی ہو۔ اسفند بڑی بے بسی سے دل کو دیکھتے ہوئے ٹھنڈی آہ بھر کے بولا تھا۔

آپ ایک کام کریں آپ سامنے والے صوفے پر جا کر سو جائے۔ کیوں اب آپ کو مجھ سے ڈر لگ رہا ہے وہ ہنستے ہوئے بولا۔۔ بس ختم ہو گئی آپ کی بہادری۔ جی ہو گئی آپ تو ایک منٹ سے بھی پہلے آپے سے باہر ہو جاتے ہیں۔ مجھے اپنے اپریٹ کے سٹچز نہیں تڑوانے۔

اچھی بات ہے اگر اتنی سی کیئر فل رہو گی تو فائدے میں رہیں گی۔۔ورنہ مجھ سے تو آپ اچھی طرح سے واقف ہے۔اسی لیے بول رہا تھا کہ مجھے تنگ مت کرو۔اور آرام سے سو جاؤ۔

اب سوئے ہوئے شیر کو جگاؤ گی تو وہ کچھ نہ کچھ کھانے کو تو مانگے گا نا۔اور جب اس کے سامنے اس کی من پسند خوراک ہو گی تو وہ تو ٹوٹ پڑے گا۔

اوپر سے شیر اگر دو دن بھوکا بھی ہو تو کیا خاک خود پر کنڑول کرے گا۔۔۔ویسے بھی شیر کا کام نہیں ہوتا کہ وہ خود پر کنڑول کرے۔۔یہ شیر تو آپ کو دیکھ کر ویسے ہی بہک جاتا ہے۔اور آج تو شیر کو آپ نے خود ہی اکسایا ہے کہ وہ آکر آپ کو کھائے۔۔۔

آپ خود کو شیر بول رہے ہیں دل نے ناک سنگھوڑ کر آنکھیں چھوٹی کرتے ہوئے ایک ادا سے کہا تھا۔ نہیں میں آپ کو شیر کی خوراک بول رہا ہوں وہ قہقا لگا کر ہنستے ہوئے بولا تھا۔ آپ کو پتہ ہے آپ بہت گندے ہیں۔ ہاں پتہ ہے، ٹھیک ہو کر گھر چلیں پھر آپ کو بتاتا ہوں کہ میں کتنا گندا ہوں پچھلے نو مہینوں سے آپ کے ساتھ بہت نرمی سے پیش آیا ہوں۔ کیونکہ آپ کی حالت قابلِ رحم تھی۔

جب آپ کی حالت قابل رحم تھی میں نے آپ سے بہت نرمی سے پیش آیا ۔اب میری حالت قابل رحم ہے آپ گھر چل کر حساب برابر کرنا وہ آنکھ کو دباتے ہوئے مسکرایا تھا۔ جس سے اس کے ٹمپل بہت نمایاں ہو گئے تھے وہ مسکراتا ہوا کوئی شہزادہ لگ رہا تھا۔ دل کو اس کو دیکھ کر رشک آرہا تھا کہ وہ خوبصورت شخص اس کی ملکیت تھا۔

اسے رب نے اس کی قسمت کی لکیروں میں لکھ دیا تھا وہ اس کا محرم تھا۔ جس کو دیکھ کر ہزاروں لڑکیاں اس پر مرتی تھی۔۔وہ شخص اس پر اپنی جان چھڑکتا تھا۔ جو ہزاروں لڑکیوں کے خوابوں کا شہزادہ تھا دل اس کے خوابوں کی رانی تھی۔

اتنے پیار سے میری طرف مت دیکھو دل ورنہ میں پھر سے آپ کی سانسیں روک دوں گا پھر مت کہیے گا کہ میں بہت گندا اور ظالم ہوں۔ وہ سامنے صوفے پر بیٹھا ہوا دل کو اپنی طرف غور سے دیکھتے ہوئے دیکھ کر بولا تھا۔

میں تو آپ کی طرف نہیں دیکھ رہی تھی دل نے صاف جھوٹ بول کر اپنا چہرہ دوسری طرف گھما لیا تھا اسفند اس کے جھوٹ پر مسکراتے ہوئے صوفے پر ٹیک لگا کر لیٹ گیا تھا۔۔

oooooooooo

مسکان روم میں آجاؤ یا آج رات بچوں کے پاس ہی رہنے کا ارادہ ہے اسد جو کافی دیر سے مسکان کا روم میں انتظار کر رہا تھا اب اسد نے فون کر کے مسکان

کو آنے کا کہا تھا۔اسد بچے جاگ رہے ہیں اور وہ جے انتظار نہیں دے رہے مسکان نے من مناتے ہوئے کہا تھا۔کیونکہ اس سے پتہ تھا کہ اسد کا موڈ خراب ہونے میں ٹائم نہیں لگتا۔۔

مسکان یہ میرا مسئلہ نہیں ہے اگلے پانچ منٹ کے اندر آپ روم میں ہونی چاہیے۔مگر اسد۔اسد مسکان کا جواب سنیں بھی نہ ہی فون بند کر چکا تھا۔۔اللہ میاں یہ کیا چیز دی ہے آپ نے مجھے۔تین بچوں کا باپ ہو کر اپنے لیے کمپرومائز کرنے کے لیے تیار نہیں ہے یہ بندہ۔

مسکان آسمان کی طرف منہ کر کے بڑھ بڑا رہی تھی دونوں نرسز مسکان کو دیکھ کر ہنس پڑی تھی۔۔مسکان نرسز کو ہنستا ہوا دیکھ کر شرم سے اٹھ کر روم سے جانے لگی تھی۔مسکان نیچر وائز بہت شرمیلی تھی۔

۔۔۔۔۔۔۔دل بس کریں آپ صبح سے بچوں کے ساتھ کھیل رہی ہے اب آپ تھوڑی دیر کے لئے آرام کرلیں۔ نہیں مسکان آپی اسفندرات کو مجھے گھر لے جائیں گے مجھے ابھی بچوں کے ساتھ اور بہت سارا کھیلنا ہے ۔۔دل ارحم عنایہ اور ایناکے ساتھ بیڈ پر گھری ہوئی بیٹھ کر کھیل رہی تھی۔

دل بچوں کے ساتھ بچی ہی لگ رہی تھی مسکان دل کو اس قدر خوش دیکھ کر مسکرا رہی تھی۔بچے بھی بے حد خوش تھے دل کے ساتھ۔دل اسفند بھائی کا صبح سے دس بار فون آچکا ہے کہ آپ کو آرام کرنے کا کہا جائے۔

میں نے تمہارے کہنے پر بھائی سے جھوٹ بولا ہے کہ آپ نے آرام کیا ہے اور آپ نے کھایا بھی کچھ نہیں ہے۔اگر بھائی کو یہ سب پتہ چلا تو وہ مجھ سے ناراض ہوں گے۔۔۔

پلیز آپ اٹھو اور تھوڑا آرام کرو میں آپ کے لیے کچھ بنا کر لاتی ہوں، بتاؤ کیا کھانا ہے مسکان آپی ابھی میں نے کچھ نہیں کھانا۔۔۔۔اسفند بھی سارا دن مجھے کچھ نہ کچھ کھلاتے رہتے ہیں مجھے ابھی بھوک نہیں ہے۔۔۔

دل پھر میں بھائی کو فون کر کے بتاؤں کہ آپ میرا کہنا نہیں مان رہی مسکان آپی ٹھیک ہے بنا دے کچھ میں کھالوں گی۔

مسکان کی دھمکی پر دل نے بچوں جیسا منہ بنا کر کہا۔۔۔

چلو میں تمہارے لیے ابھی سوپ بنا کر لاتی ہوں آپ میرے جانے کے بعد کوئی اچھل کود مت کرنا پلیز دل اسفند بھائی تمہارے لیے بہت فکر مند ہیں۔۔

تمہارے لیے ڈران کے چہرے پر نظر آتا ہے کہ کہیں آپ کو کچھ ہو نہ جائے اس لیے اپنا بہت خیال رکھا کرو میرے بھائی کی جان بستی ہے آپ میں۔

میں اپنا بہت خیال رکھتی ہوں آپ کے بھائی کو ویسے ہی عادت ہے مجھ پر نظر رکھنے کی اور مجھے بچی سمجھنے کی دل منہ بصورتی ہوئی بول رہی تھی۔ مسکان دل کے چہرے کے زاویوں کو دیکھ کر ہنس پڑی تھی۔

وہ آپ پر نظر نہیں رکھتے آپ سے بہت پیار کرتے ہیں دل بھائی کا پیار ان کی آنکھوں سے صاف نظر آتا ہے۔ صبح سے کوئی 10 بار انہوں نے فون کر کے آپ کے آرام کا اور آپ کے کھانے کا پوچھا ہے اور نرسز بتا رہی تھی کہ یہ بھائی کے روز کی روٹین ہیں۔۔۔

ہر 10 منٹ کے بعد نرسس کو فون آتا ہے آپ کا پوچھنے کے لیے دل آپ بہت خوش قسمت ہیں جو آپ کو اتنا پیار کرنے والا میرا بھائی ملا ہے

۔۔۔۔آپ کے بھائی بھی بہت خوش قسمت ہیں جن ان کو مجھ جیسی پیار کرنے والی بیوی ملی ہے دل جلدی میں بول تو گئی پھر شرما کر نظر چھکائے ہوئے بچوں سے کھیلنے کی ایکٹنگ کرنے لگی۔۔۔

اور مسکان مسکراتے ہوئے کچن کا رخ کرنے لگی تھی اسے خوشی تھی کہ دل بھی اس کے بھائی سے بہت پیار کرتی ہے اسی لیے دل بے اختیار بول گئی تھی۔۔۔

جاتے ہوئے دونوں نرسز کو ہدایت دے کر گئی کہ دل کا خیال رکھنا ہے۔۔ مگر دل کہاں کسی کی سننے والی تھی اس کا تو بس نہیں چل رہا تھا کہ وہ ایک منٹ بھی ضائع نہ کرے اور بچوں کے ساتھ زیادہ سے زیادہ کھیل لیں۔۔۔

نرسز اسے روک رہی تھی مگر وہ ان کو چپ کروا کے بچوں کے ساتھ کھیلے جا رہی تھی۔۔ دل ارحم کے ساتھ کھیل رہی تھی ارہم بیڈ سے نیچے اتر کر کھلونوں کی طرف بھاگا۔۔۔

دل بھی اٹھ کر اس کے پیچھے پکڑنے کے لیے بھاگی تھی مگر دل کے پاؤں کے نیچے کوئی کھلونا آ گیا تھا جس کی وجہ سے دل اپنا بیلنس برقرار نہیں رکھ

سکی۔۔۔اور وہ پھسل کر پیٹ کے بل زمین پر گری تھی۔۔۔دل کی درد سے چیخ نکلی۔۔۔۔۔۔نرسز بھاگ کر دل کے پاس آگئی تھی۔۔۔

مسکان جو کچن میں دل کے لیے سوپ بنا رہی دل کی چیخ اس نے بھی سنی تھی۔۔۔۔۔۔مسکان کے ہاتھ میں پکڑا ہوا شیشے کا باؤل گھبراہٹ سے زمین پر گر گیا۔۔۔۔مسکان بھی بھاگتی ہوئی دل کی روم کی طرف آرہی تھی۔۔ گھبراہٹ میں اس کے خود کے پاؤں میں کانچ کا ٹکڑا لگا گیا تھا۔۔ مگر اس نے کوئی دیان نہیں دیا۔۔۔۔۔۔۔مسکان جب روم میں پہنچی تو روم کا منظر دیکھ کر مسکان کا سر گھوم گیا دل زمین پر پیٹ کے بل گری ہوئی تھی اور نرسز اس کو اٹھانے کی کوشش کر رہی تھی۔۔۔شاید بیڈ کا کونا لگنے کی وجہ سے دل کے ماتھے پر کٹ لگ گیا تھا۔۔۔

جس سے خون نکل رہا تھا پیٹ پر ہاتھ رکھ کر درد سے کرا رہی تھی
،مسکان بھاگتی ہوئی دل کے قریب آئی درد سے دل کی رنگت زرد پڑنے لگی
تھی۔۔۔۔۔مسکان کو کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا وہ کیا کرے مسکان روئے جا
رہی تھی۔دل کی حالت کو دیکھ کر مسکان نے سائیڈ ٹیبل سے فون اٹھاتے
ہوئے اسفند کو فون کیا تھا۔۔۔۔۔

بھائی وہ دل۔۔۔۔۔کیا ہوا ہے دل کو۔۔۔اسفند دل کا نام سن کر اپنی سیٹ
سے کھڑا ہو گیا تھا۔۔۔۔بھائی وہ گر گئی ہیں اور اس کی طبیعت بہت خراب
ہے اسے بہت درد ہو رہا ہے جلدی سے آجائیں۔۔۔۔اسفند میں اس سے
آگے نہ تو کچھ سننے کی ہمت تھی نہ بولنے کی۔۔۔

اسفند چلتے ہوئے فون میں بنا جواب دیے ہوئے ہی اپنی سیٹ سے کھڑا ہو کر
آفس کا دروازہ کھول کر بھاگتا ہوا۔

آفس سے نکلا تھا اسد جو اپنے کیبن میں بیٹھا ہوا تھا۔۔اسد نے صرف بھاگتے ہوئے اسفند کی صرف ایک جھلک ہی دکھائی دی تھی۔اسد نے باہر نکل کر اپنے اسسٹنٹ سے پوچھا تھا کہ کیا یہ اسفند سر تھا۔۔

اس نے ہاں میں سر ہلایا تھا پورا آفس کھڑا ہوا تھا اسفند کو اس طرح بھاگتے ہوئے دیکھ کر۔۔۔سیٹ ڈاؤن سب لوگ بیٹھ جاؤ اور اپنا کام کرو۔۔۔۔

اسد نے سارے آفس کو کھڑا ہوا دیکھ کر بیٹھنے کو بولا تھا اور خود روم سے اپنا فون لے کر وہ بھی تقریبا بھاگتا ہوا آفس سے نکلا تھا۔۔اسفند گاڑی میں بیٹھ کر گاڑی سٹارٹ کر چکا تھا اسد نے کافی آوازیں دی مگر اسفند اس وقت اتنا بد حواس اور پریشان تھا۔۔۔۔۔کہ اسے کچھ بھی سنائی نہیں دے رہا تھا۔۔۔ وہ گاڑی سٹارٹ کرتا ہوا پارک ایریا سے نکل چکا تھا اور پیچھے ہی اس کی دونوں

سکیورٹی کے فورس کے کی گاڑیاں بھی نکل گئی اسد خان اپنی گاڑی میں اسفند کا پیچھا کر رہا تھا۔۔۔

اسفند گاڑی چلاتا ہوا بار بار اپنے ماتھے سے پسینے کو صاف کر رہا تھا اس کے منہ سے دعائیں نکل رہی تھی اپنی دل کے لیے۔اے میرے اللہ تو دلوں کے بیت خوب جانتا ہے میری دل کو کوئی ضرب۔نہ لگنے دینا اے اللہ تو اس کو زندگی اور صحت دینا اللہ وہ لڑکی میری زندگی ہے اے اللہ اس کو کچھ مت کرنا وہ پاگلوں کی طرح منہ میں بڑبڑاتا ہوا دعائیں کر رہا۔۔۔۔۔

اسد راستے میں بار بار اسفند کو فون کر رہا تھا مگر اسفند فون نہیں اٹھا رہا تھا۔۔۔ اسفند کو تو فون بیل سنائی ہی نہیں دے رہی تھی۔۔اس نے اٹھانا کیا خاک تھا۔۔۔۔۔اس کے دل میں تو اس وقت طوفان برپا تھا آج اس کا وہ ڈر صحیح ثابت ہو گیا تھا جس ڈر کو وہ پچھلے 15 دن سے اپنے ارد گرد محسوس کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔اسد کو ائیڈیا تھا کہ یہ جو بھی پرابلم ہے وہ دل سے ریلیٹو ہے اسفند کا اس طرح سے بدحواس ہو کر بھاگنا اس بات کی گواہی تھا کہ جو بھی پرابلم ہے وہ دل سے جڑی ہوئی ہے۔۔۔۔۔۔۔

جب اسفند نے فون نہیں اٹھایا تو اسد نے فون مسکان کو ملایا تھا۔۔۔مسکان فون اٹھاتے ہی رونے لگی تھی پرنسس کیا ہوا ہے کیوں رو رہی ہو اور دل کو کیا ہوا ہے۔۔۔۔۔دل گر گئی ہے اور اس کو بہت درد ہو رہا تھا وہ درد سے بے ہوش ہو گئی ہے۔۔۔یا اللہ رحم فرما میرے مالک اسد اپنے رب سے دعا کر رہا تھا۔۔۔۔پرنسز میں اور اسفند دس منٹ تک گھر پہنچ جائیں گے پلیز پریشان مت ہو سب ٹھیک ہو جائے گا۔۔

آپ خود کو سنبھالیں گی تب ہی آپ دل کو سنبھال پائیں گے ریلیکس ہو جائیں۔۔۔۔۔۔۔اسد پلیز جلدی

آجائیں مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے مسکان میری جان میں 10 منٹ میں آرہا ہوں سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا اللہ سے دعا کریں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسد بھاگتا ہوا گاڑی کا گیٹ کھول کر باہر نکلا تھا۔۔۔۔اسفند جب گھر پہنچا تو دل بیڈ پر بے ہوش پڑی تھی اور مسکان نے دل کے ماتھے پر پٹی رکھی ہوئی تھی کیونکہ دل کے ماتھے سے بہت زیادہ خون نکل رہا تھا اسفند کے پیروں سے جان نکل گئی تھی۔۔۔

دل کے حالت دیکھ کر وہ دل کا نام لے کر چیختے ہوئے دل کے پاس آیا ۔۔۔۔۔اسفند بنا کچھ کہے دل کو اپنی باہوں میں اٹھا کر گاڑی کی طرف بھاگا دل کو گاڑی میں ڈالتے ہوئے ہو سپٹل کے لیے نکلنے ہی لگا تھا کہ۔۔

اسد بھی وہاں پر پہنچ گیا وہ بھی اپنی اکلوتی بہن کی ایسی حالت دیکھ کر تڑپ گیا تھا اسد اسفند اور مسکان دل کو لے کر ہاسپٹل پہنچ گئے۔۔۔۔اسفند نے دل کا

سر اپنی گود میں رکھا ہوا تھا۔۔ جس جگہ سے دل کا سر پھٹا تھا۔۔ وہاں پر اسفند نے پٹی پر آپنا ہاتھ رکھ کر دبایا ہوا تھا۔۔۔

مسکان نے پٹی تو کی تھی مگر بلڈ بہت زیادہ نکل رہا تھا مسکان سے کور نہیں ہو رہا تھا مسکان کے تو خود کے بھی ہاتھ کانپ رہے تھے۔۔ اسفند کچھ بھی نہیں بول رہا تھا اس کی لال انگار ہوئی آنکھیں بڑی حسرت اور تڑپ کے ساتھ دل کے چہرے پر مرکوز تھی۔۔۔ ہاسپٹل میں سب انتظام تھا اسد ہاسپٹل میں ڈاکٹر کو فون کر چکا تھا۔۔ دل کو ڈاکٹر فورن اپریشن تھیٹر کے اندر لے گئے تھے۔۔۔

اسفند بڑا بے چین ہو کر بیٹھا ہوا تھا اس کے چہرے پر بہت سخت تاثرات تھے۔۔ وہ بار بار اپنے ماتھے سے پسینے کی بوندیں صاف کر رہا تھا وہ کرسی پر بیٹھا ہوا اپنی ایک ٹانگ کو مسسل ہلائے جا رہا تھا۔ مسکان اپنے بھائی سے دور

بیٹھی ہوئی تھی۔۔وہ اسفند سے ڈری ہوئی تھی اسے ڈر تھا اس کا بھائی کیا سوچے گا کہ وہ اس کی بیوی اور بچے کا چند گھنٹوں کے لیے بھی خیال نہیں رکھ پائی۔۔۔۔۔۔اپریشن شروع ہونے والا تھا۔۔ڈاکٹر ایک فائل لے کر اسفند کے پاس آئی

۔

سر آپ اس پر سائن کر دیں۔۔ سر میں آپ کو پہلے سے ہی آگاہ کر دوں کہ آپ کی بیوی کی کنڈیشن بہت خراب ہے۔۔۔۔آپ کی بیوی اور بچے دونوں کی جان کو خطرہ ہے کیونکہ آپ کی بیوی کا سر پھٹنے کی وجہ سے بہت زیادہ بلڈ ضائع ہو چکا ہے۔۔۔۔

سر یہ کیا کر رہے ہیں آپ ڈاکٹر ڈرتے ہوئے بولی تھی۔۔۔۔۔اگر میری بیوی کو کچھ ہوا تو آج کے بعد یہاں پر کوئی بھی ڈاکٹر نہیں بچے گا کسی کا علاج

کرنے کے لیے۔۔۔۔اسفند ڈاکٹر کے سر پر گن تان کر کھڑا ہو گیا تھا۔۔۔۔اسد بھاگ کر اسد کے پاس آیا تھا ڈاکٹر کی جان چھڑوانے کے لیے۔۔۔اسد نے آج بہت دنوں کے بعد اسفند کا ٹائیگر والا روپ دیکھا تھا۔۔

تقریبا جب سے دل اس کی زندگی میں آئی تھی اسفند کا ٹائیگر والا روپ کم ہی دیکھنے کو ملتا تھا کیونکہ وہ بہت خوش اور ہمیشہ موڈ میں ہی رہتا تھا۔۔۔۔ٹائیگر پلیز ڈاکٹر کو جانے دو وہ اپنی طرف سے پوری کوشش کریں گی۔۔۔

دل کو ٹھیک کرنے کے اور انشاءاللہ دل ٹھیک ہو جائے گی تم تھوڑے ریلیکس ہو جاؤ۔۔۔۔مجھے کوشش نہیں دل ٹھیک چاہیے اور اس وقت کوئی بندہ مجھے دلاسہ دینے کی کوشش بھی مت کرنا جب تک دل ٹھیک نہیں ہو

جاتی مجھ سے سب لوگ دور رہو تو بہتر ہے وہ اتنی زور سے چلایا تھا کہ ہر بندہ اس کی طرف متوجہ ہو گیا۔۔

اسد نے ڈاکٹر کو اشارہ کیا کہ وہ اپریشن تھیٹر کی طرف چلی جائے ڈاکٹر نے فائل کی طرف اشارہ کیا تھا کہ یہاں پر اسفند کے سائن چاہیے اسد کو پتہ تھا کہ اس وقت اسفند اپنے آپے سے باہر ہے وہ ڈاکٹر کی جان کے لیے بھی خطرہ بن سکتا ہے۔۔

اسد نے فائل پکڑ کر اس پر خود سائن کر دیے تھے بطور بھائی۔۔۔۔۔۔۔

دل کا اپریشن ہو گیا تھا اور دل نے ایک خوبصورت سے بیٹے کو پیدا کیا ڈاکٹر بچے کو لے کر اپریشن تھیٹر سے باہر آئی تھی۔۔۔

اسد اور مسکان نے بچے کو دیکھا اور اسد نے بچے کو اپنی گود میں لے لیا۔۔

بچہ بالکل ٹھیک تھا اور ڈاکٹر کے کہنے کے مطابق سارا خطرہ اس وقت دل کی زندگی کو تھا دل 5050 کے چانس پر زندگی اور موت کے بیچ جنگ لڑ رہی

تھی۔۔۔۔۔اسد نے بچے کو اسفند کی گود میں ڈالنا چاہا تھا مگر اسفند نے ہاتھ کے اشارے سے منع کر دیا۔۔۔جب تک دل ٹھیک نہ ہو جائے مجھے بچے کو نہیں دیکھنا ہے۔۔۔۔۔ٹائیگر یہ تمہارا بیٹا ہے۔دل اس وقت خوش پہ نہیں تو تمہیں چاہیے کہ اس کو اپنی گود میں لو۔۔۔۔اس بچے کی چاہت دل کو تھی مجھے نہیں۔۔۔۔تو اس لیے میں اس بچے کو دل کے ہوش میں آنے کے بعد ہی دیکھوں گا۔۔۔۔۔اسفند اپنے دل کی حالت بیان نہیں کر سکتا تھا نہ جانے کیوں یہ بچہ اسے دل کی تکلیف کا باعث لگ رہا تھا وہ دل سے اتنی محبت کرتا تھا کہ اس کی خود کی اولاد بھی اس وقت سے سکون نہیں دے پا رہی تھی۔۔۔

اسفند اٹھ کر نماز پڑھنے کے لیے مصلے پر جا کر کھڑا ہو گیا تھا وہ اپنے رب سے اپنی دل کی زندگی مانگ رہا تھا۔۔۔۔۔

مسکان دل کے بچے کو گود میں لیے ہوئے رو رہی تھی اسد جو اپنی بہن کی وجہ سے حد سے زیادہ پریشان تھا اوپر سے مسکان کی حالت دیکھ کر اسے سمجھ نہیں آرہا تھا وہ کرے تو کیا کرے اچانک سے اسد کی نظر مسکان کے پاؤں پر پڑی تھی۔۔

جہاں سے بہت سارا خون نکل کر اس کے پاؤں کے ارد گرد پھیلا ہوا تھا اسد نے آگے بڑھ کر گھبرا کر پوچھا تھا مسکان یہ آپ کے پاؤں میں کیا ہوا ہے۔۔۔۔۔پتہ نہیں کیا ہوا ہے۔۔۔۔مسکان خود خون کو دیکھ کر حیران ہو کر بولی۔۔۔۔اسد زمین پر ایڑیوں کے بل بیٹھ کر مسکان کے پاؤں کو غور سے دیک رہا تھا۔۔

جہاں پر چھوٹا سا کانچ کا ٹکڑا چپا ہوا نظر آیا تھا۔۔۔۔۔اسد نے تڑپ کر مسکان کے منہ کی طرف دیکھا تھا جو اس وقت بھی بچے کو گود میں لیے ہوئے روئے

جارہی تھی۔۔۔۔۔۔۔اسد بھی کہاں مسکان کو تکلیف میں دیکھ سکتا تھا ۔۔۔مسکان رونا بند کرو رونا کسی چیز کا حل نہیں ہے کم سے کم اپ خود کی تو ہوش رکھے آپ کے پیر میں کانچ کا ٹکڑا چبا ہوا ہے اور آپ کو اپنی تکلیف محسوس نہیں ہو رہی کانچ کا ٹکڑا مسکان کے پاؤں میں چھپا ہوا تھا مگر اس کی تکلیف اسد کے چہرے پر نظر آرہی تھی۔۔۔۔اللہ سے دعا کرو اللہ تعالی سب کچھ ٹھیک کر دے گا۔۔۔اسد نے ڈاکٹر کو بلا کر دل کے پیر کی ڈریسنگ کروا دی تھی۔۔۔پرنسس میں نے کہا چپ کر جائیں آپ کیوں اتنا رو رہے ہیں۔۔اللہ تعالی سے اچھے کی امید تو رکھے اگر ہم لوگ ایسے کریں گے تو اسفند کو کون سمبھالے گا اسد مسکان کے پاس بیٹھ کر اسے چپ کروا رہا ہوتا ہے۔۔۔۔۔اسد مجھے بھائی سے بہت ڈر لگ رہا ہے وہ اس وقت بہت غصے میں ہیں۔۔۔

مسکان نے اسفند کا یہ روپ پہلی بار دیکھا تھا جب وہ ڈاکٹر پر گن تان کر کھڑا تھا۔۔۔۔اسفند نے کبھی بھی مسکان کے سامنے اپنی اصلیت ظاہر نہیں کی تھی۔۔۔اور نہ ہی کبھی چلایا تھا مگر آج جس طرح ٹائیگر کی دھاڑ پورے ہاسپٹل میں گونجی اس نے مسکان کو بھی ڈرا کے رکھ دیا تھا۔۔۔آپ پریشان نہ ہو اسفند ایک اس وقت بہت پریشان ہے اس لیے غصے میں ہے۔۔ دل ٹھیک ہو جائے گی تو وہ بھی نارمل ہو جائے گا اسد مسکان کو بڑے پیار سے سمجھا رہا تھا۔۔اسد بھائی مجھے معاف نہیں کریں گے انہوں نے مجھے کتنی نصیحتیں کی تھی کہ میں دل کا خیال رکھوں۔۔۔بس میں تو دل کے لیے سوپ بنانے کے لیے کچھ منٹوں کے لیے ہی کچن میں گئی تھی۔۔ورنہ تو سارا دن میں دل کے پاس ہی بیٹھی رہی تھی۔۔مسکان آپ کو صفائی دینے کی ضرورت نہیں ہے مجھے پتہ ہے کہ آپ بہت ذمہ دار ہو بس یہ حادثہ دل کے نصیب میں تھا جو تکلیف انسان کی قسمت میں ہوتی ہے وہ آ کر رہتی ہے اس لیے آپ خود کو الزام مت دیں۔۔۔۔دل کو 24 گھنٹے سے زیادہ کا وقت

گزر چکا تھا مگر دل کو ہوش نہیں آرہا تھا۔۔۔ڈاکٹر آنے والے 48 گھنٹے دل کے لیے بہت ہی زیادہ کریٹیکل بتا رہے تھے۔۔۔اسد اور مسکان پریشانی ہو کر اللہ سے کرتے ہوئے آئی سی یو روم کے باہر بیٹھے ہوئے تھے۔۔۔اسفند کے پاپا بھی پہنچنے والے تھے۔۔۔اسفند رات سے دل کے پاس آئی سی یو روم میں چیئر پر بیٹھا ہوا تھا۔۔نہ تو اس نے کچھ کھایا تھا نہ ہی وہ سویا تھا۔۔بس ایک ٹک ٹکی باندھے ہوئے دل کو دیکھ رہا تھا۔۔۔اسد نے بہت کوشش کی تھی کہ اسفند کچھ دیر آرام کر لے مگر اسفند نے صاف انکار کر دیا تھا۔۔۔اسفند کے پاپا بھی پہنچ آ گئے تھے۔۔اسفند اپنے پاپا کو ملنے آئی سی یو روم سے باہر آیا تھا۔۔۔اسفند حالت دیکھ کر شہریار صاحب کو وہ وقت یاد آ گیا جب اسفند نے اسفند نے خود کو بہت زیادہ مضبوط بنا اپنی ماں کو کھویا تھا۔۔۔اس کے بعد تو لیا تھا۔۔۔ مگر آج اسفند کی وہی حالت تھی جو اپنی ماں کی موت پر تھی۔۔۔ اپنے باپ کے گلے لگتے ہوئے بچوں کی طرح رویا تھا۔۔۔۔میرا بیٹا صبر کرو تم تو میرے بہادر بیٹے ہو اسفند کے پاپا اس کی پیٹھ تھپتھپا رہے تھے۔۔۔میں

بہادر نہیں ہوں پاپا وہ لڑکی میری زندگی ہے جو اس وقت موت اور زندگی کے بیچ جھول رہی ہے۔۔۔آپ میرے لیے دعا کریں کہ وہ ٹھیک ہو جائے۔۔۔۔اگر وہ نہیں تو آپ کا بیٹا بھی نہیں۔۔۔اسفند کے ایک ایک لفظ میں اتنا درد تھا کہ کہ شہریار اور اسد کی آنکھوں میں بھی پانی آگیا۔۔۔۔اسد کو یقین نہیں آرہا تھا کہ یہ وہی اسفند ہے جو ہر مشکل کو چٹکیوں میں ہینڈل کر لیتا تھا۔۔۔ٹائیگر تو اتنی مضبوط ٹیم کا حصہ تھا۔۔۔اور ٹائیگر ٹیم کی جان تھا وہ ٹیم کی جان اور لیڈر اسی لیے تھا کہ وہ بہت بہادر اور سخت دل تھا۔۔۔مگر آج کے اسفند کو دیکھ کر لگ ہی نہیں رہا تھا۔۔یہ وہ سخت دل شخص ہے۔۔بکھرے ہوئے بال بے ترتیب ہو حلیہ کونیوں تک فولڈ کیے ہوئے بازوں رو رو کر سرخ ہوئی آنکھیں اسفند کے دل کا حال چیخ چیخ کر بیان کر رہی تھی وہ دل سے کس قدر محبت کرتا ہے۔۔وہ الگ بات تھی کہ وہ اس حالت میں بھی جاذبے نظر ہی لگ رہا تھا۔۔۔۔اسفند اپنے پاپا کو وہی پر چھوڑ کر خود نماز پڑھنے چلا آیا تھا۔۔۔۔نماز پڑھنے کے بعد وہ دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے

ہوئے بیٹھا رو رہا تھا۔۔اس کی گود اس کے آنسوؤں سے بھیگنے لگی
تھی۔۔۔۔اے میرے اللہ تو دلوں کے بھید جانتا ہے اور میرا دل اس وقت
کتنی تکلیف میں ہے تجھ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا۔۔۔اے اللہ تو میری دل کو
زندگی بخش دے۔۔۔اے اللہ میں نے اگر زندگی میں کوئی نیکی کی ہے جو
قابل قبول ہو جو تیری بارگاہ میں پسند آئی ہو۔۔
تو میری اس نیکی کے صدقے اس کے سانسیں بخش دے۔۔۔۔اے اللہ
اگر اس کی زندگی کم ہے تو میری زندگی اسے دے۔۔۔۔میں اس کے بنا جینے
کا تصور نہیں کر سکتا ہے اے اللہ مجھ پر وہ بوجھ نہ ڈال جو سہنے کی مجھ میں
طاقت نہیں ہے۔

۔اے اللہ تو مجھے معاف کر دے اگر مجھ سے کوئی غلطی کوتاہی ہوئی ہے اس
کی سزا میری دل کو مت دینا۔۔وہ لڑکی میری سانسوں میں بسی ہوئی ہے۔۔
اسے کھونے کا تصور ہی مجھے مارنے کے لیے کافی ہے۔۔

اے اللہ تو تو ہر چیز پر قادر ہے تیرے کن کہنے سے لوگوں کی تقدیریں بدل جاتی ہیں۔۔اے اللہ تو میری دل کے لیے بھی کن کہہ دے اور اسے مجھے واپس لوٹا دے۔۔۔اے اللہ میں نے آج تک اتنی شدت سے کبھی کچھ نہیں مانگا۔۔۔ایک بار تیری بارگاہ میں اسی طرح رو رو کر اپنی ماں کی زندگی مانگی تھی مگر میرے رب میری ماں کی زندگی مجھے نہیں ملی تھی۔۔۔

اللہ میں تجھ سے شکوہ نہیں کر رہا میری کیا اوقات کے میں تیرے سامنے شکوہ کروں بس تیرا حقیر سا بندہ تیرے آگے سجدہ ریز ہو کر اپنی تکلیف سنا رہا ہے۔۔۔۔اے اللہ میرے سجدوں کو قبول کر کے میری تکلیف کو کم کر دے۔۔۔۔۔۔میرے مولا میری دل کو زندگی بخش دے۔۔۔یا الٰہی تو اپنے بندے کو اس کی ہمت زیادہ دکھ نہیں دیتا تیرے اس بندے کی ہمت ختم ہو رہی ہے۔۔۔۔

تو میرے دل کی سانسیں موڑ دے۔۔۔۔۔۔یارب میری ٹوٹی پھوٹی
دواؤں کو قبول کرنا
یارب مجھے مانگنے کا طریقہ نہیں آتا تو بن مانگے ہی عطا کر دے اے اللہ
میرے دل کو ٹھیک کر دے کہیں یہ نہ ہو کہ میں دنیا کا وہ واحد جاؤں جو اپنی
ہی اولا سے نفرت کرے۔۔۔۔اسفند رو رو کر بلند آواز سے دعا کر رہا
تھا۔۔۔۔۔اس کی گود اس کے آنسوں سے بھیگ رہی تھی۔۔۔اور تھوڑی
دوری پر کھڑے ہوے اسفند اور شہریار صاحب کی آنکھیں بھی آنسوؤں
سے لبریز تھی۔۔اسفند کے دعا مانگتے ہوئے الفاظوں میں اتنی شدت اور تک
درد تھا کہ اسد اور شہریار رونے لگے تھے۔۔۔اسفند ایک کونے میں بیٹھا اکیلا
ہی اپنے رب سے باتیں کر رہا تھا اسفند اس بات سے بے خبر تھا۔۔۔کہ اس
کے پیچھے اسد اور اس کے پاپا اسے دیکھنے کے لیے آیئے تھے۔۔کیونکہ نماز
پڑھنے کے لیے آئے ہوئے اسے کافی دیر گزر چکی تھی۔۔۔وہ اسے اپنے

رب کے ساتھ باتیں کرتے ہوئے چھوڑ کر واپس آئی سی یو روم کی طرف چلے آئے تھے۔۔۔۔۔

oooooooooooo

گھنٹے پورے ہونے والے تھے مگر دل کو بھی ہوش نہیں آیا 48

تھا۔۔۔اسد اپنی بہن کے لیے بہت دعائیں کر رہا تھا اسد کا دنیا میں یہ اکلوتا خون کا رشتہ تھا اور اسد اس سے کسی قیمت پر کھونا نہیں چاہتا تھا وہ ہر لمحے دعا گو تھا کہ اے میرے رب میری بہن کو لمبی زندگی عطا کرنا اور اس شخص کے گرتے ہوئے آنسوں کو دیکھ کر میری بہن کی سانسیں لٹا دے یارب۔۔اسد اسفند کو روتے ہوئے دیکھ رہا تھا۔۔اسد اپنے یار کی تڑپ کو محسوس کر سکتا تھا کہ وہ کس اذیت سے کر رہا ہے۔۔ڈاکٹر بھاگتے ہوئے اپریشن تھیٹر سے باہر آئی تھی اور اسفند کے پاس آکر کھڑی ہو گئی۔۔۔۔ڈاکٹر کوئی بھی پوری خبر مت سنانا ورنہ یہاں پر کھڑے کھڑے ہی تماری سانسیں بند کر دوں گا۔۔۔۔ٹائیگر نے سرخ آنکھوں سے ڈاکٹر کو گھورتے ہوئے کہا

تھا۔۔۔۔۔۔سر مبارک ہو آپ کی وائیف کو حوش آگیا اور اب وہ خطرے سے باہر ہیں۔۔۔اور وہ آپ سے ملنا چاہتی ہیں۔۔۔اسفند ڈاکٹر کی آدھی بات سن کر ہی آئی سی یو روم کی طرف بھاگا۔۔۔۔ڈاکٹر نے اسفند کو بھاگتے ہوئے دیکھ کر مسکرا کر باقی سب سے کہا۔۔۔آپ لوگ تھوڑی دیر کے بعد ایک ایک کر کے ان سے مل سکتے ہیں ان کے پاس زیادہ رش نہیں کرنا۔۔۔اسفند کے بابا اسد اور مسکان نے اللہ کا شکر ادا کیا تھا کہ یہ مشکل گھڑی ختم ہو گئی تھی۔۔۔۔اسفند دروازہ کھول کر دل کے روم میں داخل ہوا۔۔دل نے آہستہ سے آنکھیں کھول کر اسفند کی طرف دیکھا تھا۔۔۔اسفند نے اللہ کا شکر ادا کیا دل کی آنکھیں کھلی ہوئی دیکھ کر۔۔۔اسفند دل کے قریب گیا اور بے اختیار ہو کر دل کے اوپر جھک کر اسے اپنی سینے سے لگا لیا۔۔۔اسد کب سے اس کے اوپر جھکے ہوئے اسے اپنے سینے سے لگا کر کھڑا تھا۔۔۔اسفند پریشان نہ ہو میں ٹھیک ہوں اسفند کے آنسوں دل کے کاندھے کو بھگو رہے تھے دل نے تڑپ کر کہا تھا۔۔۔۔دل نے اسفند کو روتا

ہوااس سے پہلے تب دیکھا تھاجب دل کو صفدر کے لوگوں نے اغوا کر لیا تھا۔۔۔

اسفند میں بالکل ٹھیک ہوں پلیز آپ چپ ہو جائیں آپ مجھے اس طرح سے روتے ہوئے بالکل اچھے نہیں لگ رہے۔دل اسفند کو اس طرح سے روتے ہوئے دیکھ تڑپ کر بول رہی تھی۔دل اگر میں آپ کو اس طرح روتا ہوا اچھا نہ لگتا تو اپ اپنا خیال رکھتی۔آپ کو اندازہ ہے کہ میں کتنی موتیں مرا ہوں ان دو دنوں میں۔

سوری مجھ سے غلطی ہو گئی مگر میں نے جان بوجھ کر کچھ نہیں کیا میرے پاؤں کے نیچے کھلونا آگیا تھا جس کی وجہ سے میں گر گئی دل بچوں جیسی معصومیت کے ساتھ اسفند کو ایکسپلین کر کے

بتا رہی تھی کہ غلطی اس کی نہیں ہے۔

اسفند اس کے اوپر ہی جھکا ہوا تھا مگر اپنا چہرہ اوپر کر کے دل کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھ رہا تھا۔دل میری جان نکل گئی تھی یہ سن کر کہ آپ گر گئی ہیں اور آپ ہیں کہ مجھے ایکسپلین کر کے بتا رہی ہیں کہ بس ایک نارمل سی بات ہے کہ کھلونا آپ کے پاؤں کے نیچے آ گیا اور اثپ کے گر گئی۔۔

اسد آپ پھر سے مجھے ڈانٹنا شروع ہو گئے ہیں اچھا تھا اگر گرنے کے بعد میں مر۔ج۔ابھی آدھی بات دل کی زبان کے اندر ہی تھی کہ اسفند دل کے لبوں پر جھک کر دل کے نازک سے لبوں کو اپنے انابی لبوں کی قید میں لے گیا ۔۔دل کی تو ایک پل میں ہی وہ سانسیں روک چکا تھا۔

دل کی بولتی بند کرنے کے بعد اسفند نے اپنا چہرہ اوپر اٹھا کر دل کی طرف دیکھا تا دل کی سیٹی پیٹی گم تھی۔۔ خبر دار جو آج کے بعد مرنے کی بات بھی کی تو تم مرو گی تو اسفند بھی مر جائے گا اور میرا ابھی مرنے کا کوئی موڈ نہیں ہے میں جینا چاہتا ہوں تمہارے ساتھ میں تو ایک بہت لمبی اور خوشگوار زندگی کے خواب دیکھتا ہوں دل تمہارے ساتھ جب تم بوڑھی بھی ہو جاؤ گی تو میں تمہیں اسی طرح سے پیار کیا کروں گا۔۔۔۔

اس طرح سے پیار کیا کریں گے بے شرمی کے ساتھ۔۔ ہمارے بچے کیا سوچیں گے۔ دل نے کس والے حرکت کی طرف اشارہ کیا تھا۔۔ اس میں بے شرمی والی کون سی بات ہے آپ میری بیوی ہو چاہے میں جس عمر میں بھی چلا جاؤں آپ میری بیوی ہی رہیں گی۔

اور آپ پر میرا پورا حق ہو گا میں جب چاہوں آپ کو اپنی دسترت میں لے سکتا ہوں۔ جب چاہوں آپ کی سانسیں روک سکتا ہوں۔ اسفند ہم اس

وقت ہاسپٹل کے روم میں ہے۔۔۔۔اسفند نہ تو یہ بیڈ ہمارا ہے اور نہ یہ روم ہمارا ہے اس لیے تھوڑا سا پیچھے ہو کر کنٹرول کر کے بات کریں۔۔۔

مگر بیوی تو میری خود کی ہے نا کیا فرق پڑتا ہے کمرہ اور بیڈ ہمارا ہے یا نہیں اسفند نے تھوڑا سا نیچے جھک کر دل کے کان میں سرگوشی کی تھی۔۔کون کہہ سکتا تھا کہ یہ وہی اسفند ہے جو کچھ دیر پہلے چپ چاپ پریشانیوں میں گھرا ہوا بیٹھا تھا۔۔۔

جس نے دو دن سے نہ کچھ کھایا تھا اور نہ ہی وہ سویا تھا مگر دل کے ہوش میں آتے ہی اسفند کے چہرے پر ایک الگ ہی خوشی اور چمک تھی۔

وہ دل سے باتیں کرنے میں اس قدر مگن تھا کہ اسے یہ بھی اندازہ نہیں تھا کہ باہر لوگ ویٹ کر رہے ہیں۔دل سے ملنے کا وہ سوچتا بھی تو کیسے کیونکہ

اسفند کا دل تو صرف یہی جانتا تھا کہ دل اس کی ہے اور دل پر صرف اسی کا حق ہے دل سے آگے تو اسفند کو نہ کچھ دکھائی دیتا نہ سنائی دیتا تھا۔

جو انسان اپنی اولاد سے بھی بیگانہ تھا اس سے کوئی بھی توقع کی جاسکتی تھی۔ اسے تو صرف اور صرف دل اور دل ہی مطلب تھا۔۔اگر دل پاس ہے تو دنیا میں اس کے لیے خوشیاں ہی خوشیاں ہیں۔۔

اگر دل نہیں تو پوری دنیا اسے اندھیری کوٹھری لگنے لگتی تھی۔ جیسے کچھ دیر پہلے لگ رہی تھی اور اب اسے لگ رہا تھا کہ دنیا میں ہر طرف خوشیاں ہی خوشیاں ہیں اور سب لوگ خوشیاں ہی بانٹ رہے ہیں۔۔چاروں طرف بہار کا موسم ہے پھول ہی پھول کھلے ہوئے ہیں ہر طرف ہواؤں میں ٹھنڈک اور خوشیوں کا پیغام ہے۔۔

اسفند ہمارا بے بی ٹھیک ہے۔ہاں ٹھیک ہے آپ کا

بے بی۔اسفند وہ ہم دونوں کا بی بی ہے آپ اسے صرف میرا بے بی تو مت بھولیں۔۔اسفند ہمارا بے بی ہمارے پاس کیوں نہیں ہے۔ڈاکٹرز نے 24 گھنٹے کے لئے انڈر اوپٹیمائزیشن رکھنے کا کہا ہے آپ کے گرنے کی وجہ سے اسے کوئی چوٹ تو نہیں لگی ڈاکٹر یہ دیکھنا چاہتے ہیں۔

بے بی ٹھیک تو ہے نادل کے چہرے پر ممتا والی پریشانی نظر آرہی تھی۔۔ہاں بالکل ٹھیک ہے بس ڈاکٹر احتیاطا 24 گھنٹے نرسی ہوم میں رکھنا چاہتے ہیں۔۔۔اللہ میاں آپ کا بہت بہت تھینک یو کہ آپ نے میرے بی بی کو کچھ نہیں ہونے دیا میں اپنے بی بی کا بہت زیادہ خیال رکھوں گی دل اپنے منہ میں بڑبڑاتے ہوئے ہاتھ اٹھا کر اپنی بی بی کے لیے دعا کر رہی تھی۔۔۔

اور میرے بی بی کا کیا جس کی جان آپ نے خطرے میں ڈال دی تھی۔۔ہاں تو اللہ میاں سے میں نے آپ کے اور ہمارے دونوں کے بی بی کے لیے ہی تو تھینک یو کہا ہے آپ کا اور میرا بے بی الگ الگ تھوڑی ہے۔۔۔میں اپنے اس بی بی کی بات کر رہا ہوں جس کا آپ نے اتنا نقصان کر دیا ہے۔

اسفند دل کے پاس ہو کر اس کی چیکس پر ہاتھ رکھے ہوئے بول رہا تھا آپ نے میرے بی بی کے ماتھے پر چوٹ لگا کر اس کے خوبصورت چہرے پر نشان لگا دیا ہے۔۔اور میرا بی بی اتنی تکلیف میں تھا کہ اس کا رنگ پنک سے پیلا ہو گیا ہے۔

میں آپ کو معاف نہیں کروں گا اپنی بے بی کو تکلیف دینے کے لیے سلام
آپ مجھے بی بی مت بولیں میں اب بڑی ہو گئی ہوں آپ اپنے بے بی کو ہی بے
بی بولا کروں دل اپنی چھوٹی سی ناک کو سنگوڑتے ہو بول رہی تھی۔۔
ویسے بھی اب میں ماما بن گئی ہوں تو آپ میرے بے بی کے سامنے مجھے کبھی
بھی بچہ کہہ کر نہیں بلائیں گے میرا بے بی کیا سوچے گا۔۔۔

چھوٹی سی ماما صاحبہ پلیز آپ مجھ پر پابندیاں مت عائد مت کریں میں تو جب
چاہوں اور جو چاہوں آپ کو بلاؤں گا آپ کے بے بی کے آنے سے میں اپنی
روٹین نہیں چینج کرنے والا۔۔اور یہ فی الحال کے لیے آپ اپنے بے بی کا
ٹوپک چھوڑ کر تھوڑا اپنے شوہر پر بھی فوکس کر لیں۔جو دو دن سے آپ کے
باغیر مر رہا ہے۔۔

اسفند آپ ہمارے بی بی سے جیلس ہو رہے ہیں دل پھر بے بی آپ مجھ سے میرے بارے میں بھی کوئی بات بھی کر سکتی ہیں یا نہیں اسفند کیا ہو گیا ہے آپ کو بے بی کے نام پر اتنا غصہ کیوں کر رہے۔۔دل نے حیرانی سے پوچھا تھا

۔۔

میں آپ پر غصہ نہیں کر رہا میرے خیال سے کچھ دیر کے لیے مجھے باہر ہی چلا جانا چاہیے اسفند غصے سے دل کے پاس سے اٹھا اور روم کا دروازہ دھاڑ سے کھولتے ہوئے روم سے باہر نکل گیا۔۔دل تو اسفند حیرت سے دیکھ رہی تھی اسے یقین نہیں آ رہا تھا کہ اسفند کا یہ ری ایکٹ اپنے بچے کے لئے تھا۔

جس جس نے دل سے ملنا ہے جا کر مل لے اور یہاں سے رش تھوڑا کم کریں اور یہاں پر کسی کو رکنے کی ضرورت نہیں ہے۔دل کے پاس میں ہوں۔۔وہ

کہتا ہوا ہوا کے گھوڑے پر سوار ہو کر ان کے پاس سے گزر گیا تھا۔۔اسد مسکان اور شہریار صاحب تو ایک دوسرے کے منہ کو ہی دیکھتے رہ گئے۔۔ کہ یہ بندہ کیا چیز ہے۔۔اسد مسکراتے ہوئے بولا آپ سب کی اجازت ہو تو پہلے میں جا کر دل کو مل لوں۔کیونکہ ڈاکٹر نے ایک ایک کو آنے کا ہی کہا ہے۔

جی مل لیں مگر پلیز آپ اسد بھائی کی طرح اندر چپک کر مت بیٹھ جایئے گا ہمیں بھی دل سے ملنا ہے مسکان نے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔

اسفندہا سپٹل سے باہر آ کر کھڑا ہو گیا تھا۔اسے دل کے منہ سے بار بار بے بی کا نام سن کر پتہ نہیں کیوں اچھا نہیں لگ رہا تھا۔یہ دنیا کا واحد شخص تھا جس سے اپنی بیوی کے منہ سے اس کے بچے کا نام سن کر بھی جیلسی فیل ہو رہی تھی۔۔

وہ بلیک چیز کے ساتھ مسٹرڈ کی شرٹ پہنے ہوئے دیوار کے ساتھ ٹیک لگا کر ایک ٹانگ کو دوسری ٹانگ پر کراس کر کے کھڑا ہوا تھا اور دونوں ہاتھ سینے پر باندھے ہوئے وہ کوئی ماڈل ہی لگ رہا تھا حالانکہ اس وقت اس کا حلیہ اتنا بے ترتیب تھا کہ پچھلے دو دنوں سے اس نے اپنے بال تک کنگھی نہیں کیے تھے۔ مگر اس کی خوبصورتی میں ذرا سا بھی فرق نہیں آیا تھا۔

آتی جاتی ہوئی نرسز ڈاکٹرز اور دیگر خواتین گزرتے ہوئے اس پر نظر ڈال کر اسے ضرور دیکھ رہی تھی اس کی پرسنلٹی اتنی جذب نظر تھی کہ دیکھنے والا دیکھے بنا نہیں رہ سکتا تھا۔۔اس پر اس کے چہرے پر غصے والے پریشر اور بھی جج رہے تھے۔۔۔

اسد مسکان سے مل کر اسے سمجھا رہا تھا کہ اسفند کا بہت زیادہ خیال رکھنا کیونکہ اس حادثے نے اسفند کے دماغ پر بہت گہرا اثر چھوڑا ہے۔۔۔اسد اسفند کے دماغ کو بہت اچھی طرح سے سمجھتا تھا اس لیے وہ اپنی بہن کو آگاہ کر رہا تھا۔۔

دل بیٹا اسفند پر آپ کی بچے سے زیادہ توجہ ہونی چاہیے آپ کے گرنے کی وجہ سے جو حادثہ آپ کے ساتھ پیش آیا ہے اسفند کہیں نہ کہیں اس کا ذمہ دار اس بچے کو سمجھ رہا ہے۔

اسے لگتا ہے کہ آپ کی زندگی کو جو خطرہ لاحق ہوا تھا اس کی وجہ بچہ ہے اور جہاں تک میں اسفند کو جانتا ہوں۔اسفند جو بات اپنے دماغ میں بٹھا لیتا ہے وہ اتنی آسانی کے ساتھ اپنے دماغ سے نکالتا نہیں ہے۔

دل بیٹا اب آپ کو مجبور ہو کر اپنی فیملی کو سنبھالنا ہے اگر آپ نہیں چاہتی کہ باپ اور بیٹے کے درمیان ایک دیوار حائل ہو۔۔ تو اس کے لیے آپ کو پہلے خود مجبور ہونا پڑے گا۔

آپ اگر بچے پر زیادہ فوکس کریں گے اور اسفند کو نظر انداز کریں گے تو اس کے نتائج بہت غلط نکلیں گے کیونکہ اسفند کی یہ بچپن سے عادت ہے وہ اپنی چیزوں کے لیے بے حد پوزیسف رہتا تھا وہ اپنی چیزوں کو ہر کسی کے ساتھ شیئر کرنا بھی پسند نہیں کرتا تھا۔۔

جو اس کا تھا وہ صرف اس کا ہی تھا اور ایسی چیزیں اس کی زندگی میں بہت کم تھی اسفند اپنی ماں سے بہت پیار کرتا تھا اپنی ماما کے لیے بے حد پوزیسو رہتا تھا۔۔ مسکان سے بہت پیار کرتا ہے اور اسفند نے دور رہ کر ہمیشہ مسکان کی

سکیورٹی کا خیال رکھا ہے دور رہہ کر بھی اس نے ایک بہترین بڑے بھائی کا کردار نبھایا ہے۔۔

اگر میں اسفند کا دوست تھا تو میں صرف اسد کا دوست ہی بن کر رہ گیا کیونکہ اسفند کو برداشت نہیں تھا کہ میں کسی اور سے دوستی کروں اس لیے ہم دونوں کا اور کوئی دوست نہیں ہے۔

اور دل تمہارے معاملے میں تو وہ پوری طرح سے پاگل ہے تمہارے معاملے میں اس کا دماغ کام نہیں کرتا صرف اور صرف وہ اپنے دل سے ہی سوچتا ہے۔اس لیے اس نے یہ سوچ لیا ہے کہ تمہاری جان کو خطرہ بچے کی وجہ سے ہوا ہے اب آپ نے اپنی محبت کے ساتھ اسفند کے دل میں بچے کی جگہ بنانی ہے۔۔

مجھے یقین ہے کہ آپ بہت اچھے سے اپنے گھر کو سنبھال لیں گے میں آپ کو ایک باپ کی طرح نصیحت کر رہا ہوں بیٹا میری باتوں کو نظر انداز مت کرنا اسد نے دل کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔

دل جو بہت غور اور حیرانی کے ساتھ اپنے بھائی کی باتیں سن رہی تھی اس نے ہاں میں سر کو ہلایا۔ اسد دل کے سر پر پیار ہاتھ رکھتے ہوئے روم سے باہر چلا گیا تھا۔ اس کے بعد مسکان اور شہریار صاحب بھی آکر دل سے ملے اور اس کا حال چال دریافت کیا۔۔

مسکان دل سے معذرت کر رہی تھی کہ وہ اس کا خیال نہیں رکھ پائی نہیں مسکان آپی آپ کی کوئی غلطی نہیں ہے۔ غلطی میری ہے کہ میں نے پیچھے نہیں دیکھا۔ اور کھلونا میرے پاؤں کے نیچے آگیا آپ مجھ سے کیوں سوری بول رہی ہیں۔۔

نہیں دل میرا بھائی میرے اوپر اتنی بڑی ذمہ داری چھوڑ کر گیا تھا پہلی بار زندگی میں انہوں نے مجھے کوئی ذمہ داری دی تھی۔۔ورنہ تو ہمیشہ وہ ہی ہماری ذمہ داریاں نبھاتے آئے ہیں۔

دور تھے یا پاس ہمیشہ انہوں نے ایک بڑے بھائی ہونے کا فرض نبھایا ہے۔آج جب مجھے موقع ملا کہ میں اپنے بھائی کے لیے کچھ کر سکتی تھی۔

تو میں اس میں ناکام رہی مسکان سچ میں بہت شرمندہ ہو رہی تھی اور اس سے کہیں زیادہ شرمندہ دل تھی جس کو لگ رہا تھا کہ اس کی وجہ سے اس کی مسکان آپی اسفند اور اسد بھائی کی زندگی میں اتنی ساری پرابلم کریٹ ہو گئی ہیں۔۔

آپی پلیز شرمندہ نہ ہو آپ کی جب کوئی غلطی ہے ہی نہیں تو آپ کیوں اتنی شرمندہ ہو رہی ہیں میں اسفند کو بتادوں گی کہ غلطی میری تھی آپ کی کوئی غلطی نہیں تھی آپ نے تو میرا اتنا خیال رکھا تھا دل مسکان کی آنکھوں پر ہاتھ رکھتے ہوئے آنسوں صاف کر رہی تھی اسے مسکان کے یوں شرمندہ ہونے اور رونے کا بہت دکھ تھا۔

مسکان بیٹا آپ پریشان نہ ہوں اب دل بچہ ٹھیک ہے اللہ کا شکر ہے کہ میرا پوتا اور بہو دونوں ٹھیک ہیں تو آپ کیوں خود کو قصوروار سمجھ کر تکلیف دے رہی ہیں۔۔

اور رہی اسفند کی بات تو اسے دل بیٹا سمجھا لے گی اور وہ آپ سے کبھی ناراض نہیں ہو سکتا کیونکہ وہ بہت پیار کرتا ہے آپ سے شہریار صاحب اپنی روتی ہوئی بیٹی کو پیار سے سمجھا رہے تھے۔۔

اب میرے خیال سے ہمیں گھر چلنا چاہیے ایک تو بچے گھر میں اکیلے ہیں اور دوسرا اثپ کے بھائی صاحب آرڈر دے کر گئے ہیں۔ کہ یہاں پر رکنے کی ضرورت نہیں ہے شہریار صاحب اپنے بیٹے کی ادا پر مسکرا رہے تھے۔۔

نہیں پاپا آپ لوگ یہاں پر رکیں اسفند کا کیا ہے وہ تو کچھ بھی کہہ دیتے ہیں دل یہ سن کر شرمندہ ہو گئی تھی۔ کہ اسفند جاتے ہوئے ان کو یہ بول کر گیا ہے۔۔

نہیں بیٹا آپ آرام کریں اور آپ کو بھی مسکان کی طرح شرمندہ ہونے کی ضرورت نہیں ہے وہ میرا بیٹا ہے میں اس کو اچھی طرح سے جانتا ہوں وہ اپنی چیزوں کے لیے ہمیشہ چاہیے اسی طرح سے پوزیسور رہتا ہے۔۔

چیزیں ہوں یار شتے جو اس کے ہیں وہ صرف اس کے ہیں اس لیے وہ کچھ بھی کہہ سکتا ہے اور کچھ بھی کر سکتا ہے مجھے اس کی عادت کا اندازہ ہے اس لیے اب آپ آرام کریں اور ہم بھی گھر چلتے ہے بچوں کے پاس۔

شہر یار صاحب دل کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے روم سے نکل گئے اس کے بعد مسکان بھی دل کے گلے ملی اور اسے اپنا خیال رکھنے کو کہا۔۔دل میں تو آپ کے پاس رکنا چاہتی تھی مگر بھائی کے سٹرک آرڈرز ہے کہ یہاں پر کسی کو رکنے کی ضرورت نہیں ہے میں ہوں دل کے پاس۔۔۔

مسکان نے بھاری سی آواز میں اپنے بھائی کی نقل اتاری تھی دل بھی ہنس پڑی تھی مسکان کی نقل کرنے پر دل بھائی کا بہت خیال رکھنا بھائی اس حادثے کو لے کر بہت پریشان ہے بھائی نے ابھی تک اپنے بیٹے کو نہیں دیکھا۔۔

اور نہ ہی پیار سے اپنی گود میں اٹھایا ہے۔ آپ بھائی کو بہت زیادہ پیار دیجئے گا کیونکہ صرف آپ کا پیار ہی بھائی کو اپنے بیٹے کے نزدیک لے کے جا سکتا ہے۔۔ اگر آپ ذرا سی بھی بھائی سے توجہ ہٹائیں گی تو بھائی اپنے ہی بیٹے سے بدظن ہو کر دور ہو جائے۔۔

کیونکہ ان کو تو یہی لگے گا کہ بچے کے آنے سے آپ بھائی سے دور ہو گئی ہیں۔ مسکان نے ہاں میں سر کو ہلایا تھا۔۔ آپی آپ پریشان نہ ہوں میں سب کچھ ٹھیک کر لوں گی مجھے پتہ ہے کہ اسفند ہمارے بے بی سے جلسی فیل کر رہا ہے کیونکہ اسفند اب بھی ناراض ہو کر ہی روم سے سے ہی گیا ہے۔

وہ میرے منہ سے بے بی کا نام تک سننے کا روادار نہیں ہے مجھے پتہ ہے کہ اسے بے بی کا نام لینا پسند نہیں ہے اور مجھے پتہ ہے اسے کیسے ٹھیک کرنا ہے دل نے مسکان کو تسلی دیتے ہوئے کہا تھا

oooooooo

دل کب سے اسفند کا انتظار کر رہی تھی اسفند کہاں ہیں آپ بھائی اور مسکان آپی لوگ کب سے چلے گئے ہیں اور آپ ابھی تک روم میں کیوں نہیں آئے میں کب سے آپ کا ویٹ کر رہی ہوں دل اپنے نان سٹاپ انداز سے اسفند کو فون کرتے ہی شروع ہو گئی تھی۔

مجھے لگا آپ کو تو اپنے بے بی کی باتوں سے فرصت نہیں ہے میں خواہ مخواہ میں آپ کا قیمتی وقت کیوں ضائع کروں۔ آپ آرام سے لیٹی ہوئی اپنے بے بی کے بارے میں سوچیں اور خود سے اپنے بے بی کی باتیں ہی کریں اسفند گاڑی کے ساتھ ٹیک لگائے ہوئے کھڑا روڈلی سے انداز سے بولا۔۔

اسفند پلیز روم میں آئیں میں نہیں کروں گی بے بی کی باتیں مجھے بھوک لگی ہے۔۔ہاں تو آپ کے سر پر جو نرسز کھڑی ہیں ان سے کہیں آپ کے پاس رکھا ہوا آپ کا ہیلدی کھانا آپ کو کھلائیں۔۔مجھے آپ کے ہاتھ سے کھانا کھانا ہے ایک منٹ سے پہلے میرے پاس آئیں ورنہ۔۔

ورنہ کیا کرو گی اسفند نے دل کی دھمکی کو سننا چاہا تھا کہ ورنہ وہ کیا کرے گی۔۔ورنہ میں ایسے ہی اٹھ کر باہر آجاؤں گی پھر چاہے میرے آپریٹ کے سٹچز ہی کیوں نہ کھل جائیں۔۔دل خبردار جو کوئی غلط حرکت کی آرہا ہوں۔اسفند فون کان کو لگائے ہوئے وہاں سے چل پڑا تھا دل اپنے منہ پر ہاتھ رکھے ہوئے اپنی ہنسی کو روکنے کی کوشش کر رہی تھی۔۔

اسفند اگلے تین منٹ کے اندر دل کے پاس تھا دل اسفند کو دیکھ کر کھی کھی کرتے ہوئے ہنس رہی تھی۔۔یہ گھی کی کر کے آپ کو ہنسی کس بات پر آرہی ہے میرے منہ کر اوپر کوئی لطیفہ لکھا ہوا ہے جو آپ کو پڑھ کر بہت مزہ آرہا ہے۔۔

اسفند نے دل کو ہنستے ہوئے دیکھ کر کہا تھا حالانکہ دل کا یوں زندہ دلی سے ہنسنا اسفند کو بہت اچھا لگا تھا مگر اس نے اپنے تاثرات کو بڑی مہارت سے چھپا لیا تھا۔۔کیوں ہنسنے پر پابندی عائد ہے کیا دل نے اپنی چھوٹی سی ناک کو سنگوڑ کر اسفند کا ہاتھ پکڑتے ہوئے کہا تھا۔۔

اسفند کو تل کا یوں ہاتھ پکڑنا بہت اچھا لگا تھا اور اس کے دل نے ایک بیٹ بھی مس کی تھی مگر اس نے اپنے تاثرات دل پر ظاہر نہیں ہونے دیے۔

آپ لوگ باہر چلی جائیں جب ضرورت ہو گی تو بلالوں گی۔۔دل نے دونوں نرسز کو آرڈرز پاس کیا تھا کیونکہ وہ اسفند کو بڑے غور سے دیکھ رہی تھی جو دل سے برداشت نہیں ہو رہا تھا اسفند نے دل کی جیلسی کو باخوبی سمجھ لیا تھا۔۔

نہیں آپ لوگ یہیں پر آرام سے بیٹھیں دل میڈم کو آپ کی ضرورت ہے اسفند کی بات پر دل نے کھا جانے والی نظروں سے اسفند کو گھور کر دیکھا تھا مجھے اس وقت ان کی ضرورت نہیں ہے ان کو جانے دے دل نے لفظوں کو چبا چبا کر بولتے ہوئے اپنا غصہ چھپانے کی کوشش کی تھی۔۔

نرسز دل کے بدلتے ہوئے زاویے کو دیکھ کر فورن کمرے سے چلی گئی تھی۔۔آپ کیوں روک رہے تھے ان کو دل نے اسفند کو گھور کر دیکھتے

ہوئے کہا۔کیونکہ وہ اچھی لڑکیاں تھی میری طرف دیکھ کر وہ کتنی خوش ہو رہی تھی۔۔اب اگر میری وجہ سے کسی کو خوشی مل رہی ہے تو میں کیوں کسی کی خوشی کو ضائع کروں۔۔

آپ کو خوشی دینے کے لیے میں ہی کافی ہوں اور آپ کو دیکھنے کا حق صرف مجھے سمجھے آپ دل نے اسفند کے شرٹ کو پکڑتے ہوئے اپنے قریب کھینچا تھا ۔دل کیا کر رہی ہو یہ نہ تو روم ہمارا ہے اور نہ ہی کمرہ ہمارا ہے۔اسفند نے دل کو دل کا ہی ڈائیلاگ سنایا تھا۔۔

تو کوئی بات نہیں شوہر تو میرا اپنا ہے کیا فرق پڑتا ہے پھر روم ہمارا ہو یا نہ ہو۔دل نے مسکراتے ہوئے اسفند کا ڈائیلاگ دہرایا تھا۔۔اچھا جی بڑی ہمت آگئی ہے میرے بچے میں۔اسفند نے بیڈ پر بیٹھتے ہوئے اپنا ایک ہاتھ دل کے

اوپر سے کراس کر کے دوسری طرف رکھا ہوا تھا۔۔اور اپنی ٹانگیں بیڈ سے لٹکائے ہوئے بیٹھا ہوا تھا۔

اسفند نے اپنا چہرہ دل کے نزدیک کرتے ہوئے دل کے لبوں سے اپنے لب ٹچ کیے تھے۔اسفند کیا کر رہے ہیں کوئی دیکھ لے گا دل نے اسفند کے سینے پر ہاتھ رکھتے ہوئے اسے پیچھے کی طرف کیا تھا۔تو دیکھ لیں میری اپنی بیوی ہے ۔پلیز سیدھے ہو کر بیٹھیں۔ہو جاؤں گا پہلے مجھے ایک سٹرونگ سی کس دے۔

اسفند یہاں پر نہیں پلیز دل کو شرم آ رہی تھی کہ ہاسپٹل کے بیڈ پر اس سے کس کی مانگی جا رہی تھی۔کیا چاہتی ہے کہ آپ کی ایسی حالت میں بھی میں آپ کے ساتھ زبردستی سے پیش آؤں آپ آرام سے مجھے کس دے دیں کیونکہ میں نے آپ کے لبوں کا نشہ پچھلے دو دنوں سے نہیں کیا ہے۔

اس وقت مجھے بہت زیادہ طلب محسوس ہو رہی ہے تو آپ مہربانی کر کے مجھے ایک سٹرانگ والی کس دے دیں نہیں تو میری ورنہ آپ کی طرح خالی ورنہ نہیں ہو گی دل نے جو اسفند کو فون پر روم میں بلانے کے لیے ورنہ کہا تھا

اسفند وہ جتا رہا تھا۔

ٹھیک ہے لے لیں مگر زیادہ لمبی نہیں ہونی چاہیے۔دل نے اسفند کے ارادے دیکھ کر ہار مانتے ہوئے کہا۔۔دل کبھی دیکھا ہے کہ شیر کے منہ میں اس کا من پسند گوشت دیکھ کر اس سے یہ کہا جائے کہ بس تھوڑا سا ہی کھانا اور شیر نے اس کی بات مان لی ہو۔

اس سے پہلے کہ دل کچھ کہتی اسفند اس کے لبوں کو اپنے لبوں کی قید میں لے گیا وہ اتنی شدت سے لبوں سے نمی کو چوس رہا تھا کہ دل کا سانس لینا مشکل ہو گیا۔

دل کی سانس اکھڑنے لگی تھی۔ جس کی وجہ سے اسے آپریٹ والی جگہ پر درد ہونا شروع ہو گیا تھا دل کی آنکھوں میں ایک دم پانی آگیا۔ اسفند نے دل کے آنسوں دیکھ کر فورن ہی اپنا منہ پیچھے کر لیا تھا۔۔

دل کیا ہوا مجھے پین ہو رہا ہے۔ آئی ایم سوری سوری میری جان مجھ سے یہ کیا ہو گیا ہے۔ دل کی آنکھوں میں آنسوں دیکھ کر اور یہ سن کر کے دل کو درد ہو رہا ہے۔ اسفند بہت گھبرا گیا تھا وہ پریشان ہو کر بھاگتا ہوا جا کر نرس کو بلا کر لے آیا تھا۔

نرس یہ آکر دل کو انجیکشن لگا دیا تھا۔۔

کب تک ان کو آرام آجائے گا سر بس کچھ دیر میں ان کو درد سے آرام آجائے گا۔ پلیز آپ زیادہ اٹھانا نہیں اس سے آپ کو تکلیف ہو گی نرس نے دل کو ہدایت کی تھی۔۔ آپ ان کو مت بتائے۔ مجھے بتائیں جو کچھ کرنا ہے میں خود کرلوں گا۔ اسد نے نرس سے کہا تھا۔

دل کے چہرے پر ابھی بھی درد کے تاثرات باقی تھے اسفند کے پاس چیئر پر بیٹھتے ہوئے اور شرمندگی سے اسے دیکھ رہا تھا۔ آئی ایم سوری میری وجہ میری جان کو اتنا پین ہو رہا ہے۔ اسفند کوئی بات نہیں آپ نے جان بوجھ کر تھوڑی کیا ہے۔۔

جیسے مسکان آپی کی کوئی غلطی نہیں تھی پھر بھی وہ بیچاری شرمندہ ہو کر رو رہی تھی۔اسفنف آپ کو پتہ ہے کہ غلطی میری تھی کیونکہ میں نے نیچے نہیں دیکھا۔۔اور میرا پاؤں کھلونے کے اوپر آگیا تھا۔

میں اپنی غلطی کی وجہ سے گری تھی دل درد میں بھی مسکان کی طرف داری کر رہی تھی۔۔میں آپ کی مسکان آپی سے بالکل بھی خفا نہیں ہوں مجھے پتہ ہے کہ مسکان بہت ذمہ دار ہے میں اس سے ناراض نہیں تھا۔۔میں تو خود سے ناراض تھا کہ کیوں میں آپ کی حفاظت نہیں کر سکا میری چپ کو شاید اس نے یہ سمجھ لیا کہ میں اس سے ناراض ہوں۔۔

میں مسکان کو منالوں گا۔آپ کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں آپ فحال آرام سے لیٹی رہیں جیسے ہی آپ کا پین کم ہو گا میں آپ کو اپنے ہاتھوں سے

ہلدی کھانا کھلاؤں گا۔دل کا پین ختم ہونے کے بعد اسفند اسے بیڈ گراؤنڈ سے ٹیک لگا کر کھانا کھلا رہا تھا۔

دل پلیز نہیں تنگ کرو۔دل بار بار اپنی انگلی سے اسفند کے گردن پر لائنیں کھینچ رہی تھی۔کیوں آپ کو گدگدی ہو رہی ہے۔گدگدی کی بچی مت کرو۔ آپ کو اچھی طرح سے پتہ ہے کہ آپ کا قریب ہونا ہی مجھے بہکانے کے لیے کافی ہے۔۔

میں تو پہلے ہی اپنے اوپر پتہ نہیں کیسے ضبط کر کے بیٹھا ہوا ہوں اوپر سے آپ کی ہاتھوں کی شرارتیں مجھے اور اکسا رہی ہیں۔۔ابھی کچھ دیر پہلے آپ نے جو پین برداشت کی ہے وہ میری نزدیکیوں کا ہی صلہ تھا۔۔کیا چاہتی ہیں کہ آپ کو وہ پین دوبارہ سے برداشت کرنی پڑے۔

ہاں میں یہی چاہتی ہوں کہ مجھے وہ پین دوبارہ سے ہو وہ کھی کھی کر کے ہنستے ہوئے اسفند کے کانوں اور گالوں کو چھوئے جا رہے تھی۔۔دل کو بڑی اچھی طرح سے پتہ تھا کہ اس کو تھوڑی دیر پہلے جتنا درد ہوا ہے۔

اسفند کبھی دوبارہ اس کی پین کی وجہ نہیں بنے گا۔۔اس لیے وہ نہ ڈر ہو کر اسفند کو تنگ کر رہی تھی دل کو پتہ تھا کہ اس کے نزدیکیاں اسفند سے برداشت نہیں ہوتی۔اور اس وقت اسفند چاہ کر بھی دل کے نزدیک نہیں آسکتا تھا دل اس کی حالت کے مزے لے رہی تھی۔۔

دل آرام سے کھانا کھاؤ مجھے پتہ ہے کہ آپ کو بہت ہنسی آ رہی ہے میری حالت پر فکر نہ کریں کتنی دیر اپنی خیر منائیں گی۔ایک بار ٹھیک ہو جاؤ پھر میں آپ سے گن گن کر بدلے لوں گا اگر میں نے بھی آپ کی سانسوں پر پہرا نہ لگا دیا تو پھر کہنا۔

جب ٹھیک ہو جاوں تو دیکھا جائے گا فلحال مجھے آپ کی دھمکیوں سے ڈر نہیں لگ رہا آپ بھی تو مجھے اسی طرح سے تنگ کرتے ہیں۔۔

آج میری باری دل اسفند کی شرٹ کے اندر ہاتھ ڈال کر اس کے پیٹ اور چھاتی پر گدگدی کر رہی تھی۔۔

دل مت تنگ کرو قسم سے بہت ماروں گا اسفند سے دل کے ہاتھوں کے لمس برداشت نہیں ہو رہے تھے۔۔۔مار کر دکھائیں بڑے آئے مارنے والے۔اسفند بیچارہ تو ہل بھی نہیں رہا تھا کہ کہیں دل کو دوبارہ پینا شروع نہ ہو جائے۔۔

مگر دل اپنی مستیوں سے باز نہیں آ رہی تھی۔دل کی بچی مجھے اتنا ہی تنگ کرو جتنا بعد میں برداشت کر لو۔اسفند نے ہنستے ہوئے دل کے ہاتھوں کو اپنے ہاتھ سے تھام لیا تھا۔۔دل اسفند کو ہنستے ہوئے دیکھ کر دل پر سکون ہو گئی تھی۔۔

دل نے اس دوران ایک بار بھی بے بی کا نام نہیں لیا تھا وہ اسفند کو اپنی محبت میں الجھا کر اس کا موڈ ٹھیک کر رہی تھی۔۔وہ دونوں بہت دیر تک محبت بھری باتیں کرتے رہیں۔۔دل اسفندد کو تنگ کر رہی تھی مگر اسفند کا دل کا تنگ کرنا بہت اچھا لگ رہا تھا۔۔۔

اس کے بعد اسفند اٹھ کر چیئر پر بیٹھ گیا تھا رات کافی ہو چکی ہے۔۔آپ سو جائیں مجھے بھی نیند آ رہی ہے دل آپ سو جاؤ میں آپ کا یہاں پر بیٹھ کر ہی خیال رکھوں گا۔۔اس کی ضرورت نہیں ہے میں اب بالکل ٹھیک ہوں۔۔

ٹھیک توتب ہو نگی جب آپ میرے ساتھ گھر چلیں گی فی الحال آپ آرام سے سو جائیں۔ نہیں اسفند آپ کی طبیعت خراب ہو جائے گی آپ پچھلے دو تین دن سے سوئے نہیں ہے۔اب کون سی مجھے نیند آجانی ہے۔۔۔ مطلب ۔۔۔۔ مطلب یہ کہ مجھے آپ کے بنا نیند نہیں آتی آپ کو پتہ ہے۔آجائیں میرے ساتھ بیٹھ کے ایک سائیڈ پر آپ بھی سو جائیں۔۔دل کو اسفند کے بیمار ہونے کی فکر تھی کہ کہیں وہ نیند سے بیمار نہ پڑ جائے۔۔

ہاہا۔اسفند قہقہ لگا کر ہنسا تھا میری معصوم دل کیوں اپنی جان کو مشکل میں ڈال رہی ہو آپ کے ساتھ سونا ایسا ہے جیسے بلی کو دودھ کی رکھوالی رکھنے کو کہا جائے میری جان میں یہاں پر ہی ٹھیک ہوں مجھے آپ کو ٹھیک کر کے گھر لے کر جانا ہے آپ کے ساتھ سو کر یہاں پر اپنا گھر نہیں بسانا۔۔۔۔۔

آپ کے ساتھ سو کر نیند کس کمبخت کو آنی ہے۔اسفند میری جان آپ خود پر کچھ دن کے لیے کنڑول رکھ کر میرے ساتھ سو جائیں کرے۔دل اسفند کی نقل اتار کر اسے جان بول رہی تھی۔کیونکہ اسفند دل کو پیار سے جان کہہ کر بلاتا تھا۔۔دل انسان بن جاؤ آپ کو بہت مذاق سوجھ رہے ہیں یہ جان آپ مجھے گھر چل کر بولنا پھر اگر آپ کی جان نہ نکالی تو میرا نام بھی اسفند شہریار نہیں ہے۔۔

گھر پر تو آپ کی سانسیں رک جاتی ہیں میرے قریب آنے سے پھر تو آپ سے آنکھیں تک نہیں ملائی جاتی مجھ سے۔۔وہ سب پرانی باتیں ہیں اسفند شہریار اس دل کو اب آپ سے ڈر نہیں لگتا۔دل کو اسفند کی حالت پر رحم آرہا

تھا۔بتاؤں پھر آکر کہ آپ کو ڈر لگتا ہے یا نہیں۔اسفند اپنی کرسی سے اٹھ کر کھڑا ہو گیا تھا۔

ہاں بتائیں کیا کر لیں گے میں ڈرتی نہیں ہوں آپ سے دل کو اسفند کی محبت پر اس قدر ناز تھا کہ وہ کبھی بھی دل کو تکلیف پہنچانے کے لیے اپنی حد کراس نہیں کرے گا۔اس لیے دل اسفند کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر سینہ تان کر بول تھی۔۔

دل کی بچی کرنے کو تو میں بہت کچھ کر سکتا ہوں ایک منٹ سے پہلے آپ کی سانسیں پی سکتا ہوں ایک منٹ سے پہلے آپ کو اپنے حد سے زیادہ قریب لا سکتا ہوں۔ایک منٹ سے پہلے آپ کو خود میں سمیٹ سکتا ہوں۔ایک منٹ سے پہلے آپ کو سسکنے پر مجبور کر سکتا ہوں ایک منٹ سے پہلے آپ کو اپنی محبت بھری شدتیں محسوس کروا سکتا ہوں اسفند اپنا چہرہ دل کے بے حد قریب اس کے اوپر جھکا ہوا تھا۔اس کے کان میں سرگوشیاں کر رہا تھا اس کی

آواز اتنی رومینٹک لگ رہی تھی جسے دل ہمیشہ کہتی تھی کہ آپ کی آواز ایسے لگتی ہے جیسے آپ نے نشہ کیا ہو۔

اب آنکھیں کھولو اور سلطان راہی بن کر مجھے جواب دو دل نے اپنی آنکھیں بند کی ہوئی تھی۔اب بتاؤ کہ آپ کو مجھ سے ڈر لگتا ہے یا نہیں اسفند کی جان آنکھیں کھولیں۔

اور میری طرف دیکھیں اب آپ کی بولتی اور آنکھیں دونوں ہی بند کیوں ہو گئی ہیں، دو سیکنڈ پہلے تو آپ بڑی سلطان راہی بن کر ڈائیلاگ مار رہی تھی۔

اب آپ کی جان آپ کے پاس کھڑا ہے تو آپ کو شرم آ رہی ہے بس دل بے بی اتنی سی بہادری تھی۔

دل کے ماتھے کو چومتا ہوا مسکرا کر بول رہا تھا۔اب وہ دل کے نرم ملائم گالوں کو اپنے انابی لبوں سے چوم رہا تھا۔اب اس کی خوبصورت بند پلکوں کو

چوم رہا تھا اب باری اس کے کیوٹ سے ناک کی تھی جو اسفند کو بہت پیاری لگتی تھی جب وہ اسے سنگھوڑ کر بچوں کی طرح باتیں کرتی تھی۔

اب نشانہ اس کی گردن تھا وہ بیڈ سے نیچے کھڑا ہوا دل کی گردن پر جھکا اپنے لبوں کے لمس چھوڑ رہا تھا دل نے سسک کر اپنا ہاتھ اسفند کے کاندھے پر رکھ کر کاندھے کو زور سے دبایا ہوا تھا۔ اسد کی اتنی سی قربت نے دل کی سانسیں تیز کر دی تھی وہ آنکھیں بند کر کے لمبی لمبی سانسیں لے رہی تھی۔ اسفند اب بہکنے لگا تھا وہ بڑی مشکل سے اپنا آپ سنبھال کر پیچھے ہوا تھا۔

مگر اس کے نظر دل کے لبوں پر پڑ چکی تھی وہ بے اختیار ہو کر دل کے لبوں پر جھکا گیا تھا۔ دل کی نازک سی پنکھڑیوں سے نمی کو چوستے ہوئے وہ بڑی مشکل سے خود کو کنٹرول کرتا ہوا پیچھے ہو کر کرسی پر بیٹھ گیا تھا۔۔ آنکھیں بند کر کے

کرسی کے ساتھ ٹیک لگائے ہوئے گہری سانسیں لے رہا تھا دل کی بھی کچھ ایسی ہی حالت تھی۔

وہ بیٹھا بیٹھا اچانک سے پھر اٹھ کر دل کے لبوں پر جھک گیا۔اسفند کی تشنگی اسے پر سکون ہونے نہیں دے رہی تھی وہ تو ویسے ہی دل کو دیکھ کر ہمیشہ بہکا ہوا رہتا تھا۔آج تو اسے دل سے دور ہوئے دو دن اور دو راتیں ہو گئی تھی۔تو ایسے میں اسفند کا بہکنا تو لازم تھا۔

دل جو آنکھیں بند کر کے لیٹی ہوئی تھی اچانک سے پھر اسفند کے لبوں کو محسوس کر کے اسفند کے کاندھوں کو اپنے ہاتھوں سے پکڑ کر چپ چاپ اسفند کے لمس کو محسوس کر رہی تھی۔اسفند نے نرمی کے ساتھ دل کے لبوں کو اپنی قید میں لے رکھا تھا۔

اسفند کافی دیر کے بعد اپنی پیاس بجھا کر پیچھے ہٹا تھا۔ وہ الگ بات تھی کہ اس کی پیاس ابھی باقی تھی اس کے بے لگام جزبات اپنی محبت کو پوری طرح سے اپنی دسترت میں چاہتے تھے۔ مگر اسفند اپنے جزباتوں سے مجبور ہو کر اپنی جان کو کسی مصیبت میں مبتلا نہیں کر سکتا تھا۔

دل جلدی سے ٹھیک ہو جاؤ یار کیوں بار باریوں میرے صبر کا امتحان لیتی ہو۔ اسفند بڑی بے بسی سے دل کو دیکھتے ہوئے ٹھنڈی آہ بھر کے بولا تھا۔

آپ ایک کام کریں آپ سامنے والے صوفے پر جا کر سو جائے۔ کیوں اب آپ کو مجھ سے ڈر لگ رہا ہے وہ ہنستے ہوئے بولا۔۔ بس ختم ہو گئی آپ کی بہادری۔ جی ہو گئی آپ تو ایک منٹ سے بھی پہلے آپے سے باہر ہو جاتے ہیں۔ مجھے اپنے اپریٹ کے سٹچز نہیں تڑوانے۔

اچھی بات ہے اگر اتنی سی کیئر فل رہو گی تو فائدے میں رہیں گی۔۔ورنہ مجھ سے تو آپ اچھی طرح سے واقف ہے۔اسی لیے بول رہا تھا کہ مجھے تنگ مت کرو۔اور آرام سے سو جاؤ۔

اب سوئے ہوئے شیر کو جگاؤ گی تو وہ کچھ نہ کچھ کھانے کو تو مانگے گا نا۔اور جب اس کے سامنے اس کی من پسند خوراک ہو گی تو وہ تو ٹوٹ پڑے گا۔

اوپر سے شیر اگر دو دن بھوکا بھی ہو تو کیا خاک خود پر کنڑول کرے گا۔۔۔ویسے بھی شیر کا کام نہیں ہوتا کہ وہ خود پر کنڑول کرے۔۔یہ شیر تو آپ کو دیکھ کر ویسے ہی بہک جاتا ہے۔اور آج تو شیر کو آپ نے خود ہی اکسایا ہے کہ وہ آکر آپ کو کھائے۔۔۔

آپ خود کو شیر بول رہے ہیں دل نے ناک سنگھوڑ کر آنکھیں چھوٹی کرتے ہوئے ایک ادا سے کہا تھا۔ نہیں میں آپ کو شیر کی خوراک بول رہا ہوں وہ قہقا لگا کر ہنستے ہوئے بولا تھا۔ آپ کو پتہ ہے آپ بہت گندے ہیں۔ ہاں پتہ ہے، ٹھیک ہو کر گھر چلیں پھر آپ کو بتاتا ہوں کہ میں کتنا گندا ہوں پچھلے نو مہینوں سے آپ کے ساتھ بہت نرمی سے پیش آیا ہوں۔ کیونکہ آپ کی حالت قابلِ رحم تھی۔

جب آپ کی حالت قابل رحم تھی میں نے آپ سے بہت نرمی سے پیش آیا ۔اب میری حالت قابل رحم ہے آپ گھر چل کر حساب برابر کرنا وہ آنکھ کو دباتے ہوئے مسکرایا تھا۔ جس سے اس کے ٹمپل بہت نمایاں ہو گئے تھے وہ مسکراتا ہوا کوئی شہزادہ لگ رہا تھا۔ دل کو اس کو دیکھ کر رشک آرہا تھا کہ وہ خوبصورت شخص اس کی ملکیت تھا۔

اسے رب نے اس کی قسمت کی لکیروں میں لکھ دیا تھا وہ اس کا محرم تھا۔ جس کو دیکھ کر ہزاروں لڑکیاں اس پر مرتی تھی۔۔ وہ شخص اس پر اپنی جان چھڑکتا تھا۔ جو ہزاروں لڑکیوں کے خوابوں کا شہزادہ تھا دل اس کے خوابوں کی رانی تھی۔

اتنے پیار سے میری طرف مت دیکھو دل ورنہ میں پھر سے آپ کی سانسیں روک دوں گا پھر مت کہیے گا کہ میں بہت گندا اور ظالم ہوں۔ وہ سامنے صوفے پر بیٹھا ہوا دل کو اپنی طرف غور سے دیکھتے ہوئے دیکھ کر بولا تھا۔

میں تو آپ کی طرف نہیں دیکھ رہی تھی دل نے صاف جھوٹ بول کر اپنا چہرہ دوسری طرف گھما لیا تھا اسفند اس کے جھوٹ پر مسکراتے ہوئے صوفے پر ٹیک لگا کر لیٹ گیا تھا۔۔

oooooooooo

مسکان روم میں آجاؤ یا آج رات بچوں کے پاس ہی رہنے کا ارادہ ہے اسد جو کافی دیر سے مسکان کا روم میں انتظار کر رہا تھا اب اسد نے فون کر کے مسکان

کو آنے کا کہا تھا۔اسد بچے جاگ رہے ہیں اور وہ جے اننٹ نہیں دے رہے مسکان نے من مناتے ہوئے کہا تھا۔ کیونکہ اس سے پتہ تھا کہ اسد کا موڈ خراب ہونے میں ٹائم نہیں لگتا۔۔

مسکان یہ میرا مسئلہ نہیں ہے اگلے پانچ منٹ کے اندر آپ روم میں ہونی چاہیے۔ مگر اسد۔اسد مسکان کا جواب سنیں بھی نہ ہی فون بند کر چکا تھا۔۔اللہ میاں یہ کیا چیز دی ہے آپ نے مجھے۔ تین بچوں کا باپ ہو کر اپنے لیے کمپرومائز کرنے کے لیے تیار نہیں ہے یہ بندہ۔

مسکان آسمان کی طرف منہ کر کے بڑھ بڑا رہی تھی دونوں نرسز مسکان کو دیکھ کر ہنس پڑی تھی۔۔مسکان نرسز کو ہنستا ہوا دیکھ کر شرم سے اٹھ کر روم سے جانے لگی تھی۔مسکان نیچر وائز بہت شرمیلی تھی۔

آپ لوگ بچوں کا خیال رکھیں مجھے کچھ کام ہے وہ بچوں کو زبردستی نرسس کو پکڑاتے ہوئے روم سے باہر آگئی تھی۔ ہمیشہ مجھے ہی شرمندہ کرواتے ہیں کچھ دیر اگر صبر کر کے آرام سے سو جاتے تو کیا ہو جاتا وہ اپنے منہ میں بڑ بڑاتے ہوئے اپنے روم کی طرف آرہی تھی۔ اچانک اس کو بازو سے پکڑ کر کسی نے اسے کھینچ کر دیوار سے لگا دیا تھا۔

مسکان کی ڈر کے مارے چیخ نکلی تھی جس کو سامنے والے شخص نے منہ پر پر اپنا ہاتھ رکھ کر روک دیا تھا۔۔ باہر کی زیادہ تر لائٹیں بند تھی۔ کیوں کہ رات کافی ہو رہی تھی۔ مسکان تو آج بچوں کے ساتھ ہی سونا چاہتی تھی جب سے اسد اور مسکان کے بیچ سب کچھ ٹھیک ہوا تھا۔ مسکان ایک رات بھی اپنے بچوں کے ساتھ نہیں سوئی تھی۔

بے شک وہ سارا دن بچوں کے ساتھ ہوتی تھی مگر وہ رات کو بچوں کے ساتھ سونا چاہتی تھی اس لیے جان بوجھ کر بچوں کے روم سے نہیں آرہی تھی۔۔ کہ شاید اسد کو ترس آجائے اور وہ اسے بچوں کے ساتھ سونے دے۔۔

اب اتنی رات گئے یہ کون سی مصیبت تھی مسکان کو سمجھ نہیں آرہی تھی مسکان اندھیرے میں اس شخص کا ٹھیک سے چہرہ بھی نہیں دیکھ پارہی تھی۔ مگر گھبراہٹ سے اس کی ہتھیلیوں میں پسینہ آرہا تھا۔ وہ شخص اس کی گردن پر جھک کر اپنے لبوں کے لنگز چھوڑ رہا تھا۔

اب مسکان کو یہ سمجھنے میں دیر نہیں لگی تھی کہ۔ یہ اسد تھا جس کی خوشبو کو ہزاروں لوگوں میں بھی پہچان سکتی تھی۔

اوراس کے لمس سے تواتنی آشنا تھی کہ اس کے لب لگتے ہی وہ سمجھ گئی کہ یہ اسد خان ہے۔ وہ اسے دیوار کے ساتھ پن کیے ہوئے کھڑا اس کے گردن پر اپنے لبوں کی لمسوں کی بارش کر رہا تھا۔ اسد آپ نے تو مجھے ڈرا کے رکھ دیا ہے یہ کوئی طریقہ ہے۔ پتہ ہے میں کتنی ڈر گئی تھی میں نے کہا پتہ نہیں کون ہے جو اتنی رات کو ایسی حرکت کر سکتا ہے۔

یہ اسد خان کا گھر ہے اور اسد خان کی بیوی ہو آپ کسی کی اتنی جرائت اور اوقات نہیں کہ وہ ایسی حرکت کرنے کے بارے میں سوچ بھی سکے کرنا تو دور کی بات ہے۔ میرے گھر میں میری اجازت کے بغیر پرندہ بھی پر نہیں مار سکتا آپ کسی شخص کا گھر کے اندر آنے کا سوچ کیسے سکتی ہیں۔

اور آپ کے اتنے قریب ہو کر آپ کی سانسوں کو پینے کا حق صرف میں رکھتا ہوں اس لیے خانم آپ فضول میں ہی ڈری ہیں۔اور آپ یہ کیا بڑبڑاتی ہوئی آرہی تھی کہ مجھے سکون نہیں ہے مجھے آرام سے سو جانا چاہیے تھا مجھے صبر کرنا چاہیے تھا۔وغیرہ وغیرہ۔تو کیا آپ میری ساری باتیں سن رہے تھے۔جی جب اپ روم سے نکلی تھی تو میں آپ کے پیچھے ہی کھڑا تھا مگر آپ بڑبڑانے میں اتنی مصروف تھی کہ آپ نے میری طرف دیکھا ہی نہیں۔

میرا دل بچوں کے ساتھ سونے کو کر رہا تھا مگر آپ نے بلایا تو مجھے غصہ آگیا تھا اس لیے منہ سے نکل گیا۔مسکان نے دھیمے دھیمے لہجے میں اپنا موقف بیان کیا۔۔میری جان آپ نے ایک بار بھی یہ نہیں سوچا کہ آپ کے شوہر کو نیند نہیں آتی آپ کے بنا وہ اپنے گالوں کو مسکان کی گالوں پر رہ کر رہا تھا اسد کی ہلکی ہلکی داڑھی مسکان کے ملائم گالوں پر چب رہی تھی۔اسد آپ بڑے ہے بچے ابھی بہت چھوٹے ہیں۔آپ کے معاملے میں میں بھی بچہ ہوں۔

خانم سارا دن آپ بچوں کے ساتھ رہتی ہیں میں نے کب منع کیا ہے کہ آپ اپنے بچوں سے پیار نہ کریں سارا دن رہا کریں ان کے ساتھ اور ان پر اپنی محبت اور ممتا نچھاور کیا کریں

مگر پلیز جب میں آفس سے گھر آجاتا ہوں تو مجھ سے تو جانے کی کوشش بھی مت کیا کریں آپ کو پتہ ہے میں سارا دن آفس میں کام کرتے ہوئے منٹ گنتا رہتا ہوں کہ کب وہ ٹائم آئے جب میں اپنی گاڑی میں بیٹھ کر اپنی پرنسس کی طرف چلوں۔

وہ نیچے جھک کر مسکان کو اپنی باہوں میں اٹھاتے ہوئے بول رہا تھا اسد پلیز آج رات کے لیے مجھے بچوں کے ساتھ سو جانے دینا۔ میرے 15 منٹ کے لیکچر میں آپ کو اتنی سی بات سمجھ میں نہیں آئی کہ مجھے آپ کو اپنے پہلو میں

لیے بنا نیند نہیں آتی آپ میرے دل کا سکون ہو اور مجھے بے سکون ہو کر نہیں سونا آپ کے بغیر اس لیے اب آپ کوئی مزاحمت کھڑی نہیں کریں گی۔۔

مجھے تو پہلے ہی پتہ تھا کہ آپ میری اتنی سی بات بھی نہیں مان سکتے مسکان نے غصے سے کہا اور اپنا پھولا کر دیوار کی طرف پھیر لیا۔ خان کی جان آپ کی ہر بات مان سکتا ہوں کہو سینہ چیر کر اپنا دل نکال کر آپ کی ہتھیلی پر رکھ دوں۔ آپ کی تسلی کے لیے۔۔

اسد منا کیا تھا نا کہ مجھ سے اس طرح کی باتیں مت کیا کریں۔۔ تو پھر آپ بھی مجھ سے اس طرح کی باتیں مت کیا کریں جس طرح آپ کو میرے منہ سے میرے لیے ہی غلط سن کر تکلیف ہوتی ہے اسی طرح میرے دل کو بھی

بہت تکلیف ہوتی ہے آپ کے دور ہونے سے اتنی سی بات اچھی طرح سے سمجھ لیں کہ میری راتوں کو پر سکون کرنا آپ پر فرض ہے۔۔

پورا دن ہوتا ہے آپ کے پاس اپنی ممتا لوٹانے کے لیے شوق سے لٹایا کریں اور رات کو بیوی بن کر اپنا فرض نبھایا کریں جو اللہ نے آپ پر فرض کیا۔

راتوں کو اپنی محبت اپنے شوہر پر لٹایا کریں۔جو آپ کے بس کی بات نہیں ہے آپ کی تو آنکھیں نہیں کھلتی میرے سامنے محبت آپ نے مجھ پر خاک اڑانی ہے۔اسد مسکان کو بیڈ پر لیٹا کر اسی پوزیشن میں اس کے اوپر ڈھیر ہو گیا ۔۔مسکان نے ٹھنڈی سانس لیتے ہوئے آنکھیں بند کر لی تھی۔

اس بیچارے کی کون سی اسد نے سننی تھی جو وہ کچھ اور بولتی ہے۔ٹھنڈی آہیں مت بھریں صبح اپنے بچوں کے پاس سو جانا۔۔

آپ سچ کہہ رہے ہیں صبح بدل تو نہیں جائیں گے۔خان اپنی زبان سے کبھی نہیں بدلتا یہ آپ کو پتہ ہونا چاہیے۔آپ کو پتہ ہے کہ میں نے آپ کو صبح بچوں کے پاس سونے کی اجازت کیوں دی ہے۔۔۔۔۔۔۔کیوں دی ہے۔۔۔۔۔تاکہ مجھ سے آپ کا یہ اترا ہوا چہرہ نہیں دیکھا جاتا آپ کا دماغ تو آپ کے بچوں میں لگا ہوا ہے تو اس بنا دماغ والی خانم کا کیا میں اچار ڈالوں۔

مگر اب آپ میری اس نرمی کا ناجائز فائدہ مت اٹھانا مسکان ورنہ آپ کو اچھی طرح سے پتہ ہے کہ مجھے اپنی قیمتی لمحوں کی وصولی کرنا کتنی اچھی طرح سے آتا ہے۔۔کوئی فائدہ نہیں اٹھاؤں گی پلیز اب دھمکیاں دینا بند کریں۔اچھا جی اجازت ملتے ہی اب آپ کا موڈ اور دماغ دونوں ٹھیک ہو گئے ہیں۔میرے لالچی بچوں کی لالچی ماں۔وہ ہنستے ہوئے مسکان کے کاندھے سے شرٹ کو ہٹا کر وہاں پر اپنی کی اپنی محبت کی مہر لگا رہا تھا۔۔پہلے آپ مجھے بتائیں کہ میرے

بچوں نے آپ کیا لالچ دیکھایا ہے۔لالچی بچے میری بیوی کو مجھ سے چھین کر لے جانا چاہتے ہیں۔یہ لالچ نہیں تو اور کیا ہے۔

پرنسس۔۔ہمم۔۔۔اپنا فیورٹ ڈائلاگ بولنا شروع کر دو

۔۔۔مطلب۔۔۔اسد پلیز اسد پلیز وہ منہ اور کر کے کھلکھلا کر ہنسا تھا۔۔

آپ کو شرم نہیں آتی آپ اپنی بیوی کا یوں مزاق اڑا رہے ہیں۔مذاق نہیں اڑا رہا میں تو آپ کو یاد کروا رہا ہوں کہ آپ کا فیورٹ ڈائیلاگ بولنے کا ٹائم شروع ہو گیا ہے۔۔

آپ جس طرح کی حرکتیں کرتے ہیں میرا اسد پلیز کہنا ہی بنتا ہے آپ کے تو بے لگام ہاتھوں کو کہیں چین ہی نہیں ملتا۔۔چین تو میرے دل کو بھی نہیں ملتا وہ آپ کو کیوں نظر نہیں آتا وہ کہتا ہوا مسکان کمر میں ہاتھ ڈال کر کروٹ

لیتا ہوا اس کو اپنے اوپر لے آیا تھا اسد نے اس کی زپ کو کھول کر آنکھ ماری تھی۔

یہ بھی میری ہاتھوں کا قصور ہے ان کو ہی چین نہیں ملتا اسد کا اشارہ زپ کی طرف تھا مسکان نے اسد کو گھور کر دیکھا تھا۔ہائے دل فریب قاتل حسینہ یوں دیکھ کر اپنے عاشق کی جان لینے کا ارادہ ہے۔۔

ویسے عاشق ہے تو اسی لائق اس کی جان ہی لی جائے مسکان نے کو اسد کی گردن کو دباتے ہوئے کہا تھا میری خانم آپ کو میری جان لینے کی اتنی محنت کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔

زپ تو میں کھول چکا ہوں اگر آپ کی باقی کی پوشاک بھی اپنی جگہ سے ہل جائے تو عاشق تو آپ کی اس خوبصورت سراپے سے ہی مر جائے گا وہ کھل

کھلا کر ہنستے بولا تھا۔جو اس نے زبان سے کہا تھا وہ اپنے ہاتھوں سے وہ کر کے دکھا رہا تھا۔

مسکان کی شرٹ کو اس کے کاندھے تھے سرکا کر وہاں پر اپنے لب رکھتے ہوئے اپنی جیت کو دکھانے کے لیے اس نے مسکان کی کمر پر چٹکی کاٹی تھی اسد کے سخت ہاتھوں کی چٹکی سے مسکان کی نازک سی کمر پر نشان پڑ گیا تھا ۔۔درد سے مسکان کی سسکی نکلی تھی جس کو اس دشمن جان نے اپنے لبوں سے روک لیا تھا۔۔مسکان کے فرار ہونے کے سارے راستے بند کر کے اسد کو جو دلی تسکین ملتی تھی وہ اس وقت اس کے چہرے پر نظر آ رہی تھی۔۔۔

_ ooooo

اسفند آپ مجھے گھر لے کر کب چلیں گے دل نے آج صبح سے یہ رٹ لگا کے رکھی ہوئی تھی دل جب ڈاکٹر آپ کو اپنی مرضی سے چھٹی دیں گے تو میں آپ کو گھر لے کر جاؤں گا ویسے مجھے سمجھ نہیں آرہی کہ آپ کو یہاں پر پرابلم کیا ہے اسفند اس کے پاس بیٹھ کر پیار سے بول رہا تھا۔

آپ کو نہیں پتہ کہ مجھے کیا پرابلم ہے وہ اپنی سوچ چھوٹی سی ناک کو اوپر چڑھا کر غصے سے بول رہی تھی نہیں مجھے تو نہیں پتا کہ آپ کو یہاں پر کیا پرابلم ہے۔ آتے جاتے وہ نرسس آپ کو گھورتی رہتی ہیں۔

اور آپ اتنے معصوم ہیں کہ اپث کو پتہ ہی نہیں ہے کہ مجھے یہاں پر کیا پرابلم ہے دل کی جیلسی دیکھ کر اسفند کھلکھلا کر ہنسا تھا ماشاءاللہ تو میری جان کو ان نرسس سے جیلسی فیل ہو رہی ہے۔

جیلس ہوتی ہے میری جوتی مجھے تو آپ پر غصہ اثر رہا ہے آپ کو مجھ پر غصہ کس لیے آرہا ہے گھورتی تو میری طرف نرسز ہیں میں تھوڑی ان کو گھورتا ہوں جو آپ کو مجھ پر غصہ آرہا ہے۔

اسفند مجھے اور غصہ مت دلائیں آپ مجھ سے دور رہ کر بات کریں اسفند جو دل کے چہرے کے پاس چہرہ کر کے بیٹھا ہوا تھا دل ہاتھ سے اس کو پیچھے کرتے ہوئے غصے سے منہ دوسری طرف موڑ کر بولی تھی۔

ٹھیک ہے پھر میں ان نرسس کے پاس ہی چلا جاتا ہوں جو کم سے کم مجھے دیکھ کر گھورتی تو ہیں۔۔جا کر دکھائیں جان لے لوں گی آپ کیوہ اسفند کو بازو سے پکڑ کر اپنی طرف کھینچتے ہوئے بولی۔۔لے لو جان قسم سے میں تو چاہتا ہی یہی ہوں کہ آپ جلدی سے ٹھیک ہو جائیں اور میری جان لیں۔۔پیچھے ہٹیں ٹھر کی انسان۔اسفند کو اپنے اوپر جھکتا ہوا دیکھ کر دل نے شرم سے اسفند کے سینے پر ہاتھ رکھ کر اسے پیچھے کی طرف دھکیلتے ہوئے کہا تھا۔

پاس آتا ہوں تو میری جان آپ آنے نہیں دیتی دور جاتا ہوں تو جانے نہیں دیتی خود مجھے دیکھتی نہیں ہے کسی اور کو مجھے دیکھنے دیتی نہیں ہے آخر چاہتی کیا ہے۔اگر کوئی میری طرف دیکھے تو آپ کیا کریں گے۔اس کی آنکھیں

نکال لوں گا اسے جان سے مار دوں گا اسفند کا لہجا سخت ہوا تھا۔۔میرا ابھی یہی سب کچھ کرنے کا دل کرتا ہے جب کوئی لڑکی آپ کی طرف دیکھتی ہے۔اور جب کوئی آپ کے ڈمپلز کو گھورتی ہے تو مجھے زہر لگتی ہے۔

چلو میری جان نے یہ تو مانا کہ آپ کو میرے ڈمپلز سے عشق ہے اب بات کو گھمائے مت اب جب بھی کوئی لڑکی آپ کے ڈمپلز کو دیکھے تو آپ فورن سے اپنے گالوں پر ہاتھ رکھ لینا۔اوکے اگر میری جان کہیں تو میں نقاب لگا لیا کروں گا اسفند نے ہنستے ہوئے کہا تھا۔دل اصلی والا غصہ چڑ گیا تھا آپ میرا مزاق اڑا رہے ہیں۔مجھے آپ سے بات ہی نہیں کرنی میری بلا سے جس کے پاس مرضی جائے جس مرضی اپنے ڈمپلز دیکھائے چاہیں تو اپنے ڈمپلز کی کسس بھی کروا دینا۔۔۔۔اومائی گاڈ اتنا غصہ میری جان مجھے کسی کی طرف دیکھنے کی کیا ضرورت ہے میں کسی کی کس پر لعنت بھیجتا ہوں مجھ سے تو میری جان کو دیکھنے سے فرصت نہیں ملتی۔۔۔

اور اگر مجھے کوئی دیکھتا ہے تو اس میں میرا قصور تھوڑی ہے اگر میں کیسی کی طرف دیکھوں تو آپ میری جان لے لینا۔۔آپ اپسیٹ نہ ہوں میں پوری کوشش کروں گا کہ میرے ڈمپل کوئی نہ دیکھے اسفند کہتے ہوئے مسکرایا تھا ۔دل نے گھور کے اسفند کی طرف دیکھا تھا۔

آپ جا کر ڈاکٹر سے۔ات کر کے مجھے گھر لے کر چلے۔اوکے کرتا ہوں بات اب اپنا موڈ ٹھیک کرو۔اتنے میں نرس دل کی میڈیسن لے کر روم میں داخل ہوئی تھی اور آتے ہی اس کی نظریں اسفند پر مرکوز تھی۔۔

دل نے کھا جانے والی نظروں سے اس نرس کی طرف دیکھا تھا دل کی جیلسی دیکھ کر اسفند کی ہنسی رک نہیں رہی تھی اس لیے وہ اپنا رخ کھڑکی کی طرف کر کے فون کان سے لگا کر کھڑا ہو گیا تھا۔بس میڈیسن دیکھ کر روم سے جب باہر گئے تو واپس دل کے پاس اکر بیٹھ گیا تھا دل کے چہرے پر اس وقت بھی

بہت غصہ نظر آرہا تھا۔دل اب تو اپنا منہ ٹھیک کر لو دیکھو میں تو اچھے بچوں کی طرح اپنا منہ دوسری طرف کر کے کھڑا ہو گیا تھا۔۔۔آپ جا کر ڈاکٹر سے پوچھیں مجھے گھر جانا ہے۔

دل نے اسفند کی بات کا کوئی جواب نہیں دیا تھا۔دل اندر سے بہت بے چین تھی اپنے بے بی کو دیکھنے کے لیے ملنے کے لیے مگر وہ اسفند سے پوچھ نہیں سکتی تھی اس لیے دل کو سمجھ نہیں آرہا تھا کہ وہ کس طرح اپنا غصہ ظاہر کرے۔۔ابھی وہ بات کر ہی رہے تھے کہ روم میں مسکان اور اسد داخل ہوئے تھے۔دل کا چہرہ کھل اٹھا تھا مسکان کی گود میں دل کا بے بی تھا۔السلام علیکم اسد نے اتے ہی بڑا پر جوش سلام کیا تھا اسد دل سے ملنے کے بعد اسفند کے ساتھ صوفے پر بیٹھ کر باتیں کر رہا تھا مسکان دل کے پاس کھڑی ہوئی تھی مسکان نے دل کا بے بی اس کی گود میں دیا تو دل نے بے اختیار اپنے بی بی کے ماتھے سے پیار کرتے ہوئے چوم لیا تھا۔

دل کی انکھوں میں ایک الگ ہی چمک تھی اپنے بچے کو دیکھ کر دل بے بی کے ہاتھ چوم رہی تھی اس کی نازک سی گالوں کو ہاتھ لگا لگا کر خوش ہو رہی تھی دل کے گال بلش کر رہے تھے خوشی کے مارے۔۔میں ابھی ڈاکٹر سے مل کر اتا ہوں اسود اٹھ کر روم سے باہر چلا گیا تھا بنا بی بی کو دیکھے ہوئے دل کی آنکھوں میں آنسوں آ گئے تھے۔یہ دیکھ کر کہ اسد نے بالکل بھی اپنے بچے کی طرف نہ دیکھا اور نہ ہی پیار کیا تھا۔

اسد دل کو روتا ہوا دیکھ کر اسے سمجھا رہے تھے۔دل بیٹا آپ کو اس طرح سے ہمت نہیں ہارنی میں نے آپ کو پہلے ہی اگاہ کیا تھا کہ اسفند اتنی آسانی سے جو بات اس کے دل میں گھر کر جاتی ہے اسے اتنی آسانی سے نہیں چھوڑتا۔دل اگر آپ اس طرح سے بیٹا ہمت ہار کر بیٹھ جائیں گی تو رونے سے تو کوئی مسئلہ حل ہونے والا نہیں ہے اسفند ٹھیک ہو جائے گا مگر اس سے تھوڑا وقت دو

آخر یہ اس کا خون ہے اولاد ہے اس کی زیادہ دیر تک وہ اس سے دور نہیں رہ پائے گا۔۔۔

مگر آپ اس طرح سے مایوس ہو جائیں گی تو کیسے چلے گا بھائی انہوں نے ایک بار بھی بے بی کی طرف دیکھا تک نہیں ہے۔ بھائی آپ کو پتہ ہے وہ تو میرے منہ سے بچے کا نام تک نہیں سننا چاہتے نہ ہی خود بے بی کے بارے میں کوئی بات کرتے ہیں۔۔ مجھے دکھ ہو رہا ہے ہمارا بے بی یہ سب کچھ ڈیزرو نہیں کرتا دل ہچکیوں کے ساتھ رو رہی تھی۔ میرا بچہ پریشان نہیں ہو وہ بے بی کو دیکھے گا بھی اور پیار بھی کرے گا سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا آپ نے تو ابھی سے ہمت ہار لی ہے۔۔ دل کو ڈاکٹر نے گھر جانے کی اجازت دے دی تھی مسکان اور اسدان کو گھر تک چھوڑنے آئے تھے۔۔

بھائی پلیز مجھے معاف کر دیں میں دل کا خیال نہیں رکھ پائی مسکان جاتے ہوئے اور شرمندگی کے ساتھ اپنے گھر سے معافی مانگ رہی تھی مسکان بیٹا کیا ہو گیا ہے آپ کو یہ لگتا ہے کہ اس حادثے کا قصوروار میں آپ کو سمجھتا ہوں۔ تو آپ نے اپنے بھائی کو بہت غلط سمجھا ہے۔

مجھے بہت اچھی طرح سے پتہ ہے کہ میری بہن بہت ذمہ دار ہے بس وہ حادثہ دل کے نصیب میں تھا اس لیے پیش آ گیا اور اس دن میں آپ سے بالکل ناراض نہیں تھا میں اپنے آپ سے ناراض تھا کہ میں کہیں نہ کہیں دل کی حفاظت کرنے میں ناکام رہا ہوں۔۔

دل کا بچپنا میری آنکھوں سے چھپا ہوا نہیں تھا میں تو کبھی دل سے بھی توقع نہیں کرتا تھا کہ وہ خود کا خیال رکھیں کسی اور سے توقع کیا کرتا۔م۔۔آپ خود کو قصور نہ سمجھنا چھوڑ دیں اسفند مسکان کے سر پر ہاتھ رکھ کر اسے اپنی بہن کو گلے لگا لیا۔۔

دل اپنی بی بی کو گود میں لیے ہوئے بیٹھی تھی جب روم میں داخل ہوا اور اس کے ساتھ دو خواتین تھی دل سمجھ نہیں پائی کہ وہ کون ہے۔۔

دل یہ دونوں کیئر ٹیکرز ہیں ان کو کافی ایکسپیرینس ہے بچوں کی دیکھ بھال کرنے کا یہ بے بی کا خیال رکھیں گے آپ بے بی ان کو دے دیں بے بی کے روم کو میں نے مریم سے کہہ کر ریڈی کروا دیا تھا۔اسفند یہ اکیلا کیسے رہے گا ۔۔اکیلا کہاں ہے یہ دونوں کیئر ٹیکرز اس کے ساتھ رہیں گی اور آپ بھی جا کر دیکھتی رہنا۔۔

دل کچھ اور کہنا چاہتی تھی مگر اسے اسد اور مسکان کی بات یاد آگئی کہ فی الحال اسفند کو بالکل بھی بے بی کے بارے میں فورس نہیں کرنا اور اسے اپنی ساری توجہ اسفند پر دینی ہے اس لیے دل نے بنا بحث کیے ہوئے بے بی کو کیئر ٹیک کر کے ہاتھ میں پکڑا دیا۔

جیسے جیسے کئیر ٹیکر بے بی کو لے کر روم سے باہر جا رہی تھی دل کو ایسے لگ رہا تھا جیسے کوئی اس کے سینے سے کو چیر کر اس کا دل نکال کر اپنے ساتھ لے جا رہا ہو۔۔ مگر دل نے ایک لمبی سانس لیتے ہوئے خود کو نارمل رکھنے کی کوشش کی کیونکہ وہ خود پر ضبط کر کے ہمیشہ کے لیے اپنے بیٹے اور اسفند کو ایک ساتھ دیکھنا چاہتی تھی اس لیے وہ اس وقت کوئی ایسی بے وقوفی اور نادانی نہیں کرنا چاہتی تھی جس کی وجہ سے بے بی اور اسفند کے بیچ میں دوری اور بڑھتی۔

اسے لگتا تھا کہ پہلے بھی اس کی بے وقوفی کی وجہ سے اسفند اور بے بی کے بیچ میں دوری پیدا ہوئی ہے اگر وہ اپنا خیال رکھتی اور کھلونے سے پھسل کر گرتی نہ اس کی جان کو خطرہ ہوتا اور نہ اسے لے کر اسفند ہو پوزیسیو ہو کر اپنے ہی بے بی سے دور ہوتا دل اب خود کو سمجھدار اور میچور بنانے کی پوری کوشش کر رہی تھی وہ اسفند پر ضرورت سے زیادہ توجہ اور ایکسٹرا پیار دے رہی تھی ۔۔۔دل نے اپنی کوشش جاری رکھی ہوئی تھی وقت تیز رفتار گھوڑے کی

طرح دوڑنے لگا تھا دل کی ڈاکٹر نے اسفند کو دل سے زیادہ نزدیکیاں بڑھانے سے منع کیا ہوا تھا۔۔

ڈاکٹر کے کہنے کے مطابق تین مہینے تک دل کو کیئر کی بہت زیادہ ضرورت تھی اسفند دل کی بہت اچھی طرح کیئر کر رہا تھا کہیں بھی کوئی کسر نہ رہ جائے اسفند کی طرف سے یہ پوری کوشش تھی وہ دل کی میڈیسن سے لے کر ڈائٹ تک خود خیال رکھ رہا تھا۔۔دل۔۔جی صبح تیار رہنا آپ کو ڈاکٹر کے پاس لے کر جانا ہے۔جی ٹھیک ہے۔اسفند کہہ کر واش روم میں نہانے چلا گیا تھا۔اسے آفس کے لئے تیار ہونا تھا۔۔

آج دل کی ڈلیوری کو تین مہینے پورے ہونے والے تھے۔دل اب جلدی سے ڈاکٹر کی اجازت لے کر اپنے گھر کو سنبھالنا چاہتی تھی۔

دل اب خود کو بالکل ٹھیک محسوس کر رہی تھی اس لیے وہ اسفند کا کام اپنے ہاتھوں سے کرنا چاہتی تھی۔ وہ فارغ بیٹھ بیٹھ کر بہت بور ہو چکی تھی۔ اسفند نے بالکل اسے مریض بنا کر رکھ دیا تھا۔۔

ایک تو اسفند اسے کچھ کرنے دیتا تھا اور اوپر سے دھمکی یہ دیتا تھا کہ پہلے بھی اس نے اپنی غفلت سے اپنے آپ کو مصیبت میں ڈالا تھا اس لیے اب وہ کوئی بھی لاپرواہی نہیں چاہتا۔ دل نے آج اللہ کا شکر کیا تھا کہ ڈاکٹر کے مطابق تین مہینے جو اس نے کیئر فل ہو کر گزارنے تھے وہ پورے ہو چکے ہیں۔۔ اسفند نے ان تین مہینوں میں دل کی کیئر کسی چھوٹے بچے کی طرح کی تھی پورا دن وہ روم کا کیمرا اوف نہیں کرتا تھا آفس میں بیٹھ کر وہ دل کی ہر حرکت پر اس کی نظر ہوتی تھی۔

دل کی ڈائٹ کا اس نے اس تین مہینوں میں پورا خیال رکھا تھا دل جس کی وجہ سے اس کا جسم پلے بھرا بھرا ہو گیا تھا جس کی وجہ سے وہ بہت خوبصورت لگنے لگی تھی۔

یہ کیا کر رہی ہیں آپ اسفند ٹاول سے سر پہنچتے ہوئے واش روم سے باہر آیا تو دل کبرڈ سے اسفند کے کپڑے نکال رہی تھی آپ کے آفس کے لیے کپڑے نکال رہی ہوں میں خود نکال لوں گا آپ آرام سے بیٹھ جاؤ۔۔ میں اب ٹھیک ہوں تو آپ مجھے کام کرنے دیں پلیز۔ اچھا جی بس آج رات تک کا وقت دیں مجھے ایک بار ڈاکٹر سے مل کر واپس آجائیں پھر آپ مجھے بتانا کہ آپ کتنی ٹھیک ہو گئی ہیں۔

اسد نے دل کی قمر میں ہاتھ ڈال کر اس سے خود کے قریب کرتے ہوئے اپنی نشیلی آنکھوں سے دیکھ کر مسکراتے ہوئے کہا۔ چھوڑے مجھے آپ کے

کپڑے نکالنے ہیں۔۔۔نہ چھوڑوں تو ویسے بھی پچھلے تین مہینوں سے آپ کو چھوڑ ہی تو رکھا ہے اب تو باری آپ کو پکڑنے کی ہے۔بہت آزادیاں منالی ہیں میری جان نے اب ذرا خود کو میری قربت کے لیے تیار رکھیں۔۔
اور دماغی طور پر تیار بھی رہیے گا مجھ سے کسی طرح کی نرمی کی امید مت رکھنا وہ دل کی گردن پر لب رکھتے ہوئے سرگوشی میں بولا۔۔

آہ آہ۔۔۔اسفند مجھے درد ہو رہا ہے۔۔۔۔مجھے بھی روز درد ہوتا ہے جب آپ میرے پہلو میں لیٹی ہوتی ہے میری باہوں کے گھیرے میں میری سانسوں کے نزدیک پوری طرح سے میری دسترت میں ہوتی ہیں۔
مگر میں آپ کو حاصل نہیں کر سکتا تھا میری جان آپ کو اندازہ ہے کہ جب آپ میری سانسوں کے نزدیک آتی ہیں تو اسفند کا دل کس قدر بہکا ہوا ہوتا ہے۔اس بہکے ہوئے دل کو سنبھالنا کتنا مشکل ہوتا ہے۔۔

آپ کو اندازہ ہے کہ میرے بے لگام جذبات مجھے بار بار آپ کو اپنی دسترت میں لینے کے لیے اکساتے تھے۔ان کو روکنا میرے لیے کتنا مشکل تھا۔اور آپ ہیں کہ اتنی سی تکلیف سے آہیں بھرنے لگی ہیں۔

اسفند کی جان خود کو اب تھوڑا مضبوط کریں۔۔اسفند نے دل کی گردن پر اپنے لبوں سے بہت زوردار لو بائٹ لی تھی جس کی وجہ سے دل کی آہ نکلی تھی۔۔بیچاری کی آہ کچھ غلط بھی نہیں تھی کیونکہ دل کی دودھ جیسی گوری اور نازک گردن پر لال دائرہ فورا نمایاہونے لگا تھا۔۔وہ دل کے گالوں پر اپنے گال رپ کر رہا تھا۔۔بہت دوری برداشت کرلی ہے دل کل ڈاکٹر سے آپ کی ہیلتھ کا اوکے والا سائن ملتے ہی مجھے میری جان پوری طرح سے اپنی دسترت میں چاہیے۔اسفند کی نزدیکیاں اور سرگوشیاں دل کو شرما کر سمٹنے پر مجبور کر رہی تھی۔۔۔دل کے شرم سے لال گال اسے اور بھی جازبے نظر بنا رہے تھے۔۔۔

میری جان باقی کا آپ کل رات کو شرما لینا میں آپ کو بہت سارے موقع دوں گا شرمانے کے جب میں اپنی حسرت پوری کروں گا تب آپ اپنے شرمانے کا شوق پورا کر لینا وہ دل کے لبوں پر جھک کر اپنی پیاس بجھاتا ہوا پیچھے ہٹا تھا پیاز تو نہیں بجھی۔ مگر وہ اس سے زیادہ دل کے نزدیک نہیں ہو سکتا تھا۔۔

کیونکہ اسے دل کی ہیلتھ بہت عزیز تھی اور اس سے زیادہ دل کے نزدیک ہونے کا مطلب تھا اسفند کا بہکنا جسے کو اس نے بڑی مہارت سے پیچھے ہو کر روک لیا تھا۔۔۔

دل اب بھی شرمائی ہوئی کبرڈ کے ساتھ لگی ہوئی کھڑی ہوئی تھی۔۔ آؤ اور مجھے آفس کے لیے تیار کرو۔۔۔ اسفند مرر کے سامنے جا کر کھڑا ہو گیا

۔۔دل اس کی شرٹ لے کر اس کے پاس آئی۔ وہ صرف پینٹ اور بنیان میں کھڑا ہوا تھا وائٹ کلر کی سلیو لیس بنیان میں اس کا خوبصورت کثرتی جسم بہت جاذبے نظر لگ رہا تھا

اس کی بنیان سے نظر آنے والے سینے کے بال اس کی مردانہ شخصیت پر بہت جچ رہے تھے۔پہناؤ مجھے وہ بازو کھول کر کھڑا ہوا دل کے شرمائے ہوئے چہرے کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

دل نے اسفند کی بیک سائیڈ پر کھڑے ہو کر پہلے اسے ایک بازو پہنایا پھر شرٹ کا دوسرا بازو پہنا کر اب وہ اس کے سامنے کی طرف آگئی تھی۔۔

اب وہ شرٹ کے بٹن بند کر رہی تھی اسفند اس کی کمر میں ہاتھ ڈال کر کھڑا ہوا اس کا شرمایا ہوا چہرہ دیکھ کر اپنے انا بھی لبوں سے مسکرا رہا تھا۔۔

اسفند کی انگلیوں کی حرکتیں دل کو بٹن بند نہیں کرنے دے رہی تھی پلیز ایک جگہ پر آرام سے کھڑے رہیں۔دل اپنے کاندھوں کو ادھر ادھر کرتے ہوئے جھنجلا کر بولی۔۔میں تو اپنی جگہ پر ہی کھڑا ہوں اسفند کی جان آپ ہی ہلے ڈلے جا رہی ہیں۔۔۔

اسفند آپ کی انگلیوں سے مجھے گدگدی ہو رہی ہے مت کریں۔۔اسفند دل کی کمر پر اپنی ہاتھوں اور انگلیوں کے کرتب دکھا رہا تھا۔۔ جس کی وجہ سے دل بیچاری کبھی ادھر کو ہوتی تو کبھی ادھر کو اسفند اس کی حالت کے مزے لے رہا تھا۔۔

اب نہیں آپ مجھے جان کہہ کر بلائیں گی اور مجھ پر اپنا پیار نچھاور کریں گی ان تین مہینوں میں تو آپ نے مجھ پر بہت محبتوں کی بارش کی ہے اب ذرا کل سے اپنی محبت کی بارشیں جاری رکھیے گا میں آپ کو محبت کی بارشوں کا اپنے جزباتوں کے طوفان سے جواب دوں گا۔

۔تیار ہو کر آفس جائیں آپ کو دیر ہو رہی ہے دل اسفند کے سینے پر ہ دونوں ہاتھ رکھ کر اسفند کو پیچھے کرتے ہوئے شرمائی ہوئی روم سے باہر بھاگنے لگی تھی۔۔

ادھر آیئے کہاں جارہی ہیں جانے اسفند بہت بھاگ لیا آپ نے اسفند دشہر یار کی محبتوں سے اب میں ہر ایک لمحے کا سود سمیت حساب لینے والا ہوں۔ میں تو آپ کو کوئی حساب نہیں دوں گی جو راتوں کو آپ مجھے اپنی کسس سے سونے نہیں دیتے تھے۔ وہ سب کیا تھا آپ تو اتنے شریف بن رہے ہیں جیسے میں پچھلے تین مہینوں سے آپ سے بہت دور تھی۔

حالانکہ ایسا کچھ بھی نہیں تھا پوری رات آپ مجھے اپنی باہوں میں کس کے مجھے سانس تک تو لینے نہیں دیتے تھے اور نہ آپ کے ان بے چین ہونٹوں کو بھی سکون تھا۔۔اور ایسے معصوم بن رہے ہیں جیسے آپ کو مجھ سے بہت دور رکھا گیا ہو۔ بہت باتیں بنانی آگئی ہیں۔ واپس روم میں آؤ بتاتا ہوں آپ کو کہ میں نے کیا کیا ہے۔

دل آپ کو کل اگر میں نے آپ کی سانسیں پی آپ کی بولتی نہ بند کی تو میرا نام بھی اسفند شہریار نہیں ہے وہ دل کو پکڑنے کے لیے اس کے پیچھے بھاگا تھا۔ مگر دل نے پھرتی دکھا کر روم کا دروازہ کھول لیا کر روم سے باہر بھاگ گئی تھی۔اور جاتے ہوئے اسفند کو ٹھینکا بھی دکھا کر گئی تھی۔

دل خود اپنی شامت کو دعوت دے رہی ہو یاد رکھنا صرف آج رات تک کا ہی وقت ہے آپ کے پاس۔اسفند نے آئی برو اٹھا کر انگلی دکھاتے ہوئے کہا تھا۔۔۔آپ کو کیسے پتہ ہے کہ ڈاکٹر سب اوکے ہی کہے گا۔۔وہ جاتے ہوئے باہر سے بولی تھی جس طرح آپ بھاگ دوڑ کر رہی ہیں۔مجھے پتہ ہے کہ آپ بالکل ٹھیک ہیں اور ڈاکٹر اوکے ہی بولے گی۔۔

ٹھیک ہے کل کی کل کو دیکھی جائے گی فی الحال تو میں کچن میں جا رہی ہوں میڈ سے آپ کے ناشتے کا پوچھنے کے لیے وہ ہنستے ہوئے جاتے جاتے بول کر چلی گئی تھی۔۔اسفند اپنے بالوں میں ہاتھ مارتا ہوا ہنس رہا تھا۔۔۔اسفند کی

جان آج کی رات بھاگ لو جتنا دور بھاگ سکتی ہو۔۔ذرا میری باہوں میں تو آؤ اگر ایک ایک لمحے کا حساب برابر نہ کروں تو پھر کہنا۔

بہت عیاشیاں کر لی ہیں میری کانچ کی گڑیا نے وہ ہنستے ہوئے بڑبڑا رہا تھا۔اب میری شدت برداشت کرنے کے لیے تیار ہو جاؤ۔۔۔۔۔جی مسس اسفند شہریار آپ اب فزیکل طور پر بلکل ٹھیک ہیں اور آپ اپنی شادی شدہ لائف کو انجوائے کر سکتی ہیں ڈاکٹر نے اوکے کا سائن دے دیا تھا۔۔اور یہ کچھ ملٹی وٹامن ہیں جو آپ نے ریگولر تین ماہ تک کھانے ہیں۔

ڈاکٹر کی ہدایت لینے کے بعد اسفند دل کو لے کر گاڑی میں آکر بیٹھ گیا تھا اسفند کے لب شرارتی انداز سے مسکرا رہے تھے۔۔۔دل ایک کام کرنا کہ آج آپ ملٹی وٹامن کی ڈبل ڈوز کھا لینا۔۔کیوں۔۔دل نے حیرت سے پوچھا تھا۔۔کیونکہ آج رات آپ کو زیادہ طاقت کی ضرورت پڑے گی۔۔مجھے

سہنے کے لیے وہ کھلکھلا کر ہنسا تھا۔ بہت بے شرم ہیں آپ۔ دل شرما کر میرر کے باہر دیکھنے لگی تھی۔

ابھی میں نے کون سی بے شرمی دکھائی ہے دل میڈم ذرا گھر تو چلے ساری بے شرمیاں تو ابھی میں نے اپنے معصوم سے دل کے اندر ہی چھپا کر رکھی ہوئی ہیں۔

اسفند نے اس کے ہاتھ کو پکڑ کر اپنے لبوں سے لگایا تھا آرام سے سیدھا دیکھ کر گاڑی چلائے دل نے شرما کر اپنا ہاتھ پیچھے کھینچنے کی ناکام کوشش کی تھی۔

جب آپ سامنے بیٹھے ہوں تو میرا دھیان کہیں اور کیسے جا سکتا ہے وہ حد سے زیادہ شرارتی انداز میں بول رہا تھا ایک ہاتھ سٹیرنگ پہ رکھتے ہوئے دوسرے ہاتھ سے وہ دل کے لبوں کو سہلا رہا تھا۔

اسفند۔۔۔ بولو اسفند کی جان۔۔۔۔۔ آپ آرام سے گاڑی نہیں چلا سکتے۔۔ نہیں بالکل بھی نہیں چلا سکتا۔۔۔۔ بہت آرام کر لیا ہے آپ نے

اور میں نے اب آپ مجھے کوئی بھی آرڈر پاس نہیں کر سکتی اب میری باری ہے آرڈر دینے کے اور آپ کا فرض ہے میرا حکم ماننا وہ دل کی حالت دیکھ مسکرایا رہا تھا۔

اسفند کا اشارہ کس طرف تھا دل کو اچھی طرح سمجھ نہیں آرہا تھا

میں آپ کا کوئی حکم نہیں ماننے والی۔۔یہ تو گھر چل کر پتہ چلے گا کہ آپ میرا حکم مانتی ہیں یا نہیں۔۔میں نہیں مانوں گی تو میں زبردستی منوالوں گا۔۔ میں روم سے بھاگ جاؤں گی میں پکڑ لاؤں گا میں سو جاؤں میں اٹھالوں گا میں آپ کو بہت ماروں گی میں آپ کو بہتتتتتت پیار کروں گا آپ بہت گندے ہیں۔

آپ بہت اچھی ہیں اسفند کے پاس دل کی ہر بات کا جواب موجود تھا چپ کیوں ہو گئی اور کچھ بتائیں مجھے کچھ نہیں بتانا آپ سے کوئی جیت تھوڑی سکتا ہے۔

تو پھر کیوں خواہ مخواہ میں اتنی مشقت کر کے اتنے سارے الفاظ ضائع کیے ہیں۔۔۔۔۔ غلطی ہو گئی معاف کر دے دل اپنی جان چھڑوا رہی تھی۔ معافی نہیں سزا ملے گی معافی والا دور گیا دل میڈم۔۔اب تو ہر غلطی کی سزا ہی ملے گی۔آپ کو پتہ ہے آپ مجھے ڈرا رہے ہیں۔

وہ کیسا لگا کر ہنسا تھا۔اسفند کے ارادے دیکھ کر دل کی جان حلق میں اٹکی ہوئی تھی مگر اسفند کے لیے تو آج ایسے تھا جیسے صبح عید ہو اور وہ چاند رات کی خوشیاں منا رہا ہو۔

دل چاہتی تھی کہ راستہ لمبا ہو جائے اور اسفند چاہتا تھا کہ وہ منٹو میں اپنے روم میں پہنچ جائے۔۔

وہ دل کی قربت کے لیے جتنا بے قرار تھا دل اسفند کی بے قراریاں دیکھ کر اتنی ہی سہمی ہوئی تھی۔دل کی ساری بد معاشیاں اس وقت ہوا میں گل ہو گئی تھی۔

اس کو اچھی طرح سے اندازہ تھا کہ اس کا کیا حشر ہونے والا ہے اسفند کی شدتوں اور چاہتوں سہنا دل کے لیے آسان نہیں تھا۔۔

اسفند کی نظریں دل سے ہٹ نہیں رہی تھی۔ وہ بار بار دل کو دیکھ کر مسکرا رہا تھا۔۔ دل نے اسفند کی گال پر ہاتھ رکھتے ہوئے اس کا منہ دوسری طرف کرنے کی کوشش کی تھی۔

اسفند نے گاڑی کی بریک لگادی تھی۔ وہ دل کی سیٹ پر جھک کر دل کے چہرے سے بالوں کو ہٹاتے ہوئے اس کے لبوں پر جھک گیا تھا۔۔ وہ پری شدت والی کس کرنے کے بعد پیچھے ہٹا تھا۔۔

دل کا شرم کے مارے برا حال تھا وہ تو یہ سوچ بھی نہیں سکتی تھی کہ اسفند بیچ راستے میں کچھ ایسا بھی کر سکتا وہ الگ بات تھی کہ گاڑی جس جگہ سے گزر رہی تھی وہ سنسان سی جگہ تھی۔۔

اسفند آپ کتنے پہ شرم ہیں کہیں پر بھی شروع ہو جاتے ہیں۔اسفند کی جان اگر آپ میری بے تابیاں دیکھ لیں تو آپ کا تو مرن ہی ہو جانا ہے۔۔

اگر میرا بس چلے تو میں گاڑی کو اڑا کر ہمارے روم میں لے جا کر لینڈ کروا دوں اسفند ہنستے ہوئے اتنا خوبصورت لگ رہا تھا کہ دل کی نظر بھی بار بار اسفند کے ڈمپلز پر جا رہی تھی۔۔

وہ ہستا ہوا کسی سنت کا شہزادہ لگتا تھا اس کی پرسنلٹی بہت پرکشش تھی۔اس کا دودھ کی طرح گورا دمکتا ہوا رنگ اس پر ہلکی ہلکی داڑھی اور اکڑا ہوا مغرور چہرہ اور جب وہ ہنستا تو ڈمپلز اور بھی گہرے ہو جاتے اور دیکھنے والے کا اس پر مر مٹنے کو دل کرتا تھا۔۔

وہ شہزادہ اس وقت اپنی شہزادی پر فدا ہو رہا تھا۔ دل میرے ڈمپلز کو چوری چوری مت دیکھو پورا موقع دیا جائے گا آپ کو ان پر اپنا حق جمانے کا اسفند کو اچھی طرح سے پتہ تھا کہ دل کو اسفند کے ڈمپلز بہت اچھے لگتے ہیں۔ اس لیے وہ جان بوج کر اسے چھیڑتا رہتا تھا۔ ویسے اگر آپ چاہیں تو میری طرح آپ بھی یہاں بیچ راستے میں اپنا شوق پورا فرما سکتی ہیں۔۔

کہیں تو میں گاڑی کی بریک لگاؤں۔۔ اسفند اللہ کا واسطہ ہے کچھ تو شرم کر لے۔ دل شرم کے مارے لال ہو رہی تھی۔ بیچاری کا بس نہیں چل رہا تھا کہ چلتی گاڑی سے نیچے اتر جائے اور اسفند کا بس نہیں چل رہا تھا گاڑی کو یہی پر روک کر اپنا بیڈ روم سیٹ کر لے۔۔

میں نے تو آپ کو افر کی ہے پھر مت کہیے گا کہ میں ظالم ہوں اور آپ کو آپ کے شوہر کی خوبصورت ٹمپل سے دور رکھتا ہوں۔۔ خوش فہمی ہے آپ کو

کہ آپ کے ڈمپلز بہت خوبصورت لگتے ہیں مجھے تو بالکل بھی اچھے نہیں لگتے جیسے گالوں پر گڑے

پڑے ہوئے ہوں دل کو اور کچھ نہیں سوجا تو اس نے ڈمپلز کی توہین کرنی شروع کر دی تھی۔۔۔ مگر یار لڑکیوں کو تو میرے ڈمپلز بہت پسند ہیں ۔۔اگر وہ دل تھی تو سامنے مقابل میں بھی اسفند شہریار تھا۔

ان کو تو میرے ڈمپلز بہت اچھے ہیں اور ان کا دل کرتا ہے کہ وہ میرے ڈمپل پر کس کر لیں کر لیں۔۔۔ کر کے دکھائیں میں منہ توڑ دوں گی۔۔۔۔

دل نے اپنی چھوٹی سی ناک کو سنگوڑ کر غصے سے اسفند کی طرف دیکھا تھا۔۔

اگر ان کو اچھے لگتے ہیں تو ان کو کس کرنے دینا چاہیے آپ کو تو اچھے لگتے نہیں ہیں۔۔اور کیا کہا آپ نے وہ جیسے کیا لگتے ہیں گڈے لگتے ہیں تو پھر آپ کو کیا فرق پڑتا ہے اگر کوئی لڑکی میرے ڈمپلز پر کس کر لے تو۔۔

اسفندا گر ایک اور بار آپ نے یہ لفظ دوبارہ بولا تو قسم سے میں آپ کو اٹھا کر گاڑی سے نیچے پھینک دوں گی۔۔

اسفند قہقہ لگا کر ہنساں تھا آپ کے بازو میں اتنا دم ہے کہ آپ اسفند شہریار کو گاڑی سے اٹھا کر نیچے پھینک سکیں۔۔۔بہت دم ہے اب آپ اپنے منہ سے نام لے کر دیکھیں کسی اور کا۔

اسفند نے دل کو تنگ کر کر کے اس کا غصہ ساتھ میں آسمان پر چڑھا دیا تھا وہ جو کرنا چاہتا تھا اس میں وہ کامیاب ہو چکا تھا دل ہمیشہ غصے میں چڑ کر وہ کرتی تھی جو وہ اس سے کروانا چاہتا تھا۔۔۔۔

oooooooo_

کہاں جارہی ہو اسفند دل جاتی ہوئی کے ہاتھ کو تھام کر بولا۔ چینج کرنے جا رہی ہوں اگر اجازت ہو تو کر لو۔ دل جو اسفند کے ارادے دیکھ کر گبھرائی ہوئی تھی۔ اسفند کو ہر بات کا الٹ ہی جواب دے رہی تھی۔۔ ہاں اجازت ہے چینج کر لو مگر کہیں جانے کی اجازت نہیں ہے یہیں پر میرے سامنے چینج کرو اسفند شٹ اپ بے شرمی مت دکھائیں اور میرا ہاتھ چھوڑیں مجھے واش روم میں جا کر چینج کرنا ہے۔ بے شرمی کی بچی مجھے اچھی طرح سے پتہ ہے کہ آپ چینج کرنے کے بہانے دو گھنٹے تک واش روم سے باہر آنے والی نہیں ہے۔

آپ کی چالاکیاں مجھے بہت اچھی طرح سے سمجھ میں آتی ہیں دل آج کی رات کوئی بھی پنگا مت لینا مجھ سے ورنہ انجام کی ذمہ دار آپ خود ہو نگی۔۔ میں تو پنگا لوں گی کیا کر لیں گے۔ سوچ لو ایسا کچھ کروں گا کہ اس اپنے آپ

سے بھی نظر نہیں ملا پائیں گی۔ان تین مہینوں میں میں نے آپ کی خدمت کر کر کے آپ کی جان بنائی ہیں۔

اس جان کو مجھ پر بھی حلال کر دو کنجوس لڑکی۔اوہوں اسفند آپ کا مصلہ کیا ہے۔اسفند نے دل کے چیکس پر اپنے دانتوں سے ہلکا سا کاٹا تھا جس کی وجہ سے دل چیخی تھی۔ مصلے تو بہت سارے ہے میری جان آپ کون کون سے حل کر سکتی وہ بتائیں۔۔میں آپ کا کوئی بھی مصلہ حل نہیں کر سکتی آپ مجھے چینج کرنے کے لیے جانے دیں۔

دل آپ کی جھنجھلاہٹ کس لیے ہے آپ مجھے اگر اپنی زبان سے بتائیں گی تو بہتر ہو گا۔کوئی جھنجلاہٹ نہیں ہے بس مجھے جا کر چینج کرنے دے دل کی آنکھوں میں نمی اتری ہوئی تھی جسے وہ اسفند سے چھپانے کی کوشش کر رہی

تھی۔دل ہاتھ چھڑا کر واش روم میں جانا چاہ رہی تھی تاکہ آنسوں نہ دیکھ سکے اسفند نے اس کو بازو سے کھینچتے ہوئے اپنے ساتھ لگا لیا۔

دل کی پشت اسفند کے سینے سے لگی ہوئی تھی اسفند نے اپنے دونوں ہاتھ دل کے پیٹ پر باندھ ہوئے تھے دل اپنی زبان سے کہو کہ آپ کے دل میں کیا چل رہا ہے ایسا نہیں کہ میں آپ کے دل کے حال سے ناواقف ہوں۔

مگر مجھے میں آپ کی زبان سے سننا چاہتا ہوں ہے دل آپ سانس بھی لیتے ہیں تو مجھے پتہ ہوتا ہے کہ یہ سانس خوشی کی ہے یا غم کی تو یہ کیسے آپ نے سوچ لیا کہ آپ کے دل میں اتنا کچھ چل رہا ہے اور میں انجان ہوں ان سب باتوں سے۔۔اسفند چھوڑے مجھے دل کی آنکھوں سے آنسوں ٹپ ٹپ گرنے لگے تھے۔۔

جو اسفند کے ہاتھوں کو بھگو رہے تھے۔۔دل مجھے افسوس ہے آپ پر نہیں۔ خود پر کہ میں اپنے پیار سے آپ کو اتنا بھی مطمئن نہیں کر سکا کہ آپ اپنے دل کی بات مجھے بتا سکیں۔

مجھے افسوس ہے کہ میں آپ کے دل میں اتنی جگہ بھی نہیں بنا پایا کہ آپ مجھے سے اپنا غم شیئر کر سکے مجھے لگتا ہے کہ میری محبت ہی ناکام رہ گئی۔وہ کہتا ہوا دل سے پیچھے ہٹ کر تھا۔۔اسفند ایسا نہیں ہے آپ بہت اچھے ہیں وہ کہتی ہوئی اسفند کے پیروں میں بیٹھ گئی۔دل کیا کر رہی ہو پاگل ہو گئی ہو۔۔اسفند نے تڑپ کر دل کو کندھوں سے پکڑ کر اوپر اٹھایا۔۔

آپ کی جگہ میرے پیروں میں نہیں ہے میرے دل میں ہے میری سانسوں میں بستی ہے۔آپ نے جرات بھی کیسے کی میرے پیروں میں بیٹھنے کی ۔۔اسفند نے اسے اپنے سینے سے لگا لیا تھا دل کے آنسوں تھے کہ تھمنے کا نام نہیں لے رہے تھے۔

وہ روتے ہوئے کانپ رہی تھی دل منہ سے اگر بولو گی تو میں تمہارا درد بھی ختم کر دوں گا کیونکہ آج کھیل سے لفظوں کا ہو گا میں بھی سننا چاہتا ہوں کہ آپ میرے بارے میں کیا سوچتی ہیں اسفند آپ ہمارے بے بی سے نفرت کیوں کرتے ہیں۔

آپ کا بے ی سے دور ہونا مجھے آپ سے دور کر رہا ہے۔۔آپ کو سن کر برا لگے گا مگر مجھے آپ کا قریب آنا برا لگنے لگا ہے۔

گڈ اور بولو اور کیا کیا سوچتی ہیں ہو میرے بارے میں اسفند نے ٹھنڈی سانس فضا میں چھوڑتے ہوئے کہا تھا دل اسفند کے سینے میں منہ چھپائے ہوئے روتی ہوئی بول رہی تھی۔۔اس دن میں اپنی غلطی کی وجہ سے گری تھی اس میں بے بی کا کوئی قصور نہیں تھا۔

آپ نے نہ بے بی کو دیکھا نہ تین مہینے میں کبھی اس کا نام رکھنے کا سوچا نہ کبھی بے بی کو گلے لگا کر پیار کیا اسفند آپ کیسے کر سکتے ہیں اپنی اولاد کے ساتھ ایسا۔۔آپ نے گھر آتے ہی مجھے میرے بے بی سے دور کر دیا۔
آپ کو پتہ ہے میں نے اپنے دل پر پتھر رکھ کر اپنے بے بی کو کیئر ٹیکر کے حوالے کیا تھا آپ کیوں اتنے بے رحم ہو گئے تھے اسفند۔۔

چپ کیوں ہو گئی دل اور بولو میں سننا چاہتا ہوں کہ آپ نے اپنے دل میں میرے لیے کتنی نفرت چھپا رکھی ہے۔۔

اسفند آپ غلط الفاظ کا استعمال مت کریں میں آپ سے کبھی بھی نفرت نہیں کر سکتی ہاں میں آپ سے ناراض ضرور ہوں مجھے تکلیف ہوتی ہے جب آپ بے بی سے دوری اختیار کرتے ہیں۔ مگر میں آپ سے کبھی بھی نفرت نہیں کر سکتی۔

کیوں غلط الفاظ کا استعمال کرنے کا حق صرف میری جان آپ کے پاس ہے آپ نے بھی تو یہی الفاظ کا استعمال کیا ہے نا کہ میں بے بی سے نفرت کرتا ہوں۔

کیسے سوچ لیا دل کہ میں اپنے خون سے اپنی اولاد سے نفرت کر سکتا ہوں وہ میرے جسم کا حصہ ہے اور آپ نے کبھی سنا یا دیکھا ہے کہ کوئی انسان اپنے ہی جسم کے کسی حصے سے نفرت کر سکتا ہے آپ نے کتنی آسانی سے یہ الفاظ بول دیا کہ میں بے بی سے نفرت کرتا ہوں۔۔

تو میں اور کیا سمجھوں اسفند میں نے تین مہینے میں جو محسوس کیا ہے وہی تو بولا ہے دل مجھے بہت افسوس ہے کہ آپ اپنے اسفند کو صرف اتنا ہی سمجھ سکی ہیں ہاں یہ سچ ہے کہ جب آپ گری تھی تو مجھے لگا تھا کہ ابھی ہمیں بی بی پلان نہیں کرنا چاہیے تھا۔

کیونکہ دل اسفند آپ کے پیار میں اس قدر پاگل ہے کہ وہ آپ کی جان پر رسک نہیں لے سکتا۔ بڑے بڑے خطروں سے ٹکرا جانے والا اسفند شہریار۔ آپ سے اس قدر عشق کرتا ہے کہ وہ آپ کو کھونے سے ڈرتا ہے۔ آپ کے عشق نے مجھے بزدل بنا دیا ہے دل۔

میرے دل نے کچھ وقت کے لیے یہ سوچ ضرور لیا تھا کہ اگر میں بے بی پلان نہیں کرتا تو آج میری دل اس حالت میں نہیں ہوتی دل جب ڈاکٹرز نے آپ کی جان خطرے میں بتائی تو مجھے ایسے لگ رہا تھا کہ میری سانسیں گھٹ رہی ہیں۔

مجھے ہر سو اندھیرا ہی اندھیرا نظر آنے لگا تھا میرا دل کرتا تھا کہ میں اس دنیا کو آگ لگا دوں ہاں دل یہ سچ ہے کہ تب میں ہمارے بے بی کو بھی نہیں دیکھنا چاہتا تھا۔۔

کیونکہ بے بی کی چاہت آپ کو تھی اور مجھے ایسا لگتا تھا کہ جس کو چاہت تھی وہ نہیں دیکھ سکتی تو میں کیوں دیکھوں میں بھی اس کے ساتھ ہی دیکھوں گا۔۔

آپ کی حالت بگڑتی گئی اور میرے دل میں بھی بے بی کے لیے کوئی خاص محبت نہیں ابھر سکی کیونکہ اسفند کے دل کا دل تو آپ کی محبت سے اس قدر بھر ہوا ہے۔ کہ کچھ اور ڈالنے کی جگہ ہی نہیں ہے مگر دل جب ڈاکٹر نے کہا کہ آپ خطرے سے باہر ہیں۔

اور سب لوگوں کو میں نے گھر بھیج دیا تھا تو آپ نے ایک بار بھی یہ نہیں سوچا کہ نرسنگ ہوم میں بے بی کو دیکھنے کون جاتا تھا جب ڈاکٹر بے بی کے پیرنٹس میں سے کسی کو بلاتے تھے آپ تو بیڈ سے اٹھ تک نہیں سکتی تھی۔

تو ڈاکٹر کے بلانے پر بی بی کو دیکھنے کون جاتا تھا۔۔اور جب میں نے بے بی کو پہلی بار نرسنگ ہوم میں دیکھا تو میرا غصہ میری ناراضگی میری سوچ سب کچھ بدل گیا اس کا معصوم چہرہ دیکھ کر میرے دل نے پہلی بار ایک الگ احساس کو محسوس کیا تھا مجھے ایسے لگا جیسے میرے ہی وجود کا حصہ میری آنکھوں کے سامنے کھیل رہا ہو۔

دل اگر آپ بے بی کی ماں ہیں تو میں بھی بے بی کا باپ ہوں مانا کہ آپ جتنے جذبات میرے اندر نہیں ہونگے جیسا کہ آپ کو لگتا ہے۔ مگر یار وہ میری بھی

اولاد ہے آپ نے کتنی آسانی سے بول دیا کہ میں بے بی سے نفرت کرتا ہوں اسفند کو دل کا یہ الفاظ کھائے جا رہا تھا۔

اسفند بولے جا رہا تھا اور دل اس کے الفاظوں کو حیرت سے سن رہی تھی اور خود پر شرمندہ تھی کہ اس نے اسفند کے بارے میں کتنا غلط سوچا اور رہی بات بے بی کا نام رکھنے کی تو یہ تو ڈسائیڈ تھا نا کہ۔

اگر بیٹا ہوا تو اس کا نام عفان رکھا جائے گا اور اگر بیٹی ہوئی تو اس کا نام حوریا رکھا جائے گا۔اس لیے میں نے بے بی کا نام برتھ سرٹیفکیٹ پر عفان اسفند شہریار لکھوا دیا تھا۔

اسفند نے لوکر سے سرٹیفکیٹ نکال کر دل کے سامنے کرتے ہوئے کہا تھا۔
آپ نے تو اتنی بدگمانیاں پال رکھی تھی کہ اپنے ہی لاکر میں رکھے ہوئے بے
بی کے سرٹیفکیٹ کو نہیں دیکھ سکی۔۔

سرٹیفکیٹ پر عفان اسفند شہریار لکھا ہوا تھا۔دل سرٹیفکیٹ کو حیرت سے
ہاتھ میں پکڑ کر دیکھ رہی تھی۔ہاں رہی بات آپ کو بتانے کی یہ غلطی مجھ
سے ضرور ہو گئی ہے کہ میں نے آپ کو بتایا نہیں۔

اگر میں نے بتایا نہیں تو آپ نے کون سا اپنے دل کی بات مجھے بتائی تھی
۔میں نے آپ کو نہیں بتایا میرے پاس تو اس کا ریزن موجود ہے اور میرا
ریزن یہ تھا کہ میں آپ کو کے بدلاؤ کو دیکھ رہا تھا۔۔

اور میں دیکھنا چاہتا تھا کہ دل میرے بارے میں کیا رائے رکھتی ہے مگر دل آپ تو میری سوچ کے بالکل برعکس نکلی ہیں۔ مجھ سے اتنی بدگمان ہو گئی کہ یہ تک سوچ لیا کہ میں اپنی اولاد سے نفرت کرتا ہوں۔۔۔۔

اور خود پر جو آپ نے خول چڑھا رکھا تھا پچھلے تین مہینوں سے۔ آپ ایکسٹرا میچور بن کر جو مجھ پر عنایتیں کر رہی تھی۔ کیا ثابت کرنا چاہتی تھی۔

آپ کو لگا کے اسفند شہریار کوئی دودھ پیتا بچہ ہے جسے کچھ بھی سمجھ میں نہیں آرہا میری وہ لاپرواہ سی دل جس کو آپ نے خواہ مخواہ ایک چھوٹے خول میں بند کر دیا۔۔

اسفند شہریار کو کبھی بھی آپ میچور چاہیے نہیں تھی اگر ایسا ہوتا تو میں آپ پر سختیاں کر کے آپ کو میچورٹی کی طرف لا سکتا تھا۔۔

مگر اسفند کو تو ہمیشہ سے آپ کی لاپروائیاں معصومیت اور بچپنا ہی اچھا لگتا تھا جس کو آپ نے ختم کر دیا۔۔

اور آپ یہ سوچتی رہی کہ میں اتنا بے وقوف ہوں کہ مجھے کچھ نظر نہیں آرہا تھا۔اڑتے ہوئے پرندے کے پر گرنے والا اسفند شہریار اپنے محبوب کے بدلاؤ کو نہیں دیکھ پائے گا۔کیا سوچ ہے تمہاری۔جب اتنی میں مجبور ہو گئی تھی کہ اتنا کچھ سوچ لیا تو۔

یہ بھی سوچ لیتی کہ آپ کی دل کی ہر دھڑکن سے واقف ہوں۔میں جانتا تھا کہ آپ کا دل میرے لیے تو دھڑکنا ہی بند کر چکا ہے۔آپ کا دل تو صرف آپ ے بے بی کے لیے دھڑکتا ہے۔۔

اس سے پیار کرنے کو آپ کا دل چاہتا ہے۔مجھ سے پیار اور نزدیکی صرف آپ نے مجبوری کے تحت رکھی ہوئی تھی۔تاکہ مجھے برا نہ لگے۔

دل حیرت سے اسفند کی ایک ایک بات سن رہی تھی اور اس کا ایک ایک لفظ سچ تھا۔

میں تو کبھی سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ آپ میرے بارے میں اتنا غلط سوچتی ہیں۔۔آپ کو کیا لگتا ہے کہ اسفند شہریار اتنا بچہ ہے کہ آپ پچھلے تین مہینوں سے جو اتنی میچور بنی ہوئی ہیں۔۔

مجھ پر اپنی محبتوں کی عنایت کرتی ہیں۔اور خود پر زبردستی کر کے یہ پریزنٹ کرواتی ہیں۔کہ آپ مجھ سے بہت محبت ہے۔اور آپ میری بہت کیئر کرتی ہے۔چپ چاپ بے بی سے لاپرواہ گھوم رہی ہیں۔اور آپ کو بے بی سے زیادہ میری فکر ہے۔

کیا لگتا ہے کہ مجھے سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ آپ کیوں کر رہی تھی۔ کیا ثابت کرنا چاہتی تھی کہ میں بے وقوف ہوں اور آپ اتنی آسانی سے مجھے بے وقوف بنا سکتی ہیں۔

ایسی کون سی بات ہے دل جو آپ مجھے سے منوا نہیں سکتی مگر افسوس کہ آپ نے صرف سب کچھ دل میں سوچا مجھ سے شیئر کرنے کی ضرورت محسوس نہیں تھی۔

اگر شیئر کر لیتی تو اتنی بد گمانیاں نہیں بڑھتی اور رہی بے بی سے ملنے کی بات تو جا کر اپنے بے بی کیئر ٹیکر سے پوچھیں کہ میں روز صبح آفس جانے سے پہلے بے بی سے مل کر جاتا تھا یا نہیں۔

آپ کو تو ڈاکٹر نے آرام کا بولا ہوا تھا۔ جب آپ دواؤں کہ زیر اثر گہری نیند میں سو رہی ہوتی تھی۔

تب میں آفس جانے سے پہلے بے بی سے مل کر جاتا تھا۔مجھے فکر تھی اپ دونوں کی۔

میں نے بے بی کو پہلے دن ہی کیر ٹیکرز کے حوالے اس لیے کر دیا ہے تا کہ آپ بالکل صحت منداور ٹھیک ہو سکیں۔اور اپنے بے بی کا خیال خود رکھ سکیں۔۔

مجھے آپ کی اور بے بی کی دونوں کی فکر تھی اس لیے میں نے تو اپنی طرف سے اچھا کرنے کی کوشش کی تھی مجھے نہیں پتہ تھا کہ بے بی کو کیئر ٹیکر کے حوالے کرنے کا آپ اس قدر غلط مطلب نکالیں گی۔

وہ دل سے دور ہو کر سامنے صوفے پر ٹانگ پہ ٹانگ رکھے ہوئے بیٹھ گیا تھا ۔۔دل پتھر کی مورت بنے ہوئے کھڑی اسفند کی طرف دیکھ رہی تھی۔

وہ اپنی سوچ پر شرمندہ تھی کہ اس نے کیسے اتنے پیارے شخص کے بارے میں اتنا غلط سوچ لیا۔

اسد بھائی کے سمجھانے کا مطلب کہیں بھی یہ تو نہیں تھا کہ وہ اسفند پر شک کرتی۔اسد بھائی نے تو صرف اتنا کہا تھا کہ اسفند اتنی آسانی سے بات اپنے دماغ کے نہیں نکالتا۔۔۔

مگر میں نے تو سب کچھ صحیح کرنے کے بجائے سب کچھ خراب اور غلط کر دیا تھا۔وہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی ہوئی اسفند کے پاس جا کر بیٹھ گئی تھی۔ اسفند نے اس پر ایک نظر ڈالی اور اپنا چہرہ گھما کر دوسری طرف کر لیا تھا۔

اسفد کے یوں چہرہ گھمانے سے دل کے سینے میں ٹیس اٹھی تھی کیونکہ آج پہلی بار اسفند نے دل کی طرف دیکھ کر چہرہ اپنا رخ موڑا تھا۔اسے پتہ تھا کہ اس کی قصوروار وہ خود تھی۔اسفند پلیز مجھے۔۔۔دل پلیز اس وقت کچھ بھی

مت کہنا میرے پاس دینے کے لیے کچھ بھی نہیں ہے معافی بھی
نہیں۔۔دل کی بات کو کاٹتے ہوئے اسفند نے بڑی سرد مہری کے ساتھ یہ
الفاظ بولے تھے۔۔

دل نے حیرت سے اسفند کی طرف دیکھا تھا اسے یقین نہیں آیا کہ یہ الفاظ
اسفند نے بولے ہیں کیونکہ ایسا آج پہلی بار ہوا تھا کہ اسفند نے دل کو خود کے
پاس آنے اور کچھ بولنے سے منع کر دیا تھا۔

وہ تو دل کی بے وقوفی کی باتوں کو بھی اتنے غور سے سنتا تھا۔۔دل نے دوبارہ
بولنے کی کوشش کی تو وہ جھٹکے سے دل کے پاس سے اٹھتا ہوا روم سے باہر
نکل گیا۔دل روتی ہوئی حیرت اور افسوس سے اسفند کو جاتا ہوا دیکھتی رہ
گئی۔۔اسے کہاں عادت تھی ایسے لہجے کی وہ تو اسفند کی محبتوں کی عادی تھی۔

پچھلے پانچ گھنٹے سے دل اسد کا انتظار کر رہی تھی مگر اسفند روم میں واپس نہیں آیا تھا دل کو اسفند کی فکر ہونے لگی۔دل نے اٹھ کر اسفند کو پورے گھر میں دیکھا۔۔اسفند کہیں پر بھی نہیں تھا دل بے بی کے روم میں گئی۔

جہاں پر پر بے بی بڑے آرام سے اپنے بیڈ پر سو رہا تھا۔دل نے کیئر ٹیکر سے پوچھا تھا کہ کیا بے بی کے پاپا روم میں آئے تھے۔۔کیئر ٹیکر نے نو میم کہہ کر نہ میں سر کو ہلایا۔اب دل کی پریشانی مزید بڑھنے لگی تھی۔دل نے فون اٹھا کر کا نمبر ڈائل کیا۔

اسفند نے دل کی کال کو کٹ کر دیا تھا دل نے پھر سے نمبر ڈائل کیا آگے سے فون پھر کٹ کر دیا گیا تھا۔۔۔۔

اسفند آپ کو جتنا غصہ ہے آپ گھر آکر مجھ پر نکال لیں۔ مگر پلیز میری کال اٹھائیں اور مجھ سے بات کریں دل نے وائس میسج چھوڑا تھا اسفند کے واٹسیپ نمبر پر۔۔اسفند نے دل کا وائس سین کر لیا تھا مگر ریپلائی نہیں دیا۔۔دل کو اب غصہ آنے لگا تھا اسے کہاں عادت تھی اسفند کا یہ روڈ بیہیویئر دیکھنے کی۔۔

اس کے ایک اشارے پر اپنی جان وارنے والا اسفند شہریار جب اس سے روٹ ہو گا تو دل کے دل میں درد کی ٹیسیں اٹھنا تو لازم تھی۔۔

دل جب سے اسفند کی زندگی میں آئی تھی اس نے تو صرف اسفند کی حد سے زیادہ محبت ہی دیکھی تھی جو دل کی ایک آواز پر اپنی جان چھڑکتا تھا اسفند کی اتنی سی بے رخی دل کی جان لینے کے لیے کافی تھی۔۔پلیز گھر واپس آئیں دل نے روتے ہوئے فون پر وائس میسج کر کے کہا تھا۔۔

اسفند چاہے جتنا بھی ناراض ہو مگر دل کی روتی ہوئی آواز کو سننا اسفند کی بس کی بات نہیں تھی۔دل کی روتی ہوئی آواز نے اسفند کے دل پر وار کیا تھا پتہ نہیں دل آپ میں ایسا کیا ہے کہ میں چاہ کر بھی آپ سے ناراض نہیں ہو پاتا آپ نے مجھے اپنے عشق میں اس قدر پاگل کر رکھا ہے۔۔اسفند چھت پر بیٹھا ہوا سگرٹ پی رہا تھا۔۔

دل کا یہ بولنا کہ اس کا قریب آنا اسے برا لگنے لگا ہے۔۔یہ جملہ اسفند کے دل میں تیر کی طرح چبا ہوا تھا۔۔اس درد کو کم کرنے کے لیے وہ سگرٹ کے دھوئے میں اپنے غم کو اڑا رہا تھا اس کے ارد گرد سگریٹ کے ٹکڑے بکھرے ہوئے تھے جن کو پی پی کر اس نے پھینکا تھا۔۔

اسفند نے واٹس ایپ پر وائس میسج پر ریپلائی دیا تھا۔۔اگر آپ اپنا تھوڑا سا دماغ استعمال کریں گی تو میری جان میں آپ کو گھر کے اندر ہی مل جاؤں گا۔۔اسفند پلیز پہیلیاں مت بجھائیں اور مجھے بتائیں آپ کہاں ہیں میں نے آپ کو پورے گھر میں ڈھونڈ لیا ہے۔۔

اپنے دل سے پوچھیں کہ میں کہاں ہوں کیا آپ کے پیار میں اتنا بھی دم نہیں ہے کہ آپ مجھے ڈھونڈ سکیں۔۔۔یا پھر آپ مجھ سے پیار کرتی ہی نہیں ہیں صرف میں ہی پاگل ہوں آپ کے پیار میں۔۔اسفند نے دل پر طنز کیا تھا۔

اسفند آپ میرے پیار پر شک کر رہے ہیں۔ہاں بالکل شک کر رہا ہوں آپ مجھے ڈھونڈ کر اپنا پیار ثابت کر دیں۔اور میرے شک کو غلط ثابت کر دیں۔۔ٹھیک ہے اب تو میں آپ کو میں ڈھونڈ کر ہی رہوں گی۔

اور یہ ثابت کر کے دکھاؤں گی کہ میرا پیار آپ کے لیے کتنا سچا اور کتنا زیادہ ہے۔۔۔وہ دونوں وائس میسج پر بات کر رہے تھے۔دل اسفند کو دوبارہ سے پورے گھر میں ڈھونڈتے ہوئے سیڑھیاں چڑھ کر اوپر جا رہی تھی کیونکہ چھت ہی وہ واحد جگہ تھی جہاں پر دل نے اسفند کو نہیں دیکھا تھا۔۔

دل سیڑھیاں چڑھ کر ٹیرس پر آگئی۔اس کی امید کے مطابق اسفند وہی پر موجود تھا وہ کرسی پر ایک ٹانگ کو دوسری ٹانگ کے اوپر رکھے ہوئے سگریٹ پی رہا تھا۔۔۔اس نے نظر اٹھا کر دل کی جانب دیکھا تھا۔۔اسفند یہ کوئی طریقہ ہے آپ آدھی رات کو چھت پر بیٹھے ہوئے ہیں۔

آپ کو پتہ ہے مجھے آپ کی کتنی فکر ہو رہی تھی وہ اسد کے پاس آکر غصے سے بول رہے تھے۔

کتنی فکر ہو رہی تھی آپ کو میری بتائیں مجھے اس نے دل کا بازو پکڑ کر اپنی جانب کھینچا تھا۔

دل لہراتے ہوئے اسفند کی گود میں گری تھی۔دل نے جلدی سے کھڑا ہونا چاہا تھا اسفند نے دل کو آنکھیں دکھا کر دانت پیستے ہوئے واپس اپنے گود بٹھا لیا تھا۔۔

ابھی تک آپ کا دماغ خراب ہے بجائے اپنے شوہر پاس آنے کے دور جانے کی کوشش کر رہی ہے۔دل کیوں میرے صبر کو آزماتی ہیں ہو وہ دانتوں کو پیستے ہوئے ایک ایک لفظ کو چبا کر بول رہا تھا۔۔

آپ نے خود ہی تو کہا ہے کہ اس وقت آپ کے پاس مجھے دینے کے لیے کچھ بھی نہیں ہے معافی بھی نہیں۔۔بس میری یہ بات آپ کو سمجھ میں آگئی ہے

باقی جو میں نے اتنی لمبی تقریر کی ہے وہ آپ کے پلے نہیں پڑی وہ اپنا چہرہ دل کے بے حد نزدیک کرتے ہوئے بولا تھا۔

اتنا نزدیک کہ اس کے لب دل کے لبوں سے ٹکرا رہے تھے دل کی دھڑکنیں تیز ہونے لگی تھی وہ اس قدر کہ نزدیک تھا کہ اس کی سانسیں دل کی سانسوں سے ٹکرا رہی تھی۔۔

جو کچھ غصے سے میں نے منہ سے بولا وہ آپ نے سن لیا مگر میرے جذبات نظر نہیں آئے۔وہ آپ سے چھپے ہوئے تو نہیں ہیں۔۔یا جان بوجھ کر آپ دیکھنا ہی نہیں چاہتی۔۔

یا پھر وہی سچ ہے جو آپ نے نیچے مجھ سے بولا ہے کہ اب آپ کو میرے قریب آنے سے نفرت ہونے لگی ہے۔۔

میں نے ایسا نہیں کہا کہ مجھے آپ کے قریب آنے سے نفرت ہونے لگی۔
میں نے یہ کہا ہے کہ آپ کے قریب آنے سے مجھے غصہ آتا ہے وہ چلائی تھی۔

دل چلاؤ مت چلانا مجھے بھی آتا ہے اسفند شہریار کیا بلا ہے آپ کو ابھی تک پتہ ہی نہیں جب ٹائیگر دھاڑتا ہے تو بڑوں بڑوں کی بولتی بند ہو جاتی ہے۔۔

آپ جیسی معصوم ہرنی کو تو میں اونچی آواز میں سانس بھی نہ لینے دوں۔اگر آپ سے محبت کرتا ہوں تو اس کی قدر کرنا سیکھیے دل۔۔

وہ بلند آواز سے دھاڑا تھا اس کی دھاڑ سے دل کی سانسیں رکنے لگ گئی تھی دل نے ڈر مارے آنکھیں نیچے جھکاتے ہوئے اپنا سر اسد کے سینے سے لگا لیا تھا۔۔

اسفند مجھ پر چلائیں نہیں مجھے آپ سے ڈر لگ رہا ہے وہ روتے ہوئے بولی۔۔ڈرنے والے سے دور ہوا جاتا ہے اس طرح ڈر کر اسی کے سینے میں منہ نہیں چھپایا جاتا۔۔۔آپ مجھ پر طنز کر رہے ہیں۔

ہر بات کی آپ کو سمجھ آتی ہے ہر بات پر آپ کا دماغ چلتا ہے سوائے اس بات کے کہ اگر شوہر ناراض ہو تو اسے کس طرح سے منایا جاتا ہے تو پھر سے چیخا تھا۔۔

میرا دل کیا چاہتا ہے اور آپ ایسا کیا کر سکتی ہیں جس سے میں مان جاؤں گا۔ یہ جان کر بھی آپ انجان بنی ہوئی ہے ایک قدم میری طرف بڑھاؤ تو صحیح نکمی لڑکی۔۔

صرف میں ہی ہمیشہ آپ پر اپنا عشق ظاہر کیوں کروں آپ پر بھی فرض ہے کہ اپنے شوہر پر اپنی محبت ظاہر کرو۔۔۔اپنے بچے کے لیے تو میری آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر سینہ تانے ہوئے مجھے بہت کچھ بول گئی تھی۔۔

کل کی بنی ہوئی ماں کو ممتا کے سارے حقوق یاد ہیں

مگر شوہر کے حقوق یاد نہیں ہے۔۔جب اتنی میں مجبور ہو گئی ہیں کہ اپنے بچے کے لیے شوہر سے جھگڑا کر سکتی ہیں تو پھر بیوی ہونے کے بھی پورے حق ادا کریں۔۔

اسفند اس کی کمر میں ہاتھ ڈال کر سختی اسے اپنے ساتھ لگائے ہوئے بیٹھا ہوا تھا۔ اسفند کے ہاتھوں کی سختی اس قدر تھی کہ دل کی ریڈ کی ہڈی میں درد ہونا شروع ہو گیا تھا۔ دل کے پیروں سے جان نکل رہی تھی اسفند کی گود میں بیٹھے ہوئے ڈر کے مارے مگر وہ چاہ کر بھی اسفند کے باہوں کے گھیرے سے بھاگ نہیں سکتی تھی۔۔

وہ کرسی پر اسے اپنی گود میں بٹھا کر اسے اپنی باہوں میں کسے ہوئے تھا۔ وہ اسے اس قدر نزدیک کر کے بیٹھا ہوا تھا کہ وہ جب بھی بولنے کے لیے اپنے لب کھولتا تو۔ اس کے لب بار بار دل کے منہ پر لگ رہے تھے۔

آج دل اسفند کا ایک نیا ہی روپ دیکھ رہی تھی اسفند چھوڑے مجھے لگتا ہے کہ آپ نے نشہ کیا ہوا ہے۔۔ ہاں میری جان آج سچ میں میں نے نشہ ہی کیا جب آپ میرا نشہ پورا نہیں کریں گے تو میں کچھ تو ایسا کروں گا۔

جس سے میں خود کو پر سکون کر سکوں اسفند کے منہ سے یہ سن کر دل کا شک یقین میں بدل گیا تھا کہ اسفن نے سچ میں نشہ کیا ہوا ہے حالانکہ ایسا کچھ بھی نہیں تھا اس نے صرف سگرٹ ہی پیے تھے مگر آج وہ دل کو کوئی بھی صفائی پیش نہیں کرنا چاہتا۔۔۔

آپ کو شرم نہیں آتی آپ نے شراب پی ہے وہ غصے سے اٹھ کر کھڑی ہو گئی تھی۔۔آپ کو شرم نہیں آتی کہ آپ اپنے شوہر کے حقوق ادا کرنے سے قاصر ہیں۔۔کیوں بھاگ رہی ہیں میری قربتوں سے اسفند نے دل کا ہاتھ کھینچتے ہوئے پھر سے اسے اپنی گود میں بٹھا لیا تھا۔۔

چھوڑیں مجھے۔۔۔ نہیں چھوڑوں گا جو کر سکتی ہو وہ کر کے دکھاؤ۔۔۔مجھے اس وقت آپ سے کوئی بات نہیں کرنی وہ اپنی چھوٹی سی ناک کو سنگوڑتے ہوئے بولی تھی۔۔۔آپ روم میں آکر سو جائیں ہم صبح بات کریں گے۔۔

ٹائیگر کسی کے حکم کا پابند نہیں ہے آپ نے مجھ سے بات کرنی ہے یا نہیں اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا مجھے آپ سے بات کرنی ہے یہ امپورٹنٹ ہے۔

آپ مجھ سے کسی بھی طرح کی زبردستی نہیں کر سکتے سمجھے آپ۔۔وہ قہقہ لگا کر ہنسا تھا۔میری جان میں آپ سے زبردستی کر سکتا ہوں کیونکہ میں آپ پر زبردستی کرنے کا راہ حق رکھتا ہوں جب جہاں چاہوں آپ کی سانسوں پر بہرا بٹھانے کا حق حاصل ہے مجھے۔آپ کی سانسوں سے لے کر روح تک رسائی حاصل ہے مجھے۔

آپ میری نرمیوں کا ناجائز ہی فائدہ اٹھا رہی ہے۔۔بہت مل لیا آپ نے اسفند شہریار کی محبتوں سے چلیے آج آپ کو میں ٹائیگر کی شدتوں سے واقف کرواتا ہوں۔وہ دل کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسی پوزیشن میں اسے گود میں اٹھا کر کھڑا ہو گیا تھا۔۔۔اسفند آپ ہوش میں نہیں ہیں مجھے نیچے اتاریں۔دل بچوں کی طرح ٹانگیں مار رہی تھی۔

اسفند شہریار کی زندگی میں جب سے آپ آئی ہیں تب سے اسفند شہریار ہوش میں آیا ہی کہاں ہے جو آج آپ مجھے میرے ہوش میں نہ ہونے کا گلا سنا رہی ہیں۔

پلیز مجھے آپ سے ڈر لگ رہا ہے آپ مجھے نیچے اتار دیں ہم صبح بات کریں گے نادل اب اسفند کو بڑی نرمی کے ساتھ بول رہی تھی۔

اسفند کے ارادے اور اسفند کا لہجہ سن کر دل کی جان نکل رہی تھی اسفند آپ میری آنکھوں میں آنسوں نہیں نہ دیکھ سکتے نا دیکھیں میری آنکھوں میں آنسوں آرہے ہیں پلیز مجھے نیچے اتار دیں۔

دل کا حلق خشک ہو رہا تھا اسفند کی باتوں سے یہ تو سچ تھا کہ دل نے اسفند کو زیادہ تر نرمی سے پیش آتے ہوئے ہی دیکھا تھا۔۔

اور اب تو پچھلے ایک سال سے وہ حد سے بھی زیادہ نرمی سے پیش آرہا تھا پہلے دل پریگننٹ تھی تو اسفند نے دل کا بہت زیادہ خیال رکھا تھا۔ کسی بھی طرح کی سختی وہ دل کے ساتھ نہیں کرتا تھا۔۔

اس کے بعد دل کے گرنے کی وجہ سے تین مہینے تک اس نے دل سے دوری بنا کے رکھی تھی کیونکہ ڈاکٹر کے بہت سخت آرڈرز تھے۔۔ مگر اب جب سب کچھ ٹھیک تھا تو آج کسی بھی صورت اسفند اپنے جذباتوں کو روکنے کے موڈ میں نہیں تھا اوپر سے دل نے فضول کی باتیں کر کے اسفند کو اتنا غصہ چڑھا دیا تھا کہ اب تو دل کی شامت آنا پکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دل رونا بند کرو آج آپ کا رونا مجھ پر اثر نہیں کرے گا جب آپ کو میرا نزدیک آنا ہی برا ہی لگتا ہے تو پھر کیوں نہ میں اپنی من مرضیاں ہی کر لوں۔۔۔دل کو بیڈ کے اوپر لیٹا کر وہ اپنی شرٹ کے بٹن کھول رہا تھا۔دل جھٹکے سے اٹھی اور بچوں کی طرح بیڈ پر سکرول کرتی ہوئی بیڈ کی دوسری جانب جا کر کھڑی ہو گئی تھی۔۔۔

اسفند کوئی ری ایکٹ کیے بنا آرام سے اپنی شرٹ کے بٹن کھول کر اسے بیڈ پر پھینک کر اب اپنے جوتے اتار کر آرام سے رکھتا ہوا۔ واش روم کی طرف فریش ہونے جا رہا تھا۔

دل چھوٹے چھوٹے قدم اٹھا کر چوروں کی طرح روم کے دروازے کی طرف جا رہی تھی اسفند نے پلٹ کر بڑے بڑے قدم اٹھاتے ہوئے آ کر دل کو بازو سے پکڑ کر اپنی طرف کھینچ کر اپنے سینے کے ساتھ لگایا تھا۔۔

اسفند نے اتنی زور سے دل کی کمر پر ہاتھ رکھا ہوا تھا دل کو لگ رہا تھا کہ آج تو اس کی ریڈ کی ہڈی کا ٹوٹنا کنفرم ہے۔۔اسفند چھوڑے مجھے آپ پاگل ہو گئے ہیں۔۔

وہ اسفند کے ہاتھوں پر ناخن مارتے ہوئے اپنے آپ کو چھڑوانے کی ناکام کوشش کر رہی تھی۔۔دل پاگل تو میں آپ کے پیار میں پہلے سے ہی ہوں مگر دل اس طرح کی حرکتیں کر کے آپ مجھے اور بہکنے پر مجبور کر رہی ہیں۔۔۔۔

آپ کو اندازہ ہے کہ جب میں غصے میں بہکوں گا تو آپ کا کیا حشر ہو گا دل بڑے بڑے سانس لیتی ہوئی خود کو اب بھی چھڑوانے کی کشمکش میں لگی ہوئی تھی دل آپ اس طرح نہیں سدھر سکتی۔۔۔۔

اس نے دل کو بچوں کی طرح اپنے کاندھے پر اٹھا لیا تھا۔دل بھی بچوں کی طرح ٹانگیں مار رہی تھی اور اسد کی کمر پر اپنے نازک سے ہاتھوں کے مکے

بھی برسا رہی تھی گندے اسفند مجھے نیچے اتارے دل کی اس بچکانہ حرکت پر مسکرایا تھا جسے دل نہیں دیکھ پائی کیونکہ اس کا رخ پیچھے کی طرف تھا۔۔

آپ مجھے واش روم میں کیوں لے کر جا رہے ہیں مجھے نیچے اتارے۔۔میری جان آپ کو میں گندے اسفند سے ملوانے لے کے جا رہا ہوں۔۔وہ دل کو کاندھے پہ اٹھائے ہوئے واش روم میں لے آیس تھا۔۔۔۔۔

مجھے باہر جانے دیں ہاں تاکہ آپ میرے باہر آنے سے پہلے روم سے فرار ہو جائیں۔۔۔ نہیں جاؤں گی پلیز مجھے جانے دے۔۔۔اپ پر یقین نہیں ہے دل بے بی۔۔میں یہاں پر کھڑی رہ کر کیا کروں گی۔

میرے ساتھ شاور لیں گی نہائیں گی اور میں اپٹ کے ساتھ رومینس کروں گا وہ دل کو دیوار کے ساتھ لگائے ہوئے کھڑا تھا۔۔یہ کوئی جگہ ہیں رومنیس کرنے کی۔۔۔

دل نے غصے سے اسفند کی طرف دیکھا تھا ہاں آپ جس طرح کے ڈرامے دیکھتی ہیں فلمیں دیکھتی ہیں آپ نے ان میں دیکھا نہیں کہ ہیرو اور ہیروئن ہمیشہ واش روم میں جا کر شاور کے نیچے ہی رومانس کرتے ہیں۔۔۔۔۔

ہر بات تو آپ ڈرامے اور فلموں کی فالو کرتی ہیں تو رومانس بھی ڈرامے اور فلموں والا ہی فالو کیا کرو۔

وہ دل کو بازو سے پکڑ کر زبردستی شاور کے نیچے لے آیا تھا۔۔اسفند پلیز مجھے جانے دے دل کی جان نکل رہی تھی اسفند کے ارادے دیکھ کر۔اسفند نے

دل کو کھینچ کر اپنے ساتھ لگا کر سختی سے اس کی کمر پر ہاتھ رکھتے ہوئے شاور اون کر دیا تھا۔۔

ایک دم سے دل کے اوپر پانی گرنے سے دل کی آہ نکلی تھی اور وہ سمٹتی ہوئی اسفند کے سینے میں منہ چھپائے ہوئے کھڑی تھی۔۔وہ دل کی قمر پر ہاتھ کو اوپر کی لے جاتا ہوا ابھی زپ کھول چکا تھا۔اس وقت پلیز نہیں کریں دل خود میں سمٹتی ہوئی من منائی تھی۔۔۔

کیوں نہ کروں ابھی بھی کوئی کسر باقی ہے اب بھی کوئی امتحان باقی ہے جو آپ میرا لینا چاہتی ہیں۔دل اتنے مہینوں کے بعد تو آپ کو مجھ پر ترس کھانا چاہیے مگر آپ اب بھی وہی دل ہیں جسے میرا کوئی خیال نہیں ہے۔۔۔اور دل کے بالوں کو گردن سے ہٹاتے ہوئے وہاں پر اپنے سلگتے ہوئے لب رکھتے ہوئے بولا۔

شاور کا پانی دل کے لبوں پر گرتا ہوا ایسا منظر پیش کر رہا تھا جیسے صبح کے وقت گلاب کی پتیوں پر پڑے ہوئے شبنم کے قطرے۔اسفند کاندھے سے شرٹ ہٹا کر چوم رہا تھا۔۔اسفند۔۔۔۔دل نے سسک کر کہا تھا۔۔۔بولو اسفند کی جان وہ اس کے گالوں پر اپنے گال رپ کر رہا تھا۔۔۔مجھے

جانے دیں وہ بڑی مشکل سے بول رہی تھی۔۔۔کیوں جانے دوں اسفند نے دل کے کان کی لو کو اپنے لبوں میں لے کر دانتوں کا ہلکا سا دباؤ دیا تھا ۔۔دل کی سسکی نکلی تھی اور اس نے اسفند کی قمر کو یہ اختیار اپنے ہاتھوں سے کس لیا تھا۔

اسد کے انابی لب مسکرائے تھے دل کے انداز پر دل کی سانسیں اکھڑنے لگی تھی اسفند نے دل کی ٹھوڑی پر ہاتھ رکھے ہوئے اس کا چہرہ اوپر کر کے اس کے چہرے کو بڑی غور اور محبت سے دیکھا تھا۔۔

دل کے نیچرل پنک ہونٹوں کے اوپر پانی گلاب کی پتیوں کے اوپر کھڑے ہوئے شبنم کے قطروں کی مانند لگ رہا تھا۔۔۔اسفند نے میں اپنے ہاتھوں کے پیالے میں دل کا چہرہ بھرتے ہوئے اس کے نازک گلاب کی پنکھڑیوں جیسے ہونٹوں کو اپنے جذباتوں چور ہوئے انابی ہونٹوں کی قید میں لے لیا تھا وہ بڑی شدت کے ساتھ دل کے لبوں سے نمی چوس رہا تھا۔

وہ پچھلے 10 منٹ سے دل کی سانسیں روکے ہوئے کھڑا تھا ابھی بھی اس کا پیچھے ہونے کا کوئی ارادہ نہیں تھا مگر دل کی سانسیں بند ہونے لگی تھی تو اس نے اسفند کے سینے پر ہاتھ رکھتے ہوئے اسے پیچھے کی طرف دھکیلا تھا۔

اسفند دور تو ہوا مگر اس کا ہاتھ اب بھی دل کی کمر پر ہی تھا جس کی وجہ سے دل اس سے دور بالکل نہیں ہو سکتی تھی۔۔۔دل اپنی اکھڑی ہوئی سانسوں ٹھیک کرنے کے لیے اسفند کے سینے میں سر چھپائے ہوئے کھڑی تھی۔۔۔

ابھی بیچاری اپنی سانسوں کو پوری طرح ٹھیک بھی نہیں کر پائی تھی کہ اسفند پھر سے اس کے چہرے کو اپنے ہاتھوں کی پیالے میں بھرتا ہوا اپنے لبوں کی قید میں لے گیا تھا۔۔وہ اپنی پیاس بجھانے کے لئے دل کی سانسیں بند کرنے پر تلا ہوا تھا۔وہ دل بھیگے ہوئے بالوں کو اس کی کمر سے ہٹا کر یہاں پر اپنے رب رکھتے ہوئے چوم رہا تھا۔دل کی سانسیں تیز ہونے لگی تھی۔وہ اس کے گیلے کپڑوں کو اس کے جسم سے الگ کر کے اسے ٹاول میں لپیٹتا ہوا اسے اٹھا کر بیڈ پر لے آیا تھا۔۔دل کا جسم کانپ رہا تھا۔۔دل نے اپنی آنکھیں بند کر رکھی تھی۔

ooooooo

اسفند اپنے گیلے کپڑے بدل کر روم واپس آیا تو دل کمبل کے اندر منہ چھپائے ہوئے فل نیند میں ہونے کا ڈراما کر کے سو رہی تھی۔ اسفند نے دل کی طرف دیکھ کر اپنے انابی لبوں سے مسکراتا ہوا اپنے نچلے ہونٹ کے کنارے کو دانتوں تلے دبا گیا تھا۔

وہ چلتا ہوا بیڈ کے قریب آیا تھا وہ اپنی چپل اتارتا ہوا دل کے کمبل کے اندر گھس کر دل کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے اپنے قریب کر کے اس کے کان میں سرگوشی کرتے ہوئے بولا اگر آپ کا یہ سونے والا ڈرامہ پورا ہو گیا ہو تو اپنا منہ میری طرف کریں۔

دل نے کوئی جواب نہیں دیا تھا وہ اب بھی اپنی آنکھوں کو زور سے میچے ہوئے سونے کی ایکٹنگ جاری رکھے ہوئے تھی۔دل خود سے اٹھ جاؤ تو بہتر ہو گا ورنہ جتنا میری بے تابیوں کو بڑھاؤ گی میں اتنا ہی آپ کی جان کو مشکل میں ڈالوں گا۔۔

دل قسم سے آج کی رات کو آپ کبھی بھی بھول نہیں سکے گی اس لیے بہتر ہے کہ میرے صبر کا اور امتحان مت لو۔۔۔مگر دل اپنی جگہ سے ٹس سے مس نہیں ہوئی تھی۔اسفند چپ چاپ سے دل کے پاس سے اٹھ کر دروازے کا ہینڈل گھمانے لگا تھا اس نے ایسے پریزنٹ کروایا تھا جیسے وہ روم سے باہر چلا گیا ہو۔

مگر وہ دروازے کو بند کرتا ہوا واپس بیڈ کے پاس ہی آ کر کھڑا ہو گیا تھا وہ اپنے دونوں ہاتھ سینے پر باندھے ہوئے دل کے ری ایکٹ کا انتظار کرنے لگا تھا دل نے آہستہ سے اپنے منہ سے کمبل اتار کر دروازے کی جانب دیکھا تھا۔۔

مگر اپنے سامنے اسفند کو ہاتھ باندھے ہوئے کھڑا دیکھ کر دل کے طوتے اڑ گئے تھے۔۔دل نے ایک منٹ سے بھی پہلے کمبل اپنے منہ پر واپس لے لیا تھا ۔۔۔مگر اسفند نے دل کے اوپر سے کمبل کو ہٹاتے ہوئے کمبل کھینچ کر زمین پر پھینک دیا تھا۔۔

دل اس وقت صرف ٹاول لپیٹے ہوئے تھی۔شرم کے مارے دل خود کو اپنے ہاتھوں سے چھپانے کی کوشش کر رہی تھی۔۔وہ کبھی اپنے کاندھوں پر ہاتھ رکھتی تھی۔تو کبھی اپنی ٹانگیں چھپانے کی کوشش کرتی تھی۔اسفند پلیز مجھے

کمبل دے۔ کوئی کمبل نہیں ملے گا آج کی رات جب میں آپ کو سونے ہی نہیں دوں گا تو کمبل کا کیا آچار ڈالو گی۔۔

وہ دل اوپر ہی لیٹ گیا تھا اسفند پلیز۔۔ شششش مجھے آپ کی آواز نہیں آنی چاہیے۔اس نے دل کے لبوں پر سختی سے اپنی شہادت والی انگلی رکھتے ہوئے کہا تھا۔۔

آپ نے اپنی بہت من مانیاں کر لی ہیں آج میں آپ کو ٹائیگر کی منمانیاں دکھاتا ہوں۔بہت بار آپ کو ٹائیگر سے ملوانے کی کوشش کی مگر آپ کی ٹائیگر سے ملاقات ہمیشہ ادھوری ہی رہ جاتی تھی۔۔

کیونکہ اسفند کی محبت ٹائیگر کو کبھی آپ تک پوری طرح سے پہنچے ہی نہیں دیتی تھی۔اس نے دل کے لبوں پر جھک کر لپ کس کر کے سیدھا اس کے

دل والے مقام کا رخ کیا تھا۔دل سسکی تھی۔دل نے اپنے ٹاول کو مضبوطی کے ساتھ پکڑنے کی کوشش کی مگر اسے ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔۔

دل نے چپ رہنا ہی مناسب سمجھا تھا کیونکہ وہ دشمن جاں کہاں اس کی سسکیاں سن کر اس کون سا اس پر ترس کھا رہا تھا۔۔جو وہ اپنی انرجی ضائع کرتی وہ اپنی من مانیاں کیے جا رہا تھا۔۔

رات بڑھتی گئی اور ساتھ میں ٹائیگر کی شدتوں میں بھی اضافہ ہوتا گیا اس نے جو کہا تھا وہ کر کے بھی دکھایا تھا آج اس کی محبت میں اتنی تپش تھی کہ وہ دل کو سسکنے تک کا موقع نہیں دے رہا تھا۔دل کی دبی دبی سی سسکیاں پورے روم میں گونج رہی تھی۔

پوری رات اس نے دل کی جان کو مشکل میں ڈالے رکھا تھا۔ فجر کی اذان ہونے میں کچھ وقت باقی تھا کہ اس نے دل کو آزادی بخشی تھی۔۔ مگر اب بھی اس کی کمر کے گرد اسفند کی باہوں کا سخت گھیرا تھا۔ اس نے اتنا کس کے دل کو اپنی ساتھ لگایا ہوا تھا کہ دل اپنی جگہ سے ایک انچ بھی ہل نہیں سکتی تھی۔

مگر دل اس قدر اس کی شدت سے ٹوٹی ہوئی تھی کہ وہ جان چھوڑتے ہی سو گئی تھی۔ آئی لو یو مائی بیوٹی فل وائف اسفند نے اپنی شدتوں سے ٹوٹی ہوئی دل کو اپنی باہوں میں سوتے ہوئے دیکھ کر کہا تھا۔

دل اٹھو میری جان فجر کی نماز ادا کر کے سو جانا۔ ویسے سونے کی کیا ضرورت ہے اس کے بعد جا کر اپنے بے بی کو سنبھالوں اسفند نے نیند سے بے حال دل

پر تنز کیا تھا۔۔بھاڑ میں جائے آپ اور بھاڑ میں جائے آپ کا بے بی پلیز مجھے معاف کریں اور مجھے سونے دے۔ہاہاہاہا اسفند قہقہ لگا کر ہنساں تھا۔

کیوں آپ کو تو بے بی کی بہت فکر تھی تو اب کیا ہو گیا ہے وہ دل کا مزاق اڑا رہا تھا اسفند کو پتہ تھا کہ دل سے نیند برداشت نہیں ہوتی۔اس لیے وہ خود ابھی تک جاگ رہا تھا اور دل کی حالت دیکھ کر مزے لے رہا تھا۔ویسے بھی اسفند کا اپنی نیند پر پورا کنڑول تھا۔

ایسے ہی تو نہیں اسے لاکھو میں ایک ون مین اوف آرمی میجر اسفند شہر یار کا کہا جاتا تھا۔اس کا اپنے آپ پر ہر طرح سے کنڑول تھا۔ایسے ہی تو نہیں اسے ایک پاور فل ٹیم کا سربراہ کہا جاتا تھا۔اسفند شہر یار کس چیز کا نام ہے دل بے چاری تو اس سے واقف ہی نہیں تھی۔

وہ بے چاری تو اسفند کو ایک غنڈہ سمجھتی تھی۔ اور اپنی محبت کے ہاتھوں سے مجبور ہو کر اسفند سے کوئی سوال نہیں کرتی تھی۔ وہ کئی بار یہ سوال کرنا چاہتی تھی کہ اسفند آپ کیا کام کرتے ہیں مگر جو جواب اس کے دل میں تھا کہی اسفند وہی جواب نا دے دے دل اس ڈر سوال ہی نہیں پوچھتی۔۔

آپ کے عشق نے کر دیا نکما ورنہ بندے ہم بھی تھے بڑے کام کے اسفند نے سوتی ہوئی دل کے چہرے پر آئی ہوئی لٹوں کو اپنی انگلی سے اس کے کانوں کے پیچھے کرتے ہوئے مسکرا کر کہا تھا۔

مجھے بھی آپ کے عشق نے کر دیا نکما ورنہ دل بھی بندی تھی بڑے کام کی
دل نے اسفند کی بڑبڑاہٹ سن کر نیند کی خماری والی آنکھوں سے اسفند کی طرف دیکھ کر کہا تھا۔

اچھا جی تو آپ مان رہی ہے کہ آپ کو بھی اسفند شہریار سے عشق ہے سوچ لو ودل۔ میری جان

یہ عشق نہیں آساں
بس اتنا سمجھ لیجے ا
اک آگ کا دریا ہے
اور ڈوب کر جانا ہے

اگر آپ سے عشق نہ ہوتا تو دل اس وقت آپ باہوں میں نا ہوتی۔ اگر آپ سے عشق نہ ہوتا تو دل یوں راتوں کو اٹھ اٹھ کر آپ کے اس خوبصورت چہرے کو دیکھ کر خود پر ناز نہیں کرتی۔ اگر آپ سے عشق نہ ہوتا تو میں اللہ کا شکر ادا نہیں کرتی کہ اس نے آپ کو میرا نصیب بنایا ہے۔ اگر آپ سے عشق نہ ہوتا تو جب کوئی لڑکی آپ کی طرف دیکھتی ہے تو مجھے جیلسی نہیں ہوتی۔

مانا کے میرا عشق آپ کے عشق کی ٹکر کا نہیں ہے مگر صاحب یہ مت کہیے کہ عشق ہی نہیں ہے۔ بس کرو میری شاعرانہ مزاج بیوی اسفند نے ہنستے ہوئے دل کے ماتھے پر اپنے لبوں سے محبت کی مہر لگائی تھی۔

آپ نے خود ہی تو کہا ہے کہ جس طرح کہ میں ڈرامے اور فلمیں دیکھتی ہوں پیار بھی اسی طرح سے جتایا کروں وہ بھی ہنستے ہوئے بولی تھی۔۔

اچھا جی میری اتنی فرمانبرداری کیوں۔۔اپنی غلطیوں کا ازالہ کرنا چاہتی ہوں
جو کچھ میں نے اپنی بیوقوفیوں میں کیا پلیز اس کے لیے مجھے معاف کر دیں
میں بھی کیا کروں آپ نے مجھے اتنی محبت اور پیار سے بچوں کی طرح رکھا ہے
کہ اگر میں میچور بننے کی کوشش کروں گی تو پھر ایسی حرکتیں کروں گی جو کر
کے میں نے ہمارے رشتے کو کافی حد تک خراب کر دیا ہے۔۔

وہ شرمندگی سے نظریں جھکائے ہوئے بول رہی تھی دوبارہ کبھی یہ مت کہنا
دل کہ ہمارا رشتہ خراب ہو گیا ہے خدنہ کرے کہ کبھی ہمارا رشتہ خراب ہو
میں نے تو آپ سے کبھی نہیں کہا کہ آپ میچور بنے۔۔۔

مجھے تو اپنی لاپرواہ سی دل بے وقوفیاں کرتی ہوئی اچھی لگتی ہے ویسے بھی جب آپ کا شوہر اتنا سمجھدار ہے تو آپ کو سمجھ داریاں دکھانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔۔

میں ہوں نا آپ کو ہر موڈ پر سمجھداری کے ساتھ سنبھالنے کے لیے۔۔آپ رب سے میری زندگی کی دعا کیا کریں۔۔جب تک میں ہوں آپ کو زندگی کے کسی موڑ پر گرنے نہیں دوں گا۔۔

جب بھی دل پر کوئی مصیبت آئے گی اسے اسفند سے گزر کر جانا ہو گا اسفند میں اپنی ساری غلطیوں کے لیے معافی مانگتی ہوں آئندہ کبھی بھی آپ کے لیے کچھ غلط نہیں سوچوں گی دل آپ کو سوری کہنے کی ضرورت نہیں ہے۔

آپ تو مجھ سے پیار کی باتیں کریں اور مجھے بتائیں کہ آپ مجھ سے کتنا عشق کرتی ہیں میں تو بہت معصوم سا بندہ ہوں۔ایسے ہی مان جاؤں گا وہ ہنستے ہوئے دل کے بالوں پر کس کرتے ہوئے مستی کے موڈ میں آگیا تھا۔

ویسے دل آپ کے دماغ میں یہ سب باتیں کیسے
آئی کہ میں بی بی سے پیار نہیں کرتا وغیرہ وغیرہ۔مجھے اسد بھائی نے کہا تھا کہ آپ کوئی بھی بات اتنی آسانی سے اپنے دل میں سے نہیں نکالتے اس لیے مجھے بہت میچور ہو کر آپ کا خیال رکھنا ہو گا۔۔

اور کچھ دن کے لیے مجھے بے بی کو اگنور کر کے پورا فوکس آپ پر رکھنا ہو گا۔ اس کے بعد باقی کا میں نے سب کچھ خود سوچ لیا تھا۔۔ویری گڈ میں بھی سوچوں کہ میری معصوم سی دل کا دماغ اتنا کام نہیں کرتا کہ وہ اتنا لمبا چوڑا سوچ سکے۔۔

اس کمینے کے علاوہ مجھے اتنی اچھی طرح سے اور کوئی نہیں سمجھتا سکتا وہ اپنے منہ میں بڑبڑا رہا تھا۔ خبر دار اگر اسد بھائی کو غلط کہا تو کہا تو۔ دل نے اسفند کی بڑبڑاہٹ سن کر اپنے بھائی کی طرفداری کی تھی۔

آپ کے بھائی نے میری معصوم سی بیوی کو جھوٹے میچورٹی کے خول کے اندر ڈال کر۔ میری معصوم سی بیوی کے دماغ کو کسی اور ٹریک پر ڈال دیا مگر میں آپ کے بھائی کو کچھ بھی نہیں کہہ سکتا یہ کیسا انصاف ہے۔

بھائی نے مجھے آپ کے بارے میں کچھ بھی غلط نہیں کہا تھا مجھے سمجھنے میں غلطی ہو گئی تھی۔ اس لیے آپ بھائی سے کچھ بھی نہیں کہیں گے۔
بہت فکر ہے آپ کو اپنے بھائی کی اتنی فکر کبھی ہماری بھی کر لیا کریں جانے اسفند۔

اسفند مجھے آپ کی بہت فکر ہے اسی لیے تو اپنی ساری غلطیوں کے لیے معافی مانگ رہی ہوں دل نے بیچارا سا منہ بنا کر اسفند سے کہا تھا چلو کیا یاد کرو گی معاف کیا آپ کو آپ کی ساری خطاؤں کے لیے۔۔

بس دوبارہ کبھی مجھ پر شک مت کرنا دل میں آپ سے اور بے بی سے دونوں سے بہت پیار کرتا ہوں۔

مگر اس کمینے سے بدلہ تو میں ضرور لوں گا جو سارے فساد کی جڑ ہے اس کا اشارہ اسد کی طرف تھا۔۔۔۔

دل نے پھر سے اپنے بھائی کی طرفداری کرنی چاہیے تھی مگر اسفند نے اس کے لبوں پر اپنے لب رکھتے ہوئے اس کے لبوں کو قید میں لے کر دل کی بولتی بند کر دی تھی۔

غم کے بادل چھٹ گئے تھے ساری غلط فہمیاں دور ہو چکی تھی۔اسفند اور دل دونوں کے دل پر سکون تھے۔۔دونوں ایک دوسرے کی محبت میں رنگے ہوئے ایک دوسرے پر محبت کی بارش کر رہے تھے۔

محبوب چاہے جتنی مرضی غلطیاں کر لے۔ مگر جب وہ اپنی غلطی مان کر پاس آجائے۔تو انسان کو ساری دنیا ہی خوبصورت لگنے لگتی ہے۔

جیسے اس وقت اسفند سب کچھ بول کر دل کو اپنی باہوں میں لیے ہوئے دل کی ساری غلطیاں معاف کر چکا تھا۔۔۔ oooooooooo۔

اسد اٹھ جائیں پلیز آپ آفس سے لیٹ ہو جائیں گے۔مجھے تو اب یہ سمجھ نہیں آتا کہ آپ چاروں میں سے سب سے چھوٹا کون ہے۔ارحم اینا عنایہ یا آپ۔۔آپ چاروں نے میرے ناک میں دم کر کے رکھا ہوا ہے۔۔۔

مسکان آج صبح صبح ہی کافی غصے کے موڈ میں تھی کیونکہ اسد کا اب یہ روز کا معمول ہو گیا تھا کہ مسکان دس دس آوازیں لگاتی تھی اور اسد اپنی یہاں سے ٹس سے مس بھی نہیں ہوتا تھا۔۔

مسکان نے اسد کے منہ سے کمبل ہٹاتے ہوئے غصے سے کہا۔اسد پلیز اٹھ جائیں رات کو آپ کو نیند نہیں آتی صبح آپ سے اٹھا نہیں جاتا۔۔اور آپ کی اولاد آپ سے الٹ ہے ان کو رات کو بھی نیند نہیں آتی اور صبح کو بھی نیند نہیں آتی۔۔۔

آج صبح صبح میری میری پیاری بیوی کیوں لوہے کے چنے چبا رہی ہیں اسد نے بازو سے کھینچ کر اسے بھی اپنے ساتھ بستر پر لٹا لیا تھا۔ اسد پلیز اٹھ جائیں مت تنگ کیا کریں یار مسکان نے معصوم سا منہ بنا کر اسد سے ریکویسٹ کی تھی۔

خانم میں آپ کو کہاں تنگ کرتا ہوں تنگ تو آپ مجھے کرتی ہیں صبح صبح میری نیند کی دشمن بن کر میرے سر پر سوار ہو جاتی ہیں۔ اسد نے مسکان کی کمبر میں ہاتھ ڈال کر اس سے اپنے نزدیک کرتے ہوئے کہا تھا۔۔

تو کیا آپ کو آفس نہیں جانا کیا۔۔ آفس تو جانا ہے بلکہ میں تو لیٹ ہو گیا ہوں اسد نے سامنے لگی ہوئی گھڑی پر نظر ڈالتے ہوئے کہا تھا۔۔ یار تھوڑا جلدی اٹھا دیا کرو میں آج پھر لیٹ ہو گیا ہوں۔

اسد جلدی سے بیٹھ سے نیچے اتر کر واش روم میں جاتے ہوئے سارا ملبہ بیچاری مسکان کے سر ڈال کر چلا تھا۔۔مسکان بیڈ پر بیٹھ کر اپنے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے مسکرا رہی تھی۔۔

اسی لیے آپ کو صبح سے آوازیں دے رہی تھی مگر آپ کا تو بستر سے باہر نکلنے کو دل نہیں کرتا یہی اگر آپ آرام سے رات کو سو جایا کریں تو آپ کی نیند پوری ہو جائے اور آپ صبح جلدی اٹھ کر آفس ٹائم پر جا سکیں۔

وہ اونچی آواز میں بولی تھی آپ میرے ساتھ صرف دن والی باتیں کیا کریں کہ مجھے جلدی کیسے اٹھنا چاہیے بس وہ طریقہ مجھے بتایا کریں۔۔یہ رات والی تبلیغ مجھے مت دیا کریں مجھ پر ایسی باتوں کا کچھ اثر نہیں ہوتا۔۔

پورے دن کی تھکاوٹ ہوتی ہے جو میں نے رات کو آپ پر اتارنی ہوتی ہے تو اس میں ٹائم تو لگتا ہے نا۔اسد نے اتنی بے باکی سے یہ الفاظ بولے تھے کہ مسکان بیچاری روم روم بیٹھی ہوئی اپنے چہرے پر ہاتھ رکھ کر شرما گئی تھی۔۔

خانم مت شرمائے میں کون سا آپ کو دیکھ رہا ہوں اسد نے واش روم سے اندازہ لگا کر آواز دی تھی مسکان نے جلدی سے اپنے چہرے سے ہاتھ اٹھا کر ہٹا کر دیکھا تھا کہ کیا اسد اسے دیکھ رہا ہے۔۔

اللہ معاف کرے اسد میں تو آپ کی اس تکے مارنے والی عادت سے بڑی پریشان ہوں وہ بڑھاتی ہوئی اٹھ کر روم سے باہر کچن کی طرف چلی گئی تھی اسد کا ناشتہ بنانے کے لیے اسد واش روم میں کھڑا ہوا مسکرا رہا تھا۔

اسد نے مسکان کے شرمانے کا صرف اندازہ لگا کر تکے سے بولا تھا مگر اسد کے 99 تکے مسکان پر بالکل پرفیکٹ لگتے تھے جیسے اس وقت لگا تھا اسد کو پتہ تھا کہ مسکان اس کی اس بے باقی والے انداز سے ضرور شرما جائے گی۔۔۔۔اسد شاور لے کر روم میں آیا تو اس کے فون پر رنگ ہو رہی تھی

۔۔

۔۔۔۔السلام علیکم زہے نصیب آج صبح صبح کیسے کمینے کو اپنے یار کی یاد آگئی ہے اسفند کا نام اپنے موبائل کی سکرین پر دیکھ کر اسد کا چہرہ کھل اٹھا تھا۔۔۔زیادہ خوش فہمیاں مت پالا کرو خان یاد نہیں آئی بس یہ پوچھنے کے لیے فون کیا ہے کہ کمینے تجھے الٹے سیدھے مشورے دینے کے لیے تجھے میری معصوم سی بیوی ہی ملتی ہے۔

میں نے کب تیری بیوی کو الٹے سیدھے مشورے دیے ہیں میری تو کتنی دنوں سے دل سے نہ بات ہوئی ہے نہ ملاقات۔۔ صبح صبح کیا سستا نشہ کر کے فون کر رہے ہو اسد ٹاول سے اپنے سر کو پہنچتا ہوا ڈریسنگ ٹیبل کے مرر کے سامنے کھڑا ہو کر فون سن رہا تھا۔۔۔۔

تم نے جو تین مہینے پہلے میری بیوی کا برین واش کیا تھا اس کا رزلٹ آج آیا ہے تو میں نے کہا صبح صبح فون کر کے بتا دوں۔۔پہلیاں مت بجھا سیدھا مدے کی بات بتا۔۔۔

۔۔میرے دماغ کا تمہیں اچھی طرح سے پتہ تھا کہ کوئی چیز جب میرے دماغ میں گھر کر جاتی ہے تو وہ اتنی آسانی سے نہیں نکلتی تو تجھے کیا ضرورت تھی دل کے دماغ میں شک کا بیج بونے کی۔۔

تمہاری اچھائی کے لیے سمجھائی ہوئی باتوں کا دل نے اس قدر غلط اصر لیا ہے کہ وہ یہ سوچنے لگی تھی کہ میں اپنے ہی بیٹے سے نفرت کرتا ہوں۔

۔سوری یار میرا ایسا کوئی ارادہ نہیں تھا یار میں تو تم لوگوں کی دوریوں کو ختم کرنا چاہتا تھا۔۔اسفند کی باتوں سے اسد شرمندہ سا ہو گیا تھا۔۔۔۔چل منہ بند کر تیرے منہ سے یہ سوری جیسا لفظ اچھا نہیں لگتا۔۔ہاں میری بیوی کا دماغ تو تم نے خراب کیا ہے اس کا بدلہ میں تیری بیوی کا دماغ خراب کر کے لوں گا یہ سوری تو اپنے پاس رکھ اس کا اچار ڈال کے کل صبح ناشتے میں پراٹھے کے ساتھ کھانا۔۔۔۔۔۔

اسفند کو اپنے یار کا یوں شرمندہ ہونا کہاں گوارا تھا اور اس کی محبتوں اور نیک دلی پر وہ شک تو کبھی بھی نہیں کر سکتا تھا۔۔اسے پتہ تھا کہ اسد کا دل کو

سمجھانے کا مقصد یہی تھا کہ۔۔ کہیں اس کی بہن کا رشتہ خراب نہ ہو۔۔ مگر وہ الگ بات تھی کہ دل کے دماغ نے کچھ اور ہی سمجھ لیا تھا۔۔۔۔۔

اور تجھے فون اس لیے کیا ہے کہ توبہ اور سلیم کی شادی فکس ہو گئی ہے آئی ہوپ کہ تجھے بھی پتہ ہو گا۔۔۔۔۔ہاں یار پتہ ہے مجھے کل آفس میں سلیم ملا تھا اور اس نے مجھے شادی پر انوائٹ کیا ہے۔۔

کیا ارادہ ہے پھر اسد نے اسفند کی بات کا جواب دیتے ہوئے کہا تھا۔۔۔ہاں یار جانا تو پڑے گا مگر مسئلہ یہ ہے کہ وہ چاہتے ہیں کہ ہم اپنے فیملی کے ساتھ آئیں۔۔۔۔ گہری سوچ میں پڑھتے ہوئے ی کہا تھا۔۔

میرے خیال سے ہمیں دل اور مسکان کو ساتھ میں لے کر جانا چاہیے کیونکہ آخر وہ ہماری ٹیم کا ایک بہت اہم حصہ ہے ان کی خوشی میں ہمیں شریک ہونا چاہیے۔۔۔۔۔

اسفند نے اسد کو ایگری کرنے کے لیے ہی فون کیا تھا کیونکہ اسد کو یوں اپنی فیملی کو کسی کی شادی میں لے کر جانا پسند نہیں تھا۔۔ پسند تو اسفند کو بھی نہیں تھا مگر سلیم نے بہت ریکویسٹ کی تھی اسفند سے کہ وہ اپنی فیملیز کو لے کر آئیں۔۔

اسد کے مزاج سب بہت اچھی طرح سے واقف تھے۔ سلیم کو پتہ تھا کہ اسد اپنی فیملی کو لے کر نہیں آئے گا اس لیے۔اس لیے اس نے اسفند سے ریکویسٹ کی تھی کہ وہ اسد کو اپنے ساتھ لے کر آئے۔۔

سب کو یہ بات پتہ اچھی طرح سے پتہ تھی کہ اسد کو اگر کوئی منا سکتا ہے تو وہ اسفند شہر یار ہے اگر اسفند کو کوئی منا سکتا ہے تو وہ اسد میر خان ہے ان دونوں کی دوستی کے چرچے پورے آفس میں تھے اور پورے انڈر مافیا میں مشہور تھے۔۔

ٹھیک ہے اگر تم جانے کے لیے تیار ہو تو میں بھی مسکان کے ساتھ آجاؤں گا ۔ڈن کرنے کے بعد اسد نے فون بند کر دیا تھا۔۔۔۔

خانم کہا ہو روم میں آکر مجھے تیار کرو آفس کے لیے۔مسکان کیچن میں مریم کے ساتھ اسد کا ناشتہ تیار کروا رہی تھی تو اسد کا میسج آیا تھا مسکان پڑھ کے مسکرانے لگی تھی۔۔کیوں آپ بچے ہے خود تیار ہو جائے۔۔۔

خانم تیار تو میں خود ہو جاوں گا مگر جو تیار ہوتے وقت انر جی پوری کرنے کے لیے مجھے آپ کے ہونٹوں کی ضرورت پڑتی ہے اس کا میں کیا کروں گا ۔۔۔۔۔خانم مجھے پتہ ہے کہ میرے اس میسج کا جواب دینا آپ کے بس کی بات نہیں ہے۔۔۔۔

اس لیے روم میں آجائے مجھے دیر ہو رہی ہے۔ مسکان جو اسد کا میسج پڑھ کے منہ پر ہاتھ رکھے ہوئے شرما کر ہنس رہی تھی اسد کا دوبارہ میسج آنے پر اپنے شرمائے ہوئے چہرے کو لے کر چھٹی چھوٹے قدم بڑھاتی ہوئی روم کی طرف چل پڑی تھی۔۔

oooooooooo

آج توبہ اور سلیم کی شادی کا فنکشن تھا۔۔ مسکان بہت خوش تھی کیونکہ اسد بہت ہی کم شادیاں اٹینڈ کرتا تھا اور مسکان کے ساتھ تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔ اسد اتنے سالوں دبئ میں رہا۔ مگر وہ سوچ اب بھی وہی ٹریڈیشنل

پٹھانوں جیسی ہی رکھتا تھا جسے اپنی بیوی کو یوں شادیوں میں لے جا کر نمائش کرنا بہت برا لگتا تھا۔۔۔۔

مگر مسکان بہت خوش تھی کہ آج وہ کسی کا شادی جا رہی ہے۔وہ توبہ اور سلیم کو زیادہ تو نہیں جانتی تھی مگر انجان بھی نہیں تھی کیونکہ اکثر گھر میں ان دونوں کا ذکر بھی ہوتا تھا اور دو چار دفعہ ملاقات کی ہوئی تھی۔۔۔۔

مسکان بلو کلر کا کلیوں والا لونگ فراک پہن کر کھڑی ہوئی تھی جس کے اوپر سلور کام تھا ساتھ میں میچنگ جولری اور پیروں میں خوبصورت میچن سینڈل پہن کر مرر کے سامنے اپنا ہیئر سٹائل بنا رہی تھی میک اپ اس نے پہلے ہی کر لیا تھا۔۔۔۔

اسد نہا کر روم میں آیا تو مسکان فل تیار کھڑی ہوئی تھی۔اسد کی نظریں مسکان پر پڑی تو پلٹنا بھول گئ تھی۔۔مسکان بہت خوبصورت لگ رہی ہے تیار ہو کر۔۔

مسکان اور نور ملی بہت لائٹ میک اپ کرتی تھی کیونکہ اسد کو لائٹ میک اپ پسند بھی تھا۔۔اسد کے کہنے کے مطابق زیادہ میک اپ سے اس کا چہرہ چھپ جاتا ہے جو اسے بالکل اچھا نہیں لگتا۔۔

وہ چلتا ہوا مسکان کے قریب آکر رکا تھا اور اس کے چہرے کو غور سے دیکھ رہا تھا۔۔میری قاتل حسینہ اپنا میک اپ لائٹ کرو وہ مسکان کی کمر پر ہاتھ رکھ کر دباؤ دیتا ہوا اسے خود کے قریب کر کے بولا۔۔

مگر اسد اتنا پیارا تو لگ رہا ہے میرا میک اپ مسکان نے منہ بناتے ہوئے کہا تھا ۔کیونکہ آج اتنے دنوں کے بعد اس نے اپنی مرضی کا میک اپ کیا تھا۔۔اس لیے وہ میک اپ لائٹ نہیں کرنا چاہتی تھی۔

میری جان میں نے کب کہا ہے کہ آپ خوبصورت نہیں لگ رہی۔
خوبصورت ہی تو لگ رہے ہیں تب ہی تو کہا ہے کہ ۔اپنا میک اپ لائٹ کریں میرے سوا میری بیوی کو اتنا سجا ہوا دیکھنے کا کسی کو حق نہیں ہے۔۔

اور جتنی خوبصورت آپ اس وقت لگ رہے ہیں میرا تو شادی میں جانے کا دل ہی نہیں کر رہا اسد کی ٹون خراب ہوتے ہوئے دیکھ گھر مسکان نے اسد سینے پر دونوں ہاتھ رکھتے ہوئے پیچھے کی طرف دھکیلا تھا۔۔اسد پلیز کبھی تو سیریس ہو جایا کریں خان کی جان میں تو پوری طرح سے سیریس ہوں۔

میری جان اتنی خوبصورت دکھائی دوں گی تو کس کمبخت کا دل چاہے گا
شادی میں جانے کا۔۔دفع کرو شادی کو ہم گھر میں رہ کر اپنی سہاگ رات
مناتے ہیں۔۔آپ نے سہاگ رات کبھی نہیں مہائی منائی آپ کا تو یہ شوق
کبھی پورا ہی نہیں ہو سکتا ہے۔۔
ہاہاہاوہ کھکا لگا کر ہنسا تھا خانم ویسے یہ بات بالکل سچ کہی ہے آپ نے۔۔چلو
اپنا موڈ مت خراب کرو میک اپ لائٹ کرو پھر چلتے ہیں۔۔

اسدا گر میک اپ لائٹ کروں گی تو میرا منہ خراب ہو جائے گا۔۔۔۔مسکان
اگر اتنا ڈارک میک اپ کر کے جاؤ آپ میرے ساتھ چلو گی تو میرا موڈ
خراب ہو جائے گا۔۔۔اسد پلیز۔۔۔۔مسکان بحث مت کرو چپ چاپ سے
اپنا میک اپ لائٹ کرو کیونکہ مجھے نہیں پسند کہ میری بیوی کو اتنا سجا ہوا
میرے سوا کوئی اور دیکھے۔۔اور اپنے سر پر حجاب لگا کر میرے ساتھ چلنا

وہاں پر بہت سارے لوگ ہوں گے مجھے نہیں پسند کہ کوئی آپ کو یوں بے پردہ دیکھے۔۔

آپ میرے نیچر سے بہت اچھی طرح سے واقف ہیں اس لیے آپ کی بحث مجھ سے بنتی ہی نہیں ہے اس کا لہجہ سخت ہوا تھا۔۔۔۔۔مسکان نے ایک منٹ سے بھی پہلے اپنا میک اپ لائٹ کر دیا تھا اور اب وہ حجاب لگا رہی تھی۔۔۔

oooooooo

دل جلدی سے تیار ہو جائیں میں سٹڈی روم میں ہوں مجھے کچھ کام ہے تو آپ کے تیار ہونے تک میں وہ کر لوں گا۔۔۔اسفند آپ کو تیار نہیں ہونا مجھے تیار

ہونے میں زیادہ دیر نہیں لگے گی آپ جلدی سے تیار ہو جائیں اس کے بعد میں ہو جاؤں گا۔۔اسفند کہتا ہوا روم سے نکل گیا تھا۔۔۔

ooooooo

اسفند اپنے سٹڈی روم میں بیٹھا ہوا انابیہ کے مجرموں کی فائل کو فائنل ٹچ دے رہا تھا جو اسد نے اسے کچھ دیر پہلے ہی ای میل کی تھی۔۔

وہ دونوں آخر کار انابیہ کے مجرموں تک پہنچ ہی گئے تھے وہ لیپ ٹاپ بند کر کے کچھ دیر سکون کی غرض سے اپنا سر چیئر کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھ گیا۔

اسی وقت روم کا دروازہ کھلا اور دل ہائی ہیل پہنے ہوئے ٹک ٹک کرتی روم میں داخل ہوئی اسفند نے دروازے اور ہیل کی آواز پر آنکھیں کھول کر دل کی طرف دیکھا۔۔

کیسی لگ رہی ہوں میں دل گول گول گھوم کر اسفند کو اپنی تیاری دکھا رہی تھی۔۔اس نے مسٹرڈ کلر کا شرارہ اور کرتی پہن رکھا تھا جس کے اوپر سیم کام کیا ہوا تھا۔۔

کانوں میں گولڈ کی بالیاں پہنے ہوئے ہائی پونی گلے میں خوبصورت ڈائمنڈ کا نیکلس یہ نیکلس اسفند نے اس کی برتھ ڈے پر گفٹ کیا تھا۔۔

پیروں میں ہائی ہیل جس سے اس کی ہائٹ کافی اچھی لگ رہی تھی۔ایک ہاتھ میں بریسلٹ اور ایک ہاتھ میں پلین مسٹرڈ چوڑیاں پہن کر وہ بہت خوبصورت لگ رہی تھی۔۔

آنکھوں پہ لگالائنز اور مسکاراس کی خوبصورت آنکھوں کواور بھی دلکش بنا رہا تھاب۔۔گالوں پر لگاہوا بلش آن اس کی پنک گالوں کواور بھی پنکی پنکی بنا رہا تھا۔۔

ہونٹوں پر لگی ہوئی گہری لپسٹک اس کی خوبصورتی کواور بھی چار چاند لگا رہی تھی اسفند کچھ دیر تک تواس کی طرف دیکھتا ہی رہ گیا تھا۔۔۔

پھر اپنا ہاتھ آگے بڑھا کر آنکھ کے اشارے اسے اپنی طرف آنے کو کہا۔۔

دل اسفند کے پاس آئی اور ہاتھ اس کے ہاتھ میں دیتے ہوئے چہک کر بولی بتائیں نامیں کیسی لگ رہی ہوں۔۔۔اسفند نے اسے اپنی گود میں بٹھاتے ہوئے اپنی انگلیاں اس کے چیکس پر لگاتے ہوئے کہا۔مجھے تو آپ ہمیشہ ہی خوبصورت اور دلکش لگتی ہے۔۔

مگر کچھ ہے جو آپ نے زیادہ لگایا ہوا ہے۔۔۔کیا زیادہ ہے میں ابھی مرر م دیکھ کر آتی ہوں۔

دل اس کی گود بہت سے اٹھتی ہوئی بولی تھی۔۔جب آپ کا مرر آپ کے سامنے ہے تو اسفند کی جان آپ کو کسی اور مرر کی کیا ضرورت ہے۔۔

وہ اسے واپس اپنی گود میں بٹھاتے ہوئے آنکھ دبا کر بولا تھا۔۔۔اسفند مجھے آپ کی ان پہیلیوں کی بالکل سمجھ نہیں آتی۔۔اوکے تو پھر میں پہیلیاں نہیں بجاتا بلکہ آپ کو پریکٹیکل کر کے دکھاتا ہوں۔

وہ کہتے ہوئے دل کی گردن کی بیک سائیڈ پر ہاتھ رکھتے ہوئے اس کا چہرہ اپنے اوپر جھکا کر اس کے ڈیپ ریڈ کلر کی لپسٹک سے سجے ہوئے ہونٹوں کو اپنے انا بھی لبوں کی قید میں لے گیا۔

دل بیچاری ہوں ں ں ہوں ں ہی رہ کرتی رہہ گئ تھی۔۔اسفند جب پیچھے ہٹا تو بیچاری دل کے ہونٹوں پر لپسٹک نام کی کوئی چیز باقی نہیں تھی۔

اسفند کیا مسئلہ ہے آپ نے میری ساری لپسٹک خراب کر دی ہے دل کو بہت غصہ آرہا تھا۔اپنی لپسٹک خراب ہونے پر میری جان لپسٹک خراب نہیں کی بلکہ آپ کے ان خوبصورت ہونٹوں کو آزادی دلوائی ہے۔بیچاروں کو آپ نے لیپسٹک کے نیچے دبا دیا تھا۔۔

میں نے کہا کہ خواہ مخواہ میں آپ کو زحمت کرنی پڑے گی۔۔لائٹ کرنے کے لیے مجھے تیز لپسٹک اچھی نہیں لگتی اس لیے میں نے خود ہی محنت کر لی ہے۔۔

آپ کو تو خوش ہونا چاہیے کہ آپ کا شوہر اتنا فرمانبردار ہے۔۔وہ دل کا غصے والا منہ دیکھ کر کھلکھلا کر ہنس رہا تھا۔۔۔جب کہ دل کا بس نہیں چل رہا تھا کہ وہ اسفند کا سر پھاڑ دے گا۔۔

اسفند کے سینے پر زور دے کر اسے پیچھے کرتی ہوئی اٹھ کر کھڑی ہو گئی تھی۔۔میں پھر سے تیز لپسٹک ہی لگاؤں گی اور اب تو میں 24 اور والی لپسٹک لگاؤں گی۔۔جسے آپ چاہ کر بھی خراب نہ کر سکے۔

وہ جاتے ہوئے ضدی انداز سے بول کر گئی تھی میری جان اسفند کے لیے کچھ بھی مشکل نہیں ہے اپ 24 اور لگا لیں یا 48 اور مجھے کوئی فرق نہیں پڑتا میں نے کون سا تھک جانا ہے۔میں تو ڈٹا رہوں گا۔۔۔

جب تک وہ نہیں اترے گی۔اور میری انرجی پاور سے تو آپ اچھی طرح سے واقف ہیں۔آپ نے ہی شادی سے لیٹ ہو جانا ہے وہ اونچی آواز سے بولتا ہوا۔ہنستے ہنستے اس کے پیچھے پیچھے آرہا تھا۔

سارے میک اپ کا ستیاناس کر دیا ہے وہ اسفند کے آگے آگے چلتی ہوئی بڑبڑا رہی تھی۔وہ ہنستے ہوئے اس کے پیچھے پیچھے روم میں آگیا تھا۔وہ مرر کے سامنے کھڑی ہوئی وائپس سے اپنے ہونٹوں کی سائیڈوں پر پھیلی ہوئی لپسٹک صاف کر رہی تھی۔

اسفندن اس کے پیچھے آکر کھڑا ہو گیا اور اپنا سینہ اس کی پشت سے لگا کر اس کے پیٹ پر ہاتھ باندھے ہوئے اپنی گالوں کو اس کی گالوں کے ساتھ رب کر رہا تھا۔۔

دل مر رہیں اسے کھا جانے والی نظروں کے ساتھ دیکھ رہی تھی۔۔اسفند پلیز میری طرف دیکھ کر ہنسے مت مجھے بہت غصہ آرہا ہے آپ پر۔۔وہ اسفند کو غصے سے دیکھ کر چھوٹی سی ناک کو اور بھی سنگوڑتے ہوئے بول رہی تھی

۔۔۔

تو میری جان آپ کو اتنی گہری لپسٹک لگانے سے پہلے یہ سوچنا چاہیے تھا نا کہ۔آپ کے شوہر کو آپ کے ان خوبصورت ہونٹوں پر ڈاک لپسٹک بہت پسند ہے۔ مگر کسی اور کے سامنے اتنی ڈاک لپسٹک لگا کے جانے کی تو آپ کو ہر گز اجازت نہیں ہے۔۔

تو یہ بات آپ مجھے آرام سے بتا بھی تو سکتے تھے کیا ضرورت تھی میرے میک اپ کا ستیاناس کرنے کی۔۔دل کا غصہ کم نہیں ہو رہا تھا۔وہ ہنستے ہوئے بولا۔

جیسے کہ میری جان نے میرے کہنے پر فورن سے لپسٹک کم کر لینی تھی۔۔
اسفند دل کی ضدی پن سے اچھی طرح سے واقف تھا۔۔اگر وہ دل سے کہتا
کہ وہ لپسٹک کم کر لے تو اس کے لیے اسفند کو پورے دو گھنٹے تک دل کی ضد
کو جھیلنا پڑتا۔۔۔

تب کہیں جا کر اس نے اس بات پر ایگری ہونا تھا اس لیے اسفند نے شارٹ
کٹ لیتے ہوئے دل کو سے اپنی بات منوالی تھی۔۔۔

چلو آ گر اب آپ نہیں چاہتی کہ میں آپ سے کوئی اور بات اسی زبردستی کے
ساتھ منواؤں تو پھر میری ایک بات دھیان سے سنو دل۔۔شادی میں آپ
کے سر سے دپٹہ ہر گز اترا ہوا میں نہ دیکھوں۔۔

وہ حکم دینے والے انداز سے بولا تھا مگر سامنے بھی مقابل میں دل تھی۔ جس کو اسفند کی محبت پر بے حد ناز تھا۔۔اور اسفند کی ہر بات پر ضد کرنا وہ اپنا فرض سمجھتی تھی۔۔۔

ویسے تو اسفند بھی اس کی ہر ضد پوری کرنا اپنی اپنا فرض سمجھتا تھا۔۔ مگر یہاں بات اس کی عزت اور غیرت کی تھی۔۔تو ایسی باتوں پر اسفند کمپرومائز کرنے والوں میں سے نہیں تھا۔۔

مگر یہ بھی الگ بات تھی کہ وہ دل پر سختی یا غصہ نہیں کر سکتا تھا۔۔کیوں کہ اس سے چاہ کر بھی دل پر غصہ نہیں جاتا تھا۔۔اس کی محبت کے آگے کا اس کا غصہ ہار جاتا تھا۔۔

کیوں اگر میں آپ کی مرضی کے مطابق اپنے سر سے دوپٹہ ہٹا نہیں لوں گی۔ تو کیا میرے دوپٹے کو بھی اسی طرح سے کھا جائیں گے جس طرح سے میری لپسٹک کو کھا گئے ہیں۔۔

دل میں مذاق کے موڈ میں نہیں ہوں یہ میرا حکم ہے کہ آپ کے سر سے دوپٹہ نہیں اترنا چاہیے۔ آپ کو اچھی طرح سے اندازہ ہے کہ میں مجھے آپ کو شادی اور فنکشنز وغیرہ پر لے کر جانا بالکل اچھا نہیں لگتا۔۔

میری عزت یوں غیر مردوں کے سامنے گھومے مجھے یہ انتہائی ناپسند ہے۔۔۔ یہاں پر کچھ مجبوری تھی جس کی وجہ سے آپ کو لے جایا جا رہا ہے ۔۔اس لیے ریکویسٹ کر رہا ہوں کہ آپ کے سر سے دوپٹہ نہ اترے ورنہ کوئی ایسی بات نہیں ہے جو میں آپ سے منوا نا سکوں۔۔

مجھے اپنی بات منوانے کے اور بھی بہت سارے طریقے آتے ہیں۔۔۔تو پھر ٹھیک ہے اپنے طریقے سے منوالے میں تو اپنے سر پہ دوپٹہ نہیں لوں گی۔

میں نے اتنی خوبصورت ہائی پونی دوپٹہ لینے کے لیے تو بالکل نہیں کی۔۔۔تو دل کیا آپ اپنی نمائش غیر مردوں کے سامنے کرنا چاہتی ہیں۔۔۔۔اس نے آنکھیں دکھاتے ہوئے کہا تھا۔۔

وہاں پر سب لڑکیاں سروں پر دوپٹے لے کر تھوڑا گھوم رہی ہونگی۔۔
شادیوں میں تو لڑکیاں دوپٹے نہیں لیتی ہیں۔۔۔دل نے منہ بناتے ہوئے کہا تھا۔

دل مجھ سے باقی لڑکیوں سے کوئی غرض نہیں ہے آپ میری عزت ہیں سمجھی آپ مجھے آپ سے فرق پڑتا ہے۔۔کہ آپ نے کیا پہنا ہے اور کیا نہیں۔دل میری بات سن رہی ہو یا نہیں۔۔دل اسفند کی بات کا اگنور کرتے ہوئے اپنی لپسٹک ٹھیک کرنے لگی تھی۔۔۔

سن رہی ہوں کوشش کروں گی پوری دل نے لاپرواسے انداز سے کہا تھا۔۔اسفند کو اچھی طرح سے اندازہ تھا کہ دل وہاں پر اپنے دوپٹے کا خیال نہیں رکھے گی۔۔۔

بے شک اس نے دل کو بہت آزادی دے رکھی تھی۔۔اور اسے بہت سر پہ چڑھایا ہوا تھا مگر دل کو کیسے اپنی بات منوانی ہے۔ٹائیگر کو اچھی طرح سے پتہ تھا۔۔

دل کو بازو سے پکڑ کر گھماتے ہوئے اس کا رخ اپنی طرف کر کے اس کی کمر کی دونوں سائیڈوں پر ہاتھ رکھتے ہوئے اسے ڈریسنگ ٹیبل کے اوپر پر بیٹھا دیا تھا۔۔

یہ یہ کیا کر رہے ہیں وہ اٹکتے ہوئے بولی تھی اسفند ہم شادی سے لیٹ ہو رہیں ہے۔دل اسفند کی بگڑتی ہوئی ٹون کو دیکھ گھبرا کر بول رہی تھی۔۔

کچھ نہیں میری جان بس شادی میں آپ کے سر سے دوپٹہ نہ اترے اسی کا بندوبست کرنے لگا ہوں وہ کہتے ہوئے دل کی گردن پر جھکا تھا۔۔آہ آہ۔۔۔ اسفند مجھے درد ہو رہا ہے۔

کوئی بات نہیں اسفند کی جان برداشت کرو۔۔اسفند نے اپنے دانتوں سے دل کی گردن پر لو بائٹ کرتے ہوئے چہرہ اوپر کر کے آنکھ کو ٹیس کرتے ہوئے کہا تھا۔۔

اسفند نے اتنی زور سے لو بائٹ کی تھی کہ دل کی آنکھوں سے پانی نکل آیا تھا ۔۔ مگر اب بھی وہ رکا نہیں تھا۔۔دل کی گردن پر تین سے چار الگ الگ جگہ پر لو وائٹ کرتے ہوئے پیچھے ہٹا تو دل کی دودھ سے بھی زیادہ گوری گردن پر ریڈ سے کلر کے گول دائرے بن گئے تھے۔۔

اب وہ دل کو ڈریسنگ ٹیبل سے نیچے اتار کر کھڑا کرتے ہوئے اس کا رخ مرر کی طرف کر کے ہنسا تھا۔۔ جبکہ دل کی آنکھوں میں آنسوں آ گئے تھے۔۔

اب میری جان آپ چاہیں تو دوپٹہ سر پہ لے لینا نہ چاہیں تو اتارے رکھنا بس یہ یاد رکھنا کہ وہاں پر آپ کے پیارے بڑے بھائی جان اسد خان بھی موجود ہونگے۔۔۔ایزیو وش اگر آپ پھر بھی دوپٹہ اتارنا چاہیں تو اسفند نے انگلی سے نشانوں کے اوپر لائن کھینچتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

اسفند کو پتہ تھا کہ دل اپنے بھائی سے بہت شرم حیا کرتی ہے۔۔وہ تو اپنے بھائی سے اس قدر شرم کرتی تھی کہ جب کبھی اسد سامنے ہوتا تو وہ اسفند کے پاس بھی نہیں بیٹھتی تھی۔۔

اسفند اب مطمئن ہو گیا تھا اب دل چاہ کر بھی اپنے سر سے دوپٹہ نہیں اترنے دے گی چاہے دنیا ادھر کی ادھر ہو جائے۔۔۔دل بیچاری لاجواب سی ہو کر مرر کے سامنے کھڑی ہوئی آنسوں بہا رہی تھی۔۔

اسفند جو پیچھے ہٹ کر آرام سے بیڈ پر جا کر بیٹھا ہوا کراؤن سے ٹیک لگا کر ڈریسنگ کے مرر میں دل کو دیکھ رہا کر مسکرا رہا تھا۔۔اور دل غصے سے مرر کے اندر سے اسفند کو دیکھ رہی تھی۔اور سوچ رہی تھی کہ یہ بندہ جب

اپنی بات منوانے پہ آتا ہے تو اس کے پاس کیسے کیسے آئیڈیاز موجود ہوتے ہیں۔۔

جہاں تک لوگوں کی سوچ نہیں جاتی یہ بندہ وہ کر کے دکھا دیتا ہے۔۔میری جان مجھے بعد میں تاڑ لینا فی الحال ہم لوگ شادی سے لیٹ ہو رہے ہیں۔

دل غصے سے پرفیوم کی بوتل اٹھا کر اسفند کے طرف پھینکنے لگی تھی۔۔۔اسفند دل کی طرف نا میں ہاتھ ہلاتے ہوئے چلا اٹھا تھا۔۔دل دل پلیز مت مارنا میرا سر پھٹ جائے گا۔۔پھر میری جان اپنے بھائی اور بھابھی کو صفائیاں دیتی پھرو گی۔۔

دل کم سے کم اپنے بھائی سے ہی شرم کر لو اس کا سامنا کیسے کرو گی۔۔ بیچارہ کیا سوچے گا کہ اس کی بہن کتنی بد تمیز ہے کہ اس نے اپنے شوہر کا سر پھاڑ دیا ہے بیچارا خواہ مخواہ میں شرمندہ ہوتا پھرے گا۔

پھر آپ یہ بھی بتانا پڑے گا کہ آپ نے میرا سر پھاڑا کیوں ہے۔۔ چھی دل کیا بتاؤ گی کہ میں نے آپ کی گردن پر اپنے پیار کی مہریں لگائی ہیں اس لیے سر پھاڑا ہے۔

دل کتنی شرم آئے گی آپ کو بتاتے ہوئے۔۔ وہ نفی میں سر کو ہلاتے ہوئے چچ چچ چچ کر رہا تھا۔ دل بیچاری اپنے ہاتھ میں پرفیوم کی بوتل پکڑے کھڑی ہی رہ گئی تھی۔۔

oooooooooo

اسفند اور دل جب حال میں پہنچے تو مسکان اور اکثر پہلے سے باہر کھڑے ہوئے ان دونوں کا ویٹ کر رہے تھے۔۔۔ شکر ہے کہ تم لوگ پہنچ گئے ہو۔

مجھے تو لگا کہ تم لوگوں کا ارادہ ہی نہیں ہے آنے کا اسد دل کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے اسفند کو دیکھ کر بول رہا تھا۔۔ اسفند جو مسکان کو مل رہا تھا۔۔

جناب تیار ہونے میں تمہاری بہن نے دیر لگائی ہے۔۔ میڈم کو لپسٹک کا کوئی کلر ہی پسند نہیں آ رہا تھا۔ اس کی لیپسٹک کی وجہ سے ہم لیٹ ہو گئے ہے۔۔ میں تو صبح سے ریڈی تھا اسفند نے سارا ملبہ دل کے اوپر ڈال دیا تھا۔۔

دل نے نفی میں سر کو ہلاتے ہوئے غصے سے دیکھا تھا۔۔ چلو اب دیر مت کرو توبہ کا کتنی بار فون آ چکا ہے کہ آپ لوگ ابھی تک پہنچے کیوں نہیں۔ اسد چلتے چلتے بولا رہا تھا۔۔ اچھا جی طوبہ تجھے کئی بار فون کر چکی ہے۔۔ ہاں بھئی

تمہارے بنا تو اس کی شادی ادھوری ہے۔ آخر کو تم وی آئی پی پرسنٹ جو ہو
اس کے لیئے اسفند شیطانی مسکراہٹ ہنسا تھا۔۔

طوبہ کا نام سنتے ہی اسفند کے دماغ کے شرارتی کیڑے جاگ اٹھے تھے۔۔
اور ویسے بھی وہ موقع کی تلاش میں تھا کہ کب وہ مسکان کو کسی بات پر بھڑکا
کر۔ اسد سے دل کو بھڑکانے کا بدلہ لے سکے اور جب اسے اتنا اچھا موقع
میسر ہو رہا تھا طوبہ کی صورت میں تو اسفند کہاں اسے ضائع کرنے والا تھا۔

اسد نے گھور کر اسفند کی طرف دیکھتا اور آنکھیں دکھاتے ہوئے چپ رہنے
کا اشارہ کیا۔۔ مگر اسفند کی بات پر مسکان نے فورن کان دھرے تھے۔

کیوں بھائی اسد طوبہ کے لیے کیوں وی آئی پی پرسنٹ ہے۔مسکان نے تجسس بھرے انداز سے اپنے بھائی سے پوچھا تھا۔۔اب یہ بات تو بیٹا آپ اپنے شوہر نامراد سے پوچھیے گا کہ آخر وہ طوبہ کے لیے وی آئی پی پرسنٹ کیوں ہے،اور ماضی میں ان دونوں کا کیا خاص رشتہ رہا ہے۔۔

اسد آنکھیں دکھاتے ہوئے اسفند کو چپ رہنے کا اشارہ کر رہا تھا۔شیر کے دل والے اسد میر خان کی سانسیں رک رہی تھی۔۔اسفند کی بات سے کیونکہ اسے پتہ تھا کہ۔اس کی اس بات کا مسکان پر کتنا اثر ہونے والا ہے اور وہ کس طرح کاری ایکٹ کرنے والی ہیں۔۔

اسد کے سامنے سہم جانے والی مسکان اس بات پر کبھی بھی چپ کر کے نہیں بیٹھے گی۔۔وہ بات کی تہہ تک پہنچ کر چھوڑے گی۔۔کہ آخر ان دونوں کے بیچ میں ایسا کیا تھا۔۔

مسکان بکواس کر رہا ہے۔ایسا کچھ بھی نہیں تھا ہمارے بیچ میں۔وہ صرف ہمارے آفس کی ایک سینیئر ایمپلائی ہے۔۔اور میں اس کا بوس باقی یہ آپ کے دماغ میں فضول کا شک بھر رہا ہے۔

آپ اس کی باتوں میں مت آئیں مسکان کو ہاتھ سے پکڑ کر اپنے ساتھ لے جاتے ہوئے بولا۔۔

جی نہیں اسفند بھائی کوئی بھی غلط بات مجھ سے نہیں کر سکتے۔اور ان کو ضرورت بھی کیا ہے آپ کے بارے میں کچھ غلط کہنے کی۔پر نسس آپ کو نہیں پتہ کہ اس کمینے کو بہت سکون ملتا ہے میرا خون جلا کر۔

ایسا کچھ تو تھا آپ کے ماضی میں جو اسفند بھائی نے آپ کے بارے میں یہ بات کہی ہے۔۔مسکان کے تیور بگڑنے لگے تھے جس کا اسد کو ڈر تھا۔۔اسد نے دانت پیستے ہوئے مڑ کر پیچھے آتے ہوئے اسفند کی طرف دیکھ کر نفی میں سر کو ہلایا تھا۔۔

اسفند آئی برو کو اٹھا کر آنکھ مارتے ہوئے ہنس رہا تھا۔۔۔مسکان آپی آپ ایسے ہی بھائی پر شک کر رہے ہیں۔۔۔بھائی ایسے بالکل بھی نہیں ہے اسفند کا کیا ہے ان کو تو عادت ہے دوسروں میں کیڑے نکالنے کی۔دل اپنے اندر کی بڑھاس نکال رہی تھی۔جو اسفند نے مسکان اور اسد کے سامنے لپسٹک والی بات کر کے بیچاری کو شرمندہ کیا تھا۔

آپ چپ رہیں آپ کو بڑی فکر ہو رہی ہے اپنے بھائی کی۔اتنا معصوم نہیں ہے جتنا دکھائی دیتا ہے۔اسفند نے دل کے ہاتھ کو پکڑتے ہوئے آہستہ سے بولتے ہوئے اسے چپ رہنے کو کہا تھا۔۔۔

آپ بھی اتنے معصوم نہیں ہیں جتنے دکھائی دیتے ہیں دل کو تو ویسے ہی بہت تپ چڑھی ہوئی تھی اسفند پر۔جو اس نے میک اپ خراب کیا تھا اور جو دوپٹہ لینے کے لیے بیچاری کو اذیت دی تھی۔اور اوپر سے سب کے سامنے لیٹ آنے کی وجہ بھی اسے ہی بنا دیا تھا۔۔

دل کی بچی آپ چپ رہو گھر چل کر بتاؤں گا کہ میں کتنا شریف ہوں۔۔اب اگر اپنے بھائی کی طرف داری کی نا تو آپ کی پیاری سی گردن پر جو میں نے

خوبصورت نقش نگاری کی ہے گھر چل کر میں اس کو مزید نکھار کر آپ کو دکھاؤں گا۔۔

اگر آپ نہیں چاہتی کہ میں اپنی فن کا گھر چل کر دوبارہ سے مظاہرہ کروں تو چپ چاپ سے اپنے بھائی کی درگت بنتے ہوئے دیکھیے۔۔اسفند اتنی آہستہ آواز سے دل کے ساتھ بات کر رہا تھا کہ دو چار قدم آگے چلتے ہوئے اسد اور مسکان بھی نہیں سن پا رہے تھے۔۔

مسکان یار اپنا موڈ ٹھیک کرو ایسا کچھ بھی نہیں ہے آپ کا بھائی کتنا کمینہ ہے آپ کو ائیڈیا ہونا چاہیے خواہ مخواہ کی بکواس کر کے آپ کا دماغ خراب کر رہا

ہے۔۔۔ خبر دار جو بھائی کے بارے میں کچھ بھی بولا تو اپنی ماضی کی کرتوتیں چھپانے کے لیے بھائی کو غلط ٹھہرانے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔

مسکان غصے سے بڑے بڑے قدم بھرتی ہوئی چل رہی تھی اور اسد بیچارہ منتیں کرتے ہوئے اس کے پیچھے پیچھے جا رہا تھا۔۔۔

جسے دیکھ کر پیچھے آتے ہوئے اسفند کو بڑا مزہ آ رہا تھا اور وہ ہنس ہنس کر لوٹ پوٹ ہو کر اسد کو منتیں کرتے ہوئے دیکھ رہا تھا۔۔۔

جب ہال میں پہنچے تو تو بہ سلیم کے پہلو میں بیٹھی ہوئی بہت خوبصورت لگ رہی تھی اس نے سکن اور ریڈ کلر کا لہنگا چولی پہنا ہوا تھا اور وہ بہت ہی

خوبصورت تیار ہوئی تھی۔ پالر والی نے کافی محنت کی تھی جو اس کے اوپر نظر آرہی تھی۔۔

اسد بیچارا ہال کے اندر داخل ہوتے تک مسکان کا موڈ لائٹ کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ مگر مسکان تو اس وقت اسد کی کوئی بھی بات سننے کے موڈ میں نہیں تھی۔۔ اسفند تمہارا بیڑا غرق ہو میری اچھی بھلی خوش بیوی کو کس ٹریک پر ڈال دیا ہے۔۔۔ وہ بیچارا اپنے منہ میں بڑبڑاتے ہوئے مسکان کے پیچھے پیچھے شادی ہال کے اندر داخل ہو گیا تھا۔۔۔

جیسے ہی یہ چاروں ہال میں داخل ہوئے تو سلیم اور توبہ دونوں سٹیج سے کھڑے ہو کر ان کا استقبال کرنے کے لیے نیچے اتر کر آئے تھے۔ کیونکہ یہ ان کے لیے بہت بڑی بات تھی کہ اسفند شہریار اور اسد میر خان اپنی اپنی وائف کے ساتھ ان کی شادی میں شرکت کرنے کے لیے آئے تھے۔۔

سلیم اسفند اور اسد سے گلے ملا اور سینے پر ہاتھ رکھتے ہوئے ان کو ویلکم کہا اور مسکان اور دل کو بھی ویلکم بھابھی کہتے ہوئے نظر جھکا جھکائے ہوئے کھڑا تھا۔۔۔

توبہ آگے بڑھ کر مسکان اور دل کو گلے ملی اور دونوں کو ویلکم میم کہتے ہوئے اسپیشل اپنے ساتھ والی سیٹ پر بیٹھنے کو کہا تھا۔۔ مگر اسد اور اسفند دونوں ہی اپنی بیویوں کو وہاں پر بٹھانے میں انٹرسٹڈ نہیں تھے۔

کیونکہ وہاں پر کیمرہ مین مووی میں سین کیپچر کر رہا تھا اور جوان دونوں کو بالکل نہیں پسند تھا کہ ان کی بیویاں اس طرح کسی غیر مرد کے سامنے بیٹھیں ۔اور وہ ان کی مووی بنائے ان دونوں نے تو اپنی شادی کی مووی نہیں بنوائی

تھی صرف ان کے موبائلوں میں ہی کیپچر تھے ان کے شادی کے یادگار لمحے۔۔

نہیں ہم لوگ ہال میں ہی بیٹھیں گے اصل میں آپ کی میم لوگ یہاں پر کمفرٹیبل نہیں ہونگی مووی کیمرہ کے سامنے اسفند نے بات بناتے ہوئے سٹیج پر بیٹھنے سے منع کر دیا تھا۔۔

نو پرابلم سر مگر آپ تو ہمارے اس خوشی بھرے لمحات کو خوبصورت اور یادگار بنانے کے لیے سٹیج پر تشریف لے کر آئیں گے نا سلیم نے بڑے پر امید انداز سے کہا تھا۔

ہاں ہاں سلیم یہ بھی کوئی کہنے کی بات ہے میں اور اسد آئیں گے اور آپ کے ساتھ مووی بھی بنوائیں گے۔۔بس آپ کی میم لوگ کمفٹیبل نہیں ہیں تو پلیز کیمرے کو ان سے دور رکھنا۔۔آئی ہوپ کہ تم سمجھ سکتے ہو جی جی سر

آپ بے فکر رہیں سلیم نے سینے پر ہاتھ رکھتے ہوئے بہت موتبانہ انداز سے کہا تھا۔۔

سر ہمارے لیے تو یہی اعزاز کی بات ہے کہ آپ میم لوگوں کو ہماری شادی میں لے کر آئے ہیں۔ میم آپ لوگ آئیں میں آپ لوگوں کو بٹھاتا ہوں سلیم ایک سپیشل سائڈ پر لگے ہوئے ٹیبل پر دل اور مسکان کو بیٹھا کر واپس اسٹیج پر چلا گیا تھا۔۔

اور جاتے ہوئے اسد اور اسفند سے کہہ کر گیا تھا کہ سر آپ پلیز ہمارے ساتھ کچھ دیر سٹیج پر آکر بیٹھیں۔۔اوکے دل میں کچھ دیر سلیم اور توبہ کے ساتھ جا کر بیٹھوں گا جائیں میں نے کون سا آپ کو روکا ہوا ہے۔

دل نے روکھا سا جواب دیا تھا کیونکہ راستے میں جو اسفند نے اس کو دھمکیاں دی تھی اب بیچاری بول تو کچھ نہیں سکتی تھی بس اپنا منہ مروڑ کر بیٹھی ہوئی تھی۔۔

مسکان میں بھی جاؤں سلیم بلا رہا ہے۔ جائیں وہ بھی کافی دیر سے آپ کی منتظر ہے اور بڑی ترسی ہوئی نظروں سے آپ ہی کی دیکھے جا رہے ہیں۔
سامنے اسٹیج پر بیٹھی ہوئی طوبہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بڑے تلخ لہجے سے بول رہی تھی۔۔

مسکان کچھ غلط بھی نہیں کہہ رہی تھی کیونکہ توبہ کی بار بار اٹھتی ہوئی نظریں اسد کو ہی دیکھ رہی تھی اور اس کی نظروں میں کچھ تو ایسا تھا جو مسکان کو کھٹک رہا تھا۔۔

مسکان پلیز یار ایسا کچھ بھی نہیں ہے اس کمینے کا چہرہ دیکھو یہ کس طرح سے کھل کھلا رہا ہے صرف اس نے اپنے مزے کے لیے آپ کے دماغ میں یہ بات بھری ہے اور آپ نے اس کو سچ مان لیا ہے اسد بیچارہ من مناتے ہوئے بول رہا تھا۔۔۔

بھائی مجھے کیا ضرورت ہے اپنے مزے کے لیے کچھ بولنے کی میں تو کچھ بولنا ہی نہیں چاہتا تھا۔ بس اپنی بہن کا معصوم چہرہ دیکھ کر میرے منہ سے تمہارے ماضی کے بارے میں سچ نکل گیا تھا۔۔

اسفند کے الفاظ جلتی پر تیل کا کام کر رہے تھے اسد نے گورتے ہوئے اسفند کی جانب دیکھ کر کہا

تو کچھ دیر کے لیے اپنا منہ بند کر سکتا ہے اسد نے دانت پیستے ہوئے کہا تھا۔۔۔بھائی پر چلانے کی ضرورت نہیں ہے آپ جائیں اور اپنی چہیتی کے ساتھ اپنا فوٹو سیکشن کروائیں۔۔

وہ بہت بے تابی کے ساتھ آپ کی طرف بار بار دیکھ رہی حالانکہ شرم آنی چاہیے خود کا شوہر دیکھنے میں اچھا خاصہ ہے۔۔اس کے پہلو میں بیٹھی ہوئی میرے شوہر کی طرف دیکھ رہی ہے۔۔مسکان نے اپنے لفظوں کو چباتے ہوئے بڑی مشکل سے اپنا غصہ دبایا ہوا تھا۔۔۔

ooooooo

خدا تیرے جیسا کمینہ دوست بھی کسی کو نہ دے۔، تم نے میری معصوم سی بیوی کے دماغ میں شک جو بیج بویا ہے اللہ پوچھے گا تجھے۔اسد کا میسج آیا تھا اسفند کے فون پر۔۔رو کیوں رہے ہو خان کیا میری بہن نے تجے کمرے سے

نکال دیا ہے۔ یا گھر سے بے دخل کر دیا ہے۔ اسفند میسج کر ہنستے ہوئے لوٹ پوٹ ہو رہا تھا۔۔

بہت ہی کمینہ ہے میری حالت پر تجھے ہنسی آ رہی ہے۔ کمینے مسکان سچ میں یہ سمجھ رہی ہے کہ میرا اور طوبہ کا ماضی میں کوئی چکر تھا۔۔ وہ تو مجھ سے بات تک کرنے کی روادار نہیں ہے۔۔۔ ویری گڈ میں یہی تو چاہتا تھا اب تجھے پتہ چلا کہ جب دوسرے کی بیوی کو الٹے سیدھے مشورے دیے جاتے ہیں تو اس کا کیا نتیجہ نکلتا ہے۔۔

کمینے میں نے تو تیرے فائدے کے لیے اپنی بہن کو مشورہ دیا تھا مگر تو نے تو اپنی بہن کو بھڑکا کر میرے گھر کو جنگ کا میدان بنا دیا ہے۔۔۔ ہاں تمارے اعلیٰ مشورے سے کون سا میرا گھر امن کا گہوارہ بن گیا تھا۔۔ تمہاری بہن

صاحبہ نے تو یہ تک سوچ لیا تھا کہ میں اپنے ہی بیٹے سے نفرت کرتا ہوں۔۔۔اوپر سے وہ جو میری جھوٹی کیئر کرنے والی ایکٹنگ کرتی تھی وہ تو لاجواب تھی۔۔۔

پلیز یار اسفند سمجھنے کی کوشش کرو مسکان سچ میں بہت سیریس ہو گئی ہے۔۔مدے کی بات پر آؤ خان تم مجھ سے کیا چاہتے ہو۔۔۔تم فون کر کے مسکان کو بتاؤ کہ تم نے یہ سب کچھ مذاق میں کہا تھا اسد بیچارا اب منتوں پر اتر آیا تھا۔۔

سوری میں تو تمہاری ہیلپ کرنے والا نہیں ہوں جس طرح سے میں نے اپنی بیوی کو منایا اور اپنی صفائیاں خود ہی پیش کی تھی۔۔اسی طرح اب تم خود ہی بنو اپنے وکیل اور کرو اپنی وکالت مجھے تو آ رہی ہے بہت نیند میں تو سونے لگا ہوں اللہ حافظ۔۔۔

تیرے جیسے کمینے یار بھر لعنت ہو اسد آخری میسج کرتے ہوئے فون کو سائیڈ پر ٹیبل پر پٹخ کر بیڈ گراؤن سے سر ٹکائے بیٹھ کر سوچنے لگا تھا کہ اب مسکان کو کیسے منانا ہے۔۔

کافی دیر تک جب مسکان روم میں نہیں آئی تو اسد اٹھ کر روم سے باہر آ گیا وہ مسکان کو بچوں کے روم میں دیکھا تو مسکان وہاں پر نہیں تھی۔ کچن میں سے کھٹ پٹ کی آوازیں آ رہی تھی۔ اسد نے جھانک کر دیکھا تو مسکان شاید اپنے لیے کافی بنا رہے تھے۔۔

کیا کر رہی ہے میری پرنسس اسد مسکان کو پیچھے سے پکڑ کر اپنے ساتھ لگاتے ہوئے بڑا پیار جتانے والے انداز سے بول رہا تھا۔۔ کافی بنا رہی ہیں

میرے خیال سے آپ کو دکھائی تو دے رہا ہے مسکان نے جلے کٹے انداز سے جواب دیتے ہوئے کہا۔۔۔

آج میرے لیے کافی نہیں بنائی۔۔ نہیں میں نے صرف اپنے لیے بنائی ہے آپ کو پینی ہے تو آپ اپنے لیے خود بنالیں یا مریم سے کہہ کر بنوالے۔ یہ وہ جواب تھا جو مسکان نے کبھی بھی اسد کو نہیں دیا تھا۔ اور اسد کو ایسے جواب کی عادت بھی نہیں تھی۔ مگر اس وقت مسکان کا غصہ ساتواں آسمان چھو رہا تھا تو اسد کسی بھی طرح کا مزید پنگا نہیں لینا چاہتا تھا اپنی بیوی سے۔۔

ہاں کافی تو مجھے پینی ہے مگر مجھے تو آپ کے ہاتھ کی پینی ہے چلو کوئی بات نہیں ہم ہاف ہاف کر لیں گے۔۔ کیوں میرے نصیب میں ساری چیزیں ہاف ہی کیوں ہیں۔

کبھی خود کو اچھا ثابت کرنے کے لیے کسی اور کے شوہر بن جاتے ہیں اور میرے حصے میں ہاف شوہر آتا ہے۔۔ کبھی اچھائی ثابت کرنے کے لیے کسی بچے کے باپ بن جاتے ہیں اور میرے نصیب میں ہاف بچوں کا باپ آتا ہے۔۔۔اور ماضی میں محبت کے پیچے لڑاتے رہے ہیں اور میرے حصے میں آپ کا ہاف پیار آتا ہے۔۔۔ ساری ہاف چیزیں مسکان کی نصیب میں ہی کیوں لکھی ہوئی ہیں۔۔اب کم سے کم مجھے کافی تو پوری پی لینے دیں۔اسد بیچارے کو تو لینے کے دینے پڑ گئے تھے اسد بیچارا آیا تھا مسکان کا موڈ ٹھیک کرنے کے لیے مگر مسکان کا موڈ اور بھی بگڑ گیا تھا۔۔

ہٹیں اور مجھے جا کر سونے دیں مسکان اپنی کافی بھی وہیں پر چھوڑ کر غصے سے روم کی طرف چل پڑی تھی۔اسد بیچارہ کافی اٹھا کر ڈش میں رکھتے ہوئے مسکان کے پیچھے پیچھے چل پڑا تھا۔۔

اور دماغ میں منصوبے بنا رہا تھا کہ مسکان کو کیسے منانا ہے واہ کیا بات ہے اسد میر خان تمہاری۔۔سب کو ڈرا کے رکھنے والا۔ جس کی دہشت سے دشمنوں کی سانسیں رک جاتی ہیں اس کی سانسیں اپنی بیوی کے ڈر سے رک رہی ہیں وہ خود پر ہنستے ہوئے طنز کر رہا تھا۔۔

مسکان یار پلیز اتنا غصہ کس لیے ہیں یار آپ کو۔سچ میں لگتا ہے کہ میرا کسی کے ساتھ چکر ہو سکتا ہے جب سے ہوش سمبھالا ہے۔ صرف آپ کے بارے میں سوچا ہے اور صرف آپ سے ہی پیار کیا ہے۔

شادی کے اتنے سالوں کے بعد تین بچوں کا باپ بن کر میں آپ کو صفائیاں دیتا ہوا اچھا تو نہیں لگ رہا ہوں۔ وہ بیڈ پر اپنی آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر لیٹی ہوئی مسکان کے پاس بیٹھتے ہوئے کافی کو سائڈ ٹیبل پر رکھ کر بولا۔۔

یار قسم سے اسفند مذاق کر رہا تھا آپ نے خوامخواہ بات کو اتنا سیریس لے لیا ہے مسکان کی آنکھوں سے ہاتھ ہٹاتے ہوئے اس نے کہا۔

اسد میں بچی نہیں ہوں جسے آپ کچھ بھی بولیں گے اور میں مان جاؤں گی میں نے توبہ کی آنکھوں میں آپ کے لیے بہت خاص جذبہ دیکھا ہے۔

وہ دلہن بنی ہوئی اپنے شوہر کو دیکھنے کے بجائے جس محبت بھری نظروں سے آپ کو دیکھ رہی تھی۔ میں اتنی بچی نہیں ہوں کہ اس کی نظروں میں چھپا ہوا آپ کے لیے پیار نہ دیکھ سکوں وہ رو رہی تھی۔۔

اگراس کی آنکھوں میں میرے لیے پیار ہے تواس میں میرا تو کوئی قصور نہیں ہے۔آپ ناراض ہو کراور رو کر میرے لیے کیوں سزا تجویز کر رہی ہے۔ اپنے ہاتھوں سے مسکان کے آنکھوں کو صاف کرتے ہوئے بولا۔۔

اسد میں آپ پر شک نہیں کرنا چاہتی مگر مجھے وہ وقت بار بار یاد آرہا ہے جب آپ 10 سال تک مجھ سے دور رہے۔

اور مجھ سے کبھی رابطہ کرنے کی کوشش نہیں کی کبھی فون پر مجھ سے بات نہیں کی ناچاہتے ہوئے بھی میرے دل میں طوبہ اور آپ کے بارے میں وسوسے آرہے ہیں۔۔کہ کہیں مجھ سے دوری کی وجہ توبہ کی نزدیکیاں تو نہیں تھی۔۔

آپ کے سر کی قسم کھاتا ہوں ہاں یہ سچ ہے کہ طوبا مجھ میں بہت زیادہ انٹرسٹڈ تھی۔ مگر آپکے سر کی قسم میں کبھی بھی توبہ میں انٹرسٹ نہیں تھا۔ یار میں نے تو کبھی اسے نظر تک اٹھا کر نہیں دیکھتا تھا۔۔

آپ سچ کہہ رہے ہے نہ وہ اسد کے ہاتھ کو پکڑ کر تسلی بخش جواب چاہتی تھی ۔۔خان کی جان آپ اپنے دل سے پوچھے کہ کیا اسد خان کبھی آپ کے سر کی جھوٹی قسم کھا سکتا ہے۔۔

اسد آپ کو پتہ ہے میں آپ سے اتنا پیار کرتی ہوں کہ میں آپ کو کسی کے ساتھ شیئر کرنے کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتی۔۔وہ اسد کے گلے میں اپنی باہوں کی مالا پہناتے ہوئے بول رہی تھی۔۔

آپ میرے ہیں صرف اور صرف میرے ہیں جب تک میں زندہ رہوں گی آپ میرے ہی رہیں گے۔آپ پر آپ کے پیار پر صرف میرا حق ہے آج پہلی بار وہ اتنا کھل کر اپنی محبت کا اظہار کر رہی تھی۔۔

۔اسد کا دل سے طوبہ اور اسفند کا شکریہ ادا کرنے کو دل کر رہا جن کی وجہ سے آج اسے مسکان کے منہ سے اظہار محبت سننے کو مل رہا تھا۔۔۔اسد کی جان مجھ پر میری روح میرے جسم پر صرف اور صرف مسکان اسد خان کا ہی حق ہے۔اور میری جان یہ حق تو بہت پہلے ہی میں آپ کے نام کر چکا ہوں

خانم مت یوں بد گمان ہوا کریں خان آپ کا تھا ہے اور ہمیشہ رہے گا مسکان کے ماتھے پر اپنے لبوں سے بوسہ دیتے ہوئے کہا۔۔خان تو اپنی خانم پر اس

قدر فدا ہے کہ اسے تو دنیا کی رنگینیاں نظر ہی آتی ہے۔۔خان کی زندگی میں سب رنگ تو اپنی خانم کے دم سے ہے۔۔۔

اچھی بات ہے اگر آپ نے میرے سوا کسی کو دیکھنے کی کوشش بھی کی تو میں آپ کی جان لے لوں گی وہ اسد کے کالر کو دونوں طرف سے پکڑتے ہوئے اس اپنی جانب کھینچتے ہوئے بولی۔۔مسکان لیٹی ہوئی تھی اور اسد اس کے پاس بیڈ سے ٹانگیں نیچے لٹکائے ہوئے ہاتھ اس کے اوپر سے کراس کر کے بیٹھ کے اوپر رکھے ہوئے اس کے پاس بیٹھا تھا۔۔

مسکان کے کھینچنے کی وجہ سے اسد مسکان کے چہرے کے بہت نزدیک ہو گیا تھا۔۔

خانم جان تو اب بھی آپ میری لے رہی ہیں اپنی ان اداؤں سے۔اسد کا اشارہ اسے یوں کھینچ کر اپنے نزدیک کرنے کی طرف تھا۔۔

کیوں خان صاحب مجھے ہر دفعہ یوں نزدیک کر کے میری جان نکالنے کا حق صرف آپ کو ہے مسکان نے آج پہلی بار اسد کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر مذاق کرتے ہوئے کہا تھا۔۔

نہیں خان کی جان میں تو یہ حق کب سے آپ کو سونپنے کے لیے تیار تھا مگر خانم آپ کی تو شرم وحیا کہیں پر بریک لگانے کے لیے تیار ہی نہیں تھی آپ کی اس ادا پہ تو آج میرا قربان جانے کو دل چاہتا ہے۔۔

نہیں خان مجھے لگتا ہے کہ اب تو مجھے کوشش کر کے اپنی شرم وحیا کو کم کرنا پڑے گا۔ ورنہ کیا پتہ ہے کب کوئی چڑیا میرے اس خوبصورت خان کو مجھ سے چرا کر اڑا لے جائے۔۔

ہائے خانم اتنا پیار ایک ساتھ مت دو کہیں خان کی جان ہی نہ نکل جائے اسد نے منہ پر کر کے ٹھنڈی آہ بھرتے ہوئے کہا تھا۔۔اللہ نہ کرے کہ آپ کو کچھ ہو ایسی باتیں منہ سے نہیں بولتے۔مسکان اسد کے منہ پر اپنی ہتھیلی رکھتے ہوئے اسے منع کر رہی تھی۔۔۔۔

اس وقت منہ سے تو میرا کچھ بولنے کو دل کر بھی نہیں رہا میرا دل تو اپنے لبوں سے آپ کے لبوں پر کچھ لکھنے کو کر رہا ہے وہ کہتے ہوئے مسکان کے لبوں پر جھکا اور اپنی محبت کی مہر لگاتے ہوئے مسکان کو اپنی پیار کی بارش میں بھگوتے چلا گیا۔۔

مسکان آج بڑے ناز ہو اور محبت سے اپنے خان کے سینے سے لپٹی ہوئی تھی اسے ناز تھا کہ جس خان کو لڑکیاں اتنی حسرت اور محبت سے دیکھتی ہیں وہ خان صرف اور صرف اس کا تھا۔

اس کی محبت اس کی تھی اس کے دل میں بسنے والی وہ تھی جسے وہ بچپن سے محبت کرتا تھا۔۔آج وہ خود سے خان کے قریب ہونا چاہتی تھی۔وہ خان کے سینے پر سر رکھے ہوئے تھی۔۔اس نے اپنے لبوں سے اپنے خان کے سینے پر کس کی تھی۔۔

آج اسد خان کا دل خوشی سے اش اش کر اٹھا تھا۔خان کی جان آج آپ کے ارادے مجھے ٹھیک نہیں لگ رہے۔وہ مسکان کے بالوں میں پیار سے اپنی انگلیاں پھیر رہا تھا۔آخر ارادے کیا ہیں آپ کے خانم۔۔وہ بڑے مذاق کے موڈ میں بولا تھا۔۔

آپ کی عزت لوٹنے کاارادہ ہے آج میر اوہ بھی مذاق سے بولتے تے ہوئے۔۔شرم سے اپنامنہ اسد کے سینے میں چھپاگئی تھی۔۔ہاہاہااسد جاندار قہقہ لگاتے ہوئے ہنساں تھا۔۔اس کا قہقہہ پورے روم میں گونج اٹھا تھا۔

زہے نصیب اگرآپ میری عزت لوٹیں گی تومیرے لیے یہ بہت بڑااعزاز ہوگا مگرمیری جان عزت آپ نے خاک لوٹنی ہے۔۔آپ سے تومیری طرف دیکھ کر یہ بات بولی تک نہیں گئی۔۔۔۔

عزت لوٹنے کے لیے یوشرماکر جس کی عزت لوٹنی ہواس کے سینے میں سر نہیں چھپایاجاتاخانم۔۔۔آپ میر امذاق اڑارہے ہیں خان۔۔۔نہیں خان کی جان آپ کوٹرک بتارہاہوں کہ عزت کیسے لوٹی جاتی ہے۔۔۔۔آپ رہنے دیں مجھے آپ کی کسی بھی بے شرمی والی ٹرک کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔وہ شرماتے ہوئے بولی۔۔

میری نازک سی خانم یہ آپ کے بس کی بات نہیں ہے کہ آپ میری عزت لوٹ سکیں یا اپنے خان کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر محبت کی باتیں کر سکے

۔۔

میرے خیال سے یہ کام آپ مجھے ہی سونپ دیں تو زیادہ بہتر ہو گا میری خانم میری باہوں میں اسی طرح سے شرماتے ہوئے ہی اچھی لگتی ہے اور آپ پر بے باکی سے محبتیں نچھاور کرنے کے لیے میں ہوں نا۔۔

وہ اسد کی باہوں کے کسے ہوئے دائرے میں شرما رہی تھی۔اسد یوہی اس پر اپنی محبت کی بارش کرتے ہوئے اپنا پیار جتا رہا تھا۔۔زندگی کا حسین سفر یونہی کٹتا جا رہا تھا اور اس سفر میں آج اسد اور مسکان کی ایک اور خوبصورت رات اپنے اختتام کو پہنچ گئی تھی۔

دل اٹھ جاؤ اور اٹھ کر بے بی کو سنبھالو جس شوق کے ساتھ آپ نے کیئر ٹیکر کی چھٹی کر دی ہے اب میڈم ذرا اٹھ کر اپنے بیٹے کی دیکھ بھال بھی کر لیا کرو۔ دل گدھے گھوڑے بیچ کر آرام سے سو رہی تھی اور اسفند بیچارہ پچھلے تین گھنٹوں سے آفان کو اپنے کاندھے سے لگائے ہوئے روم کے چکر کاٹ رہا تھا۔

دل پلیز یار اٹھ جاؤ مجھے صبح آفس بھی جانا ہے۔ اسفند مجھے نہیں پتہ مجھے بہت نیند آ رہی ہے آپ خود ہی آفان کو سلا دیں روز ہی تو سلا دیتے ہیں آج ایسا کیا ہو گیا ہے۔

دل کی نیند کے مارے بڑی مشکل سے آواز نکل رہی تھی دل یار صبح میری میٹنگ ہے اور مجھے اپنے ایک خاص پروجیکٹ کے لیے سٹی سے باہر جانا ہے اس لیے پلیز اٹھ کر آفان کو سنبھال لو۔

آپ نے سٹی سے باہر کیا لینے جانا ہے دل بیڈ پر اٹھ کر بیٹھ گئی تھی۔دل کی بچی پچھلے تین گھنٹوں سے میں آپ کو جگا رہا ہوں مگر مجال ہے جو آپ اٹھی ہو۔ اور یہ میرے سٹی سے باہر جانے والی بات پر آپ کی نیند ایک سے پہلے کھل گئی ہے۔۔۔

ڈرامے باز سدھر جاؤ کیئر ٹیکر کو آپ نے چھٹی دے دی ہے۔اب آپ ساری رات مجھ سے آفان کی ڈیوٹی لیتی ہیں۔۔اور صبح آفس میں مجھے کام کرنے میں بہت پرابلم ہوتی ہے۔۔۔

ہم دونوں کا فرض ہے کہ ہم دونوں مل کر آفان کی پرورش کریں اس لیے آپ روز یہ احسان مت جتایا کریں۔۔دل منہ بسورتے ہوئے بولی۔جی جی میڈم صاحبہ مجھے پتہ ہے کہ ہم دونوں کا یہ فرض بنتا ہے کہ ہم مل کر آفان کی پرورش کریں۔

مگر میری جان یہ آپ پر بھی لاگو ہوتا ہے آپ یہ جو گدھے اور گھوڑے بیچ کر جو اچھا خاصا منافہ اپنی جیب میں ڈال کر سوئی رہتی ہیں۔اور پوری رات عفان کو میں سنبھالتا ہوں آپ بھی اٹھ کر اپنا فرض نبھایا کریں۔۔

وہ ہنستے ہوئے بول کر آفان کو دل کو تھماتے ہوئے۔خود بھی اپنا سر دل کی گود میں رکھتے ہوئے لیٹ گیا تھا۔دل آفان کو اپنے کاندھے سے لگا کر اس کی کمر کو تھپتھپاتے ہوئے سلانے کی کوشش کرنے لگی تھی۔۔

اسفند اب میں آفان سلاؤں یا آپ کو دل اسفند کو اپنی گود میں سر رکھ کر لیٹا ہوا دیکھ کر مذاق کر رہی تھی۔۔

میری جان آپ آفان کو سلاؤں میرا ابھی سونے کا کوئی موڈ نہیں ہے آپ اپنے بیٹے کو سلائیں اور ذرا میری دسترت میں آنے کے لیے تیار ہو۔اسفند مجھے بہت نیند آ رہی ہے پلیز آج آپ مجھے تنگ نہیں کریں گے۔۔۔

دل چپ چاپ آفان کو سلاؤ باقی کی بات بعد میں ہو گی۔۔آپ کو تو روز ہی نیند آ رہی ہوتی ہے اس میں کوئی انوکھی بات ہے تو مجھے وہ بتاؤ۔۔

ہاں تو آپ کون سا میری نیند کا احساس کر کے مجھے سونے دیتے ہیں۔۔جب تک آپ مجھے ہلکان نہ کریں آپ کو سکون کہاں ملتا ہے۔۔دن کو بیٹا سکون لینے نہیں دیتا۔۔اور رات کو باپ سکون لینے نہیں دیتا۔

دونوں کے دونوں ہی میری نیند کے دشمن بنے رہتے ہو۔دل نے شکوہ کرتی ہوئی نظروں سے اسفند کو دیکھ کر کہا تھا۔۔۔

دل بچاری کہہ تو سچ رہی تھی اسفند اسے نیند پوری کہا کرنے دیتا تھا۔۔ کبھی آفان اٹھ کر رونے لگتا تھا۔اور آفان سو جاتا تو آفان کے پاپا صاحب کو اپنی بیوی کی یاد ستانے لگتی تھی اب تو دل بیچاری کا یہ عالم ہو گیا تھا کہ دن کو بھی آفان کے ساتھ سارا دن بزی رہتی تھی۔

آفان بہت شرارتی بچہ تھا مجال ہے جو اس کو نیند آتی ہو۔۔دل اکثر غصے سے کہتی تھی بالکل اپنے باپ پر گئے ہو۔۔دل اس بات پر اسفند کھلکھلا کر ہنستا تھا۔۔

دل کو جب زیادہ غصہ آتا تھا تو دل کہا کرتی تھی نہ تمہارے باپ سے میرا سکون برداشت ہوتا ہے اور نہ تم سے باپ بیٹا ایک سے بڑھ کر ایک ہو۔۔

اور اسفند مسکراتا ہوا کہا کرتا تھا کہ میری جان ہم دونوں باپ بیٹا آپ پر اس قدر فدا ہیں کہ ہم آپ کے بنا رہ نہیں سکتے۔۔یہ تو ہمارا پیار ہے کہ ہم آپ کو سونے نہیں دیتے غصہ مت کیا کرو۔میری جان۔

۔اسفند۔۔ ہمم۔۔آپ سٹی سے باہر کیوں جارہے ہیں اور واپس کب آئیں گے۔ضروری کام ہے دو دن بعد آجاؤں گا۔۔

مگر مجھے اکیلے میں ڈر لگتا ہے۔۔۔میں گھر میں اکیلی کیسے رہوں گی۔۔پریشان مت ہو آپ کو اسد کی طرف چھوڑ دوں گا۔۔ مگر مجھے تو آپ کے بنا وہ کہتے ہوئے چپ ہو گئی تھی۔۔۔۔ فقرہ پورا کر و دل آپ کو میرے بنا کیا۔۔وہ دل گود میں سر رکھے ہوئے آنکھوں کو بند کر کے ہی بول رہا تھا۔۔دل کہو کیا کہہ رہی تھی۔۔۔

کچھ خاص نہیں۔۔۔آپ کو میرے بنا نیند نہیں آتی یہی کہنا چاہتی ہو۔۔۔جب آپ کو میرے دل کی ہر بات کا پتہ ہوتا ہے تو پھر کیا میری حالت کے مزے لینے کے لیے آپ مجھ سے سوال کرتے ہیں۔

نہیں کنجوس لڑکی آپ کے منہ سے اپنی اہمیت کو سن کر میرے دل کو مجھے سکون ملتا ہے اس لیے پوچھتا ہوں۔۔جو سکون آپ آدھی ادھوری بات کو چھوڑ کر مجھے لینے ہی کہا دیتی ہیں۔

آفان سو گیا ہے۔دل اس نواب کو اس کے بستر پر لیٹا کر آؤ۔اور آکر بیوی ہونے کا فرض نبھاؤ وہ ہنستے ہوئے کہہ رہا تھا۔۔۔

ہاں بس اب میری زندگی میں اور کوئی انجوائے منٹ نہیں سوائے اس کے کہ کبھی ماں کا فرض نبھاؤں اور کبھی بیوی کا۔۔آپ باپ بیٹے پر بھی کوئی فرض لاگو ہوتا ہے یا نہیں۔۔وہ آفان کو اس کے بستر پر سلاتے ہوئے آہستہ آہستہ بول رہی تھی کیونکہ تیز بولنے سے آفان نے پھر اٹھ جانا تھا اور پھر تین گھنٹے پکے تھے اس کو سلانے کے لیے۔۔

میری جان آپ کے بیٹے کا تو پتہ نہیں مگر مجھ پر جو فرض لاگو ہوتا ہے اس کو تو میں ہر دن اور ہر رات بڑے اچھی طرح سے ادا کرتا ہوں۔۔

اس لیے میری جان آپ مجھ پر تو شکوہ نہیں کر سکتی وہ نیچے جھک کر دل کو اپنی گود میں اٹھ کر بیڈ کی طرف لا رہا تھا۔دل نے اپنی دونوں بازو اسفند کے گلے میں ڈالے ہوئے تھے۔۔

وہ دل کو بیڈ پر لیٹ کر اپنی شرٹ کے بٹن کھول کر شرٹ کو صوفے پر اچھالتے ہوئے دل کے مخملی ہونٹوں پر جھک گیا تھا۔۔وہ دل کے گلاب کی پنکھڑیوں جیسے نازک لبوں سے نمی کو چوستے ہوئے مدہوش ہوتے جا رہا تھا

۔۔۔۔

دل نے زبردستی اس سے پیچھے کیا تھا کیونکہ جب سے دل ڈلیوری ہوئی تھی سیزر کے بعد دل کو سانس کا پرابلم رہنے لگا تھا۔۔جب اسفند دیر تک اس کی سانسوں کو اپنی سانسوں میں ڈلنے کی کوشش کرتا تھا۔تو دل کی سانس اکھڑنے لگتی تھی۔۔

حالانکہ یہ بات اسفند کو اچھی طرح سے پتہ تھی اور وہ کوشش بھی کرتا تھا کہ دل کو کسی تکلیف کا سامنا نہ کرنا پڑے۔۔مگر بیچارے کا اپنے اوپر بس نہیں رہتا تھا۔۔جب وہ دل کے ہونٹوں پر جھکتا تو یہ بات بھول جاتا تھا۔ہر بار دل اسی طرح اس سے زبردستی ہی پیچھے کرتی تھی۔۔

اسفند۔۔ہمم۔۔آپ کو مجھ پر ترس نہیں آتا ہر بار آپ کو یاد کیوں دلانا پڑتا ہے کہ اس طرح سے میرا سانس رکنے لگ جاتا ہے۔دل ہر بار کی طرح اسفند

پر چلائی تھی۔۔سوری آئیندہ پوری کوشش کروں گا کہ مجھے یادرہے وہ کہتے ہوئے پھر سے دل کی گردن میں منہ چھپانے لگا تھا۔۔۔

یہ سوری آپ مجھے ہر بار بولتے ہیں اور ہر بار ہی آپ بھول جاتے ہیں۔۔دل اپنے منہ میں بڑھار ہی تھی مگر اسفند اپنے کام میں مصروف تھا۔

جیسے وہ سن ہی نہ رہا ہو آخر دل بیچاری خود کو اس کے حوالے کرتی ہوئی چپ چاپ اس کی شدتوں کو برداشت کرتے ہوئے اس کی باہوں میں لیٹی ہوئی تھی۔۔۔

زندگی یوں ہی ہنستے کھیلتے گزرتی جارہی تھی ہر طرف خوشیاں ہی خوشیاں تھی غم کے سائے کہی پر بھی نہیں تھے۔۔

oooooooo

پلیز سر مجھے مار نامت میں نے سب کچھ مجبوری میں کیا تھا میں آپ کے ساتھ غداری کرنے کے بارے میں کبھی سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔۔ سر مجھے صفدر اور شمس نے زبردستی اپنے ساتھ ملوث کیا تھا۔۔۔اور تم دودھ پیتے بچے تھے ناکہ تم اس کی باتوں میں آ گئے تمہیں کیا لگا کہ ہم تجھ تک پہنچ نہیں سکیں گے ٹائیگر امجد کی گردن کو دبوچے ہوئے دیوار سے لگا کر کھڑا ہوا تھا۔۔

سر مجھے معاف کر دیں مجھ سے غلطی ہو گئی۔۔وہ ہاتھ جوڑ رہا تھا ٹائیگر کے سامنے۔۔شٹ اپ کتے تجھے کیا لگتا ہے کہ تیرے ہاتھ جوڑنے سے ٹائیگر تجھے معاف کر دے گا تیری وجہ سے ہمارے سیکرٹ لیک ہوئے تیری وجہ سے میری بیوی کی جان کو خطرہ لاحق ہوا۔۔

اور تو چاہتا ہے کہ میں اتنی آسانی سے تجھے معاف کر دوٹائیگر اتنی زور سے دھاڑا کے ٹارچر روم کی دیواریں ہل گئی تھی۔۔ سر میں کیسے بتاؤں میں مجبور تھا امجد روتے ہوئے بولا۔۔ کیا مجبوری تھی تیری بول۔ چل تجھے ایک چانس دیا کہ تونے اتنے سال ہماری ٹیم میں رہ کر بہت اچھی طرح کام کیا چلو اس کے صدقے تجھے چانس دیتے ہیں۔ بتا تیری مجبوری کیا تھی اگر ہمیں لگا کہ تو سچ میں مجبور ہے تو کر دیں گے تجھے معاف۔۔۔

سر صفدر نے میری بیٹی کو اغوا کر لیا تھا اور مجھے دھمکی دی تھی کہ اگر میں آپ لوگوں کے سیکرٹ لیک نہیں کروں گا تو وہ لوگ میری بیٹی کو مار دیں گے بس سر میں مجبور ہو گیا تھا میں کیسے اپنی اکلوتی بیٹی کو مرنے دیتا امجد بتاتے ہوئے پھوٹ پھوٹ کر رونے لگا تھا۔۔۔

مگر صفدر اور شمس کا تو ہم لوگ کام تمام کر چکے ہیں۔ تو پھر اب تمہیں کس کا ڈر تھا اگر تو سچا تھا تو میرے پاس آکر اپنی غلطی کی معافی مانگ سکتا تھا۔۔

سر مجھے میری بیٹی ملی ہی نہیں تو میں کیا واپس آکر آپ سے معافی مانگتا اور کس منہ سے واپس آتا میں تو اتنا بد نصیب ہوں کہ نہ مجھے میری بیٹی ملی اور نہ میرے محسن آپ کی نظروں سے گر کر میں زندہ ہوتے ہوئے بھی خود کو مردہ ہی محسوس کرتا ہوں۔

امجد کا سچ اس کی آنکھوں میں نظر آرہا تھا۔ ٹائیگر کی تیز نظریں امجد کے سچ کو دیکھ رہی تھی آخر اتنے سال امجد نے اس ٹیم کا حصہ بن کر ان کے ساتھ کام کرتا رہا تھا۔ اسی لیے اس کے چہرے سے سچ اور جھوٹ کا پتہ لگانا ٹائیگر کے لیے کچھ زیادہ مشکل نہیں تھا۔۔۔

اس لیے امجد کی بات پر ٹائیگر پیچھے ہٹ کر اپنے مغرورانہ انداز کے ساتھ صوفے پر ٹانک پہ ٹانگ رکھے ہوئے بیٹھ گیا تھا۔۔۔بولو اسد خان کیا کرنا ہے اس کا۔۔۔اپنی رائے دو۔ٹائیگر کا ایٹیٹیوڈ والا چہرہ اور انداز دونوں ہی اس پر نچ رہے تھے۔۔۔اس وقت ٹائیگر اپنے فل فام میں بیٹھا ہوا تھا اس کے آس پاس کہیں بھی اسفند شہریار نظر نہیں آرہا تھا۔۔

میرے خیال سے ٹائیگر اس کو ایک موقع دینا چاہیے مجھے لگتا ہے کہ یہ سچ بول رہا ہے اسد دیوار کے ساتھ اپنی کمر پر ہاتھ باندھے ہوے پر اعتماد لہجے سے بولا تھا۔۔

ہمم۔۔تو ٹھیک ہے امجد تمہاری بیٹی دنیا کے جس کونے میں بھی ہو گی اسے ہم ڈھونڈ لیں گے فلحال آج کے لیے ہم تمہیں صرف تسلی دے سکتے ہیں۔

اور ویلکم بیک اگر تم چاہو تو ٹیم کا حصہ دوبارہ سے بن سکتے ہو ٹائیگر نے اپنا ایک ہاتھ صوفے کی سائیڈ پر رکھا ہوا تھا دوسرا صوفے کی پشت پر۔اور انداز ایسا تھا کہ دیکھنے والے کے دل میں اتر جائے۔۔

میری خوش قسمتی ہو گی کہ آپ پھر سے مجھے اپنی ٹیم کا حصہ بننے کا موقع دے رہے ہیں امجد آکر ٹائیگر کے پیروں میں بیٹھ کر روتے ہوئے بولا۔

کھڑے ہو جاؤ اور آنسوں صاف کر کے بہادری کے ساتھ اس وقت کو فیس کرو وعدہ ہے میرا کہ بہت جلد تمہاری بیٹی تمہارے پاس ہو گی۔۔اور آج

میرے اور اسد کی طرف سے جیک کی دعوت ہے تو میں چاہتا ہوں کہ تم آج چیک کی دعوت بہت اچھے سے اپنے ہاتھوں سے بناؤ۔۔

جیک ٹائیگر کے کتے کا نام تھا جو ایک بہت ہی اعلی نسل کا شکاری کتا تھا۔۔جو انسانی گوشت بڑے شوق سے کھاتا تھا۔۔ٹائیگر جو بھی شکار ٹارچر روم میں شکار کرتا تھا۔۔

اس کے ہمیشہ امجد ہی صاف ستھرے پیسس بنا کر ٹائیگر کے سامنے پیش کرتا تھا۔۔دل آنکھیں اور خاص جسم کے حصے تو ہاسپٹل میں ڈونیٹ کر دیے جاتے تھے۔۔مگر باقی کے گوشت کو امجد بڑی صفائی کے ساتھ کسی ماہر کسائی کی طرح جیک کے لیے صاف کرتا تھا۔۔۔

اور آج بھی امجد کو ٹائیگر وہی کام کرنے کا بول رہا تھا کیونکہ ساتھ والے ٹارچر روم میں ٹائیگر اور اسد نے انابیہ کے مجرموں کو قید کر رکھا تھا اور انہی کے ٹکڑے کر کے وہ جیک کے آگے ڈالنے والا تھا۔۔۔

اسد اور اسفند ساتھ والے ٹارچر روم میں گئے اور انہیں دس منٹ بھی نہیں لگے تھے ان چاروں مجرموں کا کام تمام کرتے ہوئے۔۔ جنہوں نے انابیہ کی زندگی تباہ کی تھی وہ کسی گینگ کا حصہ تو نہیں تھے۔۔

بلکہ بر گیڈیئر صاحب کے خاص دشمن نے ان سڑک چھاپ گنڈوں کو پیسے دے کر ان سے انابیہ کی زندگی برباد کروائی تھی۔۔ بر گیڈیر صاحب اپنے اس دشمن کو پہلے ہی صلاح کے پیچھے کر چکے تھے۔

اب اس کی پوری زندگی ان صلاحوں کے پیچھے ہی کٹنی تھی۔ موت سے بھی بدتر زندگی ملنے والی تھی اس کو۔۔۔ان چاروں کے چیتھڑے اڑا کر اسفند اور اسد اپنے خون سے لتے ہوئے ہاتھوں کو صاف کرتے ہوئے ٹارچر روم سے باہر آئے تھے۔

ٹارچر روم میں اتنی چیخیں تھیں کہ پورا ٹارچر روم گونج رہا تھا۔ مگر باہر ایک بھی آواز نہیں آئی تھی کیونکہ ٹارچر روم ساؤنڈ پروف تھا۔

ٹارچر روم کے باہر کھڑے ہوئے امجد نے سر جھکاتے ہوئے اپنی آنکھوں کو چپکایا تھا۔ اسے پتہ تھا کہ اب آگے اسے کیا کرنا ہے۔ اسد اور اسفند اپنے ایٹیٹیوڈ والی چال کو چلتے ہوئے لفٹ میں بیٹھ کر اوپر اپنے آفس میں چلے گئے تھے۔۔

جبکہ امجد ٹارچر روم کے اندر جا کر جیک کے لیے ایک بہترین دعوت کا انتظام کر رہا تھا۔ وہ چیک کے لیے فریزر کے اندر باقی کا انجر پنجر سیو کر دیتا تھا جتنا جیک کھا سکتا تھا صرف اتنا ہی اسے کھلایا جاتا تھا۔

جیک کے لیے ایک خاص فریزر رکھا گیا تھا جس کے اندر جیک کا کھانا ہر وقت سیف ہوتا تھا اور یہ کام صرف امجد ہی اچھے طریقے سے کرتا تھا۔۔

ooooooooo

(پانچ سال کے بعد) افغان پلیز کھانا کھالو بیٹا مما کو اس طرح سے تنگ نہیں کرتے دل کب سے آفان کے پیچھے بھاگ رہی تھی کھانا لے کر مگر آفان دل کو پورے گھر میں گھما رہا تھا۔۔ دل رونے والی شکل بنا کر تھک کر صوفے پر بیٹھ گئی تھی۔

تب ہی دروازہ کھول کر اسفند گھر کے اندر داخل ہوا تھا بھاگتا ہوا پانچ سال کا آفان اسفند کی ٹانگوں سے لپٹ گیا تھا۔۔۔اومائی بیٹا کیوں بھاگ رہے ہو اینچے بیٹھ کر اپنے بیٹے کی گالوں پر پیار کر رہا تھا۔۔

پاپا مما مجھے زبردستی کھانا کھلا رہی ہیں وہ اپنی توتلی سی آواز میں بول کر اپنا دکھ سنا رہا تھا۔ ہمم تو اس کا مطلب ہے کہ میرے بیٹے کو اس کی ماما پریشان کر رہی ہیں۔۔ چلیں جی میں ابھی پوچھتا ہوں آپ کی ماما سے وہ کیوں میرے بیٹے کو تنگ کر رہی ہیں اسفند آفان کو اپنی گود میں اٹھا کر دل کے پاس لے کر آگیا تھا۔

اور اپنی روز والے انداز سے دل کے پاس بیٹھ کر اس کے ماتھے کو چومتے ہوئے اس کے بیزاری والے چہرے کو دیکھ کر ہنسا تھا۔۔۔ہاں بھئی کیوں

آپ میرے بیٹے کو پریشان کر رہی ہیں اور کیوں زبردستی اس کو کھانا کھلانے کی کوشش کرتی ہیں آپ اسفند نے مصنوعی غصہ دکھاتے ہوئے کہا تھا۔۔

میں آپ کے بیٹے کو تگ نہیں کرتی آپ کا یہ بیٹا مجھے تنگ کرتا ہے۔پورا دن اس کے پیچھے پلیٹ لے کر مجھے بھاگنا پڑتا ہے۔۔تب کہیں جا کر یہ دو نوالے اپنے منہ میں لیتا ہے۔۔ مما جھوٹ بول رہی ہے مجھے جتنی بھوک ہوتی ہے میں کھاتا ہوں وہ اپنی توتلی سی آواز میں دل کی بات کو جھوٹ تھا ثابت کر رہا تھا۔۔

بری بات ہے آفان مما کو کبھی بھی جھوٹا نہیں بولتے۔اسفند کے کہنے پر آفان نے اپنی نظریں نیچے کر لی تھی۔۔کیونکہ اسفند اور دل اپنے بیٹے کی بہت اچھی پرورش کر رہے تھے۔۔

ی صحیح اور غلط کا فرق ابھی سے وہ اسے سمجھا رہے تھے۔۔تاکہ وہ آگے چل کر ایک اچھا انسان بن سکے۔۔اس لیے آفان نے فورن سے کان پکڑتے ہوئے اسفند کے کہنے پر اپنی مما سے سوری کر لی تھی۔۔ماما سوری۔ماما کی جان آپ کو سوری بولنے کی ضرورت نہیں ہے۔

بیٹا اگر آپ کھائیں گے نہیں تو آپ صحت منداور بڑے کیسے ہونگے۔آپ کو پاپا کے جیسی بننا ہے نا آفان نے ہاں میں سر کو ہلایا تھا۔۔آفان کو ہمیشہ اپنے پاپا کے جیسا ہی بننا تھا۔۔اسفند اپنے بیٹے کے لیے ایک رول ماڈل تھا۔۔

آفان اکثر اپنی توتلی سی زبان میں کہتا تھا کہ مجھے بڑا ہو کر اپنے پاپا کے جیسے بننا ہے۔۔میرے پیارے بیٹے کو جب اپنے پاپا کے جیسا بننا ہے تو۔تو پھر اس کے لیے تو آپ کو اچھی ڈائٹ بھی لینا پڑے گی۔

اب آپ جلدی سے ٹیبل پر چلے میں کھانا لگواتی ہوں اور پھر ہم پاپا کے ساتھ بیٹھ کر مل کر کھائیں گے آفان ہاں میں سر کو ہلاتے ہوئے ٹیبل پر پہنچ گیا تھا۔۔۔

اسفند دل کے کاندھے سے بازو گزار کر دل کو اپنے ساتھ لگاتے ہوئے۔۔۔ کیسا رہا آج کا دن اسفند دل سے آج کے دن کی روٹین پوچھ رہا تھا۔۔ دل نے ٹھنڈی آہ بھر کے مسکرا کر اسفند کی طرف دیکھا تھا۔

آپ نے آتے ہی دیکھ تو لیا ہے کہ آپ کا بیٹا مجھے کتنا ٹارچر کرتا ہے۔ باپ تو باپ ہے بیٹا اس سے بھی چار ہاتھ آگے ہے ویسے دل آپ مجھ پر تو غلط الزام لگاتی ہیں۔

باپ تو پہلے دن سے لے کر اب تک آپ پر فدا ہو کر صرف آپ کے نخرے ہی اٹھاتا ہے وہ الگ بات ہے کہ میرا بیٹا آپ سے اپنے نخرے اٹھواتا ہے وہ ہنستے ہوئے بولا۔۔تو اس کے گالوں کے ڈمپلز گہرے ہوئے تھے۔۔دل نے ہاتھ بڑھا کر بڑی محبت سے اسفند کی گال کو چھوا تھا اب دل پہلے کی نسبت تھوڑا کم شرماتی تھی۔۔۔

رومینس کا موڈ ہے تو روم میں چلے۔۔اسفند آپ کو اس کے سوا اور کچھ بھی سوجھتا ہے دل ہنستے ہوئے بولی سات سال ہو گئے ہیں ہماری شادی کو مگر آپ کو دیکھ کر ایسا لگتا ہے کہ ابھی کل ہی ہمارا ولیمہ ہو۔۔

ہاں تو سات سال ہونے سے کیا بندے کے اندر سے رومینس ختم ہو جاتا ہے اور میری جان آپ کو دیکھ کر تو مجھے ایسے ہی لگتا ہے کہ جیسے ابھی ابھی آپ نہیں میری زندگی میں قدم رکھا ہو۔

اسفند شہریار ہماری شادی کو سات سال ہو گئے ہیں اور ہمارا پانچ سال کا بیٹا ہے اپنے جذبات پر کنٹرول رکھا کریں وہ اسفند کے سینے پر ہاتھ رکھتے ہوئے ہنستے ہوئے بول رہی تھی۔۔

کھانا کھانے کے بعد آفان کو سلا کر روز کی روٹین کے مطابق۔۔دل اسفند کے پاپا کو روم میں چائے دینے گئی تھی۔چائے لے کر انہوں نے ہمیشہ کی طرح دل کو بہت ساری دعائیں دی۔۔۔

اب دل اپنے اور اسفند کے لیے چائے ڈش میں رکھ کر روم میں لے کر آئی تھی اب دل پہلے سے بہت مجور ہو گئی تھی۔دل اب پہلے کی طرح بچوں کے جیسی حرکتیں نہیں کرتی تھی۔اور جب سے وہ پاکستان شفٹ ہوئے تھے دل اسفند کے پاپا کا بہت خیال رکھتی تھی۔۔۔

اسفند کے پاپا اور دل میں ایک باپ اور بیٹی والا رشتہ کا بن گیا تھا۔۔شہریار صاحب بالکل دل کو مسکان کی طرح ہی پیار کرتے تھے۔۔اور دل کو بھی جو باپ والی محبت زندگی میں نہیں مل پائی تھی وہ شہریار صاحب کو کی صورت میں دل کو بھی مل گئی تھی۔۔

دل اب خود کو مطمئن اور مکمل محسوس کرتی تھی زندگی میں اسے سب کچھ تو مل گیا تھا ایک شفقت بھرا ہاتھ رکھنے والا باپ شہریار صاحب کی روپ میں اسے ملا۔۔اسد میر خان جیسا بھائی خدا نے اسے دیا۔

مسکان کی صورت میں سے ایک سہیلی بہن بھابھی سب کچھ تو بن گئی تھی وہ اس کی۔اور اسفند کی صورت میں اسے جان لٹانے والا محبت کرنے والا مان دینے والا ہمسفر ملا۔۔اور خدا نے اسے آفان کی صورت میں خوبصورت اور پیاری اولاد سے نوازا تھا دل خود کو بہت خود کو خوش قسمت اور مکمل سمجھتی تھی۔۔۔۔

اسفند دل کو خوش اور مطمئن دیکھ کر بہت خوش ہوتا تھا۔۔۔اسفند لیپ ٹاپ پر بیٹھا ہوا اپنا نیا پروجیکٹ بنا رہا تھا۔۔اسفند آجائیں چائے پی لیں۔دل اسفند کو بیڈ پر بلا رہی تھی۔کیونکہ رات کی چائے وہ اپنے بیڈ پر بیٹھ کر ہی دونوں پیتے تھے۔

اسفند اپنے لیپ ٹاپ کو بند کرتے ہوئے دل کے پاس بیڈ پر آ کر بیٹھ گیا تھا اور بیڈ گراؤنڈ سے ٹیک لگا کر اسفند نے اپنا بازو آگے کیا تھا۔ کیونکہ دل روز اسی طرح سے اسفند کے کاندھے سے سر لگائے ہوئے بیٹھ کر آرام سے چائے پیتی تھی۔

اور پورے دن کا کی تھکن اتارتی تھی یہ ان کا بہترین اور خوبصورت ٹائم ہوتا تھا خود اپنے لیے۔۔اسفند۔۔۔ہمم۔۔آپ کو نہیں لگتا کہ ہمیں ایک اور بے بی پلان کرنا چاہیے آفان پانچ سال کا ہو گیا ہے۔۔۔

دل میرے خیال سے ہم اس موضوع پر بہت بار بحث کر چکے ہیں اور میرا جواب اب بھی وہی ہے کہ دل ہماری فیملی مکمل ہے آپ ہو میں ہوں اور

ہمارا پیارا سا بیٹا آفان ہے ہم آگے بے بی پلین نہیں کریں گے۔۔اسفند نے دل کو وہی ہمیشہ والا جواب دیا تھا۔۔اسفند اپنے ارادوں کا بہت پکا تھا۔۔

عفان کے وقت جب دل کی ڈلیوری ہوئی تھی تو دل کو بہت زیادہ کمپلیکیشنز کا سامنا کرنا پڑا تھا۔اور دل زندگی اور موت کی جنگ لڑ کر واپس اسفند کی زندگی میں آئی تھی۔۔اسفند نے اسی دن ارادہ کر لیا تھا۔کہ اللہ تعالی دل اور بچے کو صحت اور تندرستی والی زندگی دے اس کے بعد وہ آگے اولاد نہیں چاہتا۔۔کیونکہ اسے دل کی جان کو خطرے میں ڈالنا منظور نہیں تھا۔۔

اس لیے دل بیچاری ہر دو تین مہینے کے بعد اسفند کے ساتھ بحث کرتی کبھی پیار سے سمجھاتی کبھی جھگڑا کرتی تھی کہ ہمیں بے بی پلان کرنا چاہیے مگر اسفند اپنی بات سے ڈس سے مس بھی نہیں ہوتا تھا۔۔

دل موڈ خراب کرنے والی کوئی بات نہیں ہے آپ ہمیشہ ہی خود سے اس موضوع کو چھیڑتی ہیں اور پھر خود ہی اپنا موڈ خراب کر کے سو جاتی ہے۔

پلیز دل اس بات کے سوا آپ جو بھی کہیں میں آپ کی ہر بات ماننے کو تیار ہوں بس اس بات کو اب دوبارہ کبھی مت دہرائے گا آپ کو میری قسم۔۔۔ وہ دل کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر اسے اپنے ساتھ لگا کر بولا۔۔۔ نہیں کہوں گی آپ نے کون سی میری بات مان لینی ہے۔۔

دل اس بات پر آپ کی سوئی کیوں اڑ جاتی ہیں۔اس کے سوا آپ میری جان بھی مانگیں تو حاضر ہے آپ کے لیے۔۔۔ مگر دل میں آپ کی ضد کے آگے اپٹ کی جان کو خطرے میں نہیں ڈال سکتا۔۔اسفند میں دنیا کی پہلی عورت تھوڑی ہوں جو دوسرا بے بی پیدا کروں گی۔۔

دل پلیز اس مدے پر بحث نہیں ہو گی اسفند نے فیصلہ کن انداز سے کہا کہ دل چپ ہو گئی تھی۔۔دل جب آپ زندگی اور موت کی جنگ لڑ رہی تھی آپ کو کیا پتہ کہ میں کتنی اذیت سے گزرا ہوں۔اٹپ کو کھو دینے کا ڈر کس قدر اذیت ناک تھا یہ تو میں لفظوں میں بیان بھی نہیں کر سکتا ہوں۔

دکھ آوے سکھ آوے دل کہندا

یار دی جدائی آوے نا

نئ جینا یار بنا جینا۔ نا جی نا۔

وہ دل کو اپنے ساتھ لگائے ہوئے بڑی محبت کے ساتھ سونگ کو شاعری کے انداز میں بولا تھا۔ دل کو اسفند کی محبت پر تو کوئی شک نہیں تھا۔ اس لیے غصہ چھوڑ کر اسفند کی کمر میں ہاتھ ڈالتے ہوئے اس کے سینے سے لگ گئی تھی۔۔

زندگی کا سفر بہت ہی ہنسی خوشی گزر رہا تھا زندگی میں صرف خوشیاں خوشیاں تھی اور غم کہیں بھی نہیں۔۔

پاپا پاپا مجھے بھائی مار رہا ہے ارحم کب سے عینہ کے بالوں کو پکڑے ہوئے کھینچ رہا تھا۔ اور وہ چیخے مارتی ہوئی رو رو کر اسد کو پکار رہی تھی۔۔ ارحم کتنی بار منع کیا ہے چھوڑو بہن کے بالوں کو بری بات ہے۔

بھائی ہمیشہ اپنی بہنوں کو پیار کرتے ہیں اور ان کی کیئر کرتے ہیں بھائیوں کے ہاتھ ہمیشہ بہنوں کی حفاظت کرنے کے لیے اٹھنے چاہیے نہ کہ بہنوں کو مارنے کے لیے اسد نے ارہم کو ڈانٹ کر کہا۔ تو ارحم نے ڈرتے ہوئے اینا کے بالوں کو چھوڑ دیا تھا اور خود رونے لگا۔۔

وہ ماما ماما کرتے ہوئے کچن میں بچوں کا ناشتہ مریم کے ساتھ ریڈی کرواتی ہوئی مسکان کی ٹانگوں سے جا کر لپٹ گیا تھا۔ ارحم میرا بیٹا کیا ہوا ہے۔ میرا بیٹا کیوں رو رہا ہے۔۔ مسکان نے تڑپ کر ارحم کو نیچے بیٹھ کر اپنے گلے سے لگا لیا۔ ارحم مسکان کے بہت زیادہ نزدیک تھا۔ مسکان ویسے تو تینوں بچوں سے پیار کرتی تھی مگر ارحم سے اس کا لگاؤ بہت زیادہ تھا۔۔۔

پاپا نے مجھے ڈانٹا ہے۔۔ کیوں ڈانٹا ہے اسد جب بھی ارحم کو ڈانٹتا تھا تو مسکان کو بہت برا لگتا تھا۔ اکثر مسکان ارحم کی وجہ سے اسد کے ساتھ منہ پھولا کر

بیٹھ جاتی تھی۔۔اس کے بعد اسد اپنی پیاری بیوی کو ہمیشہ پیار سے اور منتوں سے منایا کرتا تھا۔

کیونکہ اسد کو پتہ تھا کہ ارحم مسکان کے دل کے بہت زیادہ نزدیک ہے۔اور اس کے کہنے کے مطابق بیٹیاں دو ہیں مگر میرا بیٹا اکلوتا ہے۔اس لیے آپ اسے زیادہ پیار کیا کریں۔جب کہ اسد انا اور عنایہ کو زیادہ توجہ دیتا تھا۔اس کے کہنے کے مطابق ارحم نے تو ہمیشہ ہمارے پاس ہی رہنا ہے مگر بیٹیاں پرائی ہوتی ہیں وہ ایک دن دل کی طرح رخصت ہو جائیں گی اور کبھی کبھار مہمانوں کی طرح ملنے آیا کریں گی۔۔

اسد آج بھی جتنا پیار اپنی بیٹیوں سے کرتا تھا اتنا پیار ہی اپنی بہن دل سے بھی کرتا تھا دل کو کبھی بھی باپ کی کمی محسوس نہیں ہونے دیتا۔۔اسد کی ہر بات میں دل ہمیشہ شامل ہوتی تھی بے شک وہ ایک بہت اچھا بھائی تھا۔

چاہیں اسفند دل کو کسی چیز کی بھی کمی نہیں ہونے دیتا تھا مگر بھر بھی اسد کے گھر سے ہر سپیشل چیز دل کے گھر جاتی تھی۔اسد اور اسفند دونوں پاکستان شفٹ ہو گئے تھے۔اب تو پاکستان میں رہ کر عید جیسے تہواروں کو بھی اسد اور اسفند اپنی بہنوں کے ساتھ بہت ہی رسم ورواج کے ساتھ مناتے تھے اپنی اپنی بہنوں کو عیدی دی جاتی تھی اور ان کو بیسٹ شاپنگ بھی کرواتے تھے۔

چلو میرے ساتھ میں پوچھتی ہوں آپ کے پاپا کو کیوں ڈانٹا ہے انہوں نے میرے بیٹے کو مسکان ارحم کو اپنے ساتھ لیے ہوئے ڈائننگ ٹیبل پر آئی ۔۔جہاں پر عنایہ اینا اور اسد ناشتے کا ویٹ کر رہے تھے اور مریم ان کے سامنے ناشتہ لگا رہی تھی اسد بچوں کو اپنے ساتھ سکول لے کر جاتا تھا اور واپسی

پر بھی خود بچوں کو گھر ڈراپ کرتا کیونکہ وہ بچوں کے حوالے سے بہت زیادہ پوزیسو تھا۔۔۔

اس وقت بھی وہ تیار ہو کر بچوں کے ساتھ ٹیبل پر بیٹھا ہوا تھا بچے بھی سکول کے لیے ریڈی تھے کیونکہ مسکان بچوں کو یونیفارم پہنا کر تیار کرنے کے بعد کچن میں جاتی تھی مریم سے بچوں کا اور اسد کا ناشتہ ریڈی کروانے۔۔۔

آپ نے ارحم کو کیوں ڈانٹا ہے اسد وہ صبح صبح اتنا رو رہا ہے۔۔۔ کیونکہ آپ کا بیٹا کب سے میری بیٹی کے بال کھینچ رہا تھا۔اور میں نے اسے ڈانٹا نہیں ہے اسے سمجھایا ہے۔۔ رو تو یہ فضول میں رہا ہے ڈرامے باز کہی کا۔۔۔ خبردار جو آپ نے میرے بیٹے کو ڈرامے باز کہا تو آپ کی بیٹیاں بھی کچھ کم نہیں ہیں۔مسکان نے فورا اسے اپنے بیٹے کی طرفداری کی تھی۔۔

آپ میرے بیٹے سے سوری بولے۔۔میں کیوں سوری بولوں سوری تو آپ کے بیٹے کو بولنی چاہیے میری بیٹی سے۔۔اسد آپ میرے بیٹے کو سوری بول رہے ہیں۔یا ہم دونوں ناشتے کے لیے اپنا ٹیبل الگ لگا لیں۔۔

کمینے تم نے میری بیوی کو اپنی طرفداری کے لیے رکھا ہوا ہے جب کچھ اور نہیں ملتا تو آجاتے ہو اپنی ماں کو دھمکیاں دینے کے لیے۔۔اسد مصنوعی غصہ دکھاتے ہوئے بولا تھا۔۔

ویسے خانم آپ بھی بے وفا نکلی اپنے بیٹے کی محبت میں بیچارے شوہر کو بھول گئی ہیں۔اسد بیچارہ سا منہ بنا کر بول رہا تھا۔۔خان صاحب آپ بھی بے وفا ہیں کیونکہ آپ بھی اپنی پیاری بیٹیوں کی محبت میں مجھے بھول گئے ہیں۔۔
مسکان نے بھی اینٹ کا جواب پتھر سے دیتے ہوئے کہا۔۔

خانم میں آپ سے اپنی بیٹیوں کے لیے کبھی بھی لڑائی نہیں کرتا۔۔ مگر آپ تو ہر وقت اپنے بیٹے کے لیے سر حد پر کھڑے ہوئے فوجی کی طرح گن تانے کھڑی رہتی ہیں۔۔۔ہاں کیونکہ میرا بیٹا میری طرح معصوم ہے۔اور آپ کی بیٹیاں آپ کی طرح چالاک اس لیے میں اپنے بیٹے کی حفاظت کرتی ہوں آپ تینوں باپ بیٹیوں سے۔۔

ان کی پیار بھری نوک چوک دیکھ کر مریم ٹیبل پر ناشتہ لگاتے ہوئے ہنس رہی تھی۔

مریم آپ بتاؤ کہ میرے بیٹے کے ساتھ ناانصافی ہوتی ہے کہ نہیں۔۔مسکان نے مریم کی گواہی مانگی تھی۔اب مریم بچاری اس بات کا کیا

جواب دیتی وہ ہنس کر چپ کر گئی تھی۔ان کی چھوٹی کی چھوٹی نوک جھوک میں محبت پیار اور خوشیاں دیکھنے والوں کو صاف دکھائی دیتی تھی۔

اسد اکثر جب اپنی خوشحال فیملی کو دیکھتا تو بے ساختہ اللہ کا شکر ادا کرنے کے لیے اس کے ہاتھ اٹھ جاتے تھے۔۔مسکان ایک بہت اچھی ماں تھی مگر اسد اس سے بھی کہیں زیادہ اچھا باپ ثابت ہوا تھا۔

اسد ہر رول میں پرفیکٹ تھا وہ ایک بیسٹ بھائی تھا ایک بیسٹ باپ تھا اور ایک بہت ہی اچھا شوہر تھا جس نے مسکان کی زندگی کو خوشیوں بھرا ہوا تھا۔۔

اس پیار بھری نوک جھوک میں زندگی بہت حسین بن کر گزر رہی تھی۔۔
ارحم اور عنایہ دونوں جڑواں تھے تو ان کی عمر اس وقت چھ سال تھی۔ جبکہ اینا
ان سے ڈیڑھ سال چھوٹی تھی۔

اس کی عمر ساڑھے پانچ سال تھی سب بچے سکول جانے لگے تھے تو مسکان
کی مصروفیات بہت بڑھ گئی تھی اس بھاگتی دوڑتی زندگی میں وہ اپنے لیے
وقت بہت کم نکال پاتی تھی۔ مگر اتنے سالوں میں اگر کچھ نہیں بدلا تھا تو وہ تھا
اسد کا پیار۔ اسد کا پیار دن بدن بڑھتا ہی جا رہا تھا۔۔۔۔۔۔

مسکان نے کبھی اس میں کمی نہیں دیکھی تھی اسد آج بھی اپنے محبت کے
لمحوں میں کٹوتی برداشت نہیں کرتا تھا۔۔ آج بھی مسکان اسے اپنے بیڈ پر
اپنے پہلو میں ہی چاہیے ہوتی تھی۔

مسکان بیچاری بچوں کوان کے روم میں سلانے کے بعد کیئر ٹکر کے حوالے کر کے روم میں آئی تو اسد حسب معمول بیڈ پر لیٹا ہوا مسکان کا انتظار کر رہا تھا وہ موبائل پر کچھ دیکھ رہا تھا تاکہ کیونکہ اسے مسکان کے روم میں آنے سے پہلے نیند نہیں آتی تھی۔

شکر ہے خانم آپ کا روم میں آنے کا دل تو کیا اسد نے موبائل کو سائیڈ پہ رکھتے ہوئے اپنا ہاتھ مسکان کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا۔۔سوری اسد آپ کو اتنا ویٹ کرنا پڑا مگر میں کیا کروں۔آپ کے شرارتی بچے سونے کا نام ہی نہیں لیتے اگر میں ان کو سلا کر نہیں آتی تو پھر وہ کیئر ٹیکرز کے ناک میں دم کر کے رکھتے ہیں۔۔۔

مسکان بیچاری روز ہی ایکسکیوز دیتی رہتی تھی۔خانم میں آپ کی مجبوری سمجھتا ہوں آپ بھی اپنے خان کی مجبوری کو سمجھا کریں۔خان کیا کرے خان کو

اپنی خانم کو اپنے سینے سے لگائے بنا نہیں آتی خانم آپ کی قربت میرے دل کا سکون ہے وہ مسکان کو کو اپنے اوپر جھکاتا ہوا اس کے بالوں میں منہ چھپانے لگا تھا۔

اور اس کے ہاتھ کی سختیاں مسکان اپنی کمر پر محسوس کرنے لگی تھی۔۔خان ۔۔ہمم۔۔۔ہماری شادی کو اتنے اتنے سال ہو گئے اب آپ مجھ پر تھوڑا ترس کھایا کریں سارا دن بچوں کے ساتھ تھکی ہوئی ہوتی ہوں۔۔

مسکان کی نازک سی جان پورا دن بچوں کے ساتھ تھکنے کے بعد رات کو سیج میں اسد خان کو جھیلنے کے قابل نہیں رہتی تھی مگر یہ بات اسد خان کو کون سمجھا سکتا تھا۔۔

مسکان پلیز آپ سے کتنی بار کہا ہے میرے ان لمحوں میں رکاوٹ مت پیدا کیا کریں آپ کو اچھی طرح سے پتہ ہے صرف یہی ایک بات ہے جو مجھ سے آپ کی برداشت نہیں ہوتی۔۔ باکی خان آپ کی ہر بات مان سکتا ہے۔

اس لیے میری قربت کو ہنس کر قبول کیا کریں اور میری شدتوں کو اپنے چہرے پر مسکراہٹ سجا کر سہا کرے وہ مسکان کے چہرے کو اپنے ہاتھوں کے پیالے میں بھرتے ہوئے اس کے لبوں پر جھک گیا تھا ہر روز اسد کی شدتوں میں اضافہ ہی ہوتا تھا۔۔

مسکان اس کی باہوں میں چپ چاپ پڑی ہوئی اس کی محبتوں کی شدتوں کو سہ رہی تھی۔اس نے تکیہ کے دونوں کونوں کو اپنے ہاتھوں کے کونوں میں میں پکڑا ہوا تھا۔۔ کیونکہ مسکان کے پاس اور کوئی چارہ نہیں تھا کیونکہ وہ اسد خان تھا جو صرف اپنے دل کی سنتا تھا۔

ایسے معاملات میں وہ دماغ کی نہیں سنتا تھا۔اسد خان کا دل مسکان کو پیار کر کے کبھی نہ بھرا تھا نہ بھر سکتا تھا۔ہر رات وہ مسکان کو اپنی محبت کی شدتوں سے دوچار کیے رکھتا تھا۔

اور جب کبھی اسد اسے آزادی دے کر کام کے سلسلے میں ایک دو دن کے لیے سٹی سے باہر جاتا تھا یا کنٹری سے باہر جاتا۔تو مسکان کے لیے وہ دن ایسا ہوتا تھا جیسے کوئی آزادی کا دن ہو۔اور وہ جشن کے تور پر خوب اپنی نیندیں پوری کرتی تھی۔

اور یہ الگ بات تھی کہ اسد واپس آکر بیچاری کی جان کو پہلے سے بھی زیادہ ہلکان کرتا تھا۔۔

»°°°°°°°°°«

اسفند پلیز اٹھے آفان کو بہت تیز بخار ہو رہا ہے۔دل کی اچانک سے آنکھ کھلی تو اسے آفان کے کرہانے کی آواز سنائی دی۔افغان دل والی سائیڈ پر سو رہا تھا ۔تو اس لیے دل نے آفان کی آواز بہت جلدی سن لی تھی۔

کیونکہ اسفند جب تک دل کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے اپنے ساتھ لگا کر نہیں سوتا تھا تو اسے نیند نہیں آتی تھی۔اس لیے آفان کو سولانے کے بعد اسفند دل والی سائیڈ پر کر دیتا تھا۔

اس وقت بھی افغان دل والی سائیڈ پر سو رہا تھا اور اسد دل کی کمر میں ہاتھ ڈالی ہوئی گہری نیند سو رہا تھا۔۔دل نے آفان کے جسم پر ہاتھ لگایا تو آفان کا جسم آگ کی طرح تپ رہا تھا۔دل نے گھبرا کر چیخنے والے انداز سے اسفند کو اٹھایا تھا۔۔

دل کی گھبرائی ہوئی آواز سن کر اسفند نے فورن اٹھ گیا تھا۔۔اسد کافی گہری نیند میں سو رہا تھا۔اس لیے وہ خود بھی کافی گھبرا گیا تھا اسے فورن سے سچوئیشن سمجھ میں نہیں آئی تھی۔کہ دل کیوں روتے ہوئے اسے اٹھا رہی ہے۔۔

آفان کو دیکھیں کیا ہوا ہے وہ آنکھیں نہیں کھول رہا اور اسے بہت تیز بخار ہے۔اسفند نے جلدی سے جب آفان کے جسم پر ہاتھ رکھا تو آفان کا جسم سچ میں بخار سے تپ رہا تھا۔۔

اسد خود بھی بہت پریشان ہو گیا تھا مگر وہ دل کو اپنے ساتھ لگاتے ہوئے تسلی دے رہا تھا۔۔۔میری جان ریلیکس ہو جاؤ معمولی بخار ہے انشاءاللہ اتر جائے گا میں ابھی ڈاکٹروں کو فون کرتا ہوں۔اور ہم آفان کو لے کر ڈاکٹر کے پاس چلتے ہیں۔

تم جلدی سے چینج کرو دل نے نائٹ سوٹ پہنا ہوا تھا اس لیے وہ جلدی سے چینج کرنے کے لیے چلی گئی۔ اور اسفند آفان کو اپنی گود میں لیے ہوئے اس کے ماتھے پر پانی کی پٹیاں رکھ رہا تھا۔ جو جاتے ہوئے دل اسے دے کر گئی تھی۔۔ اسفند دل کا ویٹ کر رہا تھا کیونکہ ڈاکٹر کو فون کر چکا تھا۔ ڈاکٹر نے آفان کو کلینک پر لانے کے لیے کہا۔

عفان بخار سے نیم بے ہوش تھا اسفند اپنے اکلوتے بیٹے کو گود میں لیے ہوئے بہت پریشان تھا۔ مگر وہ اپنی پریشانی اپنے چہرے پر ظاہر نہیں کرنا چاہتا تھا۔ کیونکہ اسے پتہ تھا کہ دل آفان کو لے کر بہت زیادہ پوزیف ہے۔ اور اگر اس نے اسفند کے چہرے پر پریشانی دیکھی تو پھر اسفند کے لیے دل کو سنبھالنا اور بھی مشکل ہو جائے گا۔

اس لیے وہ نارمل پریزنٹ کروا رہا تھا۔ جیسے کہ آفان کو نارمل فیور ہو حالانکہ ایسا بالکل بھی نہیں تھا۔اسمد عفان فوریو اچانک بخار میں تپتا ہوا نیم بے ہوش دیکھ کر اتنا تو سمجھ گیا تھا کہ آفان کو کوئی مسئلہ ضرور ہے یہ کوئی موسمی بخار نہیں ہے۔۔

اسفند اور دل آفان کو لے کر کلینک پہنچے تو وہاں پر ڈاکٹر نے فورن سے اس کا ٹریٹمنٹ شروع کر دیا تھا اور چیک اپ کے بعد ایمرجنسی کچھ ٹیسٹ بھی کروا لیے تھے جن کی رپورٹ تھوڑی دیر کے بعد ہی مل گئی جن کو دیکھ کر ڈاکٹر نے اسفند کو اپنے ساتھ آفس میں آنے کو کہا تھا۔

ڈاکٹر ایوری تھنگ اوکے۔ڈاکٹر کے چہرے پر پریشانی کے تاثرات دیکھ کر اسفند ڈاکٹر سے پوچھ رہا تھا۔۔ڈاکٹر عفان کو چیک کرنے کے بعد اسفند کو اپنی

ساتھ آفس میں لے کر آیا تھادل باہر آفان کے پاس تھی آفان کو باہر
ٹریٹمنٹ دیا جارہا تھا۔۔

دیکھیے مسٹر اسفند شہریار میں آپ کو کسی جھوٹے دلاسے میں نہیں رکھنا چاہتا
۔میرے خیال سے آپ کو اپنے بچے کے بارے میں سب کچھ کلیئر پتہ ہونا
چاہیے۔تاکہ آپ اس کا بروقت علاج کرواسکے۔ڈاکٹر پلیز میرے بیٹے کو کیا
ہوا ہے جلدی بتائیں اور پلیز سسپنس مت کریٹ کریں۔۔میرا دل رک رہا
ہے۔

اسفند کے چہرے پر اپنے بیٹے کو لے کر جو ڈر تھا اس کے ماتھے پر پسینے کے
قطرے نمودار ہونے لگے تھے۔۔ مسٹر اسفند آپ اگر اس طرح سے
گھبرائیں گے تو آپ کی مسز کو کون سنبھالے گا۔ڈاکٹر باہر دل کی حالت بھی
دیکھ چکا تھا جو اپنے بیٹے کو دیکھ کر لگاتار روئے جارہی تھی۔

۔آپ کے بیٹے کا جگر کام نہیں کر رہا۔اگر سمپل لفظوں میں کہا جائے تو آپ کے بیٹے کی باڈی کو جتنے خون کی سپلائی کی ضرورت ہے آپ کے بیٹے کا جگر اس مطابق باڈی کو خون سپلائی نہیں کر رہا۔۔یا پھر یوں کہوں کہ آپ کے بیٹے کا جگر خون بنانا بند کر گیا ہے۔

ڈاکٹر میرے بیٹے کو کچھ نہیں ہونا چاہیے دنیا کے جس کونے میں بھی کہو گے میں اپنے بیٹے کو لے کے جا سکتا ہوں۔۔خدا کا شکر ہے پیسے کی کمی نہیں ہے۔۔اللہ کا دیا ہوا سب کچھ ہے مگر یہ میری اکلوتی اولاد ہے۔۔

ہر ماں باپ اپنی اولاد سے بہت پیار کرتا ہے مگر میں یہ کہوں گا کہ میری وائف کی سانسیں میرے بیٹے کے ساتھ جڑی ہوئی ہیں وہ اپنے بیٹے کے بنا جینے کا

سوچ بھی نہیں سکتی۔اور میں جتنا پیار اپنے بیٹے سے کرتا ہوں اس سے کہیں زیادہ پیار میں اپنی وائف سے کرتا ہوں ان دونوں میں میری جان بستی ہے اس لیے۔ڈاکٹر کچھ بھی بولنے سے پہلے سوچ لینا۔۔

ٹائگر اپنے مغرور انداز کے ساتھ دھمکی دیتے ہوئے اس وقت بہت خطرناک لگ رہا تھا۔۔دیکھیے سر ہمارے ہاتھ میں صرف علاج کرنا ہوتا ہے ہم وہ اپنی طرف سے بیسٹ دیں گے۔۔باقی آپ اللہ تعالی سے دعا کریں زندگی موت تو اللہ تعالی کے ہاتھ میں ہے ڈاکٹر بیچارے کی بولتے ہوئے ٹانگیں کانپ رہی تھی۔۔۔

بتاؤ مجھے کیا کرنا ہو گا اپنے بیٹے کے لیے۔سر سب سے پہلے تو آپ کو اپنے بیٹے کے جگر کے لیے کسی ڈونر کو ڈھونڈنا پڑے گا۔جو آپ کا فیملی ممبر بھی ہو اور اپنی خوشی سے اپنے جگری جگر کا ٹکڑا ڈونیٹ کرے۔۔

۔اس سارے پروسیجر میں صرف جگر کا چھوٹا سا حصہ ڈونر کا لینا ہو گا جو آپ کے بیٹے کے جگر کے ساتھ اٹیچ کرنا ہو گا۔ جس سے جگر کام کرے گا اور خون کی روانی شروع ہو جاتے گی۔ کیونکہ آج کے سائنسی دور میں یہ کامیاب سرجری ہے۔۔۔ مگر یہ سب کچھ ہمیں جلد از جلد کرنا پڑے گا۔۔

تو پھر دیر کس بات کی ہے۔ آپ میرے ٹیسٹ کروائیں اور میرے جگر کا ٹکڑا میرے بیٹے کی جگہ کے ساتھ جوڑ کر اس کا علاج کریں۔۔ اسفند نے ایک سیکنڈ بھی نہیں لگایا تھا یہ سوچنے میں کہ اسے تو کچھ پرابلم نہیں ہو گی۔۔ آخر سوچتا بھی کیسے اس وقت اس کے اکلوتے بیٹے کی زندگی داؤ پر لگی ہوئی تھی۔۔

اور ایک باپ کے لیے اپنی اولاد سے بڑھ کر کچھ نہیں ہوتا آج وہی محبت اسفند شہریار کی آنکھوں میں صاف دکھائی دے رہی تھی اپنے بیٹے کے لیے۔۔

اوکے سر تو پھر آپ اپنے کچھ ٹیسٹ جو میں لکھ کر دے رہا ہوں وہ کروالیں اس کے بعد اللہ کرے اگر آپ کے ٹیسٹ پوزیٹو آتے ہیں تو پھر ہم نیکسٹ سٹیپ لیں گے۔۔۔

اسد جب آفس سے باہر آیا تو اسد اور مسکان بھی ہاسپٹل پہنچ چکے تھے۔اور اسفند کا پاپا بہت بے چینی کے ساتھ اسفند کی طرف بڑھا تھا۔۔اسفند کیا ہوا ہے۔۔آفان کو اسفند کے پاپا بہت پریشان تھے آخر اس وقت اس کے اکلوتے پوتے کو ہاسپٹل میں لے کر آیا گیا تھا تو ان کا پریشان ہونا لازم تھا۔۔۔

اسفند یار کچھ تو بولو تمہاری چپ ہمیں اور پریشان کر رہی ہے اسد نے اسفند کو ہاتھ سے پکڑ کر سی پر بٹھاتے ہوئے کہا تھا۔۔بھائی کچھ تو بولیں کیا ہوا ہے آفان کو مسکان بھی تڑپ کر اپنے بھائی سے پوچھ رہی تھی کیونکہ آفان اس کا اکلوتا بھتیجہ تھا۔

اسفند کے چہرے کا اڑا ہوا رنگ سب کو یہ بتا رہا تھا کہ کوئی تو بڑا مسئلہ ہے جو اسفند شہریار اس کا قدر پریشان ہے۔۔آفان کا جگر کام نہیں کر رہا اس لیے اسے ڈونر کی ضرورت ہے۔جو اپنے جگر کا ایک حصہ آفان کو ڈونیٹ کرے ۔اور ڈونر ہماری فیملی کا ممبر ہونا چاہیے۔

صرف اسی طرح سے آفان کی زندگی بچائی جا سکتی ہے۔یہ سب کچھ بہت جلد کرنا ہو گا کیونکہ ہمارے پاس وقت کم ہے کیونکہ آفان کا جگر خون بنانا بند کر چکا ہے۔دھڑام کی آواز سے ان کی طرف آتی ہوئی دل فرش پر گری

تھی۔۔دل کی گرنے کی آواز سے سب اس کی طرف متوجہ ہوئے کر بھاگے تھے مگر سب سے آگے اسفند تھا اسفند نے بھاگ کر دل کو زمین سے اپنی گود میں اٹھاتے ہوئے ایمر جنسی روم میں لے کر آیا تھا مسکان اسد اور۔ شہریار صاحب پریشانی کے عالم میں اسفند کے پیچھے پیچھے ہی بھاگے آرہے تھے۔

ڈاکٹر ان کو جلدی سے چیک کریں اور دیکھیں ان کو کیا ہوا ہے دل بے ہوش پڑی ہوئی تھی۔ڈاکٹر نے دل کو چیک کیا اور بتایا کہ انہوں نے بہت زیادہ ذہنی سٹریس لیا ہے۔ جس کی وجہ سے یہ بے ہوش ہو گئی ہیں۔

مگر فی الحال تو پریشانی کی کوئی بات نہیں ہے ابھی تھوڑی دیر تک یہ ہوش میں آجائیں گی۔ مگر خدانخواستہ آگر دوبارہ یہ اتنی ہی پریشانی دماغ پر سوار کر کے بے ہوش ہوتی ہیں تو ان کو برین ہیمرج ہونے کا بھی خطرہ ہے۔۔

اسفند کو اسی بات کا ڈر تھا اسے پتہ تھا کہ دل برداشت نہیں کر سکے گی آفان کی بیماری کو ابھی تو وہ اپنے طریقے سے دل کو اعتماد میں لے کر بتاتا۔ مگر دل پتہ نہیں کس وقت آفان کے روم سے نکل کر باہر آگئی تھی۔اور اس نے یہ سب کچھ سن لیا اور اس کا نتیجہ اب سامنے تھا دل بھی ہوش پڑی ہوئی تھی۔۔

اسد اسفند کو لے کر ایک سائیڈ پر آیا تھا۔اسے کچھ خاص بات کرنی تھی۔۔اسفند سے۔۔کیا سوچا ہے ہم آفان کے لیے ڈونر کہاں سے لائیں گے۔

۔کیا مطلب ہے کہاں سے لائیں گے میں خود اپنے بیٹے کو اپنے جگر کا ٹکڑا دے کر اپنے بیٹے کی زندگی بچاؤں گا۔۔شاید تم بھول رہے ہو کہ تم کون ہو اور کیا ہو تم کوئی بھی میڈیکل اپنی مرضی سے نہیں کروا سکتے۔۔اور اپنے جسم کا کوئی حصہ تو بالکل بھی ڈونیٹ نہیں کر سکتے۔۔

تم ایک آفیسر ہو اور تمہیں میڈیکل طور پر فٹ رہنا ہے۔اسد اسے یاد دہانی کروا رہا تھا۔ میں ریزائن دے دوں گا کہ میں اپنے بیٹے کی زندگی داؤ پہ تو نہیں لگا سکتا۔۔اور میرے بیٹے کی زندگی کے ساتھ ساتھ میری دل کی زندگی بھی داؤ پر لگی ہوئی ہے۔۔

تم نے دل کی حالت تو دیکھ لی ہے اور میں دل کو تکلیف میں نہیں دیکھ سکتا۔۔اسفند تمہیں اتنی آسانی کے ساتھ ریزائن نہیں ملے گا۔۔۔اسد میرے پاس کوئی دوسرا اپشن نہیں ہے۔۔۔

آپشن ہے تمہاری نسبت مجھے تھوڑا آسانی کے ساتھ ریزائن مل جائے گا میں بھی تو عفان کا ماموہوں تو تم اللہ سے دعا کرو کہ اگر میں ڈونر بن جاؤں تو۔

۔ نہیں اسد میں تمہاری جان کے ساتھ کسی بھی طرح کا رسک نہیں لے سکتا تمارے ساتھ میری بہن کی زندگی جڑی ہوئی ہے۔ میں اپنے بیٹے کے لیے باپ ہونے کے ناطے قربانی خود دوں گا۔۔

ویسے بھی میری دل آج تک یہی سوچتی ہے کہ میں اپنے بیٹے سے پیار نہیں کرتا شاید خدا نے مجھے یہ موقع دیا ہے کہ میں اپنے بیٹے کے لیے کچھ کر سکوں اور اپنی دل کے دل میں جگہ بنالوں وہ فیصلہ کن انداز سے بولا۔۔۔

بھائی روم میں آئیں دل کو ہوش آگیا ہے اور وہ مجھ سے سنبھالی نہیں جا رہی۔۔ مسکان بھاگتی ہوئی آئی تھی۔۔ اسد اور اسفند روم میں پہنچے تو دل اپنے ہاتھ پر لگی ڈرپ کو کھینچنے کی کوشش کر رہی تھی اور نرس اسے زبردستی روکے ہوئے اس کے ہاتھ پکڑ کر کھڑی ہوئی تھی۔۔

اسفند پلیز ان کو بولو مجھے کے مجھے میرے بیٹے کے پاس جانے دیں دل ریلیکس ہو جاؤ دل میری طرف دیکھو ریلیکس۔اپنے آپے سے باہر ہوتی دل کو ریلیکس کرنے کے لیے اسفند اس کے ہاتھ کو تھامے ہوئے اس کے پاس بیٹھ گیا تھا اور اس نے باقی سب کو باہر جانے کو کہا تھا۔۔

پلیز میرے بیٹے کو بچا لے میں مر جاؤں گی اگر آفان کو کچھ ہوا تو وہ روتے ہوئے اسفند کے کالر کو دونوں طرف سے کھینچے ہوئے اٹھنے کی کوشش کر رہی تھی۔۔۔دل آرام سے لیٹ جاؤ کچھ نہیں ہونے دوں گا تمہارے بیٹے کو وہ دل کے کو ماتھے سے پکڑ چومتے ہوئے دل کو چپ کروا رہا تھا۔

میرا وعدہ ہے آپ سے کہ میں آپ کے بیٹے کو کچھ نہیں ہونے دوں گا۔پلیز آپ مجھ سے بات کریں کہ آپ خود کو اس طرح سے رو رو کر اذیت نہیں دیں گی۔۔دل ہاں میں سر کو ہلایا میں کچھ بھی نہیں کروں گی۔۔

آپ جیسے کہیں گے میں ویسے ہی رہوں گی مگر پلیز اسفند میرے بیٹے کو بچالیں وہ اسفند کے آگے ہاتھ جوڑ رہی تھی۔ میں آفان سے بہت پیار کرتی ہوں میں مر جاؤں گی آفان کے بنا۔۔ کچھ نہیں ہو گا آفان کو اللہ تعالیٰ سے دعا کرو۔۔۔ باہر سے ڈاکٹر کی اسپیشل ٹیم آج رات کو پہنچ جائے گی آپ کے بیٹے کے لیے۔

اور ڈاکٹر کے کہنے کے مطابق کوئی خطرے کی بات نہیں ہے انشاءاللہ سرجری کامیاب رہے گی۔

آخر سب کچھ اوکے ہو گیا کل اسفند نے اپنے بیٹے کو اپنے جگر کا پیس ڈونیٹ کرنا تھا۔۔ اسفند نے اپنا ریزیگنیشن لیٹر بھیج دیا۔۔ اور اسفند نے اس میں

صاف صاف لکھ دیا تھا کہ وہ کسی بھی صورت اپنے بیٹے کی جان کو خطرہ نہیں ہونے دے گا تھوڑی مشکل ہوئی مگر اس کے بعد اس کو اجازت مل گئی۔

تھی اور مگر اسفند کا ریز گلیشن لیٹر ریجیکٹ کر دیا گیا تھا وہ اپنی ٹیم کے لیے کتنا اہم تھا اس کو مد نظر رکھتے ہوئے اسے اپنے بیٹے کو اپنے جگر کا پیس ڈونیٹ کرنے کی اجازت مل گئی تھی۔۔۔۔

اسد کو بہت خوشی ہوئی تھی کہ اسفند کا ریز گلیشن لیٹر ریجیکٹ ہو گیا ہے۔۔۔ کیونکہ بنا اسفند شہریار کے تو اسے بھی اس ٹیم میں کام کرنے کا مزہ نہیں آنے والا تھا۔ ٹائیگر ہی تو اس ٹیم کی جان اور شان تھا۔۔۔

اسفند کو جب اپریشن تھیٹر میں لے جایا جا رہا تھا۔

تودل نے روتے ہوئے اسفند کا ہاتھ تھاما تھا۔۔کچھ نہیں ہو گا مجھے پریشان نہیں ہو میں آپ کی جان کی جان بچانے جا رہا ہوں۔تو ہنستے ہوئے مجھے اپریشن تھیٹر میں بھیجو۔مگر یار جتنا عشق آپ اپنے بیٹے سے کرتی ہیں۔اس کا چوتھا حصہ ہے اگر مجھ سے کر لو تو میں بھی خوش ہو جاؤں گا۔اسفند آنکھ مارتے ہوئے ہنسا تھا۔۔اسفند آپ ہاسپٹل میں ہیں اور یہاں پر بھائی اور پاپا بھی موجود ہیں دل بیچاری شرما گئی تھی اسفند کے یوں کھلے عام آنکھ مارنے سے۔

تو بھائی میں نے اپنی بیوی کو ہی آنکھ ماری ہے۔اس میں اتنی شرمانے والی کیا بات ہے۔

آپ میری بات کا جواب دے۔

میں آپ سے بھی بہت پیار کرتی ہوں آپ کو ایسا کیوں لگتا ہے کہ میں آپ سے پیار نہیں کرتی دل شرمندہ ہوئی تھی۔۔مذاق کر رہا ہوں میری کانچ کی

گڑیااور ویسے بھی اگر آپ مجھ سے پیار نہ بھی کریں تو اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

اسفند دل سے اتنی محبت کرتا ہے کہ پوری زندگی بھی کم پڑ جائے گی اس محبت کو آپ پر لٹانے کے لیے ہم دونوں کے لیے میری محبت ہی کافی ہے۔

آپ دل کھول کر کیجیے اپنے بیٹے سے محبت وہ ہنستے ہوئے آہستہ آہستہ بول رہا ہوں تھا دل اس کے سینے سے لگی ہوئی رو رہی تھی۔۔ریلیکس رہنا ہے پریشان نہیں ہونا انشاءاللہ آپ کا بیٹا بالکل ٹھیک ہو جائے گا۔۔

مجھے آپ اور آفان دونوں ایک ساتھ ٹھیک مل نے چاہیے۔آپ دونوں کے بنا دل ادھوری ہے اب دوبارہ یہ کبھی مت سوچیے گا میں آپ کے بنا رہ سکتی

ہوں۔آپ دونوں میرے جینے کی وجہ ہے۔اسفند نے اپنی پلکیں چپکائی اور اسے تسلی تھی دی تھی۔۔۔

اس کے بعد ڈاکٹر اسفند کو اپریشن تھیٹر میں لے گئے۔۔۔۔اپریشن کامیاب رہا تھا۔۔اور اب آفان اور اسفند ماشاءاللہ بالکل ٹھیک تھے ان کو چھٹی مل گئی تھی اور وہ گھر آ گئے تھے۔ مگر اسفند کے پاپا تھوڑی پرانی سوچ کے مالک تھے اس لیے انہوں نے ضد لگا رکھی تھی کہ آفان کا نام کافی بھاری ہے اس لیے اسے بدلنا پڑے گا۔۔

وہ اپنے کسی پیر بابا سے آفان کے لیے نام تجویز کر کے لے کر آئے تھے مگر اسفند اس بات پر راضی نہیں تھا۔۔اس کے کہنے کے مطابق یہ سب تکیہ

لوسی باتیں تھی آج کے دور میں ان باتوں کا کوئی وجود نہیں ہے مگر دل باضد تھی کہ وہ اپنے بیٹے کا نام ضرور بدلے گی۔۔

کیونکہ وہ اپنے بیٹے کے ساتھ کسی بھی طرح کا رسک نہیں لینا چاہتی تھی اس لیے اسفند بیچارہ مجبور ہو گیا اور اس نے کہہ دیا تھا کہ ٹھیک ہے رکھ لے جو نام آپ کے پیر بابا نے بتایا ہے۔۔

تو پھر اسفند کے پاپا نے آفان کا نام بدل کر آریش رکھ دینا اب آفان کو آریش کے نام سے ہی وہ بلایا جاتا تھا۔۔۔آج گھر میں آریش اور اسفند کے ٹھیک ہونے کی خوشی میں پارٹی رکھی گئی تھی اور پارٹی میں سب لوگ بہت خوش تھے۔۔

بچے بھی اپنے ہم اتج بچوں کے ساتھ کھیل رہے تھے۔۔پارٹی میں اسفند کے پاپا نے اپنے رشتہ داروں کو بھی بلایا تھا۔۔کیسے ہو اسفند۔۔میں ٹھیک ہوں آپ کیسی ہیں اقصی آپی۔۔اقصی اسفند کی کزن تھی جس کی وہ بہت عزت کرتا تھا۔۔وہ اتج میں اسفند سے کافی بڑی تھی۔اسفند اس کی بڑی بہنوں کی طرح ہی عزت کرتا تھا اور وہ بھی اسفند کو چھوٹے بھائیوں کی طرح ہی مانتی تھی۔۔

اس وقت وہ اپنے بہو اور بیٹے کے ساتھ آئی تھی اور ساتھ میں ان کا 1413 سالہ پوتا بھی تھا۔اسفند اور اسد کے ولیمے کے بعد آج اسفند اور دل اقصی آپی سے مل رہے تھے۔۔اور دل آپ کیسی ہیں۔۔اسفند کے ساتھ کھڑی ہوئی دل سے سا گلے ملتے ہوئے حال چال پوچھ رہی تھی۔۔

جی میں ٹھیک ہوں اللہ کا شکر ہے آپ سنائیں آپ ٹھیک ہیں دل نے بہت سمجھداری کے ساتھ اقصی آپی سے اس کا حال پوچھا تھا اور اس کے بعد اس کے بہو اور بیٹے کو بھی اسفند اور دل نے ویلکم کہا۔

اور ان کے 1413 سال کے پوتے کو پیار کرتے ہوئے اچھے میزبان کی طرح ویلکم کہہ کر اندر لے آئے تھے۔۔۔

تمار انام مجھے بلکل بھی پسند نہیں ہے یہ کیسا نام ہے اینا میں نے آپ کو پہلے بھی کہا ہے مجھے آپ کا نام پسند نہیں ہے۔ میں آپ کا نام بدل دوں گا۔ دل کا بیٹا آریش مسکان کی بیٹی اینا کو یہ بول رہا تھا اور دل بیچاری دور کھڑی ہوئی اپنی گال پر ہاتھ رکھے ہوئے حیرت سے سن رہی تھی کہ۔

یہ پانچ سال کا بچہ کتنے رعب دار انداز کے ساتھ بات کر رہا تھا۔اسفند ہنستے ہوئے پیچھے سے آکر دل کے کاندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے مسکرا کر بولا کیا سوچ رہی ہو دل کہیں وہی تو نہیں سوچ رہی جو میں سوچ رہا ہوں۔

اسفند بھی دور کھڑا ساری بات سن چکا تھا۔۔اسفند یہ کیا تھا آپ نے سنا آ ریش اینا کو کیا بول رہا تھا کہ اسے اس کا نام پسند نہیں ہے اور وہ بیچاری کتنی ڈری ہوئی کھڑی تھی۔۔

ایک اور اسفند شہر یار ایک اور نور کا نام بدلے گا۔اسفند کھلکھلا کر ہنسا تھا کیونکہ وہ بھی یہی سوچ رہا تھا۔۔اسفند کی جان اسفند شہر یار کا بیٹا ہے تو یہ انداز تو اس پر سوٹ کرتا ہے۔۔کیا ہوا اگر ایک اور اسفند شہر یار ایک اور نور کا نام

بدلے گا تو اسے چاہے گا بھی تو حد سے زیادہ اسفند کو آج پہلی بار اپنے بیٹے پر ناز ہو رہا تھا۔۔

کیونکہ آج اسفند کو آریش اسفند شہریار میں۔ میں اپنا آپ نظر آیا تھا۔ وہ خوبصورتی میں تو پہلے ہی اپنے باپ کا عکس تھا مگر آج اس کی ادا نے تو اسفند کا دل مولیہ تھا۔۔ پانچ سال کے عرش کا انداز بالکل اسفند شہریار جیسا ہی تھا ۔وہی مغرور اور اکڑو چہرہ اور وہی انداز تھا۔۔۔

میں کیا کروں اگر آپ کو میرا نام نہیں پسند تو مجھے تو میرا نام پسند ہے نا عرش سے پانچ مہینے بڑی اینا جو دیکھنے میں بالکل چھوئی موئی سی لگتی تھی اور آریش سے تو وہ بہت چھوٹی نظر آتی تھی۔ کیونکہ اینا جب پیدا ہونے والی تھی تو انابیہ

بہت زیادہ ڈپریشن میں تھی جس کی وجہ سے ایناجب وہ پیدا ہوئی تو اس کی صحت زیادہ اچھی نہیں تھی۔۔

اس لیے اس کی یہ کمزوری پوری نہیں ہو سکی تھی وہ آج بھی باقی بچوں کی نسبت بہت زیادہ نازک اور چھوٹی نظر آتی تھی۔۔ ویسے تو وہ آریش سے پانچ مہینے بڑی تھی۔ مگر دیکھنے میں اس سے دو سال چھوٹی نظر آتی تھی۔۔۔

میں نے کہہ دیا کہ مجھے آپ کا نام پسند نہیں تو مطلب نہیں آریش کہتے ہوئے اپنے دونوں ہاتھ کمر پر باندھ کر اس کے پاس سے اکڑ ساتھ چلتا ہوا چلا گیا۔۔ دل تو اس کو جاتا ہوا دیکھتی رہ گئی تھی۔۔

بس کرو کتنی دیر دیکھتی رہو گی میرے رعب دار بیٹے کو اسفند مسکراتے ہوئے بولا تھا۔ کیسے نہ دیکھوں۔ اس بچاری کا منہ تو دیکھو کتنی ڈری ہوئی ہے

۔دل کا اشارہ اینا کی طرف تھا۔۔کوئی بات نہیں وہ اپنے باپ کی طرح پیار بھی اتنا ہی کرے گا۔جتنا ڈرا کر گیا ہے۔

اسفند دل کو ہاتھ سے پکڑ کر مہمانوں کی طرف چلا آیا تھا۔۔اور ایک طرف منہ پھلا کر بیٹھا ہوا ارحم تھا جسے دیکھ کر اسد خان اس کے پاس آ کر بولا میرا بیٹا یہاں پر اکیلا منہ پھلا کر کیوں بیٹھا ہوا ہے۔

بابا میرے ساتھ کھیلنے والا کوئی بھی نہیں ہے کوئی بھی میری اتج کا بچہ پارٹی میں نہیں ہے۔اس نے اپنی پریشانی بتائی تھی۔۔۔بیٹا آپ جا کر اپنی بہنوں سے کھیل سکتے ہیں۔آریش کے ساتھ کھیل سکتے ہیں۔۔

مگر ارحم کو یہ بات کچھ خاص پسند نہیں آئی تھی اس لیے وہیں پر ہی منہ پھلائے ہوئے بیٹھا رہا تھا اور اسد کو مہمانوں نے بلایا تھا اس لیے وہ مہمانوں کے پاس چلا گیا تھا۔۔

وہ 1413 سال کا بچہ جو اقصی آپی کا پوتا تھا وہ بار بار عنایہ کی طرف دیکھ رہا تھا ۔پتہ نہیں کیوں وہ اینا کی طرف اٹریک ہو رہا تھا۔۔۔اینا کو بھی اس کے ساتھ کھیلنا اچھا لگ رہا تھا۔ مگر انایا کو اس بچے کے ساتھ کھیلتا ہوا دیکھ کر۔۔۔

۔ارحم آنکھیں دیکھاتے ہوئے اپنی بہن کو لے گیا تھا۔۔ کتنی بار منا کیا ہے کہ تم اور اینہ ہر کسی کے ساتھ مت کھیلا کرو ارحم کا انداز ہو باہوں اپنے باپ اسد میر خان جیسا تھا۔۔۔

ان بچوں کو دیکھ کر نا جانے کیوں لگتا تھا کہ وقت ایک بار پھر سے (اسفند دل)۔(اور اسد مسکان) کی پیار کی حسین داستان کو بھر سے دھرائے گا۔

ختم شد